تاریخ نجد و حجاز

مفتی محمد عبد القیوم قادری

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان
www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم و بیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام و قیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی و تجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم و بیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

تاریخ نجد و حجاز

مفتی محمد عبدالقیوم قادری

نورانی کتب خانہ ○ کراچی

۵۳ - بی، سندھی مسلم سوسائٹی،

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب	تاریخ نجد وحجاز
مؤلف	مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی
تاریخ اشاعت	اکتوبر 2014ء
ناشر	نورانی کتب خانہ، کراچی
تعداد	ایک ہزار
قیمت	

MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فہرست مضامین

انتساب	11
معروضات	12
خاک حجاز کے نگہبان	18
پہلا باب	37
شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی	37
شیخ نجدی کے والد	38
شیخ نجدی کے بھائی	42
شیخ نجدی کی ولادت اور جائے پیدائش	43
شیخ نجدی کی تعلیم وتربیت	47
جزیرۂ عرب میں بت پرستی کا دعویٰ	50
شیخ نجدی میدان عمل میں	54
تکفیر مسلمین اور قتل عام	55
مزارات صحابہ کا مسمار کرنا	59
شیخ نجدی کا ابن سعود سے رابطہ	61
دعوت شیخ نجدی بزورِ شمشیر اشاعت	62
امیر الحسا کی ابن مسعود سے جنگ	64
طاقت اور پیسہ کے زور سے وہابیت کی اشاعت	65
وہابیت کے فروغ کے ظالمانہ ہتھکنڈے	66
ستم بالائے ستم	67
سعود کے ہاتھوں مزارات کا انہدام	68
محمد بن سعود کا انتقال	69
کربلا میں وہابیہ کے مظالم کی تفصیل	70
عبدالعزیز بن سعود کے عہد حکومت کا خلاصہ	73
سعود بن عبدالعزیز	74
شیخ نجدی کی موت	75
شوکانی مرثیہ	75
دوسرا باب	
شیخ نجدی کی دعوت اور اسکی حقیقت	77
توسل	78
توسل میں مسلمانوں اور کفار کا فرق	79
انبیاء علیہم السلام کی بارگاہ الوہیت میں وجاہت	82
بالعطا انبیاء کو نفع اور ضرر کی طاقت کا حصول	85
توسل کا ثبوت احادیث سے	90
شفاعت	92
شفاعت میں شیخ نجدی کا موقف اور اس کا بطلان	92

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اہل اسلام کا شفاعت میں مسلک	97
شفاعت کا اذنِ مطلق	97
اللہ تعالیٰ کا حکم شفاعت	100
شفاعت کو طلب کرنا	100
انبیاء اور اولیاء کی تعظیم اور ان کے قرب کا حصول	107
استمداد اور استغاثہ	109
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر سے استغاثہ	111
حال غیبوبیت میں استغاثہ	112
قدرت اور عدم قدرت میں مغالطہ	113
سیدہ میمونہ کی قبر سے استغاثہ	114
تیسرا باب	
شیخ نجدی کے بارے عالم اسلام کے تاثرات	119
شیخ سلیمان بن عبدالوہاب	120
توحید و رسالت کی گواہی سے تکفیر مسلمین کا رد	122
سجدہ کی بناء پر تکفیر کا رد	123
تکفیر مسلمین کے رد پر پہلی حدیث	123
تکفیر مسلمین کے رد پر دوسری حدیث	125
تکفیر مسلمین کے رد پر تیسری حدیث	129
تکفیر مسلمین کے رد پر چوتھی حدیث	132
تکفیر مسلمین کے رد پر پانچویں حدیث	134
تکفیر مسلمین کے در پر چھٹی حدیث	136
علامہ ابن عابدین شامی	138
سید احمد زینی دحلان مکی شافعی	138
محمد بن عبدالوہاب کا ظہور	141
شیخ نجدی کے اتباع کا علماء حرمین سے مناظرہ اور شکست	141
نجدیوں کا حرمین پر قبضہ	142
شیخ نجدی کی گمراہی کی ابتداء	146
تنقیص رسالت میں شیخ نجدی کی دیدہ دلیری	150
محمد بن سعود کا بدعقیدگی میں غلو	153
مسلمانوں کے اعتراضات سے شیخ نجدی کا لاجواب ہونا	153
شیخ نجدی کی گمراہی کی بین مثال	155
احادیث رسول سے شیخ نجدی کی گمراہی کی تعیین	157
جلاء الظلام کا خلاصہ	160
علامہ جمیل آفندی عراقی	162
شیخ نجدی کے ابتدائی حالات	164
بدعقیدگی کی جانب پہلا قدم	165
بدعقیدگی کی انتہا	165
محمد بن سعود سے گٹھ جوڑ	167
شیخ نجدی کی علم اور علماء سے عداوت	169
وہابیہ کے لرزہ خیز مظالم	169
ابوحامد بن مرزوق	170

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی کے عقائد 172
انور شاہ کشمیری 173
حسین احمد مدنی 173
خلیل احمد انبیٹھوی 177
نواب صدیق حسن بھوپالی 178
محمد منظور نعمانی 178
شیخ نجدی کا رد کرنے والے علماء کی
اجمالی فہرست 183
چوتھا باب 186
وہابیہ کا دور اول 187
حرم مکہ کی بے حرمتی 188
حرم مدینہ کی بے حرمتی 189
سعود بن عبدالعزیز کی فتوحات 190
خلافت عثمانیہ کا اقدام 191
وہابیہ کا دور ثانی 197
پانچواں باب
وہابیہ کا دور ثالث 201
جنگ عظیم، سعودی حکومت کا کردار 210
جنگ کے دوران وہابیہ کے مظالم 212
جنگ طائف کے خونی واقعات 212
جنگ کے دوران وہابیوں کے مکہ اور
مدینہ پر مظالم 215
مدینہ کے بے حرمتی 216
ابن سعود کی ترکوں سے مخاصمت 217
شریف حسین اور ابن سعود کی غداری 219
غدار ابن سعود کی سیاسی کہانی 221
وہابیوں کا خروج 222
انگریزوں سے دوستی ترکوں سے جنگ 223
حکومت برطانیہ کی کارگزاری 224
اشرفیوں کی تھیلی 225
اشرفیوں کا توڑا 226
ساٹھ ہزار پونڈ کی سالانہ رشوت 226
وہابیوں کی صلیبی لڑائیاں 227
برطانیہ کا پٹھو ابن سعود 228
نجدیوں کی مذہبی کہانی 228
نبی کریم سے توسل ناجائز 229
اسألک بانبیائک کہنا بھی مکروہ 230
نبی کریم سے طلب شفاعت حرام 230
کفری ٹکسال کے نئے نئے سکے 230
ہاتھی کے دانت 232
نجدی توحید کی کرشمہ سازیاں 232
مصنف قصیدہ بردہ پر کفر کا فتویٰ 233
نجد میں نئی شریعت 234
ایک غور طلب نکتہ 235
خاتمہ سخن 235
نجدیت کا پول 236
چھٹا باب
مرکزی خلافت کمیٹی کی رپورٹ 240

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

مولانا شوکت علی کا تار سلطان نجد کے نام 241
انعقاد مؤتمر کی تاریخ کا تعین 251
دعوت ابن سعود 252
مؤتمر اسلامی 257
دعوت نامہ میں تبدیلی 257
مؤتمر کے انعقاد کی تاریخ کا التواء 262
ممالک اسلامی میں جو مؤتمر شریک ہوئے 262
انتخاب عہدیداران مؤتمر 267
مؤتمر کا قانون اساسی 268
لجنۃ اقتراحیہ 268
وہ تجاویز جو لجنہ اقتراحیہ نے نامنظور کردیں 275
مؤتمر ہر سال ہونی چاہیے 277
سلطان ابن سعود سے ملاقات 279
دوسری ملاقات 280
تیسری ملاقات 283
آخری ملاقات 286
لجنہ تحفیر یہ میں شرکت 287
مجلس العلماء 288
جنت البقیع کے مزارات کا انہدام 291
قبریں 296
نجدی حکومت کا تعصب مذہبی 298
حجاز پر صرف سلطان نجد کی نہیں کل قوم کی بادشاہت 303
امور دنیوی میں بھی عدم مساوات 305
علماء نجد اور عدم مساوات 305
نتیجہ 307
ہوس ملک گیری قیام انکے منافی ہے 307
امیر علی کی وزارت خارجہ کی ایک تحریر 308
حجاز میں امن کی خاص ضرورت 313
وفد کی رائے بارہ تشکیل حکومت حجاز 313
عالم اسلام کی نگرانی 314
اہل حجاز اہلیت میں اہل نجد سے کم نہیں 315

ساتواں باب

لارنس آف عربیا 317
حسب ونسب 318
ہونہار بروا 319
پراسرار سفر 319
جاسوسی کے انداز 321
یورپ کا مرد بیمار 321
یورپی طاقتوں کے مفادات 322
گرفتاری اور رہائی 323
عورت کے بھیس میں 324
ایک جاسوس کی موت 325
گھٹنے ٹیک دیئے 326

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

خفیہ ہدایات	327
تصویر کا بھیانک رخ	328
مال غنیمت کی فکر	330
جنگی چالیں	330
عرب لیڈر کی تلاش	332
ہاشمی شہزادہ، انگریز کے دام میں	334
انگریز کی عیاری	334
ایک شرمناک خفیہ معاہدہ	336
سازش کا انکشاف	337
لارنس کی پرفریب ذہانت	338
خشت بنیاد کلیسا بن گئی خاک حجاز	339
چہ ارزاں فروختند	340
ترکوں کی مشکلات	342
وعدوں کا نیا جال	343
پہلا راؤنڈ	345
الجزائری برادران	346
ڈرامے کا ایک منظر	348
نیا اعلان پرفریب وعدے	350
صیہونیوں کے عزائم	352
پانچ متبادل راستے	352
دستاویزی شہادت	354
لارنس کا نیا منصوبہ	355
فیصل پیرس میں	357
صیہونی لیڈر کا دام	358
حسین اور ابن سعود	361
کمیشن کی رپورٹ	362
سازشوں کے نئے جال	363
آٹھواں باب	364
خلافت عثمانیہ کا آخری تاجدار	365
سلطان عبدالحمید کی یادداشتیں	365
نواں باب	.
ابن سعود کا دور حکومت	381
سعودی عربیہ پر امریکی اثر کی ابتدا	383
سعودی عربیہ میں تیل کی دریافت کا دیرینہ خواب	384
نجدی تحریک کے ثمرات	387
پہلا ثمرہ	387
دوسرا ثمرہ	388
تیسرا ثمرہ	389
چوتھا ثمرہ	390
پانچواں ثمرہ	392
چھٹا ثمرہ	393
ابن سعود اہلحدیث حضرات کی نظر میں	396
انہدام قباب اور ترکوں کی یاد	396
اہل حدیث حضرات کا تعصب	399
ابن سعود کی جسارتیں	402
ترکوں کی یاد	406
اقبال کا پیغام ابن سعود کے نام	407

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

دسواں باب

شاہ سعود کا دورِ حکومت 408
امیر فیصل کا دورۂ بھارت 409
شاہ سعود کا دروۂ بھارت 410
پنڈت نہرو کا دورہ سعودی عرب 411
پنڈت نہرو کی ریاض میں آمد 412
سپاس نامہ 412
نجد میں گیتا نجلی کے بھجن 413
سعودیوں کا نہرو پر بھروسہ 413
جانبین سے محبت کا مظاہرہ 413
نہرو کے دورہ پر ہندوستانی اخبارات کا ردعمل 414
پاکستانی اخبارات ورسائل کا ردعمل 415
اے کلید بردار حرم 420
احتشام الحق تھانوی 421
ابوالاعلیٰ مودودی کا بیان 423
سعودی عربیہ کے عام اندرونی حالات 426
کسٹم کی چیکنگ 426
سعودیوں کی عبادات کی کیفیت 427
آل شیخ نجدی کے لئے مراعات 429
نجدیوں کے پاکستانی غیر مقلدوں سے روابط 430
قدیم اور جدید طبقوں کی نظریاتی کشمکش 430
ریاض کی شان وشوکت 432
سعودی کھانے 433
سعودی عربیہ میں لونڈی غلاموں کی فروخت 435
سعودی ثقافت 437
سعودیہ میں عام سیر کی اجازت نہیں 437
ترکوں کی خدمات 438
ترکوں پر مظالم 439
سعودیہ کا آثار وشواہد کا مٹانا 440
دارالارقم 440
المعلیٰ کا قبرستان 441
بیعت عقبہ 442
مسجد ابن عباس 442
حنین 442
البقیع 443
انہدام مشاہدہ مآثر پر اہل عرب کے تاثرات 443
شاہ سعود کی حیرت خیز عیاشیاں 445
شاہ سعود کا دورہ امریکہ 445
شاہ سعود کی الف لیلوی شخصیت 447
محل 447
اندرون محل 448
شاہ خرچیاں 449
شاہ خرچیوں کی شہرت 450
شاہ سعود کا شاہانہ غرور 451

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سعودی شہزادوں کے ٹھاٹھ باٹھ	451	مالیاتی نظام	462
شاہ سعود کا زوال	452	تیل سیال دولت	463
شاہ سعود کی معزولی	454	اندرون سعودیہ کے بارے میں	464
گیارھواں باب		سعودی عربیہ کا شکوہ	464
شاہ فیصل کا دور حکومت	455	مساجد کی کیفیت	466
فیصل میدان عمل میں	456	آثر ومشاہد کی کیفیت	466
بنیادی ضروریات	456	کسٹم	467
تعلیم	457	شرک اور عشق کا فرق	468
صحت عامہ	457	جنت المعلیٰ	470
ذرائع آمدورفت	458	وادئ بدر	472
مواصلات	459	جنت البقیع	474
معدنی وسائل	459	دامن احد	480
صنعتیں	460	جبل سلع	481
تیل بردار جہاز	460	مدینہ	482
ریڈیو اور ٹیلی ویژن	460	الوداع	482
معیار زندگی	461	فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے مزار پر	483
غیر ملکی سرمایہ کاری	461		

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تاریخ کی بنیاد عقائد وافکار پر نہیں، قوی شہادتوں پر ہوتی ہے اور عقائد کی صحت، کتاب وسنت کے دلائل اور اسلاف کے معمولات سے ہوتی ہے، اس کتاب میں زیادہ تر تاریخ سے بحث کی گئی ہے اور اس کے ثبوت میں ٹھوس دلائل پیش کیے ہیں جو مسلمات میں سے ہیں یا وہ شواہد ہیں جو اخبارات ورسائل سے یکجا کیے گئے ہیں، صرف ایک باب میں عقائد سے بحث کی ہے اور اس کی بنیاد کتاب وسنت اور مستند مفسرین ہیں۔

محمد عبدالقیوم قادری

۱۱ شعبان ۱۳۹۸ ہجری

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

انتساب

محدث اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد سردار احمد قادری چشتی رحمۃ اللہ علیہ

کے نام

جنہوں نے

پاکستان میں نجدیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے آگے بند باندھا

اور

اسلامیان پاکستان کے دلوں کو عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے انوار کی آماجگاہ بنا دیا۔

محمد عبدالقیوم قادری

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

معروضات

۱۔ سرزمین عرب کے ذرہ ذرہ سے مسلمانوں کو اپنے ایمان کی دھڑکنیں سنائی دیتی ہیں، جب کوئی مسلمان حج کر کے سرزمین حجاز سے ہو کر آتا ہے تو وہ اس کے ہاتھوں کو چومتے ہیں کہ یہ ہاتھ کعبہ کی دیواروں اور گنبد خضراء کی جالیوں کو مس کر کے آئے ہیں، ان کی نگاہیں حاجیوں کی آنکھوں کے بوسے لیتی ہیں کہ ان آنکھوں نے اس سرزمین کو دیکھا ہے، جن پر رسول اللہ ﷺ کی نظریں پڑی تھیں، وہ اس شخص سے بغل گیر ہوتے ہیں، معانقہ کرتے ہیں کہ یہ شخص ممکن ہے حجاز کی اس جگہ فیض یاب ہوا ہو جہاں حضور انور ﷺ کے قدم لگے ہوں۔ صحابہ کرام حضور ﷺ کے وضو کے غسالہ (وضو کرتے وقت گرا ہوا پانی) پر پروانہ وار جھپٹ پڑتے تھے اور اس پانی کو اپنے چہرے اور بدن سے ملتے جس صحابی کے حصے میں پانی نہ آتا وہ دوسرے صحابی کے ہاتھوں کی تری کو اپنی آنکھوں اور بدن سے لگاتا کہ کسی طرح حضور ﷺ کے ساتھ کوئی نسبت قائم ہو جائے۔ سلف صالحین میں ایسے بزرگ گزرے ہیں جو مدینہ منورہ کے کتوں کا بھی احترام کرتے تھے۔ انہی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا کہ

نسبت خود بسگت کردم و منفعلم   آنکہ نسبت بسگ کوئے تو شد بے ادبی

(میں نے آپ کے کتوں کی طرف اپنی نسبت کی اور اس پر بھی شرمندہ ہوں کیونکہ آپ کی گلی کے کتوں کی طرف اپنی نسبت کرنا بھی بے ادبی ہے)

سرزمین پاکستان ایسے ہی عشاق رسول مسلمانوں کا گہوارہ ہے جو مدینہ طیبہ کی گلیوں کے کتوں کا بھی احترام کرتے ہیں اور ان کتوں کی طرف اپنی نسبت کرنے کو بھی بے ادبی سمجھتے ہیں۔

۲۔ آج کل سرزمین نجد و حجاز پر وہابیوں کا قبضہ اور ان کی حکومت ہے اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے اس کے باوجود جب ۱۹۷۶ء میں امام حرم نبوی اور امام حرم کعبہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آئے تو پاکستانی مسلمان دیوانہ واران کے استقبال کے لئے ٹوٹ پڑے، ان کی راہ میں پلکیں بچھائیں، جہاں گئے ان کا ''اہلاً وسہلاً'' مرحبا کے نعروں اور تحسین وآفرین کی گونج سے استقبال ہوا۔ یہ عقیدت کے مظاہرے اس لئے نہ تھے کہ ان میں سے ایک شخص کا نام عبدالعزیز بن باز اور دوسرے کا نام عبداللہ بن سبیل تھا، ہزاروں لوگ سفارتی اور تجارتی سطح پر عرب سے پاکستان آتے رہتے ہیں، انہیں کوئی پوچھتا بھی نہیں، اس والہیت کی وجہ صرف اور صرف یہ تھی کہ ان میں سے ایک شخص کی نسبت مسجد نبوی اور دوسرے کی مسجد حرام سے تھی۔

۳۔ دوبارہ امام حرم کے پاکستان آنے کا پروگرام بنا تو ایک وہابیت نواز اخبار نے لکھا کہ جب امام حرم کراچی میں لاکھوں فرزندان توحید کو نماز پڑھائیں گے، تو پتہ چل جائے گا کہ سواد اعظم کون ہے۔ میرے خیال میں سواد اعظم کی تعداد معلوم کرنے کا یہ پیمانہ درست نہیں ہے، بات تو جب تھی کہ اخبار مذکور لکھتا کہ فلاں تاریخ کو کراچی میں وہ شخص نماز پڑھائے گا جو یہ کہتا ہے کہ حضور ﷺ سے شفاعت طلب کرنا کفر ہے اور موجب قتل ہے جو یہ کہتا ہے کہ حضور ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرنا کفر ہے جو یہ کہتا ہے کہ اولیاء اللہ کی قبروں پر جا کر ان کے وسیلہ سے دعا کرنا ان کی قبر پر پھول چڑھانا حرام اور شرک سے کم نہیں جو یہ کہتا ہے کہ پاکستان میں غیر مقلدوں کے سوا سب مشرک ہیں۔ پھر ہم دیکھتے کہ اس شخص کے پیچھے وہابیوں کے سوا کتنے لوگ نماز پڑھنے جاتے اور ان کی تعداد کتنی ہوتی۔

حالانکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ روزنامہ نوائے وقت ۱۱ مئی ۱۹۵۵ء کے مطابق اس وقت کے وزیر اعظم امیر فیصل نے گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھائے اور نجد کی وہابی شریعت کی پیشانی پر کوئی شکن نہیں آئی، اسی طرح روزنامہ نوائے وقت ۲ فروری ۱۹۵۷ء کی خبر کے مطابق اس وقت کے بادشاہ شاہ سعود نے ارلنگٹن کے قبرستان میں ایک (مشرک) کی قبر پر پھول چڑھائے اور روزنامہ کوہستان ۲ فروری ۱۹۵۷ء کی خبر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے مطابق اس وقت کے وزیر دفاع شہزادہ فہد نے جارج واشنگٹن کی قبر پر پھول چڑھائے اور بادشاہوں اور شہزادوں کے اس علانیہ شرک پر نجد کے علماء مہر بلب رہے، کہیں سے اس کے خلاف صدائے بازگشت نہیں سنائی دی۔ ہوسکتا ہے علماء نجد کے نزدیک شرک کے پیمانے عام مسلمانوں اور شاہی خاندان کے لئے مختلف ہوں۔ ستمبر ۱۹۶۵ء میں پنڈت نہرو جو ایک بدترین مشرک اور سخت دشمن اسلام تھا، اس کو سعودی عرب میں دعوت دی گئی اور اس کا ''مرحبا یا رسول السلام'' کے پر جوش نعروں سے استقبال کیا گیا۔ عرب اور ہندوستان کے وہابیوں میں اس نعرے کو سراہا گیا۔ پاکستان کے علماء اخبارات اور رسائل نے آزادی صحافت اور آزادی ضمیر کا اظہار کرتے ہوئے سعودی حکومت کو سخت مطعون کیا، لیکن پاکستان کے غیر مقلد علماء اس وقت بھی مہر بلب رہے اور دین میں مداہنت سے کام لیتے رہے۔

یہ باتیں اب پرانی ہوگئی ہیں، لیکن تاریخ میں محفوظ ہو چکی ہیں اور تاریخ ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔

۵۔ زیر نظر کتاب ۱۷۰۳ء سے لے کر ۱۹۷۵ء کے نجد وحجاز کے تاریخی احوال اور تاریخ پر پھیلی ہوئی ہے، اس کتاب کے لکھنے کا باعث یہ ہے کہ عام لوگ نہیں جانتے کہ ترکوں کی خلافت عثمانیہ جس نے تمام ممالک اسلامی کو ایک رشتہ وحدت میں پرو رکھا تھا اس کو کس سازش سے ختم کیا گیا۔ محمد بن عبدالوہاب شیخ نجدی کون شخص تھا، اس نے مسلمانوں کے سامنے کون سی نئی دعوت پیش کی۔ علماء اسلام پر اس دعوت کا کیا ردعمل ہوا۔ عرب میں قومیت کی تحریک پیدا کر کے جزیرۂ عرب کو ترکوں کے خلاف بغاوت برپا کرنے میں کس شخص نے پارٹ ادا کیا۔ لارنس آف عریبیہ کون تھا۔ برطانیہ اور دوسری طاقتیں عرب سے ترکوں کا اقتدار ختم کرنا کیوں چاہتی تھیں۔ امریکہ کا اس میں کیا مفاد تھا۔ وہابی تحریک عرب میں دوبارہ اٹھی اور چل دی گئی۔ وہابیہ کے دور اول میں گنبد خضراء کی زرنگار چھت برباد کر دی گئی۔ گنبد سے سونے کا ہلال اور کرہ اتار لیا گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خود گنبد خضراء کو بھی گرانے کا قصد کیا گیا، مگر اس کوشش میں دو آدمی ہلاک ہو گئے۔ پھر اس ارادہ کو ترک کر دیا گیا۔ تیسری بار عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل سعود نے ایک بار پھر نجد و حجاز پر یلغار کی۔ خلافت عثمانیہ اس بار حجاز کا دفاع کیوں نہ کر سکی۔ وہ کیا حالات تھے، جنھوں نے ترکوں کو بے دست و پا کر دیا اور وہابیوں کو نجد و حجاز میں پنجے گاڑنے کا موقع مل گیا اور اس جنگ میں طائف کے مسلمانوں پر کیا حالت گزری۔

سلطان عبدالعزیز آل سعود کے سریر آرائے سلطنت ہونے کے بعد مرکزی خلافت کمیٹی نے اس کے سامنے کیا تجاویز رکھیں۔ سلطان نے صحابہ کے مآثر و مشاہد کے تحفظ اور مقابر کی حفاظت اور منہدم شدہ قبہ جات کی تعمیر کا وعدہ کیا اور پھر کس طرح ان وعدوں سے منحرف ہوا۔

سلطان عبدالعزیز آل سعود کے ۲۸ سالہ دور حکومت میں عربوں کی کیا حالت تھی، اس کی رحلت کے بعد شاہ سعود نے کس طرح حکومت کی اور اس کو کیوں معزول کیا گیا۔ شاہ سعود کے گیارہ سالہ عہد حکومت میں حجاز مقدس کس حالت تک پہنچ چکا تھا۔ اس کے بعد شاہ فیصل نے اپنے گیارہ سالہ عہد حکومت میں کس حکمت اور سیاست سے ملک کو ترقی دی اور سعودی عرب دنیا کا امیر ترین ملک شمار ہونے لگا۔ اس کے باوجود فیصل کے عہد حکومت میں مآثر و مشاہد کی کیا کیفیت تھی۔ موجودہ شاہ کے دور میں پاکستان کی مادی امداد کے باوجود پاکستانی مسلمانوں کے دینی جذبات کو کس طرح مجروح کیا گیا۔ یہ تمام اخبار و احوال ہم نے وہابی اور دیوبندی مصنفین کی کتابوں اور اخبار و رسائل سے جمع کر کے ایک تاریخ مرتب کر لی ہے۔

۶۔ اس کتاب میں جتنے واقعات درج ہیں وہ سب وہابی مکتبہ فکر اور سعودی عرب سے شائع شدہ کتابوں سے لیے گئے ہیں۔ یہ کتابیں عنقا نہیں ہیں۔ بازاروں میں یہ عام فروخت ہوتی ہیں۔ رسائل اور اخبارات کو ان کے دفاتر اور لائبریریوں سے حاصل کر کے دیکھا جا سکتا ہے۔ میں عام مصنفوں کی طرح یہ تو نہیں کہتا کہ اس کتاب کا اگر ایک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حوالہ بھی غلط ثابت ہو گیا تو میں ایک ہزار روپیہ انعام دوں گا۔ میں ہزاروں میں کھیلنے والا آدمی نہیں ہوں۔ البتہ میں ایک صاف سیدھے اور سچے مسلمان کی طرح یہ ضرور کہوں گا کہ اگر میرا دیا ہوا کوئی حوالہ غلط ثابت ہوا اور اس کا بدل مہیا نہ ہو سکا، تو میں آئندہ ایڈیشن میں اس حوالہ کو کتاب سے نکال دوں گا، لیکن انشاء اللہ اس کی نوبت نہیں آئے گی۔ میں نے حوالوں کو بہت چھان پھٹک کر اخبارات کے دفاتر میں جا کر پرانے اخبارات کے فائل دیکھ کر مختلف لائبریریوں میں گھنٹوں وقت خرچ کر کے اس کتاب کے لئے مواد حاصل کیا ہے۔ کتابت کی غلطی یا ایڈیشن کے مختلف ہونے کی وجہ سے یہ ممکن ہے کہ صفحہ کا نمبر تبدیل ہو جائے، لیکن اصل واقعہ انشاء اللہ کتاب میں موجود ہوگا۔

۷۔ اس کتاب کی تصنیف سے کسی شخص یا کسی مکتبہ کی دل آزادی مقصود نہیں ہے، بلکہ صرف حقائق کا آئینہ دکھایا ہے اور اگر کسی شخص کو آئینہ میں اپنے خدوخال نظر آئیں، تو اس کو آئینہ پر غصہ نہیں کرنا چاہیے۔ آئینہ توڑنے سے اس کی بگڑی ہوئی شکل سنور نہیں جائے گی۔ تاریخ ماضی کے حالات وواقعات کا آئینہ ہوتی ہے۔ ہونا یہ چاہیے کہ اگر کسی شخص یا ادارہ کو اس آئینہ میں اپنی کوئی غلطی نظر آئے تو اس کی اصلاح کرے اور ماضی کی غلطیوں کو مستقبل کے لئے روایت نہ بنالے۔

۸۔ عام طور پر یہ مشہور کر دیا گیا ہے کہ سواد اعظم اہل سنت دیوبندیوں، وہابیوں کی تکفیر کرتے ہیں، اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ حقیقت میں مسلمانوں کی تکفیر کون کرتا ہے۔ محمد بن عبدالوہاب شیخ نجدی اور ان کے پیروکاروں کی تصریح کے مطابق جو مسلمان ان کے عقائد سے متفق نہ ہوں۔ وہ سب کافر اور مشرک ہیں۔ اور اس فتویٰ کی لپیٹ میں عہد صحابہ سے لے کر آج تک کے تمام مسلمان آجاتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ نجدی اور ان کے متبعین کے نزدیک تیرہ سو سال کی ساری امت کافر ہے جو فوت ہو گئے وہ کفر پر مرے اور جو زندہ ہیں وہ واجب القتل ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں اپنے لئے اور تمام احباب کے لئے خصوصاً اور جملہ سواد اعظم اہل سنت کے لئے عموماً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں شفاعت کی درخواست کرتا ہوں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، یا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ان غلاموں کی عزت کی لاج رکھ لیجئے اور روز محشر ان کی شفاعت فرما کر انہیں سرخرو فرمایئے۔ شفاعت کا تاج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر پر ہے۔ مقام محمود پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فائز ہیں۔ حمد کا جھنڈا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں میں، کوثر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واحد ساقی ہیں۔ میزان اور صراط پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا ڈنکا ہے۔ تمام میدان محشر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کی گونج ہے اور ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کے بھکاری ہیں۔ ہماری شفاعت کیجئے۔

محمد عبدالقیوم قادری

۱۱ شعبان المعظم ۱۳۹۸ھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خاک حجاز کے نگہبان

میں بچپن سے اپنے حواس کے "نقش اول" کی تلاش میں ہوں۔ اور چونکہ میرے واسطے، رسول پاک ﷺ ہی میرے حواس کے لیے باعث وجود ہیں اس لیے محض وہی میرے حواس ہی کا نہیں بلکہ میرے ایمان تک کا نقش اول بھی ہیں۔

میرا یہ سفر ان لمحات سے جاری ہے کہ جن میں، میں غیب گزار کر، اس جہان میں آیا تھا اور اس وقت تک جاری رہے گا کہ جب میں یہ جہان صرف کر کے دوبارہ غیب میں گزر جاؤں گا۔ مگر اپنے حواس کے ازل کو دریافت کرنے کے لیے اس جہان کی بھر بھری خاک پر مجھ کو رسول پاک ﷺ کے قدموں کے نشان کی ضرورت ہے تاکہ مجھ پر غائب اور موجود دونوں کے راز وا ہو سکیں۔

کیا کسی چٹیل میدان کی ڈگر پر یا کسی انجان وادی کے خم پر، کیا اپنے اندر یا باہر، یا پھر اس آئینے کی دھار پر کہ جو اندر اور باہر کو ایک کرتی ہے، میں یہ نشان پا سکوں گا، اس کی خبر تو ان نشانات ہی کو ہے۔ مگر تلاش میرا منصب ہے۔ سو تلاش جاری ہے۔

اس ہی تلاش کی ایک لازم کڑی کے طور پر ۱۳۹۰ھ اور ۱۳۹۱ھ میں میں نے حجاز کا سفر اختیار کیا تھا۔ زیر مضمون اس سفر کا ایک بیان ہے۔

صلاح الدین محمود

لاہور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱)

ترکوں نے حجاز پر اپنے دورِ حکومت کے دوران رسول پاک ﷺ کی ولادت سے لے کر آپ ﷺ کے وصال تک کے ہر لمحے سے وابستہ ہر جسمانی، روحانی، تاریخی اور جمالیاتی کیفیت کو آئندہ نسلوں کے واسطے محفوظ کرنے ادارہ کیا تھا۔ یہ کام ایک غیر شعوری سطح پر تو عہد نبوی ہی سے جاری تھا۔ مگر اب کوئی ایک ہزار برس گزر چکے تھے اور اب یہ ضروری تھا کہ ایک شعوری اور حتمی سطح پر یہ عمل ہو۔ اس کام کے واسطے جنون کی حد تک رسول پاک ﷺ سے محبت اور انسانی حواس کی حدود تک لطافت اور ذہنی سچائی کی ضرورت تھی۔ یہ رحمت ترک لحن میں موجود تھی اور اس واسطے وہ اس کام میں تقریباً مکمل کامیاب ہوئے تھے۔ ترکوں کا انسانیت پر یہ سب سے بڑا احسان ہے۔

ان کو علم تھا کہ جس خطہ زمین پر آپ کا نزول ہوا اور آپ کا پہلا قدم پڑا کہ جس ہوا کا پہلا سانس آپ کے اندر جذب ہوا اور جس نے آپ کی آواز کا گداز پہلی بار برداشت کیا کہ جس ہوا کی سہار سے پہلے پرندے کی پکار آپ تک آئی اور پھر جس خلا کے خم سے چاند اور سورج نے پہلی بار آپ کو اور آپ نے پہلی بار ان کو دیکھا کہ جہاں جہاں آپ کی بینائی میں نئے ستاروں کو وقوع ہوا اور جس جس طور آپ کی وسیع ہوتی آنکھوں نے ان کی دوہری حرکت کو واحد کر کے اپنے لہو میں سمویا کہ یہ قد آور لمحے، گوشے، چپے اور ہوا اور بینائی، صدا اور شنوائی کے نقش اول محض رسول اللہ ﷺ ہی کے نہیں، بلکہ آتی دنیا تک ہر نئے کلمہ گو کے لہو اول، ازلی، آبائی اور اصلی نشان ہیں۔ اس بات کا ان کو مکمل علم تھا، سو ان تمام چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے پنپ پا کر اس بڑے ہوتے بچے میں بنو سعد کی خصلت اور محبت سے آغاز کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر سب سے پہلے انہوں نے مدینہ منورہ میں اس میدان کا تعین کیا کہ جہاں مرنے سے پہلے ایک خوبرو اور کم عمر نوجوان نے اپنے گھر سے دور، بخار

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

کی گرمی اور بے چینی کو مٹانے کے واسطے، ایک شام، چند لمحات کے واسطے گشت کیا تھا اور پھر اپنی کم سن، خوبصورت اور ہنس مکھ بیوی کو بیوہ اور ابھی ماں کے بدن ہی میں قائم بچے کو یتیم اور بے سہارا چھوڑ کر اپنی تمنائیں اپنے دل ہی میں لیے وفات پا گیا تھا۔

پھر انہوں نے ایک پہاڑ کی کوکھ میں اس چھوٹے سے گھر کا تعین بھی کیا تھا کہ جس کی پہلی منزل پر شمال کی جانب قائم، ایک چھوٹے سے بالکل چوکور کمرے میں جہاں چہار آئینوں کی اوٹ میں چہار سمتیں ملتی تھیں، ایک بچہ کہ جس کو کائنات کی امان تھی، ظہور میں آیا تھا۔ پھر اس بچے کو ایک بزرگ انسان نے اپنے محنت اور سورج سے کملائے ہاتھوں سے اپنی ایک چادر میں لپیٹا تھا اور وہ پگڈنڈی طے کی تھی کہ جو اللہ کے گھر تک جاتی تھی۔ وہاں پہنچ کر اس ضعیف انسان نے چادر میں لپٹے ہوئے نوزائیدہ بچے کو ہاتھوں میں رکھ کر کائنات کی جانب بلند کیا تھا اور دعا کی تھی کہ اے خالق کائنات اس بچے پر رحم فرما اس واسطے کہ یہ بے آسرا اور یتیم ہے۔ ترکوں نے اس شمالی کمرے، اس آبائی پگڈنڈی اور اس دعا کے مقام کا بھی نہایت ہی کاوش سے تعین کر کے نشان چھوڑا تھا۔

پھر انہوں نے پہلی رگوں کے سیاہ پہاڑوں اور اکثر اوقات خاموش ریگستان کے سنگم پر قائم اس جگہ کو بھی دریافت کر کے محفوظ کیا تھا۔ جہاں اس دعا کے کوئی چھ برس بعد اپنے جواں مرگ خاوند کی قبر سے واپسی پر اپنے چھ برس کے حیران بچے کی انگلی پکڑے پکڑے جب اس کم سن خاتون نے ایک رات کے واسطے پڑاؤ کیا تھا، تو وفات پائی تھی۔

اگلے روز حیران آنکھوں والے اس چھ برس کے بچے نے اپنی ماں کا چہرہ کہ جس سے اب آہستہ آہستہ وہ مانوس ہو رہا تھا، آخری بار دیکھا تھا اور پھر اپنی ماں کو اپنے کچے کچے ہاتھوں سے انجان خاک میں اتار کر قافلے کے ساتھ مقدر کی جانب چل پڑا تھا۔ ترکوں نے اپنی مثالی درستگی، سادگی، صفائی اور خوش اسلوبی سے ایک کتبہ یہاں بھی چھوڑ دیا تھا کہ آنے والوں کو آگاہی ہو کہ معصوم دلوں کی اکیل ہی ہے کہ جوان کو وحدت کا ہمراز بتاتی ہے۔

ان کا اگلا قدم اس راستے کا تعین کرنا تھا کہ جس پر اس واقعے کے تین برس بعد یہ بچہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ایک ضعیف میت کے ساتھ ساتھ چار پائی کا پایا پکڑ کر سب کے سامنے بلک بلک کر روتا ہوا چلا تھا۔ اس کو شاید احساس تھا کہ آج کے بعد اس کی اکیل کائناتی وحدت کی اکیل ہے اور آج کے بعد شاید وہ کبھی کھل کر رو بھی نہ سکے گا۔۔۔۔غرض یہ کہ ترکوں نے رسول پاک ﷺ کی ولادت سے لے کر آپ کے وصال تک کے واقعات کو آنے والی نسلوں کے تاریخی، جمالیاتی اور ایمانی شعور کے واسطے درستگی اور سادگی کے ساتھ محفوظ کرنے کا جو بیڑا اٹھایا تھا، اس میں وہ ایک بڑی حد تک کامیاب ہوئے۔ آپ کے بچپن سے جوانی تک کی سمتوں کا تعین کرنے کے بعد انہوں نے غارِ حرا کی چوٹی سے آسمانوں کو دیکھا اور پھر اس اونچے پہاڑ کی نشیبی وادی میں قائم شہر کے ایک گھر کے اس چھوٹے سے کمرے کا تعین کیا کہ جہاں حیرت پرے سے اپنے نام کی پکار سننے کے بعد واپس آکر رسول پاک ﷺ نے آرام فرمایا تھا اور جہاں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ پر اپنے مکمل اعتماد سے آپ کو اس حد تک حوصلہ دیا تھا کہ جب فتح مکہ کے بعد آپ سے پوچھا گیا کہ آپ کہاں قیام کریں گے، تو آپ نے خواہش ظاہر کی تھی کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی قبر کے ساتھ آپ کا خیمہ نصب کیا جائے۔ بعض لوگوں کے استفسار پر کہ آخر ایک قبر کے کنارے ایک قبرستان میں کیوں؟ آپ نے فرمایا تھا:

> ''جب میں غریب تھا، تو اس نے مجھ کو مالا مال کیا۔ جب انہوں نے مجھ کو جھوٹا ٹھہرایا، تو صرف اس ہی نے مجھ پر اعتماد کیا اور جب سارا جہان میرے خلاف تھا، تو صرف اس اکیلی ہی کی وفا میرے ساتھ تھی''۔ ''رضی اللہ تعالیٰ عنہا''

ترکوں کے ماہرین نے پہلے اس گھر کا پھر اس گھر میں اس کمرے کا تعین کیا کہ جہاں مکمل اعتماد کا یہ بنیادی لمحہ گذرا تھا۔ یہاں یہ بیان کرنا شاید دلچسپی سے خالی نہ ہو کہ کمرے اور اس کمرے کے بارے میں کہ جہاں آپ کا ظہور ہوا تھا، عثمانی حکومت کی جانب سے جو جاری احکامات تھے، وہ کیا تھے؟ حضرت خدیجہ اللہ عنہا کے گھر والے کمرے کے بارے میں جاری حکم تھا کہ ہر بار رمضان کا چاند دیکھتے ہی اس میں سفیدی کی جائے اور پھر فجر کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

اذان تک خواتین باآوازِ بلند قرآن کی تلاوت کریں، جب کہ حضرت عبدالمطلب کے گھر میں واقع اس شمالی کمرے کے بارے میں احکامات یہ تھے کہ پہلی ربیع الاول کو کمرے کے اندر سفید رنگ کیا جائے۔ رنگ ساز حافظ قرآن ہوں اور پھر ربیع الاول کی اس رات کہ جب آپ کا ظہور ہوا، معصوم بچے اس کمرے کے اندر آئیں اور قرآن کی تلاوت کریں۔ اگلی صبح پرندے آزاد کرنے کا حکم اور رواج تھا۔

سو جہاں انہوں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے مکان اور مقبرے کا تعین کیا، وہاں انہوں نے بنوارقم کی بیٹھک کو محفوظ، ورقہ نوفل کی دہلیز کو پختہ اور حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے آنگن کی نشاندہی بھی کروائی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے مکے اور مدینے میں قائم ان ازلی قبرستانوں کو کہ جن میں خانوادۂ رسول کے بیشتر افراد، اصحاب کرام اور ان کے خاندان اور چیدہ ترین بزرگانِ دین قیامت کے منتظر سوتے تھے، صاف ستھرا اور پاک کروایا اور پھر نہایت ہی سلیقے سے قبروں کی نشاندہی کر کے مکمل نقشے مرتب کروائے۔

ان تمام کارروائیوں میں ترکوں کا طریقہ کار بہت مؤثر اور یکتا ہوتا تھا۔ مثال کے طور پر جب ترک حجاز پہنچے، تو مسجد بلال جو کہ خانہ کعبہ کے سامنے ایک پہاڑ پر واقعہ ہے، صدیوں کی غفلت کی وجہ سے تقریباً مٹی اور پتھر ہو چکی تھی۔ اس چھوٹی سی مسجد کو اس کے اصلی خطوط پر دوبارہ تعمیر کرنے کے واسطے جو طریقہ اختیار کیا گیا، وہ یہ تھا۔ پہلے تمام مٹی کو الگ کر لیا گیا اور پھر تمام چونے کو اور اس کے بعد تمام اصلی پتھروں کو، اس کے بعد مٹی اور چونے کو پیس کر اور نہایت ہی باریک چھلنیوں سے چھان کر الگ الگ تیار کر لیا گیا۔ بجھے ہوئے چونے کا کیمیائی تجزیہ کر کے اس کے اجزاء معلوم کیے گئے۔ پھر ان اجزاء کے اصلی اور پرانے ماخذ دریافت کرنے کے بعد ایک ہی ماخذ کے نئے اور پرانے چونے کو ملا کر اور مزید طاقتور بنا کر چنائی کے واسطے استعمال کیا گیا۔ پتھر بھی اپنی تراش، کیفیت اور ساخت کو مدنظر رکھتے ہوئے تقریباً اسی طرح اور اسی جگہ نصب ہوئے کہ جہاں پہلی مرتبہ عہد نبوی کے فوراً بعد نصب ہوئے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس طرح وہی مٹی، وہی گارا اور وہی چونا اور وہی پتھر بالکل اسی طرح استعمال ہوا جیسا کہ صدیوں پہلے مسجد کی تعمیر اول میں استعمال ہوا تھا۔ مسجد نئی بھی ہوگئی اور اپنے اصلی اور اول خطوط پر قائم بھی رہی۔ یہ ترکوں کے طریقہ کار کی محض ایک اور قدرے معمولی مثال ہے۔

جب ۵۳ برس مکے میں بیت گئے اور زمین کی گردش اس شہر کو ایک بار پھر وہیں لے آئی کہ جہاں وہ ۵۳ گردشوں پہلے تھا، تو نئے ستاروں کا وقوع ہوا تھا اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مدینے کا رخ کیا تھا۔ سو ترک بھی اس آبائی راستے پر چل نکلے تھے۔ غار ثور کو انہوں نے کچھ نہ کہا اور یہی مناسب سمجھا کہ نہ تو اس کے جالے صاف کریں اور نہ یہ کبوتروں صدیوں پرانے گھونسلوں کے جھار جھنکاڑ کو کاٹیں یا ہٹائیں۔ غار ثور کو انہوں نے مکڑیوں اور کبوتروں کے سپرد ہی رہنے دیا کہ اب جائز طور پر وہی اس گوشے کے مالک اور حقدار تھے۔

غارِ حرا تک کی نہایت ہی مشکل چڑھائی کو بھی انہوں نے آسان بنانے کی کوئی کوشش نہ کی تاکہ چڑھنے والوں کی چوٹی تک پہنچنے کے جتن کا احساس برابر ہوتا رہے۔ ہاں اتنا ضرور کیا کہ دو تہائی چڑھائی پر ایک نہایت سادہ سی ناند بنا دی تاکہ بارش کا پانی کبھی کبھی جمع ہو سکے اور بچے، بوڑھے اور عورتیں اگر چاہیں، تو چڑھائی کے دوران پیاس بجھا سکیں۔

اس کے بعد انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر سے لے کر مدینے کے اطراف میں قائم بنونجار کی کچی بستی تک ہجرت کے راستے کا حتمی تعین کر کے نقشہ مرتب کیا۔

ترک جب حجاز پہنچے، تو بنونجار تتر بتر ہو چکے تھے۔ پھر بھی ترکوں نے بچے کھچے لوگوں کو تلاش کیا اور سینہ بہ سینہ محفوظ، ان کے لوگ گیتوں کو پہلی بار قلم بند کر کے باقاعدہ محفوظ کیا۔ مسجد قبا کو نہایت ہی ہنر سے بحال کرنے کے بعد وہ کچھ دیر اس کنوئیں کی منڈیر پر بھی ستانے کو بیٹھے کہ جہاں ہجرت کے بعد پہلی نماز ادا کر کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قیام فرمایا تھا اور جس کے آپ کو دیکھ کر آپ سے آپ اونچے ہوتے پانی میں آپ نے اپنے چہرے کا شفاف عکس دیکھ کر پہلے ایک لمحہ توقف، اور مسرت کا اظہار فرمایا تھا۔

اس کنوئیں سے اب راستہ مدینے کو جاتا تھا۔ مدینے کے اس میدان تک جاتا تھا کہ

جہاں آپ کی آمد سے کوئی ۵۳ برس پہلے، ایک شام، وفات سے پہلے ایک خوبرو اور کم عمر نوجوان نے اپنے گھر سے دور اپنے بخار کی گرمی اور بے چینی کو مٹانے کے لیے چند لمحات کے واسطے گشت کیا تھا اور پھر اپنی کم سن، خوبصورت اور ہنس مکھ بیوی اور اپنی ماں کے بدن ہی میں قائم بچے کو یتیم اور بے سہارا چھوڑ کے اپنی تمنائیں اپنے دل ہی میں لیے وفات پا گیا تھا۔

ایک بار پھر وہی میدان تھا۔ مسجد نبوی کو اب یہاں تعمیر ہونا تھا۔

مسجد نبوی کی تعمیر بھی ایمان، ہنرمندی، پاکیزگی اور نفاست کی ایک عجیب اور انوکھی داستان ہے۔

پہلے پہل برسوں تک تو ترکوں کو ہمت نہ ہوئی کہ وہ مسجد نبوی کی تعمیر کریں۔ ان کے نزدیک یہ ایک کائناتی اور انسانی حدود سے ماورا طاقتوں کے بس کا عمل تھا اور وہ محض انسان تھے۔ مگر جب انسان سچی محبت کرتا ہے تو وہ اپنے آپ سے باہر قدم دھرنے کی ہمت بھی پا جاتا ہے۔ سو اپنی محبت کی سچائی کے سہارے انہوں نے یہ کام شروع کرنے کا ارادہ کیا۔ ترکوں نے اپنی وسیع سلطنت اور پھر پورے عالم اسلام میں اپنے ارادے کا اعلان کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے یہ اعلان بھی کیا کہ اس حتمی کام کے واسطے ان کو عمارت سازی اور اس سے متعلقہ علوم اور فنون کے ماہرین درکار ہیں۔ یہ سننا تھا کہ ہندوستان، افغانستان، چین، وسطی ایشیا، ایران، عراق، شام، مصر، یونان، شمالی اور وسطی افریقہ کے اسلامی خطوں اور نہ جانے عالم اسلام کس کس کونے اور کس کس چپے سے نقشہ نویس۔ معمار، سنگ تراش، بنیادیں زمین کی زندہ رگوں تک اتارنے کے ماہر، چھتوں اور سائبانوں کو ہوا میں معلق کرنے کے ہنرمند، خطاط، پچہ کار، شیشہ گر اور شیشہ ساز، کیمیا گر، رنگ ساز اور رنگ شناس، ماہرین فلکیات، ہواؤں کے رخ پر عمارتوں کی دھار کو بٹھانے کے ہنرمند اور نہ جانے کن کن عیاں اور کیسے کیسے پوشیدہ علوم کے ماہرین، اساتذہ، پیشہ ور اور ہنرمندوں نے دنیائے اسلام کے گوشے گوشے میں اپنے اہل و عیال کو سمیٹا اور اس ازلی بلاوے پر قسطنطنیہ کی جانب روانہ ہو گئے۔ کہیں بیحد دور، ایک چٹیل ریگستان میں جنت کی کیاری کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کنارے، ان کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قیام گاہ پر تعمیر ہوتی تھی وہ اور ان کے ہنر اب ہر طرح اس کام کے واسطے وقف تھے۔

ترکوں کو اس والہانہ کیفیت کی ایک حد تک امید تھی، مگر پھر بھی کہا جاتا ہے کہ اس اجتماعی بے اختیاری اور مکمل اطاعت پر ان کو تعجب ضرور ہوا تھا۔ بہر کیف ان کی تیاریاں بھی مکمل تھیں۔ عثمانی حکومت کی تقریباً ہر شاخ، اعلان سے پہلے ہی حرکت میں آچکی تھی اور حکومت کے اہل کار اپنی حدود میں اور سفیر دوسرے اسلامی ممالک میں اس انداز اور ارادے، کے تمام لوگوں کی اعانت کے واسطے تیار تھے۔ ان اہل کاروں اور سفیروں کو یہ احکامات تھے کہ وہ ان تمام ماہرین اور ان کے ہمراہ ان کے اہل وعیال کو اگر وہ چاہیں، تو قسطنطنیہ تک کے راستے میں ہر طرح کی سہولت فراہم کریں۔ ادھر سلطان وقت کے حکم سے قسطنطنیہ سے، چند فرسنگ باہر میدانوں میں ایک خودکفیل اور کشادہ بستی تیار ہو چکی تھی۔ سو پھر جب ان یکتائے روزگار لوگوں کے قافلے پہنچنے شروع ہوئے، تو ان کو ان کے روزگار کے اعتبار سے اس نئی بستی کے الگ الگ محلوں میں بسایا جانے لگا اور حکومت مکمل طور پر ان کی کفیل ہوئی۔

اس عمل میں کوئی پندرہ برس گزر گئے، مگر اب یہ یقین سے کہا جا سکتا تھا کہ اس بستی میں اپنے وقتوں کے عظیم ترین فنکار جمع ہو چکے ہیں۔ اب خود سلطان وقت اس نئی بستی میں گیا اور اس نے خاندانی سربراہوں کا اجلاس طلب کر کے منصوبے کا اگلا حصہ ان کے سامنے رکھا۔ منصوبے کا اگلا حصہ اس طرح تھا۔ ہر ہنرمند اپنے سب سے ہونہار بچے یا بچوں (اولاد نہ ہونے کی صورت میں ہونہار ترین شاگرد) کا انتخاب کرے اور اس بچے کے جوان ہو کر پختہ عمر تک پہنچنے تک ان کے بدن اور لحن میں اپنا مکمل فن منتقل کر دے۔ ادھر حکومت کا ذمہ تھا کہ وہ اس دوران اس اندازے کے اتالیق مقرر کرے کہ وہ ہر بچے کو پہلے قرآن کریم پڑھائیں اور پھر قرآن حفظ کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچہ سواری سیکھے۔ اس تمام تعلیم، تربیت اور تیاری کے واسطے پچیس برس کا عرصہ مقرر کیا گیا۔

اس منصوبے پر ہر ایک نے لبیک کہا۔ صبر، محنت، محبت اور حیرت کا یہ بالکل انوکھا عمل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شروع ہوا۔

چنانچہ پچیس برس بیت گئے اور ان انوکھے ہنرمندوں کی ایک نئی اور خالص نسل نشو ونما پاکر تیار ہوگئی۔ یہ تیس سے چالیس برس عمر کے مخصوص اور نیک اطوار نوجوانوں کی ایک ایسی جماعت تھی کہ جو محض اپنے اپنے آبائی اور خاندانی فنون ہی میں یکتا اور عنقا نہیں تھے، بلکہ اس جماعت کا ہر فرد حافظ قرآن اور فعال مسلمان ہونے کے علاوہ ایک صحتمند نوجوان اور اچھا شہسوار بھی تھا۔ بچپن کے لمحہ اول سے ان کو علم تھا کہ یہ وہ چیدہ لوگ ہیں کہ جن کو ایک روز کہیں بیحد دور ایک چٹیل ریگستان میں۔ جنت کی کیاری کے کنارے اپنے رسول ﷺ کی قیام گاہ کے گرد ایک ایسی کائناتی عمارت تعمیر کرنی ہے کہ جو آسمان کی جانب اس زمین کا واحد نشان ہو۔

ترکوں کے اعلان اول سے لے کر اب کوئی تیس برس سے زیادہ بیت چکے تھے، اور مسجد نبوی کے معمار، جن کی تعداد کوئی پانچ سو کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے۔ تیار تھے۔ ایک طرف تو ہنرمندوں کی یہ جماعت تیار ہو رہی تھی اور دوسری طرف ترک حکومت کے اہل کار عمارت کے واسطے ساز وسامان اکٹھا کرنے میں ایک خاص قرینے کے ساتھ مصروف تھے۔ حکومت کے شعبۂ کان کنی کے ماہرین نے خالص اور عمدہ رگ وریشے کے پتھر کی بالکل نئی کانیں دریافت کیں کہ جن سے صرف ایک بار پتھر حاصل کر کے ان کو ہمیشہ کے واسطے بند کر دیا گیا۔ ان کانوں کی جائے وقوع کو اس حد تک صیغۂ راز میں رکھا گیا کہ آج تک کسی کو علم نہیں ہے کہ مسجد نبوی میں استعمال ہونے والے پتھر کہاں سے آئے تھے۔ بالکل نئے اور ان چھوئے جنگل دریافت کیے گئے اور ان کو کاٹ کر ان کی لکڑی کو بیس برس تک حجاز کی آب و ہوا میں آسمان تلے موسمایا گیا۔ رنگ سازوں نے عالم اسلام میں اگنے والے درختوں اور خاکی وآبی پودوں سے طرح طرح کے رنگ حاصل کیے اور شیشہ گروں نے شیشہ بنانے کے واسطے حجاز ہی کی ریت استعمال کی پچہ کاری کے قلم ایران سے بن کر آئے جب کہ خطاطی کے واسطے نیزے دریائے جمنا اور دریائے نیل کے پانیوں کے کنارے اگائے

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

گئے۔ غرض یہ کہ جب تک ان ہنرمندوں کی جماعت تیار ہوئی۔ ان ہی کے بزرگوں کی خاص طور پر تیار کردہ ٹولیوں نے عمارتی سامان بھی فراہم کر لیا۔ یہ سارا عمارتی سامان بمع ہنرمندوں کی جماعت کے، نہایت ہی احتیاط سے پہلے خشکی، پھر سمندر اور پھر خشکی کے راستے حجاز کی سرزمین تک پہنچا دیا گیا کہ جہاں مدینے سے چار فرسنگ دور ایک نئی بستی اس تمام سامان کو رکھنے اور ہنرمندوں کے تعمیر کے دوران رہنے سہنے کے واسطے پہلے ہی تیار ہو چکی تھی۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر تعمیر مدینے میں ہونی تھی، تو پھر ساز و سامان مدینے ہی میں رکھا جاتا۔ آخر یہ چار فرسنگ (بارہ میل) دور کیوں؟ اس کی وجہ ترک یہ بتاتے ہیں کہ آخر ایک بہت بڑی عمارت تیار ہونی تھی کہ جس واسطے مختلف جسامت کے ہزاروں پتھر کاٹے جانے تھے، بڑے بڑے مچان ٹھوک ٹھاک کر تیار ہونے تھے، اس کے علاوہ بھی بہت سے ایسے ضروری عمارتی عمل ہونے تھے کہ جن میں شور کا بے حد امکان تھا، جب کہ وہ یہ چاہتے تھے کہ عمارت کی تعمیر کے دوران مدینے میں ذرہ برابر بھی کوئی شور نہ ہو اور جس فضا نے ہمارے رسول ﷺ کی آنکھیں دیکھیں اور آواز سنی ہوئی تھی، وہ اپنی حیا، سکون اور وقار قائم رکھے۔

سو ہر ایسا کام کہ جس میں ذرا بھی شور کا امکان تھا، مدینے سے چار فرسنگ کے فاصلے پر ہوا اور پھر ہر چیز کو ضرورت کے مطابق مدینے لایا گیا۔ ایک ایک پتھر پہلے وہیں کاٹا گیا اور پھر مدینے لا کر نصب کیا گیا۔ کبھی ایسا بھی ہوا کہ چنائی کے دوران کسی پتھر کی کٹائی ذرا زیادہ ثابت ہوئی یا کوئی مچان یا جنگلا چھوٹا یا بڑا پڑا، تو اس کو عجلت میں ٹھوک بجا کر وہی رسول ﷺ کے سرہانے ٹھیک نہ کیا گیا، بلکہ چار فرسنگ دور کی بستی لے جا کر اور درست کر کے دوبارہ مدینے لایا گیا۔ یہاں یہ بھی یاد رکھیں کہ اس دور میں ذرائع مواصلات کیا تھے۔ بھاری بوجھ نہایت سست رفتاری اور صبر سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاتا تھا اور انسانی نقل و حمل کے واسطے سب سے تیز رفتار سواری گھوڑے کے علاوہ کوئی اور نہ تھی۔

سو جب کہ سارا عمارتی سامان اپنی خام شکل میں مدینے کے مضافات والی بستی میں پہنچ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گیا اور پھر پانچ سو کے لگ بھگ ہنرمندوں کی جماعت نے بھی اسی بستی میں آن کر سکونت پا لی، تو سب کچھ اب اس جماعت کے سپرد کر دیا گیا۔ اپنے فنون کے استعمال اور اپنے تخلیقی عمل میں یہ فنکار و ہنرمند بالکل آزاد تھے۔ صرف دو احکامات ان کو دیئے گئے۔ اول یہ کہ تعمیر کے لمحہ اول سے لے کر لمحہ تکمیل تک اس جماعت کا ہر ہنرمند اپنے کام کے دوران باوضو رہے اور دوم یہ کہ اس دوران وہ ہر لمحہ تلاوت قرآن جاری رکھے۔

سو باوضو حافظ قرآن ہنرمندوں کی یہ جماعت پورے پندرہ برس تک مسجد نبوی کی تعمیر میں مصروف رہی اور پھر ایک صبح آئی کہ مسجد نبوی کے خلائی نشان کی چوٹی سے فجر کی اذان نے، زمین سے نہایت ہی بھروسے اور ایمان سے اگی اس عمارت کے مکمل ہونے کا اعلان کر دیا، اب خلا محفوظ بھی تھا اور آزاد بھی۔

یہ عمارت کیسی ہے، کیا ہے، کہاں ہے اور کہاں لے جاتی ہے؟ اس کے بارے میں تو الگ کتاب لکھوں گا۔ یہاں صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ یہ عمارت اس جہان میں ہوتے ہوئے بھی اس جہان میں نہیں ہے۔ اپنے آپ میں قائم رہ کر اس عمارت کو دیکھو تو یہ کہیں اور ہے۔ اپنے آپ سے باہر قدم دھر کے اس کو دیکھو تو یہ کہیں اور، اور ہم کچھ اور ہیں۔ پتھر، خلاء، ہوا، آواز، لحن، نیت، ایمان اور نور نے مل کر صبر کی ایک نئی بُنت کی ہے۔ متوازی اوقات اگر رنگ برنگ کے دھاگے ہیں تو ان کی بُنت میں بے رنگ کا دھاگہ اس عمارت کا نور ہے جو کہ اس بُنت کو محض معنی ہی نہیں دیتا بلکہ اوقات کا ایک دوسرے سے ایک جائز اور مخفی رابطہ بن کر اوقات کو ایک مرکز بھی فراہم کرتا ہے اور اوقات کے اس مرکز سے ہم کو اپنے رسول ﷺ کی آواز یوں آئی ہے کہ جیسے خلا محفوظ بھی ہو اور آزاد بھی، کہ جیسے آواز پرندہ بھی ہو اور لہو بھی کہ اندھیرے میدانوں میں کبھی نور کا شجر اگے تو کبھی نور کی وادیوں میں اندھیرا خود ایک شجر ہو کہ جیسے نور محض نور ہی نہ ہو، بلکہ نور کا منبع بھی ہو۔ سو جب ریاض الجنۃ میں اس خلا کے خم پر اپنے رسول کے سرہانے بیٹھو، تو کشف ہوتا ہے کہ آخر محبت کے کیا معنی ہیں اور نیت کی کیا حدود۔ اور پھر وہ بے نام ہنرمند یاد آتے ہیں کہ جن کو اپنے ہنر سے اس واسطے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

محبت تھی کہ وہ ان کے رسول ﷺ کے واسطے تھا کہ جنہوں نے چٹیل میدان میں اس جنت کی کیاری کے کنارے اپنے رسول ﷺ کی قیام گاہ کی حیا، سکون اور حیرت کو قائم رکھتے ہوئے اس عمارت کو اس خلا کے خم پر تعمیر کیا تھا کہ آج اس عمارت میں محض ان کا ہنر ہی نہیں، بلکہ ان کے ہنر کا غیب بھی محفوظ ہے اور پھر ترکوں کے واسطے دعا ہمارے پور پور سے بلند ہوتی ہے۔

(۲)

پھر کئی صدیاں بیت گئیں۔

اندرونی سازشوں اور بیرونی نیتوں کے دباؤ کے تحت پرانی حکومتیں کمزور اور نئی حکومتیں اور طاقتیں ظہور میں آتی رہیں۔ پھر جب بیسویں صدی کا آغاز ہوا، تو پہلی جنگ عظیم شروع ہوئی۔ اس جنگ میں عثمانی حکومت نے انگریز، فرانسیسی اور اطالوی طاقتوں کے خلاف جرمن قوم کا ساتھ دیا۔ ۱۹۱۸ء میں ترک جرمن محاذ کو شکست ہوئی اور فتح پانے والوں نے جہاں جرمنی کے ٹکڑے کر کے شکست کے ساتھ ساتھ اس کے اجتماعی وقار کو خاک میں ملایا۔ وہاں ترکمانی ناموس بھی خون کے ساتھ ساتھ بہہ کر خاک میں شامل ہو گیا اور عثمانی حکومت کی کشادہ وحدود بھی فاتح ٹولے کے تصرف میں آ گئیں۔ اپنی نوآبادیاتی خواہشات کو آگے بڑھانے کے واسطے اس فاتح ٹولے نے عثمانی سلطنت کے خطوں پر حکومت کرنے کے دو طریقے رائج کیے۔ پہلا طریقہ براہ راستہ حکومت تھا اور جہاں براہ راست حکومت ممکن نہ تھی۔ وہاں ایک خاص منصوبے کے تحت ایسے قبیلوں، سیاسی جماعتوں یا افراد کو سہارا یا طاقت دینا طے پایا تھا کہ جن کی وساطت سے محض دائرہ اثر ہی کو قائم نہ رکھا جا سکے، بلکہ ہو سکے، تو ملت اسلامیہ میں مزید انتشار اور کشیدگی بھی پھیلائی جا سکے۔

ترکوں کی جنگ عظیم میں شکست کے بعد جزیرۂ نمائے عرب میں جن طاقتوں نے علاقائی افراتفری کا فائدہ اٹھا کر کھلم کھلا ہاتھ پاؤں نکالنے شروع کر دیئے تھے۔ ان میں صوبہ نجد کے ایک پیشہ ور باغیوں کا سعود نامی قبیلہ بھی شامل تھا۔ جنگ عظیم کے دوران ہی یہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM
ISLAMIA ACADEMY

لوگ ایک خفیہ معاہدے کے تحت انگریزوں سے مل چکے تھے۔ اس معاہدے کی رو سے انگریز یہ چاہتا تھا کہ جنگ عظیم کے دوران یہ قبیلہ اپنی بغاوتوں، حملوں، جنگوں اور چھاپوں وغیرہ سے ترکوں کو اتنا تنگ کرے اور برسر پیکار رکھے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں انگریز حملہ آوروں کی طرف پوری طرح دھیان نہ دے سکیں۔ اس کے عوض انگریز نے عہد کیا تھا کہ اگر وہ جنگ جیت گیا تو وہ پہلے نجد اور پھر جزیرہ نمائے عرب پر اس نجدی قبیلے کا تسلط قائم کرنے میں ان کی مدد کرے گا۔ مگر یہ انگریز کا عہد تھا جو کہ کم از کم دوطرفہ تو ضرور ہوتا ہے۔ سو یہی عہد انہوں نے حجاز کے حسینی قبیلے سے بھی کیا ہوا تھا۔ بس جو چیز دونوں عہد ناموں میں مشترک تھی وہ تھی ترکوں کی شکست اور جزیرہ نمائے عرب سے انخلاء۔

بہرکیف ترکوں کی ہار کے بعد ان فاتح طاقتوں (اور بعد میں امریکہ) کے ایماء اور امداد پر سعودیوں نے اپنے علاقائی حریفوں کو آخرکار شکست دے کر ۱۹۲۱ء میں صوبہ نجد پر اپنی عمل داری اور بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ عالمی جنگ کے اختتام پر ہی ترکوں نے حجاز کا نظام حجاز کے سربراہ قبیلے کے سردار کے سپرد کر کے اپنی فوجیں حجاز سے واپس بلالی تھیں۔ ان کا کہنا یہ تھا کہ جنگ میں شکست کے بعد وہ حجاز میں اپنی حکومت صرف فوجی طاقت کے ذریعے قائم رکھ سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ کسی حملے کی صورت میں خاک حجاز پر لہو بہنا لازم ہو جائے گا اور خدانخواستہ مکے اور مدینے میں گولی چلانی لازمی ہو جائے گی۔ یہ کیفیت ترک لحن اور خصلت کے بالکل برعکس تھی۔ سو کچھ عرصہ سوچ بچار کے بعد حجاز کے ترک گورنر کا حکم ہوا تھا اور ترکوں نے خانہ کعبہ کے گرد آخری طواف کر کے مسجد نبوی کی دہلیز کو آخری بار چوما تھا اور خاک حجاز سے ہمیشہ کے واسطے چلے گئے تھے۔

اب اہل نجد اور اہل حجاز دونوں جزیرۂ نمائے عرب کی بادشاہت کے خواہاں تھے اور دونوں کو انگریز کی حمایت حاصل تھی۔

اس سیاسی خلا کو سعودیوں نے پر کیا اور ۱۹۲۴ء میں مکے پر اور ۱۹۲۵ء میں مدینے اور جدے پر قبضہ جمانے کے بعد اس نجدی قبیلے کے سردار نے ۱۹۲۶ء میں نجد و حجاز کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ یہاں سے حجاز پر سعودیوں کے دور کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ دور ابھی تک جاری ہے آخر یہ سعودی کون ہیں؟

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے جزیرہ نمائے عرب کے ایک مشرقی صوبے نجد سے ان کا تعلق ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ رسول پاک ﷺ کے وقتوں میں جس قبیلے نے سب سے آخر میں اسلام قبول کیا تھا اور پھر آپ کے وصال کے فوراً بعد ہی جو قبیلہ اسلام سے منحرف ہو گیا تھا، وہ یہی سعودیوں کا قبیلہ تھا۔ آپ کو یہ بھی یاد ہوگا کہ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان ہی کی سرکوبی کے واسطے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو ایک لشکر کے ساتھ نجد روانہ کیا تھا اور ایک جنگ میں مکمل شکست پانے کے بعد ان میں سے کچھ پھر سے اسلام لے آئے تھے۔ اس موقع پر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس علاقے میں ایک مسجد بھی تعمیر کی تھی۔ اس مسجد کے آثار ایک کھنڈر کی صورت میں ابھی تک قائم ہیں۔

نسبیات کے جدید ماہرین کا کہنا ہے کہ مسیلمہ بن کذاب کا تعلق بھی اسی قبیلے یا اس قبیلے کی ایک مرکزی شاخ سے ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ ہیبت ناک بات غلط ہو، مگر حجاز میں اقتدار سنبھالتے ہی جو بدسلوکی انہوں نے رسول پاک ﷺ کی ذات سے وابستہ تاریخی، جمالیاتی، روحانی، جسمانی اور معاشرتی نشانات کے ساتھ کی ہے۔ اس سے تو یہی اندازہ ہوا ہے کہ علم نسبیات کے ماہرین کا یہ کہنا غلط نہیں ہے۔

پھر اٹھارہویں صدی کے اوائل میں ایک شخص محمد ابن عبدالوہاب نے انہی میں سر اٹھایا۔ ان کی بلا سوچے سمجھے کاٹنے والی تلوار کو اس کی تقریر کی سہار ملی اور اس کی تقریر کو کہ جس پر بیمار دماغ کی بڑ سمجھ کر کوئی کان نہ دھرتا تھا، ان کی تلوار اور شاطرانہ خصلت کی سہار سے طاقت حاصل ہوئی، حتی کہ اٹھارہویں صدی کے وسط تک محمد ابن عبدالوہاب اور اس کے سعودی سرپرست کی اتنی ہمت ہوئی کہ ان دونوں نے مل کر عالم اسلام کے ہر بادشاہ اور فرماں رواں کو خطوط بھیجے۔ ان خطوط میں اور باتوں کے بعد ٹیپ کے بند کے طور پر مندرجہ ذیل عبارت درج تھی:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

''اللہ ایک ہے اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں، مگر محمد کی تعریف کرنا یا ان کی تعظیم کرنا کوئی ضروری نہیں''۔

آج تک سعودی لہو کی خصلت یہی ہے۔

سو حجاز پر قبضہ جمانے کے فوراً بعد ہی جو سب سے پہلا کام سعودیوں نے کیا تھا، وہ حجاز کے طول وعرض سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام کو محو کرنے کا تھا۔ مسجد نبوی، خانہ کعبہ کی مسجد اور اس کے علاوہ جہاں جہاں اور جس جس عمارت اور مسجد پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام نہایت ہی فن اور محبت سے جا ئز کندہ تھا، اس کو نہایت ہی بھونڈے پن سے مٹا دیا گیا۔ ایمان، محبت، فن خطاطی اور دیگر فنون لطیفہ کے ان نادر نمونوں پر کہیں تارکول پھیر دیا گیا اور کہیں ان پر پلستر تھوپ دیا گیا۔ اکثر اوقات لوہے کی چھینی اور ہتھوڑے کا استعمال بھی کیا گیا۔ اس بے مثال گستاخی اور وندالیت کے نشانات آج تک حجاز کے طول وعرض میں اور خاص طور پر خانہ کعبہ کی پرانی مسجد اور مسجد نبوی کے در و دیوار پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام مٹانے کے بعد سعودیوں نے ایک باقاعدہ نظام کے تحت حیات طیبہ سے منسلک تقریباً ہر تاریخی، جمالیاتی، روحانی، جسمانی اور معاشرتی نشان کو اپنی ذہنی قلت اور قلیل ترعقیدے کا ہدف بنایا۔

جنت الاولیٰ اور جنت البقیع کے قبرستان کہ جن کی بھربھری خاک میں حضرت عبدالمطلب ابوطالب، ورقہ بن نوفل، حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت عباس، حضرت حلیمہ سعدیہ، امہات المومنین، آپ کی صاحبزادیاں، آپ کے صاحبزادگان اور خانوادۂ رسول کے دیگر افراد، اصحاب کرام اور ان کے پورے پورے خاندان، مشائخ وصوفیائے کرام، ناموران اسلام اور دو جہانوں کی چہار سمتوں سے محبت اور ایمان کی خاطر آئے ہوئے ان گنت گمنام مسلمان سکون اور تاسنگی سے سوتے تھے، لوہے کے مشینی ہل چلا کر کھود ڈالے گئے اور پھر پٹیلا پھروا کر برابر کروا دیئے گئے بعد میں جنت البقیع کے سامنے سڑک کے پار قائم شہدائے کرام کے مزار سڑک کو چوڑا کروانے کی نذر ہوئے اور حضرت عبداللہ ابن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عبدالمطلب کے مزار اور تابوت کو ایک بازار کی توسیع کے دوران راتوں رات غائب کروا دیا گیا۔ نہ ابوطالب کا محلّہ رہا، نہ ورقہ بن نوفل کی دہلیز، نہ ام ہانی کا آنگن رہا اور نہ ہی بنو ارقم کی بیٹھک کی کوئی چیز۔ اس ٹیلے پر کہ جہاں ابو طالب کا محلّہ تھا، ایک بدصورتی کی حد تک جدید متعدد منزلوں کی عمارت کھڑی ہے۔ ورقہ بن نوفل کا مکان، ایک کپڑے کے بازار کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔ دار ارقم کی جگہ کرائے کی موٹر گاڑیوں کا اڈہ ہے اور رہا ام ہانی کا گھر کہ جس کے آنگن میں دو وقت مل کر ایک ہوئے تھے، تو وہ مسجد حرم کی ''توسیع'' کے دوران مٹ کر بے نشان ہو چکا ہے۔

جب حضرت عبدالمطلب کی قبر ہی نہ رہی، تو اس تک جاتا وہ راستہ بھی نہ رہا کہ جس پر نو برس کا ایک بچہ آخری بار کھل کر رو یا تھا اور نہ ہی وہ پگڈنڈی رہی کہ جس پر ایک ضعیف انسان اپنی چادر میں ایک نوزائیدہ بچے کو لپیٹ کر لے چلا تھا۔ ہاں! اس بے وضع عمارت کے سائے میں کہ جو ابوطالب کے محلے کو کھود کر بنائی گئی ہے۔ ایک گھر اور اس کا وہ شمالی کمرہ کہ جس میں چار آئینوں کی اوٹ میں کبھی چار سمتیں ملی تھیں۔ ابھی تک بمشکل موجود ہے۔ مگر اس کمرے میں عرصے سے سفیدی نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی تیسرے چاند کے بارہویں دن معصوم بچے تلاوت کرنے اس گھر میں داخل ہوتے ہیں۔ اس کمرے کے شمال کی جانب ایک روشن دان ضرور موجود ہے، مگر اس سے اب آپ شمال کا ستارہ نہیں دیکھ سکتے کہ متعدد منزلوں کی وہ بدوضع عمارت کہ جو شاید کہیں اور نہ بن سکتی تھی، راستے میں حائل ہے اور رہے پرندے تو اس کے آزاد کرنے کا رواج تو اس شہر میں کبھی کا ختم ہو چکا ہے۔

اور ہاں اگر آپ اس گھر میں جس میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظہور ہوا تھا، دو نفل شکرانے کے ادا کرنا چاہیں تو ایک ہنٹر بردار آپ کو روک دے گا۔ اس واسطے کہ اس کے اور اس کے آقاؤں کے نزدیک اس عظیم ترین رحمت پر اللہ کا شکر ادا کرنا ''شرک'' ہے۔

یہاں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے گھر اور اس کمرے کے بارے میں بھی سن لیجیے کہ جہاں اعتماد کا ایک بنیادی لمحہ گزرا تھا۔ وہ کمرہ اور گھر بھی نصف صدی سے حافظ قرآن،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رنگ سازوں کا انتظار کرتے کرتے اب ایک صرافہ بازار سے گھر چکے ہیں۔

ہجرت کے راستے کا نشان تک مٹ چکا ہے۔ نئی حکومت نے مکے سے مدینے تک جانے کا نیا راستہ اختیار کیا ہے۔ یہ راستہ مکے سے مقام بدر تک سمندر کے ساتھ ساتھ جاتا ہے اور وہی ہے کہ جس سے ابوسفیان، لشکر اسلام کی روانگی کی خبر سن کر اپنے قافلے کو بچا کر مکے کی جانب فرار ہو گیا تھا۔

مدینے پہنچتے ہی انسان مسجد قبا کا رخ کرتا ہے کہ جس کے سامنے والے احاطے میں وہ نہایت قدیم کنواں تھا کہ جس کے پانی نے آپ کا رخ مبارک دیکھا تھا، مگر چند برس ہوئے اس کنوئیں کو بھی پتھر کی بڑی بڑی سلیں رکھ کر بند کیا جا چکا ہے۔ استفسار پر نہایت ہی خشکی کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ مشینی پمپ ایجاد ہو چکے ہیں، اس واسطے اب اس کنوئیں کی کوئی ضرورت نہ تھی۔

جب شکست وریخت کا یہ وحشت ناک عمل شروع ہوا تھا، تو سربراہ قبیلے کے سردار نے ترکوں کی بنائی ہوئی گنبد خضراء والی مسجد نبوی ﷺ کو گنبد خضراء سمیت منہدم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پھر بہت بڑی بڑی اور اپنے وقتوں کی طاقتور ترین مشینیں منگوائی گئی تھیں اور پھر ایک نکڑ کے ستون سے شروعات کی گئی تھی۔ دو ماہ تک یہ مشینیں اپنی پوری طاقت سے اس ایک ستون سے ٹکرا ٹکرا کر اس کو گرانے یا توڑنے کی کوشش کرتی رہی تھیں، مگر یہ ستون ذرہ برابر بھی اپنی جگہ سے نہ ہلا تھا۔ آخر اس کی جڑوں کو تو باوضو حافظ قرآن ہنر مندوں کے ایمان، عشق اور نیت کے سیسے نے تھاما ہوا تھا، یہ کیسے اپنی جگہ سے ہلتا۔ جب طاقتور ترین مشینوں کی دو ماہ تک مسلسل کوشش کے باوجود ایک ستون بھی اپنی جگہ سے ایک انچ نہ ہل سکا تھا، تو مسجد نبوی کو منہدم کرنے کی یہ وحشت ناک کوشش طوعاً وکرہاً روک دی گئی تھی۔ مسجد نبوی کے اس ستون پر اس عمل کے نشانات آج تک موجود ہیں۔

سو اب کس کس دکھ کا بیان کروں۔ کسی نقش اول کو عقیدے کی قلت نے مٹایا، تو کسی کو دل کی قلت نے اور جو نقوش ان دونوں کی گرفت میں نہ آ سکے، ان کو بے اعتنائی اور جمالیاتی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حس کے فقدان نے۔

اگر کبھی برسراقتدار لوگوں سے اس شکست وریخت کے عمل کے بارے میں پوچھو، تو اول تو اس برصغیر کے محبت کے مارے مسلمانوں کو اس لائق ہی نہیں سمجھا جاتا کہ ان کو کوئی جواب دیا جائے۔ اگر کوئی مجبور کرے، تو پھر دو الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی ''توسیع'' اور ''شرک'' کیا ''توسیع'' اس انداز، حوصلے اور قرینے کے ساتھ نہ کی جاسکتی تھی کہ جس طرح ترکوں نے کی؟ اور کیا ''شرک'' کو مٹانے کا طریقہ صرف یہی تھا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی باوفا ہڈیوں کے نشان کو مٹا دیا جائے؟۔

صلاح الدین محمود

(یہ مضمون صلاح الدین محمود کے سفرنامہ حجاز ''نقش اول کی تلاش'' کا ایک اپنی جگہ مکمل باب ہے۔ یہ سفر ۱۳۹۰ھ اور ۱۳۹۱ھ میں اختیار کیا گیا)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 1

شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمده و نصلی علیٰ رسوله الکریم

شیخ محمد بن عبد الوہاب نجدی 1703ء تا 1115 ہجری۔ 1792ء، 1206 ہجری بارہویں صدی کی ابتداء میں پیدا ہوئے، ان کی شخصیت نے ملت اسلامیہ میں افتراق اور انتشار کا ایک نیا دروازہ کھولا، اہل اسلام میں کتاب وسنت کے مطابق جو معمولات صدیوں سے رائج تھے، انہوں نے ان کو کفر اور شرک قرار دیا۔ مقابر صحابہ اور مشاہد و مآثر کی بے حرمتی کی، قبہ جات کو مسمار کر دیا، رسومات صحیحہ کو غلط معنی پہنائے اور ایصال ثواب کی تمام جائز صورتوں کی غلط تعبیر کر کے انہیں "الذبح لغیر الله" اور "النذر لغیر الله" کا نام دیا، توسل کا انکار کیا اور انبیاء علیہم السلام اور صلحاء امت سے استمداد اور استغاثہ کو یدعون من دون الله کا جامہ پہنا کر عبادت لغیر اللہ قرار دیا۔ انبیاء علیہم السلام، ملائکہ کرام اور حضور تاجدار مدنی محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے شفاعت طلب کرنے والوں کے قتل اور ان کے اموال لوٹنے کو جائز قرار دیا۔

شیخ نجدی نے جس نئے دین کی طرف لوگوں کو دعوت دی، وہ عرف عام میں وہابیت کے نام سے مشہور ہوا اور ان کے پیروکار وہابی کہلائے، چنانچہ خود شیخ نجدی کے متبعین اپنے آپ کو برملا وہابی کہتے اور کہلاتے ہیں۔ چنانچہ علامہ طنطاوی نے لکھا ہے۔

اما محمد، فهو صاحب الدعوة التی عرف بالوهابية

(محمد بن عبد الوہاب نے جس تحریک کی دعوت دی تھی وہ وہابیت کے نام سے معروف ہے)۔(1)

شیخ نجدی کے والد

شیخ محمد بن عبد الوہاب نجدی کے دادا سلیمان بن علی شرف حنبلی المسلک اور اپنے وقت

1۔ شیخ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۴۵ھ محمد بن عبد الوہاب نجدی، ص ۱۳

کے مشہور عالم دین تھے،ان کے چچا ابراہیم بن سلیمان بھی ممتاز عالم دین تھے۔ابراہیم کے بیٹے عبدالرحمان مشہور فقیہ اور ادیب تھے۔

شیخ نجدی کے والد متوفی ۱۷۴۰ء ۱۱۵۳ ہجری (1) نہایت صالح العقیدہ بزرگ اور مشہور عالم دین اور فقیہ تھے،وہ شیخ نجدی کو تنقیص رسالت،توہین مآثر صحابہ اور تکفیر المسلمین جیسے گمراہ کن عقائد پر ہمیشہ سرزنش کرتے رہتے تھے (2)۔اسی طرح ان کے اساتذہ بھی اس کے تخریبی افکار پر اس کو ہمیشہ ملامت کرتے رہتے تھے۔(3)

اس سلسلہ میں ایک غیر مقلد وہابی عالم شیخ نجدی کی سرگرمیوں کے بارے میں لکھتے ہیں:

"جاہلوں کے غلط عقیدوں کی اصلاح معبودان باطل قبہ وقبر سے ہٹا کر پھر معبود حقیقی کی درگاہ میں لا کھڑا کرنا ان کا مقصود تھا۔پھر یہ ہر کس وناکس کی بات نہ تھی،اس کے لئے ایمان خالص اور سچی عزیمت کی ضرورت تھی۔اس راہ میں شیخ کو جن صبر آزما مصیبتوں سے دوچار ہونا پڑا اور جس خندہ پیشانی کے ساتھ انہوں نے اس راہ کی تکلیفوں کا استقبال کیا،اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان اوصاف سے پوری طرح متصف تھے۔(4)

توحید کی دعوت دی، غیر اللہ کے آگے سرخم کرنے،قبروں ولیوں سے مدد مانگنے اور نیکوکار بندوں کو معبود ثانی بنانے سے روکنے کی کوشش کی،قبروں کی زیارت میں مسنون طریقہ کے خلاف جو بدعتیں رائج ہوگئی تھیں،ان کے مٹانے کو عملی اقدام اٹھایا تھا،بس پھر کیا تھا۔مخالفت کا سیلاب اُمڈ آیا۔اعزہ واقرباء درپے آزار ہوگئے،خود باپ کو بھی یہ ادا پسند نہ آئی۔شیخ نے باپ کے ادب اور استاذ کی عزت کا پورا لحاظ کیا،پر جو قدم آگے بڑھ چکا تھا،وہ پیچھے نہ ہٹا۔(5)

1۔مسعود عالم ندوی محمد بن عبدالوہاب ص ۲۴ تا ۲۵

2۔عثمان بن بشر نجدی متوفی ۱۲۸۸ھ،عنوان المجد فی تاریخ نجد (مطبوعہ ریاض، ج ا، ص ۶)

3۔عثمان بن بشر نجدی متوفی ۱۲۸۸ھ،عنوان المجد فی تاریخ نجد (مطبوعہ ریاض، ج ا، ص ۸)

4۔سید احمد دحلان مکی شافعی،متوفی ۱۳۰۴ھ،الدرر السنیة،ص ۴۷

5۔مسعود عالم ندوی: محمد بن عبدالوہاب،ص ۳۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اس اقتباس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ توحید کے نام پر تنقیص رسالت اور توہین صحابہ واولیاء کی جو دعوت لے کر شیخ نجدی اٹھے تھے، اس کی صدیوں پیچھے اسلام میں کوئی نظیر نہ تھی نہ جزیرہ عرب میں توحید کی اس نئی تشریح سے کوئی واقف تھا اور نہ شیخ نجدی کا اپنا خاندان اور ان کے اساتذہ اس سے واقف تھے۔

شیخ عبدالوہاب رحمہ اللہ اور ان کے بیٹے شیخ نجدی کے درمیان عقائد کا جو مناقشہ تھا، اس پر روشنی ڈالتے ہوئے علامہ طنطاوی لکھتے ہیں۔

> وجلس فی حلقة ابیه یحضر درو سه و ینکر مایری من البدع و المخالفات فی ذلک حتی اثار علیه الناس و لم یرتض ابوه هذا المسلک منه و لم یقره علیه و کان یوثر المسالمة و یکره العنف فنهاه حتی و قع بینهما کلام و لکنه استمر علیٰ دعوته و انکاره و استجاب له فریق من الناس و تابعوه و صارطلبة العلم طائفتین ، قلیل منهم معه و الکثیر علیه و کان ابوه من رأی الطائفة الثانیة(1)

شیخ نجدی اپنے والد کے حلقہ درس میں حاضر ہوا کرتا تھا اور (نام نہاد) بدعات پر اعتراض کیا کرتا تھا، یہاں تک کہ تمام لوگ اس کے مخالف ہو گئے اور اس کے والد بھی اس پر ناراض ہوئے اور اس کو سرزنش کی شیخ عبدالوہاب صلح جو شخص تھے، جھگڑے کو ناپسند فرماتے تھے، انہوں نے اس کو (شعار اہل سنت) کی مخالفت کرنے سے منع کیا۔ (لیکن شیخ نجدی باز نہ آیا) اور اپنے والد سے سخت تکرار اور بحث کی اور (شعار اہل اسلام) کی مخالفت پر قائم رہا۔ چند لوگ اس کے ساتھ ہو گئے اور اکثر اس کی مخالفت کرنے لگے، حتیٰ کہ شیخ عبدالوہاب کے حلقہ درس کے طلباء میں دو گروہ قائم ہو گئے۔ اقلیت شیخ نجدی کے ساتھ تھی اور اکثریت اس کے والد گرامی شیخ عبدالوہاب رحمہ اللہ کے ساتھ تھی۔

1۔ شیخ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۴۵ھ محمد بن عبدالوہاب، ص ۲۱۔۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس اقتباس سے واضح ہو گیا کہ شیخ نجدی نے شعار اہل اسلام اور طریقہ اہل سنت کی مخالفت میں اپنے والد کا بھی پاس نہیں کیا اور ان سے بھی تلخ کلامی سے پیش آتا رہا، تاہم والد کی زندگی میں شیخ نجدی کو کھل کر اپنے عقائد کے پرچار کا موقع نہ مل سکا، لیکن والد کی وفات ہوتے ہی شیخ نجدی نے پوری قوت کے ساتھ اپنی دعوت اور تحریک کو آگے بڑھایا، چنانچہ علامہ طنطاوی لکھتے ہیں۔

وکان یرعی لابیه حرمته و یوقره وان رأی ان حق ابیه و طاعته لا تسوغ له التوقف عن دعوته، فلما توفی ابوه سنة ۱۱۵۴ انطلق الشیخ من عقاله و نشط فی دعوته و بذل فیه ما اعطیٰ من قوة و اندفاع(1)

(شیخ نجدی اپنے والد کا قدرے لحاظ کرتا تھا، لیکن اس کے باوجود اس کا عقیدہ تھا کہ والد کی عزت وتوقیر اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ وہ اپنے افکار کی دعوت سے دستبردار ہو جائے، لیکن جب اس کے والد رحمہ اللہ ۱۱۵۴ھ میں واصل بحق ہوئے، تو شیخ نجدی کی دعوت میں رہی سہی زنجیریں بھی ٹوٹ گئیں۔ پھر اس نے علی الاعلان اپنی دعوت کو پھیلانا شروع کیا اور اپنی پوری قوت اور طاقت کو اس میں خرچ کر دیا)۔

محمد منور نعمانی دیوبندی ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

ان کے والد شیخ عبدالوہاب حنبلی بھی اگرچہ اپنے وقت کے بڑے عالم اور فقیہ تھے، لیکن وہ اپنے خاص صوفیانہ مزاج اور مسلک کی وجہ سے اپنے بیٹے شیخ محمد کی برپا کی ہوئی تحریک اور جدوجہد سے عملاً الگ رہے، بلکہ انہوں نے اپنے کو الگ اور یکسو رکھنے کے لئے اپنے اصل وطن عیینہ کی سکونت ترک کر کے اس علاقے کے ایک دوسرے شہر "حریملا" میں سکونت اختیار کر لی تھی، کیونکہ "عیینہ" شیخ محمد کی تحریک کا مرکز بن گیا تھا۔ یہ بات ہر اس شخص کے علم میں ہے جو اس خاندان کی تاریخ سے کچھ واقفیت رکھتا ہے۔(2)

ا۔ شیخ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۵۸ھ: محمد بن عبدالوہاب، ص ۲۱

ا۔ محمد منظور نعمانی: ماہنامہ المنبر فیصل آباد، جلد ۳، شمارہ ۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور عثمان بن بشر نجدی لکھتے ہیں:

فلما ان الشیخ محمد وصل الی بلد حریملا جلس عند ابیه یقرأ علیه وینکرما یفعل الجھال من البدع و الشرک فی الاقوال و الافعال و کثر منه الانکار لذالک و لجمیع المحظورات حتی و قع بینه و بین ابیه کلام و کذالک وقع بینه و بین الناس فی البلد، فاقام علی ذالک مدة سنین حتی تو فی ابوه عبد الوھاب فی سنة ثلاث و خمسین و ماة و الف ثم اعین بالدعوة و الانکار و الامر بالمعروف و النھی عن المنکر و تبعه ناس من اھل البلد وما لوامعه ! واشتھر بذالک(1)

(شیخ نجدی حریملا پہنچ گئے اور اپنے والد سے پڑھنا شروع کر دیا اور وہاں کے لوگ اپنے جن معمولات میں مشغول تھے شیخ نجدی نے ان کو شرک اور بدعت قرار دیا اور اس بات میں ان کا اپنے والد عبدالوہاب سے بھی مباحثہ ہوا اور شہر کے دوسرے عمائدین نے بھی شیخ نجدی کی مخالفت کی کئی سال تک یونہی نزاع ہوتا رہا۔ حتیٰ کہ شیخ نجدی کے والد عبدالوہاب رحمہ اللہ ۱۱۵۳ھ میں فوت ہو گئے والد کی وفات کے بعد شیخ نجدی نے کھل کر اپنی تحریک کو پھیلایا اور بہت سے لوگ شیخ نجدی کے تابع ہو گئے اور ان کی دعوت مشہور ہو گئی۔

اس تفصیل سے ظاہر ہو گیا کہ شیخ نجدی کے والد عبدالوہاب رحمہ اللہ صحیح العقیدہ مسلمان تھے اور عیینہ میں اس کے جو اساتذہ تھے وہ بھی ایک صالح اور دین دار شخص تھے البتہ حجاز میں اس کو ابن السیف اور شیخ محمد حیات سندھی دو غیر مقلد استاذ ملے جنہوں نے اس کو ابن تیمیہ کی کتابیں پڑھا کر اسلاف کی روایات سے باغی بنا دیا۔

شیخ نجدی کے بھائی

شیخ نجدی کے بھائی سلیمان بن عبدالوہاب متوفی ۱۲۰۸ھ اپنے والد کے مسلک کے

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد، مطبوعہ، ج ا ص ۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حامل تھے اور اسلاف کے معمولات کو عقیدت سے سینے سے لگائے ہوئے تھے، ان کا تعارف کراتے ہوئے طنطاوی نے لکھا ہے:

وكان لعبد الوهاب ولدان محمد و سليمان اما سليمان فكان عالما فقيها ، و قد خلف اباه في قضاء حريملة و كان له و لدان عبد الله و عبد العزيز و كانا في الورع و العبادة اية من الايات(1)

(شیخ عبدالوہاب کے دو بیٹے تھے محمد اور سلیمان شیخ سلیمان بہت بڑے عالم اور فقیہ تھے اور حریملہ میں اپنے والد کے بعد قاضی مقرر ہوئے، ان کے دو لڑکے تھے عبداللہ اور عبدالعزیز وہ بھی عالم تھے اور عبادت اور تقویٰ میں اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے ایک آیت تھے۔

شیخ سلیمان بن عبدالوہاب تمام زندگی شیخ نجدی سے عقائد کی جنگ لڑتے رہے(2)۔ انہوں نے شیخ نجدی کے عقائد کے رد میں ایک انتہائی مفید اور مدلل رسالہ "العواعق الالھیہ" تصنیف کیا جس کو عوام وخواص میں انتہائی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔ موجودہ دور کے نجدی علماء کہتے ہیں کہ شیخ سلیمان نے اخیر عمر میں اپنے عقیدہ سے رجوع کر کے شیخ نجدی سے اتفاق کر لیا تھا، لیکن یہ دعویٰ بلا دلیل ہے۔ اس دعویٰ کے ثبوت پر نہ کوئی تاریخی شہادت ہے اور نہ شیخ سلیمان رحمہ اللہ نے "الصواعق الالھیہ" کے بعد کوئی ایسی کتاب لکھی جس نے "الصواعق الالھیہ" میں مذکورہ دلائل پر خط نسخ کھینچ دیا ہو۔

شیخ نجدی کی ولادت اور جائے پیدائش

شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی ۱۷۰۳ء میں نجد کی جنوبی جانب وادی حنیفہ کے ایک مقام عیینہ میں پیدا ہوئے(3)۔ اس لئے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ نجد اور عیینہ کی جغرافیائی شرعی اور

1۔ شیخ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ص ۱۳۳۵ھ: محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۳

2۔ سید احمد بن زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ص ۱۳۰۴ھ: الدرر السنیہ، ص ۴۷

3۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ النجد ص ۶ مطبوعہ ریاض، ج ۱

ایضاً مسعود عالم ندوی: محمد بن عبدالوہاب، ص ۲۴ (بقیہ آگے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تاریخی حیثیت واضح کردیں۔

نجد سرزمین حجاز کے مشرق میں واقع ہے۔ مشرق میں خلیج فارس قطار سے لے کر راس المشعب تک اور راس المشعب سے لے کر راس القلیعہ تک نجد اور کویت کے درمیان سر زمین بے آئین تھی، مغرب میں مملکت حجاز واقع ہے جنوب میں سرحد بحیرہ قلزم کے قنفطہ کے مقام سے شروع ہو کر عسیر کے نیچے سے ہوتی ہوئی وادی دواسیر کے جس میں نجران واقع ہے۔ جنوب میں سے ہوتی ہوتی ربع الخالی کے شمالی کنارے کے پاس سے گزرتی قطار کے علاقہ تک چلی جاتی ہے(1)۔

اس تفصیل سے ظاہر ہو گیا کہ سرزمین عرب کے مغرب میں حجاز اور مشرق میں نجد واقع ہیں۔ آیئے اب دیکھیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجد کے بارے میں کیا فرمایا ہے۔

عن ابن عمر انه سمع رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم وهو مستقبل المشرق یقول الا ان الفتنة ههنا من حیث یطلع قرن الشیطان(2)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا درآنحالیکہ حضور مشرق کے سامنے کھڑے تھے۔ آپ نے (مشرق کی جانب) اشارہ کر کے فرمایا اس جگہ سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

عن ابن عمر قال ذکر النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال اللّٰهم بارک لنا فی شامنا اللّٰهم بارک لنا فی یمننا قالوا و فی نجدنا قال اللّٰهم بارک لنا فی شامنا و فی یمننا قالوا یارسول اللّٰه و فی

(بقیہ سابقہ) ایضاً محمد صدیق قریشی فیصل، ص ۱۲

میرزا حیرت دہلوی حیات طیبہ ص ۳۰۰

ایضاً شیخ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۳۵ھ محمد بن عبدالوہاب ص ۱۳

1۔ سید سردار محمد حسنی۔ بی۔ اے (آنرز) سوانح حیات سلطان بن عبدالعزیز آل سعود، ص ۳

2۔ محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ۲۴۶ھ: جامع صحیح بخاری ج ۲، ص ۱۰۵۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجدنا فاظنه قال فی الثالثة هناک الزلازل و الفتن و بها یطلع قرن الشیطان(1)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے دعا مانگی اور فرمایا: اے اللہ ہمارے شام اور یمن میں برکت دے بعض لوگوں نے کہا حضور اور ہمارے نجد میں، حضور نے پھر دعا فرمائی اور فرمایا: اے اللہ ہمارے شام اور یمن میں برکت عطا فرما۔ لوگوں نے کہا اور ہمارے نجد میں، حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے تیسری بار فرمایا کہ اس جگہ زلزلے آئیں گے اور فتنے نمودار ہوں گے اور وہیں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔

نوٹ: بعض لوگ اس حدیث کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ نجد سے مراد صوبہ نجد نہیں بلکہ نجد کا لغوی معنی یعنی اونچی زمین مراد ہے، لیکن یہ توجیہہ صحیح نہیں ہے، کیونکہ اس سے پہلے حدیث میں یمن اور شام کا ذکر ہے اور ان لفظوں سے ان کے لغوی معنی مراد نہیں ہیں بلکہ متعارف معنی یعنی شام اور یمن مراد ہیں، اسی قرینہ سے نجد سے لغوی معنی مراد نہیں ہیں بلکہ متعارف معنی صوبہ نجد مراد ہے، علاوہ ازیں دوسرا قرینہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے نجد کے ذکر پر مشرق کی طرف اشارہ فرمایا اور عرب کے مشرق میں صوبہ نجد واقع ہے نہ کہ کوئی اونچی زمین، مزید برآں یہ کہ الفاظ کو ان کے معانی متعارفہ پر محمول کیا جاتا ہے اور نجد کا متعارف معنی صوبہ نجد ہے۔

یہ تو تھا نجد کا تعارف، آیئے اب نجد کی جنوبی وادی حنیفہ کے ایک خاص مقام عیینہ کی تاریخی حیثیت دیکھیں، جہاں شیخ نجدی پیدا ہوا۔

عقرباء ہی کے ایک حصے کا نام جبیلہ ہے اور یہ وہ جگہ ہے جہاں سب سے پہلے مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ اس سے جنوب مغرب کی طرف چند میل کے فاصلہ پر

1۔ ایضاً محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ۲۴۶ھ: جامع صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک مقام عیینہ ہے جو مسیلمہ کذاب کی جائے پیدائش ہے(1)۔

غور فرمایئے کہ نجد وہ نامسعود مقام ہے جو حضور اکرم ﷺ کی دعا سے محروم رہا، جس کے بارے میں حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ وہاں سے فتنے نکلیں گے اور زلزلے آئیں گے جو جگہ حضور ﷺ کی دعاء سے محروم رہی ہو، وہاں قیامت تک کبھی خیر و برکت کی صبح نمودار نہیں ہوسکتی جس مقام کے بارے میں حضور ﷺ نے زلزلوں اور فتنوں کی خبر دی ہو وہاں امن وسکون کا آفتاب کیسے طلوع ہوسکتا ہے جس جگہ کو آپ نے قرن شیطان کا مطلع قرار دیا ہو، وہ رحمت وہدایت کا منبع کیسے بن سکتی ہے۔

تاریخ اسلامی میں نجد میں سب سے پہلا فتنہ مسیلمہ کذاب نے برپا کیا جو نجد کی جنوبی وادی حنیفہ کے ایک مقام عیینہ میں پیدا ہوا۔ دوسرا بڑا فتنہ گیارہ سو سال بعد ٹھیک اسی جگہ شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب نے برپا کیا جس کے وجود نامحمود نے صحیح اور راسخ العقیدہ مسلمانوں کے عقائد کو متزلزل کر دیا یہ ایک قیامت خیز زلزلہ تھا جس کے جھٹکے ۱۱۱۵ھ سے لے کر آج تک محسوس کئے جا رہے ہیں۔ وہ ایک ایسا تباہ کن زلزلہ تھا جس نے صحابہ کرام کے تمام مشاہد و مآثر کو زمین بوس کر دیا۔ جنت البقیع کے تمام مزارات کو قاعاً صفصفا کے مصداق چٹیل میدان بنا دیا، وہ ایسا فتنہ تھا جس نے ریگزار عرب کو خون سے نہلا دیا، طائف سے کربلا تک اور مکہ سے مدینہ تک کوئی حرم نہ رہا، حتیٰ کہ رحمۃ للعالمین کے گنبد خضراء کی زرنگار چھت برباد کر دی گئی اور قبر انور سے چادر اتار لی گئی۔ یہ شخص قرن شیطان تھا جس سے شیطان بھی پناہ مانگتا ہوگا۔ اس نے محبت رسول کے متوالوں کے خلاف تلوار میان سے باہر نکالی اور ان کی جان و مال کو اپنے لئے حلال قرار دیا۔ اس کے اذناب اور اتباع نے لوگوں کا ایمان خریدنے کے لئے سیم و زر کی تھیلیوں کا منہ کھول دیا۔ ان تمام حقائق کی تفصیلات تاریخی دستاویز کے ساتھ آئندہ صفحات میں آرہی ہیں۔

1۔ محمد عاصم، سفرنامہ ارض القرآن ص ۱۱۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی کی تعلیم وتربیت

شیخ نجدی کی تعلیم کے بارے میں سردار حسنی نے لکھا ہے شیخ نجدی ۱۷۰۳ء مطابق ۱۱۱۵ھ بمقام عینہ جو کہ جنوبی نجد کی وادی حنیفہ میں واقع ہے پیدا ہوئے، شروع سے ہی بے حد ذہین اور صحت مند تھے۔ دس برس کی عمر میں کلام اللہ ختم کر چکے تھے۔ ان کے والد کا بیان ہے کہ وہ بارہ برس کی عمر میں بلوغت کو پہنچ گئے تھے۔ اسی سال ان کی شادی کر دی گئی، بعد ازاں انہوں نے حج کیا اور مدینہ منورہ کی زیارت کی، پھر اپنے وطن مالوف کو واپس آ کر اپنے والد ماجد سے فقہ امام احمد بن حنبل کی تعلیم شروع کی تحصیل علم کی غرض سے متعدد بار حجاز گئے(1)۔

شیخ نجدی مدینہ منورہ حصول علم کے لئے گئے، وہاں ان کی ملاقات شیخ محمد حیات سندھی سے ہوئی، شیخ محمد حیات سندھی انتہائی متعصب قسم کے غیر مقلد عالم تھے حضور اکرم ﷺ سے مدد حاصل کرنے کو شرک قرار دیتے تھے، انہوں نے شیخ نجدی کو یہی تعلیم دی۔ عثمان بن بشر نے اس دوران کا ایک واقعہ یوں لکھا ہے۔

وحکی ان الشیخ محمد اوقف یوما عند الحجرة النبوية عند اناس یدعون و یستغیثون عند حجرةالنبی صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم فقال الشیخ ما تقول فی ھؤلاء قال (ان ھولاء متبر ما ھم فیه و باطل ما کانوا یعلمون) فاقام فی المدینة ماشاء اللّٰہ ثم خرج منھا الی نجد و تجھز الی البصرة یرید الشام فلما و صلھا جلس یقرء فیھا عند عالم جلیل من اھل الُمجموعة قریة من قری البصرة فی مدرسة فیھا ذکر لی ان اسمه محمد الُمجموعی فاقام مدة یقرء علیه فیھا و ینکر اشیاء من الشرکیات و البدع و اعلن بالانکار و استحسن شیخه قوله(2)

1۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان بن عبدالعزیز آل سعود ص ۴۱۔۴۰

2۔ عثمان بن بشر نجدی متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد ج ۱، ص ۲۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حکایت ہے کہ ایک دن شیخ نجدی حجرہ نبویہ کے سامنے کھڑا ہوا تھا، وہاں لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے آپ کے وسیلہ سے دعائیں مانگ رہے تھے۔ شیخ نجدی نے شیخ محمد حیات سے پوچھا کہ ان لوگوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ شیخ محمد حیات نے کہا یہ لوگ تباہ ہونے والے ہیں اور ان کے یہ اعمال باطل ہیں۔ شیخ نجدی اس کے بعد نجد چلا گیا اور وہاں سے پھر بصرہ جانے کی تیاری کی اور وہاں سے شام کا ارادہ کیا، جب وہاں پہنچا تو بصرہ کی ایک بستی میں محمد مجموعی سے ملاقات ہوئی ان کے پاس شیخ نجدی ایک مدت تک ٹھہرا اور (نام نہاد) شرک اور بدعات کا انکار کرتا رہا اور اس کے استاذ اس کی تعریف کرتے رہے۔

شیخ نجدی کی حجاز میں جن علماء سے ملاقات ہوئی وہ غیر مقلد تھے اور ابن تیمیہ کے افکار سے متاثر تھے۔ انہوں نے ابن تیمیہ کے افکار میں شیخ نجدی کو اس طرح ڈھالا کہ وہ غلظ اور شدت میں ابن تیمیہ سے بھی کئی ہاتھ آگے نکل گیا، چنانچہ علی طنطاوی لکھتے ہیں۔

ولقی فی المدینۃ رجلین و کان لھما فی حیاتہ و توجیھہ اثر کبیر الاول شیخ نجدی ، من اسرۃ لھا الوجاھۃ و الریاستہ فی قریۃ الُمجعۃ عالم عاقل من العاکفین علی کتب ابن تیمیۃ و المتبعین لہ و الاخذین بآرائہ ھو الشیخ عبد اللہ بن ابراھیم بن سیف(1)

شیخ نجدی کی ملاقات مدینہ منورہ میں دو ایسے شخصوں سے ہوئی جو اس کی زندگی کا رخ بدلنے میں بہت مؤثر ثابت ہوئے۔ ان میں سے پہلا شخص نجد کا ایک ایسا بااثر عالم تھا جس کو "مجمع" میں ریاست کا درجہ حاصل تھا اور وہاں کے ایک بااثر خاندان سے تھا اس کا اوڑھنا بچھونا ابن تیمیہ اور اس کے پیروکاروں کی کتابیں تھیں، اس شخص کا نام شیخ عبد اللہ بن ابراہیم بن سیف تھا۔

1۔ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۳۵ ھ: محمد بن عبد الوہاب: ص ۱۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طنطاوی اس کے بارے میں مزید لکھتے ہیں:

وقد حدث الشیخ محمد بن عبد الوهاب قال کنت عنده یوما فقال لی اترید ان اریک سلاحا اعددته للمجمعة قلت له نعم فادخلنی غرفة مملوئة بالکتب و قال هذا هو السلاح الذی اعددته لها و ابن سیف هذا هو الذی دلّ محمد بن عبد الوهاب علی کتب ابن تیمیه و اعانه علیٰ قرأتها(1)

شیخ نجدی کہتے ہیں کہ میں ایک دن ابن سیف کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اس نے مجھ سے کہا کیا میں تم کو وہ ہتھیار دکھاؤں جو میں نے مجمع والوں کے لئے تیار کئے ہیں، میں نے کہا، ہاں وہ مجھے ایک کمرہ میں لے گیا جو ابن تیمیہ کی کتابوں سے بھرا ہوا تھا۔ ابن سیف نے کہا یہی وہ ہتھیار ہیں جو میں نے اہل مجمعہ کے لئے جمع کئے ہیں اور ابن سیف ہی وہ شخص ہے جس نے شیخ نجدی کو ابن تیمیہ کی تصانیف کی طرف رہنمائی کی اور ان سے استفادہ میں مدد دی۔

شیخ نجدی نے جس دوسرے استاذ کا گہرا اثر قبول کیا، اس کے بارے میں علی طنطاوی لکھتے ہیں:

واما الرجل الثانی فهو شیخ هند الاصل سلفی المشرب ینکر البدع و المُحدثات انکاراً صریحا هو الشیخ محمد حیات السندصعی و یظهر ان الشخ کان یغلو فی الانکار علی فاعلها حتی یصل الی تکفیر هم و تطبیق الایات التی نزلت فی المشرکین علیها و قد نبه محمد ا الیٰ ما یصنع بعض زوّار قبر الرسول صلی اللّٰه علیه وسلم من المنکرات التی لم تکن و قال له اتری هؤ لاء (ان هؤلاء متبر ما هم فیه و باطل ما کانو

1۔ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۳۵ھ: محمد بن عبدالوہاب: ص ۱۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

يعملون) و يظهران ما انكروه على ابن عبد الوهاب من تكفير الناس كان اثر امن اثار هذا الشيخ النجدى الهندى(1)

دوسرا شخص ہندوستان کا ایک غیر مقلد عالم تھا جس کا نام محمد حیات سندھی تھا۔ یہ شخص بدعات (یعنی حضور اور بزرگان دین کی تعظیم اور شفاعت کا سخت رد کرتا تھا اور ان (نام نہاد) بدعات کرنے والوں کو کافر کہتا تھا اور جو آیتیں مشرکین کے بارے میں نازل ہوتی ہیں، ان کو ان مسلمانوں پر چسپاں کرتا تھا۔ اس نے شیخ نجدی کو حضور ﷺ کے روضہ پر تعظیم کیے جانے والے امور دکھلائے اور یہ آیت چسپاں کی یہ لوگ تباہ ہونے والے ہیں اور جس کام میں لگے ہوئے ہیں وہ برباد ہونے والا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ شیخ نجدی نے جو تمام لوگوں کو کافر قرار دیا ہے، وہ ہندوستان کے اسی غیر مقلد عالم کی تعلیم کا اثر تھا۔

ابن سیف نجدی اور محمد حیات سندھی کی تعلیمات نے شیخ نجدی کے ذہن میں باغیانہ افکار بھر دیئے اور وہ ابن تیمیہ سے بھی زیادہ شدت کے ساتھ اسلاف کی روایات کو مٹانے پر تل گیا۔ ابن تیمیہ نے صرف قلم کے زور سے اپنے افکار کو پھیلایا تھا اور شیخ نجدی کو قلم کے ساتھ تلوار کی قوت بھی حاصل ہوئی اور وہ بے دھڑک اپنے مخالفین کی گردنیں اڑاتا چلا گیا۔

جزیرۂ عرب میں بت پرستی کا دعویٰ اور اس کی حقیقت

جن لوگوں نے شیخ نجدی کی سوانح حیات پر کتابیں لکھی ہیں، وہ سب کے سب یا دیوبندی مکتبہ فکر سے وابستہ ہیں یا غیر مقلدین اور نجدی ہیں۔ ان حضرات کا عقیدہ ہے کہ اولیاء کرام کے وسیلے سے دعا مانگنا ناجائز ہے۔ انبیاء و اولیاء سے استمداد یا ان کی قبور کے آثار سے تبرک حاصل کرنا ارتداد کے مترادف ہے، حالانکہ مسلمانوں کے سواد اعظم میں یہ تمام معمولات عہد رسالت سے لے کر آج تک رائج ہیں، چنانچہ شیخ نجدی نے جس فضا میں اپنی بلوغت کی آنکھ کھولی، وہاں یہی معمولات صدیوں سے رائج تھے۔ شیخ نجدی نے ان

1۔ علی طنطاوی جوہری مصری متوفی ۱۳۴۵ھ: محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۶، ۱۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تمام امور کو کفر اور شرک قرار دیا اور اس کی اتباع میں شیخ نجدی کے سوانح نگاروں نے بھی ان تمام امور کو شرک اور کفر قرار دیا۔ قبروں پر جا کر اصحاب قبور کے وسائل سے مرادیں مانگنا حضور اکرم ﷺ کے گنبد خضراء پر جا کر آپ سے شفاعت کی درخواست کرنا یہ تمام باتیں ان کے نزدیک عبادت لغیر اللہ تھیں اور انہوں نے ان امور کو بت پرستی قرار دیا۔ بلکہ اس خلاف واقع الزام میں اس حد تک غلو کرتے ہوئے کہا کہ جزیرہ عرب کے تمام لوگ مزارات کے قریب درختوں اور پتھروں کی عبادت کرتے ہیں، حالانکہ یہ بات حضور کی پیشگوئی کے سراسر خلاف ہے امام مسلم روایت کرتے ہیں۔

عن جابر قال سمعت النبی صلی اللہ علیه وآله وسلم یقول ان الشیطان قدأیس ان یعبده المصلون فی جزیرة العرب و لکن فی التحریش بینهم(1)

حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ مسلمان جزیرہ عرب میں اس کی عبادت کریں، البتہ وہ ان کو آپس میں لڑاتا رہے گا۔

اور حاکم، ابو یعلی اور بیہقی نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے حضور ﷺ کا یہ فرمان روایت کیا:

ان الشیطان قدیئس ان تعبد الاصنام بارض العرب(2)

تحقیق شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ سرزمین عرب میں بت پرستی کی جائے۔

جو شخص صادق و مصدوق حضور اکرم ﷺ کی ان احادیث پر ایمان رکھتا ہے وہ کبھی اس بات کو نہیں مان سکتا کہ محمد بن عبدالوہاب کے ظہور سے پہلے جزیرہ عرب بت پرستی کا شکار تھا۔ ہمیں ان لوگوں پر سخت حیرت ہوتی ہے کہ جو اپنے آپ کو اہل حدیث کہلاتے نہیں

1۔ مسلم بن حجاج قشیری، متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۲، ص ۳۷۶

2۔ ابو عیسٰی ترمذی، متوفی ۲۷۹ھ، جامع ترمذی، ص ۲۸۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تھکتے۔ انہوں نے اس حدیث کے علی الرغم محمد بن عبدالوہاب کی سوانح میں لکھا ہے۔

بارہویں صدی ہجری کے آغاز میں اسلامی دنیا اور مقامات مقدسہ کا جو حال تھا اس کا ہلکا سا اندازہ اوپر کے بیانات سے ہوا ہوگا۔ لیکن جزیرۃ العرب کے قلب (نجد) کی حالت اور بھی خراب تھی، کم سے کم جو کہا سکتا ہے وہ یہ کہ اہل نجد اخلاقی انحطاط میں حد سے گزر چکے تھے اور ان کی سوسائٹی میں بھلائی، برائی کا کوئی معیار نہیں قائم رہا تھا۔ مشرکانہ عقیدے صدیوں کے تسلسل سے اس طرح دلوں میں گھر کر چکے تھے کہ ایک بڑا طبقہ انہیں خرافات کو دین صحیح کا نمونہ جانتا تھا اور غلط یا صحیح وہ اپنے آباؤ اجداد کی روش سے ہٹنے کے لئے تیار نہیں تھے۔

جبیلہ (وادی حنیفہ) میں زید بن خطاب (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بھائی) کی قبر کی پرستش ہوتی تھی درعیہ میں بھی بعض صحابہ کے نام سے منسوب قبریں اور قبے عوام کی جاہلانہ عقیدت کے مرکز بنے ہوئے تھے۔ وادی نمیرہ بن ضرار بن ازدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبہ بدعتوں کی نمائش گاہ بن رہا تھا(1)۔

ایک اور اہل حدیث عالم نے شیخ نجدی کے مشن کی حقانیت کو ثابت کرنے کے لئے حضور اکرم ﷺ کی حدیث مبارک کی تکذیب کرتے ہوئے جو لکھا ہے وہ بھی سن لیجئے۔

جوں جوں وقت گزرتا گیا، یہاں کے رہنے والوں میں بدعتوں اور دیگر غیر اسلامی عادات نے رواج پکڑا، اب وہ لات ومنات کی پرستش تو نہ کرتے، لیکن قبریں ان کی عقیدت کا مرکز بن گئیں، توہم پرستی عام ہوگئی، مستقبل میں ہونے والے واقعات کی نشاندہی کرنے والے کاہنوں کی خدمات حاصل کی جانے لگیں۔ فاسد عقائد اور بدعات دلوں میں جڑ پکڑنے لگے، دور جاہلیت پلٹ آیا، حجر اور شجر پرستی کا دور دورہ ہوا(2)۔

ایک اور نجدی عالم لکھتے ہیں:

نجد کا علاقہ بار۔ ویں صدی ہجری میں ضلالت وگمراہی کا مرکز بنا ہوا تھا اور ادوار کی جاہلیت کی تمام اقتصادی بیماریوں اور اخلاقی بیماریوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا، مذہبی اقدار کو پاؤں تلے

1۔ مسعود عالم ندوی: محمد عبدالوہاب، ص۲۱، ۲۲ 2۔ محمد صدیق قریشی: فیصل، ص۲۱، ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

روندا جا رہا تھا......شرک، بت پرستی، بدعات وخرافات کے مجموعہ کا نام ہی اسلام تھا اور ان کے عقیدوں میں اس قدر تبدیلی آچکی تھی کہ وہ ان کو ہی اساس قرار دیتے ہوئے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت سے انحراف کرتے ہوئے مشرکانہ کاموں میں لگے ہوئے تھے۔ نفع و نقصان کی قدرت کا اعتقاد رکھتے ہوئے قبروں، درختوں چٹانوں سے دعائیں کی جارہی تھیں۔ اور ان سے مرادیں مانگی جارہی تھیں، ان پر جانوروں کو ذبح کیا جارہا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ نجد کا علاقہ جاہلیت اولیٰ کی آغوش میں پہنچ چکا تھا اور جاہلی رسم و رواج دوبارہ ان کی عادت بن چکے تھے۔ چنانچہ ان کی زندگی کے تمام شعبوں میں امور جاہلیت کو ہی مؤثر دخل تھا۔ نیک فالی اور بد فالی کے لئے جہاں پرندوں کو اڑاتے وہاں کاہنوں، نجومیوں، رمالوں سے مشورے میں مصروف رہتے(1)۔

ایک اور دیوبندی عالم حضور اکرم ﷺ کی حدیث کے خلاف سرزمین عرب کا یوں نقشہ کھینچتے ہیں۔

شیخ سے پیشتر نجد کے مسلمانوں کی مذہبی کیفیت مسخ ہوچکی تھی طرح طرح کے خیالات سے لوگ متاثر ہوچکے تھے۔ بعض بدوی صابی رسوم اختیار کرچکے تھے اور بعض قرامطہ کی بدعات، رسول مقبول ﷺ کے اسلام سے یہ لوگ کوسوں دور تھے۔ مزارات اور قبوں کی پرستش کرتے تھے، چٹانوں اور درختوں سے منتیں اور مرادیں مانگتے تھے۔ اگر کبھی کبھی نماز پڑھتے، تو خدا کے بندوں کو بھی خدا کے ساتھ شامل کرلیتے تھے(2)۔

اب اس بات کا فیصلہ ہم اہل انصاف و دیانت کی بصیرت پر چھوڑتے ہیں کہ آیا حضور اکرم ﷺ فداہ نفسی وامی کا یہ فرمانا درست ہے کہ شیطان ارض عرب میں بت پرستی سے مایوس ہوچکا ہے یا شیخ نجدی کی وکالت میں وہابی اور دیوبندی مورخین کا بیان درست ہے کہ سرزمین عرب میں شجر وحجر، قبروں اور قبوں کی عام پرستش کی جاتی تھی۔

1۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب نجدی، ص ۳۰ ملخصا

2۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان بن عبدالعزیز آل سعود، ص ۴۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی میدان عمل میں

شیخ سردار حسنی لکھتے ہیں: بصرہ میں نہ صرف تحصیل علم کرتے رہے، بلکہ توحید کی تبلیغ و اشاعت بھی کرتے رہے۔ شیخ کہتے ہیں کہ بعض مشرک میرے پاس آتے، مسائل دریافت کرتے اور میرے جواب دینے پر دم بخود اور مبہوت رہ جاتے۔ میں کہتا کہ صرف خدا پرستش کے لائق ہے۔ اولیاء اللہ اور خدا کے نیک بندوں کا احترام واجب ہے، لیکن ہم نماز صرف خدا کی پڑھتے ہیں اور اسی سے دعا مانگتے ہیں۔ ہم اولیاء اللہ کے نقش قدم پر چلتے ہیں اور ان کی تقلید کرتے ہیں، لیکن دعائیں اور مرادیں صرف خدا سے مانگتے ہیں(1)۔

بصرہ سے جب وہ عیینہ واپس آئے، تو انہوں نے بڑی گرمجوشی سے اپنے خیالات کی تبلیغ شروع کی اور لوگوں کو بے ہودہ رسومات اور گمراہ کن طریقوں سے بچنے کی ہدایت کرنے لگے۔ اس پر بہت سے لوگ ان کے جاں نثار اور بہت سے جانی دشمن ہو گئے اسی حالت میں انہوں نے پہلی کتاب ''کتاب التوحید'' تصنیف کی۔

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ نجد کے کچھ لوگوں کی توہم پرستی اس قدر بڑھ گئی تھی کہ اولاً انہوں نے ولیوں کی اس قدر تعظیم کی کہ عبادت کے درجہ تک پہنچ گئے۔ بعد ازاں ان کے مزاروں کی پرستش شروع کی پھر یہاں تک عقیدہ نے غلو کیا کہ ان کے مزاروں کے درخت اور دیگر چیزیں متبرک اور مقدس ٹھہریں، قرب و جوار کے لوگ آتے، منتیں مانتے اور دعائیں مانگتے۔

سردار حسنی نے جو کچھ لکھا ہے: صحیح مسلم، حاکم، ابویعلیٰ اور بیہقی کی حدیث صحیح کے لحاظ سے قطعاً باطل اور خلاف واقع ہے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ عہد رسالت سے لے کر آج تک جزیرہ عرب میں تمام کلمہ گو انسان الحمد للہ کسی قسم کی بت پرستی یا قبر پرستی سے محفوظ رہے ہیں، البتہ ہر دور میں صالحین امت کے توسل سے دعائیں مانگی جاتی رہیں اور انبیاء عظام اور اولیاء کرام کے آستانوں پر جا کر ان سے استمداد اور استغاثہ کیا جاتا رہا ہے۔ حضور اکرم

1۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان عبدالعزیز آل سعود، ص ۴۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شفاعت اور دیگر مرادوں کے لئے دعاؤں کی درخواست کی جاتی رہی ہے اس کو غیر مقلدوں نے بالعموم اور شیخ نجدی نے بالخصوص شرک، بت پرستی اور گور پرستی کا نام دے کر عہد رسالت سے لے کر بارہویں صدی تک کے تمام دنیا کے مسلمانوں کو بالعموم اور جزیرہ عرب کے مسلمانوں کو بالخصوص کافرقہ قرار دے دیا۔ فالی اللہ المشتکیٰ

تکفیر مسلمین اور قتل عام

شیخ نجدی اپنے مسلک کے موافقین کے سوا تمام مسلمانوں کو کافر قرار دیتے تھے اور ان کے قتل اور مال لوٹنے کو جائز قرار دیتے تھے۔ طنطاوی اس موضوع پر لکھتے ہیں۔

وقد عاد الى نجد فاستاذن اباه ان يكمل رحلته فى طلب العلم فيتوجه الى الشام، فاذن له و كان الطريق على البصرة فلما وصل اليها و جد فيها عالما سلفياله ومدرسة يقرئ فيها اسمه الشيخ محمد الُمجموعى فحضر عليه وسمع دروسه ورآه قائما بانكار المنكر صريحا فى ذالک لايدارى فيه ولايساير و كان فى نفس ابن عبد الوهاب مثل البركان يريد ان يتفجر عليه فلقى منفذا فانطلق يعلن بالانكار يشجعه على ذلک شيخه الُمجموعى وزاد حتى راح يكفر المسلمين جميعا۔ و قد حدث الشيخ محمد بن عبد الوهاب نفسه بما كان بينه و بين اهل البصرة فقال! كان ناس من مشركى البصرة ياتون الىٰ بشبهات يلقونها على فاقول لا تصلح العبادة الا لله فبهت كل منهم ولا ينطق وهذا صريح كلامه بتكفير المسلمين واعتبارهم مشركين(1)

ابن السیف نجدی اور محمد حیات سندھی (غیر مقلد عالم) سے تحصیل علم کے بعد شیخ نجدی اپنے والد کے پاس نجد لوٹ آیا اور مزید حصول علم کے لئے شام

1۔ علی طنطاوی جوہری مصری، متوفی ۱۳۴۵ھ: محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جانے کی اجازت طلب کی، والد نے اجازت دے دی۔ ابھی بصرہ تک پہنچا تھا کہ اس کی ایک غیر مقلد عالم محمد مجموعی سے ملاقات ہوئی جو بصرہ کے ایک مدرسہ میں پڑھاتا تھا اور (نام نہاد) بدعات کے انکار میں سخت متشدد تھا اور کسی قسم کی نرمی نہیں کرتا تھا۔ ادھر شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے دل میں آتش فشاں کا لاوا ابل رہا تھا اور عنقریب پھٹنا چاہتا تھا شیخ نجدی نے محمد مجموعی سے ملاقات کی اور وہ لاوا پھٹ پڑا اور شیخ مجموعی اس کا حوصلہ بڑھاتا رہا یہاں تک کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے تمام مسلمانوں کو کافر قرار دے دیا اور خود محمد بن عبدالوہاب کہتا ہے کہ مشرکین بصرہ میں سے لوگ میرے پاس آتے اور شبہات پیش کرتے میں جواب میں کہتا اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرنی چاہیے اور یہ سن کر وہ لاجواب ہو جاتے، شیخ نجدی کا یہ کلام اس بات میں نص ہے کہ وہ مسلمانوں کو کافر قرار دیتا تھا، کیونکہ اس نے بصرہ کے لوگوں کو مشرکین سے تعبیر کیا ہے۔

اور مسلمانوں کی تکفیر اور ان کے قتل عام کے جواز اور ان کے اموال لوٹنے کی اباحت پر شیخ نجدی خود لکھتے ہیں۔

وعرفت ان اقرارهم بتوحيد الربوبية لم يد خلهم فى الاسلام و ان قصدهم الملائكة والانبياء والاولياء يريدون شفاعتهم والتقرب الى الله بذلك هو الذى احل دماء هم واموالهم(1)

اور تم کو معلوم ہو چکا ہے کہ ان لوگوں (مسلمانوں) کا توحید کو مان لینا انہیں اسلام میں داخل نہیں کرتا اور ان لوگوں کا نبیوں اور فرشتوں سے شفاعت طلب کرنا اور ان کی تعظیم سے اللہ تعالیٰ کا قرب چاہنا ہی وہ سبب ہے جس نے ان کے قتل اور اموال لوٹنے کو جائز کر دیا ہے۔

شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ھ: کشف الشبہات ص ۲۰، ۲۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور شیخ عطار، محمد بن عبدالوہاب کی سیرت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

"شیخ الاسلام صاف صاف اعلان کر رہے تھے کہ جس طرح رسول اکرم ﷺ نے ان لوگوں کے خلاف اعلان جہاد کیا جنہوں نے آپ کی دعوت کو قبول نہ کیا، اسی طرح مجھے بھی ان لوگوں کے خلاف تلوار اٹھانا ہے۔ جو عقائد کی بیماریوں میں جکڑے ہوئے ہیں جو لوگ اپنے عقائد کی اصلاح کرتے ہوئے ہماری تحریک کے رکن بن جائیں گے، ان کا خون اور مال محفوظ ہوگا، وگرنہ جزیہ ادا کرنا پڑے گا اور اگر جزیہ ادا کرنے سے بھی انکار کریں گے تو پھر تلوار اٹھانے کے علاوہ اور کوئی صورت نہیں (1)۔

ایک اور مقام پر شیخ عطار لکھتے ہیں۔

شیخ الاسلام نے دیکھا کہ ان کی (مسلمانوں کی) بیماری (انبیاء کی تعظیم اور ان سے شفاعت کا طلب گار ہونا) خطرناک صورت اختیار کر چکی ہے، تو وہ مجبور ہو کر ان کے مقابلہ میں تلوار پکڑ کر میدان میں اترتے ہیں، خیال رہے کہ نیکی کے فروغ اور برائی کے استیصال کے لئے جنگ کرنے کا نام شریعت مطہرہ میں جہاد ہے اور اس کی مشروعیت سے کون انکار کر سکتا ہے (2)۔

علی طنطاوی بھی ابن عبدالوہاب کے حامی ہیں اور شیخ نجدی کے مسلمانوں کے ساتھ قتال کو حضرت ابوبکر کے مانعین زکوٰۃ سے جہاد پر قیاس کرتے ہیں، حالانکہ یہ قیاس باطل ہے، کیونکہ زکوٰۃ فرض عین ہے اور اس کا انکار کفر ہے، اس کے برخلاف انبیاء علیہم السلام کی تعظیم اور ان سے شفاعت طلب کرنا قرآن کریم کا مامور اور حدیث شریف کا مطلوب اور صحابہ کرام کا معمول ہے۔ اس کو غیر اللہ کی عبادت قرار دینا جہالت کے سوا کچھ نہیں (اس کی مکمل وضاحت باب ثانی میں آرہی ہے) لیکن شیخ نجدی نے اپنے زمانے سے پہلے کی تمام امت مسلمہ کو جو بیک جنبش قلم کافر قرار دے دیا، یہ بات طنطاوی کو بھی ہضم نہ ہو سکی، وہ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

۱۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۵۵

۲۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۶۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وحين اذكر ان الشيخ كا ديكفر المسلمين جميعا الاجماعته مع ان هؤلاء المسلمين لم يعبدوا (جميعا) القبور، ولم ياتوا (جميعا) المكفرات وانما فعل ذلك عوامهم، وان فيهم العلماء و المصلحين اقول ليس للشيخ عذر(1)

(اور جب میں یہ سوچتا ہوں کہ شیخ نجدی اپنے موافقین کے سوا تمام مسلمانوں کو کافر قرار دیتا ہے حالانکہ تمام مسلمانوں نے نہ قبروں کی عبادت کی ہے اور نہ کوئی کفریہ کام کیے ہیں۔ اگر کچھ کیا ہے، تو عام لوگوں نے خصوصاً جبکہ مسلمانوں میں علماء اور مصلحین بھی موجود ہیں، تو میں شیخ نجدی کی تکفیر کی صحت کے لئے کوئی عذر نہیں پاتا)

مسعود عالم ندوی شیخ نجدی کی تکفیر کی مدافعت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس عمومی تکفیر کی اہل نجد پر زور تردید کرتے ہیں، لیکن اتمام حجت اور تبلیغ کے بعد تکفیر اور قتال کے قائل نظر آتے ہیں:

فلم يكفر رحمه الله الاعباد الاوثان من دعاة الاولياء و الصالحين و غير هم ممن اشرك بالله و جعل له اندادا بعد اقامة الحجة وضوح المحجة وبعد ان بدوئوه بالقتال فحينئذ قاتلهم وسفك دمائهم ونهب اموالهم و معه الكتاب والسنة و اجماع سلف الامة(2)

شیخ نجدی نے صرف ان بت پرستوں کی تکفیر کی ہے جو اولیاء اللہ اور صالحین بزرگوں سے (دعا کے ذریعے) مرادیں مانگتے تھے۔ اس بناء پر شیخ نجدی نے انہیں مشرک قرار دیا اور اپنی حجت پوری کرنے کے بعد ان سے قتال شروع کیا۔ ان تمام مسلمانوں کا خون بہایا۔ ان کے اموال لئے (اور ان کے زعم فاسد میں) یہ سب کچھ کتاب وسنت اور اجماع کے مطابق تھا۔

1۔ علی طنطاوی جوہری، متوفی ۱۳۵۳ھ: محمد بن عبدالوہاب ص، ۳۶

2۔ مسعود عالم ندوی: تبرکتہ الشیخین بحوالہ محمد بن عبدالوہاب ص ۱۷۲، ۱۷۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی نے تکفیر مسلمین اور ان کے قتل کے جواز کی بنیاد پر جو مظالم ڈھائے ان کی تفصیل آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں:

شیخ نجدی کا مزارات صحابہ کو مسمار کرنا

شیخ نجدی، ابن تیمیہ کے پیروکار اور غیر مقلدین علماء سے جو صحابہ کرام اور اولیاء امت کے خلاف دل میں بدعقیدگی کا آتش فشاں لے کر آئے تھے۔ وہ نجد میں پہنچتے ہی پھٹ پڑا اور انہوں نے اپنی تحریک کی ابتداء مزارات صحابہ کو مسمار کرنے سے کی۔

چنانچہ سردار حسنی لکھتے ہیں: شیخ محمد بن عبدالوہاب کا پہلا قابل ذکر ہم خیال عثمان بن معمر والی عیینہ تھا۔ شیخ نے اس سے حلف لیا کہ وہ ان مزاروں اور متعلقات کو تلف کرنے میں امداد دے گا، ابن معمر نے قبول کیا۔ دونوں ہم مشورہ ہو کر جبیلہ گئے، یہاں چند صحابیان رسول کے مزارات تھے۔ دونوں نے مزارات مسمار کر دیئے (1)۔

اسی موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے شیخ عطار نے لکھا ہے: شیخ الاسلام دعوت الی اللہ کے ساتھ عملاً قبروں پر تعمیر شدہ عمارتوں اور قبوں کو گرا دیتے تھے، اس لئے کہ یہی دراصل شرک اور بدعت کی آبیاری کے مرکز ہیں اور تمام عالم اسلام میں قبروں پر عمارتیں اور قبے بننے شروع ہو گئے تھے (2)۔

شیخ نجدی نے جو سب سے پہلے قبہ گرایا تھا وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھائی زید بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قبہ تھا۔ عثمان بن بشر نجدی متوفی ۱۲۸۸ھ اس قبہ کو گرانے کا ذکر کرتے ہیں:

ثم ان الشیخ ارادان یهدم قبه قبر زید بن خطاب رضی الله تعالیٰ عنه التی عند الجبیلة فقال لعثمان دعنا نهدم هذه القبة التی وضعت علی الباطل وضل بها الناس عن الهدی فقال

۱۔ سید سردار محمد حسنی، بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان عبدالعزیز آل سعود، ص ۴۲، ۴۱

۲۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۶۲، ۱۶۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

دونکها فاهدمها فقال الشیخ اخاف من اهل الجبیلة ان یوقعوا بنا ولااستطیع هدمها الاوانت معی فسار معه عثمان بنجو ستمائة رجل فلما اقتربوا منها ظهورا علیهم اهل الجبیلة یریدون ان یمنعوها فلما راهم عثمان علم ماهموابه فتاهب لحربهم فلما رائوا ذالک کفوا عن الحرب دخلوا بینهم و بینهما ذکر لی ان عثمان لما اتا ها قال للشیخ نحن لانتعرضها فقال اعطونی الفاس فهدمها الشیخ بیده حتی ساواها(1)

(پھر شیخ نے جبیلہ میں حضرت زید بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گنبد ڈھانے کا ارادہ کیا اور اپنے معاون عثمان سے کہا آؤ ہم دونوں مل کر اس قبہ کو گرادیں جس نے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے۔ عثمان نے کہا یہ کام تم خود ہی کرو، شیخ نجدی نے کہا میں اہل جبیلہ سے ڈرتا ہوں، وہ ہم پر حملہ کر دیں گے، میں تمہاری معاونت کے بغیر اس قبہ کو گرانے کی طاقت نہیں رکھتا یہ سن کر عثمان اپنے چھ سو ساتھیوں کے ساتھ شیخ نجدی کو لے کر چل پڑا۔ جب اہل جبیلہ نے دیکھا، تو وہ مزاحم ہوئے، لیکن جب عثمان کے آدمی لڑائی کے لئے تیار ہو گئے تو انہوں نے ان کا راستہ چھوڑ دیا۔ جب عثمان قبہ کے پاس پہنچا تو اس نے کہا ہم لوگ قبہ کو ہاتھ نہیں لگائیں گے۔ شیخ نجدی نے کہا مجھے کلہاڑی دو۔ پھر شیخ نجدی نے ہاتھ میں کلہاڑی لے کر قبہ توڑنا شروع کیا، حتیٰ کہ اس کو زمین کے ہموار کر دیا۔

شیخ نجدی نے اگرچہ عثمان کی معاونت سے چند مزارات گرادیئے تھے، لیکن جس وسیع منصوبے کو لے کر شیخ نجدی اٹھا تھا، اس کی تکمیل کے لئے انہیں ایک مضبوط مرکزی قوت کی ضرورت تھی۔

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد ج ۱ ص ۱۰، ۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی کا ابن سعود سے رابطہ

شیخ نجدی انبیاء علیہم السلام کی تعظیم اور ان سے طلب شفاعت کے خلاف جو دعوت لے کر اٹھا تھے، اس کی کامیابی کے لئے انہیں تلوار کی قوت کی ضرورت تھی، ورنہ ان کے افکار و عقائد بھی ابن تیمیہ کی طرح صرف قرطاس وکتب تک محدود رہتے۔ اس نصب العین کی تکمیل کے لئے ان کی آنکھوں نے نجد کے سرداروں کا جائزہ لینا شروع کیا۔ بالآخر ان کی نگاہوں نے اس مہم کے لئے محمد ابن سعود کا انتخاب کرلیا اور محمد ابن سعود کی بیوی کے ذریعہ انہوں نے ابن سعود کو اپنا ہمنوا بنالیا۔ اس موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے سردار حسنی لکھتے ہیں:

عیینہ سے شیخ درعیہ میں پہنچے اور اپنے ایک شاگرد ابن سویلم کے ہاں مقیم ہوئے۔ ابن سویلم نے امیر محمد ابن سعود والی درعیہ کی مدد حاصل کرنے کا وعدہ کیا، لیکن امیر درعیہ شروع میں رضامند نہ ہوا۔ اس کے بھائی جو اس عرصہ میں شیخ کے بے حد مداح ہو گئے تھے اور بعد میں اس کے بہترین موید ثابت ہوئے۔ امیر کو شیخ کی متابعت کے لئے ترغیب دیتے رہے۔ آخرش امیر کی عقلمند اور ہوشیار بیگم کی مدد کے لئے مساعی ہوئی، نتیجہ یہ ہوا کہ امیر بھی شیخ کا معترف ہو گیا(1)۔

امیر ابن سعود اور محمد بن عبدالوہاب نجدی کے رابطہ کو ایک وہابی عالم نے قدرے تفصیل سے لکھا ہے:

امیر محمد بن سعود جو شیخ کی دعوت سے پہلے بھی حسن اخلاق میں مشہور تھا، اپنی بیوی کی گفتگو سے متاثر ہوا اور اس کے دل میں شیخ کی محبت گھر کرگئی۔ سب کے اصرار سے اس نے ملنے میں پہل کی اور اخلاق وعقیدت سے پذیرائی کی۔ شیخ نے اپنی دعوت کے اہم حصوں (کلمہ لا الٰہ الا اللہ کا مفہوم امر بالمعروف نہی عن المنکر، جہاد) (واضح رہے جس جہاد کا ذکر کیا گیا ہے اس کا مطلب عرب کے مسلمانوں کے خلاف تیغ آزمائی تھا) پر مختصر سی تقریر کی اور

1۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان عبدالعزیز آل سعود، ص ۴۲
ایضاً: علی طنطاوی مصری، متوفی ۱۳۳۵ھ: محمد بن عبدالوہاب، ۳۰، ۲۹
ایضاً عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد ج ۱ ص ۱۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اہل نجد کی برائیوں سے آگاہ کیا اور ان کی اصلاح کی طرف توجہ دلائی، امیر متاثر ہوا اور بے ساختہ بول اٹھا:

''اے شیخ یہ تو بلاشبہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا دین ہے میں آپ کی امداد و اطاعت اور مخالفین توحید سے جہاد کے لئے تیار ہوں، لیکن دو شرطیں ہیں:

1-اگر ہم نے آپ کی مدد کی اور اللہ نے ہمیں فتح دی، تو آپ ہمارا ساتھ نہ چھوڑیں۔

2-اہل درعیہ سے فصل کے وقت میں کچھ مقررہ محصول لیتا ہوں، آپ مجھے اس سے نہ روکیں۔ شیخ نے جواب دیا۔

پہلی شرط بسروچشم منظور ہے۔ ہاتھ ملاؤ الدم بالدم والھدم بالھدم (میرا خون تمہارا خون اور میری تباہی تمہاری تباہی) رہی دوسری شرط، سو انشاء اللہ! تمہیں فتوحات اور غنیمتوں میں اتنا کچھ مل جائے گا کہ اس خراج کا دل میں خیال بھی نہ آئے گا(1)۔

دعوت شیخ نجدی کی بزور شمشیر اشاعت

شیخ نجدی نے ابن سعود کی طاقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے مخالف مسلمانوں کی گردنوں پر کس طرح تیغ آزمائی اور مشق ستم کی۔ یہ سردار حسنی سے سنیئے:

امیر اور شیخ میں مودت اور موافقت کے اقرار ہوئے، چنانچہ تلوار ابن سعود کی تھی اور مذہب شیخ محمد بن عبد الوہاب کا۔ آج اس واقعہ کو دو سو برس گزر چکے ہیں، لیکن یہ تعلق اور اشتراک قائم ہے۔

معاہدہ کے وقت شیخ محمد بن عبد الوہاب کی عمر ۴۲ سال تھی، اسی سال شیخ نے توحید کے اجراو نفاذ کے لئے مشرکین کے خلاف جنگ کر دی۔ (یاد رہے کہ مشرکین سے مراد عرب کے وہ مسلمان ہیں جو اسلاف کی روایات کو سینوں سے لگائے ہوئے تھے۔ انبیاء اور اولیاء سے توسل اور استغاثہ کو جائز سمجھتے تھے اور صحابہ کرام کے قبوں کو احترام کی نگاہ سے دیکھتے

ا۔ مسعود عالم ندوی: محمد بن عبد الوہاب، ص ۳۹،۴۰

عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد، ج ۱، ص ۱۲

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تھے۔ (قادری غفرلہ)

پہلا معرکہ ریاض موجودہ دارالسلطنت کے مقام پر امیر دہم بن دواس اور ابن سعود کے درمیان پیش آیا۔ ابن دواس سعودی وہابی اشتراک کے سخت مخالف تھا۔ وہ معمولی غلامی کی حالت سے امارات کے رتبہ تک پہنچا تھا اور اپنی کشمکش کے شروع میں امیر ابن سعود سے مدد حاصل کر کے رہین منت ہو چکا تھا۔ اس بات کے بھروسہ پر امیر ابن سعود نے ابن دواس کو شیخ کی متابعت کے لئے دعوت دی، لیکن ابن دواس نجد کے کسی شیخ یا امیر کی متابعت نہیں کرنا چاہتا تھا۔ ابن دواس دراصل صحیح العقیدہ مسلمان تھا اور اسلاف کی روایات کا حامل تھا۔ یہ صحیح ہے کہ ابن سعود نے اس کو امارات قائم کرنے میں مدد دی، لیکن ایک غیور مسلمان سے یہ کبھی توقع نہیں رکھی جا سکتی کہ وہ اپنے دین اور مسلک کو جاہ ومنصب پر قربان کر دے۔ (قادری غفرلہ)

ابن دواس میں بڑی خوبی اس کی طبیعت کا استحکام و استقلال تھا۔ پورے تیس برس ابن سعود سے برسر پیکار رہا، کبھی فتح پاتا تھا، کبھی شکست، لیکن کبھی ہمت نہ ہارا۔ پھر بھی رفتہ رفتہ امیر سعود نے ریاض کے علاوہ اس کی مملکت کے دیگر علاقہ جات فتح کر لئے۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب اپنے متابعین کی جرأت کو بڑھاتے اور ان کے ایمان کو تازہ کرتے رہے۔ اسی طرح پر غیر فیصلہ کن جنگوں کا سلسلہ جاری رہا، حتیٰ کہ عبدالعزیز ابن امیر محمد بن سعود نے ۱۷۷۳ء میں ریاض کو فتح کر لیا، مگر ابن دواس کو گرفتار نہ کر سکا، کیونکہ وہ ہزیمت اٹھا کر صحرا میں بھاگ گیا تھا۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ اس تیس سالہ جنگ میں ۱۷۰۰ء موحدین مارے گئے اور ۲۳۰۰ نام نہاد مشرکین مارے گئے گویا ۴۰۰۰ عرب ناحق ضائع ہوئے(1)۔

(مقام غور ہے کہ محمد بن عبدالوہاب کے وکیل نے بھی ابن دواس کے حامیوں کو نام نہاد مشرکین سے تعبیر کیا ہے، یعنی فی الواقع وہ مشرک نہ تھے، مسلمان تھے، لیکن ابن عبدالوہاب کی وہابیت نے ان کو مشرک قرار دے کر ان کے مال و جان کو مباح کر ڈالا، جبکہ ان لوگوں کا صرف اتنا قصور تھا کہ انہوں نے شیخ نجدی کی متابعت کا انکار کر دیا تھا۔ اس کا صاف اور صریح

1۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آرنرز: سوانح حیات سلطان عبدالعزیز آل سعود ص ۴۲، ۴۳
عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ، عنوان المجد فی تاریخ نجد ج ۱ ص ۴۶ تا ۶۱ ملخصا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مطلب یہ ہے کہ شیخ نجدی کی ناموافقت پر ابن سعود کے نزدیک ہر وہ شخص واجب القتل تھا جو شیخ نجدی کی موافقت سے انکار کردے۔ غالباً یہی وہ حقیقت ہے جس کے اعتراف کے طور پر سردار حسنی کو بھی ماننا پڑا، اس جنگ میں ۴ ہزار عرب ناحق ضائع ہوئے۔ (قادری غفرلہ)

امیر الحصا کی ابن سعود سے جنگ

محمد بن عبدالوہاب نجدی نے جس نئے دین کی طرح ڈال کر تمام جزیرہ عرب کو مشرک قرار دیا تھا اور ابن سعود کے تعاون سے ان صحیح العقیدہ مسلمانوں کا خون بہانا شروع کر دیا تھا، اس سے تمام جزائر عرب میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی تھی، سابقہ پیراگراف میں ہم ابن دواس کے ساتھ ابن سعود کی جنگ کا حال بیان کر چکے ہیں۔ ابن دواس کے بعد امیر الحصا ابن سعود پر حملہ آور ہوئے۔ چنانچہ سردار حسنی لکھتے ہیں:

الحصاء کا امیر جو سلیمان سابق امیر کا جانشین تھا، بڑے کروفر سے سعودی طاقت پر حملہ آور ہوا، وہ اپنے ساتھ شتری توپیں لایا تھا جو درعیہ کے محاصرہ میں استعمال کی گئیں۔ اس کے ساتھ ایک قسم کی گاڑی بھی تھی جس میں تیس سپاہی بیٹھ کر بیک وقت شہر کی فصیل پر حملہ آور ہو سکتے تھے۔ نجد کے بعض قبائل بھی اس کے ساتھ ہو گئے تھے، لیکن الحصاء کے امیر کو باوجود ساز وسامان کے شکست ہوئی اور وہ مغموم ومحزون اپنے علاقہ کو واپس ہوا، پھر اس نے اور زیادہ توپ خانہ دے کر اپنے بیٹے سعدون کو یمامہ پر حملہ کرنے کے لئے بھیجا لیکن وہ بھی شکست کھا کر ناکام پھرا اور توپ خانہ مخالف کی نذر کرتا گیا۔ اس طرح اس نے ایک حملہ بریدہ پر بھی کیا جس میں پھر اسے شکست ہوئی۔ لیکن ابن سعود کو بھی ایک نقصان ان لڑائیوں سے یہ ہوتا رہا کہ وہ قبائل جو بنوک شمشیر موحد کیے گئے تھے، دشمن کی آمد سن کر ابن سعود اور شیخ دونوں سے باغی ہو جاتے تھے اور حملہ آور سے نپٹتے ہی باغیوں کی سرکوبی کے لئے حکومت کو مصروف ہونا پڑتا تھا۔ آئے دن کی بغاوتوں سے سعودی طاقت ضائع ہو رہی تھی (1)۔

1۔ سید سردار محمد حسنی بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان عبدالعزیز آل سعود، ص ۴۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طاقت اور پیسے کے زور سے وہابیت کی اشاعت

اس پیراگراف کے مطالعہ سے قارئین کرام پر یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ نجد میں شیخ نجدی اور ابن سعود نے کس طرح طاقت کے بل بوتے پر یہ افکار لوگوں پر مسلط کئے اور مسلمانوں کو اپنے اسلاف کی روایات سے بزور شمشیر ہٹا کر نام نہاد توحید میں داخل کیا، اس کی نظیر بالکل اس طرح ہے جیسے اندلس میں عیسائیوں نے مسلمانوں کی شہ رگ پر تلوار کی نوک رکھ کر ان کو بجبر عیسائی بنایا۔ وہاں قانوناً اسلامی عقائد کو اپنانے کو ناقابل معافی جرم قرار دیا۔ چنانچہ بتدریج اندلس کی آبادی عیسائیت میں ڈھلتی گئی اور آج اسپین میں ایک مسلمان بھی نہیں پایا جاتا اور نہ وہاں قانوناً اسلام کی تبلیغ کے لئے کوئی عمل کیا جا سکتا ہے، بالکل اسی طرح شیخ نجدی اور ابن سعود نے جزیرہ عرب کے مسلمانوں کی شہ رگ پر خنجر رکھ کر ان کو بزور اپنے عقائد میں ڈھالا اور بعد میں ان کے آنے والے جانشین اس مہم میں بیش از بیش حصہ لیتے رہے، چنانچہ آہستہ آہستہ نجد اور اس کے قرب و جوار کی تمام آبادی اور حرم مکہ کی اکثریت وہابی عقائد میں ڈھلتی گئی۔ تلوار کے بعد اب دوسرا ہتھیار ان کے پاس سیم و زر کی تھیلیاں ہیں، جو تیل کے سیال چشموں کی صورت میں ان لوگوں کو حاصل ہوئیں۔ انہوں نے وہابی دعوت کی نشر و اشاعت کے لئے سیم و زر کی تھیلیوں کے منہ کھول دیئے اور بے دریغ پیسہ لٹانا شروع کیا، چنانچہ موجودہ دور کے ایک نجدی عالم لکھتے ہیں:

شیخ الاسلام (یعنی محمد بن عبدالوہاب نجدی) کی تجدیدی مساعی کی روشنی میں اب بھی پورے زور شور سے کام ہو رہا ہے اور اشاعت اسلام میں کروڑوں روپیہ صرف کیا جا رہا ہے(1)۔

حالت یہ ہے کہ جس طرح موجودہ اسپین میں عیسائی عقائد کے خلاف اسلامی عقائد کی تبلیغ قانوناً جرم ہے، اسی طرح موجودہ عرب میں وہابی تحریک کے خلاف اہل سنت کے عقائد و افکار کی نشر و اشاعت قانوناً جرم ہے۔ جدہ کے ایئر پورٹ پر کسی چیز کی اتنی چیکنگ نہیں کی

1۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۲۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

جاتی جتنی زبردست چیکنگ مذہبی لٹریچر کی کی جاتی ہے اور جن کتابوں کے بارے میں ذرا سا بھی شک ہو کہ ان سے وہابیت کو ٹھیس پہنچے گی، ان کو فوراً کسٹم حکام روک لیتے ہیں۔

چنانچہ ایک غیر مقلد وہابی عالم اپنے ۱۹۶۰ء کے سفرنامہ حجاز میں لکھتے ہیں:

کسٹم پر مجھے کوئی دقت پیش نہ آئی، اگرچہ میرے ساتھ کچھ کتابیں تھیں اور ان میں سے بعض کتابیں ان لوگوں کی اصطلاح کے مطابق مذہبی تھیں، لیکن کسٹم آفیسر صاحب نے ان کتابوں پر شک وشبہ کی نگاہ نہیں ڈالی۔ کیونکہ بعض کتابوں کے دیکھنے سے انہیں یہ اندازہ ہو گیا کہ میں بھی ایک سلفی العقیدہ (یعنی وہابی) ہوں۔ اس لئے انہوں نے میری سختی سے تلاشی لینے کو ضروری نہ سمجھا، مجھے بھی سب سے زیادہ ڈر کتابوں ہی کا تھا، کیونکہ کتابوں کی تلاشی کے سلسلہ میں گزشتہ سفر ۱۹۵۶ء میں جدہ کے ہوائی اڈہ پر ہمیں جس پریشانی کا سامنا ہوا تھا، وہ مجھے خوب یاد تھی۔ دنیا کے دوسرے ملکوں میں غیر مذہبی کتابوں کی تو خوب جانچ پڑتال ہوتی ہے، لیکن مذہبی کتابوں پر کوئی اعتراض نہیں کیا جاتا، سعودی عرب کا معاملہ اس کے برعکس ہے۔ یہاں دوسری کتابوں کا تو یوں سمجھئے کوئی نوٹس ہی نہیں لیا جاتا، لیکن مذہب اور خصوصاً عقائد سے متعلق کتابوں کو بڑے شک وشبہ کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور بعض اوقات جب کسٹم والے خود ان کے متعلق کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے تو انہیں تحقیق کے لئے علماء کے پاس بھیج دیتے ہیں، یعنی جب تک علماء انہیں ناقابل اعتراض قرار نہ دے دیں، انہیں ملک کے اندر داخل نہیں ہونے دیا جاتا(1)۔

وہابیت کے تحفظ اور فروغ کے لئے ظالمانہ ہتھکنڈے

سعودی عربیہ میں وہابیت کو کس طرح تحفظ دیا جاتا ہے، اس کا اندازہ اس تاریخی حقیقت سے کیجئے۔ یہی وہابی عالم لکھتے ہیں:

یہ بھی معلوم ہوا کہ بڑے بڑے دینی مناصب آل الشیخ (شیخ محمد بن عبدالوہاب کے خاندان) کے لئے مخصوص ہیں اور دوسرے لوگ صرف اسی صورت میں کسی دینی منصب پر

1۔ محمد عاصم: سفرنامہ ارض القرآن، ص ۵۶،۵۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

مقرر کئے جاتے ہیں، جبکہ آل الشیخ میں کوئی آدمی موجود نہ ہو۔ حرم مکہ کے خطیب اگر چہ شیخ عبدالمہیمن (مصری) ہیں، لیکن وہ حرم کے خطیب اول نہیں، بلکہ خطیب اول آل شیخ کے ایک فرزند شیخ عبدالعزیز بن حسن ہیں جو ان دنوں وزارت تعلیم کے سیکرٹری تھے اور اب وزیر ہو گئے ہیں (1)۔

ان دونوں پیراگرافوں کے مطالعہ سے قارئین کرام پر یہ حقیقت واضح ہو گئی ہو گی کہ سعودی عربیہ میں ظالمانہ منصوبے کے تحت نئی نسل کو وہابی بنایا جا رہا ہے۔ جب وہاں کے باشندوں کو وہابیت کے سوا اور کوئی لٹریچر پڑھنے کے لئے میسر نہیں ہوگا اور ہر مسجد کے منبر پر وہابی خطباء وہابیت کا پرچار کریں گے اور نئی نسل کو پڑھنے اور سننے کے لئے وہابیت کے سوا اور کچھ نہیں ملے گا، تو ظاہر ہے کہ بتدریج نئی نسل وہابیت میں ڈھلتی چلی جائے گی اور یوں پورا جزیرہ عرب وہابیت کا گہوارہ بن جائے گا۔ سپین میں عیسائیوں نے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کے لئے جو کارروائی کی تھی، وہی تاریخ سعودی عربیہ میں سنیوں کو وہابی بنانے کے لئے دہرائی جا رہی ہے۔

ستم بالائے ستم

قارئین کرام پر یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ سعودی عربیہ میں نجدیت اور وہابیت کے خلاف سنی لٹریچر قانوناً نہیں لے جایا جا سکتا۔ انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ جن ممالک میں سنی مسلمانوں کی اکثریت ہے، سعودی عرب وہاں وہابیت پر مشتمل لٹریچر نہ بھیجتی، لیکن یہ کس قدر ظلم کی بات ہے کہ پاکستان جس کی اکثریت سنی مسلمانوں پر مشتمل ہے، وہ تو اپنا لٹریچر سعودی عربیہ نہیں بھیج سکتے، لیکن سعودی سفارت خانے کے ذریعے پاکستان میں وہابی لٹریچر جس کی ایک ایک جلد آٹھ آٹھ سو صفحات پر مشتمل ہے، مفت تقسیم کیا جا رہا ہے، اور کوئی احتجاج کرنے والا نہیں ہے کہ ظالمو! جب تم اپنے ملک میں ہمارا لٹریچر نہیں جانے دیتے، تو تم کو کیا حق پہنچتا ہے کہ تم اپنے عقائد و افکار کو پھیلانے کے لئے کروڑوں کی تعداد میں اپنی کتابیں مفت تقسیم

1۔ محمد عاصم: سفرنامہ ارض القرآن، ص ۹۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کرواتے ہو، حتیٰ کہ پاکستانی اخبار مراسلہ کی شکل میں بھی یہ بات کہنے کی جرأت نہیں رکھتے کیونکہ ہماری حکومت سعودیہ حکومت کی وظیفہ خوار ہے۔ کسی نے سچ کہا ہے۔ ع

ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

سعود کے ہاتھوں مزارات کا انہدام

۱۲۰۷ھ میں محمد بن سعود کا بیٹا سعود احساء پر حملہ آور ہوا اور وہاں خونریزی اور ہلاکت کا بدترین مظاہرہ کیا۔ عثمان بن بشر نجدی لکھتے ہیں:

ولما بلغ اهل الاحساء هذه الوقعة وقع فی قلوبهم الرعب و خافوا خوفا عظیما، ثم رحل سعود و قصدناحیة الاحساء و نزل علی الماء المعروف بالردینة فی الطف فاقام علیه ایاماو اتته المکاتبات من اهل الاحساء یدعونه الیهم لبایعوه فارتحل منها وسار الی الاحساء و نزل علی عین خارج البلد فظهر علیه اهلها و بایعده علی دین الله و رسوله و السمع والطاعة و دخل المسلمون الاحساء و هد مواجمیع مافیه من القباب التی بنیت علی القبور و المشاهد فلم یترکوالها اثرا(1)

جب اہل احساء پر مظالم کی انتہا ہوگئی، تو ان کے دلوں میں سعود کی فوجوں کا زبردست رعب بیٹھ گیا اور وہ بہت زیادہ خوفزدہ ہو گئے اور سعود نے احساء کے پانی کے ذخیرہ پر مقام طف میں قبضہ کرلیا اور وہاں کافی دنوں تک قبضہ برقرار رکھا، یہاں تک کہ اہل احساء کے سردار مجبور ہو کر سعود کے پاس آئے اور (ناچار) اس نے اہل احساء کی طرف سے بیعت کی پیشکش کی سعود شہر سے باہر ایک چشمہ کے پاس جا کر بیٹھا اور لوگوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کی، پھر نجدی افواج نے احساء کا رخ کیا اور وہاں جس قدر مزارات پر گنبد بنے

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۲۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد مطبوعہ، ریاض ج ا ص ۹۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہوئے تھے، ان سب کو گرا دیا اور مشاہد کے تمام آثار کو مٹا دیا۔

اسی سال سعود نے حضرت امام حسن، حضرت طلحہ اور دیگر صحابہ کے مزارات کو بھی منہدم کر دیا اور اس سلسلہ میں بے شمار مسلمانوں کا بے دریغ قتل عام کیا۔ عثمان بن بشر نجدی لکھتے ہیں:

ثم نزل سعود على الجامع المعروف قرب الزبير فنهضت جميع القباب و الشاهد التى خارج سورالبلد وضعت على القبور، و قبة الحسن و قبة طلحة و لم يبقوالها اثرا، ثم انها اعيدت قبة طلحة والحسن بعدهدم الدرعية ثم ان سعوداً امر على المسلمين ان يحشروا على قصر الدر بهيمة فهد موه و قتلوا اهله(1)

پھر سعود جامعہ زبیر پر حملہ آور ہوا اور جامع مسجد کے قریب جس قدر مزارات کے گنبد تھے اور شہر کے باہر جس قدر مزارات کے گنبد اور آثار تھے، وہ سب منہدم کرا دیئے حتیٰ کہ امام حسن اور حضرت طلحہ کے مزارات کے گنبد بھی گرا دیئے اور ان کی قبروں کا کوئی نشان تک نہیں چھوڑا۔ سقوط درعیہ کے بعد حضرت طلحہ اور امام حسن کے مزارات پر پھر گنبد بنا دیئے گئے تھے۔ سعود نے دوبارہ نجدی فوجوں کو حکم دیا کہ بہیمہ کے قصر پر ہلہ بول دیں انہوں نے دوبارہ تمام قبروں کو منہدم کر دیا اور ان حامیوں کو قتل کر ڈالا۔

ابن سعود کا انتقال

سردار حسنی لکھتے ہیں: محمد ابن سعود کا انتقال ۱۷۶۴ء میں ہوا اور اس کا بیٹا عبد العزیز جانشین ہوا۔ باپ کے وقت یہ بڑا مستعد مجاہد تھا۔ خود امیر ہونے پر سال میں چھ چھ مرتبہ غزوات کرتا رہا، اس کا بیٹا سعود باپ سے بھی زیادہ گرم جوش ثابت ہوا۔ اس نے اپنے والد

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد مطبوعہ ریاض ج ۱، ص ۱۳۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی اجازت کے بغیر ہی نجف اشرف اور کربلا معلّٰی پر حملے کئے اور وہاں کے مزارات مقدسہ کو تہ و بالا کر دیا۔ لوٹ اور غارت کا تو کچھ حساب ہی نہیں تھا۔ ان مقامات پر اہل نجد کی طرف سے بے حد بداعتدالیاں اور گستاخیاں سرزد ہوئیں۔ ۱۸۰۲ء بمطابق ۱۲۱۸ھ میں ایک شیعہ درعیہ میں آیا اور جب کہ سلطان عبدالعزیز مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا اس کو قتل کر دیا(1)۔

کربلا میں وہابیوں کے مظالم کی تفصیل

مسعود عالم ندوی لکھتے ہیں: اور اس سال ۱۲۱۴ھ سعود تمام نجد، حجاز اور تہامہ سے ایک لشکر جرار لے کر کربلا کے ارادہ سے چلا اور بلد الحسین کے باشندوں پر حملہ کیا۔ یہ ذیقعدہ کا واقعہ ہے۔ مسلمانوں نے اس پر دھاوا بول دیا، اس کی دیواروں پر چڑھ گئے اور زبردستی (عنوۃ) داخل ہو گئے اور اکثر باشندوں کو گھروں اور بازاروں میں تہ تیغ کر دیا اور اس قبہ کو جوان کے اعتقاد کے مطابق حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پر بنایا گیا، ہدم کر دیا۔ قبہ اور اس کے آس پاس اور چڑھاوے کی تمام چیزیں لے لیں۔ قبہ زمرد، یاقوت اور جواہر سے آراستہ تھا اور اس کے علاوہ شہر میں جو کہ مال و متاع تھا (ہتھیار، لباس، سونا، چاندی، قیمتی مصاحف اور بیشمار چیزیں) سب لے لیا اور شہر میں ایک پہر سے زیادہ نہیں ٹھہرے اور ظہر کے وقت تمام مال لیکر وہاں سے نکل آئے اور اس کے باشندوں میں سے تقریباً دو ہزار آدمی قتل کیے گئے(2)۔

عثمان بن بشر نجدی لکھتے ہیں:

ثم دخلت السنة السادسة عشر بعد المائتين والالف) و فیها سارسعود بالجیوش المنصورة و الخیل و العتاق المشورة من جمیع حاضرنجد وبادیها و الجنوب و الحجاز و تهامة و غیر ذالک و قعد ارض کربلا و نازل اهل بلد الحسین ۔ وذالک

ا۔ سید سردار محمد حسنی، بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان ابن سعود، ص ۴۴، ۴۲

۲۔ مسعود عالم ندوی: محمد بن عبدالوہاب، ص ۷۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فی ذی القعده فحشد علیها المسلمون و تسوروا جدرانها و دخلوها عنوة وقتلوا غالب اهلها فی الاسواق والبیوت، وهدموا القبته الموضوعة بزعم من اعتقد فیها علی قبر الحسین و اخذو النصیبة التی وضعوها علی القبر و کانت مرصوفة بالزمر دوالیاقوتین والجواهر واخذوا جمیع ما وجد وا فی البلد من انواع الاموال و اسلاح و اللباس و الفراش و الذهب والفضة والمصاحف الثمینة و غیر ذالک ما یعزعنه الحصر ولم یلبثوا فیها الضحوة و خرجوا عنها قرب الظهر الجمیع تلک الاموال و قتل من اهلها قریب الفی رجل(1)

۱۲۱۶ھ میں سعود اپنی طاقتور فوجوں اور گھڑ سوار لشکر جرار اور تمام نجدی غارت گروں کو ساتھ لے کر سرزمین کربلا پر حملہ آور ہوا اور ذیقعدہ میں نجدی سورماؤں نے بلد حسین کا محاصرہ کرلیا اور تمام گلیاں اور بازار اہالیان شہر کی لاشوں سے پٹے پڑے تھے قتل عام سے فارغ ہونے کے بعد انہوں نے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر مبارک کے قبہ کو منہدم کردیا۔ روضہ کے اوپر جو زمرد، ہیرے، جواہرات اور یاقوت کے جو نقش و نگار بنے ہوئے تھے، وہ سب لوٹ لئے۔ اس کے علاوہ شہر میں لوگوں کے گھروں میں جو مال و متاع، اسلحہ، کپڑے حتیٰ کہ چارپائیوں سے بستر تک اتار لئے اور یہ سب مال و متاع لوٹ کر تقریباً دو ہزار مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار کر نجد واپس لوٹ گئے۔

طائف میں غارت گری کے بارے میں عثمان نجدی لکھتے ہیں:

فاجتمعت تلک الجموع عند عثمان فساروامن قحطان و سار الیه غیر ذالک من عتیبة و غیرهم فاجتمعت تلک الجموع

1۔عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد مطبوعہ ریاض ج ۱ ص ۱۲۲، ۱۲۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عند عثمان فساروالى الطائف و فيها غالب الشريف و قدتحصن فيها وتأهب و استعد لحربهم فنازلهم تلك الجموع فيها فالقى الله فى قلبه الرعب والهزم الى مكة و ترك الطائف فدخله عثمان ومن معه من الجموع و فتحه الله لهم عنوة بغير قتال و قتلوا من اهله فى الاسواق والبيوت نحرمائتين و اخذوامن الاموال من البلد اثمانا وامتاعا وسلاحا وقماشا وشيئا من الجواهر واسلح المثمنة مالا يحيط به الحصر ولايدرکه العد و ضبط عثمان البلد و سلمت له جميع نواحيه وبواديه و جمع الاخماس و بعثوها لعبد العزيز فقرر ولاية عثمان للطائف واستعمله اميرا عليها وعلى الحجاز(1)

سعود نے اپنے ایک کمانڈر عثمان کو سرزمین طائف کو لوٹنے پر مامور کیا۔ طائف کا امیر غالب شریف قلعہ بند ہو گیا۔ نجدیوں نے اس پر عرصہ حیات تنگ کر دیا۔ یہاں تک کہ وہ جان بچا کر مکہ کی طرف نکل بھاگا۔ عثمان نے طائف کی گلیوں اور بازاروں کو مسلمانوں کی لاشوں سے بھر دیا اور دوسو سے زیادہ مسلمانوں کو قتل کیا اور طائف کے گھروں سے مال ومتاع، سونا، چاندی اور سلحہ اور تمام قیمتی اشیاء جن کا شمار بیان سے باہر ہے، لوٹ کر نجدیوں میں تقسیم کیا اور اس کا پانچواں حصہ عبد العزیز کے پاس بھیجا جس کے صلہ میں اس کو طائف اور حجاز کا امیر مقرر کر دیا گیا۔

یہ ان لوگوں کی سیرت اور کردار کی ایک ہلکی سی جھلک ہے جن کو محمد بن عبد الوہاب نے بزعم خود کتاب وسنت کے سانچے میں ڈھال کر تیار کیا تھا۔ فیاللاسف

مکہ اور طائف کی فتح کے بعد مسعود کی کارگزاری ملاحظہ فرمائیے۔ عثمان نجدی لکھتے ہیں:

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد مطبوعہ ریاض ج ۱، ص ۱۲۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ثم ان سعوداً والمسلمين رحلوا من العقيق و نزلوالمفاصل
فاحرموامنها بعمرة و دخل سعود مكة و استولى عليها و اعطى
اهلها الامان وبذل فيها من الصدقات و العطاء لاهلها شيئا كثيراء
فلما فرغ سعود والمسلمون من الطوافو السعي فوق اهل النواحي
يهدمون القباب التي بنيت على القبور والمشاهد الشركية(1)

پھر سعود اپنے ساتھیوں کو لے کر مقام عقیق سے روانہ ہوا اور مفاصل پر اتر کر عمرہ کا احرام باندھا، مکہ میں داخل ہو کر اہل مکہ کو امان دی اور زر کثیر خرچ کیا۔ عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد سعود اور اس کے تمام نجدی ساتھیوں نے مکہ کے تمام مزارات سے گنبد گرا دیئے اور متبرک مقامات کی تمام علامات کو مٹا دیا۔

عبدالعزیز بن سعود کے عہد حکومت کا خلاصہ

عبدالعزیز بن سعود کے دور حکومت کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے ایک وہابی عالم لکھتے ہیں:

عبدالعزیز محمد بن سعود نے ۱۷۶۵ء ۱۱۷۹ھ سے ۱۸۰۳ء ۱۲۱۸ھ تک کل انتالیس سال حکومت کی اور اس حکومت کا بیشتر حصہ خود شیخ الاسلام کی نگرانی میں گزرا ۱۷۹۲ء ۱۲۰۶ھ تک عبدالعزیز نے نمایاں حیثیت تو اپنے والد ہی کے عہد میں حاصل کر لی تھی اور تمام اہم معرکے (۱۷۴۴ء ۱۱۵۹ھ سے ۱۹۶۵ء ۱۱۷۹ھ تک) اسی کی قیادت میں سر ہوئے تھے۔ بالکل اسی طرح جیسے اس کے دور حکومت میں تمام اہم لڑائیاں اس کے ولی عہد سعود بن عبدالعزیز کی سرکردگی میں لڑی گئیں۔ اس پر امیر عبدالعزیز نے خود شیخ الاسلام کی صحبت اٹھائی تھی، اس لئے تبلیغ ودعوت کا شوق اس کے دل ودماغ میں سمایا ہوا تھا، جو علاقہ فتح ہوتا تھا، وہاں سب سے پہلے مبلغین اور متطوعین کا تقرر کرتا(2)۔

اس خلاصہ سے غالباً قارئین کرام پر واضح ہو گیا ہو گا کہ شیخ نجدی کس طرح تلوار کے

1۔ عثمان بن بشر نجدی، متوفی ۱۲۸۸ھ: عنوان المجد فی تاریخ نجد مطبوعہ ریاض ج ۱، ص ۱۲۳

2۔ مسعود عالم ندوی: محمد بن عبدالوہاب، ص ۸۴، ۸۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

زور پر علاقے پر علاقے فتح کر کے بے چارے مسلمانوں کو جبر واکراہ سے اپنے عقائد میں ڈھالتا چلا گیا۔

سعود بن عبد العزیز

شیخ نجدی کی طویل زندگی میں نجد کے تین سردار سریر آرائے سلطنت ہوئے (1)۔ محمد بن سعود متوفی ۱۹۶۵ء ۱۱۷۹ھ، عبد العزیز محمد بن سعود ۱۷۶۵ء ۱۱۷۹ھ تا ۱۸۴۰ء ۱۲۲۹ھ، نجد کے یہ تینوں سردار انتہائی ظالم اور سفاک تھے، ان کے مظالم دیکھ کر ہلاکو اور چنگیز خاں بھی رحم دل معلوم ہوتے ہیں، ان ظالموں نے نہتے مسلمانوں کی شہ رگ پر تلوار کی نوک رکھ کر شیخ نجدی کے مشن کو پورا کیا اور دھڑا دھڑ لوگوں کی گردنیں اڑاتے چلے گئے، ان کے اموال کو اپنی ملک اور ان کی آبرو کو لونڈیاں بناتے چلے گئے۔

سعود بن عبد العزیز کی ولی عہدی کے بارے میں ندوی صاحب کہتے ہیں:

امیر عبد العزیز کی شہادت کے بعد اس کا بیٹا سعود امیر مقرر ہوا۔ سعود کے لئے امارات کی بیعت شیخ الاسلام کی زندگی ہی میں ان کی ایماء سے لی جا چکی تھی (2)۔

سردار حسنی اس موضوع پر لکھتے ہیں:

سعود پندرہ برس پیشتر اپنے والد کا جانشین قرار پا چکا تھا، چنانچہ محمد بن عبد الوہاب کی مدد اور عوام کے دوبارہ انتخاب سے سعود امام نجد قرار پایا۔ شیخ محمد عبد الوہاب اب تک زندہ تھے سعود بن عبد العزیز کے کارنامے اور اپنے معتقدات کی اشاعت کو روز افزوں ترقی پر دیکھ رہے تھے۔ سعود نے عرب کے دور دراز صوبوں پر ترکتازیاں کیں اور اپنی سلطنت کو وسیع کیا۔ وہ یمین اور عسیر سے لے کر عمان، الحسا اور ثمار تک پہنچا۔ آخر کار ۱۸۰۱ھ میں وہ بحیثیت فاتحہ مکہ مکرمہ میں داخل ہو گیا، لیکن شیخ محمد بن عبد الوہاب اس واقعہ سے دس برس

1۔ سردار محمد حسنی نے یہی لکھا ہے، لیکن مسعود عالم ندوی نے جو سنین کی فہرس دی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ نجدی، سعود کے جانشین ہونے سے پہلے مر گیا تھا۔ (قادری غفرلہ)

2۔ مسعود عالم ندوی: محمد بن عبد الوہاب، ص ۸۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پیشتر یعنی ۱۷۹۱ء مطابق ۱۲۰۶ھ میں فوت ہوگئے تھے(1)۔

قارئین کرام ہم نے چونکہ اس بات میں صرف شیخ نجدی کی زندگی کے حالات قلمبند کرنے تھے، اس لئے سعود بن عبد العزیز کے تاریخی مظالم پڑھنے کے لئے آئندہ ابواب کا انتظار فرمائیں۔

شیخ نجدی کی موت

ایک نجدی عالم شیخ نجدی کی موت کے بارے میں لکھتے ہیں:

شوال ۱۲۰۶ھ میں ایک بیماری کے عارضہ نے شیخ الاسلام کو بستر علالت پر لٹا دیا، وہ شخص جو زندگی بھر طلباء کے ہجوم میں چہکتا رہا، علمی جواہرات کی بارش برساتا رہا۔ آج ایک خوفناک مرض کے ہاتھوں مجبور ہوکر گھر کے ایک کونے میں پابند ہوگیا تھا۔ ذیقعدہ کے آخری دن ۲۲ جون ۱۷۹۲ء کو علم وعمل کا یہ آفتاب غروب ہوگیا، لیکن ان کی فکری توانائیاں ایمانی قوتوں اور انتھک مساعی نے جغرافیہ عالم میں ایک اسلامی ریاست کا نقشہ اجاگر کر دیا تھا اور نجد کی یہ اسلامی تحریک دن بدن زور پکڑتی جارہی ہے(2)۔

شوکانی کا مرثیہ

شیخ نجدی کی مرگ پر محمد بن علی شوکانی نے مرثیہ لکھا۔ مرثیہ میں درج ذیل اشعار کے تیور دیکھئے کہ جس شخص کی ساری زندگی انبیاء علیہم السلام کی تنقیص کرنے میں گزری، اس کو کس طرح آسمان عقیدت پر پہنچا کر نبی کے متوازی کر دیا ہے(3)۔

امام الهدى ما حى الروى قامع الورىٰ ۔ ومروى الصدى من فيض علم ونائل

لقدمات طور العلم قطب وحى العلا ۔ ومركز ادوار الفحول الافاضل

محمد ذوالمجد الذى عزدركه ۔ وجل مقاما عن طوق المطاول

1۔ سید سردار محمد حسنی، بی اے آنرز: سوانح حیات سلطان ابن سعود، ص ۴۴

2۔ شیخ احمد عبد الغفور عطار: شیخ الاسلام محمد بن عبد الوہاب ص ۱۰۷

3۔ محمد بن علی شوکانی: بحوالہ = = = ۱۰۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

لقد اشرقت نجد بنورضیائه وقام مقامات الهدی بالدلائل

علم کا پہاڑ اونچائیوں کا مرکز فوت ہو گیا ہے، وہ فاضل نادر روزگار علماء کی محفل کا مرکز تھا، ہدایت کا پیشوا ہلاکت آفرینیوں کو ختم کرنے والا، دشمنوں کا قلع قمع کرنے والا، فیضان علم سے پیاسوں کو سیراب کرنے والا تھا جس کا نام محمد جو عظمت والا اونچے ادارک. کا مالک تھا۔ اس کا علمی مقام اتنا بلند کہ کوئی فخر کرنے والا وہاں پہنچنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ تمام نجد کے مضافات اس کے آفتاب کی کرنوں سے روشن ہو چکا ہے اور دلائل کی قوت نے ہدایت کی منزلوں کو پر شکوہ بنا دیا ہے۔

غور فرمایئے جو لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے کسی نفع اور ضرر کی طاقت ماننے کو شرک اور کفر قرار دیتے ہیں۔ وہ کس طرح بے خوفی سے شیخ نجدی کو نفع، ضرر علم اور ہدایت کے آسمان پر پہنچا رہے ہیں۔ فالی اللہ المشتکیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 2

شیخ نجدی کی دعوت
اور اس کی حقیقت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی کی دعوت متعدد نکات پر پھیلی ہوئی ہے، ان تمام پر گفتگو کرنا اس ایک باب میں مکمل نہیں ہے۔ شیخ نجدی نے جس نئے دین کی طرف لوگوں کو دعوت دی اور اس دعوت کے منکرین کو کافر اور واجب القتل قرار دیا۔ اس فتنہ کا رد کرنے کے لئے اسی وقت علماء اسلام اٹھ کھڑے ہوئے تھے اور فتنہ نجدیت کے ظہور سے لے کر آج تک اس فتنہ کے ابطال کے لئے اہل اسلام کے جملہ مکاتب فکر کے علماء نے متعدد کتابیں سپرد قلم کی ہیں، ہم اس باب میں صرف توسل، شفاعت اور استمداد کے تین عنوانوں پر بحث کریں گے۔

توسل

توسل کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے شیخ نجدی لکھتے ہیں:

فان اعداء اللّٰه لهم اعتراضات كثيرة على دين الرسل يصدون بها الناس عنه منها قولهم نحن لا نشرك باللّٰه بل نشهد انه لا يخلق ولا يرزق ولا ينفع ولا يضرا لا اللّٰه وحده لا شريك له وان محمدا عليه السلام لايملك لنفسه نفعا ولا ضرا فضلا عن عبدالقادر اوغيره ولكن انا مذنب والصالحون لهم جاه عند اللّٰه واطلب من اللّٰه بهم. فجوا به بما تقدم و هوان الذين قاتلهم رسول اللّٰه ﷺ مقرون بما ذكرت و مقرون اوثانهم لاتدبر شياء وانما ارادوا الجاه و الشفاعة(1)

دشمنان خدا کے دین رسول پر متعدد اعتراضات ہیں جن کی بناء پر وہ لوگوں کو صحیح دین پہنچانے سے روکتے ہیں، ان میں سے ایک اعتراض یہ ہے کہ دشمنان خدا کہتے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہیں کرتے، بلکہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی خالق ہے، نہ رازق ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نفع دے سکتا ہے اور نہ نقصان پہنچا سکتا ہے اور

1۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ھ، کشف الشبہات ص ۳۱، ۳۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان باتوں میں خدا کا کوئی شریک نہیں ہے اور یہ کہ محمد علیہ السلام بھی اپنی ذات کے لئے کسی نفع ونقصان کے مالک نہیں ہیں، چہ جائیکہ عبدالقادر یا کوئی اور شخص ہو، لیکن میں ایک گنہگار شخص ہوں اور صلحاء، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جاہ اور مرتبہ رکھتے ہیں، پس میں ان کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں۔ پس ان کو وہ جواب دو جو گزر چکا ہے کہ جن لوگوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قتال کیا، وہ بھی انہی چیزوں کا اقرار کرتے تھے اور یہ مانتے تھے کہ جن بتوں کی وہ پرستش کرتے ہیں، وہ کسی چیز کے خالق رازق وغیرہ نہیں ہیں اور وہ ان سے صرف شفاعت اور جاہ کا ارادہ کرتے تھے۔

اس بات کا خلاصہ یہ ہے کہ جو مسلمان انبیاء کرام اور اولیاء عظام کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جاہ عزت اور مرتبہ کے قائل ہیں اور ان کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے ہیں، وہ تمام مسلمان کافر ہیں اور اسی طرح جہاد کرنا واجب ہے جس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ کے ان کافروں اور بت پرستوں سے جہاد کیا تھا جو اپنے بتوں کی اللہ کے ہاں رسائی اور جاہ ومرتبہ کا اعتقاد رکھ کر ان کی عبادت اس لئے کرتے تھے تاکہ ان کے وسیلہ اور شفاعت سے ان کی مرادیں پوری ہوں۔

شیخ نجدی کی یہ عبارت مندرجہ ذیل نکات پر مشتمل ہے۔

1-انبیاء علیہم السلام کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت اور جاہ ثابت نہیں۔

2-انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام کا وسیلہ پیش کر کے دعائیں مانگنا جائز نہیں۔

3-انبیاء علیہم السلام کی عزت اور جاہ کے وسیلہ سے دعا مانگنا کفار سے مماثلت کی وجہ سے کفر ہے۔

توسل میں مسلمانوں اور کفار کا فرق

سب سے پہلے ہم کفار سے مماثلت کے نکتہ پر بحث کرتے ہیں۔

(الف) کفار جن بتوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت اور جاہ کا عقیدہ رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی بارگاہ میں ان کے لئے عزت اور جاہ کے حصول پر کوئی دلیل قائم

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

نہیں فرمائی، اس کے برخلاف انبیاء کے لئے اس مرتبہ کے حصول پر دلیل قائم فرمائی ہے۔

(ب) کفار بتوں کے بارے میں نفع پہنچانے اور ضرر دینے کا اعتقاد رکھتے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بتوں کو یہ طاقت اصلاً عطا نہیں فرمائی۔ اس کے برخلاف انبیاء کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے یہ قدرت عطا فرمائی ہے ان دونوں امروں کی ہم انشاء اللہ عنقریب بادلائل وضاحت کریں گے۔

کفار جو بتوں کے بارے میں عزت وجاہ اور نفع وضرر کا عقیدہ رکھتے تھے، ان کے رد میں اللہ تعالیٰ کفار کے بارے میں حضرت ہود علیہ السلام کا قول نقل فرماتا ہے۔

اَتُجَادِلُوْنَنِیْ فِیْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّیْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ (اعراف:71)

(کیا تم مجھ سے جھگڑا کرتے ہو، ان اسماء کے بارے میں جن کے تم نے اور تمہارے باپ دادا نے نام رکھ لئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی اس حیثیت پر کوئی دلیل قائم نہیں فرمائی۔

علامہ ابن کثیر اس آیت کریمہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ای اتحا جونی فی هٰذه الاصنام التی سمیتموها انتم وآباؤکم الهة ولا تضر ولا تنفع ولا جعل الله لکم عبادتها حجة ولا دلیلا (1)

کیا تم مجھ سے ان بتوں کے بارے میں جھگڑا کرتے ہو جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے معبود مان لیا ہے جو نہ نفع دینے کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ ضرر کی اور نہ اللہ تعالیٰ نے ان کی عبادت پر کوئی حجت اور دلیل قائم کی ہے۔

علامہ ابن کثیر کی اس تفسیر سے واضح ہو گیا کہ کفار کا بتوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت وجاہ اور نفع اور ضرر کی طاقت کو ثابت کرنا بلا دلیل تھا۔

مسلمانوں کے انبیاء کرام سے توسل کرنے میں اور کفار کے عمل میں دوسرا فرق یہ ہے

1۔ حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیر القرشی، متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۲، ص ۲۲۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ مسلمان باوجود یہ ماننے کے کہ انبیاء کرام کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت وجاہ حاصل ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو نفع اور ضرر کی قدرت عطا کی ہے، یہ اعتقاد رکھتے ہیں، مستحق عبادت صرف اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہ لاشریک ہے، وہ انبیاء اور اولیاء کو مستحق عبادت یا الہ نہیں قرار دیتے، بلکہ اس عقیدے کو کفر قرار دیتے ہیں۔ اس کے برخلاف کفار بتوں کو نہ صرف یہ کہ بلا کسی دلیل کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صاحب عزت وجاہت اور نافع اور ضار مانتے ہیں، بلکہ ان کو مستحق عبادت سمجھتے ہیں اور برملا ان کو الہ کہتے ہیں اور خدا کا شریک ٹھہراتے ہیں، چنانچہ علامہ ابن کثیر کی تفسیر سابق سے بھی یہ بات واضح ہو چکی ہے اور ہم اس کے ثبوت میں قرآن کریم کی ایک نص قطعی پیش کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَالَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ۘ مَانَعْبُدُھُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَآ اِلَی اللّٰہِ زُلْفٰی (الزمر:3)

اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے مددگار بنا رکھے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم ان بتوں کی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ یہ ہم کو اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیں۔

اس آیت سے واضح ہو گیا کہ کفار بتوں کے ساتھ جو کچھ معاملہ کرتے تھے، وہ عبادت کے عنوان سے کرتے تھے اور ان کو اپنا مستحق عبادت سمجھتے تھے اور یہ سب باتیں بلا دلیل ہیں۔

اور مسلمان جو انبیاء کرام کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت وجاہ کا عقیدہ رکھتے ہیں، اس پر بھی قرآن کریم میں دلیل موجود ہے، ان کو خدا کی دی ہوئی طاقت سے نافع اور ضار سمجھتے ہیں، اس پر بھی قرآن کریم میں حجت موجود ہے اور ان کے توسل سے جو دعائیں مانگتے ہیں، تو ان کو معبود یا مستحق عبادت یا خدا کا شریک سمجھ کر نہیں، بلکہ خدا کا عبد مقرب سمجھ کر ان کے وسیلہ سے دعائیں کرتے ہیں اور اس پر بھی قرآن کریم میں دلیل موجود ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

انبیاء علیہم السلام کی بارگاہ الوہیت میں وجاہت

آیئے اب اس امر پر غور کرتے ہیں کہ انبیاء کرام کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عزت و وجاہت حاصل ہے یا نہیں؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ (الاحزاب)

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ذو وجاہت تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں فرماتا ہے:

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (آل عمران:45)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام، اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا اور آخرت دونوں میں ذو وجاہت ہیں۔

اور حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وجاہت کا اندازہ ان آیات سے لگایئے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ (الانبیاء)

اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا، مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر

انبیاء سابقین علیہم السلام کے زمانہ میں کوئی قوم کفر و شرک کو نہ چھوڑتی، تو اس پر عذاب آ جاتا، مگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتبہ اور مقام ظاہر کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ (الانفال:33)

اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ کافروں پر عذاب بھیجے، جبکہ آپ ان میں موجود ہیں۔

جب آپ کی خواہش ہوئی کہ کعبہ کو قبلہ بنا دیا جائے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا (البقرہ:144)

بلاشبہ ہم دیکھ رہے ہیں، ہم البتہ ضرور اسی قبلہ کی طرف آپ کا منہ پھیر دیں گے جس کی طرف منہ کرنے پر آپ راضی ہیں۔

تمام مسلمانوں کا نماز پڑھنے سے یہ مقصد ہوتا ہے کہ خدا راضی ہو جائے لیکن حضور اکرم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ﷺ سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، آپ اس لئے نماز پڑھیں تاکہ آپ خدا سے راضی ہو جائیں۔ارشاد فرمایا:

فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ (طٰہٰ)

آپ صبح وشام نماز پڑھا کیجئے تاکہ آپ خدا تعالیٰ سے راضی ہو جائیں۔

ان آیات کے نزول کو دیکھ کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تھا:

ما اری ربک الا یسارع فی ہواک (1)

میں آپ کے رب کو نہیں پاتی ،مگر اس حال میں کہ وہ آپ کی خواہش پوری کرنے میں بہت جلدی کرتا ہے۔

یہ چند آیات تو دنیا میں وجاہت کے بارے میں تھیں۔اب حضور اکرم ﷺ کی آخرت میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک وجاہت ملاحظہ فرمائیں:

عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ (بنی اسرائیل)

قریب ہے کہ رب تعالیٰ آپ کو مقام محمود عطا فرمائے گا۔

نیز فرمایا:

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿۵﴾ (الضحیٰ)

عنقریب آپ کا رب تعالیٰ آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

آیئے اب احادیث صحیحہ کی روشنی میں حضور اکرم ﷺ کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وجاہت ملاحظہ کیجئے:

قال رسول اللہ ﷺ انا سید ولد ادم یوم القیامۃ ولا فخر و بیدی لواء الحمد ولا فخر و ما من نبی یومئذ اٰدم فمن سواہ الا تحت لوائی (ترمذی)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سید (سردار) ہوں

1۔محمد بن اسماعیل البخاری، المتوفی ۲۵۶ھ،صحیح بخاری ج ۲،ص ۷۶۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

گا اور مجھے اس پر فخر نہیں، حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا اور مجھے اس پر فخر نہیں۔ آدم اور ان کے ماسوا تمام انبیاء اور رسل میرے ہی جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔

ایک اور حدیث میں فرمایا:

الا وانا حبیب اللّٰہ ولا فخر وانا حامل لواء الحمد یوم القیامة تحته ادم فمن دونه ولا فخر وانا اول شافع واول مشفع یوم القیامة ولا فخر وانا اول من یحرک حلق الجنة فیفتح اللّٰہ لی فید خلنیها ومعی فقراء المؤمنین ولا فخر وانا اکرم الاولین والاخرین علی اللّٰہ ولا فخر (ترمذی)

یاد رکھو! میں اللہ کا محبوب ہوں اور مجھے اس پر فخر نہیں اور روز قیامت حمد کا جھنڈا اٹھاؤں گا، آدم اور ان کے ماسوا تمام نبی میرے جھنڈے تلے ہوں گے اور مجھے اس پر فخر نہیں، میں ہی سب سے پہلے شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول ہوگی اور مجھے اس پر فخر نہیں اور سب سے پہلے میں جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا اور اللہ میرے لئے جنت کا دروازہ کھول دے گا اور میرے ساتھ فقراء مومنین ہوں گے اور مجھے اس پر فخر نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک میں تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت و وجاہت والا ہوں اور مجھے اس پر فخر نہیں ہے۔

ان دلائل کو پڑھنے کے بعد کیا کوئی شقی القلب یہ کہہ سکتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو بالعموم اور حضور اکرم ﷺ کو بالخصوص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی عزت و وجاہت اور کوئی مرتبہ اور مقام حاصل نہیں ہے اور کس قدر بدنصیب شخص ہے۔ جو یہ کہتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور بت دونوں اس بات میں برابر ہیں کہ دونوں کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی عزت و وجاہت حاصل نہیں ہے۔ کیا یہ لوگ بتوں کی عزت اور شان میں بھی ایسی آیات اور احادیث دکھا سکتے ہیں، حتیٰ کہ دونوں کو ایک پلڑے میں رکھا جا سکے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے نفع اور نقصان کی طاقت عطا کی ہے

جس دوسرے نکتہ پر شیخ نجدی نے بحث کی ہے۔ وہ یہ ہے کہ نہ بتوں کو نفع و نقصان پہنچانے کی قدرت حاصل ہے اور نہ انبیاء کو اور دونوں فریق اس امر میں مساوی ہیں۔ آیئے دیکھیں اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو نفع اور نقصان پہنچانے کی قدرت دی ہے یا نہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں فرماتا ہے:

اِنَّكَ لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۲﴾ (الشوریٰ)

بلاریب آپ یقیناً صراط مستقیم کی طرف لوگوں کو ہدایت دیتے ہیں۔

ما نقمروا الاان اغنا هم الله و رسوله من فضله(1)

ان منافقین کو نہ برا لگا، مگر یہ کہ اللہ اور اس کے رسول نے مسلمانوں کو اپنے فضل سے غنی کر دیا۔

زید بن حارثہ کے بارے میں فرمایا:

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ (الاحزاب: 37)

اللہ نے بھی زید بن حارثہ پر انعام فرمایا اور آپ نے بھی انعام کیا۔

ان تین آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین وصف ذکر فرمائے ہیں۔ ہدایت دینا، غنی کرنا، انعام فرمانا۔ اب کوئی بتائے کہ اگر ہدایت دینا، غنی کرنا اور انعام سے سرفراز کرنا، نفع پہنچانا نہیں ہے تو اور کس بلا کا نام نفع پہنچانا ہے اور آیئے اب دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو ضرر پہنچانے کی قدرت دی ہے یا نہیں؟

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۶۱﴾ (التوبۃ)

جو لوگ رسول اللہ کو تکلیف دیتے ہیں، ان کو دردناک عذاب ہوگا۔

ایک اور مقام پر فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ

1۔ اس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فضل کہنا بھی جائز ہے۔ (تابش قصوری)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا﴿۵۷﴾ (الاحزاب)

بلاریب جولوگ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا دیتے ہیں، ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے رسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اور اس سے بھی زیادہ وضاحت اس حدیث میں ملاحظہ فرمائیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے ابوجہل اور دیگر صنادید قریش آس پاس بیٹھے تھے، ان میں سے کسی نے کہا، فلاں شخص کے ہاں اونٹنی ذبح ہوئی ہے اس کی آلائش (جیلی) کوئی شخص لے آئے اور جب یہ سجدے میں جائیں، تو ان کی پشت پر رکھ دی جائے۔ پس سب سے زیادہ بدنصیب شخص (عقبہ بن ابی معیط) اٹھا اور عین سجدہ کی حالت میں حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت مبارک پر وہ آلائش رکھ دی۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنی صغر سنی کے باعث کچھ نہ کر سکے اور خبثاء ایک دوسرے کو دیکھ کر اشارے کرتے اور مذاق اڑاتے، حتیٰ کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فداہا نفسی وابی وامی تشریف لائیں اور کمال بے جگری سے وہ آلائش اٹھا کر پھینکی اور کفار کو برا بھلا کہا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز سے فارغ ہو کر ان کافروں کا نام لے لے کر ان کی ہلاکت کی دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا: اے اللہ ابوجہل کو ہلاک کر، عتبہ بن ربیعہ کو ہلاک کر، شیبہ بن ربیعہ کو ہلاک کر، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف کو ہلاک کر اور عقبہ بن ابی معیط کو ہلاک کر۔ راوی کہتا ہے ساتواں ایک اور نام لیا تھا جو مجھے یاد نہ رہا (وہ عمارہ بن ولید بن مغیرہ تھا) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں قسم ہے اس رب ذوالجلال کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جن تمام لوگوں کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نام لیا تھا۔ میں نے ان سب کو بدر کے کنوئیں میں بے جان اوندھا پڑے ہوئے دیکھا تھا (1)۔

1۔ محمد بن اسماعیل البخاری، المتوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱، ص ۳۸، ۳۷

کیا اس صریح حدیث کے بعد بھی شیخ نجدی کے متبعین یہ کہیں گے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے مخالفین کو ضرر پہنچانے کی قدرت عطا نہیں کی؟ ان دلائل کو پیش کرنے کے بعد ہم شیخ نجدی کے متبعین سے پوچھتے ہیں کہ کیا بتوں کو بھی اللہ تعالیٰ نے نفع وضرر کی ایسی ہی طاقت دی ہے، کیا ان کے بارے میں نفع پہنچانے اور ضرر دینے کے بارے، میں بھی اسی قسم کی احادیث وارد ہوئی ہیں۔ پھر شیخ نجدی کا عدم نفع وضرر میں انبیاء علیہم السلام اور بتوں کو ایک پلڑے میں رکھنا، حق ہے یا باطل، کفر ہے یا ایمان، تعصب ضد اور عناد چھوڑ کر اپنے ضمیر سے سوال کیجئے اور دیکھئے اگر آپ کے ضمیر میں زندگی ہے تو وہ کیا جواب دیتا ہے؟

جب یہ حقیقت ظاہر ہوگئی کہ انبیاء کرام کو اللہ تعالیٰ نے اپنی بارگاہ اقدس میں عزت اور مقام جاہ اور مرتبہ بھی دیا ہے اور ان کو نفع اور نقصان کی طاقت بھی دی ہے تو آیئے اب دیکھیں کہ ان کے وسیلہ سے دعا مانگنے کے لئے قرآن کریم میں ہدایت ہے یا نہیں۔

اللہ کریم قرآن مجید میں فرماتا ہے:

وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَلَمَّا جَاءَهُمْ مَا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ ۚ فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿٨٩﴾ (البقرہ)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے یہود کفار سے مقابلہ اور جنگ کی صورت میں حضور کا وسیلہ لے کر اللہ تعالیٰ سے فتح کی دعا کیا کرتے تھے۔ اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے تو انہوں نے حضور کو نہ پہچانا اور آپ کا کفر اور انکار کیا پس اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو کفار پر۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ سے دعا مانگنے پر یہود کو ملامت نہیں کی، بلکہ حضور کے وسیلہ سے دعا مانگنے پر ان کو کفار کے خلاف فتح پر فتح عطا فرماتا رہا، البتہ جب انہوں نے اللہ کریم کے اس انعام کے باوجود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے بعد آپ پر ایمان لانے سے انکار کر دیا، تو اللہ تعالیٰ نے ان کی مذمت کی اور ان پر لعنت فرمائی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضور اکرم ﷺ کے وسیلہ سے دعا مانگنے کے بارے میں اس آیت کریمہ کی تفسیر میں چند حوالے ملاحظہ ہوں۔ علامہ ابن کثیر اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

عن ابن عباس ان یھودا کانو ایستفتحون علی الاوس و الخررج برسول اللہ ﷺ قبل مبعثه فلما بعثه اللہ من العرب، کفروا به وحجدوا ما کانوا یقولون فیه ، فقال لھم معاذ بن جبل و بشر بن البراء بن معرور وداؤد بن سلمة یا معشر یھود اتقوا اللہ واسلموا فقدکنتم تستفحون علینا بمحمد ﷺ ونحن اھل الشرک و تخبروننا بانه، مبعوث و تصفونه بصفته فقال سلام بن مشکم اخوبنی النضیر ماجاء نا بشیء نعرفه وما ھو الذی کنا نذکر لکم فانزل اللہ فی ذلک من قولھم(1)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کی بعثت سے پہلے حضور اکرم ﷺ کے وسیلہ سے اوس اور خزرج کے خلاف فتح کی دعائیں کرتے تھے۔ جب حضور اکرم ﷺ مبعوث ہوئے تو انہوں نے آپ کی نبوت کا انکار کیا اور حضور اکرم ﷺ کے توسل سے مانگی ہوئی سابقہ دعاؤں کا انکار کر دیا تو معاذ بن جبل، بشر بن براء اور داؤد بن سلمہ نے کہا: اے جماعت یہود خدا سے ڈرو اور اسلام لے آؤ جب ہم مشرک تھے، تو تم ہمارے خلاف حضور کے وسیلہ سے دعائیں مانگا کرتے تھے اور ہم کو بتلایا کرتے تھے کہ حضور اکرم ﷺ عنقریب مبعوث ہوں گے اور حضور کی ایسی صفات ہوں گی، اس کے جواب میں یہودیوں کے قبیلہ بنی نضیر سے سلام بن مشکم نے کہا کہ حضور ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں لائے جس کو ہم پہنچانتے ہوں، یہ وہ نبی نہیں ہیں جن کا ہم تم سے ذکر کیا کرتے تھے، تو اللہ تعالیٰ نے ان

1۔ حافظ اسماعیل بن کثیر، متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۱۲۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے رد میں یہ آیت نازل فرمائی۔

علامہ رازی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ان الیھود من قبل مبعث محمد علیه السلام و نزول القران کانوا یستفتحون ای یسئلون الفتح و النصرة و کانو ایقولون اللّٰھم افتح علینا و انصرنا بالنبی الامی(1)

حضور اکرم ﷺ کی بعثت اور نزول قرآن سے پہلے یہود حضور اکرم ﷺ کے توسل سے دعائیں مانگتے تھے اور یوں کہتے تھے اے اللہ نبی امی کے توسل سے ہم کو فتح اور نصرت عطا فرما! یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے۔

اور علامہ آلوسی علیہ الرحمہ نے یہود کی دعا کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

اللّٰھم انا نسئلک بحق نبیک الذی و عدتنا ان تبعثه فی اخر الزمان ان تنصرنا الیوم علی عدونا فینصرون(2)

اے اللہ ہم تجھ سے تیرے اس نبی کی جاہ اور حرمت کے وسیلہ سے سوال کرتے ہیں جس کی آخری زمانہ میں بعثت کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ تو ہمیں ہمارے دشمنوں کے خلاف مدد عطا کر، پس ان کو مدد دی جاتی۔

قرآن کریم کی آیات مبارکہ اور مفسرین کرام کے ان حوالوں سے ثابت ہو گیا کہ حضور اکرم ﷺ کے توسل سے دعا مانگنا جائز ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس مقام پر یہ شبہ کیا جائے کہ یہ حضور اکرم ﷺ کی بعثت سے قبل کا واقعہ ہے۔ تو ہم قارئین کرام کی خدمت میں حدیث شریف سے دو حوالے پیش کرتے ہیں جن سے ظاہر ہو جائے گا کہ حضور اکرم ﷺ کی بعثت کے بعد آپ کی حیات مبارکہ میں اور حضور اکرم ﷺ کے وصال کے بعد ہم دو صورتوں میں حضور ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے دعائیں مانگنا جائز ہے۔

1۔ امام فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ، تفسیر کبیر ج ا ص ۶۰۴

2۔ السید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی، ج ا ص ۲۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

توسل کا ثبوت احادیث سے

قرآن کریم کی آیہ مبارکہ اور اس کی تفسیر میں مستند مفسرین کے حوالوں کے بعد توسل کے ثبوت میں دو حدیثیں ملاحظہ ہوں۔

امام ابن ماجہ اپنی سنن میں اور امام ترمذی اپنی جامع میں بیان فرماتے ہیں:

عن عثمان بن حنیف ان رجلا ضریرا لبصراتی النبی ﷺ فقال، ادع الی اللّٰہ لی ان یعا فینی فقال ان شئت اخرت لک وھو خیروان شئت دعوت فقال الدعه فامره ان یتوضؤ فیحسن وضوئه ویصلی رکعتین و یدعو بھذا الدعا اللّٰھم انی اسئلک واتوجھه الیک بمحمد نبی الرحمة یا محمد انی قد توجھت بک الی ربی فی حاجتی ھذه لتقضی اللّٰھم فشفعه فی قال ابواسحق ھذا حدیث صحیح(1) (وقال الترمذی ھکذاحسن صحیح)

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک نابینا شخص حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ مجھے عافیت دے۔ آپ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو اس کو ملتوی رکھوں اور یہ زیادہ بہتر ہے اور اگر تم چاہو تو دعا کردوں۔ اس نے عرض کیا دعا ہی کر دیجئے۔ آپ ﷺ نے اس کو حکم دیا جا کر اچھی طرح وضو کرو، دو رکعت نماز پڑھو اور اس طرح دعا مانگو اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیرے حضور محمد نبی رحمت ﷺ کے توسل سے متوجہ ہوتا ہوں تا کہ میری یہ حاجت پوری ہو۔ اے اللہ تو حضور ﷺ کی میرے بارے میں شفاعت قبول فرما (ابن ماجہ کہتے ہیں) ابو اسحٰق نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے اور امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اس حدیث سے حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ میں توسل کا صراحۃً جواز ثابت ہوا

1۔ ابوعبداللہ یزید ابن ماجہ، متوفی ۲۷۳ھ، سنن ابن ماجہ، ص ۹۹، ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی، متوفی ۲۷۹، جامع۔ ترمذی ص ۵۱۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور چونکہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی زندگی کے ساتھ مقید نہیں فرمایا، اس لئے یہ اپنے عموم اور اطلاق کے اعتبار سے بعد الوصال توسل پر بھی دلالت کرتی ہے۔ نیز امام بیہقی نے عثمان بن حنیف کی اسی روایت کے تحت بیان فرمایا ہے کہ حضرت عثمان بن عفان کے دور خلافت میں ایک شخص کی حاجت پوری نہیں ہوتی تھی، تو انہوں نے اس کو یہی دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی، چنانچہ علامہ سبکی بیہقی کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں:

عن عثمان بن حنیف ان رجلا کان یختلف الی عثمان بن عفان رضی اللّٰہ عنہ فی حاجة له فکان عثمان لا یلتفت الیه لا ینصر فی حاجة فلقی ابن حنیف فشکا ذلک الیه فقال له عثمان بن حنیف ایت المیضاة فتوضا ثم ایت المسجد فصل فیه رکعتین ثم قل اللهم انی اسئلک واتوجه الیک بنبینا محمد ﷺ نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربک فیقضی حاجتی و تذکر حاجتک الحدیث(1)

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار خلافت میں کسی کام سے جاتا تھا، وہ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے، اس کی عثمان بن حنیف سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ جا کر وضو کرو، پھر مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو، پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں محمد نبی رحمت ﷺ کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں، اے محمد میں آپ کے وسیلہ سے اللہ کی بارگاہ میں اپنی اس ضرورت کے پورے ہونے کے لئے متوجہ ہوتا ہوں، پھر تم اپنی حاجت کا ذکر کرنا۔الخ

صحابہ سے لے کر آج تک امت مسلمہ کے تمام اکابر اور مستند علماء اور فقہاء اسلام جواز

۹۔ شیخ تقی الدین سبکی، شفاء السقام ۱۶۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

توسل کے قائل رہے ہیں اور اس پر ان کا عمل رہا ہے۔ اگر ہم ان کے تفصیل وار حوالے پیش کریں تو بحث طویل ہو جائے گی، تاہم اس اجمال سے یہ بات بہرحال ظاہر ہو جاتی ہے کہ شیخ نجدی نے وسیلہ سے دعا مانگنے کو کفر قرار دے کر تمام امت مسلمہ کو کافر قرار دیدیا۔

شفاعت

جمہور امت مسلمہ کا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے مطلقاً شفاعت کا اذن دے دیا ہے۔ اور اب کسی کی شفاعت کرنے کے لئے حضور ﷺ کو اذن خاص کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ حضور اکرم ﷺ کو گنہگار افراد امت کے لئے شفاعت کا حکم دیا گیا ہے اور حضور اکرم ﷺ سے آپ کی حیات مقدسہ میں اور بعد از وصال ہر دو صورتوں میں شفاعت طلب کرنا جائز ہے، جائز ہی نہیں بلکہ سعادت ہے۔

اس کے برخلاف شیخ نجدی کا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو شفاعت کا مرتبہ دیا گیا ہے، لیکن حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے مخصوص اذن کے بغیر کسی شخص کی شفاعت نہیں کر سکتے اور حضور اکرم ﷺ سے شفاعت طلب کرنا صرف ممنوع ہی نہیں بلکہ کفر ہے، جس کے بعد شفاعت طلب کرنے والے کا قتل کرنا اور اس کا مال لوٹنا مباح ہو جاتا ہے۔

مسئلہ شفاعت میں شیخ نجدی کا موقف اور اس کا بطلان

اجمالی طور پر ہم سطور سابقہ میں مسئلہ شفاعت میں شیخ نجدی کا موقف بیان کر چکے، اب ہم ان کی اپنی تصریحات سے اس مسئلہ کو بیان کرتے ہیں:

ولا یشفع فی احد الا من بعد ان یاذن اللہ فیه (1)

اور اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر کوئی شخص کسی کے لئے شفاعت نہیں کر سکے گا۔

ولا یشفع النبی ﷺ ولا غیرہ فی احد حتی یاذن اللہ فیه (2)

اور حضور اکرم ﷺ نہ کوئی اور شخص اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر کسی کے لئے شفاعت

1۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ — کشف الشبہات ص ۳۶

2۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ — کشف الشبہات ص ۳۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کر سکے گا۔

فان قال النبی ﷺ اعطی الشفاعة وانا اطلبه مما اعطاه اللّٰہ فالجواب ان اللّٰہ اعطاه الشفاعة ونهاک عن هذا فقال فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا افاذا کنت تدعو اللّٰہ ان یشفع نبیه فیک فاطمه فی فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا وایضا فان الشفاعة اعطیها غیر النبی ﷺ فصح ان الملائکة یشفعون والا ولیاء یشفعون والافراط یشفعون اتقول ان اللّٰہ اعطا هم الشفاعة فاطلبها منهم ان قلت هکذا رجعت الی عبادة الصالحین التی ذکر اللّٰہ فی کتابه وان قلت لا بطل قولک اعطاه اللّٰہ الشفاعة وانا اطلبه مما اعطاه اللّٰہ (1)

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ حضور اکرم ﷺ کو شفاعت دی گئی ہے، اس لئے میں آپ سے اس شفاعت کو طلب کرتا ہوں جو آپ کو اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کو عطا کی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو شفاعت عطا کی ہے اور تم کو حضور سے شفاعت طلب کرنے سے روک دیا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کی عبادت نہ کرو۔ علاوہ ازیں حضور کے علاوہ فرشتے، اولیاء اور کمسن بچے بھی شفاعت کریں گے، تو کیا تم یہ کہو گے کہ ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے شفاعت عطا کر دی اور میں ان سے شفاعت طلب کرتا ہوں، تو یہ صالحین کی عبادت کے مترادف ہے یا یہ کہو گے کہ نہیں تو تمہارا یہ قول باطل ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور انور ﷺ کو شفاعت عطا کی ہے اور میں آپ سے اس شفاعت کو طلب کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے۔

شیخ نجدی کا یہ قول بوجوہ باطل ہے:

(الف) شیخ نجدی کا یہ قول بلا دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور سے شفاعت طلب

1۔ محمد بن عبد الوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ کشف الشبہات ص ۳۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کرنے سے منع کر دیا ہے۔ قرآن وحدیث میں کوئی نص نہیں ہے جس کا منادیہ ہے کہ حضور سے شفاعت نہ طلب کی جائے۔ شیخ نجدی نے اپنے دعوے کے ثبوت میں جو آیت پیش کی ہے۔ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا (الجن:18) اس کا شفاعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کرو اور شفاعت طلب کرنا عبادت نہیں ہے، ورنہ حضور اکرم ﷺ کی حیات میں آپ سے شفاعت طلب کرنا اور عرصہ محشر میں انبیاء کرام سے شفاعت طلب کرنا بھی عبادت قرار پا کر ممنوع ہوتا اور شفاعت کی یہ قسم نہ صرف یہ کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے، بلکہ شیخ نجدی کو بھی تسلیم ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

فاستغاثتهم بالانبياء يوم القيامة يريدون منهم ان يدعوا الله ان يحاسب الناس حتى يستريح اهل الجنة من كرب الموقف وهذا جائز في الدنيا و الاخرة و ذلك ان تاتي عند رجل صالح حي يجا لسلك و يسمع كلامك فتقول ادع الله لي كما كانوا اصحاب رسول الله ﷺ يسألونهٗ ذلك في حياته واما بعد موته فحاشا كلاانهم سألوه ذلك عند قبره بل انكر السلف الصالح على من قصد دعاء الله عند قبره فكيف دعاؤه بنفسه(1)

مخلوق کا عرصہ محشر میں انبیاء کرام سے مدد طلب کرنا اس پر محمول ہے کہ وہ ان سے عرض کریں گے، کہ انبیاء کرام اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان سے جلدی حساب لے لے اور حشر کی تکلیفوں سے نجات ملے اور یہ دنیا اور آخرت دونوں میں جائز ہے۔ بایں طور کہ تو کسی نیک شخص کے پاس جا کر دعا کی درخواست کرے جو تیری مجلس میں ہو اور تیرا کلام سن رہا ہو جس طرح حضور کے صحابہ حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں آپ سے دعا کی درخواست کرتے تھے، لیکن آپ کے وصال کے بعد ہرگز ہرگز کسی صحابی سے ثابت نہیں

1۔ محمد بن عبدالوہاب، متوفی ۱۲۰۶ھ، کشف الشبہات، ص ۵۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہے کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر پر جا کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی، چہ جائیکہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دعا کی درخواست کی ہو۔

سوال یہ ہے کہ اگر حضور علیہ السلام یا دیگر انبیاء سے شفاعت طلب کرنا غیر اللہ کی عبادت ہے تو وہ حضور کی حیات ظاہری میں دنیا اور آخرت میں کیونکر جائز ہوگی۔ ثانیاً یہ کہ قرآن کریم کی جس آیت سے شیخ نجدی نے استدلال کیا ہے فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا (الجن:18) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کی عبادت نہ کرو) اس میں عموم اور اطلاق ہے، اس کو قبر کے ساتھ مقید کرنے پر کونسی صریح آیت یا صحیح حدیث شیخ نجدی نے پیش کی ہے، جبکہ شیخ نجدی کا مدعا یہ ہے کہ قبر پر جا کر انبیاء اور اولیاء سے شفاعت کی درخواست نہیں کرنی چاہئے۔ اس آیت میں کونسا لفظ قبر پر دلالت کرتا ہے جس کے سبب شیخ نجدی نے اس آیت کو قبر سے شفاعت طلب کرنے کے منع پر محمول کیا ہے۔

نیز شیخ نجدی کا یہ کہنا کہ اس شخص سے دعا کی درخواست کی جائے جو زندہ ہو اور طالب شفاعت کا کلام سن رہا ہو تو گزارش ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں چنانچہ صحیح حدیث مسلم شریف میں ہے کہ شب معراج حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر سے گزر ہوا، تو آپ نے دیکھا کہ وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے نیز خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات وسماع کے بارے میں ابن قیم جوزیہ طبرانی اور ابن ماجہ کے حوالے سے حدیث ذکر کرتے ہیں:

عن ابی الدرداء قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثروا الصلوۃ علی یوم الجمعۃ فانہ یوم مشھود و تشھدہ الملائکۃ، لیس من عبد یصلی علی الابلغنی صوتہ حیث کان قلنا و بعد وفا تک قال و بعد و فاتی ان اللّٰہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد(1) الانبیاء(2)

1۔ شمس الدین محمد ابی بکر ابن قیم جوزیہ، متوفی ۷۵۱ھ، جلاء الافہام ص ۶۳

2۔ اس حدیث کی سند کی تحقیق کے لئے ذکر بالجہر تصنیف علامہ سعیدی ج ص ۲۲۸ تا ۲۳۳ ملاحظہ فرمائیں، (قادری غفرلہ) مطبوعہ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ لوہاری دروازہ لاہور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھا کرو، کیونکہ یہ وہ دن ہے جس میں فرشتے آتے ہیں۔کوئی شخص مجھ پر درود نہیں پڑھتا، مگر اس کی آواز مجھے پہنچتی ہے، خواہ وہ کہیں بھی ہو ہم نے عرض کیا، آپ ﷺ کی وفات کے بعد بھی فرمایا: ہاں وفات کے بعد بھی اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کرام کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔

اور اولیاء کرام کی قبر میں حیات اور ان کے سماع کے لئے ابن کثیر کی یہ روایت ملاحظہ فرمائیں۔

وقد ذکر الحافظ ابن عساکر فی ترجمة عمرو بن جامع من تاریخه ان شابا کان یتعبد فی المسجد فھویته امرائة فدعته الی نفسھا فمازالت به حتی کادبه یدخل معھا المنزل فذکرہ ھذہ الایة اِنَّ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّھُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیۡطٰنِ تَذَکَّرُوۡا فَاِذَا ھُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ فخر مغیشا علیه ثم افاق فاعادھا فمات فجاء عمر...... عمراباہ وکان قددفن لیلا فذھب فصلی علی قبرہ بمن معه ثم ناداہ عمر فقال یا فتی وَلِمَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ فاجابه الفتی من داخل القبر یا عمر قد اعطانیھا ربی عزوجل فی الجنة مرتین(1)

حافظ ابن عساکر نے عمرو بن جامع کی سوانح بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک نوجوان مسجد میں عبادت کرتا تھا اس پر ایک عورت فریفتہ ہو گئی اور اس کو ہمیشہ اپنے گھر آنے کی دعوت دیتی رہی حتیٰ کہ ایک دن وہ نوجوان اس کے گھر چلا گیا۔ ناگاہ اس کو یہ آیت یاد آئی اِنَّ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّھُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیۡطٰنِ تَذَکَّرُوۡا فَاِذَا ھُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ ۝۲۰۱ (2)

1۔ حافظ اسماعیل بن کثیر متوفی ۷۷۴ھ: تفسیر ابن کثیر ج ۲، ص ۲۷۹

2۔ جو لوگ متقی ہوتے ہیں جب ان کو کوئی شیطانی طائفہ چھیڑتا ہے، تو انہیں خدا یاد آ جاتا ہے اور وہ فوراً ہوشیار ہو جاتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(الاعراف) وہ خونِ خدا سے بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ ہوش میں آنے کے بعد اس نے دوبارہ اسی آیت کو پڑھا اور بے ہوش ہو گیا اور پھر فوت ہو گیا۔ اسی رات کو اسے دفن کر دیا گیا۔ حضرت عمر نے اس کے باپ سے تعزیت کی اور اس کی قبر پر دعا کرنے کے بعد فرمایا: اے نوجوان جو شخص خدا کے خوف سے فوت ہوا اس کو دو جنتیں ملتی ہیں۔ نوجوان نے قبر کے اندر سے جواب دیا مجھے اللہ عزوجل نے جنت دو مرتبہ عطا فرمادی۔

شیخ نجدی نے صالحین سے دعا کرانے کا جو خود ساختہ معیار مقرر کیا تھا۔ اس معیار کے مطابق بھی انبیاء اور اولیاء کی قبور پر ان سے دعا کی درخواست کرنے کا جواز ثابت ہو گیا۔ کیونکہ ابن کثیر اور ابن قیم جوزیہ نے یہ صراحت کی ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور اولیائے کرام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں، زائرین کا کلام سنتے ہیں اور اگر کوئی ان کی بات سننے والے کان رکھتا ہو تو اس کو جواب بھی دیتے ہیں۔ رہا شیخ نجدی کا یہ کہنا کہ پھر اولیاء کرام وغیرہ ہم سے بھی طلب شفاعت کرنی چاہئے، ورنہ حضور ﷺ سے بھی طلب شفاعت باطل ہے، تو یہ شیخ نجدی کی خود فریبی ہے، اہل اسلام ہمیشہ سے انبیاء علیہم السلام کے علاوہ اولیاء کرام سے بھی اپنی دینی اور دنیاوی مشکلات میں شفاعت طلب کرتے ہیں۔

اہل اسلام کا شفاعت میں مسلک

اہل اسلام کے نزدیک حضور نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا اذن مطلق دے دیا ہے، بلکہ امت کے گنہگار افراد کے لئے شفاعت کا حکم دیا ہے۔ صحابہ کرام نے حضور اکرم ﷺ سے آپ کی زندگی میں شفاعت کی درخواست کی اور وصال کے بعد عہد صحابہ میں لوگوں نے حضور اکرم ﷺ سے درخواست کی اور حضور اکرم ﷺ سے شفاعت کو طلب کرنا آج تک اہل اسلام کا معمول ہے۔

شفاعت کا اذن مطلق

حضور اکرم ﷺ کو شفاعت کا اذن مطلق دے دیا گیا ہے۔ اس کے ثبوت میں یہ حدیث ملاحظہ فرمائیں۔ امام بخاری علیہ الرحمہ اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عن جابر بن عبد اللّٰہ ان النبی ﷺ قال اعطیت خمسالم یعطھن احد قبلی نصرت بالرعب مسیرۃ شھر و جعلت لی الارض مسجد اوطھورا فایما رجل من امتی ادرکتہ الصلوۃ فلیصل واحلت لی الغنائم و لم تحل لاحد قبلی و اعطیت الشفاعۃ و کان النبی یبعث الی قومہ خاصۃ و بعثت الی الناس عامۃ(1)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا مجھ کو پانچ ایسی چیزیں دی گئی ہیں جو اس سے پہلے اور کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔ ایک ماہ کی مسافت پر جو دشمن ہوں، ان پر میرا رعب طاری کر دیا گیا اور تمام روئے زمین کو میرے لئے مسجد اور تیمّم کو جائز کر دیا گیا۔ پس میری امت جب بھی نماز کا وقت پائے تو اس کو ادا کرلے اور میرے لئے مال غنیمت کو حلال کر دیا گیا۔ اس سے پہلے کسی کے لئے مال غنیمت حلال نہ تھا اور مجھے اللہ تعالیٰ نے شفاعت عطا کر دی اور گزشتہ نبی کسی ایک قوم کے لئے مبعوث ہوتے تھے اور میں تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوں۔

اس حدیث میں حضور اکرم ﷺ نے شفاعت کرنے کو اپنی خصوصیت قرار دیا ہے، حالانکہ انبیاء سابقین کو بھی شفاعت عطا کی گئی ہے اور انہوں نے اللہ سے شفاعت طلب کی مثلاً حضرت ابراہیم نے فرمایا وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٦﴾ (ابراہیم) "جو میری نافرمانی کرے تو تو بخشنے والا مہربان ہے"۔ نیز فرمایا: رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ (ابراہیم) "اے اللہ! میری بخشش فرما، میرے والدین کی اور سب مسلمانوں کی"۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے گنہگار امتیوں کی شفاعت کرتے ہوئے فرمایا: اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١١٨﴾ (الانعام) "اگر تو ان کو عذاب دے تو تو مالک ہے اور اگر بخش دے تو تو زبردست اور حکمت

1۔ امام محمد بن اسماعیل البخاری، متوفی ۲۵۶ھ: صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

والا ہے''۔ اور اولیائے سابقین نے شفاعت کرتے ہوئے کہا: رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ (الحشر:10) ''اے اللہ! ہم کو بھی بخش دے اور ہم سے پہلے جو مسلمان بھائی فوت ہو چکے ہیں ان کو بھی بخش دے''۔

قرآن کریم نے جو حضرت ابراہیم، حضرت عیسیٰ علیہم السلام اور اولیاء سابقین کی شفاعت کرنے کا ذکر فرمایا ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہو گیا کہ ان حضرات کو اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا اذن دے دیا تھا، ورنہ وہ کبھی شفاعت نہ کرتے۔ اب رہا یہ امر کہ پھر حضور اکرم ﷺ نے شفاعت کو اپنی خصوصیت کیوں قرار دیا ہے۔ اس کا صاف اور واضح جواب یہی ہے کہ باقی انبیاء اور اولیاء کی شفاعت صرف اپنی اپنی قوم کے ساتھ خاص تھی، یعنی ان کو صرف اپنی قوم کی شفاعت کا اذن دیا گیا تھا۔ اور حضور اکرم ﷺ کو شفاعت کا اذن مطلق فرمایا ہے(1)۔ وللہ الحمد

اور چونکہ حضور اکرم ﷺ کو علی الاطلاق والعموم شفاعت کا اذن دے دیا گیا ہے اسی لئے حضور اکرم ﷺ نے بغیر کسی قید کے فرمایا: جس مسلمان نے بھی میری قبر کی زیارت کی یا جس مسلمان نے بھی اذان کے بعد میرے لئے وسیلہ (جنت میں مقام اعلیٰ) کی دعا کی، اس کی شفاعت مجھ پر واجب ہو گئی(2)۔

رہا یہ امر کہ بعض احادیث میں اس قسم کا مضمون بھی وارد ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو جس قدر افراد کی شفاعت کی اجازت دی جائے گی، آپ اتنے افراد کی شفاعت فرمائیں گے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اذن خاص اذن عام کے منافی نہیں ہے۔

1۔ حافظ ابوبکر احمد بن الحسین البیہقی المتوفی ۴۵۸ھ، السنن الکبریٰ ج ۴، ص ۲۴۵
اس حدیث کو دارقطنی اور ابن خزیمہ نے بھی اپنی اسانید کے ساتھ روایت کیا اور شوکانی نے کافی بحث کے بعد لکھا ہے کہ طبرانی نے اس حدیث کو جس سند کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس کے تمام راوی صحیح ہیں۔ (نیل الاوطار ج ۵، ص ۱۰۸)

2۔ امام مسلم بن حجاج القشیری، متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج ۱، ص ۱۶۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شفاعت کا حکم دینا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے صرف شفاعت کا اذن عام ہی نہیں دیا، بلکہ شفاعت کرنے کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ (آل عمران:159)

آپ خود بھی ان کو معاف کیجئے اور اللہ تعالیٰ سے بھی ان کی شفاعت کیجئے۔

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ (الممتحنہ)

اللہ تعالیٰ سے ان کی شفاعت کیجئے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (محمد:19)

اے محبوب: اپنے خاص احباب اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے، گناہوں کی بخشش کے لئے شفاعت کیجئے

قرآن کریم کی ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مطلقا مسلمانوں کی شفاعت کرنے کا حکم دیا ہے، خواہ دنیا ہو، برزخ ہو یا آخرت اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا میں بھی مسلمانوں کی شفاعت کی ہے، برزخ میں بھی ہر پیر اور جمعرات کو شفاعت فرماتے ہیں اور اب بھی جب کوئی شخص شفاعت طلب کرے، تو شفاعت فرماتے ہیں اور آخرت میں بھی شفاعت فرمائیں گے اور اس کے بعد بھی جو شخص یہ کہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شفاعت کا اذن نہیں دیا گیا ہے۔ ان کے حق میں اس کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ یا تو وہ قرآن کریم کی ان آیات صریحہ اور اور احادیث صحیحہ کا علم نہیں رکھتے یا باوجود علم کے ان آیات اور احادیث کا انکار کرتے ہیں۔

شفاعت طلب کرنا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دنیا، برزخ اور آخرت ہر جگہ شفاعت طلب کرنا جائز ہے اور عہد رسالت سے لے کر آج تک تمام اہل اسلام کا معمول رہا ہے کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شفاعت طلب کرتے چلے آئے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

امام بخاری اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس قال قال النبی ﷺ عرضت علی الامم فاخذ النبی یمرمعه الامة والنبی معه النفر و النبی معه العشرة والنبی معه الخمسة والنبی یمر وحده و نظرت فاذا سواد کبیر قلت یا جبرائیل هؤلاء امتی قال لا ولکن انظر الی الافق فنظرت فاذا سواد کبیر هؤلاء امتک وهؤلاء سبعون الفاقدامهم لا حساب علیهم ولا عذاب قلت ولم قال کانوا لایکتوون ولایسترقون ولایتطیرون وعلیٰ ربهم یتوکلون فقام الیه عکاشة بن محصن فقال ادع اللّٰه ان یجعلنی منهم قال اللّٰهم اجعله ، منهم ثم قال الیه رجل اخر فقال ادع اللّٰه ان یجعلنی منهم قال سبقک بها عکاشة(1)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے تمام امتوں کے احوال دیکھے۔ ہر نبی اپنی امت کے ساتھ جا رہے تھے، کسی نبی کے ساتھ ایک جماعت ہوتی، کسی کے ساتھ دس شخص ہوتے، کسی کے ساتھ پانچ کسی کے ساتھ ایک اور کوئی نبی علیہ السلام اکیلے جا رہے ہوتے۔ میں نے دیکھا ایک جگہ بڑی تعداد میں لوگ کھڑے تھے میں نے کہا: اے جبرائیل کیا یہ میری امت ہے؟ جبرائیل نے عرض کیا، ادھر آسمان کے کنارے کی طرف دیکھئے، میں نے دیکھا، تو لوگوں کی ایک بہت بڑی جماعت تھی۔ جبرائیل نے کہا: یہ آپ کی امت ہے اور یہ جوان سب کے آگے ستر ہزار شخص جا رہے ہیں، ان سے نہ حساب لیا جائے گا نہ ان کو عذاب دیا جائے گا، میں نے پوچھا کیوں؟ عرض کیا: یہ وہ لوگ ہیں (جو بلاضرورت) جسم پر داغ نہیں لگواتے تھے اور نہ (زمانہ جاہلیت) کے منتر

1۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲، ص ۹۶۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پڑھتے تھے اور نہ بدشگونی کرتے تھے اپنے رب پر توکل کرتے تھے، عکاشہ نے کہا: حضور میرے لئے شفاعت کیجئے۔ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں سے کر دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا اے اللہ اس کو ان میں سے کر دے ایک شخص اور کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا میرے لئے بھی شفاعت کیجئے۔ آپ نے فرمایا: تم سے پہلے عکاشہ کہہ چکا ہے(1)۔

اس حدیث شریف سے ایک واضح بات جو معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شفاعت کا اذن عام مل چکا ہے اور ہر شخص کی شفاعت کے لئے آپ کو خاص اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، ورنہ عکاشہ اور دوسرے شخص کی درخواست شفاعت پر آپ پہلے یہ فرماتے پہلے میں اللہ تعالیٰ سے شفاعت کی اجازت حاصل کرلوں، پھر شفاعت کروں گا۔ دوسری اہم بات جو اس حدیث سے ظاہر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شفاعت کی درخواست کرنا جائز ہے، ورنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفاعت طلب کرنے سے منع فرمادیتے اس سلسلے میں شیخ نجدی کا یہ فرق کرنا باطل ہے کہ زندگی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شفاعت طلب کرنا جائز ہے اور بعد از حیات جائز نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود وضاحت فرمادیتے کہ میرے وصال کے بعد مجھ سے شفاعت طلب نہ کرنا، اس کے برخلاف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس قسم کی ہدایات دی ہیں جو حیات اور بعد از حیات کا فرق ختم کر دیتی ہیں، مثلاً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عن عبداللہ بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حج فزار قبری بعد موتی کان کمن زارنی فی حیاتی(2)

1۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو دوسرے شخص کے لئے دعا نہیں فرمائی۔ اس کی علماء اسلام نے متعدد وجوہ بیان فرمائی ہیں۔ ابو العباس احمد بن یحیٰی نے کہا کہ وہ شخص منافق تھا۔ ابن جوزی نے کہا کہ پہلے شخص نے صدق قلب سے کہا تھا اور دوسرا شخص دیکھا دیکھی کھڑا ہو گیا تھا اور یہ احتمال تھا کہ اس کو دیکھ کر اور لوگ بھی کھڑے ہو جاتے اور لائن لگ جاتی، بعض لوگوں نے یہ بھی کہا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علم نبوت سے جانتے تھے کہ یہ شخص اس گروہ میں شامل ہونے کا اہل نہیں ہے۔ (قادری)

2۔ حافظ ابوبکر احمد بن حسین بیہقی، متوفی ۴۵۸ھ، سنن کبریٰ ج ۵ ص ۲۴۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے حج کر کے میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا اس شخص نے میری زندگی میں میری زیارت کی ہے۔

پس جس طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فداہ نفسی کی حیات مقدسہ میں آپ سے شفاعت طلب کرنا جائز تھا، اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال کے بعد بھی آپ سے شفاعت طلب کرنا جائز ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے شفاعت کے عموم اور اطلاق پر قرآن کریم کی یہ آیت دلالت کرتی ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ (النساء)

اگر مسلمان گناہ کر کے اپنی جانوں پر ظلم کریں آپ کی بارگاہ میں آجائیں، خدا سے معافی چاہیں اور آپ بھی ان کے لئے استغفار کریں، تو یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا مہربان پائیں گے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لئے یہ رہنمائی فرمائی ہے کہ وہ اگر گناہ کر لیں، تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس آئیں اور آنے کا اس کے سوا اور کوئی مطلب نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے شفاعت چاہیں، اس کی تائید اگلے جملہ سے ہو رہی ہے جس میں فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی ان کے لئے شفاعت فرما دیں اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور کی حیات یا بعد از حیات کی کوئی قید نہیں لگائی۔ اس لئے اس آیت کو اپنے عموم اور اطلاق پر ہی رکھنا ہوگا اور محض قیاس فاسد سے اس کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیات ظاہری کے ساتھ مقید نہیں کیا جا سکتا اور اگر بالفرض اس کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیات ظاہری کے ساتھ مقید کیا جائے، تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ صحابہ کرام جو پہلے ہی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تربیت اور فیض صحبت سے معمور تھے، ان کی بخشش کے لئے تو ایک صورت مقرر کر دی اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بعد کے لوگ جو حضور کی تعلیم وتربیت، فیضان نظر اور شرف صحبت سب سے محروم تھے اور جو بعد زمانہ کی وجہ سے گناہوں میں زیادہ مستغرق اور بخشش کے ذرائع کے زیادہ مستحق تھے۔ ان کی مغفرت کے لئے اللہ تعالیٰ نے امید کا کوئی سہارا نہیں چھوڑا اور یہ اللہ تعالیٰ کے فضل عمیم اور اس کی وسیع رحمت سے انتہائی مستبعد ہے، پھر جب قرآن کے تمام احکام تکلیفیہ اور صحابہ سے لے کر قیامت تک کے تمام مسلمانوں کے لئے عام ہیں، تو اس حکم کو صرف صحابہ کے ساتھ کیوں خاص کیا جاتا ہے، کیا وہابیہ کی اس تخصیص سے ایک عام ذہن میں یہ نہیں سوچے گا۔ احکام تکلیفیہ کی مشقت میں تو ہم کو صحابہ کے ساتھ رکھا اور جب حصول شفاعت کے انعام کی باری آئی تو ہم کو صحابہ کرام سے کاٹ کر رکھ دیا۔ اس نکتہ آفرینی سے لوگ اسلام کے قریب ہوں گے یا اسلام سے دور!

مستند مفسرین نے اس آیت کو اپنے عموم پر ہی رکھا ہے، چنانچہ علامہ نسفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

جاء اعرابی بعد دفنه علیه السلام فرمٰی بنفسه علیٰ قبره وحثا من ترابه علی رأسه و قال یارسول الله قلت وسمعنا و کان فیما انزل الله علیک وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ و قد ظلمت نفسی و جئتک استغفر الله من ذنبی فاستغفرنی من ربی فنودی من قبره قد غفر لک(1)

حضور اکرم ﷺ کے وصال کے بعد ایک اعرابی حضور اکرم ﷺ کی قبر انور پر آیا اور آپ کی قبر سے لپٹ گیا اور خاک سر پر بکھیر کر کہنے لگا جس وقت قرآن کریم نازل ہوا ہم نے سنا آپ نے فرمایا: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا الایۃ میں گناہ کر کے اپنی جان پر ظلم کر چکا ہوں اور آپ کی بارگاہ میں آ کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں، حضور آپ میرے لئے اللہ تعالیٰ سے شفاعت کیجئے،

1۔ علامہ ابوالبرکات عبداللہ احمد بن محمود النسفی، متوفی ۷۰۱ ھ، مدارک التنزیل ج ۱ ص ۲۳۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کے بعد قبر سے آواز آئی، جاؤتم کو بخش دیا گیا۔

اور حافظ ابن کثیر اسی آیت کے تحت لکھتے ہیں۔

وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ الاية يرشد الله تعالىٰ العصاة والمذنبين اذا وقع منهم الخطاء والعصيان ان ياتوا الى الرسول ﷺ فيستغفروا الله عنده ويسئلوه ان يغفرلهم فانهم اذا فعلوا ذلک تاب الله عليهم ورحمهم و غفرلهم ولهذا قال:

لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وقد ذكر جماعة منهم الشيخ ابو منصور الصبائح فى كتابه الشامل الحكاية المشهودة عن عتبى قال كنت جالسا عند قبر النبى ﷺ فجاء اعرابى فقال السلام عليک يارسول الله سمعت الله يقول وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وقد جئتک مستغفرا لذنبى مستشفعا بک الى ربى ثم انشاء يقول ۔

يا خير من دفنت بالقاع اعظمه
فطاب من طيبهن القاع والاكم
نفسى الفداء لقبرانت ساكنه
فيه العفاف وفيه الجود والكرم

ثم انصرف الاعرابى فغلبتنى عينى فرايت النبى ﷺ فى النوم فقال : ياعتبى الحق الاعرابى فبشره ان الله قد غفرله(1)

وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے تمام خطا کاروں اور گنہگاروں کو یہ ہدایت کی ہے کہ جب ان سے کوئی خطا یا گناہ سرزد ہو جائے تو وہ حضور اکرم

1۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن کثیر القرشی الدمشقی، متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۵۲۰، ۵۱۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ﷺ کی بارگاہ میں آجائیں اور آپ کی بارگاہ میں اللہ تعالیٰ سے معافی چاہیں اور حضور سے بھی سوال کریں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ان کے گناہوں کی مغفرت کے لئے شفاعت کریں اور جب یہ گناہ گار اس طرح کریں گے، تو اللہ تعالیٰ رحمت فرمائے گا اور ان کو بخش دے گا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ (النساء) اور علماء کی ایک عظیم جماعت نے ذکر کیا ہے جس میں سے شیخ ابو المنصور الصباغ نے بھی اپنی کتاب ''الشامل'' میں لکھا ہے کہ عتبی بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک دن حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک اعرابی آیا اور کہنے لگا: السلام علیک یارسول اللہ'' میں نے سنا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لوگ اپنی جانوں پر گناہ کر کے ظلم کر بیٹھیں تو اے محبوب آپ کے پاس آجائیں اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہیں اور آپ بھی ان کی شفاعت کر دیں، تو اللہ تعالیٰ ان کو بخش دے گا، پس میں آپ کے پاس اس حال میں آیا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں پر استغفار کر رہا ہوں اور آپ سے اپنے رب کے حضور شفاعت کا طالب ہوں۔ پھر اس نے یہ اشعار پڑھے: اے ان تمام لوگوں سے برتر جن کے اجزاء زمین میں مدفون ہیں اور ان اجزاء کی خوشبو سے تمام زمینیں اور ٹیلے مہک اٹھے۔ میری جان اس پر قبر پر فدا ہو جس میں آپ ساکن ہیں، اس میں عفو ودر گزر ہے، سخاوت ہے اور رحمت وکرم ہے۔ یہ اشعار پڑھنے کے بعد اعرابی چلا گیا۔ مجھے اچانک نیند آ گئی، دیکھا تو حضور اکرم ﷺ فرمارہے ہیں: اے عتبی اس اعرابی کے پاس جاؤ اور اس کو جا کر یہ نوید سناؤ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا ہے۔

اس آیت میں حافظ ابن کثیر نے وہ سب کچھ لکھ دیا ہے جس کو تمام اہل اسلام عہد رسالت سے لے کر آج تک کہتے چلے آئے ہیں۔ اس آیت کی تفسیر میں حافظ ابن کثیر نے صاف صاف لکھ دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں مسلمانوں کو حضور ﷺ سے شفاعت طلب کرنے کی رہنمائی فرمائی ہے۔ حافظ ابن کثیر وہ شخص ہیں جنہوں نے ابن تیمیہ سے براہ راست استفادہ کیا ہے، انہوں نے بھی حضور سے طلب شفاعت کو جائز قرار دیا ہے اور شیخ نجدی ابن تیمیہ کے چار سو سال بعد ظاہر ہوئے اور انہوں نے بدعقیدگی میں اس قدر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

غلو کیا کہ ابن تیمیہ ابن کثیر اور ابن قیم کی روحیں بھی انہیں حیرت سے تکتی رہ گئیں۔ ابن تیمیہ بھی حضور اکرم ﷺ کی محبت اور عقیدت سے محروم تھا، لیکن شیخ نجدی اس محرومیت میں ابن تیمیہ کو بھی کوسوں میل پیچھے چھوڑ گیا اور کشف الشبہات میں بغیر کسی رکاوٹ اور حجاب کے صاف لکھ دیا۔

"تم خوب جانتے ہو کہ ان لوگوں کا محض اقرار توحید کرنا ان کو اسلام میں داخل نہیں کرتا اور ان کا انبیاء، ملائکہ اور اولیاء سے شفاعت طلب کرنا اور ان کی تعظیم کرنا اور ان کا قرب چاہنا یہی وہ سبب ہے جس کے پیش نظر ان کو قتل کرنا اور ان کا مال لوٹنا جائز ہو گیا ہے(1)۔

نبیوں اور ولیوں کی تعظیم اور قرب چاہنا

انبیاء کرام اور اولیاء عظام کی تعظیم کے بارے میں بھی چند دلائل ملاحظہ فرمالیجئے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا (النور:63)

رسول اللہ کو اس طرح نہ بلایا کرو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو)

نیز فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ (الحجرات)

اے ایمان والو: اپنی آوازوں کو رسول اللہ ﷺ کی آواز پر اونچی مت کرو اور نہ زور سے ان کے ساتھ بات کرو جیسے آپس میں زور سے بات کرتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو سکے۔

غور فرمایئے جن کو عامیانہ انداز میں بلانا ناجائز ہو، جن کی آواز پر اونچی آواز ہو جانے سے اعمال کے ضائع ہو جانے کا خطرہ ہو جن کے فیصلے کے خلاف دل میں ناگواری آئے، تو ایمان چلا جاتا ہے۔ ان کی تعظیم اللہ تعالیٰ کو کس قدر مطلوب ہو گی اور یہ تعظیم صرف اشارات

1۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ھ، کشف الشبہات ص ۲۱،۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

و کنایات اور التزامی دلائل سے ثابت نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی بعثت سے ڈھائی ہزار برس پہلے تورات میں حضور اکرم ﷺ کی تعظیم کا حکم نازل فرمایا تھا اور قرآن کریم میں اس حکم کی پھر تجدید فرمائی اور ارشاد فرمایا:

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ (الاعراف)

پس جو لوگ نبی امی پر ایمان لائیں گے، ان کی تعظیم کریں گے اور دین میں ان کی مدد کریں گے اور اس نور (قرآن کریم) کی پیروی کریں گے جو ان پر نازل ہوا، وہی کامیاب و کامران ہوں گے۔

قرآن کریم کی اس نص صریح کے بعد بھی کیا کوئی شخص اس بات میں تردد کر سکتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی تعظیم اور آپ کا قرب حاصل کرنا اللہ تعالیٰ کا مطلوب ہے یا نہیں۔ تعظیم کے بعد حضور اکرم ﷺ کا قرب چاہنے کے بارے میں بھی ملاحظہ فرمائیں۔

ایک مرتبہ ربیعہ بن کعب اسلمی کی خدمت سے خوش ہو کر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

سل فقلت اسئلک مرافقتک فی الجنة(1)

مانگو کیا مانگتے ہو، عرض کیا: حضور جنت میں آپ کی رفاقت چاہتا ہوں۔

اور قرآن کریم میں ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ (النساء)

جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں گے وہ آخرت میں اللہ سے انعام پانے والے نبیوں صدیقوں، شہیدوں اور صالحوں کے ساتھ ہوں گے۔

یہ آیت اس موقع پر نازل ہوئی تھی جب ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا حضور کیا یہ ممکن ہے کہ جنت میں میں آپ کے ساتھ رہوں۔

1۔ امام مسلم بن حجاج قشیری، متوفی ۲۶۱ھ، صحیح مسلم ج، ص ۱۹۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ان تمام آیات اور احادیث کا مقتضیٰ اس کے سوا کچھ نہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی تعظیم اور قرب چاہنا اللہ کا مطلوب اور صحابہ کا معمول ہے۔

اور ولیوں کی تعظیم کے بارے میں امام بخاری کی یہ روایت ملاحظہ فرمائیں:

قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ قال من عادیٰ لی ولیا فقد اذنته بالحرب(1)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: جو شخص میرے ولی سے عداوت رکھتا ہے، میں اس سے جنگ کا اعلان کر دیتا ہوں۔

قرآن کریم کی آیات صریحہ، احادیث صحیحہ اور وہابیہ کے مستند مفسرین اور اہل اسلام کے تعامل سے یہ بات آفتاب سے زیادہ روشن ہوگئی کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام کی تعظیم کرنا، ان کا قرب چاہنا اور ان سے شفاعت طلب کرنا اللہ تعالیٰ کا مامور اور مطلوب ہے، صحابہ کرام اور خیار مسلمین کا معمول ہے اور تمام اہل اسلام کے نزدیک یہ اعمال محمود اور مسعود ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ شیخ نجدی اور ان کے متبعین کے نزدیک، یہی امور کفر و شرک ہیں۔ اور انہیں اعمال کی بناء پر وہ مسلمانوں کی جان و مال کو اپنے لئے مباح اور حلال کر لیتے ہیں۔ فالی اللہ المشتکی

''استمداد اور استغاثہ''

تمام اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام سے ان کی زندگی میں اور وصال کے بعد ان سے مدد طلب کرنا جائز ہے، اس کے برخلاف شیخ نجدی نے انبیاء کرام اور اولیاء عظام سے ان کی زندگی میں جب وہ قریب ہوں، تو ان سے مدد طلب کرنا جائز لکھا ہے اور حالت غیبوبت میں اور وصال کے بعد ان سے مدد مطلب کرنے کو ناجائز لکھا ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

سبحان من طبع علی قلوب اعدائه فان الاستغاثه بالمخلوق فیما

1۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ۲۵۶ھ صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۶۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

یقدرعلیه لا ننکرھا کما قال اللّٰہ تعالیٰ فی قصة موسی (فاستغاثه الذی من شیعة علی الذی من عدوہ) و کما یستغیث الانسان باصحابه فی الحرب وغیرھا فی الاشیاء التی یقدر علیھا المخلوق و نحن انکرنا استغاثة العبادة التی یفعلونھا عند قبور الاولیاء اوفی غیبتھم فی الاشیاء التی لایقدرعلیھا الا اللّٰہ (1)

پاک ہے، وہ ذات جس نے اپنے دشمنوں کے دلوں پر مہر لگا دی ہے جن چیزوں پر مخلوق کوقدرت ہے۔ان چیزوں میں مخلوق سے مدد طلب کرنا جائز ہےاور ہم اس کا انکارنہیں کرتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں بیان فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے ایک شخص نے ان سے اپنے دشمن کے خلاف مدد چاہی یا جیسے کوئی شخص جنگ میں اپنے ساتھیوں سے مدد طلب کرتا ہے جس پر اس کو قدرت ہوتی ہے۔ ہم اس استمداد اور استغاثہ سے منع کرتے ہیں جولوگ اولیاء اللہ کی قبروں پر یا ان کی غیبوبت میں ان سے مدد طلب کرتے ہیں۔ان اشیاء پرجن میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کوقدرت نہیں ہے۔

شیخ نجدی کا یہ کلام بوجوہ باطل ہے۔

اولاً: اس لئے کہ شیخ نجدی کا حیات اور بعد از حیات کا فرق کرنا باطل ہے، کیونکہ اگر غیر اللہ سے استمداد کفر اور شرک ہے،تو ان کی زندگی میں بھی کفر وشرک ہوگی اور ان کی زندگی کے بعد بھی کفر وشرک ہوگی اور اگر ان کی زندگی میں ان سے مدد چاہنا شرک نہیں ہے، تو بعد از ممات بھی شرک نہ ہوگا۔

ثانیاً: قدرت کا فرق کرنا بھی باطل ہے، کیونکہ حقیقتاً ہر چیز پر اللہ تعالیٰ قادر ہے اور اللہ تعالیٰ کی دین اور عطا سے اس کی دی ہوئی قدرتوں سے انبیاء اور اولیاء وصال سے پہلے اور

1۔محمد بن عبدالوہاب نجدی، متوفی ۱۲۰۶ھ، کشف الشبہات ص ۵۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وصال کے بعد مانگنے والوں کی مدد کرتے ہیں دلائل حسب ذیل ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر سے استغاثہ

اس سے پہلے شفاعت کی بحث میں ہم ذکر کر چکے ہیں کہ حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں عتبی کی یہ روایت ذکر کی ہے۔ ایک اعرابی نے حضرت اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک پر آ کر آپ سے شفاعت طلب کی۔ اس کے علاوہ امام بیہقی علیہ الرحمہ نے اپنی سند کے ساتھ دلائل النبوۃ میں روایت کیا ہے اور علامہ سبکی علیہ الرحمہ نے اس کو پوری سند کے ساتھ شفاء السقام میں نقل کیا ہے:

عن مالک الدار قال اصاب الناس قحط فی زمان عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ فجاء رجل الی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللّٰہ استسق اللّٰہ لامتک فانھم قد ھلکوا فاتاہ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام فقال ایت عمر فاقرءہ السلام و اخبرہ انھم مستقون وقال لہ علیک الکیس الکیس فاتی الرجل عمر فاخبرہ فبکی عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ، ثم قال یارب ما الوا الا ماعجزت عنہ(1)

مالک الدار بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں قحط پڑ گیا۔ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک پر آیا اور کہنے لگا: یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے لئے بارش کی دعا کیجئے، کیونکہ مسلمان بھوک سے ہلاک ہو رہے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو خواب میں زیارت سے مشرف کیا اور فرمایا: عمر کے پاس جاؤ، ان سے میرا اسلام کہو اور ان کو خوشخبری دو کہ عنقریب بارش ہوگی اور ان سے کہو کہ تدبر سے کام لیں۔ وہ شخص حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا اور ان کا ماجرا بیان کیا حضرت

1۔ شیخ تقی الدین سبکی شافعی، شفاء السقام، ص ۱۴۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عمر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور کہنے لگے اے اللہ عمر وہی کام چھوڑتا ہے جس کی اس کو طاقت نہ ہو۔

اس اثر کو حافظ ابن حجر عسقلانی نے الاصابہ، حافظ ابن عبد البر نے استیعاب میں اور طبرانی نے معجم صغیر میں بیان فرمایا ہے۔

اس اثر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خیر القرون کے قرن خیر میں ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر سے استغاثہ کیا اور حضرت عمر کی خدمت میں یہ واقعہ بیان کیا اور کسی صحابی نے حتیٰ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اس پر نہ کوئی نکیر کی اور نہ ملامت کی۔ پس ثابت ہوا کہ قبر سے استغاثہ صحابہ کا معمول تھا، کیونکہ اس واقعہ کو وہاں کسی اجنبی حیثیت سے نہیں دیکھا گیا۔

حالت غیبوبت میں استغاثہ

شیخ نجدی نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب کوئی شخص پاس موجود ہے، تو اس سے استمداد اور استغاثہ جائز ہے اور جب وہ دور یا غائب ہو تو اس سے مدد طلب کرنا جائز نہیں ہے حالانکہ عقلاً یہ فرق باطل ہے، کیونکہ جو چیز قریب سے موجب شرک ہوگی وہ دور سے بھی موجب شرک ہوگی۔ اس کے علاوہ حدیث صحیح سے ثابت ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے دور سے اور حال غیبوبت میں استمداد اور استغاثہ کیا ہے، چنانچہ امام بخاری اور قاضی عیاض اور دیگر محدثین کرام رحمہم اللہ بیان کرتے ہیں۔

خدرت رجل ابن عمر فقال رجل اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد و فی روایة فصاح یا محمداہ فانتشرت رجله(1)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سن ہو گیا، ان سے کسی شخص نے کہا، جو تم کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب ہو، اس کو یاد کرو، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے آواز بلند کہا: یا محمد! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو ان کا پاؤں اسی وقت ٹھیک ہو گیا۔

1۔ محمد بن اسماعیل البخاری المتوفی ۲۵۶ ھ، الادب المفرد، ص ۱۴۲ قاضی ابو الفضل عیاض بن موسیٰ اندلسی متوفی ۵۴۴ ھ شفا ج ۲ ص ۱۸۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حضرت ملا علی قاری علیہ الرحمہ شرح شفاء میں یا محمداہ کے تحت لکھتے ہیں:

قصدبه اظهارا المحبة في ضمن الاستغاثة(1)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اظہار محبت کے ضمن میں بطور استمدادو استغاثہ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پکارا۔

اس اثر سے یہ ثابت ہوگیا کہ حال غیبوبت میں استغاثہ کرنا صحابہ کرام کا معمول تھا اور جو چیز صحابہ کرام کے معمولات سے ہو، اس پر عمل کرنا ہی صراط مستقیم ہے اور اس سے ہٹ کر عمل کے لئے راستہ تلاش کرنا یا معمول صحابہ کو غلط بلکہ شرک قرار دینا بدترین گمراہی ہے۔

قدرت اور عدم قدرت کا مغالطہ

شیخ نجدی نے یہ بھی لکھا ہے کہ ان امور میں بندوں سے استغاثہ کرنا جائز ہے۔ جو (عام حالات میں یا عادتاً) ان کی قدرت میں ہوں جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک اسرائیلی نے مدد چاہی یا جیسے کوئی شخص لڑائی میں کسی دوست سے مدد طلب کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو امور عام حالات میں اور عادۃً بندوں کی قدرت میں نہیں ہوتے، ان میں بندوں سے استغاثہ جائز نہیں ہے۔ شیخ نجدی کا یہ فرق کرنا قرآن کریم کے صراحۃً خلاف ہے۔

تخت بلقیس یمن میں تھا اور بیت المقدس سے سینکڑوں میل کی مسافت پر واقع تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس تخت کو منگانا چاہا تو درباریوں سے کہ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿۳۸﴾ (نمل) ''اے درباریو، تم میں سے کوئی شخص اس تخت کو ان کے مسلمان ہونے سے پہلے لاکر دے سکتا ہے''۔ یہ اس وقت کی بات ہے کہ بلقیس اور اس کے ساتھی حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات کے لئے چل پڑے تھے۔ ایک بہت بڑے جن نے عرض کیا: میں آپ کے دربار برخاست ہونے سے پہلے لاکر حاضر کردوں گا قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ

1۔ علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ شرح شفاء ج ۲ ص ۱۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(نمل:39) حضرت سلیمان علیہ السلام اس سے بھی پہلے چاہتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے فرمایا: میں اس سے بھی پہلے چاہتا ہوں، حضرت سلیمان علیہ السلام کے کاتب آصف بن برخیا نے کہا: اَنَا اٰتِیۡکَ بِہٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّرۡتَدَّ اِلَیۡکَ طَرۡفُکَ (نمل:40) ''میں پلک جھپکنے سے پہلے اس تخت کو حاضر کردوں گا''۔ چنانچہ ایسا ہی ہوگیا(1)۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا دربار برخاست ہونے سے پہلے تخت بلقیس منگوانا اوران کے کاتب آصف بن برخیا کا پلک جھپکنے سے پہلے لاکر حاضر کردینا خواہ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا معجزہ ہو یا آصف بن برخیا کی کرامت۔ اس واقعہ سے یہ بات بہرحال ثابت ہوگئی کہ جن چیزوں پر عادتاً عام لوگوں کو قدرت نہیں ہوتی۔ ان چیزوں کے حصول کے لئے اولیاء کرام سے رجوع کرنا سراسر حق اور سرتاپا ہدایت ہے ورنہ حضرت سلیمان علیہ السلام درباریوں سے یہ نہ کہتے کہ مجھے دربار برخاست ہونے سے پہلے تخت چاہئے، نہ قرآن کریم اس واقعہ کو بیان کرتا، بلکہ قرآن کریم نے اس واقعہ کو بیان کرکے یہ ظاہر کردیا ہے کہ جن چیزوں کا حصول عام لوگوں کی قدرت میں نہیں ہوتا، ان کے حصول کے لئے اولیاء کرام کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔

ام المؤمنین سیدہ میمونہ کی قبر سے استغاثہ

سابقہ سطور میں ہم نے اولیاء کرام کی زندگی میں ان امور میں ان سے استغاثہ کی دلیل فراہم کی تھی جو عام لوگوں کی قدرت میں نہیں ہوتے۔ اب وصال کے بعد ان سے ان چیزوں کے حصول میں استغاث پر دلیل ملاحظہ فرمائیں جو عام لوگوں کی قدرت میں نہیں ہوتے سید احمد بریلوی متوفی ۱۲۵۶ھ عقائد میں شیخ نجدی کے ہمنوا تھے، چنانچہ شیخ عطار نے لکھا ہے:

ہندوستان میں سید احمد بریلوی نے ان کے مشن کو زندہ کیا اور وہاں کے کفار (یعنی اسلاف کی روایات کے حامل مسلمانوں) کے ساتھ برسرپیکار رہے(2)۔

۱۔ حافظ اسماعیل بن کثیر، متوفی ۷۷۴ھ، تفسیر ابن کثیر ج ۳، ص ۳۶۴، ۳۶۳ (ملخصا)
۲۔ شیخ احمد عبدالغفور عطار، شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب، ص ۱۰۹

سید محمد علی، سید احمد بریلوی کے بڑے بھانجے کے مرید اور خلیفہ مجاز تھے۔ سید احمد نے ان کو بڑی برکات سے نوازا تھا اور بقول سید احمد بریلوی اللہ تعالیٰ نے سید محمد علی کو سید احمد بریلوی کی بیعت لینے کے لئے وکیل مقرر کیا تھا (مخزن احمدی، ص ۶۰) یعنی سید احمد بریلوی شیخ نجدی کے پرتو تھے اور سید محمد علی سید احمد کے مقبول بارگاہ تھے، خلاصہ یہ ہوا کہ سید محمد علی بھی سید احمد بریلوی کی طرح شیخ نجدی کے افکار کے پیروکار تھے، بہرحال چونکہ سید محمد علی شیخ نجدی کے گروہ کے آدمی تھے، اس لئے ان کے اقوال شیخ نجدی کے اتباع پر حجت ہیں، ملاحظہ فرمائیں لکھتے ہیں:

دریں منزل قریب نصف شب بوادی سرف کہ مزار فائض الانوار جناب میمونہ علیہا وعلی بعلہا الصلوٰۃ والسلام من اللہ الملک العلام رسیدیم از اتفاقات عجیبیہ آنکہ آں روز ہیچ طعام نخوردہ بودیم چوں از خواب آں وقت بیدار شوم از نما پست گرسنگی طاقتم طاق و بدر رویم در محاق بود بطلب نان پیش ہر کس دویدم و بمطلب نرسیدم بناچار برائے زیارت در حجرہ مقدسہ رفتم و پیش تربت شریفہ گدایانہ ندا کردہ گفتم کہ ای جدہ امجدہ من مہمان شما ہستم چیزید خوردنی عنایت فرما و مرا دمحروم از الطاف کریمانہ نور منما انگاہ سلام کردم و فاتحہ اخلاص خواندہ ثوابش بروح پرفتوحش فرستادم انگاہ نشستہ سر بہ قبرش نہادہ بودم از رزاق مطلق ودانائے برحق دوخوشہ انگور تازہ بدستم افتادہ طرفہ تر آنکہ آں ایام سرما بود و ہیچ جا انگور تازہ میسر نبود بحیرت افتادم و یکے از اں ہر دو خوشہ ہموں جا نشستہ تناول نمودہ از حجرہ بیروں شدم و یک یک را از ہر یک تقسیم کردم و گفتم

یافت مریم گر بہنگام شتا — میوہ ہائے جنت از فضل خدا
ایں کرامت در حیاتش بود وبس — بعد فوتش نقل نمو داست کس
بعد فوت زوج ختم المرسلین — رفتہ چندیں قرن ہا اے دوربین
بنگر از وے ایں کرامت یافتم — مایہ حد گو نہ نعمت یافتم(1)

1۔ سید محمد علی مخزن احمدی، ص ۹۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آدھی رات کے قریب ہم وادی سرف پر پہنچے جہاں ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا مزار فائض الانوار ہے، اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کے شوہر یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمائے۔ اتفاق کی بات ہے کہ اس روز ہمارے پاس کھانے پینے کے لئے کچھ بھی نہ تھا، جب میں سوکر اٹھا، تو سخت بھوک لگی ہوئی تھی، میری طاقت میں اضمحلال آ گیا تھا اور چہرہ کملا گیا تھا، روٹی مانگنے کے لئے میں ہر کسی کے پاس گیا، لیکن مطلب کو نہ پہنچا، آخر بے بس ہوکر سیدہ میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کی زیارت کے لئے گیا اور فقیرانہ انداز سے صدا لگائی اور میں نے آپ سے عرض کیا: اے میری دادی جان میں آپ کا مہمان ہوں کوئی چیز کھانے کی عنایت فرمائیں اور اپنے در لطف وکرم سے محروم نہ فرمائیں۔ پھر میں نے سلام عرض کیا اور فاتحہ پڑھ کر روح کو ثواب پہنچایا اور آپ کی قبر انور پر سر رکھ دیا۔ اللہ تعالیٰ جو رازق مطلق ہے اور ہمارے احوال سے واقف ہے، اس کی طرف سے مجھ کو انگور کے دو تازہ خوشے ملے اور عجیب تر بات یہ ہے کہ وہ ایام سرما تھے اور ان دنوں وہاں انگور کا ایک دانہ بھی نہیں ملتا تھا۔ ان خوشوں میں سے کچھ میں نے وہیں کھائے اور باقی حجرہ سے باہر آ کر میں نے ایک ایک دانہ ہر ایک کو تقسیم کیا اور فی البدیہہ یہ اشعار کہے: حضرت مریم نے اگر ایام سرما میں جنت کے میوے فضل خدا سے پائے، ان کی یہ کرامت فقط ان کی زندگی میں تھی اور ان کی وفات کے بعد یہ کرامت ثابت نہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ کی وفات کے اتنی صدیاں گزرنے کے بعد بھی اے دیکھنے والے دیکھ کہ میں نے آپ سے اس کرامت کا ظہور پایا اور صد ہزار نعمت کے حصول کا مرتبہ پایا۔

غور فرمایئے کہ قبر سے استمداد اور استغاثہ کی یہ وہی صورت ہے جس کو وہابیہ کی زبانیں کفر وشرک کہتے نہیں تھکتیں۔ سید احمد بریلوی کے بھانجے اور مصنف مخزن احمدی سید محمد علی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے ام المومنین حضرت سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی قبر سے استغاثہ کیا ہے اور اس کو سید احمد کی سوانح میں لکھ کر چھاپ دیا ہے، اس کے باوجود وہ کٹر موحد اور ماحی بدعت وشرک کے لقب سے نوازے جاتے ہیں اور دیگر اہل اسلام اگر یہی عمل کر لیں تو وہ کافر ومشرک اور مباح المال والدم قرار دیے جاتے ہیں۔ فیا للاسف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 3

شیخ نجدی کے بارے میں عالم اسلام کے تاثرات

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

شیخ نجدی نے جو اپنے خانہ ساز عقائد کی عالم اسلام کو دعوت دی اور اس دعوت کے انکار کو وجہ کفر قرار دے کر تمام مسلمانوں کو واجب القتل قرار دیا اور جہاں جہاں اس کا بس چلا، اس نے اپنے ان مذموم مقاصد کی تکمیل میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ شیخ نجدی کی اس تکفیر عام اور اور بہیمانہ قتل و غارت گری کے خلاف اس وقت سے لے کر آج تک کے علماء اس کی تحریک کے بطلان پر کتابیں لکھتے چلے آ رہے ہیں۔ ہم قارئین کے سامنے ان بے شمار کتابوں میں سے چند کتابوں کے اقتباسات پیش کرتے ہیں اور ابتداء میں شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب متوفی ۱۲۰۶ھ کے بھائی سلیمان بن عبدالوہاب متوفی ۱۲۰۸ھ کی شہرہ آفاق کتاب الصواعق الالٰہیہ کے چند اقتباسات پیش کرتے ہیں:

شیخ سلیمان بن عبدالوہاب متوفی ۱۲۰۸ھ

شیخ سلیمان بن عبدالوہاب شیخ نجدی کی تکفیر مسلمین پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

(ومما) يدل على ان كلامك و تكفير كم ليس بصواب ان الصلوة اعظم اركان الاسلام بعد الشهادتين و مع هذا ذكروا ان من صلاها رياء الناس ردها اللّٰه عليه ولم يقبلها منه بل يقول اللّٰه تعالىٰ انا اغنى الشركاء عن الشرك من عمل عملا اشرك فيه غيرى تركته و شركه و يقول له يوم القيمة اطلب ثوابك من الذى عملت لا جله وفذكروا ان ذلك يبطل العمل و لم يقولوا ان فاعل ذلك كافر حلال المال و الدم بل من لم يكفره كما هو مذهبكم فيما اخف من ذلك بكثير و كذالك السجود الذى هو اعظم هيئات الصلوة الذى هواعظم من النذر والدعا وغيره فرقوا فيه و قالوا من سجد لشمس او قمر او كوكب اوصنم كفر و اما السجود لغير ما

ذكر فلم يكفروابه بل عدوه فى كبائر المحرمات ولكن حقيقة الامر انكم ما قلدتم اهل العلم ولاعباراتهم وانما عمدتكم مفهومكم و استنباطكم الذى تزعمون انه الحق من انكره انكرالضروريات واما استد لالاتكم بمشتبه العبارات فتلبيس ولكن المقصود انما نطلب منكم ان تبينوا لنا و للناس كلام ائمة اهل العلم بموافقة مذهبكم هذا وتنقلون كلامهم ازاحة للشبهة وان لم يكن عند كم الا القذف و الشتم والرمى بالعزبة والكفر فا ولله المستعان لأخر هذه الامة اسوة باولها الذين انزل الله عليهم لم يسلموا من ذلك۔

فصل: ومما يدل على عدم صوابكم فى تكفير من كفر تموه و ان الدعاء و النذر ليسا بكفر ينقل عن الملة وذلك ان النبى صلى الله عليه وآله وسلم امرفى الحديث الصحيح ان تدرء الحدود بالشبهات و قد روى الحاكم فى صحيحه وابو عوانة و البزار بسند صحيح و ابن السنى عن بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه ان النبى صلى الله عليه وآله وسلم قال اذا انفلتت دابة احدكم بارض فلاة فلينا د يا عباد الله احبسوا يا عباد الله احبسوا يا عباد الله احبسوا ثلاثا فان الله حاضرا سيحبسه و قدروى الطبرانى ان اراد عونا فليقل يا عباد الله اعينونى ذكر هذا الحديث الائمة فى كتبهم و نقلوه اشاعة و حفظا للامة ولم ينكروه منهم النووى فى الاذكار وبن القيم فى كتابه الكلم الطيب و ابن مفلح فى الاداب قال فى الاداب بعد ان ذكر هذا الاثر قال عبد الله بن الامام احمد سمعت ابى يقول حججت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خمس حجج فضللت الطريق فی حجة و كنت ماشيا فجعلت اقول يا عباد الله دلونا على الطريق فلم ازل اقول ذلک حتی وقعت على الطريق (انتهى)

اقول حيث كفرتم من سأل غائبا اوميتًا بل زعمتم ان المشركين الكفار الذين كذبوا اللّٰه و رسوله صلى اللّٰه عليه وآله وسلم اخف شركاء ممن سأل غير اللّٰه فی براوبحر واستدللتم على ذالک بمفهومكم الذی لا يجوزلكم ولا لغير كم الاعتماد عليه هل جعلتم هذاالحديث و عمل العلماء بمضمونه شبهة لمن فعل شيأ مما تزعمون انه شرک اكبر فانا للّٰه و انا اليه راجعون قال فی مختصر الروضة الصحيح ان من كان من اهل الشهادتين فانه لايكفر ببدعة على الا طلاق ما استند فيها الى تأويل يلتبس به الامر على مثله وهو الذی رجحه شيخنا ابو العباس ان تيمية(1) (انتهى)

توحید ورسالت کی گواہی سے مسلمانوں کی تکفیر پررد

تمہارے عقائد اور تکفیر کے صحیح نہ ہونے پر دلیل یہ ہے کہ توحید ورسالت کی گواہی کے بعد اسلام کا سب سے عظیم رکن نماز ہے، اس کے باوجود جو شخص ریاکاری کے طور پر نماز پڑھتا ہے، اس کے بارے میں فقہاء نے ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرمائے گا، بلکہ فرمائے گا: میں دوسرے شرکاء کی نسبت اپنے شرک سے زیادہ بے پرواہ ہوں۔ جس شخص نے اپنے کسی عمل میں میرے ساتھ کسی اور کو شریک کر لیا میں اس کے عمل اور شرک کو چھوڑ دیتا ہوں اور قیامت کے دن ریاکار سے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جا، جا کر اپنا اجر اس شخص سے طلب کر جس کے لئے تو نے عمل کیا تھا۔ ایسے شخص کے بارے میں فقہاء

1۔ شیخ سلیمان بن عبد الوہاب، متوفی ۱۲۰۸ھ، الصواعق الالٰہیہ ص ۳۴ تا ۳۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اسلام نے یہ کہا ہے کہ اس کا عمل باطل ہے اور یہ نہیں کہا کہ اس کو قتل کرنا اور اس کا مال لوٹنا جائز ہے، جبکہ تم اس سے بہت ہلکی اور معمولی بات کو کفر قرار دیتے ہو۔

سجدہ کی بناء پر تکفیر مسلمین کا رد

اسی طرح نماز کے تمام ارکان میں سب سے اہم رکن سجدہ ہے اور نذر و نیاز اور غیر اللہ کو پکارنے کی بنسبت سجدہ زیادہ اہمیت کا حامل ہے، حالانکہ فقہاء اسلام نے سجدہ کے احکام میں بھی فرق کیا ہے اور کہا ہے کہ جو شخص سورج، چاند، ستارے یا بت کو سجدہ کرے، وہ کافر ہے اور جو شخص ان کے علاوہ کسی اور کو سجدہ کرے، وہ کفر نہیں، گناہ کبیرہ ہے (1)۔ لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ تم فقہاء اسلام اور ان کی عبارات کی تقلید نہیں کرتے، بلکہ جو کچھ تم نے بطور خود سمجھا ہے، اسی میں حق کو منحصر سمجھتے ہو اور اس کو ضروریات دین سے قرار دے کر اس کے منکر کو کافر قرار دیتے ہو اور جن مشتبہ عبارات سے تم استدلال کرتے ہو، وہ محض تمہاری مغالطہ آفرینی ہے۔ ہمارا تم سے مطالبہ یہ ہے کہ تم اپنے خود ساختہ مذہب کی تاکید میں فقہاء اسلام میں سے کسی مسلم فقیہہ کی نص صریح پیش کرو، اور اگر تم ایسی کسی عبارت کے پیش کرنے کے بجائے محض سب و شتم اور تکفیر کرتے ہو، تو ہم تمہارے شر سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں۔

تکفیر مسلمین کے رد پر پہلی حدیث

مسلمانوں کی تکفیر کے بارے میں تمہارا موقف اس لئے بھی صحیح نہیں ہے کہ غیر اللہ کو پکارنا اور نذر و نیاز قطعاً کفر نہیں، حتیٰ کہ اس کے مرتکب مسلمان کو ملت اسلامیہ سے خارج کر دیا جائے۔ کیونکہ حدیث صحیح میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: شبہات کی بناء پر حدود ساقط کر دو اور حاکم نے اپنی صحیح میں اور ابو عوانہ اور بزار نے سند صحیح کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جب کسی شخص کی سواری کسی بے آب و گیاہ صحرا میں گم ہو جائے تو وہ تین بار کہے اے عباد اللہ: اے اللہ

1۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی شخص کو سجدہ عبودیت کرنا کفر ہے اور سجدہ تعظیم کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ (قادری)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کے بندو مجھ کو اپنی حفاظت میں لے لو، تو اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ہیں جو اس کو اپنی حفاظت میں لے لیتے ہیں، اور طبرانی نے روایت کیا ہے کہ اگر وہ شخص مدد چاہتا ہو تو یوں کہے کہ اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔ اس حدیث کو فقہاء اسلام نے اپنی کتب جلیلہ میں ذکر کیا ہے اور اس کی اشاعت عام کی ہے اور معتمد فقہاء میں سے کسی نے اس کا انکار نہیں کیا، چنانچہ امام نووی نے کتاب الاذکار میں اس کا ذکر کیا ہے اور ابن القیم نے اپنی کتاب ''الکلم الطیب'' میں اس کا ذکر کیا ہے اور ابن مفلح نے ''کتاب الآداب'' میں اور ابن مفلح نے اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبل کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد (یعنی امام احمد بن حنبل) سے سنا، وہ فرماتے تھے کہ میں نے پانچ بار حج کئے ہیں، ایک بار میں پیدل جا رہا تھا اور راستہ بھول گیا، میں نے کہا: اے عباد اللہ مجھے راستہ دکھاؤ، میں یونہی کہتا رہا، حتیٰ کہ میں صحیح راستہ پر آ لگا۔

اب میں یہ کہتا ہوں کہ جو شخص کسی غائب یا فوت شدہ بزرگ کو پکارتا ہے اور تم اس کی تکفیر کرتے ہو، بلکہ تم محض اپنے قیاس فاسد سے یہ کہتے ہو کہ اس شخص کا شرک ان مشرکین کے شرک سے بھی بڑھ کر ہے جو بحر و بر میں عبادت کے غرض سے غیر اللہ کو پکارتے تھے اور اس کے رسول کی علی الاعلان تکذیب کرتے تھے۔ کیا تم اس حدیث اور اس کے مقتضی پر علماء اور آئمہ کے عمل کو اس شخص کے لئے اصل نہیں قرار دیتے جو بزرگوں کو پکارتا ہے اور محض اپنے فاسد قیاس سے اس کو شرک اکبر قرار دیتے ہو، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ جبکہ شبہات سے حدود ساقط ہو جاتی ہیں، تو اس مضبوط اصل کی بناء پر ایسے شخص سے تکفیر کیونکر نہ ساقط ہو گی۔ نیز مختصر الروضہ میں کہا ہے: جو شخص توحید و رسالت کی گواہی دیتا ہو، اس کو کسی بدعت کی بناء پر کافر نہیں کہا جائے گا اور ابن تیمیہ نے بھی اسی بات کو ترجیح دی ہے۔ (جبکہ جو شخص فوت شدہ بزرگوں کو پکارتا ہے، وہ کسی بدعت کا مرتکب بھی نہیں ہے، کیونکہ اس کا یہ فعل ایک مضبوط اصل یعنی حدیث صحیح (جس کا اوپر ذکر ہو چکا ہے) اور سلف کے عمل پر مبنی ہے۔

(قادری غفرلہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آگے چل کر شیخ سلیمان بن عبد الوہاب اسی موضوع پر لکھتے ہیں:

فصل : ومما یدل علی بطلان مذہبکم فی تکفیر من کفرتموہ ماروی البخاری فی صحیحہ عن معاویۃ بن ابی سفیان رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ قال سمعت النبی ﷺ یقول من یرد اللّٰہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین و انما انا قاسم واللّٰہ معطی ولا یزال امر ہذہ الامۃ مستقیما حتی تقوم الساعۃ اویأتی امر اللّٰہ تعالیٰ انتہی (وجہ الدلیل) منہ ان النبی ﷺ اخبر ان امر ہذہ الامۃ لایزال مستقیما الی اخر الدہر ومعلوم ان ہذہ الامور التی تکفرون بہا ما زالت قدیماً ظاہرۃ ملأت البلاد کما تقدم فلو کانت ہی الاصنام الکبری ومن فعل شیأ من تلک الا فاعیل عابد للاوثان لم یکن امر ہذہ الامۃ مستقیماً بل منعکسا بلدہم بلد کفر تعبد فیہا الاصنام ظاہر اوتجری علی عبدۃ الاصنام فیہا احکام الاسلام فاین الاستقامۃ وہذا واضح جلی(1)

تکفیر مسلمین کے رد پر دوسری حدیث

ایک اور مقام پر شیخ نجدی کی تکفیر کا رد کرتے ہوئے شیخ سلیمان بن عبد الوہاب لکھتے ہیں:

تم نے جو مسلمانوں کی تکفیر کی بنیاد پر اپنے مذہب کو قائم کیا ہے۔ اس کے باطل ہونے پر صحیح بخاری کی یہ حدیث دلالت کرتی ہے جس کو حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کیا ہے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جس شخص کے ساتھ اللہ خیر کا ارادہ کرتا ہے، اس کو دین میں فقیہ بنا دیتا ہے اور یہ امت ہمیشہ صحیح دین پر قائم رہے گی، یہاں تک کہ قیامت آجائے۔ اس حدیث کی ہمارے مطلوب پر اس طرح دلالت ہے کہ اس حدیث میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قیامت تک امت کے دین پر مستقیم رہنے

1۔ شیخ سلیمان بن عبد الوہاب، متوفی ۱۲۰۸ھ، الصواعق الالٰہیہ ص ۴۰

کی خبر دی ہے اور یہ حقیقت واقعیہ ہے کہ جن امور کو تم وجہ کفر قرار دیتے ہو۔ یہ ابتداء اسلام سے لے کر آج تک تمام دنیائے اسلام میں عروج اور معمول ہیں، پس اگر اولیاء اللہ کے مقابر بڑے بڑے بت ہوتے اور ان سے استمداد اور استغاثہ کرنے والے کافر ہوتے، تو تمام امت صحیح دین پر قائم نہ ہوتی، بلکہ اس کے برعکس ساری امت کافر اور تمام بلاد اسلام، بلاد کفر بن جاتے جن میں علی الاعلان بتوں کی پوجا ہو رہی ہوتی یا بتوں کی عبادت پر اسلام کے احکام جاری ہوتے۔ پھر حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق اس امت کی دین صحیح پر استقامت کی حدیث کس طرح صحیح ہوتی اور یہ بات بالکل ظاہر ہے۔

ایک اور مقام پر شیخ سلیمان بن عبدالوہاب لکھتے ہیں:

فصل: ومما یدل علی بطلان مذھبکم ما فی الصحیحین عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم انہ، قال رأس الکفر نحو المشرق و فی روایۃ الایمان یمانی والفتنۃ من ھاھنا حیث یطلع قرن الشیطان و فی الصحیحین ایضاعن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم انہ قال و ھو مستقبل المشرق ان الفتنۃ ھاھنا وللبخاری عنہ مرفوعا اللّٰھم بارک لنا فی شامنا و یمننا، اللّٰھم بارک لنا فی شامنا و یمننا قالوا و فی نجد ناقال اللھم بارک لنا فی شامنا و یمننا قالوا وفی نجدنا قال فی الثالثۃ ھناک الزلازل و الفتن ومنھا یطلع قرن الشیطان ولا جد من حدیث ابن عمر مرفوعا اللّٰھم بارک لنا فی مدینتا و فی صاعنا و فی مدنا ویمننا و شامنا ثم استقبل مطلع الشمس فقال ھاھنا یطلع قرن الشیطان و قال من ھاھنا الزلازل و الفتن (انتھی)

اقول اشھد ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لصادق

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصلوات الله و سلامه و برکاته علیه وعلی اله و صحبه اجمعین لقدادی الامانة و بلغ الرسالة قال الشیخ تقی الدین فالمشرق عن مدینة صلی اللّٰه علیه وسلم شرقا ومنها خرج مسیلمة الکذاب الذی ادعی النبوة وهو اول حادث حدث بعده و اتبعه خلائق و قاتلهم خلیفة الصدیق (انتهی)

وجه الدلالة من هذا الحدیث من وجوه کثیرة تذکر بعضها (منها) ان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ذکر ان الایمان یمانی و الفتنة تخرج من المشرق ذکرها مراراً (ومنها)

ان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم دعی للحجاز واهله مرارًا و ابی ان یدعو لاهل المشرق لما فیهم من الفتن خصوصاً نجد، (ومنها) ان اول فتنة وقعت بعده صلی اللّٰه علیه وقعت بارضنا هذه فنقول هذه الامور التی تجعلون المسلم بها کافرا بل تکفرون من لم یکفره ملات مکة و المدینة والیمن من سنین متطاولة۔ (بل بلغنا) ان ما فی الارض اکثر من هذه الامور فی الیمن و الحرمین و بلدنا هذه هی اول من ظهر فیها الفتن ولا نعلم فی بلاد المسلمین اکثر من فتنتها قدیما و حدیثا و انتم الأن مذهبکم انهٗ یحب علی العامة اتباع مذهبکم وان من اتبعه ولم یقدر علیٰ اظهاره فی بلده و تکفیر اهل بلدة وجب علیه الهجرة الیکم وانکم الطائفة المنصورة وهذا خلاف هذا الحدیث فان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم اخبره اللّٰه بما هو کائن علی امته الی وم القیمة وهو اخبر بما یجری علیهم و منهم فلو علم ان بلاد المشرق خصوصاً نجد بلاد مسیلمة انها

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تصير دارالايمان و ان الطائفة المنصورة تكون بها و انها بلاد
يظهر فيها الايمان و ان الطائفة المنصورة تكون بها و انها بلاد
يظهر فيها الايمان ولا يخفى فى غيرها و ان الحرمين الشريفين
و اليمن تكون بلاد كفر تعبد فيهاالاوثان و تجب الهجرة منها
لا خبر بذلک ولدعى لا هل المشرق خصوصا نجد ولدعى
على الحرمين و اليمن و اخبر انهم يعبدون الاصنام و تبرأ منهم
اذ لم يكن الاضد ذلک فان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم
عم المشرق و خص نجدبان منها يطلع قرن الشيطان وان منها
و فيها الفتن و امتنع من الدعاء لها وهذا خلاف زعمكم وان
اليوم عندكم الذين دعى لهم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم
كفار و الذين ابى ان يدعو لهم و اخبر ان منها يطلع قرن
الشيطان وان منها الفتن هى بلاد الايمان تجب الهجرة اليها و
هذا بين واضح من الاحاديث انشاء اللّٰه

(فصل) ومما يدل على بطلان مذهبكم ما فى الصحيحين عن
عقبة بن عامر ان النبى صلى اللّٰه عليه وسلم صعد المنبر فقال
انى لست اخشى عليكم ان تشركوا بعدى ولكن اخشى
عليكم الدنيا ان تنا فس فيها فتقتلوا فتهلكوا كماهلک من
كان قبلكم قال عقبة فكان اخرما رايت رسول اللّٰه صلى اللّٰه
عليه وسلم على المنبر (انتهى)

وجه الد لالة منه ان النبى صلى اللّٰه عليه وسلم اخبر بجميع ما
يقع على امته ومنهم الى يوم القيمة كما ذكر فى احاديث اخر
ليس هذا موضعها ومما اخبر به هذا الحديث الصحيح انه امن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان امته تعبد الاوثان ولم يخافه عليهم و اخبرهم بذلک و اما الذی يخافه عليهم فاخبرهم وبه حذرهم منه ومع هذا فوقع ما خافه عليهم و هذا خلاف مذهبكم فان امته على قولكم عبد والاصنام كلهم وملأت الاوثان بلادهم الاان كان احد فى اطراف الارض ما يلحق لهٗ خبر والافمن اطراف الشرق الیٰ اطراف الغرب الى الروم الى اليمن كل هذا ممتلی مماز عمتم انه الاصنام و قلم من لم يكفر من فعل هذه الامور والافعال فهو كافرو معلوم ان المسلمين كلهم اجر والاسلام على من انتسب اليه ولم يكفروا من فعل هذا فعلى قولكم جميع بلاد الاسلام كفار الابلدكم و العجب ان هذا ماحدث فى بلد كم الامن قريب عشر سنين فبان بهذا الحديث خطاؤ كم و الحمد للّٰه رب العالمين(1)۔

تکفیر مسلمین کے رد پر تیسری حدیث

شیخ نجدی کا تکفیر مسلمین پر رد کرتے ہوئے شیخ سلیمان بن عبد الوہاب لکھتے ہیں:
تمہارے مذہب کے بطلان پر بخاری اور مسلم کی یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے:
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
کفر کا گڑھ مشرق کی طرف ہوگا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ایمان یمانی ہے اور فتنہ وہاں ہوگا جہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

نیز بخاری اور مسلم میں حدیث ہے: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: درآں حالیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور مشرق کی طرف تھا، فتنہ اسی جانب سے ظاہر ہوگا۔ اور بخاری کی روایت میں (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

1۔ شیخ سلیمان بن عبد الوہاب، متوفی ۱۲۰۸ھ، الصواعق الالٰہیہ ص ۴۳ تا ۴۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کا فرمان) اس طرح ہے کہ آپ نے فرمایا: اے اللہ ہمارے شام، اور ہمارے یمن میں برکت نازل فرما۔ صحابہ نے عرض کیا: حضور ﷺ ہمارے نجد میں۔ آپ نے فرمایا: اے اللہ ہمارے شام میں اور ہمارے یمن میں برکت نازل فرما۔ صحابہ نے عرض کیا: ہمارے نجد میں۔ آپ نے تیسری بار فرمایا: وہاں سے زلزلوں اور فتنوں کا ظہور ہوگا۔

اور امام احمد بن حنبل نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا ہے: اے اللہ ہمارے مدینہ میں برکت نازل فرما، ہمارے صاع اور ہمارے مد میں اور ہمارے شام میں اور ہمارے یمن میں۔ پھر مشرق کی طرف منہ کر کے فرمایا: یہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا اور فرمایا: یہاں سے زلزلوں اور فتنوں کا ظہور ہوگا۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ بلا ریب صادق القول ہیں، اللہ تعالیٰ کی برکتیں اور رحمتیں آپ پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر نازل ہوں، آپ نے حق امانت ادا کر دیا اور فرائض رسالت کی تبلیغ مکمل کر دی۔

شیخ تقی الدین نے کہا: مدینہ کی جانب شرقی (نجد) سے مسیلمۃ کذاب کا ظہور ہوا اور حضور ﷺ کے وصال کے بعد سب سے پہلے جس فتنے کا ظہور ہوا، وہ مسیلمہ کذاب کا دعویٰ نبوت تھا جس کا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکمل استیصال کیا۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی یہ حدیث شیخ نجدی کی دعوت اور تکفیر مسلمین پر کئی وجوہ سے دلالت کرتی ہے، ہم ان میں سے بعض کا ذکر کرتے ہیں:

1- حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ایمان یمانی ہے اور فتنہ مشرق سے نکلے گا اور اس کا حضور ﷺ نے بار بار ذکر فرمایا۔

2- حضور ﷺ نے حجاز اور اہل حجاز کے لئے بار بار دعا فرمائی اور اہل مشرق خصوصاً اہل نجد کے لئے دعا کرنے سے انکار کر دیا۔

3- حضور اکرم ﷺ کے بعد جو سرزمین نجد میں پہلا فتنہ واقع ہوا وہ شیخ نجدی کا فتنہ ہے جس نے مسلمانوں کے درمیان صدیوں سے رائج معمولات کو کفر اور مسلمانوں کو کافر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بنادیا، بلکہ شیخ نجدی نے ان لوگوں کو بھی کافر بنادیا جوان مسلمانوں کو کافر نہ کہے، حالانکہ مکہ اور مدینہ، اور یمن کے علاقوں میں صدیوں سے یہ معمولات رائج ہیں، بلکہ ہم کو تحقیق سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ اولیاء کا وسیلہ ان کی قبروں سے توسل اور استمداد اور اولیاء اللہ کا پکارنا، یہ تمام امور دنیا میں سب سے زیادہ یمن اور حرمین شریفین میں کئے جاتے ہیں اور یہ بھی ہم کو معلوم ہوا کہ جس قدر عظیم فتنہ سرزمین نجد میں واقع ہوا، وہ کسی دور میں بھی کسی اور جگہ وقوع پذیر نہیں ہوا اور (اے شیخ نجدی) تمہارا کہنا یہ ہے کہ دنیا کے تمام مسلمانوں پر تمہاری اتباع واجب ہے اور جو شخص تمہارے مذہب کی اتباع کرے اور وہ مذہب کے اظہار اور دوسرے مسلمانوں کی تکفیر کی طاقت نہ رکھے، اس پر واجب ہے کہ وہ تمہارے شہر کی طرف ہجرت کرے اور یہ کہ تم ہی طائفہ منصورہ ہو اور یہ اس حدیث کے خلاف ہے، کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے ہونے والے واقعات کا علم عطا فرمایا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت پر گزرنے والے تمام واقعات کو بتلا دیا ہے۔ اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم ہوتا کہ سرزمین مسیلمہ یعنی شہر نجد مآل کا دارالایمان بنے گا، اور طائفہ منصورہ اسی شہر میں ہوگا اور ایمان کے فوارے اسی شہر سے چھوڑے جائیں گے اور حرمین شریفین اور یمن بلاد کفر بن جائیں گے جن میں بت پرستی ہوگی اور وہاں سے ہجرت کرنا واجب ہوگا، تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور اس بات کی خبر دیتے اور اہل مشرق اور خصوصاً نجد کے لئے ضرور دعا فرماتے اور حرمین شریفین اور اہل یمن کے لئے بد دعا فرماتے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ خبر دیتے کہ وہاں کے باشندے بت پرستی کریں گے اور ان متبرک علاقوں کے لوگوں سے بیزاری کا اظہار فرماتے، لیکن جب ایسا نہیں ہوا، بلکہ اس کے برعکس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل مشرق کے لئے بالعموم اور نجد کے بارے میں بالخصوص خبر دی ہے کہ وہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا اور اس شہر میں اور اس شہر سے فتنے نمودار ہوں گے اور نجد کے لئے دعا کرنے سے آپ نے انکار فرمایا اور یہ بات تمہارے زعم کے بالکل برعکس ہے۔ تمہارے نزدیک جن لوگوں کے لیے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی تھی وہ کفار ہیں اور جس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

علاقہ کے لوگوں کے لئے حضور ﷺ نے دعا کرنے سے انکار کر دیا اور خبر دی تھی کہ وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا اور فتنوں کا ظہور ہوگا، تمہارے عقیدے کے مطابق وہ علاقہ دارالایمان ہے اور اس کی طرف ہجرت واجب ہے۔

تکفیر مسلمین کے رد پر چوتھی حدیث

تمہارے مذہب کے بطلان پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جس کو بخاری اور مسلم نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور انور ﷺ منبر پر رونق افروز ہوئے اور آپ نے فرمایا: مجھے اس بات کا خوف نہیں ہے کہ تم سب (مسلمان) میرے بعد شرک کرنے لگو گے، لیکن مجھے اس بات کا خوف ہے کہ تم کو مال دنیاوی بکثرت حاصل ہوگا اور تم مال دنیاوی کی محبت میں متفرق ہو جاؤ گے اور مال و دولت کی وجہ سے تم لوگ آپس میں لڑو گے اور ہلاکت میں مبتلا ہو جاؤ گے، جس طرح اس سے پہلی امتیں ہلاکت میں مبتلا ہوگئیں تھیں۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے منبر پر یہ آخری وعظ سنا تھا(1)۔

یہ حدیث شریف بھی تمہارے مذہب کے بطلان پر اسی طرح دلالت کرتی ہے کہ قیامت تک حضور ﷺ کی امت پر جس قدر احوال گزرنے تھے۔ حضور ﷺ نے وہ تمام احوال بیان فرما دیے اور اس حدیث صحیحہ میں حضور ﷺ نے یہ بتلا دیا ہے کہ آپ کی امت بت پرستی سے محفوظ رہے گی اور نہ حضور ﷺ کو اپنی امت سے بت پرستی کا خطرہ تھا اور نہ اس بات کی آپ نے خبر دی ہے۔ اور جس چیز کا خطرہ تھا اور جس چیز سے حضور اکرم ﷺ نے ڈرایا، وہ مال و دولت کی کثرت اور فراوانی ہے۔ (اور مملکت سعودی عربیہ آج اسی فتنہ میں مبتلا ہے) (قادری)

اور یہ حدیث تمہارے مذہب کے برعکس ہے، کیونکہ تمہارا عقیدہ یہ ہے کہ تمام امت

ا۔ آج سعودی عرب میں سیال تیل کے چشموں اور سونے کی کانوں سے روپیہ کی ریل پیل حضور ﷺ کے اس فرمان کی تصدیق ہے کہ اس وقت مرکز فتنہ سعودی عربیہ ہے۔ (قادری غفرلہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے بت پرستی کی اور تمام اسلامی ممالک بت پرستی سے بھر گئے اور اگر تمام دنیا میں سے کسی جگہ میں اسلام کی کوئی رمق ہے، تو وہ نجد میں ہے۔ یہاں تک کہ تمہارے خیال میں روم، یمن اور مغرب کے تمام علاقے (حرمین شریفین وغیرہ) بت پرستی سے بھرے ہوئے ہیں اور تم کہتے ہو کہ جو شخص ان لوگوں کو کافر نہ کہے، وہ خود کافر ہے۔ پس تمہارے عقیدے کے مطابق تمام بلاد اسلام کے مسلمان کافر ہیں، سوا نجد شہر کے۔ اور نیا دین تم لائے ہو، اس کی عمر صرف دس سال ہے۔

(گویا اس سے پہلے گیارہ سو سال تک کے تمام مسلمان العیاذ باللہ کافر تھے، قادری)

اس کے بعد شیخ سلیمان موصوف لکھتے ہیں:

(فصل) ومما یدل علیٰ بطلان مذھبکم ماروی مسلم فی صحیحه عن جابر ابن عبد اللہ عن النبی ﷺ انه قال الشیطان قد ایس ان یعبده المصلون فی جزیرۃ العرب ولکن فی التحریش بینم و روی الحاکم و صحیحه و ابویعلی و البیھقی عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان الشیطان قدیئس ان تعبد الاصنام بارض العرب ولکن رضی منھم بما دون ذلک بالمحقرات وھی الموبقات و روی الامام احمد و الحاکم و صححه و ابن ماجة عن شداد بن اوس قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول اتخوف علی امتی الشرک قلت یارسول اللہ اتشرک امتک بعدک قال نعم اما انھم لا یعبدون شمسا ولا قمرا ولا و ثنا ولکن یراؤن باعمالھم (انتھی)

اقول وجه الدلاله منه کما تقدم ان اللہ سبحانه اعلم نبیه من غیبه بما شاء وبما ھو کائن الیٰ یوم القیمة و اخبر صلی اللہ

علیه وسلم ان الشیطان قد ائیس ان یعبده المصلون فی جزیرة العرب و فی حدیث ابن مسعود ایس الشیطان ان تعبد الاصنام بارض العرب و فی حدیث شدادا نهم لایعبدون و ثنا و هذا بخلاف مذهبکم فان البصرة وما حولها و العراق من دون دجلة الموضع الذی فیه قبر علی و قبر الحسین رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما و کذالک الیمن کلها و الحجاز کل ذلک من ارض العرب و مذهبکم ان هذه المواضع کلها عبدالشیطان فیها و عبدت الصنام و کلهم کفار ومن لم یکفر هم فهو عند کم کافرو هذه الاحادیث تردا مذهبکم(1)۔

تکفیر مسلمین کے رد پر پانچویں حدیث

تمہارے مذہب کے بطلان پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جس کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان اس بات سے مایوس ہوگیا ہے کہ جزیرۂ عرب میں اس کی پرستش کی جائے، لیکن وہ ان کو آپس میں لڑاتا رہے گا اور حاکم نے صحیح سند کے ساتھ اور ابو یعلی اور بیہقی نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیطان اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ جزیرہ عرب میں بت پرستی کی جائے لیکن اس سے کم بات یعنی آپس کے لڑائی جھگڑوں پر راضی ہوگیا ہے اور امام احمد نے اور حاکم نے سند صحیح کے ساتھ اور ابن ماجہ نے شداد بن اوس سے روایت کی ہے کہ حضور نبی کرام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی امت پر شرک کا خوف کرتا ہوں، میں نے عرض کیا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ کے بعد آپ کی امت شرک کرے گی۔ آپ نے فرمایا: ہاں! لیکن وہ سورج، چاند یا کسی بت کی پوجا نہیں کرے گی، لیکن اپنے اعمال میں ریا کاری کرے گی۔

1۔ شیخ سلیمان بن عبدالوہاب، متوفی ۱۲۰۸ھ، الصواعق الالٰہیہ ص ۴۵ تا ۴۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان احادیث کی تمہارے مذہب کے بطلان پر دلالت اس طرح ہے کہ اللہ کریم نے نبی اکرم ﷺ کو جس قدر چاہا اپنے غیب سے مطلع فرمایا، اور قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے، اس کی خبر دے دی اور حضور اکرم ﷺ نے خبر دی ہے کہ جزیرۂ عرب میں شیطان اپنی عبادت سے مایوس ہو چکا ہے اور شداد کی روایت میں آپ نے خبر دی ہے کہ جزیرۂ عرب میں بت پرستی نہیں ہو گی اور یہ چیزیں تمہارے مذہب کے برعکس ہیں، کیونکہ تمہارا عقیدہ ہے کہ بصرہ اور اس کے گرد و نواح اور عراق میں دجلہ سے لے کر اس جگہ تک جہاں حضرت علی اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قبریں ہیں، اسی طرح سارے یمن اور حجاز میں شیطان کی پرستش اور بت پرستی ہوتی ہے اور یہاں کے مسلمان بت پرست اور کفار ہیں، حالانکہ یہ تمام جگہیں سرزمین عرب کے وہ تمام علاقے ہیں جن کی سلامتی ایمان اور کفر سے برات کی حضور ﷺ نے خبر دی ہے اور تم کہتے ہو کہ یہاں کے لوگ کافر ہیں اور جو ان کو کافر نہ کہے، وہ بھی کافر ہے، لہٰذا یہ تمام احادیث تمہارے مذہب کا رد کرتی ہیں۔

شیخ سلیمان مزید لکھتے ہیں:

(فصل) و مما یدل علی بطلان مذھبکم ما اخرجه الام احمد والترمذی و صححه و النسائی و ابن ماجة من حدیث عمرو بن الاحوص قال سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یقول فی حجة الوداع الا ان الشیطان قد ایس ان یعبد فی بلد کم ھذا ابدا و لکن ستکون له طاعة فی بعض ماتحقرون من اعمالکم فیرض بھا و فی صحیح الحاکم عن ابن عباس ان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم خطب فی حجة الوداع فقال الشیطان قد ایس ان یعبد فی ارضکم ولکن یرضی ان یطاع فیما سوی ذلک فیما تحقرون من اعمالکم فاحذروایھا الناس انی ترکت فیکم ما ان عتصتم به لم تضلوا ابدا کتاب اللّٰه و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سنة نبيه (انتهى)

وجه الدلالة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اخبر فى هذا الحديث الصحيح ان الشيطان يئس ان يعبد فى بلدمكة وكذلك بقوله ابدا الئلا يتوهم متوهم ان حدثم يزول وهذا خبر منه صلى الله عليه وسلم وهو لا يخبر بخلاف ما يقع و ايضا بشرى منه صلى الله عليه وسلم لا مته و هو لا يشبر هم الا بالصدق و لكنه حذر هم ماسوى عبادة الاصنام لاما يحتقرون وهذا بين واضح من الحديث وهذه الامور التى تجعلونها الشرك الاكبر و تسمون اهلها عباد الاصنام اكثر ماتكون بمكة المشرفة واهل مكة المشرفة امراء ماوعلماء هاوعامتها علىٰ هذا من مدة طويلة اكثر من ستمائة عام و مع هذا هم الأن اعداؤ كم يسبونكم و يلعنو نكم لا جل مذهبكم هذا و احكامهم و حكامهم جارية و علماؤ ها و امراؤ ها على اجراء احكام الاسلام علىٰ اهل هذه الامور التى تجعلونها الشرک الاكبر فان كان ما زعمتم حقاً فهم كفار كفراً ظاهراً و هذه الاحاديث ترد زعمكم و تبين بطلان مذهبكم هذا(1)۔

تکفیر مسلمین کے رد پر چھٹی حدیث

اور تمہارے مذہب کے بطلان پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جس کو امام احمد اور امام ترمذی نے اپنی سند کے ساتھ ذکر کیا اور اس کو صحیح قرار دیا اور امام نسائی نے اور ابن ماجہ نے عمرو بن احوص رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: شیطان اس بات سے ہمیشہ کے لئے مایوس ہو چکا ہے کہ تمہارے اس شہر میں

1۔ شیخ سلیمان بن عبدالوہاب، متوفی ۱۲۰۸ھ، الصواعق الالٰہیہ، ص ۴۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کی پرستش کی جائے، البتہ تمہاری آپس کی لڑائیوں میں اس کی پیروی ہوتی رہے گی اور حاکم نے سند صحیح کے ساتھ بیان کیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیا اور فرمایا: شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ تمہاری سرزمین میں اس کی پرستش کی جائے، لیکن اس کے علاوہ دوسری باتوں میں پیروی کی جانے پر راضی ہو چکا ہے، ان چیزوں میں سے ایک یہ ہے کہ تم ایک دوسرے کے اعمال کو حقیر مانو گے، پس اس بات سے احتراز کرنا اے لوگو! میں نے تم میں وہ چیز چھوڑی ہے کہ اگر تم نے مل کر مضبوطی سے تھام لیا، تو کبھی گمراہ نہ ہو گے اور وہ اللہ کی کتاب ہے اور اس کے رسول کی سنت ہے۔

ان احادیث میں تمہارے مذہب کے بطلان پر اس طرح دلالت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خصوصاً مکہ میں ہمیشہ کے لئے بت پرستی نہ ہونے کی خبر دی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی خلاف واقع خبر نہیں دیتے۔ نیز اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو بشارت دی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشارت کبھی غلط نہیں ہوتی، البتہ اس حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بت پرستی کے علاوہ دوسری غلط باتوں مثلاً لڑائی جھگڑوں سے ڈرایا ہے۔ اور یہ بات حدیث سے بالکل ظاہر ہے اور جن چیزوں کا نام تم شرک اکبر رکھتے ہو اور ان کے کرنے والوں کو اولیاء سے وسیلہ، شفاعت طلب کرنا اور ان کی قبروں سے فیضان طلب کرنا، (قادری) بت پرستی کا مرتکب کہتے ہو، ان تمام امور پر تمام اہل مکہ، ان کے عوام، امراء اور علماء چھ سو سال سے زیادہ عرصہ سے عمل پیرا ہیں، اس کے باوجود یہ تمام لوگ اب تمہارے دشمن ہیں، تم کو سب وشتم کرتے ہیں اور تمہاری اس بدعقیدگی کی وجہ سے تم پر لعنت بھیجتے ہیں اور مکہ مکرمہ کے علماء اور شرفاء ان تمام امور پر احکام اسلام جاری کرتے ہیں جن کو تم شرک اکبر قرار دیتے ہو، اگر تمہارا گمان حق ہے، تو یہ لوگ علی الاعلان کافر ہیں۔ لیکن یہ احادیث تمہارے زعم فاسد کارد کرتی ہیں اور تمہارے مذہب کو باطل کرتی ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

علامہ ابن عابدین شامی، متوفی ۱۲۵۲ ہجری

علامہ شامی شیخ نجدی کی تحریک کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

هو بيان لمن خرجوا علی سيدنا علی رضی اللّٰه تعالیٰ عنه والا فيكفی فيهم اعتقادهم كفر من خرجوا عليه كما وقع لی زماننا فی اتباع عبد الوهاب الذين خرجوا من نجد و تغلبوا علی الحرمين و كانوا ينتحلون مذهب الحنابلة لكنهم اعتقدوا انهم هو المسلمون و ان من خالف اعتقادهم مشركون و استباحوا بذالک قتل اهل السنة و قتل علمائهم(1)۔

یہ ان لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف خروج کیا، ورنہ ان کے خارجی ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ انہوں نے ان لوگوں کو کافر قرار دیا جن کے خلاف انہوں نے خروج کیا تھا، جیسا کہ ہمارے زمانہ میں محمد بن عبدالوہاب کے پیروکار جو نجد سے نکلے اور حرمین پر قابض ہو گئے اور وہ اپنے آپ کو حنبلی المذہب کہتے تھے، لیکن ان کا یہ اعتقاد تھا کہ مسلمان صرف وہ یا ان کے موافق ہیں اور جو عقائد میں ان کے مخالف ہیں، وہ مسلمان ہیں نہیں ہیں، بلکہ مشرک ہیں، اس بناء پر انہوں نے اہل سنت اور علماء اہل سنت کے قتل کو جائز رکھا۔

سید احمد زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ۱۳۰۴ ہجری

علامہ سید احمد زینی معلدن مکی شیخ نجدی کے بارے میں لکھتے ہیں۔

وكان ابتداء ظهور محمد بن عبد الوهاب سنةالف و ماة و ثلاث و اربعين و اشتهرا مره بعد الخمسين فاظهر العقيدة الزائغة بنجد و قراها فقام بنصرته و اظهار و عقيدته محمد بن سعود امير الدرعية بلاد مسيلمة الكذاب فحمل اهلها علیٰ

1۔ علامہ ابن عابدین شامی، متوفی ۱۲۵۲ھ، ردالمحتار ج ۳، ص ۴۲۸، ۴۲۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

متابعة محمد بن عبد الوهاب فيما يقول فتابعه اهلها و سياتى ذكر شىء من عقيدته التى حمل الناس عليها و ما زال يطيعه علىٰ هذا الامر كثير من احياء العرب حى بعد حى حتى قوى امره فخافته البادية و كان يقول لهم انما ادعوكم الى التوحيد وترک الشرک باللّٰه فكانوا يمشون معه حيثما مشى و ياتمرون له بماشاء حتى اتسع له الملک و كانوا فى مبدا امورهم قبل اتساع ملكهم و تظاهر شرورهم راموا حج البيت الحرام و كان ذلک فى دولة الشريف مسعود بن سعيد بن سعد بن زيد فارسلوا يستاذنونه فى الحج و ارسلوا قبل ذلک ثلاثين من علما ئهم ظنا منهم انهم يفسدون عقائد علماء الحرمين و يدخلون عليهم الكذب والمين وطلبوا الاذن فى الحج ولو بمقرر يدفعونه كل عام و كان اهل الحرمين يسمعون بظهورهم فى الشرق و فساد عقائد هم و لم يعرفوا حقيقة ذلک فامر مولانا الشريف مسعود ان يناظر علماء الحرمين العلماء الذين ارسلوهم فناظر وهم فوجد وهم ضحكة و مسخرة كحمر مستنفرة فوت من قسورة و نظروا الى عقائد هم فاذا هى مشتملة علىٰ كثير من المكفرات فبعدان ان اقاموا عليهم البرهان والدليل امر الشريف مسعود قاضى الشرع ان يكتب حجة بكفر هم الظاهرليعلم به الاول والآخر و امر بسجن اولئک الملاحدة الانذال و وضعهم فى السلاسل والا غلال فسجن منهم جانبا و فرالباقون و وصلوا الى الدرعية واخبروا بما شاهدوا فعتا امر هم و استكبر و نائ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عن هذا المقصد و تاخرحتی مضت دولة الشریف مسعود و اقیم بعده اخوہ اشریف مساعد بن سعید فارسلوا فی مدته یستأذنون فی الحج فابی وامتنع من الاذن لهم فضعفت عن الوصول مطامعهم فلما مضت دولة الشریف مساعد و تقلد الامر اخوہ الشریف احمد ابن سعید ارسل امیر الدرعیه جماعة من علمائه کما ارسل فی المدة السابقة فلما اختبرهم علماء مکة و جدوهم لا یتدینون الابدین الزنا دقة وابی ان یقرلهم فی حمی البیت الحرام قرار ولم یاذن لهم فی الحج بعد ان ثبت عند العلماء و انهم کفار کما ثبت فی دولة الشریف مسعود فلما ان ولی الشریف سرورارسلوا ایضا یستاذنونه فی زیارة البیت المعمور فاجابهم بانکم ان اردتم الوصول آخذ منکم فی کل سنة و عام صرمة مثل مانا خذها من الاعجام و آخذ منکم علی ذلک مائة من الخیل الجیاد فعظم علیهم تسلیم هذاالمقدار وان یکونوا مثل العجم فامتنعوا من الحج فی مدته کلها فلما تو فی و تولی سیدنا الشریف غالبا ارسلوا ایضا یستاذنون فی الحج فمنعهم و تهددهم بالرکوب علیهم و جعل ذلک القول فعلا فجهز علیهم جیشا فی سنة الف و مائتین و خمسة والصلت بینهم الُمحاربات و الغزوات الی ان انقضنی تنقیذ مراد اللّٰه فیما ارادو سیاتی شرح تلک الغزوات والُمحاربات بعد توضیح ما کانوا علیه من العقائد الزائغة التی کان تاسیسها من عبد الوهاب و قد عاش من العمر سنین حتی کان ان یعد من المنظرین فان ولادته کانت سنة الف و مائة و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

احدی عشرۃ و وفاته سنة الف و مائتین و سبعة وارخ بعضهم و فاته بقوله(1) (بها هلاک الخبیث)

محمد بن عبدالوہاب کا ظہور

محمد بن عبدالوہاب کا ظہور ۱۱۴۳ھ میں ہوا اور اس کی تحریک ۱۱۵۰ھ میں مشہور ہوئی اور اس نے اپنے عقیدے کا اظہار پہلے نجد میں کیا اور مسیلمہ کذاب کے شہر درعیہ کے امیر محمد بن سعود کو اپنا ہم نوا بنایا۔ ابن سعود نے اپنی تابع رعایا پر زور ڈالا کہ وہ شیخ نجدی کی دعوت کو قبول کریں۔ پس اہل درعیہ نے شیخ نجدی کی دعوت قبول کر لی۔ عنقریب ہم اس کے ان بعض عقائد کا ذکر کریں گے جن کے قبول کرنے پر اہل درعیہ کو ابن سعود نے مجبور کیا تھا۔ شیخ نجدی کی دعوت پھیلتی گئی اور اس کی اس دعوت پر عرب کے قبائل یکے بعد دیگرے لبیک کہتے چلے گئے، یہاں تک کہ شیخ نجدی کی تحریک قوی ہو گئی اور بادیہ نشین لوگ شیخ نجدی سے ڈرنے لگے۔ شیخ نجدی ان لوگوں سے کہا کرتا تھا کہ میں تم کو توحید کے پھیلانے اور شرک کو روکنے کی دعوت دیتا ہوں، چنانچہ بادیہ نشین عرب اس کی ہر بات میں موافقت اور اتباع کرنے لگے۔

شیخ نجدی کے اتباع کا علماء حرمین سے مناظرہ اور شکست

اس زمانے میں حجاز پر شریف مسعود بن سعید بن سعد کی حکومت تھی شیخ نجدی نے اپنے ملک کے تیس علماء، شریف کے پاس اس خیال سے بھیجے کہ وہ حرمین کے علماء کو مناظرہ میں شکست دے کر اپنی دعوت اور تحریک پھیلانے میں کامیاب ہو جائیں گے اور یہ اجازت حاصل کریں گے کہ ان کو ہر سال حج کے لئے آنے کی دعوت دی جائے۔ شریف مسعود نے علماء حرمین کو نجدیوں سے مناظرہ کرنے کا حکم دیا۔ جب علماء حرمین نے ان سے مناظرہ کیا تو علمی اعتبار سے ان کو ایک مسخرہ سے زیادہ اہمیت نہیں دی اور جب ان کے عقائد پر غور کیا، تو وہ اکثر کفریات پر مشتمل تھے، یہاں تک کہ قاضی حرمین نے اعلان کر دیا کہ ان لوگوں پر کفر

1۔ سید احمد بن زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ۱۳۰۴ھ، خلاصۃ الکلام فی امراء البلد الحرام ص ۳۲۹،۳۲۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

کی حجت قائم ہوگئی اوران لوگوں کو قید کرنے کا حکم دیا، کچھ قید ہو گئے اور کچھ بھاگ گئے اور درعیہ پہنچ کر حالات سے آگاہ کیا، اس کے باوجود ان لوگوں کی سرکشی بڑھتی گئی اور یہ لوگ اپنی گمراہی میں سرگرداں رہے۔

نجدیوں کا حرمین پر قبضہ

شریف مسعود کے بعد اس کا بھائی شریف مساعد بن سعید اس کا جانشین مقرر ہوا۔ نجدیوں نے پھر شریف مساعد کے پاس اپنے علماء کا وفد بھیجا اور حج کی اجازت چاہی۔لیکن ان کے کفریہ عقائد کی بناء پر شریف مساعد نے بھی ان کو حج کی اجازت نہ دی، یہاں تک کہ حجاز میں دخل اندازی کرنے کی ان کی آرزوؤں پر پانی پھر گیا۔شریف مساعد کے بعد اس کا بھائی شریف احمد بن سعید جانشین ہوا، اس کے بعد پھر امیر درعیہ نے اس کے پاس علماء کی ایک جماعت بھیجی۔علماء مکہ نے جب ان کو ٹٹولا، تو یہ لوگ سخت قسم کے بے دین ثابت ہوئے۔شریف مکہ نے علماء کے فتویٰ کفر کے بعد ان لوگوں کو حرم میں ٹھہرنے کی اجازت نہ دی جیسا کہ اس سے پہلے کی حکومتوں میں ہوتا آیا تھا۔ جب شریف سرور جانشین ہوا تو نجدیوں نے ایک بار پھر اپنے علماء کا وفد بھیجا اور اس سے کعبہ شریفہ کی زیارت کی اجازت چاہی۔شریف نے کہا کہ جس طرح دوسرے عجمی مکہ مکرمہ میں داخلے کے لئے چڑہ پیش کرتے ہیں، اسی طرح تم کو بھی ہر سال چڑہ اور عمدہ گھوڑے پیش کرنے ہوں گے۔نجدیوں کو یہ فیصلہ ناگوار گزرا اور اس شرط پر انہوں نے حج کی حاضری سے انکار کر دیا۔

شریف سرور کے بعد جب شریف غالب سریر آرائے سلطنت ہوا، تو نجدیوں نے ایک بار پھر مکہ میں داخلے کی کوشش کی اور حج کے لئے اجازت چاہی، اس نے انکار کیا۔ نجدیوں نے دھمکی دی کہ وہ حرمین شریفین پر حملہ کر دیں گے اور انہوں نے فی الواقع ایسا ہی کیا اور ۱۲۰۵ھ کو حرمین کریمین پر حملہ کر دیا، یہاں تک کہ حرمین شریفین پر نجدیوں کا مکمل قبضہ ہو گیا اور اس کے ایک سال بعد ۱۲۰۶ھ میں شیخ نجدی فوت ہو گیا۔بعض علماء نے اس کی تاریخ وفات **بها هلاک الخبيث** کے جملہ سے نکالی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ نجدی نے جس طرح بتدریج تنقیص رسالت کے ادوار طے کیے، اس کے بارے میں سید احمد زینی دحلان رقم طراز ہیں:

وکان فی اول امرہ مولعا بمطالعة اخبار من ادعی النبوة کاذبا کمسیلمة الکذاب و سجاح والاسود العنسی و طلیحة الاسدی و اضرابھم فکان یضمر فی نفسه دعوی النبوة و لوامکنه اظھار ھذا الدعوی لا ظھرھاو کان یسمی جماعته من اھل بلدہ انصار و یسمی من اتبعه من الخارج المھاجرین و اذا تبعه احدو کان قد حج حجة الاسلام یقول له حج ثانیا فان حجتک الاولی فعلتھا و انت مشرک فلا تقبل ولا تسقط عنک الفرض و اذا اراد احد ان یدخل فی دینه یقول له بعد الاتیان بالشھادتین اشھد علی نفسک انک کنت کافرا واشھد علی والدیک انھما ماتا کافرین و اشھد علی فلاں و فلاں و یسمی له جماعة من اکابر العلماء و الماضین انھم کانوا کفار فان شھدوا قبلھم والا امر بقتلھم وکان یصرح بتکفیر الامة من منذ ستمائة سنة وکان یکفر کل من لایتبعه وان کان من اتقی المتقین فیسمیھم مشرکین و یستحل دمائھم و اموالھم و یثبت الایمان لمن اتبعه وان کان من افسق الفاسقین وکان ینتقص النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم کثیر بعبارات مختلفة ومن یزعم ان قصدہ الُمحافظة علی التوحید فمنھا ان یقول انهٗ طارش وھو فی لغة اھل الشرق بمعنی الشخص المرسل من قوم الیٰ اخرین بمعنی انه صلی اللّٰہ علیه وسلم حامل کتب مرسلة مغه ای غایة امرہ انه کالطارش الذی یرسله الامیر او غیرہ فی امر لاناس لیبلغھم ایاہ ثم ینصرف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ومنها انه کان یقول نظرت فی قصة الحدیبة فوجدت بها کذا کذا کذبة الی غیر ذلک مما یشبه هذا حتی ان اتباعه کانو یعفلون ذلک ایضا و یقولون مثل قوله بل یقولون اقبح مما یقوله و یخبرونه بذلک فیظهر الرضا و ربما انهم تکلموا بذلک بحضرته فیرضیٰ به حتیٰ

ان بعض اتباعه کان یقول عصای هذه خیر من محمد لانها ینتفع بها فی قتل الحیة و نحوها و محمد قدمات و لم یبق فیه نفع اصلاح و انما هوطارش و مضی قال بعض العلماء ان ذلک کفر فی المذهب الاربعة بل هوکفر عند جمیع اهل الاسلام ومن ذالک انه کان یکره الصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم و یتاذی بسما عها و ینهی عن الاتیان بها لیلة الجمعة وعن الجهر بها علی المنائر ویوذی من یفعل ذلک و یعاقبه اشد العقاب حتی انه قتل وجلا اعمی کان موذنا صالحا ذا صوت حسن نهاه عن الصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فی المنارة بعد الاذان فلم ینته واتی بالصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فامر بقتله فقتل ثم قال ان الربابة فی بیت الخاطئة یعنی الزانیة اقل اثما ممن ینادی بالصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فی المنائر و یلبس علی اصحابه و اتباعه بان ذلک کله محافظة علیه التوحید فما اقطع قوله و ما اشنع فعله و احرق دلائل الخیرات و غیرها من کتب الصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم و یتستر بقوله ان ذلک بدعة وانه یرید الُمحافظة علی التوحید و کان یمنع اتباعه من مطالعة

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كثير من كتب الفقه و التفسير و الحديث و احرق كثيرا منها و اذن لكل من تبعه ان يفسر القران بحسب فهمه حتى همج الهمج من اتباعه فكان كل واحد منهم يعفل ذلک و لو كان لا يحفظ شيأ من القران حتى صار الذى لا يقرأ منهم يقول لمن يقرأ اقرأ الى شيأ من القران و انا افسره لک فاذا قرأله شيأ يفسره و امرهم ان يعملوا بما غهموه منا و جعل ذلک مقدما على كتب العلم و نصوص العلماء و تمسک فى تكفير الناس بآيات نزلت فى المشركين فحملها على الموحدين و قدروى البخارى فى صحيحه عن عبد الله بن عمر رضى الله عنهما فى وصف الخوارج انهم انطلقو الى ايات نزلت فى الكفار فجعلوها فى المومنين و فى رواية اخرى عن ابن عمر عند غير البخارى انه صلى الله عليه وسلم قال اخوف ما اخاف على امتى رجل متاول للقران يضعه فى غير موضعه فهذا وما قبله صادق على ابن عبد الوهاب ومن تبعه ومما يد عيه محمد بن عبد الوهاب انه اتى بدين جديد كما يظهر من اقواله و افعاله و احواله ولهذا لم يقبل من دين نبينا صلى الله عليه وسلم الا القران مع انهٗ انما قبله ظاهرا فقط لئلا يعلم الناس حقيقة امره فينكشفوا عليه بدليل انه هو اتباعه انما يا ولونه بحسب مايوافق اهواء هم لا بحسب مافسره النبى صلى الله عليه وسلم و اصحابه و السلف الصالح و ائمة التفسير فانه لا يقول بذلک كما انه لا يقول بما عدا القران من احاديث النبى صلى الله عليه وسلم و اقاويل الصحابة و التابعين و الائمة المجتهدين

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ولا بما استنبطه الائمة من القران و الحديث ولا ياخذ بالاجماع والا القياس الصحيح و كان يدعى الانتساب الىٰ مذهب الامام احمد رضى اللّٰه تعالىٰ عنهٗ كذبا و تسترا و زورا والامام احمد برى منه ولذلک انتدب كثير من علماء الحنابلة المعاصرين له للرد عليه و الفوا فى الرد عليه رسائل كثيرة حتى اخوه الشيخ سليمان بن عبد الوهاب الف رسالة فى الرد عليه واعجب من ذلک انه كان يكتب الى عماله الذين هم من اجهل الجاهلين اجتهد و ايحسب فهمكم و نظر كم و احكموا بما ترونه مناسبا لهذا الدين و لا تلتفتوا لهذه الكتب فان فيما الحق و الباطل و قتل كثيرا من العلماء و الصالحين و عوام المسلمين لكونهم لم يوافقوه على ما ابتدعه و كان يقسم الزكاة على مايا مره به شيطانه و هواه و كان اصحابه لا ينتحلون مذهبا من المذاهب بل يجتهدون كما كان يامرهم و يتسترون ظاهرا بمذهب الامام احمدرضى اللّٰه عنه و يلبسون بذلک على العامة وكان ينهى عن الدعاء بعد الصلاة و يقول ان ذلک بدعة وانكم تطلبون اجرا على الصلوة وامر القائم بدينه عبد العزيز بن سعود ان يخاطب المشرق و المغرب برسالة يدعوهم الى التوحيد وانهم عنده مشركون شركا اكبر يستبيح به الدم والمال فكان ضابط الحق عنده ما وافق هواه وان خالف النصوص الشرعية واجماع الائمة و ضابط الباطل عنده مالم يوافق هواه وان كان على نص جلى اجمعت عليه الامة وكان يقول فى كثير من اقوال الائمة الاربعة ليست بشيء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

و تارة يتستر و يقول ان الائمة على حق و يقدح فى اتبا عهم من العلماء الذين الفوا فى المذاهب الاربعة و حرروها و يقول انهم صلوا و اضلوو تارة يقول ان الشريعة واحدة فما لهؤلاء جعلوها مذاهب اربعة هذا كتاب اللّٰه و سنة رسوله لا نعمل الا بهما ولانقتدى بقول مصرى و شامى و هندى يعنى بذلك اكابر علماء الحنابلة و غيرهم ممن لهم تاليف فى الرد عليه واحتجوا فى الرد عليه بنصوص الامام احمد رضى اللّٰه عنه و كان يخطب للجمعة فى مسجد الدرعية و يقول فى كل خطبة ومن توسل بالنبى فقد كفر و كان اخوه الشيخ سليمان ينكر عليه انكار اشديد افى كل ما يعفله او يامر به و لم يتبعه فى شيء مما ابتدعه و قال اخوه سليمان يوما كم اركان الاسلام يا محمد بن عبد الوهاب فقال خمسة فقال بل انت جعلتها ستة السادس من لم يتبعك فليس بمسلم هذا ركن السادس عندك للاسلام و قال رجل اخر يوما محمد ابن عبد الوهاب كم يعتق اللّٰه كل ليلة فى رمضان فقال له يعتق فى كل ليلة مائة الف و فى اخرليلة يعتق مثل ما اعتق فى الشهر كله فقال له لم يبلغ من تبعك عشر عشرما ذكرت فمن هؤلاء المسلمون الذين يعتقهم اللّٰه تعالىٰ و قد حصرت المسلمين فيك و فيمن تبعك فبهت الذى كفر و لما طال النزاع بينه و بين اخيه خاف اخوه ان يامر بقتله فارتحل ان المدينة و الف رسالة فى الرد عليه و ارسلها له فلم ينته و قال له رجل مرة و كان رئيسا علىٰ قبيلة لا يقدر ان يسطوابه ما تقول اذا اخبرك رجل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صادق ذودين و امانة و انت تعرف صدقه بان قوما كثيرين قصد وک وهم وراء الجبل الفلانى فارسلت الف خيال ينظرون القوم الذين وراء الجبل فلم يجدواللقوم اثرا ولا احد منهم جاء تلک الارض اصلا تصدق االلف ام الواحد الصادق عندک فقال اصدق االلف فقال له اذن جميع المسلمين من العلماء الاحياء والاموات فى كتبهم يكذبون مااتيت به و يزيفونه فنصد قهم و نكذبک فلم يعرف جوابا لذلک و قال له رجل اخر هذا الدين الذى جئت به متصل اومنفصل فقال له حتى مشايخى و مشايخهم الىٰ ستمائة سنة كلهم مشركون فقال له ارجل اذن دينک منفصل لا متصل فمن اخذته فقال و حى الهام كالخضر فقال له اذن ليس ذلک محصور افيک كل احد يمكنه ان يدعى و حى االهام الذى تدعيه ثم قال له ان التوسل مجمع عليه عند اهل السنة حتى ابن تيميه فانه ذكر فيه و جهين ولم يذكران فاعله يكفر حتى الرفضة والخوراج و المبتدعة كافة فانهم قائلون بصحة التوسل به صلى اللّٰه عليه وسلم فلا وجه لک فى التكفير اصلا فقال محمد بن عبد الوهاب ان عمر استسقى بالعباس فلم لم يستسق بالنبى صلى اللّٰه عليه وسلم و مقصد محمد بن عبد الوهاب بذلک ان العباس كان حيا و ان النبى صلى اللّٰه عليه وسلم ميت فلا يستقى به فقال له ذلک الرجل هذا حجة عليک فان استسقاء عمر بالعباس انما كان لا علام الناس صحة التوسل بغير النبى صلى اللّٰه عليه وسلم و كيف تحتج باستسقاء عمر بالعباس و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عمر هو الذی روی حدیث توسل ادم بالنبی صلی اللّٰه علیه وسلم قبل ان یخلق فالتوسل بالنبی صلی اللّٰه علیه وسلم کان معلوما عند عمر و غیره و انما اراد عمران یبین للناس و یعلمهم صحة التوسل بغیر النبی صلی اللّٰه علیه وسلم فبهت و تحیر و بقی علی عمارته ومن قبائحه الشنیعة انه منع الناس من زیارة قبر النبی صلی اللّٰه علیه وسلم فبعد منعه خرج اناس من الاحساء و زار و النبی صلی اللّٰه علیه وسلم و بلغه خبر هم فلما رجعوا مروا علیه فی الدرعیة فامر بحلق لحاهم ثم ارکبهم مقلوبین من الدرعیة الی الاحساء(1)۔

شیخ نجدی کی گمراہی کی ابتداء

شیخ نجدی شروع شروع میں مدعی نبوت، مسیلمہ کذاب، سجاح، اسود عنسی، اور طلیحہ اسدی جیسے بے دین لوگوں کی کتابوں کا بڑے شوق سے مطالعہ کیا کرتا تھا، اور اس کے دل میں بھی شوق تھا کہ یہ دعویٰ نبوت کا اظہار کرے، اس نے زیرزمین دعویٰ نبوت مخفی رکھا اور خارج میں اسی نہج پر کام کرتا تھا، لیکن اس کو کھل کر دعویٰ نبوت کے اظہار کا موقع نہ مل سکا، لیکن اس نے طور اطوار سارے نبوت کے اپنا لیے تھے۔ اس کے ہم عقیدہ لوگ باہر سے ہجرت کر کے آتے، ان کو یہ مہاجرین کہتا اور اپنے شہر والوں کو انصار کہتا اور جو کوئی شخص اس کے ہاتھ پر بیعت کرتا اور اگر اس نے پہلے حج کر لیا ہوتا، تو یہ اس کو کہتا جا کر دوبارہ حج کرو، کیونکہ پہلا حج تم نے جس وقت کیا تھا، اس وقت تم مشرک تھے، وہ حج تجھ سے مقبول نہ ہوگا اور نہ تجھ سے فریضہ حج ساقط ہوگا اور جب کوئی اس کے دین میں داخل ہونے کا ارادہ کرتا، تو اس سے کلمۃ الشہادتین پڑھوانے کے بعد کہتا تھا کہ اس بات پر گواہی دو کہ تم اس سے پہلے کافر تھے اور گواہی دو کہ تمہارے ماں باپ کافر تھے اور اکابر علماء کے نام لے لے کر کہتا کہ

ا۔ سید احمد بن زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ۱۳۰۴ھ، خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلد الحرام ص ۳۲۹،۳۳۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گواہی دو کہ وہ سب کافر تھے، اگر وہ گواہی دے دیتا تو ان کا ایمان قبول کر لیتا، ورنہ قتل کروا دیتا اور شیخ نجدی بصراحت کہا کرتا تھا کہ چھ سو سال سے تمام امت کافر ہے اور وہ ہر اس شخص کی تکفیر کرتا تھا، جو اس کی اتباع نہ کرے، اگرچہ وہ انتہائی پرہیز گار ہی شخص کیوں نہ ہو۔ وہ ایسے تمام اشخاص کو مشرک قرار دے کر ان کو قتل کروا ڈالتا اور ان کے مال و متاع کو لوٹنے کا حکم دیتا اور جو شخص اس کی اتباع کر لیتا، اس کو مومن قرار دیتا، اگرچہ وہ بدترین فاسقوں میں سے ہو۔

تنقیص رسالت میں شیخ نجدی کی دیدہ دلیری

شیخ نجدی مختلف طریقوں سے حضور اکرم ﷺ فداہ نفسی وابی وامی کی تنقیص کیا کرتا تھا اور اس کا زعم تھا کہ توحید کو محفوظ رکھنے کا یہی ایک طریقہ ہے اس کی چند گستاخیاں درج ذیل ہیں:

1- حضور اکرم ﷺ کو "طارش" کہا کرتا تھا اور نجد کی لغت میں طارش چھٹی رساں یا ایلچی کو کہتے ہیں۔

2- قصہ حدیبیہ کے بارے میں کہا کرتا تھا کہ اس میں اتنے جھوٹ بولے گئے ہیں، چنانچہ اس کے تابعین بھی یہ باتیں اس کے سامنے کرتے تھے اور وہ ان پر خوش ہوتا تھا۔

3- اس کے سامنے اس کے تابعین میں سے ایک شخص نے کہا کہ میری لاٹھی محمد ﷺ سے بہتر ہے، کیونکہ سانپ وغیرہ کو مارنے میں کام آ سکتی ہے، اور محمد ﷺ فوت ہو چکے ہیں اور اب ان میں کوئی نفع باقی نہیں رہا۔ وہ محض ایک ایلچی تھے جو اس دنیا سے جا چکے۔

(بعض علماء نے یہ بیان کیا کہ شیخ نجدی کے یہ اقوال مذاہب اربعہ میں کفر ہیں اور بعض نے کہا یہ باتیں تمام اہل اسلام کے نزدیک کفر ہیں)

4- شیخ نجدی حضور اکرم ﷺ پر درود شریف پڑھنے کو سخت ناپسند کرتا تھا اور درود شریف سننے سے اس کو تکلیف ہوتی تھی۔

5- جمعہ کی رات کو درود شریف پڑھنے اور میناروں پر بلند آواز سے درود شریف پڑھنے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو منع کرتا تھا اور جو شخص اس طرح درود شریف پڑھتا، اس کو سخت تکلیف دہ عذاب دیا کرتا تھا، یہاں تک کہ ایک خوش الحان نابینا مؤذن کو اس نے درود شریف پڑھنے کے جرم میں قتل کروادیا۔

6- کہا کرتا تھا کہ کسی فاحشہ عورت کے کوٹھے میں ستار بجانے سے اس قدر گناہ نہیں ہے جس قدر گناہ مسجد کے میناروں میں حضور اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھنا ہے (اور اپنے اتباع کرنے والوں اور اپنے اصحاب سے کہتا تھا کہ اس طریق کار سے توحید کی حفاظت ہوتی ہے۔)

7- اس کے بدترین افعال میں سے ایک یہ فعل ہے کہ اس نے دلائل الخیرات اور دوسری درود شریف پڑھنے والی کتابوں کو جلوادیا اور ان کتابوں کے پڑھنے کو بدعت قرار دیتا تھا۔

8- اس نے فقہ، تفسیر اور حدیث کی کتابیں جلوا ڈالی تھیں۔

9- اس نے اپنے متبعین میں سے ہر شخص کو قرآن کریم کی اپنی رائے سے تفسیر کی اجازت دے دی تھی۔ یہ اپنے متبعین میں سے کسی کو قرآن کریم کی تلاوت کا حکم دیتا، پھر از خود اس کی تفسیر کرتا، پھر جو کچھ اپنی فہم سے تفسیر کرتا، اس کو تمام علمی کتابوں اور تصریحات علماء پر مقدم رکھتا۔

10- جو آیات قرآن کریم میں منافقین اور مشرکین کے بارے میں نازل ہوئیں، ان کو مسلمانوں پر منطبق کرتا (حالانکہ صحیح بخاری میں ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما خوارج کی پہچان بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان کا طریقہ یہ ہے کو جو آیتیں مشرکین کے بارے میں نازل ہوئیں، ان کو وہ مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں اور حضرت عبداللہ بن عمر کی ایک اور سند سے حدیث ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی امت میں سب سے زیادہ اس شخص پر خوف ہے جو شخص قرآن پاک کی غلط تاویل کر کے آیات قرآن کو اس کے غیر محل میں چسپاں کرے گا اور یہ اور اس سے پہلی حدیث دونوں کا مصداق محمد بن عبدالوہاب ہے اور اس کے پیروکار ہیں اور جس چیز کی طرف اشارہ محمد بن عبدالوہاب دیتا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے، وہ ایک نیا دین ہے جیسا کہ اس کے اقوال، افعال اور احوال سے ظاہر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ دین اسلام میں صرف قرآن کو حجت مانتا ہے اور قرآن کو بھی وہ فقط ظاہر مانتا ہے تاکہ لوگ اس کی حقیقت سے واقف نہ ہو جائیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے آیات قرآنی کو اپنی ہوائے نفسانی سے کھلونا بنا رکھا ہے اور اپنی خواہش کے مطابق آیات قرآنی کو ڈھالتے رہتے ہیں۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام، اخیار تابعین اور ائمہ تفاسیر سے جو قرآن کریم کی تفسیر منقول ہے، شیخ نجدی اس کو حجت نہیں مانتا۔ جس طرح یہ قرآن کریم کے علاوہ احادیث شریفہ، اقاویل صحابہ وتابعین اور فتاویٰ ائمہ مجتہدین کو نہیں مانتا۔ اسی طرح یہ قرآن کریم اور حدیث پاک سے جن مسائل کا استنباط کیا گیا ہے، ان کو بھی نہیں مانتا، نہ قیاس کو حجت سمجھتا ہے اور نہ اجماع کو۔

شیخ نجدی دروغ گوئی سے اپنی نسبت امام احمد بن حنبل کی طرف کرتا ہے، حالانکہ حنبلی علماء نے اس کا رد لکھا ہے، یہاں تک کہ اس کے بھائی سلیمان بن عبدالوہاب نے بھی اس کے مزعومات کے رد پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ ذیل میں شیخ نجدی کے چند مزعومات پیش کئے جاتے ہیں:

11- شیخ نجدی اپنے عمال کی طرف لکھتا تھا کہ تم خود اجتہاد کیا کرو اور اپنے تدبر سے احکام جاری کیا کرو اور ان کتابوں کی طرف نہ دیکھو، کیونکہ ان میں حق اور باطل سبھی کچھ ہے، حالانکہ اس کے تمام عمال بدترین جاہل تھے۔

12- اس نے ان بے شمار علماء صالحین اور عوام مسلمین کو قتل کروا دیا جنہوں نے اس کے نوزائیدہ دین کو تسلیم نہیں کیا۔

13- (مسلمانوں کی لوٹ مار سے) جو مال حاصل ہوتا تھا، اس کی زکوٰۃ یہ اپنی ہوائے نفس سے تقسیم کیا کرتا تھا۔

14- شیخ نجدی کے متبعین اپنے آپ کو کسی مذہب کا پابند نہیں جانتے تھے، البتہ لوگوں کو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

دھوکہ دینے کے لئے حنبلی مذہب کی طرف نسبت کرتے تھے۔

15- شیخ نجدی نماز کے بعد دعا مانگنے سے منع کرتا تھا اور کہا کرتا تھا کیا تم اللہ تعالیٰ سے اس عبادت کی مزدوری مانگ رہے ہو۔

ابن سعود کا بدعقیدگی میں غلو

شیخ نجدی نے اپنے دین کو پھیلانے کا کام محمد بن سعود کے ذمے سونپ دیا تھا اور وہ عرب کے شرق اور غرب میں شیخ نجدی کی دعوت پھیلا رہا تھا اور سر عام کہتا کہ تم سب لوگ مشرک ہو، تمہارا قتل کرنا جائز اور مال لوٹنا مباح ہے۔ اس کے نزدیک مسلمان ہونے کا معیار صرف شیخ نجدی کی بیعت تھی۔ خواہ بیعت کرنے والا نصوص شرعیہ کا مخالف اور اجماع امت کا تارک ہو، اور شرک کا معیار اس کے نزدیک یہ تھا کہ جو شخص شیخ نجدی کے موافقت نہ کرے، اگرچہ وہ نص صریح پر عمل کرتا ہو اور اجماع امت کا پابند ہو۔ محمد بن سعود علی الاعلان کہتا تھا کہ ائمہ اربعہ کے اقوال غیر معتبر ہیں، کبھی ائمہ کو حق پر ثابت کرتا اور ان کے پیروکاروں کی مذمت کرتا، جنہوں نے مذاہب اربعہ میں کتابیں لکھیں اور کہتا کہ یہ لوگ خود بھی گمراہ تھے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا، کبھی کہتا شریعت ایک تھی، انہوں نے چار مذاہب بنا دیے ہیں۔ ہم اللہ کی کتاب اور اس کی رسول کی سنت کے سوا کسی چیز پر بھی عمل نہیں کریں گے۔ اکابر علماء حنابلہ کی توہین کرتے ہوئے یہ کہتا، ہم نہیں جانتے یہ مصری شامی اور ہندی کون ہیں؟

مسلمانوں کے اعتراضات سے شیخ نجدی کا لاجواب ہونا

ایک بار شیخ نجدی درعیہ میں جمعہ کا خطبہ دے رہا تھا۔ دوران خطبہ میں اس نے کہا: جو شخص حضور ﷺ کا وسیلہ پکڑے، وہ کافر ہے۔ جمعہ کے بعد شیخ نجدی کے بھائی شیخ سلیمان نے پوچھا: بتاؤ اسلام کے کتنے ارکان ہیں؟ شیخ نجدی نے کہا پانچ شیخ سلیمان نے کہا: تم نے تو اسلام کا چھٹا رکن بھی بنا دیا ہے وہ یہ کہ جو تمہاری پیروی نہ کرے، وہ بھی کافر ہے۔

ایک اور شخص نے محمد بن عبدالوہاب سے پوچھا: اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی ہر رات

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں کتنے مسلمانوں کو آزاد کرتا ہے؟ کہنے لگا: ایک لاکھ مسلمانوں کو، وہ شخص کہنے لگا، تمہارے پیروکار تو اس مقدار کے عشر عشیر کو بھی نہیں پہنچتے، تو آخر وہ کون سے مسلمان ہیں جن کو اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی راتوں میں جہنم سے آزاد کرتا ہے، جبکہ تم مسلمانوں کا حصہ صرف اپنے پیروکاروں میں سمجھتے ہو۔ اس گرفت پر شیخ نجدی مبہوت ہوگیا اور کوئی جواب نہ دے سکا۔ اسی اثناء میں شیخ سلیمان، شیخ نجدی سے ناراض ہوکر درعیہ سے مدینہ منورہ چلے گئے اور وہاں جاکر اس کارد کرنا شروع کیا۔

ایک بار ایک قبیلہ کا رئیس اس سے ملنے آیا اور اس سے کہنے لگا: اے شیخ تمہارا ایک معتمد اور خادم جو تمہارے نزدیک سچا ہو، آکر یہ خبر دے۔ اس پہاڑ کے پیچھے ایک لشکر جرار آکر تم پر حملہ آور ہونے کی تیاری کررہا ہے اور تم ایک ہزار آدمیوں کو اس بات کی تصدیق کے لئے روانہ کرو اور وہ دیکھیں کہ پیچھے نہ کوئی ہنگامہ ہے اور نہ کوئی لشکر، اور وہ اگر تم کو اس بات کی خبر دیں، تو تم اس ایک آدمی کی تصدیق کروگے یا ان ہزار آدمیوں کی۔ شیخ نجدی نے کہا: میں ہزار آدمیوں کی تصدیق کروں گا۔ اس قبیلہ کے سردار نے کہا: اسی طرح تمام سابق مسلمان علماء زندہ اور فوت شدہ اپنی کتابوں میں تمہاری دعوت اور تحریک اور تمہارے عقائد اور افکار کی تکذیب بیان کرتے رہے ہیں۔ پس ہم ان تمام کی تصدیق کریں یا صرف ایک تمہاری، اس گرفت پر بھی شیخ نجدی بھونچکا رہ گیا اور اس کو کوئی جواب بن نہ آیا۔

ایک اور شخص نے شیخ نجدی سے سوال کیا: جس دین کو تم لے کر آئے ہو، یہ پہلے اسلام سے متصل ہے یا منفصل؟ شیخ نجدی نے جواب دیا: میرے اساتذہ اور ان اساتذہ کے اساتذہ حتیٰ کہ چھ سو سال تک یہ ساری امت کافر اور مشرک تھی، اس شخص نے کہا: تب تو تمہارا دین منفصل ہے، پس تم نے یہ دین کس سے حاصل کیا؟ کہنے لگا: وحی الہام سے جیسی وحی الہام حضرت خضر پر ہوتی تھی۔ اس شخص نے جواب دیا: اگر وحی الہام کا دروازہ کھلا ہوا ہے، تو اس کی تمہارے ساتھ کیا خصوصیت ہے، ہر شخص ایک نیا دین لے کر اٹھ سکتا ہے اور کہے گا۔ کہ اس کو یہ دین وحی الہام سے حاصل ہوا ہے۔ اس شخص نے پھر کہا: تمام اہل سنت

کے نزدیک توسل جائز ہے، حتیٰ کہ ابن تیمیہ نے بھی توسل کی دو قسمیں ذکر کی ہیں اور اس نے یہ نہیں کہا کہ وسیلہ کرنے والا شخص کافر ہے حتیٰ کہ روافض، خوارج اور مبتدعہ کی بھی تکفیر نہیں کی، پھر تم وسیلہ کرنے والوں کی تکفیر کیوں کرتے ہو؟ شیخ نجدی نے جواب دیا: حضرت عمر نے حضرت عباس کے وسیلہ سے بارش کی دعا مانگی اور حضور ﷺ کے وسیلہ سے دعا نہیں کی۔ شیخ نجدی کا مقصد یہ تھا زندہ کا توسل جائز ہے اور میت کا توسل جائز نہیں۔ اس شخص نے کہا: یہ دلیل تو تمہارے خلاف جاتی ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وسیلہ سے دعا اس لئے مانگی کہ حضور ﷺ کے علاوہ دوسرے بزرگوں کے وسیلہ سے دعا مانگنا بھی جائز ہے اور تم حضرت عمر سے کیسے استدلال کر سکتے ہو، حلانکہ حضرت عمر نے ہی اس حدیث کو بیان کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے حضور اکرم ﷺ کی پیدائش سے پہلے حضور ﷺ کے وسیلہ سے دعا مانگی تھی۔ اس دلیل پر شیخ نجدی مبہوت ہو گیا اور اسے کوئی جواب نہ آیا، اس کے باوجود وہ اپنی بدعقیدگی پر قائم رہا۔

شیخ نجدی کی گمراہی کی بین مثال

شیخ نجدی کی بدعقیدگیوں اور گمراہیوں کی مثالوں میں سے چند یہ ہیں:

وہ مسلمانوں کو حضور اکرم ﷺ کی قبر انور کی زیارت کے لئے جانے سے منع کیا کرتا تھا۔ کچھ لوگ احساء سے اس کی اجازت کے بغیر روضۂ انور کی زیارت کو آئے۔ جب اس کو خبر پہنچی، تو اس نے ان مسلمانوں کو بلا کر ان کی ڈاڑھیاں منڈوا دیں اور ان کو درعیہ سے نکال کر احساء کی طرف بھجوا دیا۔

احادیث رسول اکرم ﷺ سے شیخ نجدی کے ظہور کی مذمت کے بارے میں علامہ سید احمد زینی دحلان لکھتے ہیں:

قوله صلى الله عليه وسلم يخرج ناس من المشرق يقروؤن القران لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين كما يمرق السهم من الرميه لا يعودون فيه حتى يعود السهم الى فوقه سيما هم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

التحليق و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم راس الكفر نحوالمشرق و الفخر و الخيلاء فى اهل الخيل و الابل و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم من ههنا جاءت الفتن واشار نحوالمشرق و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم غلظ القلوب و الجفاء بالمشرق و الايمان فى اهل الحجاز و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم اللهم بارک لنا فى شامنا اللهم بارک لنا فى يمننا قالوا يارسول اللّٰه و فى نجد ناقال فى الثالثة هناک الزلازل و الفتن و بها يطلع قرن الشيطان و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم يخرج ناس من المشرق يقرؤن القران لا يجاوز تراقيهم كلما قطع قرن نشاقرن حتى يكون اخرهم مع المسيح الدجال و فى قوله صلى اللّٰه عليه وسلم سيما هم التحليق تنصيص على هولاء القوم الخارجين من المشرق التابعين لُمحمد بن عبد الوهاب فيما ابتدعه لانهم كانو يامرون من اتبعهم ان يحلق راسه لا يتركونه يفارق مجلسهم اذا تبعهم حتى يحلقوا راسه ولم يقع مثل ذلک قط من احد من الفرق الضالة التى مضت قبلهم ان يلتزموا مثل ذلک فالحديث صريح فيهم و كان السيد عبد الرحمن الاهدل مفتى زبيد يقول لا يحتاج التاليف فى الرد على بن عبد الوهاب بل يكفى فى الرد عليه قوله صلى اللّٰه عليه وسلم سيما هم التحليق فانه لم يفعله احد من المتبد عة وكان محمد بن عبد الوهاب يامر ايضا بحلق رؤس النساء اللاتى يتبعنه فاقامت عليه الحجة مرة امراة دخلت فى دينه وجددت اسلامها على زعمة فامر بحلق راسها فقالت له لم تامر بحلق الراس للرجال

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فلوا مرتهم بحلق اللحی اساغ لک ان تامر بحلق روس النساء لان شعرا الراس للنساء بمنزلة اللحبة للرجال فبهت الذی کفر و لم بجدلها جوابا(1)۔

احادیث رسول سے شیخ نجدی کے خروج کی تعیین

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کچھ لوگوں کا (عرب کے) مشرق کی جانب سے ظہور ہو گا، قرآن پڑھیں گے، لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے اور دوبارہ شکار میں واپس نہیں آ سکتا، اسی طرح وہ لوگ بھی ہیں جو دین میں دوبارہ داخل نہیں ہوسکیں گے، ان کی علامت یہ ہوگی کہ وہ سر منڈایا کریں گے۔ نیز حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کفر کا گڑھ مشرق کی جانب ہے اور فرمایا سخت دلی اور سنگ دلی مشرق کی جانب ہے اور ایمان اصل حجاز میں ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے کہ آپ نے دعا مانگی: اے اللہ! ہمارے شام میں برکت دے اور ہمارے یمن میں برکت دے۔ صحابہ نے عرض کیا: ہمارے نجد میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجد کے لئے دعا نہیں مانگی اور تیسری بار فرمایا: وہاں سے زلزلے اور فتنے نمودار ہوں گے اور وہیں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا اور یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے کہ کچھ لوگوں کا (عرب کے) مشرق سے ظہور ہوگا، قرآن پڑھیں گے اور ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ جب ایک صدی ختم ہو جائے گی، تو دوسری صدی اسی طرح آئے گی، حتیٰ کہ ان کے آخر میں مسیح الدجال کا ظہور ہوگا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ان بدعقیدہ لوگوں کی علامت یہ ہوگی کہ وہ سر منڈائیں گے، یہ نص صریح ہے۔ ان لوگوں پر جو عرب کی مشرقی جانب سے ظاہر ہوئے اور جنہوں نے محمد بن عبدالوہاب کی پیروی کی، کیونکہ محمد بن عبدالوہاب اپنے پیروکاروں کو سر منڈانے کا حکم دیتے تھے اور زائرین مدینہ کی اس وقت تک اس سے جان نہیں چھٹتی تھی، جب تک کہ وہ سر

1۔ سید احمد بن زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ۱۳۰۴ھ، خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلد الحرام ص ۲۳۵، ۲۳۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہیں منڈا لیتے تھے۔

اس سے پہلے جتنے بھی فرقے گزرے ہیں، ان میں سے کوئی بھی فرقہ سر منڈوانے کا التزام نہیں کرتا تھا۔ پس اس حدیث صحیح میں جن بدعقیدہ اور دین سے نکلنے والے لوگوں کی خبر دی گئی ہے، اس کے مصداق صرف شیخ نجدی کے پیروکار ہیں۔ اسی وجہ سے سید عبدالرحمٰن الاہدل مفتی زبید کہتے تھے کہ محمد بن عبدالوہاب کی گمراہی اور دین سے خروج پر کوئی علیحدہ اور مستقل دلیل لکھنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ اس کے فرقے کے بطلان کے لئے یہ امر کافی ہے کہ انہوں نے سر منڈانا اپنا شعار بنالیا ہے، بلکہ ان کے رد کے لئے یہ کافی ہے کہ محمد بن عبد الوہاب تو ان عورتوں کے بھی بال منڈوا دینا چاہتا تھا جو اس سے بیعت کے لئے آتی تھیں۔

ایک بار ایک عورت اس کے نئے دین میں داخل ہوئی اور پچھلے اسلام سے تائب ہوئی۔ محمد بن عبدالوہاب نے اس کے سر کے بال منڈوانے کا حکم دیا۔ اس عورت نے کہا: تم مردوں کے صرف سر کے بال منڈوانے پر کیوں اکتفا کرتے ہو، اگر تم ان کے ڈاڑھیاں بھی منڈوا دو، تو تم کو یہ حق پہنچتا ہے کہ تم ہمارے سر کے بال کٹوا دو، کیونکہ عورتوں کے سر کے بال بمنزلہ مردوں کی ڈاڑھیوں کے ہیں۔ اس عورت کی یہ بات سن کر شیخ نجدی مبہوت رہ گیا اور کوئی جواب نہ دے سکا۔

اس کے بعد سید احمد زینی دحلان، علامہ سید علوی بن احمد حسن ابن القطب کی کتاب جلاء الظلام فی الرد علی النجدی الذی اضل العوام سے چند اقتباسات نقل فرماتے ہیں:

وذکر العلامة السید علوی بن احمد بن حسن ابن القطب سیدی عبد اللّٰہ بن علوی الحداد فی کتابه الذی الفه فی الرد، علی ابن عبد الوهاب المسمی جلاء الظلام فی الرد علی ابن عبدالوهاب المسمی "جلدء الظلام فی الرد علی النجدی الذی اضل العوام" من جملة الاحادیث التی ذکرها فی الکتاب المذکور حدیث مرویا عن العباس ابن عبد المطلب رضی اللّٰہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عنه ، عن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم سیخرج فی ثانی عشر قرنافی وادی بنی حنیفة رجل کهیئة الثور لا یزال یلعق براطمه یکثر فی زمانه الهرج والمرج یستحلون اموال المسلمین ویتخذونها بینهم متجرا ویستحلون دماء المسلمین و یتخذونها بینهم مفخرا وهی فتنة یعتز فیها الار ذلون والسفل تتجاری بهم الاهواء کما یتجاری الکلب بصاحبه ولهذا الحدیث شواهد تقوی معناه وان لم یعرف من خرجه ثم قال السید المذکور فی الکتاب الذی مرذکره واصرح من ذلک ان هذا المغرور محمد بن عبد الوهاب من تمیم فیحتمل انه من عقب ذی الخریصرة التمیمی الذی جاء فیه حدیث البخاری عن ابی سعید الخدری رضی اللّٰه عنه ان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال ان من ضئضی هذا اوفی عقب هذا قوما یقرؤون القران لا یجاوز حنا جرهم یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة یقتلون اهل الاسلام و یدعون اهل الاوثان لئن ادرکتهم لا قتلهم قتل عاد فکان هذا الخارجی یقتل اهل الاسلام ویدع اهل الاوثان ولما قتل علی بن ابی طالب رضی اللّٰه عنه الخوارج قال رجل الحمد للّٰه الذی اباؤهم واراحنا منهم فقال علی رضی اللّٰه تعالیٰ عنه کلا والذی نفسی بیده ان منهم لمن هو فی اصلاب الرجال لم تحمله النساء ولیکونن اخرهم مع المسیح الدجال و جاء فی حدیث عن ابی بکر الصدیق رضی اللّٰه عنه ذکر فیه بنی حنیفة قوم مسیلمة الکذاب و قال فیه ان وادیهم لایزال وادی فتن الی اخرالدهر ولا یزال الدین فی بلیة

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

من كذابهم الى يوم القيامة و فى رواية و يل لليمامة ويل لا فراق له و فى حديث ذكره فى مشكواة المصابيح سيكون فى اخرالزمان قوم يحدثونكم بما لم تسمعوا انتم ولا اباؤكم فايا كم و اياهم لا يضلونكم ولا يفتنونكم و انزل اللّٰه فى بنى تميم ان الذين ينادونک من وراء الحجرات اكثرهم لا يعقلون وانزل اللّٰه فيهم ايضا لا ترفعوا اصواتكم فوق صوت النبى صلى اللّٰه عليه وسلم قال السيد علوى الجداد المذكور انفا ان الذى وردنى حنيفة وفى ذم بنى تميم ووائل شيئى كثير و يكفيک ان اغلب الخوارج و اكثرهم منهم وان الطاغيه بن عبد الوهاب من تميم وان رئيس الفرقة الباغية عبد العزيز من وائل وجاء عنه صلى اللّٰه عليه وسلم انه قال كنت فى سيد الرسالة اعرض نفسى على القبائل فى كل موسم ولم يحببنى احد جوابا اقبح ولا اخبث من رد حنيفة (1)۔

جلاء الظلام کا خلاصہ

علامہ سید علوی بن احمد بن حسن بن القطب سیدی عبداللہ بن علوی الحداد نے ابن عبدالوہاب کے رد میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ''جلاء الظلام فی الرد علی النجدی الذی اضل العوام'' ہے اس میں تقریباً وہ تمام احادیث ذکر کی ہیں جن کو ہم اس رسالہ میں پیش کر چکے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک اور حدیث پیش کی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بارھویں صدی میں وادی بنی حنیفہ میں ایک شخص کا ظہور ہوگا۔ جس کی ہیت کذائی بیل کی طرح ہوگی اور وہ خشکی کا تمام چارہ کھا جائے گا۔ اس کے زمانہ میں قتل وخونریزی بہت ہوگی، وہ مسلمانوں کا مال حلال سمجھ کر لوٹ لیں گے اور ان

1۔ سید احمد بن زینی دحلان مکی شافعی، متوفی ۱۳۰۴ھ، خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلد الحرام ص ۲۳۶، ۲۳۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اموال سے تجارت کریں گے اور مسلمانوں کے قتل عام کو حلال سمجھ کر ان کے قتل پر فخر کریں گے۔ یہ ایک ایسا فتنہ ہوگا جس میں ذلیل قسم کے لوگ ابھر کر غالب ہو جائیں گے اور نچلے درجے کے لوگ ان کی خواہشات کی پیروی کریں گے جیسا کتا اپنے مالک کے پیچھے دم ہلاتا پھرتا ہے۔ اس حدیث کے بہت سے شواہد اور اس کے معنی کے بہت سے مؤیدات ہیں۔ اگرچہ اس کی اصل کا پتہ نہیں چلا سکا۔

اس کے بعد سید علوی لکھتے ہیں: اس سے بھی زیادہ صریح بات یہ ہے کہ فریب خوردہ شیخ نجدی بنو تمیم کی پیداوار تھا اور اس لحاظ سے بھی یہ ممکن ہے کہ یہ ذوالخویصرہ تمیمی کی صلب سے پیدا ہوا ہو جس کے بارے میں صحیح بخاری میں حدیث ہے، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی زمین سے یا فرمایا اس شخص (ذوالخویصرہ) کی اولاد سے ایک ایسی قوم پیدا ہوگی کہ وہ قرآن پڑھیں گے اور قرآن ان کے نرخرہ سے نیچے نہیں اترے گا۔ دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، مسلمانوں کو قتل کریں گے اور کفار سے تعرض نہیں کریں گے۔ اگر اس وقت میں ان کا زمانہ پاتا تو ان کا اس طرح قتل عام کرتا جس طرح قوم عاد کا قتل عام کیا گیا تھا۔ اسی طرح یہ خارجی بھی اہل اسلام کو قتل کرتا ہے اور کفار سے اس کا کوئی جھگڑا نہیں ہے اور جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خوارج کو قتل کر دیا۔ تو ایک شخص نے کہا: الحمدللہ جس نے ان کو ہلاک کر دیا اور ہمیں راحت دی۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہرگز نہیں، قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ابھی خوراج میں سے وہ لوگ باقی ہیں جو مردوں کی پشتوں میں ہیں اور عورتوں سے ہنوز وہ پیدا نہیں ہوئے اور انہیں میں سے آخری شخص مسیح الدجال۔

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسیلمہ کذاب کی قوم بنو حنیفہ کے بارے میں فرمایا: ان کی وادی سے قیامت تک فتنوں کا ظہور ہوتا رہے گا اور دین اسلام ہمیشہ کذابوں کی وجہ سے فتنوں میں مبتلا رہے گا۔ اس کے بعد علامہ سید علوی نے مشکوٰۃ شریف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

سے ایک حدیث شریف نقل کی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانہ میں ایک قوم ایسی ظاہر ہوگی جو تم سے ایسی باتیں کرے گی جو نہ تم نے سنی ہوں گی، نہ تمہارے باپ دادا نے پس تم ان سے ہرگز نہ ملنا کہیں وہ تم کو گمراہ نہ کریں، یا کسی فتنہ میں مبتلا نہ کردیں۔ اور یہ بنو تمیم ہی تھے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝ (الحجرات)

یہ لوگ آپ کو دروازے کے باہر سے آواز دے کر بلاتے ہیں، ان میں سے اکثر بے عقل ہیں\

اور یہ آیت بھی بنو تمیم ہی کے بارے میں نازل ہوئی۔

لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ (حجرات:2)

نبی علیہ السلام کی آواز کے اوپر اپنی آوازوں کو بلند نہ کرو

سید علی حداد فرماتے ہیں کہ بنو تمیم، بنو حنیفہ اور وائل کی مذمت میں بہت چیزیں وارد ہوئی ہیں۔ یاد رہے کہ وادی بنو حنیفہ قبیلہ بنو تمیم میں سے اکثر خوارج کا ظہور ہوا اور فرقہ وہابیہ کا رئیس عبدالعزیز وائل سے تھا اور قبیلہ وائل کے بارے میں یہ روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسالت کے ابتدائی ایام میں حج کے موسم میں مختلف قبائل پر دین اسلام پیش فرماتے تھے، آپ فرماتے ہیں: میرے پیغام کے جواب میں کسی قبیلہ نے اتنا قبیح اور خبیث جواب نہیں دیا تھا۔ جتنا قبیح اور خبیث جواب بنی حنیفہ کے لوگوں نے دیا تھا۔

علامہ جمیل آفندی صدقی زہاوی عراقی

علامہ عراقی شیخ نجدی کے ابتدائی حالات سے انجام کار تک نقشہ کھینچتے ہوئے لکھتے ہیں:

اما ولادته فقد كانت سنة ١١١١ھ و توفي سنة ١٢٠٧ھ و كان في ابتداء امره من طلبة العلم يتردد على مكة والمدينة لا خذه عن علمائهما وممن اخذ عنه في المدينة الشيخ محمد بن سليمان الكردي و الشيخ محمد حياة السندي و كان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الشیخان المذکوران و غیرهما من المشائخ الذین اخذ عنهم یتفرسون فیه الغوایة والا لحاد و یقولون سیضل اللّٰہ تعالیٰ هذا و یضل به من اشقاه من عباده فکان الامر کذلک و کذا کان ابوه عبد الوهاب وهو من العلماء الصالحین یتفرس فیه الالحاد و یحذرالناس منه و کذلک اخوه الشیخ سلیمان حتی انه الف کتابافی الردد علی ما احدثه من البدع و العقائد الزائغة و کان محمد هذابادیٔ بدئه کما ذکره بعض کبائر المولفین مولعا بمطالعة اخبار من ادعی النبوة کاذبا کمسیلمة الکذاب و سجاح و الا سود العنسی وطلیحة الاسدی و اضرابهم فکان یضمر فی نفسه دعوی النبوة الا انه لم یتمکن من اظهار ها و کان یسمی جماعته من اهل بلده الانصار و یسمی متابعیه من الخارج المهاجرین و کان یا مرمن حج حجة الاسلام قبل اتباعه ان یحج ثانیة قائلا ان حجتک الاولی غیر مقبولة لانک حججتها و انت مشرک و یقول لمن اراد ان یدخل فی دینه اشهد علیٰ نفسک انک کنت کافرا واشهد علی والدیک انهما ماتا کافرین و اشهد علی فلان وفلان ویسمی له جماعة من اکابر العلماء و الماضین انهم کانوا کفار افان شهد بذلک قبله وامر بقتله و کان یصرح بتکفیر الامة منذ ستمائة سنة و یکفر کل من لایتبعه وان کان من اتقی المسلمین ویسمیهم مشرکین و یستحل دمائهم واموالهم و یثبت الایمان لمن اتبعه وان کان من افسق الناس و کان علیه ما یستحق من اللّٰہ ینتقص النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم کثیر بعبارات مختلفه منها قوله فیه

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

انه (طارش) وهو فی لغة العامة بمعنی الشخص الذی یرسله احد الی غیره و العوام لا یستعملون هذا الکلمة فیمن له حرمة عندهم ومنها قوله انی نظرت فی قصة الحدیبیة فوجدت فیها کذا و کذا من الکذب الیٰ غیر ذلک من الالفاظ الا ستخفافیة حتی ان بعض اتباعه یقول بحضرته ان عصای هذاه خیر من محمد لانی انتفع بها و محمد قدمات فلم یبق فیه نفع و هو یرضی بکلامه وهذا کما تعلم کفر فی المذاهب الاربعة ومنها انه کان یکره الصلاة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم و ینهی عن ذکرها لیلة الجمعة وعن الجهر بها علی المنائر و یعاقب من یعفل ذلک عقابا شدید احتی انه قتل رجلا اعمی مؤذنالم ینته عما امره بترکه من ذکر الصلوة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم بعد الاذان و یلبس علیٰ اتباع قائلا ان ذلک کله محافظه علی التوحید وکان قد احرق کثیرا من کتب الصلوة علی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم که لائل الخیرات و غیرها و . کذالک احرق کثیرا من کتب الفقه و التفسیر والحدیث مما هو مخالف لا باطیله و کان یاذن لکل من تبعه ان یفسر القران بحسب فهمه(1)۔

شیخ نجدی کے ابتدائی حالات

شیخ نجدی ۱۱۱۱ھ میں پیدا ہوا اور ۱۲۰۷ھ میں فوت ہوا(2)۔ تحصیل علم کے لئے شروع میں مکہ اور مدینہ گیا، وہاں شیخ محمد سلیمان کردی اور شیخ محمد حیات سندھی اور دوسرے مشائخ

1۔ علامہ جمیل عراقی، الفجر الصادق، ص ۱۸، ۱۷

2۔ مشہور یہ ہوا کہ ۱۱۱۵ میں پیدا ہوا اور ۱۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔ (قادری)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حجاز سے ملاقات ہوئی۔ اکثر مشائخ نے فراست ایمانی سے اس کی پیشانی پر گمراہی اور بدبختی کے آثار دیکھے اور وہ کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کو گمراہ کردے گا اور اس کی وجہ سے بہت سے بندگان خدا گمراہی کے کنوئیں میں جاگریں گے اور فی الواقع ایسا ہی ہوا۔ اسی طرح اس کے والدگرامی شیخ عبدالوہاب بھی علماء صالحین میں سے تھے۔ انہوں نے بھی اس کی پیشانی پر بے دینی اور کفر کے آثار دیکھ لیے تھے۔ چنانچہ وہ مسلمانوں کو اس سے بچنے کی تلقین کرتے تھے، اسی طرح اس کے بھائی شیخ سلیمان نے بھی اس کی بدعقیدگی میں اس کے رد میں ایک کتاب بھی لکھی ہے۔

بدعقیدگی کی جانب پہلا قدم

ابتداء میں شیخ نجدی جھوٹے مدعیان نبوت مثلاً مسیلمہ کذاب، سجاح، اسود عنسی، طلیحہ اسدی اور دوسرے مدعیان نبوت کی کتابوں کا بڑے شوق سے مطالعہ کیا کرتا تھا اور وہ خود بھی اپنے تئیں نبوت کا مدعی سمجھتا تھا، لیکن اس کو اس دعویٰ کے اظہار پر قدرت حاصل نہ ہوسکی۔ اپنے شہر والوں کا نام اس نے انصار رکھا اور اسی کے دوسرے ہم عقیدہ جو لوگ باہر سے آتے، ان کا نام مہاجرین رکھا جو شخص اس کے ہاتھ پر بیعت کرتا اس سے اقرار کراتا کہ تمہاری پچھلی زندگی مشرکانہ تھی اور اگر تم حج کرچکے ہو، تو تم پر اب دوبارہ حج کرنا لازم ہے اور اس سے کہتا کہ تم گواہی دو کہ تم پہلے مشرک تھے، تمہارے ماں باپ بھی شرک پر مرے اور گزشتہ اکابر علماء دین کا نام لے لے کر کہتا کہ گواہی دو، وہ سب مشرک تھے۔ اگر وہ شخص یہ گواہیاں دیتا تو اس کی بیعت قبول کرتا، ورنہ اس کو قتل کرادیتا اور شیخ نجدی بتصریح کہتا تھا کہ اب سے چھ سو سال پہلے کی تمام امت کافر تھی اور وہ شخص جو اس کی پیروی نہ کرتا، اس کو کافر کہتا خواہ وہ کتنا ہی پرہیزگار مسلمان کیوں نہ ہو اور اس کے قتل کو حلال اور اس کے مال لوٹنے کو جائز سمجھتا اور جو شخص اس کی اتباع کرلیتا، خواہ وہ کیسا ہی فاسق کیوں نہ ہو، اس کو مومن کہا کرتا تھا۔

بدعقیدگی کی انتہا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں مختلف طریقوں سے گستاخیاں کرتا تھا، آپ کو طارش

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY.COM

کہتا تھا اور طارش کے معنی نجد کی لغت میں ایلچی کے ہوتے ہیں۔ واقعہ حدیبیہ کے بارے میں کہا کرتا تھا کہ میں نے اس واقعہ کو پڑھا اور اس میں اتنی جھوٹی باتیں تھیں، نیز اس کے پیروکار اس کے سامنے برملا کہتے تھے کہ ہماری لاٹھی محمد ﷺ سے بہتر ہے اور محمد ﷺ تو فوت ہو چکے ہیں اور ان میں کوئی نفع باقی نہیں رہا۔ یہ باتیں سن کر وہ خوش ہوا کرتا تھا اور یہ امور مذاہب اربعہ میں کفر ہیں۔

حضور اکرم ﷺ پر درود شریف پڑھے جانے کو ناپسند کرتا تھا اور جو مسلمان جمعہ کی رات کو بلند آواز سے درود شریف منبر پر پڑھتے تھے، انہیں روکتا تھا اور سخت ترین ایذائیں پہنچاتا تھا، حتیٰ کہ ایک نابینا مؤذن جو اذان سے پہلے دورد شریف پڑھتا تھا، اور اس کے روکنے سے نہیں رکتا تھا، اس کو اس نے قتل کروا دیا اور اپنے پیروکاروں کو فریب آفرینی سے یہ سمجھایا کرتا تھا کہ میں سب کام توحید کی حفاظت کیلئے کررہا ہوں۔

درود شریف کے موضوع پر دلائل الخیرات اور اس جیسی کتنی ہی کتابیں اس نے جلا ڈالیں۔ اسی طرح فقہ اور تفسیر اور حدیث کی جو کتابیں اس کے مزعومات کے خلاف تھیں، ان سب کو اس نے جلا ڈالا اور اس نے پیروکاروں کو اذن عام دے رکھا تھا کہ جس طرح چاہیں، اپنی عقل سے قرآن کریم کی تفسیر کریں۔

شیخ نجدی نے محمد بن سعود کو جو اپنے عزائم کی تکمیل کے لئے آلہ کار بنایا، اس موضوع پر علامہ عراقی لکھتے ہیں:

ثم انه صنف لا بن سعود رسالة سماها (كشف الشبهات عن خالق الارض والسموات) كفر فيها جميع المسلمين و زعم ان الناس كفار منذ ستمائة سنة و حمل الايات نزلت فى الكفار من قريش على اتقياء الامة و اتخذ ابن سعود ما يقوله وسيلة لاتساع الملك و انقياد الاعراب له فصار ابن عبد الوهاب يدعو الناس الى الدين و يثبت فى قلوبهم ان جميع من هو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تحت السماء مشرک بلا مراء۔ ومن قتل مشرکا فقد وجبت له الجنة و کان ابن سعود یتمثل کلما یا مره به فاذا امره بقتل انسان او اخذ ماله سارع الی ذلک فکان ابن عبد الوهاب فی قومه کالنبی فی امته لایترکون شیأ مما بقوله ولا یفعلون شیأ الایامره و یعظمونه غایة التعظیم و یبجلونه غایة التبجیل(1)

محمد بن سعود سے گٹھ جوڑ

شیخ نجدی نے محمد بن سعود کی خاطر کشف الشبہات نامی ایک رسالہ لکھا۔ اس رسالہ میں اس نے تمام مسلمانوں کو کافر قرار دیا اور یہ زعم کیا کہ چھ سو سال سے تمام مسلمان کفر اور شرک میں مبتلا ہیں اور قرآن کریم کی جو آیات کفار کے حق میں نازل ہوئی تھیں، ان کو صالح مسلمانوں پر چسپاں کیا۔

ابن سعود نے اس رسالہ کو اپنی مملکت کی حدود وسیع کرنے کے لئے وسیلہ بنا لیا تاکہ عرب اس کی پیروی کریں۔ شیخ نجدی لوگوں کو اپنے دین کی طرف دعوت دیتا اور لوگوں کو یہ ذہن نشین کراتا کہ آسمان کے نیچے اس وقت جس قدر مسلمان ہیں، بلاریب سب مشرک ہیں اور جو مشرک کو قتل کرے گا، اس کے لئے جنت واجب ہو جائے گی۔ شیخ نجدی جو بھی حکم دیتا، ابن سعود اس پر عمل کرتا۔ جب شیخ نجدی کسی انسان کے قتل یا اس کے مال لوٹنے کا حکم جاری کرتا، تو ابن سعود اس حکم کی تعمیل کرتا، پس نجدیوں کی اس قوم میں محمد بن عبد الوہاب ایک نبی کی شان سے رہتا تھا۔ اس کی ہر بات پر عمل کیا جاتا تھا اور وہ کوئی کام اس کی اجازت کے بغیر نہیں کرتے تھے اور نجد کے لوگ شیخ نجدی کی اتنی تعظیم کرتے تھے جتنی تعظیم کسی نبی کی جاسکتی ہے۔

شیخ نجدی نے جو ملحدانہ اور انسانیت سوز ظالمانہ کارروائیاں کیں، ان پر قلم اٹھاتے ہوئے علامہ عراقی لکھتے ہیں:

1۔ علامہ جمیل عراقی، الفجر الصادق، ۲۰، ۱۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ومن قبائح ابن عبد الوهاب احراقه كثيرا من كتب العلم و قتله كثيرا من العلماء و خواص الناس و عوامهم و استباحة دمائهم و اموالهم و نبشه لقبور الاولياء و قدامر فی الاحساء ان تجعل بعض قبورهم محلا لقضاء الحاجة ومن الناس من قراء ة دلائل الخيرات من الرواتب والاذكار ومن قرأة المولد الشريف و من الصلاة عن النبی صلی اللّٰه عليه وسلم من المنائر بعد الاذان و قتل من فعل ذلک و من الدعاء بعد الصلاة وكان يصرح بكفر المتوسل بالانبياء و الملائكة والاولياء و بزعم ان من قال لاحد مولانا اوسيدنا فهو كافر۔

ومن اعظم قبائح الوهابيه اتباع ابن عبد الوهاب قتلهم الناس حين دخلوا الطائف قتلا عاما حتی استا صلوا الكبير و الصغير واو دوا بالمامور و الامیر، و الشريف والوضيع ، وصاروا يذبحون علی صدر الام طفلها الريضع و وجدوا جماعة يتدارسون القرآن فقتلوهم عن اخرها ولما ابادوا من فی البيوت جميعا خرجوا الی الحوانيت والمساجد و قتلوا من فيها۔وقتلوا الرجل فی المسجد وهو راكع اوساجد حتی افتوا المسلمين فی ذلک البلد و لم يبق فيه الاقدر نيف و عشرين رجلا تمنعوا فی بيت الفتی بالرصاص ان يصلوهم و جماعة فی بيت الفعر قدرالمائتين وسبعين قاتلوهم يومهم ثم قاتلوهم فی اليوم الثانی و الثالث حتی راسلوهم بالامان مكرا و خديعة فلما دخلوا عليهم و اخذوامنهم السلاح قتلوهم جميعاً و اخرجوا غيرهم ايضاً بالامان و العهود الی وادی (وج) و تركوهم

هنالک فی البرد و الثلج حفاة عراة مکشو فی السموأت هم و نساؤهم من مخدورات المسلمین و نهبوا الاموال و النقود والاثاث و طرحوا الکتب علی البطاح و فی الازقة والاسراق تعصف بها الریاح و کان فیها کثیر من المصاحف ومن نسخ البخاری و مسلم و بقیة کتب الحدیث و الفقه و غیر ذلک تبلغ الوفا مؤلفة فمکثت هذه الکتب ایاما و هم یطؤنها بارجلهم ولایستطیع احدان یرفع منها ورقة ثم اخربوا البیوت و جعلوها قاعا صفصفا و کان ذلک سنة ١٢١٧ (1)۔

شیخ نجدی کی علم اور علماء سے عداوت

شیخ نجدی کے نفرت انگیز کاموں میں سے ایک کام یہ ہے کہ اس نے کثیر تعداد میں علمی کتابوں کو جلوا ڈالا۔ دوسرا یہ کہ کثیر علماء کو قتل کرا دیا، اسی طرح عوام وخواص میں سے بے حساب بے گناہوں کے خون ناحق سے اس کے ہاتھ رنگین ہوئے اور اس نے ان کے قتل کو حلال اور مال کو لوٹنا جائز ٹھہرایا تھا۔ تیسرا بدترین فعل یہ ہے کہ اس نے اولیاء اللہ کی قبروں کو کھدوا ڈالا اور چوتھا اس سے بھی قابل نفرت کام یہ کیا کہ احساء میں اولیاء کرام کی قبروں کو بیت الخلا میں تبدیل کرا دیا۔ لوگوں کو دلائل الخیرات اور دوسرے ذکر واذکار پڑھنے سے منع کرتا تھا۔ اسی طرح میلاد شریف اور مسجد کے میناروں میں اذان کے بعد درود شریف پڑھنے سے روکتا تھا۔ جو مسلمان یہ مبارک اور مستحسن کام کرتے، ان کو قتل کرا دیتا۔ نماز کے بعد دعا مانگنے سے منع کرتا تھا۔ انبیاء ملائکہ اور اولیاء کرام کے وسیلہ سے دعا مانگنے کو صراحۃً کفر قرار دیتا تھا۔ اور کہتا تھا جو شخص کسی کو مولانا یا سیدنا کہے، وہ کافر ہے۔

وہابیہ کے لرزہ خیز مظالم

وہابیہ کے بدترین مظالم میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے طائف پر غلبہ پا کر قتل عام

1۔ علامہ جمیل عراقی، الفجر الصادق، ص ۲۲،۲۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شروع کر دیا، یہاں تک کہ بوڑھوں تک سب کو تہ تیغ کر دیا اور اس سلسلہ میں انہوں نے امیر، ماموراور عوام وخواص کا کوئی فرق روا نہیں رکھا۔ظلم کی انتہا یہ تھی کہ ماں کے سامنے اس کے شیر خوار بچے کو ذبح کر دیتے تھے۔ ایک جگہ کچھ لوگ قرآن کریم کی تلاوت کر رہے تھے۔انہوں نے ان تمام لوگوں کو اسی حالت میں قتل کر دیا۔گھروں سے فارغ ہونے کے بعد دکانوں اور مسجدوں کا رخ کیا، مسجد میں نمازیوں کو عین نماز کی حالت میں قتل کر دیا خواہ کوئی قیام میں ہو، رکوع میں یا سجدہ میں یہاں تک کہ بیس پچیس کے سوا تمام اہل طائف تہ تیغ کر دیئے گئے۔ایک دن میں دوسوستر مسلمان قتل کئے دوسرے اور تیسرے دن بھی اتنے ہی لوگوں کو قتل کیا۔تیسرے روز اہل طائف کو دھوکے سے بلایا اور ان کو امان دینے کے بہانے سے ان کے تمام ہتھیار لے لیے، پھر ان کو برفانی وادی میں لے گئے اور مردوں اور عورتوں کے کپڑے اتروا کر ان کو برفانی وادیوں میں تڑپتا چھوڑ گئے اور ان کا مال ومتاع لوٹ لیا اور کتابوں کو سر عام پھینک دیا۔ان میں قرآن کریم کے متعدد نسخے، احادیث میں سے صحیح بخاری، صحیح مسلم اور دوسری حدیث اور فقہ کی دوسری کتابیں تھیں جن کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی تھی۔کافی عرصہ تک یہ کتابیں اپنی عظمت وحرمت کو یونہی صدائیں دیتی رہیں اور نجدی ان مقدس اوراق کو اپنے قدموں تلے روندتے رہے اور کسی شخص کو اجازت نہ تھی کہ ان اوراق میں سے کوئی ورق اٹھالے۔پھر انہوں نے طائف کے گھروں میں آگ لگا دی اور ایک خوبصورت اور آباد شہر کو برباد کر کے چٹیل میدان بنا دیا اور یہ واقعہ ۱۲۱۷ھ میں واقع پذیر ہوا۔

ابوحامد بن مرزوق

علامہ ابی حامد بن مرزوق محمد بن عبد الوہاب نجدی کے عقائد اور اس کے چند مذموم افعال کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

تقدم فی المقدمة ان امھات عقیدته منحصرة فی الربع، تشبیه اللّٰه سبحانه و تعالیٰ بخلقه وتحید الالوھیة والربوبیة و عدم

توقيره النبى صلى اللّٰه عليه وسلم وتكفيره المسلمين وانه مقلد فيها كلها احمد بن تيميه وهذا مقلد فى الاولى الكرامية ومجسمة الحنابلة ومقتد بهما وبا لحروريين فى الرابعة، و مخترع توحيدالالوهية والربوبية الذى تفرع عنه عدم توقيره النبى صلى اللّٰه عليه وسلم و تكفيره المسلمين۔

وقد فرق ابن تيميه تكفيره المسلمين فى كتبه تلبيسًا وتحت ستار الكتاب والسنة والسلف وائمة السنة والائمه، المزيف، وهذا صرح بتكفيرهم وجعل رأى ابن تيمية اصلا نبى عليه رسائله المولفة فى التوحيد قالوا:

كان محمد بن عبدالوهاب نيهى عن الصلاة على النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم يتاذى من سماعها، وينهى عن الاتيان بهاليلة الجمعة وعن الجهر بها على المنائر، يوذى من يفعل ذلک ويعاقبه اشد العقاب حتى انه قتل رجلا اعمى كان مرذنا صالحاذا صوت حسن، تهاه عن الصلاة عل النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فى المنارة بعد الاذان فلم ينته فامر بقتله فقتل۔

ثم قال ان الربابة فى بيت الخاطئة، يعنى الزانية اقل اثما ممن ينادى بالصلاة على النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فى المنائر، ويلبس على اصحابه بان ذلک كله محافظة على التوحيد و احرق دلائل الخيرات وغيرها من كتب الصلاة على النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم ويستربقوله: ان ذلک بدعة وان يريد الُمحافظة على التوحيد، وكان يمنع اتباعه من مطالعة كتب الفقه والتفسير والحديث واحرق كثيرا منها واذن لكل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

من اتبعة ان یفسر القرآن بحسب فهمه، فکان کل واحد منهم یفعل ذلک ولو کان لا یحفظ القرآن ولا شیئا منه، وامرهم ان یعملوا ویحکموا بما یفهمونه وجعل ذلک مقدما علی کتب العلم ونصوص العلماء(1)۔

شیخ نجدی کے عقائد

ہم شروع میں بیان کر چکے ہیں کہ شیخ نجدی کے بنیادی عقیدے چار ہیں۔

1-اللہ تعالیٰ کو مخلوق سے مشابہ ماننا۔

2-الوہیت اور ربوبیت کو صفت واحدہ ماننا۔

3- نبی علیہ السلام کی تعظیم نہ کرنا۔

4- تمام مسلمانوں کی تکفیر کرنا۔

ان چاروں عقیدوں میں شیخ نجدی، ابن تیمیہ کا مقلد ہے اور ابن تیمیہ پہلے عقیدے میں کرامیہ اور مجسمہ کا مقلد ہے اور چوتھے عقیدے میں خوارج کا مقلد ہے، دوسرا اور تیسرا عقیدہ اس کی اپنی اختراع ہے۔ پہلے اس نے الوہیت اور ربوبیت کی وحدت کا عقیدہ تراشا اور اس کے اوپر تیسرے عقیدہ تنقیص رسالت کی بنیاد رکھی۔

شیخ نجدی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کو ناپسند کرتا تھا اور درود شریف سننے سے اس کو تکلیف ہوتی تھی اور جمعہ کی رات کو خصوصاً درود شریف پڑھنے سے روکتا تھا اور مسجد کے میناروں پر بلند آواز سے درود شریف پڑھنے سے بھی روکتا تھا اور جو شخص درود شریف پڑھتا، اس کو سخت ایذا دیتا، یہاں تک کہ اس نے ایک صالح اور نابینا موذن کو صرف اس بات پر قتل کرا دیا کہ اس نے مسجد کے مینار پر اذان کے بعد درود شریف پڑھا تھا۔

ابن تیمیہ نے تکفیر مسلمین کے عقیدہ کو اپنی کتابوں میں کتاب وسنت کی اصطلاحوں اور علماء کی عبارتوں کی اوٹ میں چھپا کر رکھا تھا، لیکن شیخ نجدی نے تمام احتیاطوں کو بالائے

1- شیخ ابی حامد بن مرزوق، التوسل بالنبی وجہلۃ الوہابیین ص ۲۴۵، ۲۴۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طاق رکھتے ہوئے تکفیر مسلمین کا فتویٰ دے دیا اور بناء ابن تیمیہ پر رکھی۔

شیخ نجدی کہتا تھا کہ مسجد کے میناروں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا گناہ ایک فاحشہ کسبیہ کے گھر مزامیر بجانے سے زیادہ ہے اور اپنے پیروکاروں کو فریب دیتا تھا کہ توحید کی حفاظت اسی طرح ہوگی۔

شیخ نجدی نے درود شریف کی عام کتابوں اور بالخصوص دلائل الخیرات کو جلوادیا۔ اور کہتا تھا کہ یہ بدعت ہیں اور توحید کی محافظت اسی طرح ہوگی اور وہ اپنے پیروکاروں کو فقہ، تفسیر اور حدیث کی کتابوں کے مطالعہ سے منع کیا کرتا تھا اور ہر شخص کو اس کی عقل کے مطابق تفسیر کرنے کی اجازت دے رکھی تھی، چنانچہ اس کے متبعین اسی طرح کیا کرتے تھے اور جو کچھ قرآن کریم سے مطالب اخذ کرتے، اسی پر عمل کرتے اور لوگوں سے کراتے تھے۔

علامہ ابن مرزوق نے شیخ نجدی کی دیگر شناعات اور مفاسد میں تقریباً وہی باتیں لکھی ہیں، جن کو علامہ سید احمد زینی دحلان مکی اور علامہ عراقی لکھ چکے ہیں، اس لیے ہم نے طوالت کی وجہ سے وہ تمام عبارات ترک کردیں۔

انور شاہ کشمیری

دیوبندیوں کے مشہور محدث انور شاہ کشمیری محمد بن عبدالوہاب کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اما محمد بن عبد الوهاب النجدی فكانه رجلا بليد اقليل العلم فكان يتسارع الى الحكم بالكفر

محمد بن عبدالوہاب نجدی نہایت بے وقوف اور کم علم شخص تھا اور وہ مسلمانوں پر کفر کا حکم لگانے میں بہت تیز تھا(1)۔

حسین احمد ''مدنی''

دیوبندی مکتب فکر کے ایک بڑے عالم حسین احمد مدنی نے ''شہاب ثاقب'' میں مختلف

1۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، ص ۱۷۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مقامات پر محمد بن عبد الوہاب نجدی کی شخصیت اور اس کے عقائد سے بحث کی ہے، ہم ان سطور پریشاں کو ایک منظم شکل میں حوالہ صفحات کی قید کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔

1-صاحبو! محمد عبد الوہاب نجدی ابتدا تیرھویں صدی نجد عرب سے ظاہر ہوا اور چونکہ یہ خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ رکھتا تھا، اس نے اہل سنت والجماعت سے قتل وقتال کیا۔ ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا، ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا، ان کے قتل کرنے کو باعث ثواب ورحمت شمار کرتا رہا۔ اہل حرمین کو خصوصاً اہل حجاز کو عموماً اس نے تکلیف شاقہ پہنچائیں۔ سلف صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی اور بے ادبی کے الفاظ استعمال کیے، بہت سے لوگوں کو بوجہ اس کی تکلیف شدیدہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا اور ہزاروں آدمی اس کے اور اس کی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے اور الحاصل وہ ایک ظالم اور باغی، خونخوار، فاسق شخص تھا۔ اسی وجہ سے اہل عرب کو خصوصاً اس کے اور اس کے اتباع سے دلی بغض تھا اور ہے اور اس قدر ہے کہ اتنا قوم یہود سے ہے نہ نصاریٰ سے نہ مجوس سے نہ ہنود سے، غرضیکہ وجوہات مذکورۃ الصدر کی وجہ سے ان کو اس کے طائفہ سے اعلیٰ درجہ کی عداوت ہے اور بے شک جب اس نے ایسی ایسی تکالیف دی ہیں، تو ضرور ہونا بھی چاہئے۔ وہ لوگ یہود ونصاریٰ سے اس قدر رنج وعداوت نہیں رکھتے جتنی کہ وہابیہ سے رکھتے ہیں (1)۔

2-محمد بن عبد الوہاب کا عقیدہ تھا کہ جملہ اہل عالم وتمام مسلمانان دیار مشرک وکافر ہیں اور ان سے قتل وقتال کرنا، ان کے اموال کو ان سے چھین لینا حلال اور جائز بلکہ واجب ہے، چنانچہ نواب صدیق حسن خاں نے خود اس کے ترجمہ میں ان دونوں باتوں کی تصریح کی ہے (2)۔

3-نجدی اور اس کے اتباع کا اب تک یہی عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی حیات فقط اسی زمانہ تک ہے۔ جب تک وہ دنیا میں تھے۔ بعد ازاں وہ اور دیگر مومنین موت میں برابر

1۔ حسین احمد "مدنی" شہاب ثاقب ص ۴۲ 2۔ ایضاً ص ۴۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں۔ اگر بعد وفات ان کو حیات ہے، تو وہی حیات ان کو برزخ ہے اور احاد امت کو ثابت ہے، بعض ان کے حفظ جسم نبی کے قائل ہیں، مگر بلا علاقہ روح، اور متعدد لوگوں کی زبان سے باالفاظ کریہہ کہ جن کا زبان پر لانا جائز نہیں، درباره حیات نبوی علیہ السلام سنا جاتا ہے اور انہوں نے اپنے رسائل وتصانیف میں لکھا ہے(1)۔

4- زیارت رسول مقبول ﷺ آستانہ شریفہ و ملاحظہ روضہ مطہرہ کو یہ طائفہ بدعت، حرام وغیرہ لکھتا ہے۔ اس نیت سے سفر کرنا محظور اور ممنوع جانتا ہے۔ **لاتشد والرحال الا الی ثلثة مساجد** ان کا متدل ہے۔ بعض ان میں سے سفر زیارت کو معاذ اللہ تعالیٰ زنا کے درجہ کو پہنچاتے ہیں۔ اگر مسجد نبوی میں جاتے ہیں تو صلوٰۃ وسلام ذات اقدس نبوی علیہ السلام کو نہیں پڑھتے اور نہ اس طرف متوجہ ہو کر دعا وغیرہ مانگتے ہیں(2)۔

5- وہابیہ مسئلہ شفاعت میں ہزاروں تاویلیں اور گھرنٹ کرتے ہیں اور قریب قریب انکار شفاعت کے بالکل پہنچ جاتے ہیں(3)۔

6- وہابیہ اشغال باطنیہ واعمال صوفیہ مراقبہ، ذکر وفکر وارادت ومشیخت وربط القلب بالشیخ وفنا وبقا وخلوت وغیرہ اعمال کو فضول ولغو اور بدعت وضلالت شمار کرتے ہیں اور ان اکابر کے اقوال وافعال کو شرک وغیرہ کہتے ہیں اور ان سلاسل میں داخل ہونا بھی مکروہ ومستقبح بلکہ اس سے زائد شمار کرتے ہیں، چنانچہ جن لوگوں نے دیار نجد کا سفر کیا ہوگا، یا ان سے اختلاط کیا ہوگا، ان کو بخوبی معلوم ہوگا کہ فیوض روحانیہ ان کے نزدیک کوئی چیز نہیں ہے(4)۔

7- وہابیہ کسی خاص امام کی تقلید کو شرکت فی الرسالۃ جانتے ہیں اور ائمۃ اربعہ اور ان کے مقلدین کی شان میں الفاظ واہیہ خبیثہ استعمال کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے مسائل میں وہ گروہ اہل سنت والجماعت کے مخالف ہو گئے، چنانچہ غیر مقلدین ہند اسی طائفہ شنیعہ کے

ا۔ حسین احمد ”مدنی“: شہاب ثاقب، ص ۴۵
۲۔ حسین احمد ”مدنی“: شہاب ثاقب، ص ۴۶، ۴۵
۳۔ حسین احمد ”مدنی“: شہاب ثاقب، ص ۴۷
۴۔ حسین احمد ”مدنی“: شہاب ثاقب، ص ۵۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پیروکار رہیں، وہابیہ نجد وعرب اگرچہ بوقت اظہار دعویٰ حنبلی ہونے کا اقرار کرتے ہیں، لیکن عمل درآمد ان کا ہرگز جملہ مسائل میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب پر نہیں ہے، بلکہ وہ بھی اپنے فہم کے مطابق جس حدیث کو مخالف فقہ خیال کرتے ہیں، اس کی وجہ سے فقہ کو چھوڑ دیتے ہیں، ان کا بھی مثل غیر مقلدین کے اکابر امت کی شان میں الفاظ گستاخانہ بے ادبانہ استعمال کرنا معمول ہو گیا ہے(1)۔

8-مثلاً علی العرش استویٰ وغیرہ آیات میں طائفہ وہابیہ استواء ظاہری اور جہات وغیرہ ثابت کرتا ہے جس کی وجہ سے ثبوت جسمیت وغیرہ لازم آتا ہے......علی ہذا القیاس مسئلہ نداء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں وہابیہ مطلق منع کرتے ہیں(2)۔

9-وہابیہ عرب کی زبان سے بارہا سنا گیا کہ الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ کو سخت منع کرتے ہیں اور اہل حرمین پر سخت نفرین اس ندا اور خطاب پر کرتے ہیں اور ان کا استہزا اڑاتے ہیں اور کلمات ناشائستہ استعمال کرتے ہیں(3)۔

10-وہابیہ تمباکو کو کھانے اور پینے کو حقہ میں ہو یا سگار میں یا چرٹ میں اور اس کے ناس لینے کو حرام اور اکبر الکبائر میں سے شمار کرتے ہیں۔ ان جہلا کے نزدیک زنا اور سرقہ کرنے والا اس قدر ملامت نہیں کیا جاتا جس قدر تمباکو کو استعمال کرنے والا ملامت کیا جاتا ہے(4)۔ اور وہ اعلیٰ درجہ کے فساق وفجار سے وہ نفرت نہیں کرتے جو تمباکو استعمال کرنے والے سے کرتے ہیں(5)۔

11-وہابیہ امر شفاعت میں اس قدر تنگی کرتے ہیں کہ بمنزلہ عدم کے پہنچا دیتے ہیں(6)۔

1۔ حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ۶۲

2۔ حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ۶۴

3۔ حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ۶۵

4۔ اب سعودی عرب میں تمباکو بکثرت استعمال ہوتا ہے، گویا ان کے نزدیک اس سے محبوب اور حلال چیز اور ہے ہی نہیں (تابش)

5۔ حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ۶۶ 6۔ حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ۶۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

12-وہابیہ سوائے علم احکام شرائع، جملہ علوم اسرار حقانی وغیرہ سے ذات سرور کائنات خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خالی جانتے ہیں(1)۔

13-وہابیہ نفس ذکر ولادت حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبیح و بدعت کہتے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس اذکار اولیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کو بھی برا سمجھتے ہیں(2)۔

خلیل احمد انبیٹھوی

اشرف علی تھانوی، شبیر احمد عثمانی، حبیب الرحمٰن دیوبندی ودیگر اکابر دیوبند

خلیل احمد انبیٹھوی نے علماء، مدینہ کے سوالات کے جواب میں ایک کتاب ''التصدیقات لدفع التلبیسات'' لکھی جس کی تصدیق و تائید اشرف علی تھانوی، شبیر احمد عثمانی، حبیب الرحمٰن دیوبندی اور دیگر اکابر دیوبند نے کی۔اس کتاب میں بھی شیخ نجدی کا ذکر آ گیا ہے۔علماء مدینہ شیخ نجدی کے بارے میں سوال کرتے ہیں:

سوال

محمد بن عبدالوہاب نجدی حلال سمجھتا تھا، مسلمانوں کے خون اور ان کے مال و آبرو کو اور تمام لوگوں کو منسوب کرتا تھا، شرک کی جانب اور سلف کی شان میں گستاخی کرتا تھا۔اس کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے اور کیا سلف اور اہل قبلہ کی تکفیر کو تم جائز سمجھتے ہو یا کیا مشرب ہے؟

جواب

ہمارے نزدیک ان کا وہی حکم ہے جو صاحب در مختار نے فرمایا ہے اور خوارج ایک جماعت ہے، شوکت والی جنہوں نے امام پر چڑھائی کی تھی تاویل سے کہ امام کو باطل یعنی کفر یا ایسی معصیت کا مرتکب سمجھتے تھے جو قتال کو واجب کرتی ہے۔اس تاویل سے یہ لوگ ہماری جان و مال کو حلال سمجھتے اور ہماری عورتوں کو قیدی بناتے ہیں۔آگے فرماتے ہیں ان کا

1۔حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ٦٧ 2۔حسین احمد ''مدنی'': شہاب ثاقب، ص ٦٧

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حکم باغیوں کا ہے۔ پھر یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم ان کی تکفیر صرف اس لئے نہیں کرتے کہ یہ فعل تاویل سے ہے، اگر چہ باطل ہی سہی اور علامہ شامی نے اس کے حاشیہ میں فرمایا ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں ابن عبدالوہاب کے تابعین سرزمین نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر متغلب ہوئے، اپنے کو حنبلی مذہب بتاتے تھے، مگران کا عقیدہ یہ تھا کہ بس وہی مسلمان ہیں اور جوان کے عقیدہ کے خلاف ہو، وہ مشرک ہے اور اسی بناء پر انہوں نے اہل سنت اور علماء اہل سنت کا قتل مباح سمجھ رکھا تھا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت توڑ دی(1)۔

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی

غیر مقلدوں کے مشہور امام نواب صدیق حسن خاں بھوپالی اپنے فرقہ یعنی غیر مقلدوں کو وہابیت سے بری کرنے کے لئے ایک طویل گفتگو کرتے ہیں اور مآل کار لکھتے ہیں۔

مردم هنداز برائے تجارت و زیارت بحرمین شریفین میر وندو خود مردم آنجاازنام صاحب نجد فروخته مے گردند، زیرا که نجدی وهابی بلا هائے برسر ایشان ریخته بودپس هر که از مکه معظمه و مدینه منوره باز پس مے آید وے عداوت محمد بن عبد الوهاب همراه خود مے آرد۔

ہندوستان سے لوگ تجارت اور حرمین شریفین کی زیارت کے لئے جاتے ہیں اور حرمین شریفین کے لوگ شیخ نجدی کے نام سے بھی ناراض ہوتے ہیں۔ کیونکہ شیخ نجدی ان کے لئے شدید تکالیف اور مصائب کا سبب بنا تھا۔ پس جو شخص بھی مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ سے ہوکر آتا ہے، وہ اپنے دل میں محمد بن عبدالوہاب کے خلاف سخت غم وغصے کو لے کر آتا ہے(2)۔

محمد منظور نعمانی

دیو بندیوں کے مشہور عالم محمد منظور نعمانی شیخ نجدی سے بہت متاثر ہیں اور اپنے

1۔خلیل احمد انبیٹھوی: التصدیقات لدفع التلبیات، ص ۱۹، ۱۸

2۔نواب صدیق حسن خاں بھوپالی: موائد العوائد من عیون الاخبار والفوائد، ص ۳۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مضامین میں انہوں نے شیخ نجدی کی مبالغہ آمیز وکالت کی ہے، اس کے باوجود وہ بعض مسائل میں شیخ نجدی سے اختلاف کرنے پر مجبور ہو گئے، لکھتے ہیں:

اصولی درجہ میں اس توافق اور طرز فکر میں بڑی حد تک یکسانیت اور یگانگت کے باوجود بعض نظریات و مسائل میں ہمارے اکابر علماء دیوبند اور شیخ محمد بن عبدالوہاب کی جماعت کے نقطہ نظر اور رویہ میں کچھ فرق و اختلاف بھی ہے۔ مثلاً وہ حضرات زیارت نبوی کو مستحب و مسنون بلکہ افضل اعمال ماننے کے باوجود مشہور حدیث **لا تشدوا الرحال**...... الخ کی خاص زیارت کے لئے مدینہ منورہ کی طرف سفر کرنا جائز نہیں سمجھتے۔ ان کے نزدیک سفر مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی نیت سے کرنا چاہئے۔ پھر وہاں پہنچ کر زیارت کی مستقل نیت کریں۔ حدیث **لا تشدوا الرحال** الخ کے بارے میں ان کی تحقیق یہ ہے کہ اس ممانعت کا تعلق صرف مساجد کے لئے سفر کرنے سے ہے۔

اسی طرح دعا میں توسل بالنبی ﷺ اور بالصالحین کو شیخ محمد بن عبدالوہاب اور ان کے متبعین بالکل جائز نہیں سمجھتے اور ہمارے اکابر کے نزدیک وہ ناجائز نہیں ہے، کیونکہ وہ فی الحقیقت توسل **باعمالهم الصالحه** ہی کی ایک صورت ہے اور توسل **بالاعمال الصالحة** بالاتفاق جائز اور ثابت ہے۔ ہاں اگر کوئی جاہل اور گمراہ آدمی رسول اللہ ﷺ کے یا کسی اور مقبول وفات یافتہ بندے کے وسیلے سے دعا کرے اور سمجھے کہ اس وسیلہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ پر معاذ اللہ کوئی بوجھ اور دباؤ پڑے گا اور وہ قبول ہی کر لیں گے یا یہ سمجھ کر دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اس وسیلہ کے بغیر دعا قابل سماعت نہ ہوگی تو بے شک یہ عقیدہ سخت گمراہانہ اور یہ فعل حرام ہوگا۔ (کسی مسلمان سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ وسیلہ سے دعا مذکورہ نظریہ سے مانگتا ہوگا، یہ صورت محض فرضی ہے، واقعی نہیں۔ (قادری غفرلہ)

اسی طرح حضور اکرم ﷺ کے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر سلام عرض کرنے کے ساتھ آپ ﷺ سے شفاعت کے سوال کو شیخ محمد بن عبدالوہاب اور ان کے متبعین ناجائز بلکہ ایک طرح کا شرک کہتے ہیں جیسا کہ شیخ محمد بن عبدالوہاب کے حوالہ سے گزشتہ قسط میں نقل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیا جا چکا ہے (اس بارے میں ان کا ایک خاص نقطہ نظر ہے جو ان حضرات کی کتابوں میں دیکھا جا سکتا ہے) لیکن ہمارے اکابر اس اصولی عقیدہ اور یقین میں ان سے متفق ہونے کے باوجود کہ '' قیامت اور آخرت میں کوئی نبی یا ولی یا فرشتہ اللہ تعالیٰ کے اذن واجازت کے بغیر کسی کی شفاعت نہیں کر سکے گا اور صرف اسی بندے کے حق میں شفاعت ہو سکے گی جس کے لئے اللہ تعالیٰ کی مرضی واجازت ہوگی''۔

زائر کے لئے روضہ مبارک پر حاضر ہو کر سلام عرض کرنے کے ساتھ آپ سے شفاعت اور استغفار کی استدعا کو بھی صحیح سمجھتے ہیں۔ ہمارے نزدیک ان دونوں باتوں میں کوئی منافات نہیں ہے، اسی طرح کی شفاعت کی ہرگز یہ بنیاد نہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کو شفاعت کے معاملہ میں '' خود مختار'' سمجھتے ہیں۔ ایسا سمجھنا بلاشبہ سخت گمراہی ہے۔ کسی مخلوق کو بھی بارگاہ خداوندی میں بطور خود شفاعت کرنے کا اختیار نہیں ہے اور نہ ہوگا، قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا (الزمر:44) مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ (البقرہ:255)

(منظور احمد نعمانی اقرار کرتے ہیں کہ شیخ نجدی دنیا میں حضور ﷺ سے طلب شفاعت کو شرک قرار دیتے ہیں، بلکہ کشف الشبہات میں شیخ نجدی نے طالب شفاعت کو نہ صرف مشرک بلکہ اس کے قتل کو جائز اور اس کے مال لوٹنے کو مباح لکھا ہے اور اس مضمون میں انہوں نے دنیا میں حضور ﷺ سے طلب شفاعت کو جائز لکھ کر شیخ نجدی کا شرک خود اپنی ذات پر جاری کر لیا، بلکہ اپنے قتل اور مال کو بھی مباح کر دیا۔ اس کے باوجود وہ شیخ نجدی کے مداح ہیں، اسی کا نام ہے اندھی عقیدت۔ (قادری غفرلہ)

نعمانی صاحب کا ان دونوں باتوں میں منافات نہ سمجھنا خود فریبی سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا اور انہوں نے شیخ نجدی کے شفاعت طلب کرنے پر فتویٰ شرک کو جو اس بات پر محمول کیا ہے کہ کوئی شخص حضور ﷺ کو '' خود مختار'' سمجھ کر آپ سے شفاعت طلب کرے، اس کو شیخ نجدی شرک کہتے ہیں، تو یہ شیخ نجدی کے اپنے کلام کے خلاف اور **توجیہ الکلام بما لا یرضی بہ قائلہ** کا مصداق ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کشف الشبہات ص ۳۷ پر شیخ نجدی نے طالبین شفاعت کا رد کرتے ہوئے لکھا ہے۔

فان قال النبی ﷺ اعطی الشفاعة وانا اطلب مما اعطاه الله فالجواب ان الله اعطاه الشفاعة نہاک عن هذا۔

اگر معترض یہ کہے حضور اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا مرتبہ دیا ہے، اور میں اسی دی ہوئی شفاعت سے سوال کرتا ہوں، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو شفاعت دی اور تم کو شفاعت طلب کرنے سے روک دیا ہے۔

اس سے بھی واضح صراحت شیخ نجدی کی اس عبارت میں ہے۔

کشف الشبہات کے صفحہ ۳۱۔۳۲ پر شیخ نجدی لکھتے ہیں:

فان اعداء الله لهم اعتراضات کثيرة علی دين الرسل يصدون بها الناس عنه منها قولهم، نحن لانشرک بالله بل نشهدانه لا يخلق ولا يرزق ولا يغفر الا الله وحده لاشريک له وان محمدا عليه السلام لا يملک لنفسه نفعا ولا ضرا فضلا عن عبد القادر وغيره ولکن ان مذنب والصالحون لهم جاه عند الله و اطلب من الله بهم

دشمنان خدا کے دین رسول پر متعدد اعتراضات ہیں جن کی بناء پر وہ لوگوں تک صحیح دین پہنچنے سے روکتے ہیں، ان میں سے ایک اعتراض یہ ہے کہ دشمنان خدا کہتے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہیں کرتے، بلکہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق ہے نہ رازق اور نہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نفع دے سکتا ہے اور نہ نقصان پہنچا سکتا ہے اور ان باتوں میں خدا کا کوئی شریک نہیں ہے اور یہ کہ محمد ﷺ بھی اپنی ذات کے لئے کسی نفع اور نقصان کے مالک نہیں ہیں چہ جائیکہ عبد القادر یا کوئی اور شخص ہو، لیکن میں ایک گنہگار شخص ہوں اور صلحاء اللہ کے مقرب بندے ہیں، اس بنا پر میں ان سے سوال کرتا ہوں۔

کیا شیخ نجدی کی اس تصریح کے بعد بھی نعمانی صاحب کی یہ تاویل چل سکتی ہے کہ شیخ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجدی نے حضور اکرم ﷺ سے اس صورت میں شفاعت طلب کرنے کو منع کیا ہے جو حضور ﷺ کو خود مختار سمجھتا ہو۔ حیرت ہے کہ نعمانی صاحب خوف خدا اور آخرت کے حساب سے بالکل عاری ہو کر شیخ نجدی کے کلام میں تحریف اور بے بنیاد تاویل کر کے یہ ثابت کرنے کی سعی ناکام کر رہے ہیں کہ شیخ نجدی طلب شفاعت کو اس صورت میں منع کرتے ہیں جو حضور ﷺ کو خود مختار مانے جبکہ شیخ نجدی حضور ﷺ کو عاجز اور ماذون من الشفاعت ماننے کے بعد بھی طلب شفاعت پر کفر اور قتل اور مال لوٹنے کا حکم لگاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس علمی خیانت اور گمراہ کن پروپیگنڈے سے ہمیں محفوظ رکھے۔ (قادری غفرلہ)

اگلے پیراگراف میں نعمانی صاحب لکھتے ہیں:

اسی طرح ایک اختلاف ان حضرات کے اور ہمارے اکابر کے رویہ میں یہ ہے کہ جو لوگ اپنے اشعار وغیرہ میں رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کر کے استعانت اور استغاثہ کے انداز میں ندا اور خطاب کرتے ہیں، ان کے بارے میں ہمارے اکابر کا مؤقف یہ ہے کہ اگر حضور ﷺ کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب و متصرف سمجھ کر ایسا خطاب اور استمداد و استغاثہ کیا جائے، تو بلاشک و شبہ قطعاً شرک ہے، لیکن اگر کسی شخص کا عقیدہ صحیح ہے، وہ رسول اللہ ﷺ کو نہ حاضر و ناظر سمجھتا ہے نہ عالم الغیب اور متصرف سمجھتا ہے، بلکہ ایسا سمجھنے کو شرک جانتا ہے لیکن شوقیہ طور پر حاضر فی الذہن سے خطاب کر رہا ہے (جیسا کہ اشعار میں بکثرت ایسا ہوتا ہے) اس امید پر خطاب کر رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا یہ پیام آپ تک پہنچا دے گا اور آپ ان شاء اللہ دعا فرمائیں گے، تو یہ ہرگز شرک نہیں ہے اور اسی بناء پر صاحب قصیدہ بردہ علامہ بوصیری اور مولانا جامی وغیرہ کے اس طرح کے اشعار کو اسی پر محمول کرتے ہیں اور یہ ہرگز زبردستی کی تاویل نہیں ہے۔

اس وضاحت کے بعد لکھتے ہیں: لیکن شیخ محمد بن عبد الوہاب اور ان کے متبعین اس مسئلہ میں یہ تفصیل نہیں کرتے۔ وہ رسول اللہ ﷺ یا کسی بھی وفات یافتہ بزرگ سے اس طرح کے خطاب کو بہر حال شرک قرار دیتے ہیں(1)۔

1۔ محمد منظور نعمانی: ہفت روزہ المنبر جلد ۲۳، شمارہ ۱۶، ۱۵، ص ۱۶، ۱۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نوٹ: اہل سنت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عالم الغیب کا اطلاق نہیں کرتے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غیب پر مطلع مانتے ہیں، حاضر و ناظر کی بحث مولانا غلام رسول سعیدی صاحب کی تصنیف ''توضیح البیان''(1) میں آچکی ہے۔ اور کوئی بھی شخص اللہ تعالیٰ کے سنائے بغیر نہیں سن سکتا، نہ کوئی شخص خدا کی دی ہوئی طاقت کے بغیر تصرف کرسکتا ہے اور جو شخص بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خدا کرتا ہے، اسی عقیدہ سے کرتا ہے۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے دیے ہوئے غیب کو جانتے ہیں، اس کی دی ہوئی طاقت سے تصرف کرتے ہیں، اس کے سنانے سے سنتے ہیں۔ ان حقائق کا نعمانی صاحب کو بھی اقرار ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ شیخ نجدی ہر حال میں ندا کو شرک کہتے ہیں، لہٰذا نعمانی صاحب بھی شیخ نجدی کے فتویٰ کفر سے بچ نہیں سکتے۔ (قادری غفرلہ)

شیخ نجدی کا رد کرنے والے اکابر اسلام کی اجمالی فہرست

شیخ ابی حامد مرزوق نے ان علماء اسلام کی فہرست مہیا کی ہے جنہوں نے محمد بن عبدالوہاب کے عقائد فاسدہ کے رد میں تصنیفات جلیلہ سپرد قلم فرمائی ہیں، ملاحظہ کیجئے:

1- شیخ محمد بن سلیمان کردی

2- شیخ نجدی کے استاذ علامہ عبداللہ بن عبداللطیف شافعی، ان کی کتاب کا نام: تجرید سیف الجہاد لمدعی الاجتہاد

3- علامہ عفیف الدین عبداللہ بن داؤد حنبلی، کتاب کا نام: الصواعق والرعود

4- علامہ محقق محمد بن عبدالرحمٰن بن عفالق حنبلی کتاب کا نام: تہکم المقلدین بمن ادعا تجدید الدین

5- علامہ احمد بن علی القبانی بصری شافعی

6- علامہ عبدالوہاب بن احمد برکات شافعی، احمدی، مکی

7- شیخ عطاء المکی، کتاب کا نام: الصارم ال. ندی فی عنق النجدی

1۔ یہ کتاب حامد اینڈ کمپنی لاہور نے جدید اضافات کے ساتھ شائع کردی ہے۔ الہ آباد انڈیا میں بھی چھپ چکی ہے۔ (تابش قصوری)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

8- شیخ عبداللہ بن عیسیٰ الموییسی

9- شیخ احمد مصری احسائی

10- بیت المقدس کے ایک عالم، کتاب کا نام: السیوف الصقال فی اعناق من انکر علی الاولیاء بعد الانتقال

11- سید علوی بن احمد حداد، کتاب کا نام: السیف الباتر لعنق المنکر علی الاکابر

12- شیخ محمد بن شیخ احمد بن عبداللطیف الاحسائی

13- علامہ عبداللہ بن ابراہیم میرغنی الساکن بالطائف۔ کتاب کا نام: تحریض الاغنبیاء علی الاستغاثۃ بالانبیاء والاولیاء

14- الشیخ محمد صالح زمزمی شافعی

15- علامہ طاہر حنفی، کتاب کا نام: انتصار للاولیاء الابرار

16- مذاہب اربعہ کے اکابر کے جوابات کا مجموعہ

17- مذاہب اربعہ کے اکابر کے ورسائل پر مشتمل ایک ضخیم

18- علامہ سید المنعمی

19- علامہ سید عبدالرحمٰن

20- علامہ سید علوی بن الحداد، کتاب کا نام: مصباح الانام وجلاء الظلام

21- سلیمان بن عبدالوہاب، کتاب کا نام: الصواعق الالٰہیہ

22- علامہ محقق شیخ الاسلام بتونس اسماعیل التمیمی المالکی

23- علامہ محقق الشیخ صالح الکواش التونسی

24- علامہ محقق سید داؤد البغدادی الحنفی

25- الشیخ ابن غلبون اللیبی

26- سید مصطفیٰ المصری البولاقی

27- سید الطباطائی البصری

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

28-علامہ الشیخ ابراہیم السمنودی، المنصوری، کتاب کا نام: سعادۃ الدارین فی الدرعلی الفرقتین الوھابیہ ومقلدہ الظاہریہ

29- مفتی مکہ سید احمد زینی دحلان، کتاب کا نام الدرر السنیہ

30-الشیخ یوسف النبھانی، کتاب کا نام: شواہد الحق فی التوسل بسید الخلق

31- جمیل صدقی الزہاوی، البغدادی، کتاب کا نام: الفجر الصادق

32- شیخ المشرقی المالکی الجزائری، کتاب کا نام: اظہار العقوق ممن منع التوسل بالنبی والولی الصدوق

33-علامہ مخدوم مفتی فاس الشیخ المہدی الوازانی

34- شیخ مصطفیٰ الحامی المصری، کتاب کا نام: غوث العباد بیان الرشاد

35-الشیخ ابراہیم حلمی القادری الاسکندری، کتاب کا نام: جلال الحق فی کشف احوال اشرار الخلق

36-علامہ شیخ سلامۃ العزامی، کتاب کا نام: البراہین الساطعہ

37- شیخ حسن الشطی الحنبلی الدمشقی، کتاب کا نام: النقول الشرعیۃ فی الرد علی الوہابیہ

38- = == = مذہبہ صوفیہ کی تائید میں ایک رسالہ

39- شیخ محمد حسنین مخلوف، رسالہ: فی حکم التوسل بالانبیاء والاولیاء

40- شیخ حسن خزبک، کتاب کا نام: المقالات الوفیہ فی الرد علی الوہابیہ

41- شیخ عطاء الکسم الدمشقی کتاب کا نام: الاقوال المرضیۃ فی الرد علی الوہابیہ

42-علامہ شیخ عبدالعزیز القرشی العلجی، المالکی، الاحسائی (1)

اس فہرست میں ان برصغیر پاک و ہند کے نام شامل نہیں ہیں جنہوں نے اپنی متعدد تصانیف جلیلہ میں شیخ نجدی کے عقائد باطلہ کا رد کیا ہے، بہر حال اس فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ نجدی نے بارہویں صدی میں ایک ایسا فتنہ کھڑا کر دیا۔ جس کو فرو کرنے کے لئے تمام دنیا کے حق پرست علماء کھڑے ہو گئے تھے۔

1 ۔ ابی حامد بن مرزوق: التوسل بالنبی وجہلۃ الوہابیین ص ۲۵۳ تا ۲۴۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب4

وہابیہ کا پہلا اور دوسرا دور

۱۷۴۵ء تا ۱۸۹۱ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وہابیہ کا دور اول ۱۷۴۵ء، ۱۸۱۸ء

اس کتاب کے پہلے باب میں ہم امیر محمد بن سعود متوفی ۱۱۷۹ء کے سریرآرائے اقتدار ہونے کی مکمل تصویر کھینچ چکے ہیں اور اسی بات میں محمد بن سعود کے بیٹے عبدالعزیز بن محمد بن سعود متوفی ۱۸۰۳ء کے خونیں عہد کا بھی ذکر کیا جا چکا ہے اور اس کے بعد اس خاندان کے سب سے سفاک اور سنگدل حکمران سعود بن عبدالعزیز متوفی ۱۲۲۹ ہجری کی جانشینی کا ذکر بھی کر چکے ہیں۔

یہ بتلایا جا چکا ہے کہ سعود بن عبدالعزیز کی جانشینی کے بارے میں محمد بن عبدالوہاب سے پہلے ہی رائے لی جا چکی تھی، چنانچہ عبدالعزیز کے مقتول ہونے کے بعد سعود بن عبدالعزیز کو سلطنت نجد کا فرمانروا مقرر کر دیا گیا۔

سعود بن عبدالعزیز کا اجمالی تعارف مسعود عالم سے سنیے لکھتے ہیں:

سعود زمام حکومت ہاتھ میں لیتے ہی اپنے باپ کے نقش قدم پر دعوت وحکومت کی توسیع میں سرگرم ہو گیا اور دور دراز کی فوجی مہمات کی سرکردگی اپنے بیٹے عبداللہ کے سپرد کی، عبداللہ نے ایک طرف حجاز میں خیبر کو سرنگوں کیا اور دوسری طرف بحرین اور اس الخیمہ تک اپنی فتوحات کی دھاک بٹھادی(1)۔

سعود بن عبدالعزیز نے اپنے باپ کی زندگی میں خونریزی کی کس طرح تربیت پائی تھی، اس کی بھی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں۔

سردار حسنی لکھتے ہیں:

وہابیوں نے ۱۸۰۱ء میں سعود بن عبدالعزیز کی قیادت میں کربلا معلی پر حملہ کیا اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے مقدس مزار کو منہدم کر دیا۔ کربلا معلی کی بے حرمتی کی اور

ا۔ مسعود عالم ندوی، محمد بن عبدالوہاب ص ۸۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

امن پسند آبادی کا بیشتر حصہ بلا قصور تہ تیغ کر دیا۔ کربلائے معلیٰ سے بصرہ تک کا تمام علاقہ خاک سیاہ کر دیا۔ کروڑوں روپیہ کا مال واسباب لوٹ لیا، فتنہ تاتار کے بعد عراق میں ایسا ظلم اور فساد کبھی نہ ہوا تھا۔ دنیا بھر کے مسلمانوں میں ماتم کی صفیں بچھ گئیں۔ لیکن درعیہ نجد کے دارالسلطنت میں فتح ونصرت کے شادیانے بج رہے تھے۔

اب وہابیوں نے شریف غالب سے بھی عہد شکنی کی بندرگاہ حالی پر بلاوجہ قبضہ کر لیا، حالی حدود حجاز میں شریف مکہ کی ملکیت تھی۔ احتجاج ناکام ثابت ہوا، وہابی جنگ کے خواہاں تھے، ناقابل قبول شرطیں پیش کیں، جو صرف حقیر اور کمزور دشمن ہی قبول کر سکتا تھا(1)۔

حرم مکہ کی بے حرمتی

سعود بن عبد العزیز نے طاقت کے نشہ میں چور ہو کر اور محافظ توحید کا لبادہ اوڑھ کر مکہ میں کیا کیا ستم ڈھائے یہ سردار حسنی سے سنیئے!

سعود جو اس وقت رسوائے عالم ہو چکا تھا، حجاز کی طرف بڑھا اور لگے ہاتھوں طائف پر قابض ہو گیا اور وہاں سے گردونواح میں افواج بھیجنے لگا۔ شریف کے پاس کوئی قابل ذکر فوج نہ تھی۔ مقابلہ کی تاب نہ لا کر جدہ چلا گیا۔ اپریل ۱۸۰۳ء میں سعود بلا مزاحمت مکہ میں داخل ہو گیا۔ وہابی مدت سے ادھار کھائے بیٹھے تھے کہ اصل اصلاح مکہ سے کی جائے گی اور ہر وہ چیز جس میں کفر وشرک کا شائبہ پایا جاتا ہو، فنا کر دی جائے گی، چنانچہ اب مقدس مزارات توڑ پھوڑ دیئے گئے۔ زیارت گاہوں کی بے حرمتی کی گئی حرم کعبہ کے غلاف پھاڑ دیئے گئے۔ وہابیوں کے معتقدات کے مطابق جس قدر شعائر یا رسومات قرآن وسنت کے خلاف تھیں، یک لخت ممنوع قرار دی گئیں(2)۔

مکہ مکرمہ کی فتح کے بعد وہابی شمال کی طرف بڑھے، جدہ کا محاصرہ کیا گیا، شریف غالب نے جانفشانی سے ڈٹ کر مقابلہ کیا، مدینہ منورہ میں بھی وہابیوں کا مقابلہ کیا گیا۔

حرم مکہ کی بے حرمتی کے بارے میں غیر مقلدوں کے مشہور عالم نواب صدیق حسن

1۔ سردار محمد حسنی۔ بی اے، سوانح حیات سلطان عبد العزیز آل سعود ص ۴۸
2۔ ایضاً

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خاں بھوپالی لکھتے ہیں، سعود بن عبدالعزیز نے سرداروں اور شریفوں کو قتل کیا اور کعبہ کو برہنہ کر دیا اور دعوت وہابیت قبول کرنے کو لوگوں پر جبر کیا(1)۔

سعود بن عبدالعزیز کے بارے میں ایک اور غیر مقلد عالم مرزا حیرت لکھتے ہیں:

عبدالعزیز کے بعد اس کا بڑا بیٹا سعد (سعود) اپنے باپ سے بھی زیادہ پر جوش اور مرد میدان نکلا۔ اس نے اور بھی اپنی فتوحات ملکی کو وسعت دی اور ترکی سلطنت کو ہلا دیا(2)۔

مکہ فتح کرنے کے بعد اس مرد میدان کی شجاعت کا ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے میرزا حیرت لکھتے ہیں:

حقہ پینے کی ممانعت بہت سخت تھی، ایک دن اتفاق سے محتسب نے ایک خاتون کو جو حقہ کی حد سے زیادہ عادی تھی، حقہ پیتے دیکھ لیا وہ ہر چند چاہتی تھی کہ بچ کے نکل جاؤں، پر ممکن نہ ہوا، آخر وہ پکڑی گئی۔ الٹے گدھے پر اس کو سوار کیا گیا اور اس کی گردن پر اس کا حقہ رکھا گیا اور گلی در گلی اسے پھیرا گیا تاکہ عورتوں کو سخت عبرت ہو اور پھر وہ شہر بدر کر دی گئی(3)۔

حرم مدینہ کی بے حرمتی

۱۸۰۳ء کے اخیر میں سعود کی قیادت میں وہابیوں نے مدینہ منورہ بھی فتح کر لیا۔ مسعود عالم ندوی لکھتے ہیں:

۱۸۰۵ء کے آغاز میں اہل مدینہ نے بھی اطاعت قبول کر لی اور سمع و اطاعت کا عہد کیا، حسب دستور مدینہ منورہ میں عام قبروں کے قبے اور زیارت گاہیں منہدم کر دی گئیں(4)۔

میرزا حیرت لکھتے ہیں:

۱۸۰۳ء کے اختتام پر مدینہ بھی سعود بن عبدالعزیز کے قبضہ میں آ گیا۔ مدینہ کے لئے اس کے مذہبی جوش میں یہاں تک ابال آیا کہ اس نے اور مقبروں سے گزر کر خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مزار کو بھی سلامت نہ چھوڑا، آپ کے مزار کی جواہر نگار چھت کو برباد کر دیا اور اس

1۔ نواب صدیق حسن خان بھوپالی ترجمان وہابیہ ص ۳۵
2۔ میرزا حیرت دہلوی، حیات طیبہ ص ۳۰۲
3۔ میرزا حیرت دہلوی، حیات طیبہ، ص ۳۰۳
4۔ مسعود عالم ندوی، محمد بن عبدالوہاب ص ۸۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چادر کو اٹھا دیا، جو آپ کے مزار مقدس پر پڑی رہتی تھی (1)۔

رشید رضا مصری لکھتے ہیں:

یہی لوگ (سعود بن عبد العزیز وغیرہ......قادری) تیرھویں صدی ہجری کے آغاز میں (یعنی انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں) حرمین شریفین پر قابض ہوئے تھے، لیکن انہوں نے حجرہ شریفہ کو نہیں گرایا، البتہ بعض مورخین کا قول ہے کہ انہوں نے حرم نبوی کے قبہ کے اوپر سے سونے کا ہلال اور کرہ اتار لیا تھا اور وہ قبہ کو بھی گرانا چاہتے تھے، لیکن ان کارکنوں میں سے جو ہلال اور کرہ مذکورہ کو اتارنے کے لیے اوپر چڑھے تھے، دو آدمی نیچے گر کر مر گئے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے قبہ گرانے کا ارادہ ترک کر دیا (2)۔

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی لکھتے ہیں:

سعود بن عبد العزیز کا پھر بنی ضرب سے حرب کا اتفاق ہوا اور ان کے شہروں میں اس نے بہت خونریزی کی اور شہر ینبوع میں اترا اور وہاں کے لوگوں نے اس کی اطاعت قبول کی، پھر مدینہ منورہ میں گیا اور وہاں کے لوگوں پر جزیہ باندھا اور مزار مقدس نبوی ﷺ کو برہنہ کر دیا اور اسی کے خزائن اور دفائن سب لوٹ کر درعیہ کو لے گیا، بعضوں نے کہا کہ ساٹھ اونٹوں پر بار کر کے خزانہ لے گیا اور ایسا ہی ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے مزارات کے ساتھ پیش آیا اور مدینہ پر تمر بن شیخ بنی حرب کو حاکم کیا اور لوگوں کو دعوت وہابیہ کے قبول کرنے پر مجبور کیا اور سعود نے قبہ مزار نبی ﷺ کو ڈھانے کا قصد کیا، مگر اس امر کا مرتکب نہ ہوا اور حکم کیا کہ بیت اللہ کا حج سوائے وہابیوں کے اور کوئی نہ کرے اور عثمانیوں کو حج سے مانع ہوا اور کئی برس تک لوگ حج سے محروم رہے اور شام اور عجم کے لوگوں کو حج نصیب نہ ہوا اور ان کے خوف سے اکثر حجاج اپنے مقاصد پر فائز نہ ہو سکے (3)۔

سعود بن عبد العزیز کی فتوحات

سعود بن عبد العزیز کی فتوحات کے بارے میں سردار حسنی لکھتے ہیں:

1۔ میرزا حیرت دہلوی، حیات طیبہ، ص ۳۰۵ 2۔ سید محمد رشید رضا ایڈیٹر المنار مصر، نجد وحجاز ص ۱۱۳، ۱۱۲

3۔ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی، ترجمان وہابیہ ص ۳۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

موت کے وقت عبدالعزیز کی عمر ۸۲ برس کی تھی، اس کے عہد کی اکثر فتوحات اس کے بیٹے سعود کے ہاتھ پر ہوئی تھیں، چنانچہ سعود باپ کی جگہ تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں وہابی فتوحات کا سلسلہ برابر قائم رہا، حجاز کے شمال سے لے کر عمان تک جزیرۃ العرب نجدیوں کی حکومت میں آ گیا۔ عرب کا مشرقی ساحل بھی ان کے قبضہ میں تھا، بحرین بھی فتح ہو گیا۔ یمن کے سوا سارا ملک بطیّب خاطر یا بامر مجبوری وہابی ہو گیا تھا(1)۔

ترکی کی خلافت عثمانیہ کا اقدام

جزیرہ عرب خلافت عثمانیہ کے زیر انتظام تھا اور ترکوں کی طرف سے شریف غالب حجاز کا حکمران اور محافظ حرمین تھا۔ بظاہر یہ بات بہت حیران کن معلوم ہوتی ہے کہ وہابیوں کی اس ساری کارروائی کے دوران ترک خاموش تماشائی بنا رہا، اس کا مقرر کردہ حاکم شریف غالب شکست پر شکست کھاتا رہا۔

اور ترکوں کی طرف سے اس کو کوئی مدد نہ پہنچی، حتیٰ کہ وہابی خلافت عثمانیہ اور وحدت اسلامیہ کو پارہ پارہ کر کے تمام جزیرہ عرب پر قابض ہو گئے، لیکن اس خاموشی کی بہت سی وجوہات تھیں۔ ترک کا سلطان اس وقت بین الاقوامی طور پر بہت سی جنگوں میں الجھا ہوا تھا، جیسے ہی اس کو ان جنگوں سے ایک گونہ اطمینان ہوا، اس کی ایک ضرب نے وہابی حکومت کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکا، عبدالعزیز بن محمد بن سعود اور سعود بن عبدالعزیز کے دور میں وہابی سلطنت ابھری اور یہ دور ۱۷۶۵ء ۱۱۷۹ھ سے لے کر ۱۸۱۷ء، ۱۲۲۹ھ تک پھیلا ہوا ہے۔ آئیے دیکھیں اس دور میں سلاطین ترک بین الاقوامی طور پر کس طرح جنگ و پیکار میں الجھے ہوئے تھے مشہور مورخ ابوالعلا سید شاہ محمد کبیر لکھتے ہیں۔

سلطان عبدالحمید خان مصطفیٰ ثالث کا بھائی اور سلطان احمد سوم کا بیٹا تھا۔

۱۱۳۸ھ میں پیدا ہوا اور ۱۱۸۷ھ میں تخت پر بیٹھا۔ مزاج میں صلح پسندی تھی، تخت پر بیٹھتے ہی عیسائیوں سے صلح کر لی، کیونکہ خانگی اور متواتر جھگڑوں درلکھیڑوں کی وجہ سے اس

1۔ سردار محمد حسنی۔ بی اے سوانح حیات سلطان ابن آل سعود ص ۴۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی سلطنت میں نہایت ضعف آ گیا تھا اور لشکر اور فوج کی بغاوت سے ملک تباہ ہو رہا تھا۔ صلح کے بعد حسین پاشا کو باغیان عرب کی گوشمالی پر روانہ کیا، جس نے قرار واقعی اس فساد کو مٹا دیا اور سرکشوں کو پوری سزا دی، مگر روس اور جرمن نے آپس میں اتفاق کر کے سلطان پر چڑھائی کی، یوسف پاشا اور علی پاشا مقابلہ کے لئے مقرر کئے گئے۔ یوسف پاشا نے پہلے جرمن کی فوج سے مقابلہ کیا اور قلعہ شیش کو مسخر کر لیا اور علی پاشا نے بھی روس سے خوب مقابلہ کیا، اسی بادشاہ کے زمانہ میں کریم خاں رند نے بصرہ کو فتح کر لیا اور مدت سلطنت اس کی پندرہ سال تھی اور عمر ۶۳ سال۔

سلیم خاں ثالث ۱۱۷۵ھ میں پیدا ہوا اور ۱۷۹۸ء، ۱۲۰۳ھ میں تخت عثمانیہ پر بیٹھا اور اپنی تمام تر ہمت اس نے بری اور بحری فوج کی آراستگی میں مصروف کی تھوڑے ہی دنوں میں ڈیڑھ لاکھ فوج تیار ہوئی اور شاہان جرمن اور روس سے لڑائی بھی چھڑ گئی۔ دو مہینہ تک سخت لڑائی رہی۔ ۱۷۹۱ء میں سپہ سالار روس نے صلح کر لی مگر ملکہ کتھرائن سلطان روس نے کہ اپنے شوہر پطرس سوم کو مار کر تخت پر بیٹھی تھی، اس معاہدہ کو قبول نہ کیا اور جرار لشکر قلعہ اسماعیلیہ پر بھیجا۔ جس میں تیس ہزار رومی فوج رہتی تھی، جب روسیوں نے قلعہ پر یورش کی، توپ اور گولیوں سے اس قدر روسی مارے گئے کہ قلعہ کی خندق لاشوں سے پٹ گئی، چونکہ روسی کثرت سے تھے۔ قلعہ کی فصیل پر چڑھ گئے اور تین شبانہ روز قلعہ کے اندر ایسی لڑائی ہوئی کہ قلعہ کے راستوں میں خون کی ندیاں بہتی تھیں، قلعہ کی عورتوں اور بچوں نے بھی بڑی دلیری اور جرأت کی اور سب مارے گئے۔ صرف ایک شخص اس ہنگامہ سے بچ گیا اور قسطنطنیہ میں جا کر خبر کی رومی لشکر کو یہ خبر سن کر نہایت جوش اور غیظ آ گیا اور چاہتے تھے کہ روسیوں پر ٹوٹ پڑیں اور اپنے ان مقتول بھائیوں کا عوض جو قلعہ میں تھے لیں، مگر انگلستان اور پروشیا نے بیچ بچاؤ کرا دیا، یوسف پاشا اپنے عہدے سے موقوف کیا گیا اور محمد پاشا کہ چھیاسی برس کا بڈھا تھا، وزارت پر مامور ہوا، اس کے بعد بونا پارٹ شاہ فرانس اور انگریزوں میں لڑائی شروع ہو گئی اور کھیت فرانس کے ہاتھ رہا اور فرانس نے سلطان سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

دوستی اور صلح کر لی، سلطان نے بعض لوگ اپنے یہاں کے فرانس روانہ کیے کہ جنگی مدرسوں میں تعلیم پا کر ترکی فوج کی بوضع ولائتی فوج کے تعلیم کریں، مگر سپاہ نیگ چرمی نے اس کو پسند نہیں کیا سلطان کے حکم سے منحرف ہو گئے۔ الغرض ۱۱۱۴ھ میں مسمی اور خان نے فوج با قاعدہ، جس کا نام فوج نظام ہے، ترتیب دی تقریباً دو ہزار فوج با قاعدہ بسر کردگی مسعود آغا قسطنطنیہ میں تیار ہوئی جس نے جنگ کی جگہ میں نہایت بہادری ظاہر کی اور سولہ ہزار فوج نظام قرمان میں بہ تحت وافسری قاضی پاشا تیار ہوئی، جس کو سلطان نے استنبول میں طلب کیا۔ راہ میں ایک شخص قاضی پاشا کے خیمہ میں اس کے مارنے کو گھس آیا مگر قاضی پاشا نہایت بہادر اور جری سپاہی تھا۔ بیدار ہوتے ہی اس نے دشمن کو ٹھکانے لگا دیا جب وہ مع لشکر کے قریب پہنچا۔ نیگ چرمی فوج نے شہر میں غدر مچا دیا۔ چند مکانات میں آگ لگا دی اور قہوہ خانہ اور مسجدوں میں جمع ہو کر آمادہ فساد تھے۔ سلطان نے مصلحت وقت کے لحاظ سے قاضی پاشا کو حکم دیا کہ وہ لشکر سمیت قرمان کو چلا جائے، چونکہ انگریز اور فرانس میں صفائی نہ تھی۔ اس لئے انگریز چاہتے تھے کہ سلطان فرانس سے دوستی ترک کر دے، مگر سلطان نے قبول نہ کیا۔ سفیر انگلستان ناکام واپس گیا اور انگریزوں نے غفلت میں اسکندریہ پر قبضہ کر لیا، مگر محمد پاشا والی مصر نے پھر اسکندریہ کو انگریزوں سے چھین لیا، اب انگریزوں نے مصالحت کی پھر جنبانی کی اور اپنے واسطے سے سلطان اور روس سے صلح کرا دی، اس واقعہ کے بعد وزارت روم میں بہت تغیر و تبدیلی ہوئی اور کئی پاشا برطرف اور مقرر ہوئے، آخر میں حلمی، ابراہیم پاشا وزارت پر مقرر ہوئے۔ ۱۲۲۲ھ میں فوج نیگچری نے غدر کر دیا۔ بہت سے پاشا جو فوج نظام کی ترتیب میں سلطان کے شریک تھے، مارے گئے اور سلطان کو معزول کر کے مصطفیٰ خاں چہارم کو تخت نشین کیا۔ اس پاشا نے اٹھارہ سال سلطنت کی اور ۴۸ سال زندہ رہا(1)۔

تاریخ خلفاء عرب و اسلام سے جو ہم نے اقتباس پیش کیا ہے اس سے قارئین کرام کو

1۔ ابوالعلاء سید شاہ محمد کبیر، تاریخ خلفائے عرب و اسلام ص ۵۴۲، تا ۵۴۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اندازہ ہوگیا ہوگا کہ جس دور میں وہابیہ سرزمین عرب سے خلافت عثمانیہ کی جڑیں اکھاڑ رہے تھے اس زمانہ میں ترک بین الاقوامی جنگوں کے خلفشار میں مبتلا تھے، لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ جزیرہ عرب میں بغاوت اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے، مسلمانوں کو بے دریغ قتل کیا جارہا ہے اور مقامات مقدسہ کی علی الاعلان بے حرمتی ہورہی ہے تو انہوں نے عرب کی اصلاح احوال کی طرف توجہ کی، چنانچہ سردار حسنی لکھتے ہیں:

اس وقت جب کہ سارا عرب ترکی حکومت سے علیحدہ ہو چکا تھا۔ عثمانی سلطان کو بھی اپنے فرائض کا خیال پیدا ہوا۔ یورپ بھی عرب کے حالات سے غافل نہ تھا۔ نپولین اس زمانہ میں مشرق کی فتوحات کے خواب دیکھ رہا تھا۔ اسے وہابی تحریک سے بڑی دلچسپی تھی وہ سمجھتا تھا کہ یہ تحریک اس کے لئے سدراہ ہوگی، چنانچہ تاریخی مواد سے یہ امر ثابت ہے کہ اس نے تفتیش حالات کی غرض سے بغداد کے فرانسیسی کونعل کو خاص طور پر مقرر کیا تھا۔ سلطان روم ابھی غور وفکر میں ہی تھا کہ نجدیوں نے عراق کے مقدس مقامات پر پھر یورش کی، اپریل ۱۹۰۶ء میں نجف اشرف کا محاصرہ کرلیا، لیکن یہ مقدس شہر فتح نہ ہوسکا۔ انتقام کے طور پر نجدیوں نے نواح بغداد کے علاقوں کو تاخت وتاراج کردیا اسی سال میں شام پر وہابیوں نے حملہ کیا اور حلب کو فتح کرلیا، شامیوں نے دب کر صلح کرلی، لیکن اوپر بیان ہو چکا ہے کہ اس زمانہ کے وہابی پیمان شکنی میں طاق تھے معاہدہ کے باوجود بار بار حملہ کرتے رہے۔ ۱۸۱۰ء میں وہابی حوران تک جو کہ دمشق سے صرف دو دن کی مسافت پر واقع ہے بڑھ گئے اور وہاں کے بیسیوں گاؤں کو لوٹ لیا، دمشق کے والی نے ان کے خلاف مہم بھیجی، لیکن وہ وہابیوں کو پسپا نہ کرسکے معلوم ہوتا تھا کہ ترک اس بلائے مبرم کے سامنے بے دست وپا ہیں، پیشتر ازیں ترکی سلطنت نے کبھی ایسی کمزوری کا اظہار نہ کیا تھا، ترک مشرق میں بغداد سے اور شمال میں دمشق سے وہابیوں پر حملہ کر چکے تھے اور بالکل ناکام رہے تھے۔

اب صرف مغرب کی جانب مصر کی راہ سے ترک حملہ آور ہوسکتے تھے، ترکی سلطان نے محمد علی پاشا خدیو مصر کے نام فرمان صادر کیا کہ پاشا موصوف حجاز پر حملہ کرے اور حرمین

شریفین کو فتنہ نجدیہ سے نجات دلائے۔ پاشائے موصوف برائے نام تو ترکی کا باجگزار حکمران تھا، لیکن عملاً کامل طور پر آزاد تھا اور اس زمانہ میں خود مملوکین مصر کے بارے میں متفکر رہتا تھا چنانچہ اول، اول تو تعمیل حکم کرنے میں پس وپیش کرتا رہا، لیکن جب مصر کے تمام خدشے مٹ چکے اور اس کی حیثیت مستحکم ہو چکی تو اسے بھی بیک کرشمہ دو کار دینی خدمت کے علاوہ فتح حجاز کا شوق پیدا ہوا۔ اس نے ایک جرار لشکر تیار کیا اور ۱۸۱۱ء میں اپنے بیٹے طوسون پاشا کی قیادت میں حجاز پر حملہ کرنے کے لئے بھیجا۔ اس فوج میں تقریباً آٹھ سو ترکی رسالہ کے جوان اور دو ہزار البانوی تھے، طوسون مدینہ منورہ کی طرف بڑھا، لیکن اس مقدس شہر کو اٹھارہ سو بارہ عیسوی کے اواخر تک فتح نہ کر سکا۔ اس کے بعد تو مکہ مکرمہ اور طائف بھی فتح ہو گئے۔ لیکن سعود اعظم برابر مقابلہ پر بڑھتا رہا۔ اس وقت محمد علی پاشا خود فوج کی قیادت کے لئے حجاز میں آ گیا۔ طرابہ کے مقام پر جو نجد وحجاز کی سرحد پر واقع ہے جو بعد میں عربی تاریخ میں مشہور مقام ہوا۔ سعود اعظم نے محمد علی پاشا کو شکست فاش دی۔ یہ ۱۸۱۳ء کا واقعہ ہے۔ اس کے تقریباً ایک سال بعد ۱۸۱۴ء میں سعود مر گیا۔ اس کی وفات کے ساتھ ہی وہابی کمزور ہو گئے، پیشتر بیان ہو چکا ہے کہ سعود بڑا فاتح گزرا ہے، اس نے قریب قریب سارے عرب کو فتح کر لیا تھا اور قرب وجوار کے علاقوں کو بھی کھل کر تاخت وتاراج کیا تھا، لیکن اس کی موت کے بعد اس کے جانشین حکومت کو سنبھال نہ سکے۔

محمد علی پاشا نے طرابہ کے مقام پر شکست اٹھانے کے بعد وہابیوں کے جوش وخروش کو دیکھ کر ایک چال چلی، زر ومال کے ذریعہ سے بدویوں کو اپنے ساتھ ملا لیا۔ یہ بدوی حال ہی میں جبراً وہابی کئے گئے تھے۔ یہ لوگ دولت کے لالچ میں ہر وقت بے وفائی کرنے کے لئے تیار رہتے تھے، چنانچہ انعام واکرام کے لالچ میں جوق در جوق محمد علی پاشا کی افواج میں شامل ہوتے گئے۔ ۱۸۱۴ء میں بوصال کے مقام پر جو طائف کے قریب ہی ایک مختصر سا گاؤں ہے۔ محمد علی پاشا نے وہابیوں کو فاش شکست دی، جس میں وہابی طاقت کا خاتمہ ہو گیا۔ عبداللہ، سعود اعظم کا جانشین ہوا تھا لیکن وہابی حکومت کو بربادی سے بچا نہ سکا۔ طوسون

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بے صوبہ قاسم کی طرف بڑھتا گیا اور وہاں کے صدر مقام راس کو فتح کر لیا۔ وہابیوں کے وفادار قبائلی اطاعت سے پھر گئے۔ مجبوراً امیر عبداللہ نے صلح دامن کا پیغام بھیجا اور آخر کار عارضی صلح ہوگئی۔

صحرائی جنگ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر ایک دفعہ لڑائی شروع ہو جائے تو مدت تک بند نہیں ہوتی۔ چنانچہ محمد علی پاشا نے عبداللہ سے صلح تو کر لی لیکن منشا محض یہ تھا کہ ہمیشہ کے لئے وہابیوں کا قلع قمع کر دیا جائے۔ چنانچہ ۱۸۱۵ء میں پھر جنگ شروع ہوگئی اب محمد علی پاشا کا دوسرا بیٹا ابراہیم پاشا جو لائق اور مشہور و معروف جرنیل تھا سپہ سالار مقرر ہوا، ترکی، مصری فوجوں کی یلغار دیکھ کر عرب کے بہت سے قبائل حملہ آوروں سے مل گئے چنانچہ باری باری مطیر، عتیبہ، حرب وغیرہ نے وہابیوں کی اطاعت چھوڑ دی۔ وہابی فوجیں مختلف مقامات پر ہزیمت اٹھا کر پسپا ہوئیں حملہ آوروں نے ایک ایک کر کے وہابی سلطنت کے تمام علاقے چھین لیے، یہاں تک کہ ۱۸۱۸ء میں درعیہ دارالسلطنت پر بھی قبضہ کر لیا۔ مجبور ہو کر امیر عبداللہ نے اپنے تئیں فاتحین کے حوالے کیا، انہوں نے درعیہ کو تباہ و برباد کر دیا۔ امیر عبداللہ کو اسیر کر کے پہلے قاہرہ بھیجا گیا، پھر قسطنطنیہ محمد علی پاشا نے عثمانی سلطان کے حضور میں سفارش کی کہ امیر عبداللہ کی جان بخشی کر دی جائے۔ لیکن ترکوں نے سلطان کے حکم کے مطابق مجمع عام کے روبرو امیر عبداللہ کو مسجد ایا صوفیہ کے چوک میں بڑی ذلت سے تہ تیغ کیا۔ اس طرح پر وہابی سلطنت کے پہلے دور کا خاتمہ ہوا (1)۔

۱۷۴۵ء سے لے کر ۱۸۱۸ء تک نجد کے ایک مختصر رقبہ سے لے کر پورے جزیرے عرب پر امیر محمد بن سعود سے لے کر امیر عبداللہ تک وہابی انتہائی ظلم اور تشدد سے جابرانہ حکومت کرتے رہے بالآخر ترکوں کے ایک ہی وار سے ظلم اور استبداد کی دیوار منہدم ہوگئی۔

1۔ سردار محمد حسنی۔ بی اے سوانح حیات سلطان ابن سعود ص ۴۹،۵۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

وہابیہ کا دور ثانی ۱۸۲۳ء تا ۱۸۹۱ء

اس سے پہلے ہم سلطنت عثمانیہ کے بین الاقوامی حالات لکھ چکے ہیں اور یہ بتا چکے ہیں کہ اسلام کی یہ عظیم سلطنت کس طرح بین الاقوامی سازشوں کا شکار تھی اور یورپ کی بڑی بڑی سلطنتیں عظیم، ترکی کو کسی پل چین سے بیٹھنے نہ دیتیں تھیں، ایک بار جزیرہ عرب میں وہابیوں کی بغاوت کچلنے کے بعد ترکی پھر بین الاقوامی جنگوں سے نبرد آزما ہونے کے لئے میدان میں نکل آیا۔ ادھر وہابیوں کے خاکستر میں سے کچھ چنگاریاں پھر ابھر رہی تھیں اور یہ چنگاریاں سازگار وقت کے انتظار میں ایک بار پھر شعلہ جوالہ بننا چاہتی تھیں، سردار حسنی وہابیوں کی اس بیداری اور ماحول سازگار دیکھ کر ان کی دوسری کامیابی کے بارے میں لکھتے ہیں:

اس وقت نجد بھی حجاز کی طرح مصر کا ایک باجگزار صوبہ ہو گیا تھا، وہابیت کی تحریک خاک سیاہ کر دی گئی تھی، لیکن اس میں کچھ شرارے ابھی باقی تھے اور مشتعل ہونے کے لئے مساعد حالات کے منتظر تھے، امیر عبداللہ کے مارے جانے کے کئی برس بعد نجد میں مصری حکومت کے خلاف بغاوت کی آگ بڑھکی، ریاض میں جو مصری لشکر موجود تھا، باغیوں کی تلوار نے اسے ٹھکانے لگایا ۱۸۱۲ء میں امیر عبداللہ کے بیٹے امیر ترکی نے مصریوں کو نجد سے نکال باہر کیا اور خود نجد، الحصاء اور عمان کا امیر بن گیا، لیکن امیر ترکی کی اس حکومت کو وہابی سلطنت نہیں کہا جا سکتا، کیونکہ امیر ترکی مصر کو خراج ادا کیا کرتا تھا۔

وہابیوں کی حقیقی طاقت وسطوت کا پیشتر ہی خاتمہ ہو چکا تھا اب خانہ جنگی بھی شروع ہوئی۔ سعودی خاندان کے افراد آپس میں بغض وعناد کرنے لگے۔ یوں کہنا چاہیے کہ یہ زوال وانحطاط کی بدترین مثال تھی لیکن ان تمام باتوں کے باوجود فیصل کے عہد میں جو کہ امیر ترکی کا لڑکا تھا، پھر وہابیوں کی حکومت میں جان کی رمق پیدا ہوئی۔

امیر فیصل ترکی کا بیٹا ۱۸۳۴ء میں الحصا کا نظم ونسق کر رہا تھا کہ مشعری بن عبدالرحمٰن

www.waseemziyai.com
MAKTABA-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے جو کہ خاندن سعود کا ہمجد تھا، امیر فیصل کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھا کر بغاوت کی اور ترکوں کو ساتھ ملا کر امیر ترکی کو قتل کر دیا۔ امیر فیصل کو بے حد رنج ہوا اور ریاض میں واپس آ کر قریباً دو مہینے بعد مشعری کا خاتمہ کر دیا۔ اس کارروائی میں ایک شخص عبداللہ بن رشید نامی فیصل کا دست راست تھا۔ فیصل نے اس کی خدمات سے خوش ہو کر حائل کی صوبہ داری اس کے حوالہ کر دی، یہ شخص حائل کے مشہور خاندان رشید کا مورث تھا، اس خاندان کی حکومت نے رفتہ رفتہ اتنی ترقی کی کہ انیسویں صدی عیسوی کے آخری حصہ میں عرب بھر میں کوئی حکمران سطوت واقتدار میں آل رشید سے بڑھ کر نہ تھا۔

امیر فیصل کچھ تو سلطنت کے اندرونی معاملات کی اصلاح میں مشغول رہا۔ کچھ اس کی نیت بھی مصری حکومت کے ماتحت رہنے کی نہ تھی۔ اس لئے سالہا سال تک اس نے مصر کو خراج ادا نہ کیا۔ اس وقت کی مصری حکومت میں ابھی طاقت باقی تھی مصریوں نے ۱۸۳۷ء میں امیر فیصل پر حملہ آور ہو کر اسے اپنے تئیں حوالے کرنے پر مجبو کیا اور اس کے خاندان کو بغاوت اور سرکشی سے اجتناب کرنے کا سبق سکھانے کے لئے انہوں نے فیصل کو قاہرہ پہنچا دیا، اس کے بعد مصر کی طرف سے براہ راست نجد کے والی مقرر ہوتے رہے: البتہ کبھی کبھی مصلحت کے لحاظ سے خاندان سعود کے بعض افراد بھی نجد کے صوبہ دار مقرر کر دیئے گئے۔

۱۸۴۳ء میں فیصل قاہرہ کے مجلس سے بھاگ نکلا اور آتے ہی ریاض کا امیر بن گیا، بعدازاں اس نے اپنی حکومت کو پھر عمان، الحصا، قاسم اور جبل شمار تک وسیع کر لیا۔ حقیقت میں یہ امیر عظیم شخصیت رکھتا تھا اور وہابی سلطنت میں پہلی سی آن بان پیدا نہ کر سکا۔ لیکن اپنی وفات تک بڑی کامیابی سے حکمرانی کرتا رہا۔ اس کی موت ۱۸۶۷ء میں واقع ہوئی۔

فیصل کے بعد اس کا بیٹا عبداللہ تخت نشین ہوا یہ شخص کمینہ خصائل رکھتا تھا اور نفرت و حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ اس کے بھائی سعود نے ۱۸۷۱ء میں اسے تخت سے اتار دیا اور خود امیر بن بیٹھا، لیکن خانہ جنگی کے سلسلے میں صوبہ جات قاسم اور جبل شمار سے وہابی حکومت اٹھ گئی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

معزول شدہ عبداللہ نچلا نہیں بیٹھنا چاہتا تھا، وہ سعود سے انتقام لینے کا خواہاں تھا، حالانکہ عثمانی ترک آباؤ اجداد کے وقت سے سعودی خاندان کے مخالف تھے، لیکن عبداللہ نے انتقام کے مذموم جذبے کے ماتحت ترکوں سے کمک طلب کی، ترکوں نے موقع کو غنیمت جانا اور عبداللہ کو اپنی طرف سے نجد کا والی قرار دے کر اس کی مدد کے لیے ایک مہم تیار کی اور صوبہ الحصاء کو فتح کر لیا۔

سعود ترکوں سے مقابلے کی طاقت نہ رکھتا تھا۔ ۱۸۷۲ء میں اس نے ترکوں سے مفاہمت پیدا کرنے کے لیے اپنے بھائی عبدالرحمٰن کو بغداد بھیجا، ترک سعود کی پیش قدمی سے خوش تو کیا ہوتے، الٹا عبدالرحمٰن کو دو برس قید کر دیا۔

سعود ۱۸۷۷ء میں مر گیا اور معزول شدہ عبداللہ اس کے بجائے تخت نشین ہوا۔ عبداللہ آٹھ برس حکومت کرتا رہا لیکن فرمانروائی کی پوری صلاحیت نہ رکھتا تھا۔ سعود کے دونوں بیٹے محمد اور سعود اس سے حسد رکھتے تھے اور فتنہ وفساد برپا رکھتے تھے۔ آخرکار انہوں نے اس کو تخت سے اتار کر قید کر دیا۔ اسی زمانے میں محمد ابن رشید کی شخصیت اور کارہائے نمایاں معرض وجود میں آئے ان کی مختصر کیفیت کسی اور مقام پر بیان ہوگی۔

اس پرشکوہ بادشاہ نے نجد کو مسخر کر لیا اور عبداللہ کو قید خانہ سے نکال کر اس کے بھائی عبد الرحمٰن کے ساتھ حائل بھیج دیا۔ ۱۸۸۶ء میں دونوں کو ریاض واپس آنے کی اجازت مل گئی۔ دونوں بھائی خاموشی سے اپنے آبائی دارالسلطنت میں مقیم ہو گئے اور یہیں ۱۸۸۹ء میں عبد اللہ مر گیا۔ طبعی طور پر عبدالرحمٰن کی توقع یہ تھی کہ عبداللہ کی جگہ ان کو ریاض کا حاکم بنا دیا جائے گا، لیکن محمد ابن رشید اس تجویز کے موافق نہ تھا۔ اس نے سلیم ابن سبحان کو ریاض کا حاکم بنا کر بھیج دیا۔ کچھ عرصہ کے بعد محمد بن رشید کو خاندان سعود کی طرف سے بدگمانی پیدا ہوئی، اس نے سلیم کو حکم دیا کہ اس خاندان کے تمام افراد کو قتل کرا دے۔ کسی طرح پر عبدالرحمٰن کو اس حکم کی اطلاع مل گئی۔ سلیم تعمیل حکم کی کوشش میں تھا کہ آل سعود نے اس پر حملہ آور ہو کر جان سے مار دیا اور ریاض میں اپنی حکومت جما لی، اس وقت ریاض پر تو ان کا قبضہ ہو گیا، لیکن نجد

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

پر ابن رشید کا اقتدار بحال تھا۔ چند ماہ یہ لوگ صوبہ الاریہ پر جہاں ریاض واقع ہے، حکومت کرتے رہے لیکن جنوری ۱۸۹۱ء میں محمد بن رشید نے بریدہ کے مقام پر سعود افواج کو شکست فاش دی اور مزید گوشمالی کے لئے ریاض دارالسلطنت کی طرف بڑھا۔

آخرکار عبدالرحمٰن نے محسوس کیا کہ وہ ابن رشید سے مقابلہ نہیں کرسکتا، اس لئے وہ اہل وعیال لے کر اندرون عرب سے چلا اور مدت تک صحرانوردی کرنے کے بعد والی کویت کے ہاں جا کر پناہ گزیں ہوگیا۔ اس خاندان کے بعض افراد قید کر کے حائل پہنچا دیئے گئے۔

۱۸۲۳ء سے لے کر ۱۸۹۱ء تک نجد کے بعض علاقوں سے لے کر جزیرہ عرب کے کچھ حصوں پر امیر ترکی سے لے کر امیر عبدالرحمٰن تک وہابیوں کا دوبارہ اقتدار قائم ہوگیا تھا، لیکن ترکوں کی پیش قدمی اور آل رشید کی زبردست مخاصمت سے اس گرتی ہوئی دیوار کو ایک بار پھر سے منہدم کر دیا۔

☆☆☆☆☆

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 5

وہابیہ کا تیسرا دور

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۵ جنوری ۱۹۰۲ء سے لے کر ۲۵ دسمبر ۱۹۲۵ء تک ابن سعود ترکوں اور اس کے حلیف عربوں سے برسر پیکار رہا۔ اس دوران بدقسمتی سے ترک اتحادی فوجوں کے ساتھ بین الاقوامی جنگوں میں الجھا ہوا تھا ادھر سعودی خاندان کو برطانوی استعمار سے نقد روپیہ اور اسلحہ کی وافر مقدار مل رہی تھی۔ دوسری طرف کرنل لارنس سالہا سال سے عرب میں ترکوں کے خلاف عرب قومیت کا پراپیگنڈہ کر رہا تھا جس کے نتیجے میں عام عرب آبادی بھی ترکوں کے خلاف مشتعل ہوگئی تھی۔ جنگ عظیم کے موقع پر شریف حسین نے بھی ترکوں سے غداری کر کے اپنی خلافت کا اعلان کر دیا تھا۔ یہ تمام عناصر مل کر ابن سعود کو تقویت پہنچا رہے تھے اور ترکوں کے لئے حالات دن بدن ناسازگار ہوتے جا رہے تھے۔ بین الاقوامی جنگوں میں الجھنے کی وجہ سے ترکوں کے لئے عرب کو کنٹرول کرنا ممکن نہ رہا۔ جس کے نتیجے میں سعودی طاقت بڑھتی گئی، انہوں نے پہلے ترکوں کے حلیف آل رشید کو شکست دی۔ پھر خود ساختہ خلیفہ شریف حسین کو سرزمین عرب سے نکلنے پر مجبور کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۲۵ دسمبر ۱۹۲۵ء میں تمام جزیرہ عرب پر ابن سعود کی سلطنت کا اعلان عام کر دیا گیا۔

یہ ایک اجمالی خاکہ ہے تفصیل کے لئے ہم ایک غیر مقلد اہل قلم محمد صدیق قریشی کی تحریر پیش کر رہے ہیں وہ لکھتے ہیں:

موجودہ سعودی سلطنت کے بانی شاہ عبدالعزیز تھے وہ ۲۲ دسمبر ۱۸۸۰ء (۲۹ ذوالحج ۱۲۹۷ھ) کو ریاض میں پیدا ہوئے۔ اوپر یہ ذکر ہو چکا ہے کہ عبدالرحمٰن بن فیصل اپنے چاروں بیٹوں کے ساتھ کویت میں پناہ گزین ہو چکے تھے۔ عبدالرحمٰن نے کویت پہنچ کر امیر کویت کی مدد سے اپنی کھوئی ہوئی مملکت واپس لینے کی کوشش کی مگر ناکام رہے۔ حتیٰ کہ انہیں ۱۸۹۱ء میں اپنی عورتوں اور بچوں کو بحرین میں پناہ لینے کے لئے بھیجنا پڑا۔

۱۸۹۵ء میں ترک حکومت نے نجد کے ابن رشید کی بڑھتی ہوئی قوت میں توازن پیدا کرنے کے لئے امیر عبدالرحمان کو کویت میں رہائش اختیار کرنے کی اجازت دے دی

اوران کی گزاراوقات کے لئے ساٹھ پونڈ بھی دینے کا وعدہ کیا۔ یہاں ان کی رہائش گاہ تین ۵
کمروں پر مشتمل تھی۔ یہ زمانہ بڑی تنگی ترشی سے گزرا۔ الاؤنس نہایت قلیل تھا اس پر طرہ یہ
کہ باقاعدگی سے ادانہ کیا جاتا۔ اس تنگدستی کا اس وقت شدت سے احساس ہوا۔ جب امیر
عبدالعزیز کی شادی محض رقم نہ ہونے کی وجہ سے چالیس دن تک ملتوی کرنا پڑی۔ تا آنکہ
ایک دیرینہ دوست یوسف ابراہیم نے اس یوسف بے کارواں کی اعانت کی۔ تب کہیں امیر
عبدالعزیز دولہا بنے۔

کویت کے دوران قیام میں امیر عبدالعزیز اپنا وقت گھوڑ اسواری میں صرف کرتے۔
کبھی کبھار وہ شتر سواری کرتے ہوئے دور صحرا میں نکل جاتے اور عقابوں سے شکار کرتے۔
شام کو آگ کے آلاؤ کے آگے بیٹھ جاتے۔ کافی کا دور چلتا اور مجاہدین کے قصے دہرائے
جاتے کہ...... لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ...... امیر عبدالعزیز پر صرف ایک دھن سوار تھی وہ
یہ کہ اپنے حریف کو نیچا دکھائیں، لیکن دشمن تر نوالہ نہ تھا وہ ہر دم چوکنا رہتا۔

۱۶ فروری ۱۹۰۱ء کو امیر عبدالعزیز کا ابن رشید کے ساتھ پہلی مرتبہ تصادم ہوا۔ لیکن
سعودیوں کو نقصان اٹھانا پڑا۔ جنگجو عبدالعزیز نچلا بیٹھنے والا نہ تھا۔ اگلے سال شعبان کے
اوائل میں اس نے چالیس نوجوان ساتھ لئے لمبا چکر کاٹا اور کاروانی راستوں سے ہٹ کر
صحرا ارلع الخالی کے کنارے کنارے روانہ ہوا بہت سے مہم جو بدو بھی شریک ہو گئے تھے،
لیکن وہ راستہ میں چھٹتے چلے گئے۔ ابوجیفان کے کنوؤں کے مشرق میں انہوں نے عید الفطر
منائی اور پھر اسی رات مشرق کی طرف بڑھے حد نگاہ تک لق و دق ریگزار تھا۔ اگلا دن انہوں
نے سطح مرتفع جبیل کی نچلی وادیوں میں چھپ کر گزارا۔ جونہی سورج غروب ہوا اور تاریکی
پھیل گئی یہ لوگ پھر چل کھڑے ہوئے۔ اب ریاض کے باغات اور فصیل کے ہیولے نظر
آنے لگے۔ یہاں نوجوان عبدالعزیز نے چھ ساتھی منتخب کئے اور باقی افراد کو حکم دیا کہ اگر
انہیں اگلے دن دوپہر تک ان کی خبر نہ ملے تو کویت کی طرف کوچ کر جائیں۔ اکیس سالہ
طول القامت (چھ فٹ پانچ انچ) سالار کے اس دستہ میں ان کے بھائی محمد اور چچیرے

MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

بھائی عبدالعزیز فہد اور عبداللہ بھی تھے جواں سال سالار اس قدر محتاط تھا کہ اس نے اپنے ہمراہیوں کو بھی اپنے مشن سے آگاہ نہ کیا۔

ریاض سامنے نظر آرہا تھا جس کے در و دیوار جنگ گزیدہ تھے جس کی آبیاری امیر عبد العزیز کے آباؤ اجداد نے اپنے لہو سے کی تھی۔ پورا شہر نیند کی خاموشی میں ڈوبا ہوا تھا۔ یہ لوگ شہر پناہ کے پاس پہنچے تو معلوم ہوا کہ فصیل ابھی تک شکستہ حالت میں ہے۔ سعود آسانی سے شہر کے اندر داخل ہو گئے۔ رات دو بجے کا عمل ہو گا۔ سردی بڑھ گئی تھی اور لوگ اپنے گھروں میں لحافوں میں دبکے پڑے تھے۔ شہر کے وسط میں رشیدیوں کا قلعہ تھا جہاں رشیدی گورنر عجلان رات بسر کیا کرتا تھا اس کی رہائش گاہ قلعہ کے واحد گیٹ کے بالمقابل واقع تھی۔ امیر عبدالعزیز نے دروازے پر دستک دی۔ ایک خاتون برآمد ہوئی حملہ آور جھپٹے اور چشم زدن میں مکینوں کی مشکیں کس کر انہیں ایک کمرے میں محبوس کر دیا۔ یہ مکین خواتین اور خدام تھے۔ ایک تنومند محافظ ان پر تعینات کر دیا گیا۔

ادھر امیر عبدالعزیز کے ساتھی چھت پر پہنچ کر جھری کی اوٹ میں قلعہ کے دروازے پر شست باندھ کر بیٹھے گئے تاکہ شکار نکلے اور یہ شاہین خوگر جھپٹ کر اسے اپنی آہنی گرفت میں لے لیں۔ اس دوران میں کافی کا تلخ جرعہ حلق میں اتارتے اور تلاوت قرآن کرتے رہے۔ سپیدہ سحر نمودار ہوا۔ وہ خدا کے حضور سربسجود ہو گئے۔ نماز فجر سے فارغ ہو کر انہوں نے فتح اور نصرت کی دعا مانگی۔

رشیدی گورنر کا دستور تھا کہ وہ علی الصبح قلعہ سے نکل کر گھر کی راہ لیتا۔ حسب معمول دروازہ کھولا اور گورنر اپنے خدام چشم کے ساتھ باہر نکلا۔ ابھی وہ آدھا راستہ ہی طے کر پایا تھا کہ امیر عبدالعزیز اور ان کے بپھرے ہوئے جانباز ان پر ٹوٹ پڑے۔ عجلان مقابلہ کرنے کے بجائے الٹے پاؤں واپس بھاگ کھڑا ہوا۔ عبداللہ ابن جلوی نے اپنے چھوٹے سے نیزے سے اس کا نشانہ باندھا، لیکن نشانہ چوک گیا۔ نیزے کا پھل ٹوٹ گیا اور پھاٹک کے دائیں ہاتھ لکڑی کے نقش و نگار میں پیوست ہو گیا۔ تاہم عجلان پھاٹک کی کھڑکی میں قلعہ کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اندر داخل ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ اس سے پہلے کہ دروازہ بند ہوتا عبداللہ بھی اس کے پیچھے پیچھے اندر پہنچ گیا اور عجلان سے گھتم گتھا ہو گیا کر اسے قتل کر ڈالا اس اثناء میں امیر عبد العزیز اور ان کے باقی ساتھی بھی قلعہ کے اندر پہنچ چکے تھے۔ یہ سب کچھ اتنی تیزی سے ہوا کہ قلعے کے محافظ اور عجلان کے باڈی گارڈ بھونچکے کھڑے دیکھتے رہے۔ اتنے میں ابن سعود کے آدمیوں نے پھاٹک کھول دیا اور باقی ساتھی بھی اندر پہنچ گئے۔ خونریز جنگ چھڑ گئی۔ عجلان کے چالیس ساتھی مارے گئے۔ باقی چالیس نے ہتھیار ڈال دیئے۔ امیر عبد العزیز کے دو ساتھیوں نے جام شہادت نوش کیا۔ ایک گھنٹے کے اندر اندر دو گھرانوں کی قسمت کا فیصلہ ہو گیا۔ یہ ۱۰ جنوری ۱۹۰۲ء کا واقعہ ہے۔

اسی روز امیر عبدالعزیز نے امیر نجد اور تحریک اسلامی کے امام کا خطاب اختیار کیا۔ اس طرح سعودی مملکت کی تاریخ کا تیسرا دور شروع ہوا۔ امیر عبدالعزیز نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ کویت سے اپنے والد کو بلایا۔ امیر عبدالرحمٰن سرف کی لڑائی کے بعد اپنے بیٹے کے حق میں دستبردار ہو گئے تھے ان کے سامنے کٹھن منزلیں تھیں۔ انہیں اپنی مملکت کو مستحکم بھی کرنا تھا اور جو علاقے ابھی تک حریف کے قبضے میں تھے انہیں واگزار بھی کرانا تھا ان کے شب و روز اکثر دارالحکومت سے باہر معرکہ آرائیوں میں گزرتے۔ امیر عبدالعزیز کی غیر حاضری میں نیابت کے فرائض امیر عبدالرحمٰن کے سپرد ہوئے۔ امیر عبدالرحمٰن بارہ برس کے بعد ریاض میں داخل ہوئے تو ان کی آنکھوں سے اشک مسرت موتی بن کر ٹپکنے لگے۔ جب وہ یہاں سے بھاگ کر کویت میں پناہ گزین ہوئے تو یہ سوچ بھی نہ سکتے تھے کہ دوبارہ اپنی سر زمین میں لوٹیں گے، تو ان کا قابل فرزند یہاں کا حکمران ہوگا۔ امیر عبدالرحمٰن نے زمانے کی تکلیفیں برداشت کی تھیں وہ جہاندیدہ اور سرد و گرم جانتے تھے۔ اگلے پچیس برس امیر عبد الرحمٰن اپنے عظیم فرزند کی ہر اہم اور مشکل مرحلے میں رہنمائی کرتے رہے۔ مملکت کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ امیر عبدالعزیز اسلام کو عملی زندگی میں نافذ کرنا چاہتا تھا، کیونکہ یہی ان کی قوت کا اصل سرچشمہ تھا۔ اسی سے ان کے ولولوں کے سوتے پھوٹتے تھے۔ اب یہ ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی ذمہ داری تھی کہ عرب معاشرے میں جن بدعتوں اور کمزوریوں نے سر اٹھایا تھا اس کی سرکوبی کریں اور وہ دلیر بھی تھے اور ذہین وفطین بھی، چنانچہ وہ جلد ہی عظیم المرتبت شخصیت بن گئے، لیکن یہاں تک پہنچنے کے لئے انہیں کئی برس تک پیہم جدوجہد کرنا پڑی اور ان گنت مصائب سے گزرنا پڑا۔ انہوں نے رشیدیوں سے نبرد آزما ہونے کے لئے سب سے پہلے بدوؤں کو ایک عملی تحریک کے پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ یہ لوگ اخوان کہلاتے تھے۔ نجد کے بدوان کی شخصیت کے سحر سے بے حد مرعوب تھے۔ امیر عبدالعزیز نے اخوان کے مقصد کو اپنے ایک تاریخی جملے میں سمو دیا۔ ''خدا ہمارے ساتھ ہے اور عالم اسلام کو اصلاح کی تطہیر کے لئے اب بھی اسلامی تحریک کی اشد ضرورت ہے''۔

۱۹۰۴ء تک ابن سعود نے جنوب میں اپنی پوزیشن مستحکم کر لی۔ اسی سال ترکوں نے ابن رشید کی مدد کے لئے گیارہ رجمنٹیں اور چودہ توپیں بھیجیں۔ ترکی فوج کا قائد احمد فیضی پاشا تھا۔ ابن سعود کو عارضی طور پر ریاض کی طرف پسپا ہونا پڑا۔ لیکن جلد ہی انہوں نے اپنی قوت یکجا کر لی اور اس طرح ڈٹ کر مقابلہ کیا کہ دشمن کے چھکے چھوٹ گئے اور وہ بھاگ گیا پورا صوبہ قصیم ان کے قدموں تلے تھے قصیم کی گورنری اپنے برادر صغیر سعد کے حوالے کرنے کے بعد ۱۴ اپریل ۱۹۰۶ء کے موسم بہار میں امیر عبدالعزیز ابن سعود ریاض کی طرف لوٹ رہے تھے کہ پتہ چلا ابن الرشید بریدہ سے بیس میل شمال میں فوج لے کر پہنچ گیا ہے۔ ابن سعود نے شب خون مارا زبردست لڑائی ہوئی ابن رشید کے جسم میں بیس گولیاں لگیں اور وہ مارا گیا۔ اس مختصر مگر خونریز لڑائی کے بعد نجد سے ترکوں کا اثر مکمل طور پر ختم ہو گیا۔

آنیوالے چھ سالوں میں قدرے سکون رہا! اگرچہ کبھی کبھار جھڑپیں ہو جاتیں۔ ۱۹۱۰ء کا سال ابن سعود کے لئے نامبارک سال تھا۔ ابن سعود کے چچا سعود کے پوتوں نے خرج اور حریق کے علاقے میں علم بغاوت بلند کر دیا۔ ادھر مکہ کا شریف حسین ایک زبردست فوج کے ساتھ صوبہ قصیم میں آ دھمکا، اور عتیبہ قبیلے کے حقوق کا محافظ بن بیٹھا۔ عبداللہ کا موقف یہ تھا کہ ابن سعود نے عتیبہ کے حقوق غصب کر لیے ہیں۔ اس نے ابن سعود کے بھائی سعد کو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

یرِ عمال بنا لیا۔ شریف حسین نے مطالبہ کیا کہ ابن سعود ترکی کی حاکمیت اعلیٰ تسلیم کرے وہ سالانہ چار ہزار پونڈ حکومت مکہ کو دے اور اہل قصیم کو اپنا گورنر منتخب کرنے کی آزادی دے۔ ابن سعود حالات میں کچھ اس طرح گرفتار ہوا کہ اپنے بھائی کو آزاد کرنے کے لئے اس نے حسین کے لکھے ہوئے معاہدے پر دستخط کر دیئے اور سعد آزاد ہو گیا، لیکن ابن سعود نے اس معاہدے پر بھی عمل نہ کیا اس کا موقف یہ تھا کہ معاہدہ دباؤ کے تحت ہوا تھا۔ والئی مکہ نے جنوبی نجد میں ہونے والی بغاوت سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی تھی اور ابن سعود کے لئے ان شرائط کو تسلیم کرنے کے سوائے کوئی چارہ کار نہ تھا۔

عبداللہ کے رخصت ہوتے ہی ابن سعود دو دو ہاتھ کرنے کے لئے خرج اور حریق کی طرف متوجہ ہوئے انہوں نے بغاوت کو سختی سے کچلا اور باغیوں کا نجد کے قریہ قریہ میں تعاقب کیا۔ لگے ہاتھوں عتیبہ کو ان کی شرارت کا مزا بھی چکھایا جنہوں نے عبداللہ کو ابن سعود کے خلاف مبارزت دی تھی۔ پھر اہل قصیم کی باری آئی جن سے ابن سعود نے شمشیر و سیاست کاری دونوں حربے استعمال کئے۔ ۱۹۱۴ء میں ابن سعود نے الحصاء کی طرف توجہ دی۔ الحصا کبھی نجد کا حصہ تھا اور محمد بن عبدالوہاب کی تحریک اصلاح و تجدید دین کا پرجوش پیروکار۔ اقتصادی لحاظ سے بڑا پرکشش تھا اور ابن سعود اپنی مملکت کے معاشی استحکام کے لئے اسے واپس لینا ناگزیر سمجھتے تھے۔ وہ موقع کی تلاش میں تھے۔ ان دنوں بلقان کی جنگ زوروں پر تھی اور اندرون ملک قبائل کی صفوں میں انتشار تھا۔ لشکر کشی کا بڑا عمدہ موقع تھا، جسے ابن سعود ایسا ماہر سیاستدان ضائع نہ کر سکتا تھا۔ کارروائی کے لئے بہانہ بھی موجود تھا۔ ہفوف کے علاقے میں ان کے باغی رشتہ داروں نے پناہ لے رکھی تھی اور انہیں ابن سعود کے خلاف استعمال کیا جا رہا تھا۔ ایک اندھیری شب ابن سعود نے پندرہ سو تیز شتر سواروں کی مدد سے حصا پر حملہ کر دیا۔ قلعہ میں ایک ہزار ترک پیادہ فوج موجود تھی۔ اس کے پاس توپیں بھی تھیں۔ دس دن کے اندر اندر قطیف کے غرور کا بت ابن سعود کے قدموں میں پاش پاش ہو چکا تھا۔ قطیف کے ترک گورنر اور فوج کو جنگی اعزاز کے ساتھ مارچ کرانے کے بعد عقیر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی بندرگاہ لے جایا گیا۔ جہاں سے کچھ بصرہ چلے گئے باقیماندہ نے قطر کا رخ کیا۔

رشیدیوں اور ترکوں کے ساتھ آویزش جاری تھی کہ پہلی جنگ عظیم چھڑ گئی اور ترک جنگ میں شریک ہو گئے۔ ابن سعود نے اس موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھایا اور رشیدیوں سے ٹکراتے اور اپنی قوت مضبوط کرتے رہے۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۱۵ء میں برطانیہ اور ابن سعود کے درمیان معاہدۂ داران طے پایا۔ معاہدہ پر شاہ برطانیہ کی طرف سے خلیج فارس کے علاقے میں مقیم چیف پولٹیکل ریذیڈنٹ سر پرسی کاکس نے دستخط کئے اس معاہدہ کی رو سے۔

(1) برطانیہ نے ابن سعود اور ان کی اولاد کو نجد کا حکمران تسلیم کر لیا۔

(2) بیرونی جارحیت کی صورت میں ابن سعود کو برطانیہ کی اعانت حاصل ہو گئی۔

(3) ابن سعود کے بیرونی معاملات پر برطانوی سیادت تسلیم کر لی گئی۔

(4) ابن سعود نے یہ تسلیم کیا کہ وہ اپنا علاقہ یا اس کا کچھ حصہ برطانیہ کی مرضی کے بغیر کسی طاقت کے حوالے نہ کریں گے۔

(5) ابن سعود اپنے علاقے میں حاجیوں کے قافلے کے راستے کھلے رکھیں گے۔

(6) ابن سعود نے وعدہ کیا کہ وہ کویت بحرین اور ساحلی اماراتوں کے معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے۔

معاہدے کا قابل ذکر پہلو یہ ہے کہ اس میں ایسی کوئی دفعہ نہ تھی کہ ابن سعود شریف حسین کے علاقے پر حملہ نہ کریں گے۔ بعد ازاں کاکس کی استدعا پر ابن سعود نے ستمبر ۱۹۱۴ء میں کویت کے شیخ جابر الصباح عنیزہ کے شیخ فہد اور محمرہ کے شیخ خزال سے بصرہ میں ملاقات کی یاد رہے کہ شیخ مبارک الصباح کا ۱۹۱۵ء میں انتقال ہو گیا تھا۔ اس ملاقات کے نتیجے میں ابن سعود کو برطانیہ سے ۶۰۰۰۰ ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ کی امداد ملنے لگی۔ آگے چل کر یہ رقم ایک لاکھ پونڈ مقرر کر دی گئی۔ علاوہ ازیں انہیں تین ہزار رائفلیں اور تین مشین گنیں بھی تحفے میں دی گئیں۔

جنگ عظیم کے دوران ابن سعود اور شریف حسین کے مفادات کا کئی بار تصادم ہوا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جولائی ۱۹۱۴ء میں شریف حسین نے عثمانی بالادستی کا جوا اتار پھینکا اور ترکوں کے خلاف اتحادیوں کا ساتھ دینے کا اعلان کر دیا۔ اسی مہینے شریف حسین نے ایک اور اقدام یہ کیا کہ ینبوع کی بندرگاہ پر قبضہ کر لیا۔ ۱۱۹ اکتوبر کو عرب کی آزادی اور پھر عرب مملکت کا بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا۔ اس اعلان سے تلخی بڑھی۔ اتحادی اسے حجاز کا بادشاہ تسلیم کرتے تھے، لیکن عرب ملکوں کا بادشاہ ماننے میں انہیں کوئی منطق نظر نہ آئی۔ ابن سعود نے شروع میں تو شریف حسین کے ان اقدامات پر خاموشی اختیار کی۔ لیکن ۱۹۱۸ء کے موسم گرما میں خرمہ کے سرحدی نخلستان میں دونوں کی افواج میں مسلح تصادم ہو گیا۔ برطانیہ جنگ میں بری طرح الجھا ہوا تھا۔ تو ادھر توجہ ہی نہ دے سکا۔ شریف حسین کا بیٹا عبداللہ تین شب و روز خرمہ پر داد شجاعت دیتا رہا۔ مگر پھر خالد بن لوی کی کمان میں اخوان دستے پہنچ گئے اخوان کا حملہ اتنا شدید تھا کہ عبداللہ بھاگ نکلا، اخوان نے اس کے خیمے، توپیں، رائفلیں اور اسلحہ کے ذخائر اپنے قبضے میں لے لیے اس طرح ابن سعود کے ہاتھ بے پناہ مال غنیمت لگا۔

عالمی جنگ میں شریف حسین نے برطانیہ کا ساتھ دیا۔ یہی معاملہ ابن سعود کا بھی تھا لیکن موخر الذکر کا حصہ محض برائے نام تھا۔ عملاً وہ اپنی حکومت کے استحکام ہی کی طرف متوجہ رہے۔ داخلی مصلحتوں کے علاوہ ایک وجہ یہ بھی تھی کہ ابن سعود کو برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے احساسات کا پورا پورا احترام تھا۔ جنہیں خلافت کے نظام سے والہانہ محبت تھی، اس کے برعکس شریف حسین نے جون ۱۹۱۶ء میں ترکی کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور ترکوں کو حجاز، عراق اور شام و فلسطین سے نکالنے کے لئے برطانیہ کا مقدور بھر ساتھ دیا۔

پہلی جنگ عظیم کے بعد حالات پر روشنی ڈالنے سے پہلے اخوان اور ابن سعود کے باہمی تعلقات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ اخوان تحریک کا مقصد درحقیقت بدوی قبائل کو مستقل بستیوں میں بسانا اور ان کی طاقت کو منظم کر کے سعودی مملکت کے لئے مفید قوت بنانا تھا۔

۱۹۱۴ء میں ابن سعود نے اپنا مشہور فرمان اہل بادیہ کے نام جاری کیا کہ وہ اخوان تحریک میں شامل ہو جائیں۔ اس تحریک میں شامل ہونے کے لئے دو چیزوں کا اقرار

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

ضروری تھا۔

(ا) خداوند کی عبادت اس میں درج ذیل باتیں بھی شامل تھیں۔

الف: خدا کا شریک نہ ٹھہرانا۔

(ب) زکوٰۃ دینا۔

(ج) رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا۔

(د) دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھنا۔

(ہ) حج کرنا۔

(۲) تمام سچے مسلمانوں میں بھائی چارے کے جذبات کو فروغ دینا۔

الف: اپنے وطن سے محبت کرنا۔

(ب) امام کی کامل اطاعت کرنا۔

(ج) دوسرے اخوان بھائیوں کی مشکل کے وقت مدد کرنا(1)۔

جنگ عظیم میں سعودی حکومت کا کردار

جنگ عظیم کی صورتحال سے ابن سعود نے کس طرح فائدہ اٹھایا یہ صدیق حسن قریشی سے سنیئے:

جنگ نے اتحادیوں کے حق میں فیصلہ دے دیا تھا۔ ترکوں کو شکست کیا ہوئی۔ عثمانیہ خلافت کی کمر ٹوٹ گئی۔ جنگ کے دوران میں تو انگریز عرب کی سیاست کی طرف توجہ نہ دے سکے۔ تھے اب پھر ادھر متوجہ ہوئے اور علی الاعلان شریف حسین کا ساتھ دینا شروع کر دیا۔ اس نے جنگ میں انگریزوں کا ساتھ دیا تھا۔ شاید یہ اس کا معاوضہ تھا۔ شریف حسین امید لگائے بیٹھا تھا کہ جنگ کے بعد برطانیہ اسے پورے عرب کا بادشاہ بنانے کا وعدہ پورا کرے گا۔ اسی زعم میں اپنے آقا کا اشارہ پا کر شریف حسین نے ۱۹۱۹ء میں ابن سعود کی مملکت پر حملہ کر دیا۔ تربہ کے مقام پر دونوں افواج کا مقابلہ ہوا۔

1۔ محمد صدیق قریشی، فیصل ص ۱۹ تا ۲۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

فتح نے ابن سعود کے قدم چومے۔ شریف حسین کے تین ہزار سے زائد آدمی مارے گئے۔ باقی فرار ہو گئے۔ ابن سعود نے شمال کا رخ کیا اور رشیدیوں کے مرکز حائل کا محاصرہ کر لیا۔ ۱۹۲۰ء میں عبداللہ بن متعب بن عبدالعزیز نے ہتھیار ڈال دیئے۔ ۱۹۲۱ء میں انہوں نے رشیدیوں کو آخری فیصلہ کن شکست دی۔ جبل الشہر اور حائل کے علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ اسی سال محمد بن طلال نے ہتھیار ڈال دیئے۔ اس طرح پورا نجد سعودیوں کے زیر نگیں آ گیا۔

کمال اتاترک نے خلافت کے خاتمہ کا اعلان کر کے آخری خلیفہ سلطان عبدالحمید اور ان کے خاندان کو جلاوطن کر دیا تو سات مارچ ۱۹۲۴ء کو شریف حسین نے اپنے خلیفہ ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ اس کا خیال تو یہ تھا کہ لوگ فوراً ان کی بیعت کر لیں گے، لیکن اس اعلان کا رد عمل عرب سے باہر ناخوشگوار ہوا۔ خصوصاً برصغیر کے مسلمانوں نے مولانا محمد علی جوہر کی قیادت میں سخت مخالفت کی۔

آخر شریف حسین کا خدشہ مٹانے کے لئے ابن سعود نے حجاز پر چڑھائی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ۲۴ اگست ۱۹۲۴ء کو حملہ کا آغاز ہوا۔ ابن سعود کی فوجوں نے طائف کو گھیر لیا۔ شدید مزاحمت کے بعد طائف فتح ہو گیا۔ اب سعودی افواج مکہ کی طرف بڑھیں۔ ۱۳۰ اکتوبر کو شریف حسین نے تخت سے دستبردار ہونے کا اعلان کیا۔ پندرہ روز بعد مکہ معظّمہ پر بھی سعود کا پھریرا لہرانے لگا۔ اب شریف حسین کا بڑا بیٹا جانشین ہوا اس نے جدہ کو دارالحکومت بنایا۔ پانچ دسمبر ۱۹۲۵ء کو ۱۰ مہینے کے محاصرہ کے بعد مدینہ منورہ فتح ہو گیا اور ۲۳ دسمبر کو سعودی فوج نے جدہ پر قبضہ کر لیا۔ عبداللہ ۸ دسمبر ہی کو جدہ سے نکل گیا تھا۔ شریف حسین قبرص جا چکا تھا۔ اب ابن سعود اپنی مملکت کے بلا شرکت غیرے حکمران تھے۔ ۲۲ ستمبر ۱۹۳۴ء کو انہوں نے مملکت کا نام سعودی عرب رکھا اور خود بادشاہ بن گئے۔ یمن کے ساتھ سرحدی علاقوں کا تنازع چلا آ رہا تھا۔ اپریل ۱۹۳۴ء میں دونوں ملکوں کے درمیان جنگ کی نوبت آئی۔ سعودی افواج فاتحانہ یمن میں داخل ہو گئیں۔ آخر مذاکرات شروع ہوئے اور جون کے وسط میں معاہدہ طے پا گیا۔ جس کی رو سے نجران کے زرخیز نخلستان اور یام کا علاقہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

سعودیوں کو واپس مل گیا اور عسیر پر بھی ان کا دعویٰ یمن نے درست تسلیم کر لیا۔

اس طرح ابن سعود نے تیس سال تک جانگسل جدوجہد کے بعد وہ مملکت قائم کی جو آج مملکت سعودی کہلاتی ہے اور عرب اور عالم اسلام کی ایک ممتاز مملکت شمار کی جاتی ہے۔ سعودی مملکت کے قیام سے ابن سعود کی زندگی کا ایک اہم مقصد پورا ہو گیا۔ انہوں نے عربوں کو جو مختلف قبائل میں بٹے ہوئے اور طوائف الملوکی کا شکار تھے۔ ایک منظّم کتاب و سنت کے قوانین پر مبنی مملکت میں متحد کر دیا(1)۔

جنگ کے دوران وہابیہ کے مظالم

سعودی افواج نے طائف، مکہ اور مدینہ منورہ کی فتح کے دوران جو سنگدلانہ اور بہیمانہ انسانیت سوز مظالم کیے ہیں۔ تاریخ کی سطروں سے اب تک ان مظالم کا لہو ٹپک رہا ہے۔ سردار حسنی لکھتے ہیں:

جنگ طائف کے خونیں واقعات

مئی ۱۹۱۹ء میں ابن سعود نے شریف حسین پر حملہ آور ہونے کی تیاری شروع کر دی۔ وائٹ ہال میں ایک اور کانفرنس ہوئی اور ابن سعود کے وظیفہ کو پانچ ہزار پونڈ سے گھٹا کر پچیس پونڈ کر دیا گیا۔ اس واقعہ کی اطلاع ابن سعود کو نہ ہوئی۔ وہ تیاریوں میں ہمہ تن مصروف تھا۔ وہ سمجھتا تھا کہ اس کا مستقبل اسی ایک معرکے پر منحصر ہے۔

ابن سعود کے خلاف شریف نے بھی اپنے بیٹے عبداللہ کی قیادت میں ایک لشکر جرار تیار کیا۔ لشکر کے ساتھ بہت سے بدوی لوٹ کے لالچ سے ساتھ ہو گئے۔ چار ہزار نوجوان نظامی فوج کے تھے۔ جن کے عراقی اور شامی افسران ترکی حکومت کے تربیت یافتہ تھے اور جنگ عظیم کے تجربات نے انہیں جدید اسلحہ کا استعمال خوب سکھا دیا تھا۔ شریفی فوج کی تیاریاں ماہ اپریل کے اواخر میں مکمل ہو گئیں۔ طائف سے یہ لشکر حشم و وقار کے ساتھ طرابہ کی طرف چلا۔ یہ گاؤں خرما سے چالیس میل کے فاصلے پر جانب جنوبی غرب میں واقع ہے۔

1۔ محمد صدیق قریشی، فیصل ص ۳۱ تا ۲۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طرابہ پہنچ کر امیر عبداللہ کو معلوم ہوا کہ بعض لوگ یہاں بھی دشمن کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ امیر نے ان سب کو تہ تیغ کر دیا۔ مقتولین کے ورثاء بظاہر تو شریف کی اطاعت کا دم بھرتے رہے، لیکن خفیہ طور پر یہاں کے استحکامات وانتظامات کا حال خرما والوں کو کہلا بھیجا۔

ابن سعود اس وقت اپنی افواج لئے خرما سے کئی میل دور جانب مشرقی میں موجود تھا۔ کہ طرابہ والوں کا پیغام خالد بن لوی والی خرما کو پہنچا۔ اس شجاع مرد نے نہ ابن سعود کو اطلاع دی اور نہ ہی باضابطہ اجازت حاصل کرنی ضروری سمجھی۔ اپنے گاؤں کی کارآزمودہ جماعت کو لے کر ۲۴ مئی کی رات کو طرابہ پر چڑھ دوڑا اور رات کے اندھیرے میں جب کہ شریفی افواج آرام اور اطمینان کی میٹھی نیند سو رہی تھی۔ ان کو تہ تیغ کرنا شروع کر دیا۔ وہ قتل وخون ہوا کہ الامان الامان وہابیوں کی یہی شجاعت وبسالت تھی جس نے ایک صدی پیشتر عالم اسلام کو متحیر ومبہوت کر دیا تھا۔ بہت سے شریفی ابھی بستر پر ہی تھے کہ قتل کر دیئے گئے۔ بعض اٹھ کر سنبھلنے نہ پائے تھے کہ تہ تیغ ہو گئے۔ پانچ ہزار شریفی افواج میں سے صرف ایک سو آدمی اس خونچکاں سرگزشت کو بیان کرنے کے لئے زندہ رہے۔ امیر عبداللہ جان بچا کر بھاگ گیا اس کی زبان سے شریف حسین کو فوج کی مکمل تباہی وبربادی کا حال معلوم ہوا۔ اگلے دن پچیس مئی کو ابن سعود اپنے عساکر کو لے کر بنفس نفیس طرابہ پہنچا اور مقتولین کے انبار بچشم خود ملاحظہ کئے۔ کشتگان کی اتنی تعداد شاید اس نے بھی نہ دیکھی تھی۔ بے نظیر شجاعت کے باوجود نرم دل واقع ہوا ہے۔ اس قدر کشت وخون پر بے حد متاسف ہوا۔ آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ حسرت بھری آہ لے کر کہنے لگا۔

اللہ نے یہ بار شاقہ مجھ پر ڈالا ہے۔ مشرکین کو (یعنی وہ ہاشمی مسلمان جو ابن سعود کے وہابی عقائد سے متفق نہ تھے۔ قادری) راہ راست پر لانے کی ذمہ داری میرے مقدر کر دی گئی ہے۔ کاش میں ایک معمولی سپاہی ہوتا(1)۔

نوٹ: ابن سعود نے جو یہ الفاظ کہے ہیں نبی کے علاوہ اور کوئی شخص ان الفاظ کے کہنے کا

1۔ سید سردار محمد حسنی۔ بی اے سوانح حیات سلطان ابن آل سعود ص ۱۱۷ تا ۱۱۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

مجاز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نبی کے علاوہ اور کسی شخص پر یہ بار شاقہ نہیں ڈالتا۔ (قادری غفرلہ)

مولانا محمد علی جوہر طائف کے مظالم کے بارے میں لکھتے ہیں:

مرکزی خلافت کمیٹی کو حسب ذیل تار مکہ معظّمہ سے وصول ہوا۔

گیارہ ستمبر باشندگان مکہ معظّمہ آج کعبۃ اللہ کے سامنے جمع ہوئے ہیں جس میں تقریباً بیس ہزار مسلمان باشندگان۔ جاوا، ہندوستان، سوڈان، الجزیریا، روس شامل تھے اور انہوں نے متفقہ طور پر مذہبی دنیا کو یہ بتایا کہ وہابیوں نے شہر طائف پر حملہ کیا اور فوج ہاشمی نے بڑی بے جگری سے ان کا مقابلہ کیا۔ باشندگان مکہ اور حکومت ہاشمی نے جس کی حمایت عام طریقہ پر کی جارہی ہے ہر ممکن کوشش اس امر کی کی ہے۔ کہ بے گناہ باشندگان اور غیر ملکیوں کو بچایا جائے۔ لیکن وہابیوں نے بجائے اس کے وہ باقاعدہ طور پر قبضہ کرتے۔ نہایت وحشیانہ طریقہ اختیار کیا اور وہاں کے باشندوں اور غیر ملکی رعایا پر جو وہاں مقیم تھی، انتہائی ظلم کیا ہے اور جیسا کہ خود ان غیر ملکیوں سے دوستی رکھنے والی سلطنتوں کو ان تمام حادثات کی خبر دی ہے۔ (یہ واقعہ ہے) کہ وہابیوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مزار کو پھونک دینے کے بعد ساری آبادی کو تہ تیغ کیا جس میں بچے عورتیں اور بوڑھے سب شامل تھے۔ یعنی مختصر الفاظ میں ساری رعایا اور کل غیر ملکی باشندے مارے گئے۔ انسانیت، تہذیب اور انصاف کے نام پر جس کی لیگ اقوام علمبردار ہے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ ان مظالم کا خاتمہ کیا جائے اور ان وحشیانہ حرکات کو جن سے تہذیب اور انسانیت تھراتی ہے۔ جلد سے جلد سخت ترین کارروائی کر کے ختم کیا جائے۔

۱۰ ستمبر ۱۹۲۴ء

منجانب شرکاء جلسہ

عبدالغفار صوفی، عبدالساغانی، ابن قاری عبداللہ مروح سوڈانی، موتاوی، بدرالدین، ہدایت اللہ آذر بائیجان، مولانا غفار بن قرینی، مولانا محمد داؤدی امراغستانی، احمد بن انادانی، ابوالجوراتی، محمد عبداللہ بن زیدان الشکیینی، محمد حبیب اللہ شوکتی، عمر تونسی المراکشی، محمد مختار بن

عاطزت، ناظم الدولۃ ایرانی، محمد بن عبدالکریم، محمد عطار بن سلمان، محمد اسماعیل بن خلفلانی، عبداللہ بن یعقوب، ابن صبح سماری، بخاری عبدالغنی، بدرالدین محمد عارف، محمد مظہر، ابوطالب، (نوٹ۔تار فرانسیسی زبان میں تھے اس لئے بہت سے نام صاف نہیں پڑھے گئے)

جنگ کے دوران وہابیوں کے مکہ مکرمہ پر مظالم

طائف میں وہابیوں نے جس درندگی اور بربریت کا مظاہرہ کیا تمام دنیا میں انسانیت کے نام پر ان مظالم کی مذمت کی گئی، اس کے بعد مکہ اور مدینہ میں ان لوگوں نے احتیاط سے کام لیا۔تاہم احتیاط کے دوران ان کی فطری درندگی سے جو مظالم ظہور میں آئے وہ سردار حسنی سے سنیے (1)۔

یہ واقعہ ہے کہ سلطان ابن سعود کے احکام اس وقت اہالیان مکہ کے کام آئے۔شہر میں قتل و غارت نہ ہوا۔طائف کے کشت وخون کے متعلق انگریزوں نے زبردست احتجاج کیا تھا اور سلطان ابن سعود نے ارادہ کرلیا تھا کہ حجاز کے متعلق بقیہ کارروائیاں اس کی ذاتی نگرانی کے ماتحت ہوں، چنانچہ شہر میں امن وامان کا اعلان کردیا گیا اور سلطان ابن بجاد شیخ غطفط نے عارضی طور پر شہری نظم ونسق سنبھال لیا، لیکن امن وامان قائم ہوجانے کے باوجود اخوان بپھرے ہوئے تھے۔انہیں اصرار تھا کہ اگر مکہ کے مشرکین (یعنی وہ مسلمان جو عقائد میں نجدیوں سے متفق نہ تھے)۔(قادری) بچ جائیں، تو بچ جائیں۔لیکن مقابر و مزارات ضرور منہدم کردیئے جائیں گے اور مساجد کی آرائشیں ضائع کردی جائیں گی، کیونکہ ان کے اعتقاد کے مطابق ان چیزوں کے وجود میں شرک کا شائبہ پایا جاتا ہے۔چنانچہ حرم کے وہ تمام مقدس مزارات جو صدیوں سے زائرین کے مرجع رہے تھے آن کی آن میں تباہ وبرباد کردیئے گئے۔وہ تمام رسوم وشعائر جن کی سند وہابیوں کے اعتقاد کے مطابق قرآن وسنت میں موجود نہ تھی بیک جنبش قلم ممنوع قرار دے دیئے گئے، اس کی کارروائی کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام عالم اسلام میں تنفر اور اضطراب کی لہر اٹھی۔ایران کے شیعوں اور ہندوستانی مسلمانوں

1۔مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی ص ۲۷ تا ۲۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں ماتم کی صفیں بچھ گئیں۔لوگ وہابیوں سے بدگمان تو پہلے ہی سے تھے جو کچھ ان کے متعلق کہا گیا بلا تحقیق و تدقیق صحیح تسلیم کر لیا گیا۔ وہابی اس فعل کو قرآن و سنت کے مطابق سمجھتے تھے۔انہوں نے مسلمانوں کے غم و غصہ کی کچھ پرواہ نہ کی اور اپنے کام سے کام رکھا(1)۔

مدینہ منورہ کی بے حرمتی

مکہ مکرمہ کے مقامات مقدسہ اور مزارات اصحابہ کو پامال کرتی ہوئی جب وہابی فوجیں مدینہ منورہ پر یلغار کرتی ہوئی پہنچیں، تو انہوں نے جس شقاوت قلبی کے ساتھ مدینہ منورہ کی بے حرمتی کی وہ سردار حسنی سے سنیئے لکھتے ہیں:

اگست میں نجدی افواج مدینہ طیبہ کی طرف بڑھیں۔اسی مہینہ کی ۲۰ تاریخ کو امیر علی کے حکام نے اقصائے عالم میں یہ خبر مشہور کر دی کہ نعوذ باللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مقدس مرقد پر نجدی گولہ باری کر رہے ہیں۔نجدیوں کی طرف سے تردید تو شائع ہوتی لیکن بعد از وقت پہنچی۔مسلمانوں میں پھر غیظ و غضب برپا ہوا۔مسلمان حکومتوں کی طرف سے احتجاج شائع ہوئے فرداً فرداً مسلمان اس (روضہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) (قادری) کے تحفظ کے لئے کوشش کرتے رہے۔ایرانی حکومت نے ایک وفد تحقیق حالات کی غرض سے بھیجا۔ ۱۹۲۵ء کے اواخر میں اس وفد نے بیان شائع کیا کہ واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ کے گنبد میں پانچ گولیاں لگی ہیں(2)۔

اس سے پہلے سعود بن عبدالعزیز کے دور حکومت میں یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ سعود نے گنبد خضراء سے سونے کا ہلال اور کرہ اتار لیا تھا وہ قبہ کو بھی گرانا چاہتے تھے لیکن ان کارکنوں میں سے جو ہلال اور کرہ مذکورہ کو اتارنے کے لئے اوپر چڑھے تھے، دو آدمی نیچے گر کر مر گئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے قبہ گرانے کا ارادہ ترک کر دیا۔

ان دونوں تاریخی واقعات کے ملانے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ابن سعود کے دور میں

1۔سید سردار محمد حسنی۔بی اے سوانح حیات سلطان ابن آل سعود ص ۱۵۵

2۔سید سردار محمد حسنی۔بی اے سوانح حیات سلطان ابن آل سعود ص ۱۵۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

روضہ منورہ پر گولیوں کی بوچھاڑ کوئی اتفاقی حادثہ نہ تھا، بلکہ وہابی حضرات دیدہ دانستہ گنبد خضرا کی توہین کرنا چاہتے تھے۔

ابن سعود کی ترکوں سے مخاصمت

خلافت عثمانیہ کے تحت تمام اسلامی علاقے ایک وحدت میں منسلک تھے۔ وہابیوں نے جزیرہ عرب کو خلافت عثمانیہ سے نکالنے کی دوبارہ کوشش کی اور ناکام رہے۔ تیسری بار جب کہ ترک جنگ عظیم میں جرمنی کے حلیف تھے اور اتحادیوں سے برسر پیکار تھے۔ وہابیوں نے اس موقع کو غنیمت جانا اور انگریزوں کے حلیف بن گئے اور جب اتحادیوں کے مقابلہ میں ترکوں کو شکست ہوگئی تو ابن سعود کو انگریزوں کی طرف سے بطور انعام صحرا عرب دے دیا گیا۔ ادھر سالہا سال سے کرنل لارنس عرب میں قومیت کی جو تحریک پیدا کر رہا تھا۔ اس تحریک کا اثر تھا کہ عرب یک جہتی سے ترکوں کے حلیف ابن رشید سے لڑے۔

چنانچہ اس سلسلے میں اسٹینلے لین پول لکھتے ہیں:

ترکوں کو دوسری شاندار فتح قط العمارہ کے محاصرہ میں حاصل ہوئی۔ ۲۹ اپریل ۱۹۱۴ء کو جنرل ٹاؤنسینڈ نے مجبور ہو کر ہتھیار ڈال دیئے وہ اور اس کی تمام فوج قید کر لی گئی۔ اس کامیابی نے عراق میں ترکوں کی متعدد شکستوں کی ایک حد تک تلافی کر دی تھی، مگر ۲۴ فروری ۱۹۱۷ء کو انگریز دوبارہ قط العمارہ پر قابض ہو گئے۔

عرب میں انگریزوں نے ایک دوسرے طریقہ سے نمایاں کامیابی حاصل کی کرنل لارنس کی برسوں کی خفیہ کوششیں آخرش بارآور ہوئیں اور عرب برطانیہ کی سرپرستی میں اور عرب نیشنلزم کے جوش میں ترکوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔

یکم اکتوبر ۱۹۱۴ء کو شریف حسین نے اپنے شاہ حجاز ہونے کا اعلان کر دیا۔ برطانیہ نے فوراً باضابطہ طور پر اس کی بادشاہت کو تسلیم کر لیا۔ اس کا لڑکا امیر فیصل عرب فوجوں کو لے کر ترک افواج کے مقابلہ کے لئے شام کی طرف بڑھا اور برطانیہ کی مدد سے ترکوں کو پے در پے شکستیں دیں۔ پان اسلامزم کا طلسم ٹوٹ گیا۔ اسی افسوس سے جرمنی کام لینا چاہتا تھا مگر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

برطانیہ کی تدابیر نے عربوں کو ترکوں کے مقابلے پر لا کر اس کے اثر کو ہمیشہ کے لئے زائل کر دیا(1)۔

نجدیوں نے برطانیہ سے ساز باز کر کے جس طرح خلافت عثمانیہ کو نقصان پہنچایا ہے اس موضوع پر بہاؤالحق قاسمی (دیوبندی) نے فتنہ نجدیت اور تحریک نجدیت کے نام سے دو رسالے لکھے۔ اس باب میں ہم فتنہ نجدیت کو من وعن نقل کر رہے ہیں اور تحریک نجدیت کے بعض اقتباسات آئندہ ابواب میں پیش کرینگے۔

1۔ سٹینلے لین پول، سلاطین ترکیہ ص ۴۸۷،۴۸۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجدیوں کے سیاہ اعمالنامہ کا ایک ورق
شریف حسین اور ابن سعود کی غداری
نجدی عقائد فاسدہ کا مختصر مرقع

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الحمد للّٰہ ذی الکرم و الاحسان والمنن۔ والصلوۃ والسلام علی رسولہ سیدنا محمد نالذی اخبرنا بظھور الزلازل و الفتن وعلیٰ الہ واصحابہ الذین تحملوا الاعلاء کلمۃ اللّٰہ المصائب و الُمحن:

سید حسین سابق شریف مکہ نے ترکوں سے بغاوت کر کے اور دشمنان اسلام سے یارانہ گانٹھ کر جیسی عبرت خیز اور سبق آموز ذلت حاصل کی ہے اس کے فقط تصور سے منتقم حقیقی کی قدرت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ آج اس بدقسمت کا وجود ہی اس حقیقت کا روشن ثبوت ہے کہ قہار و جبار خدا جب کسی ظالم کو سزا دینا چاہتے ہیں تو پھر دنیا کی کوئی طاقت اس کو بچا نہیں سکتی۔ شریف کے مکہ معظّمہ سے نکل جانے کے بعد اس کا بیٹا وہاں مسلط ہوا۔ باغی وہابیوں کی حریصانہ نگاہیں حرمین شریفین کی طرف عرصہ سے اٹھ رہی تھیں۔ انہوں نے طائف شریف کو برباد کرنے کے بعد مکہ معظّمہ پر ہلہ بول دیا اور آخر وہاں قابض ہو گئے۔ رہ گیا یہ سوال کہ وہابی اتنے طاقتور کہاں سے ہو گئے کہ پہلے طائف میں لوٹ کھسوٹ اور قتل و غارت کر کے وہاں قابض ہوئے اور پھر مکہ معظّمہ پر بھی بغیر کسی دقت اور دشواری کے مسلط ہو گئے تو اس سوال کا جواب ہر متفطن اور سمجھدار انسان یہی دے گا کہ۔

نجد کو کب یہ سلیقہ ہے ستمگاری میں
کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں

نجدیوں کے تسلط ہی کے وقت ارباب فراست بھانپ گئے تھے کہ اب صورت

حالات روبہ اصلاح ہونے کی بجائے اور زیادہ خطرناک اور پیچیدہ ہو جائے گی، کیونکہ یہ قوم سخت وحشی واقع ہوئی ہے۔ بربریت اور درندگی اس کے خمیر میں داخل اور انصاف پروری اور رواداری کی ان کو ہوا تک نہیں لگی ہے، ان کے عقائد میں اس درجے کا غلو، تشدد اور تجاوز پایا جاتا ہے کہ وہ مرکز اسلام پر حکومت و قیادت کرنے کی قطعاً اہلیت نہیں رکھتے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے عہد نحوست سے لے کر اس وقت تک یہ لوگ آستانہ خلافت سے باغی رہے، بلکہ موجودہ نجدی حکومت دشمنان اسلام کی انگشت نمائی اور برانگیخت سے ترکوں کے ساتھ نبرد آزما اور مصروف پیکار رہ چکی ہے اور موجودہ امیر نجد عبدالعزیز ابن سعود بھی شریف کی طرح انگریزوں کا منظور نظر پٹھو اور خاص وظیفہ خوار ہے۔ ان واقعات وحقائق کی بناء پر ارباب بصیرت نے نجدیوں کے تسلط کو سخت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا لیکن افسوس کہ ہندوستانی مسلمانوں میں سے کسی نے سنہری اور روپہلی مصلحتوں کے تحت بعض نے نجدیوں کے ہم عقیدہ ہونے کے باعث کسی نے شریف کے مظالم سے تنگ آکر اور کسی نے زبان دراز اور منہ پھٹ لوگوں کی گالیوں کے خوف سے ان تمام حقائق ثابتہ سے آنکھیں بند کر کے نجدیوں کی تعریف وتوصیف کے پل باندھنے شروع کر دیئے۔

یہ لوگ جہاں نجدیوں کے عقائد کی خوبیاں بیان کرتے نہیں تھکتے۔ وہاں چیخ چیخ کر اور گلا پھاڑ پھاڑ کر یہ بھی ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ابن سعود نجدی شریف کی طرح انگریز پرست نہیں بلکہ ''اسلام پرست ہے۔ حالانکہ انہیں میں سے ذمہ دار لوگ کچھ مدت پہلے اپنی تحریروں اور تقریروں میں باضابطہ صریحاً اقرار کر چکے ہیں کہ نجدی حکومت برطانیہ کی وظیفہ خوار، مقرب پٹھو اور ترکوں کی سخت دشمن واقع ہوئی ہے۔

میں ذیل میں ذمہ دار حامیان نجدیہ ہی کی تقریروں اور تحریروں سے ابن سعود اور موجودہ نجدی حکومت کی غداری، نصاری پرستی اور اسلام کش حکمت عملی کے چند واقعات عرض کرتا ہوں اور اس کے بعد وہابیوں کے کافر سازانہ اور مشرک گرانہ عقائد انہی کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کتابوں سے نقل کر کے فیصلہ قارئین پر چھوڑتا ہوں وہ خود اندازہ لگالیں کہ نجدیوں کی حمایت میں جو آج کل ہنگامہ خیز مظاہرات ہو رہے ہیں ان کی کیا حقیقت ہے۔؟

بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

غدار ابن سعود کی سیاسی کہانی اخبار زمیندار کی زبانی

اخبار زمیندار لاہور بابت ماہ فروری ۱۹۲۲ء کے متعدد پرچوں میں ایک طویل مضمون شائع ہوا تھا، جس کے تین عنوان تھے ’’حکومت برطانیہ اور عراق عرب‘‘، ’’اسرار کا انکشاف‘‘، ’’حقیقت کی چہرہ کشائی‘‘ اس مضمون میں برطانیہ کی ان ریشہ دوانیوں کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے جو اس نے عراق عرب میں ترکوں کے خلاف اور اپنا اقتدار قائم کرنے کی غرض سے عربوں کو سیم وزر کا لالچ دینے کی صورت میں روا رکھیں۔ میں ذیل میں اس مضمون سے وہ اقتباسات نمبروار نقل کرتا ہوں جن میں ابن سعود نجدی اور اس کی حکومت کی غدارانہ سازشوں اور مسلم قوم کے خلاف بدعملیوں سے نقاب کشائی کی گئی ہے۔

(۱)

تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ (الحشر)

ٹائمز کا نامہ نگار مقیم طہران لکھتا ہے کہ:

’’ترک ہمارے (برطانیہ کے) دشمن تھے۔ اس لئے قدرتی طور پر ہم اس کوشش میں مصروف رہتے تھے کہ ترکی کی بدنظمی کی کوئی بات ہمارے ہاتھ لگے، جسے ہم اتحادیوں کے فوجی مقاصد کے لئے مفید بنا سکیں۔ عربوں کے جذبات کی کوئی قدر اہمیت ہو یا نہ ہو لیکن ہم ترکی کے نقائص کو نظر انداز نہیں کر سکتے تھے اور اس کے بتائے ہوئے لوگوں سے تو وہ کسی طرح سلوک تغافل نہیں کر سکتے تھے جو جرمنی نے آئرلینڈ سے کیا ہے۔ حامیان عرب کے لئے یہ نادر موقع تھا جس طرح حکومت جرمنی کے پاس اس کے متجر ماہرین علوم اور مستشرقین موجود تھے جن کا ظن غالب یہ تھا کہ آئرلینڈ میں جمہوریت کے اقوام و قیام کا امکان ہے اور ہندوستان کے باشندوں کے مفاد کے لئے بغاوت انگیزی ضروری ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اسی طرح ہمارے ملک میں بسنے والے اتحاد عرب کے حامی ترکی کی حکومت کو کانٹ کانٹ کر عربوں کی حکومت پر مصر تھے۔ اس لئے یہ بات قدرتی اور ناگزیر تھی کہ حکومت ان لوگوں کو آلۂ کار برآری بنائے۔

وہابیوں کا خروج

اس لئے اب یہ سوال پیدا ہوا کہ عربوں کو ترکوں کے خلاف کس طرح برانگیختہ کیا جائے۔ سنوسی تو کسی کام کے نہیں تھے، کیونکہ وہ اس حکومت عرب میں حصہ دار نہیں بن سکتے۔ جس کے ہم حامی ہیں، وجہ یہ ہے کہ مصر درمیان میں حائل ہے۔ علاوہ ازیں وہ ہمارے مخالف بھی ہیں۔ ادریسی اور امام یمن بہت کام دے سکتے تھے۔ رشید امیر حائل ترکوں کے ساتھ مل گئے۔ اب صرف دو ایسی ہستیاں رہ گئیں جو ہمارے یعنی گورنمنٹ برطانیہ کے شہنشاہی اقتدار کے اثر میں آ سکتی تھیں انہیں ہم سرمایہ دے سکتے تھے اور ان سے یہ وعدہ کر سکتے تھے کہ اگر ہماری اعانت کی جائے گی تو ہم بہت سا صلہ انعام دیں گے۔ یہ معزز ہستیاں، حسین شریف اعظم مکہ اور ابن سعود وہابی امیر نجد کی ہستیاں تھیں۔

اس حقیقت نفس الامری سے یہ کہ دونوں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں ان کے اغراض و مقاصد میں بعد المشرقین ہے اور ان کے پیرو مذہب کی تلوار سے ایک دوسرے سے علیحدہ ہیں بہت پیچیدگی پڑ گئی۔ محمد بن عبد الوہاب اٹھارویں صدی میں علم اسلام لے کر اٹھا اس نے ۱۷۶۰ء میں سعود حاکم نجد کو اپنا ہم عقیدہ بنا لیا۔ اسی زمانہ میں بہت سے چھوٹے شیوخ نے جو پہلے ایک دوسرے کے مخالف تھے یہ مذہب قبول کر لیا۔

ان شیوخ اور دیگر عقیدت مندوں کی مدد سے سعود اور اس کا جانشین سعود ابن سعود وسط عرب میں ایک وسیع سلطنت قائم کرنے کے قابل ہو سکے۔

سعود ثانی کے بیٹے نے ۱۸۰۱ء میں کربلائے معلّیٰ کے مقدس شہر کی بے حرمتی کی۔ ۱۸۰۳ء میں فوجیں لے کر مشرق کی طرف بڑھا اور مکہ معظّمہ کے حرم مقدس پر قبضہ کر لیا اور اس مقام مقدس کی جو شیعہ اور سنیوں دونوں کے لئے یکساں واجب الاحترام ہے بے حرمتی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی۔ ۱۸۰۴ء میں اس نے مدینہ پر قبضہ کرلیا۔ مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ دونوں ۱۸۳۱ء تک وہابیوں کے قبضے میں رہے۔ ۱۸۱۱ء میں مصر کے مشہور ومعروف پاشا محمد علی نے نجد کے دارالسلطنت دراعیہ پر قبضہ کرلیا اور اسے تباہ کرڈالا۔ اس وقت وہابی سلطنت کچھ مدت کیلئے مٹ گئی۔ لیکن ایمان کا زائل ہونا تو ناممکن تھا۔ سلطنت کی ویرانی وتباہی میں بھی ایمان کا جذبہ موجود رہا۔ ۱۸۲۰ء میں خاندان سعود نے پھر سر اٹھایا۔ دراعیہ کے کھنڈروں کے نزدیک ایک نئے دارالسلطنت کی بنیاد رکھی گئی۔ اس شہر کا نام ریاض رکھا پھر اس مملکت نے عروج حاصل کیا۔ لیکن بتیس ۳۲ سال گزرے خاندانی تنازعات سے یوں پھر ملیامیٹ ہو گئی اور خاندان ابن رشید جو جبل شمار سے تعلق رکھتا ہے غالب آ گیا لیکن آخر اسے بھی روز بد دیکھنا پڑا۔ ابن سعود کا خاندان سخت جان ہے۔ ۱۹۰۱ء میں موجود امیر نجد جس کی عمر اس وقت اٹھارہ سال تھی۔ پندرہ آدمیوں کو ساتھ لے کر رات کی تاریکی میں شہر میں جا گھسا۔ پو پھٹتے ہی ابن رشید کے مقرر کردہ عامل کو قتل کرڈالا اور ابن سعود کا جھنڈا نصب کردیا۔ اس کے بعد امیر نجد کا لقب اختیار کرکے اس نے اپنی آبائی سلطنت کے بہت سے حصے پر قبضہ کرلیا۔ اس نے الحصا میں سے ترکوں کو نکال دیا اور مشرق کی طرف ان بندرگاہوں تک جو بحرین کے مقابل واقع ہیں۔ شمال میں شیخ کویت کے ملک کی سرحد تک جا پہنچا لیکن مغرب میں شریف اعظم مکہ نے اس کا مقابلہ کیا اور ۱۹۱۰ء میں نجد پر حملہ کیا۔ اگرچہ شکست کھائی اور اپنے ملک کی حد تک واپس ہوا۔ لیکن باہمی مغائرت ومناقشت کا سلسلہ جاری رہا اور دونوں ایک دوسرے کی مخالفت پر تلے رہے۔

زمیندار صفحہ اول بابت ۶ فروری ۱۹۲۲ء

(۲)

انگریزوں سے دوستی ترکوں سے جنگ

''ابن سعود نے تحریک اخوان سے جو ایک روحانی برادری کی تحریک تھی۔ وہابی مسلک کو وہ تقویت بخشی جو آج کل اس مسلک کو حاصل ہے۔ شیعہ اور سنیوں کے احیاء کا دور ابھی نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آیا تھا۔ وہ علی الاعلان تمبا کو نوشی کرتے تھے اور شراب بھی پی لیا کرتے تھے۔ ابن سعود کے آباؤ اجداد تو اتنے فطرتی نہ تھے کہ ان کے خلاف مذہب افعال کو گوارا کرتے وہ انکے لئے ضرور سزا دیا کرتے تھے، لیکن اس نے اپنی مملکت کے قرب و جوار اور مملکت میں بسنے والے شیعہ اور سنیوں کو ان افعال کے لئے سزا دینے کی کوشش تک نہیں کی۔ اس نے اخوان کی بستیاں قائم کیں وہ اس قدر آدمیوں کو ہم عقیدہ بناتے تھے کہ تلوار کے زور سے پہلے کبھی اس حلقہ مسلک میں داخل نہیں ہوتے تھے۔ ان کے مبلغوں کی سرگرمیاں مکہ والوں کو بے چین اور مضطرب کیا کرتی تھیں۔ ابن سعود ایک حد تک حج میں بھی مداخلت کیا کرتے تھے اور اس روپیہ کو جو اس طرح شاہ حسین کے خزانہ میں بھی جاتا تھا روکتے تھے۔ اس خیال سے کہ یہ بھی ایک قسم کا شرک اور بت پرستی ہے وہ ان شیعوں سے جو ان کے علاقے میں سے گزرا کرتے تھے، تاوان یا جزیہ لیا کرتے تھے۔

حکومت برطانیہ کی کارگزاری

جب جنگ کا آغاز ہوا اس وقت ملک کی یہ حالت تھی۔ ہم نے شریف مکہ اور ابن سعود دونوں کی خدمات حاصل کرنے کی کوشش کی اور انہیں ترکوں کے خلاف برانگیختہ کیا۔

وہابی اور ابن سعود تو پہلے ہی ہمارے یا یوں کہیے کہ حکومت ہند کے دم ساز تھے۔ ۱۸۶۵ء کا واقعہ ہے کہ اس زمانے میں ایک برطانوی وفد بسر کردگی کرنیل لیوص بیلی ریاض گیا تھا۔ اس وفد نے خاندان ابن سعود سے ایک معاہدہ کیا تھا جس کی پاسداری ہمیشہ ملحوظ رہی ہے۔ اگرچہ کوئی باقاعدہ عہد نامہ مرتب نہیں کیا گیا تھا، لیکن اس پر بھی وہابیوں نے مجھے بتایا کہ وہ اس معاہدہ کی تکمیل اپنا فرض خیال کرتے ہیں۔

موجودہ ابن سعود اور اس کا والد عبد الرحمٰن جو ضعیف العمر اور واجب الاحترام بزرگ ہے۔ ۱۸۸۵ء سے ۱۹۰۱ء تک کویت میں مقیم رہے۔ شیخ کویت ان کا حامی و مددگار تھا۔ اسی کی برکت ہے کہ یہ پھر اپنی کھوئی ہوئی سلطنت حاصل کرنے کے لئے باہر نکلے جس زمانے میں یہ خاندان کویت میں تھا اس زمانہ میں برطانوی پولیٹیکل افسر اور ریذیڈنٹ بوشہر سے ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے تعلقات تھے، جب خاندان ریاض پہنچا اس وقت یہ تعلقات دوستانہ قائم رہے۔ کپتان شکسپیئر آنجہانی پولیٹیکل افسر کویت عربوں کے مداح اور گہرے دوست تھے۔ ان کی وساطت سے سلسلہ تعلقات مربوط و مضبوط، الغرض ہمارے اور ابن سعود کے درمیان باہمی اتحاد اور اعتماد کا سلسلہ تو پہلے ہی سے قائم تھا۔ ترک تو آباؤ اجداد سے اس کے دشمن چلے آتے تھے۔ ۱۹۱۴ء میں جنگ عظیم کے چھڑنے سے پیشتر اس نے ترکوں کے خلاف اعلان جنگ کیا تھا اور اس میں یہاں تک کامیابی حاصل کی تھی کہ الحصاء پر قبضہ کر لیا تھا۔ جبل شمار کے بسنے والے بھی اس کے دشمن تھے۔ اس لئے ابن سعود نے شریک جنگ ہونے میں تامل نہیں کیا۔ جنوری ۱۹۱۵ء میں وہ میدان جنگ میں اترا۔ لیکن شومئی قسمت! کپتان شکسپیئر جو اس کے ساتھ تھا جنگ جراب میں مارا گیا۔ اور ابن سعود کی پیادہ فوج میں دغابازوں نے اپنے ہاتھ دکھائے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس جنگ میں جس کا آغاز فاتحانہ تھا سخت شکست کھانی پڑی۔ اس واقعہ کے بعد ہماری اور ابن سعود کی ہمت ٹوٹ گئی اور مدت تک ہم میدان جنگ میں نہیں اترے۔" (زمیندار صفحہ اول ۷ فروری ۱۹۲۲ء)

(۳)

اشرفیوں کی تھیلی

نامہ نگار مذکور مجلس قاہرہ اور سر پرسی کاکس کے مرتبہ قانون انتخاب کے ذکر میں لکھتا ہے:

جب کثرت رائے سے انتخاب عمل میں آئے گا۔ اس وقت دیکھ لیں گے۔ امیر عراق عرب میں محض اجنبی آدمی کی وقعت رکھتا ہے۔ لہٰذا وقت آئے گا کہ وہ ہمارے سامنے ٹھہر نہ سکے گا۔ پس جو عزم کرنا ہے حکومت نے سوچا وہ یہ ہے کہ امیر فیصل کو پہلے ملک میں بھیجا جائے مصمم ہو گیا کہ یہ ہونا ہی چاہئے تیاریاں ہونے لگیں ساتھ ہی اس عزم کے اس امر کی بھی پوری کوشش کی گئی کہ عوام کی نظر سے اس حقیقت کبریٰ کو پوشیدہ رکھا جائے کہ برطانیہ کا ہاتھ اس میں نہیں ہے اور فوراً نظام عمل اس کے لئے مرتب ہونے لگا وہی نظام عمل جو کبھی سر پرسی کاکس نے اپنے لئے بنایا تھا ابن سعود کو کانٹے کی طرح کھٹکتا تھا، لیکن انجمن اتحاد عربی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے پاس ایک سیدھا سادھا نسخہ تھا اور وہ اشرفیوں کی تھیلی تھی۔

(زمیندار صفحہ اول ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء)

(۴)

اشرفیوں کا توڑا

''ایک دوسرے حقیقت نگار نے اس حقیقت سے بحث کرتے ہوئے کہ دو برس سے بھی کم میعاد میں کرنل لارنس نے وہاں بیس ہزار اشرفیاں تقسیم کر دیں۔ یہ کہا تھا کہ اس کا تو تعجب نہیں کہ انہیں وہاں اقتدار حاصل ہوا بلکہ اس کا تعجب ہے کہ اب مطلق اقتدار نہیں رہا اور اگر بجائے ان کے میں ہوتا تو کبھی عرب نظم ونسق نہ کرتا، بلکہ میں خود بادشاہ بن بیٹھتا۔
ابن سعود کو اس طرح باطمینان اشرفیوں کا توڑا حوالہ کر کے ٹال دیا۔''

(زمیندار صفحہ اول ۱۱ فروری ۱۹۲۲ء)

(۵)

ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ کی رشوت

ترکوں کی ناکہ بندی

''پھر بھی انہوں (نجدیوں) نے ہمیں جنگ کے آخری دور میں ترکوں کی ناکہ بندی میں معقول مدد دی۔ جو جبل شمار اور بندر کویت کے راستہ اشیائے رسد حاصل کر رہے تھے اور ۱۹۱۸ء میں ابن رشید کے ملک پر چڑھ دوڑے۔''

اس سال انہوں نے سر پرسی کاکس کے پاس بغداد میں ایک سفارت بھیج کر یہ ظاہر کیا کہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے یا تو شاہ حسین کو اپنا رویہ بدلنے کے لئے خاص تنبیہ کر دی جائے ورنہ ہم انتقام گیری پر مجبور ہو جائیں گے۔ امیر فیصل کو بغداد میں شاہی تخت پر بٹھانا مزید ظلم تھا۔ ابن سعود نے صاف صاف کہہ دیا کہ میرے گرد دو بھٹیاں سلگا دی گئی ہیں پھر میں کیسے ہاتھ پاؤں توڑ کر خاموش بیٹھ سکتا ہوں۔ مزید برآں ایک تیسری خطرناک تر

مصیبت یعنی عبد اللہ ماورائے یرون پر قابض ہے۔ سرپرسی کاکس نے اس احتجاج کے جواب میں اسے ''شاہ نجد'' کے نام سے مخاطب کیا اس خوشامد، تملق اور ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ کی رشوت سے جو ماہ بماہ ادا ہوتی رہے گی۔ ابن سعود کو خاموش رکھنے کی امید کی جاتی ہے۔ (زمیندار صفحہ اول بابت ۱۲ فروری ۱۹۲۲ء)

ابن سعود نجدی اور اس کی حکومت کی ''اسلام پرستی'' اور ''نصاریٰ کشی'' کا یہ اجمالی نقشہ ہے جسے وہی اخبار شائع کر چکا ہے جو آج ''نجدیت نوازی'' کے علمبرداروں میں چوٹی کا ''مجاہد'' سمجھا جاتا ہے۔

صاحبو! آپ نے دیکھ لیا کہ نجدی باغی کس طرح مخالفین اسلام سے مل کر ترکوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دینے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔

دشمن کے دوست، دوست کے دشمن ہیں بے سبب
دیکھو وہابیوں کی یہ عادت عجیب ہے

وہابیوں کی صلیبی لڑائیاں

زمیندار کی شہادت

اوپر جو اقتباسات میں درج چکا ہوں۔ وہ میں نے خود ''زمیندار'' کے پرچوں سے نقل کئے ہیں۔ ذیل میں معزز روزنامہ ''سیاست'' لاہور کے حوالہ سے ''زمیندار'' کی رائے جو اس نے ہڑبونگ سے پہلے ظاہر کی تھی درج کرتا ہوں۔

''جناب مفتی حمایت اللہ صاحب سیکرٹری انجمن معین الاسلام لاہور نے ۸ جون ۱۹۲۰ء کا زمیندار پڑھ کر سنایا جس میں وہابیوں کو مفتری لکھا گیا ہے اور وہابیت کے لفظ کو بغاوت اور کذب و بہتان کا مترادف ظاہر کیا گیا تھا اور لکھا تھا کہ ابن سعود انگریزوں کا وظیفہ خوار ہے اور اسلام کی نہیں بلکہ صلیب کی لڑائیاں لڑتا ہے''۔

(''سیاست'' بابت ۱۹ ستمبر ۱۹۲۵ء)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

برطانیہ کا پٹھو ابن سعود

مسٹر محمد علی صاحب کا فتویٰ

مشہور لیڈر جناب مسٹر محمد علی صاحب ایڈیٹر ہمدرد ”کامریڈ“ نے (جو آج کل ابن سعود کے خاص نعت خوانوں میں داخل ہیں) اس تقریر میں جو آپ نے خلافت کانفرنس کراچی میں فرمائی تھی۔ ابن سعود کے متعلق فرمایا کہ:

اگر کسی وقت شریف مکہ امیر فیصل برطانیہ کے برخلاف ہو جائیں تو بنظر حفظ ماتقدم ایک دوسرے پٹھو کو بھی تیار کر لیا ہے اور وہ ابن سعود ہے جسے ساٹھ ہزار پونڈ (۹ لاکھ روپیہ) سالانہ.......... دیئے جاتے ہیں تاکہ بوقت ضرورت اس کو شریف کی جگہ بٹھا دیا جائے“۔

(تقاریر مسٹر محمد علی صاحب مطبوعہ غنی المطابع دہلی حصہ دوم ٦٧)

غرض جو لوگ آج ابن سعود کو ”فرشتہ رحمت“ ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں وہی کچھ عرصہ پہلے اس کو غدار برطانیہ کا پٹھو اور نصاریٰ پرست وغیرہ خطابات دے چکے ہیں۔ اب مجھ پر تو کسی صاحب کو ناراض نہ ہونا چاہئے۔ ناراض ہونے والے صاحبوں کو چاہئے کہ وہ اپنی قلم اور اپنی زبان کو مارے غصہ کے کاٹ کھائیں۔ جس سے قبل از وقت ”شریفی پروپیگنڈہ“ ہو چکا ہے اور اب وہ اپنے اس بھرم کی کوئی صفائی نہیں پیش کر سکتے۔

دل کی نہیں تقصیر مکنند آنکھیں ہیں ظالم
یہ جا کے نہ لائیں وہ گرفتار نہ ہوتا!

نجدیوں کی مذہبی کہانی ان کی اپنی زبانی

مدعی! لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

نجدیوں کے باطل اور فاسد عقائد اس قدر واضح ہیں کہ بڑے بڑے اکابر علماء و محدثین ان کی تردید میں کتابیں تحریر فرما چکے ہیں۔ خود شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے حقیقی بھائی شیخ سلیمان بن عبدالوہاب اپنے گمراہ بھائی کی تردید کرنے پر مجبور ہو گئے تھے، لیکن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آج تک نجدیوں کے ہندوستانی چیلے یہی کہتے رہے کہ جن عقائد کو نجدیوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے وہ ان سے بری الذمہ ہیں مگر باطل پر کب تک پردہ رہ سکتا ہے قدرت نے خود نجدیوں کے ہاتھوں اس کو چاک کرا دیا۔

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کر رہ گئے
نجدی کو دل نہ دینے پر کتنا غرور تھا

عبدالعزیز ابن سعود موجودہ امیر نجد نے مکہ معظمہ پر قابض ہونے کے بعد اپنے مخصوص عقائد کے پراپیگنڈا کے سلسلے میں کتاب ''مجموعۃ التوحید'' کو شائع کر کے گزشتہ حج کے موقع پر مفت تقسیم کیا۔ اس مجموعہ میں مختلف رسائل ہیں جن کے نام بھی مختلف ہیں، مگر صفحات کا نمبر مسلسل ہے یہ کل مجموعہ ۴۰۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ میں اس کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کر سکا۔ کیونکہ میں نے یہ کتاب ایک صاحب سے عاریۃً لی تھی اس لئے کافی وقت تک میرے پاس نہ رہ سکی۔ تاہم متفرق مقامات کے مطالعہ کے بعد چند عبارات مل گئیں جن سے نجدیوں کے عقائد کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ ایک اور مستقل رسالہ ''الہدیۃ السنیہ'' کے نام سے ابن سعود کے حکم سے شائع ہوا ہے، لیکن بخوف تطویل نمونہ کے طور پر صرف مجموعہ مذکورہ کی چند عبارتیں مع ترجمہ ذیل میں نقل کرتا ہوں۔

نبی کریم سے توسل ناجائز

فلوجازان یتوسل عمرو اصحابة بذات النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعد وفاتہ لماصلح منھم ان یعد لواعن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم الی العباس علم ان التوسل بالنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعد وفاتہ لایجوز

(ترجمہ) پس اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور صحابہ کا نبی کریم ﷺ کی ذات سے آپ کے انتقال کے بعد توسل کرنا جائز ہوتا تو وہ حضرت محمد ﷺ کو چھوڑ کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ نہ ہوتے اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کو آپ کی وفات کے

بعد وسیلہ بنانا جائز نہیں۔ (مجموعۃ التوحید مطبوعہ ام القری مکہ معظّمہ ص ۲۱۷،۲۲ ۱۳۲۲ھ)

اسألک بانبیائک کہنا بھی مکروہ

ویکرہ ان یدعوا اللّٰہ الا بہ فلا یقول اسئلک بفلان اوبملائکتک اوبانبیائک و نحو ذلک

(خلاصہ) خدا کو کسی کا واسطہ دے کر پکارنا مکروہ ہے پس یوں نہ کہے کہ اے خدا میں فلاں یا تیرے فرشتوں یا تیرے نبیوں کی طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں۔'' (یہ عقیدہ جمہور اہل سنت کے خلاف ہے) (حوالہ مذکورہ)

نبی کریم سے طلب شفاعت حرام

فطلب الشفاعة من النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم او غیرہ بعد وفاتہ و بعدہ عن الداعی لایحبہ اللّٰہ تعالیٰ ولا یرضاہ

(ترجمہ) پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے غیر سے شفاعت طلب کرنا ان کی وفات کے بعد اور آپ کے دور ہونے کے وقت دعا کرنے والے سے اس کو اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے۔ (مجموعۃ التوحید صفحہ ۲۲۳)

نجدی نے جس حدیث کو آڑ بنایا ہے اس کا وہ مطلب ہی نہیں سمجھے اور اس طرح ان صحیح احادیث کو پس پشت ڈال دیا۔ جن سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک سے آپ کی انتقال کے بعد توسل جائز ثابت ہوتا ہے۔

کفری ٹکسال کے نئے نئے سکے

وہابیوں کے بنائے ہوئے ''کافروں'' کی مختصر فہرست

نجدی طائفہ مسلمانوں کو کافر بنانے کا جس قدر شوق رکھتا ہے وہ تمام کافر گروں کے جذبات تکفیر سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ ان کے مخترعہ عقائد کی کسوٹی پر نہ صرف بریلوی، نہ صرف دیوبندی، نہ صرف فرنگی محلی، بلکہ ہمارے ہاں کے غیر مقلدین، کارکنان خلافت اور

حامیان نجدیہ بھی مسلمان ثابت نہیں ہو سکتے، بلکہ میں عرض کرتا ہوں کہ خود نجدی طائفہ بھی اپنے عقائد کی بناء پر کافر ہو جاتا ہے میں ان کے ایسے عقائد کی نہایت مختصر فہرست ہدیہ قارئین کرتا ہوں۔:

(۱) کافروں سے مدارات کرنے والا کافر (۲) کافروں کے کہنے پر عمل کرنے والا کافر (۳) کافروں کو امرائے اسلام کے پاس لے جانے والا ان کو ہم مجلس بنانے والا کافر (۴) کافروں سے کسی امر میں مشورہ کرنے والا کافر (۵) مسلمانوں کے امور میں سے کسی ایک مسئلہ امارت (وخلافت) وغیرہ میں کافروں سے کام لینے والا کافر (۶) کافروں کے پاس بیٹھنے اوران کے ہاں جانے والا کافر (۷) کافروں سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنے والا کافر (۸) کافروں کا اکرام کرنے والا کافر (۹) کافروں سے امن طلب کرنے والا کافر (۱۰) کافروں کی خیر خواہی ...... کرنے والا کافر (۱۱) کافروں سے مصاحبت و معاشرت رکھنے والا کافر (۱۲) کافروں کو سردار کہنے والا کافر (۱۳) علم طب جاننے والے کو "حکیم" کہنے والا کافر (۱۴) کافروں کے ملک میں ان کے ساتھ رہنے والا کافر: یہ مختصر فہرست ہے ان لوگوں کی جو نجدیوں کے نزدیک کافر ہیں۔ یہ فہرست کتاب مذکور کے صفحہ ۸۶، ۸۷ سے نقل کی گئی ہے۔ بنظر اختصار اصل عبارتیں نہیں لکھی گئیں۔ اصل کتاب دیکھ کر ہر شخص تشفی کرسکتا ہے۔

میں ان کے مذکورہ مسائل پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا۔ خدا نے جس شخص کو تھوڑی سی عقل بھی عطا فرمائی ہے وہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ نجدی اپنے خیالات و مذہب پر قائم رہ کر ہم مسلمانوں کو کسی طرح بھی مسلمان نہیں سمجھ سکتے اور واقعات اس کی تائید کرتے ہیں کہ وہ تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک جانتے ہیں، چنانچہ طائف شریف میں ان لوگوں نے سینکڑوں بے گناہ مسلمانوں کو کافر اور مشرک سمجھ کر شہید کیا، جیسا کہ علمائے دیوبند بھی اس کی تصدیق فرما چکے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہاتھی کے دانت

میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو نجدیوں کا اس قدر تشدد کہ کافروں سے ہر قسم کا مشورہ کرنا اوران سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنا بھی کفراور دوسری جانب ان کا یہ طرزِ عمل کہ انگریزوں سے رشوت لے کر ترکوں پر حملے کیے، ان کی ناکہ بندی کی خلیفہ اسلام سے بغاوت وغداری کرتے رہے۔ برطانیہ کے دوست بنے رہے اور حال ہی میں خبر آئی ہے جو ''زمیندار'' وغیرہ میں بھی شائع ہو چکی ہے کہ جدہ میں عنقریب ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے، جس میں نمائندگان حجاز ونجد و برطانیہ جمع ہوں گے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جب ہر امر میں کافروں سے مشورہ طلب کرنا کفر ہے تو مسئلہ حجاز ایسے مذہبی معاملہ میں برطانیہ کی شرکت کو منظور کر لینا کہاں کا اسلام ہے؟

اے قاسمی وہ دھوم تھی نجدی کے ''زہد'' کی　　میں کیا کہوں کہ رات مجھے کس کے گھر ملے

نجدی توحید کی کرشمہ سازیاں

امام رازی ودیگر اکابر امت کی تکفیر

وهذا الايمنع كو نه جاهلا بالتوحيد كما جهله من هوا علم و اقدم منه ممن له تصانيف فى المعقول كالفخ الرازى وابى معشر البلخى و نحوهما ممن غلط فى التوحيد

(ترجمہ) اور یہ خالد ازہری شارح ''توضیح'' کے توحید سے جاہل ہونے کو مانع نہیں۔ جیسے کہ وہ لوگ بھی توحید سے جاہل تھے جو خالد ازہری کی نسبت زیادہ علم والے تھے اور معقول میں ان کی تصانیف ہیں۔ مثلاً فخر رازی اور ابو معشر بلخی وغیرہ جنہوں نے توحید کے مسئلے میں غلطیاں کیں۔ (مجموعۃ التوحید صفحہ ۲۳۰)

اسی کتاب کے صفحہ ۱۹۰ میں لکھا ہے کہ'' الرجل لایکون مسلماً الااذا عرف التوحید ''یعنی کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک توحید کا عارف نہیں، مطلب یہ کہ اگر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

توحید سے جاہل ہوگا، تو کافر ہے اور یہاں چونکہ امام رازی وغیرہ کو توحید سے جاہل کہا گیا ہے اس لئے لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ وہ نجدیوں کے نزدیک معاذ اللہ کافر ہیں (قاسمی عفا اللہ عنہ)

مصنف قصیدہ بردہ شریف پر کفر کا فتویٰ

و قد حاول هذا الجاهل المعترض صرف ابيات البردة عما هو صريح فيها نص فيما دلت عليه من الشرک فی الربوبية والالوهية ومشاركة الله فی علمه و ملكه و هی لاتحتمل ان تصرف عما هی فيه من ذلكب الشرک و الغلو

(ترجمہ) یہ جاہل معترض قصیدہ بردۃ کے ابیات کو ان کے صحیح مفہوم سے پھیرنا چاہتا ہے۔ ان ابیات میں وہ مضامین مصرح ہیں جو شرک فی الربوبیہ شرک فی الالوہیۃ اور اللہ کے علم اور اس کے ملک میں مشارکت پر دلالت کرتے ہیں اور ان میں شرک اور غلو اس درجہ کا ہے کہ اس کے خلاف معنی مراد لئے جانے کا احتمال بھی نہیں۔ (حوالہ مذکورہ)

قارئین کرام! دیکھئے امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ ایسے ستون اسلام اور دوسرے بزرگوں کو کس طرح صاف الفاظ میں ''توحید سے جاہل'' قرار دے کر نجدیوں نے اپنی خباثت کا ثبوت دیا اور کس طرح قصیدہ بردہ شریف کو شرک کہہ کر اس کے بزرگ مصنف اور اس کے پڑھنے والوں کو جن میں ہزاروں علماء و صلحاء بھی داخل ہیں مشرک بنا کر کفر پروری کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد　　میلش اندر طعنہ پاکاں برد

ان عبارات کو پڑھ کر شیخ الاسلام علامہ زینی دحلان محدث شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کی پوری تصدیق ہو جاتی ہے کہ نجدی چھٹی صدی کے بعد کے تمام مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہیں:

کانوں سے سنا کرتے تھے جادو بھی ہے اک شے
آنکھوں سے تری نرگس فتاں نے دکھا دیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجد میں نئی شریعت

اس مجموعہ کے صفحہ ۱۹۰، ۱۹۱ میں نجدیوں نے سوال و جواب کے طرز پر اپنا ایک عقیدہ لکھا ہے جو ان کے بدترین اور خطرناک تشددات میں سے ایک ہے۔ اختصار کو ملحوظ رکھ کر اس کا صرف ترجمہ درج کرتا ہوں۔ اصل مقصد کے بیان کرنے میں اگر میری کوئی خیانت ثابت کردے گا تو میں اعلانیہ اس اپنی خیانت کے اعتراف کا وعدہ کرتا ہوں۔ اس کا بامحاورہ ترجمہ یہ ہے:

اس شخص کے حق میں آپ کا کیا فتویٰ ہے جو اسلام میں داخل ہوا اور اس سے محبت کرتا ہے لیکن مشرکوں سے عداوت نہیں کرتا یا عداوت کرتا ہے لیکن ان کو کافر نہیں کہتا یا اس نے کہا کہ میں مسلمان ہوں مگر لا الہ الا اللہ کہنے والوں کو میں کافر نہیں کہہ سکتا۔ اگر وہ اس کے معنی نہ سمجھتے ہوں اور اس شخص کے متعلق آپ کیا فتویٰ دیتے ہیں جو اسلام میں داخل ہوا اور اسلام سے محبت کرتا ہے لیکن وہ یہ کہتا ہے کہ میں قبوں کو نہیں گراتا، حالانکہ میں جانتا ہوں کہ قبے نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان مگر میں اس سے تعرض نہیں کرتا۔ (یعنی ان کو نہیں گراتا)

پس ان سوالات کا جواب یہ ہے کہ کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا، جب تک وہ توحید کو نہ سمجھے اور اس کے موجبات پر عمل نہ کرے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق نہ کرے۔ ان امور میں جن کی آپ نے خبر دی اور جس کام سے آپ نے منع فرمایا اس سے رک نہ جائے اور جس کا کے کرنے کا آپ نے حکم فرمایا وہ نہ کرے اور آپ پر اور آپ کے لائے ہوئے احکام پر ایمان نہ لائے پس جس شخص نے کہا کہ میں مشرکوں سے عداوت نہیں کرتا یا وہ ان سے عداوت کرتا ہے مگر ان کی تکفیر نہیں کرتا یا اس نے کہا کہ میں لا الہ الا اللہ کہنے والوں سے تعرض نہیں کرتا اگرچہ وہ کفر و شرک کا ارتکاب کرتے ہوں اور دین الٰہی سے عداوت رکھتے ہوں یا اس نے کہا کہ میں قبوں سے تعرض نہیں کرتا (یعنی ان کو نہیں گراتا) تو ایسا شخص مسلمان نہیں۔ بلکہ یہ ان لوگوں میں سے ہے جن کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾

اور کہتے ہیں ہم کسی پر ایمان لائے اور کسی کے منکر ہوئے اور چاہتے ہیں کہ ایمان اور کفر کے بیچ میں کوئی راہ نکال لیں۔ یہی ہیں ٹھیک کافر اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ (النساء)

ایک غور طلب نکتہ

نجدی مفتی اس عبارت میں صاف لکھتا ہے کہ اگر کوئی شخص اسلام میں داخل ہو کر اسلام سے محبت کرتا ہو اور اس کا یہ بھی اعتقاد ہو کہ قبے نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان، لیکن وہ ان کو نہیں گراتا تو فقط اس ''جرم'' کے باعث قطعاً و یقیناً کافر ہے۔ اس کے ساتھ اس حقیقت کو پیش نظر رکھا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزار اقدس پر جو گنبد خضراء ہے وہ بھی دوسرے بزرگوں کے مزارات کے قبوں کی طرح ایک قبہ ہے۔ اب دو صورتیں ہیں یا تو (خاک بدہن اعداء) اس کو گرا دیا جائے گا۔ اس صورت میں ابن سعود کے وعدوں کی مٹی پلید ہو جائے گی اور یا وہ اس کو نہیں گرائے گا لیکن اس صورت میں طائفہ نجدیہ اپنے قول کے مطابق قطعاً کافر اور یقیناً جہنمی ہوگا۔

دوگونہ رنج و عذاب است جان مجنوں را
بلائے صحبت لیلا و فرقت لیلےٰ

خاتمہ سخن

میں نے یہاں تک نجدی جماعت کی سیاسی و مذہبی حالت پر ایک اجمالی بحث کی ہے۔ اہل اسلام خود اندازہ لگالیں کہ ایسی خطرناک جماعت کا مرکز اسلام پر تسلط مقاصد اسلامیہ کے لئے کس حد تک مفید ہو سکتا ہے۔ باقی رہ گئی یہ بات کہ انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ ہم خاندان شریف کو حجاز سے نکال کر اس کا انتظام مسلمانان عالم کے سپرد کر دیں گے۔ سو ظاہر ہے کہ ایک ملک پر قابض ہو جانے کے بعد کون اس کو چھوڑ سکتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہم کو معلوم ہے وعدہ کی حقیقت لیکن
دل کے خوش کرنے کو بیشک یہ خیال اچھا ہے

نجدیت کا پول

اس نام کا ایک چھوٹا سا رسالہ جناب مولوی محمد بہاؤالحق قاسمی امرتسری نے تالیف فرمایا ہے جو رسالہ حنفی کے ساتھ شائع ہوا ہے اور اس کی علیحدہ کاپیاں بھی تعداد کثیر میں چھاپ لی گئی ہیں۔ تا کہ وہ لوگ جنہیں رسالہ حنفی کے ملاحظہ کا اتفاق نہیں ہوتا، مطالعہ فرما سکیں۔

اس رسالہ میں دو عنوان ہیں۔ ایک سیاسی دوسرا مذہبی۔ سیاسی عنوان جس قدر لکھا گیا ہے۔ وہ ''زمیندار'' کے ۱۹۲۲ء کے فائل سے لیا گیا ہے اور اس کے متعلق جس قدر کہانی ضبط تحریر میں آئی ہے وہ ''زمیندار'' کی زبانی ہے اور مذہبی عنوان کے نیچے خود قرن الشیطان ابن سعود مردود کی شائع کردہ کتاب مجموعۃ التوحید سے اقتباسات لئے گئے ہیں۔ جو نجدی ملعون مذکور نے مطبع ام القریٰ مکہ معظمہ میں چھپوا کر مفت تقسیم کی ہے اس کتاب یا مجموعہ میں قرن الشیطان اول محمد بن عبدالوہاب اور اس ذریت کے تصنیف کردہ چند رسائے ہیں۔

ہندوستان کے شیطانی اخبارات متعدد مضامین میں نجدی ملعون کے اعتقادات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر چکے ہیں اور ہر زبان کی مستند تاریخوں کو عموماً اور علامہ سید احمد زینی دحلان جیسے محقق وقائع نگار اور شیخ سلیمان نجدی اور محمد بن عبدالوہاب کو خصوصاً جھٹلانے کی ناکام سعی ہو چکی ہے۔ مگر ان کو کیا معلوم تھا کہ ضرور انہیں کا آقا اور ولی نعمت قرن الشیطان ثانی ان کی ساری کوششوں پر ایک دم پانی پھیر دے گا اور خود ایک کتاب کے ذریعے سے اپنے ہندوستانی چیلوں، ایجنٹوں اور دلالوں کا منہ کالا کر دے گا۔

پہلے عنوان کے مطالعہ سے ناظر کتاب ان نتائج پر پہنچتا ہے کہ

(۱) خاندان شیخ نجدی لعنۃ اللہ علیہ اپنے خروج کے زمانے سے اب تک سلطنت عثمانیہ کا باغی رہا۔ برسر پرخاش رہا۔ حتیٰ کہ ۱۹۱۲ء میں جنگ عظیم کے شروع ہونے سے پہلے وہ امداد کپتان شکسپیئر انگریزی افسر ترکوں کو شکست دے چکا تھا اور الحصا ترکوں سے چھین کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اپنے قبضے میں کر چکا تھا، مگر دفعتہً کپتان شکسپیئر کے مارے جانے سے نجدیوں کی فتح مبدل بہ شکست ہوگئی۔

(۲) موجودہ قرن الشیطان ملعون جیسے ابن سعود علاوہ ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ وظیفہ کے اشرفیوں کی تھیلیاں بطور رشوت صرف اس غرض سے لے کر چکا ہے کہ ترکوں کے مفاد کو نقصان پہنچے۔

(۳) پہلے یہ خاندان اپنے جدید مذہب کو تلوار کے زور سے پھیلاتا تھا، مگر موجودہ قرن الشیطان نے محبت سے اپنے مبلغین کے ذریعہ سے اشاعت کی اور کامیابی حاصل کی۔

پہلے دو امور کے متعلق تو ہمیں کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان امور کو پہلے بھی قارئین کرام اسی اخبار الفقیہ میں ملاحظہ فرما چکے ہیں، مگر شیطانی اخبارات نے مسلمانوں سے ان امور کو مخفی رکھنے کی کوشش کی اور ان کا ذکر تک اخبارات میں نہ کیا۔ شیطانی ایجنٹ جانتے تھے کہ اگر ان کے اخباروں کے مطالعہ کرنے والے ان حقیقتوں سے واقف ہو گئے اور اصل معاملہ ان کے سامنے کھل گیا تو شیطانی پراپیگنڈہ کو شکست ہو جائے گی اور تار و پود بکھر کر رہ جائے اور شیطانی ایجنٹوں کے تنور شکم کے لئے ایندھن کا مہیا ہو جانا بے حد دشوار ہو جائے گا۔ اگر یہ لوگ شیطانی ایجنٹ و دلال نہ ہوتے اور غیر جانبدارانہ حیثیت رکھتے تو تمام حقیقتوں کی چہرہ کشائی ان کا فرض منصبی ہوتا، مگر ان کی سنہری و روپہلی مصلحتوں نے انہیں دیانتداری سے روکا اور یہ لوگ اگرچہ ظاہر خاموش تھے، مگر زبان حال سے پکار کر کہتے تھے۔

اے دیانت بر تو لعنت از تو رنجے یافتم
وے خیانت بر تو رحمت از تو گنجے یافتم

تاہم ہمیں لاہور کے شیطانی اخبار عرف ''زمیندار'' سے یہ پوچھنے کا حق حاصل ہے کہ جب ۱۹۲۲ء کے ماہ فروری تک تم اس اپنے آقا اور ولی نعمت ملعون شیطان نجد کو بے ایمان باغی مسلمانوں کا دشمن اسلام کا بدخواہ سلطنت برطانیہ کا پٹھو سمجھتے تھے آج کون سی منطق کی بناء پر وہ شیطان غازی اور سلطان اور اس کا بے رحم لشکر مجاہدین اسلام بن گئے اور پھر اسی

شیطان کا جو صدیوں سے دشمن اسلام رہ چکا ہے نو سال کے باغی پر کس دلیل شرعی سے ترجیح ہو سکتی ہے۔

امر سوئم کے متعلق ہم اپنے قارئین کرام کی توجہ شیطانی پروپیگنڈہ کے اس جزو کی طرف منعطف کراتے ہیں، جس میں بیان کیا جاتا ہے کہ شیطانی گروہ حنبلی مذہب کا پیرو ہے اور ہم شیطانی گروہ سے جو ان کو حنبلی بنا رہا ہے پوچھتے ہیں کہ حنبلی تو اس علاقہ کے لوگ ہمیشہ سے چلے آتے ہیں مگر وہ کون سا جدید مذہب ہے جس کی اشاعت شیطانی گروہ پہلے تلوار سے کر رہا تھا بعد میں محبت و خوات کے ذریعے سے۔ اس کا جواب یہ تو نہیں ہو سکتا کہ حنبلی مذہب کی اشاعت تھی کیونکہ سارا نجد اور اس کے قرب و جوار کا علاقہ محمد بن عبدالوہاب ملعون قرن الشیطان اول کے پیدا ہونے سے مدتوں پہلے حنبلی تھا۔ ''زمیندار'' ہم پر ۱۹۲۲ء میں یہ ظاہر کر چکا ہے کہ وہ اپنے نئے مذہب کی اشاعت کرتا تھا۔ اس سے ثابت ہوا کہ شیطانی ایجنٹوں کا یہ بیان کہ وہ حنبلی مذہب رکھتے ہیں، بالکل غلط کذب بیانی اور عامہ مسلمین کو دھوکا دینے کی غرض سے ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ رسالہ شیطانی جماعت کی روسیاہی کے لئے کافی ذریعہ ہے اور جو حضرات اسے غائر نظر سے ملاحظہ فرمائیں گے وہ ضرور اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ شیطانی جماعت اپنے روحانی مورث اعلیٰ شیخ نجدی اور موجودہ قرن الشیطان کی حمایت اور شیطانی پروپیگنڈہ کی اشاعت کے لئے ہر قسم کی بے ایمانی دروغ بافی، کذب بیانی روا رکھتی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

باب 6

مرکزی خلافت کمیٹی کی رپورٹ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مرکزی خلافت کمیٹی کی رپورٹ کی تلخیص

جس وقت نجدیوں کی فوجیں حجاز میں تہلکہ مچا رہی تھیں۔ مقدس مزارات منہدم کئے جا رہے تھے۔ اس وقت تمام عالم اسلام کے مسلمانوں میں عموماً اور ہندوستان کے مسلمانوں میں خصوصاً اضطراب اور بے چینی کی لہر دوڑ رہی تھی۔ چنانچہ اس کے تدارک کے لئے مرکزی خلافت کمیٹی مقرر کی گئی۔ اس کمیٹی کی کارکردگی کے بارے میں رئیس الاحرار مولانا محمد علی مرحوم نے مقالات لکھے جن کو رئیس احمد جعفری نے ترتیب دیا اور ادارہ اشاعت اردو حیدر آباد دکن نے ۱۹۴۴ء میں شائع کیا۔

مقامات مقدسہ کے احترام کا وعدہ

سلطان نجد کا تار مرکزی خلافت کمیٹی کے نام

بحرین ۱۰ اکتوبر کو حسب ذیل تار پرائیویٹ سیکرٹری سلطان نجد بحرین سے موصول ہوا۔ اعلیٰ حضرت نے مجھے ہدایت کی کہ میں آپ کے تار کے جواب میں آپ کو اس کا یقین دلا دوں کہ مقامات مقدسہ کا پورا احترام کیا جائے گا اور جملہ مراسم جاری رکھے جائیں گے اور اس میں کسی قسم کا فرق نہ آئے گا۔ ہم نے حجاز میں محض اس لئے دست اندازی کی ہے کہ اسلامی مقامات اور حرمین شریفین کو غیر مسلم مداخلت سے محفوظ رکھ کر مذہبی عبادت میں سہولت بہم پہنچائی جائے اور حجاج کو آرام دے کر تمام دنیاء اسلام کے اطمینان کا باعث بنیں...... پرائیویٹ سیکرٹری سلطان نجد (1)

مولانا شوکت علی صاحب کا تار، سلطان نجد کے نام

صحابہ کرام کے مزارات کی بے حرمتی کے متعلق پریشان کن افواہیں مشہور ہو رہی ہیں مہربانی کر کے صحیح حالات کی اطلاع دیجئے۔ (شوکت علی)

1۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی ص ۲۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

سلطان نجد کا جواب مولانا شوکت علی صاحب کے نام

''اسلامی مزارات ہمارے لئے قابل احترام ہیں''

اسلامی مزارات اور خصوصاً صحابہ کے مزارات ہمارے لئے بہت زیادہ قابل احترام ہیں۔ آپ اطمینان رکھیے ہماری فوجیں مقدس قوانین کی خلاف ورزی نہیں کریں گی۔

عبدالعزیز سلطان نجد (1)

جو وفد امیر علی اور سلطان ابن سعود کے پاس جدہ گیا تھا۔ اس کی رپورٹ شائع ہو چکی ہے۔ روانگی کے وقت وفد کو حسب ذیل ہدایات دی گئیں۔

نقل، ہدایت وفد حجاز زیر سرکردگی سید سلیمان صاحب ندوی

1- مسلمانان ہند چاہتے ہیں کہ حجاز میں شرع اسلامی کے اصولوں پر جمہوری حکومت قائم کی جائے جس میں حجاز کی اندرونی آزادی کو پورے طور پر قائم رکھتے ہوئے تمام وہ مسائل جو حجاز کی اسلامی مرکزی حیثیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ مسلمانان عالم کی مرضی و مشورہ سے طے ہونے چاہئیں۔

2- مندرجہ بالا جمہوریت کی کشمکش کے لئے ایک ایسی اسلامی مؤتمر کا انعقاد کیا جائے جس میں تمام اسلامی حکومتوں کے نمائندہ شامل ہوں (2)۔

(اسی قسم کی سات اور ہدایات کا بھی تذکرہ کیا گیا ہے۔ قادری)

رپورٹر نے بیت المقدس کے حوالہ سے ۲۲ اگست ۱۹۲۵ء کو لندن سے ایک تار بھیجا، جس نے قدرۃً ہر ایک مسلمان کے قلب کو سخت صدمہ پہنچایا اور دوسرے ممالک کے مسلمانوں کی طرح ہندوستان کے مسلمانوں میں بھی ایک ہیجان پیدا کر دیا، تار کے الفاظ یہ تھے۔ لندن ۲۲ اگست بیت المقدس۔

موثق اطلاع ملی ہے کہ وہابیوں نے مدینہ پر حملہ شروع کر دیا ہے۔ دو دن ہوئے کہ گولہ باری بھی ہوئی ہے، جس سے بہت نقصان ہوا ہے۔ مسجد نبوی کے قبہ کو جس میں رسول اللہ کی

1- مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۳۸ 2- مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۴۳، ۴۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قبر ہے، صدمہ پہنچا ہے اور سیدنا حمزہ (رسول اللہ کے چچا) کی مسجد شہید کر دی گئی ہے۔

تازہ ترین اطلاع یہ موصول ہوئی ہے کہ قبر مبارک پر گولیوں کے نشانات ہیں۔ گزشتہ صدی کے محرکات اور ان عقائد کی بناء پر جو عام طور پر اہل نجد سے منسوب کئے جاتے تھے، ان کو اہل نجد کے خلاف اس قدر غلو تھا کہ وہ واقعہ دریافت کرنے کے لیے تحقیقات کو بھی قطعاً غیر ضروری سمجھتے تھے، برعکس ان کے خلافت کمیٹی ان اطلاعات کی بناء پر جو بعد میں موصول ہوئیں۔ مزید تحقیقات کو ضروری سمجھتی تھی۔ نیز مدینہ منورہ کے مقابر و مآثر کو ہر قسم کے صدمہ سے محفوظ رکھنے کے لیے کسی احتیاط کو نظر انداز نہیں کرنا چاہتی تھی، دوسری طرف جوں جوں جنگ ختم ہونے کے قریب پہنچتی جاتی تھی، حجاز میں جمہوریت کے قیام اور مؤتمر کے انعقاد سے مسائل زیادہ اہمیت اختیار کرتے جاتے تھے۔ ان تمام پہلوؤں پر غور کرتے ہوئے کمیٹی نے فیصلہ دیا کہ حسب ذیل اصحاب کا ایک وفد بسر کردگی۔ مولانا سید سلیمان ندوی حجاز بھیجا جائے(1)۔

1- سید سلیمان ندوی (رئیس وفد) 2- مولانا محمد عرفان 3- مولانا ظفر علی خان

4- سید خورشید حسین 5- مولانا عبدالماجد صاحب، بدایونی

بدقسمتی سے سید سلیمان ندوی صاحب رئیس الوفد، مولانا عبدالماجد صاحب بدایونی اور سید خورشید حسن ہمراہ نہ جا سکے(2)۔

"وفد نے کیا کیا"

وفد ۱۸ نومبر کو رابغ پہنچا۔ سلطان ابن سعود اور حجاز اور نجد کے مختلف حلقے کے اشخاص اور صاحب الرائے لوگوں سے ملا اور مکہ، مدینہ، جدہ اور ان بلاد کے درمیان کے علاقے کے حالات بچشم خود دیکھنے کے بعد ان وجوہات کی بناء پر جن کا ذکر وفد کی رپورٹ میں ہے۔ ۲۶ جنوری ۱۹۲۵ء کو جدہ سے روانہ ہو کر ۹ فروری کو واپس ممبئی میں آ گیا۔ وفد کے ذمہ تین کام تھے۔

1۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۶۳ ۔ ۶۲

2۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۶۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ا۔ مقابر و مشاہد کے باب میں حسب مسلک مجلس سعی و اہتمام

۲۔ مستقبل حجاز کے متعلق خلافت کمیٹی ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو جس مسلک کا اعلان کر چکی ہے۔ اس کے واسطے مقبولیت عامہ حاصل کرنے کی سعی اور کوشش۔

۳۔ مؤتمر اسلام کے طلب اور انعقاد کے مہمات پر گفتگو کرنا۔ اس کے ساتھ ساتھ مدینہ منورہ میں روضہ اطہر کے گنبد مبارک اور مسجد سیدنا حمزہ وغیرہ کے متعلق جو اطلاعات آئی تھیں۔ ان کے متعلق تحقیقات۔

اول کے متعلق سلطان ابن سعود کی طرف سے نہ صرف یہ اطمینان دلایا گیا کہ مدینہ منورہ کے مشاہد و مقابر ان صدمات سے محفوظ رہیں گے، جو مکہ معظمہ کے مشاہد و مقابر کو پہنچے تھے، بلکہ حافظ وہبہ نے ۲۶ نومبر ۱۹۲۵ء کو سرکاری طور پر آ کر وفد کو اطلاع دی کہ مسجد بوقبیس کی تعمیر ہو گئی ہے۔ مزار نبوی کی تعمیر کا کام دوسرے دن صبح سے شروع ہو جائے گا اور دیگر مقامات کے تحفظ کے متعلق احکامات صادر ہوں گے، جن پر وفد نے تمام ارکان کے دستخط لیے۔

۴ دسمبر ۱۹۲۵ء کو حسب تار بھیجا۔

۲۴ نومبر کو مکہ پہنچے اور سلطان سے ملاقات کی ۲۶ کو مدینہ جا رہے ہیں، جہاں سے واپسی پر تمام معاملات پر گفتگو ہو گی۔ مسجد بوقبیس کی تعمیر ہو گئی۔ مزار نبوی کی تعمیر ہو رہی ہے۔ دوسرے مشاہد، مقابر و مآثر کے تحفظ کے لئے وسائل اختیار کئے جا رہے ہیں، مدینہ کے متبرک مقامات کے بارے میں سلطان نے اپنے لڑکے کو جو وہاں کمانڈر ہیں۔ یہ حکم بھیجا ہے کہ ہماری ہدایت کے مطابق عمل کریں۔

سلطان نے ایک خط اپنے لڑکے امیر محمد کے متعلق بھی بھیجا کہ مدینہ میں فوجوں کے داخلہ کے وقت مقابر و مشاہد کا پورا اہتمام کیا جائے۔ ان کو کسی قسم کا صدمہ نہ پہنچے اور ان مقامات کے متعلق وفد خلافت کے مشورہ پر عمل کیا جائے۔ امیر محمد نے ان ہدایات کی پوری پابندی کی اور مدینہ منورہ کی مساجد، مآثر، مقابر اور قبوں وغیرہ کو ہر قسم کے صدمہ سے محفوظ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

رکھا، اور مسلمانوں کے اطمینان کے لئے حسب ذیل تار کے ذریعہ دنیاء اسلام کو اس کی اطلاع بھی خود اپنے نام سے دی۔

آپ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ مدینہ انتہائی امن و امان سے تسلیم ہو گیا۔ تمام مقامات مقدسہ محفوظ ہیں اور ان کا احترام کیا جاتا ہے۔

وفد خلافت نے جو اس وقت مدینہ میں مقیم تھا۔ مسلمانان عالم کے ان جذبات کا احترام کرنے کے لئے جو مدینہ منورہ کے مقابر و مشاہد سے وابستہ تھے، سلطان کا خاص طور پر شکریہ ادا کیا اور درخواست کی کہ جب تک دنیاء اسلام حجاز کے مستقبل کا آخری فیصلہ نہ کرے، حجاز سلطان کے ہاتھ بطور امانت رہے گا، سلطان اسی قابل تعریف اصول پر کار بند رہیں گے(1)۔

مدینہ جاتے ہوئے رابغ میں وفد کی قیادت دولت ایران کے قونصل معینہ شام، عین الملک، جو سرکاری حیثیت سے گنبد خضراء وغیرہ کے متعلق افواہوں کی تحقیق کے لئے آئے تھے نے کی۔ معلوم ہوا کہ سلطان ابن سعود نے سفیر ایران کے ذریعہ دولت ایران کو تحریری وعدہ دیا ہے کہ اگر مکہ معظمہ کے منہدم شدہ مقابر و مآثر کو کوئی تعمیر کرنا چاہے تو سلطان کی طرف سے کوئی مزاحمت نہ ہوگی۔ امسال حج میں اس بیان کی نہایت معتبر ذرائع سے مزید تصدیق ہوئی، اب اس خط کی عکس نقل حاصل کرنے کا انتظام کیا گیا ہے اور امید ہے کہ بہت جلد ہم تک پہنچ جائیں گی(2)۔

اقتباس از خط مولانا ظفر علی خان مورخہ یکم جنوری ۱۹۲٦ء جدہ

جمعیت مرکزیہ خلافت کی ہدایات اور کاغذات سے بھی جو ہمارے کام کی اساس ہیں اور جنہیں میں نے بنظر غائر دیکھا ہے، یہی واضح معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس خصوص میں، یعنی مسئلہ مابہ البحث میں عظمت السلطان، سے گفتگو کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ پٹنہ کی قرارداد اور متعلقہ وفد کے الفاظ حسب ذیل ہیں۔

1۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ٦٦ تا ٦٤ 2۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ٦٧

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حجاز کے مستقبل اور مجوزہ مؤتمر اسلامی کے مسئلوں پر غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت مرکزیہ خلافت کی طرف سے جلد از جلد ایک وفد حجاز بھیجا جائے جو زیادہ سے زیادہ چھ ارکان پر مشتمل ہو، تاکہ سلطان ابن سعود کے ساتھ مؤتمر اسلامی کے انعقاد اور اس انعقاد کے ابتدائی ضروری انتظامات کے متعلق استشارہ کرے۔ وفد کو اس بات کی بھی کوشش کرنی چاہئے کہ جمعیت مرکزیہ خلافت نے مستقبل حجاز کے متعلق پانچ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو جو حکمت عملی وضع کی تھی۔ اسے عالمگیر طور پر تسلیم کرالیا جائے۔ نیز حسب ضرورت جمعیت خلافت کے عام مسلک کی مطابقت میں۔ قبوں اور مقبروں کے تحفظ کی سعی کرنی چاہئے۔

اس کے بعد قرارداد میں یہ مضمون درج ہے کہ اگر ضرورت پڑے تو وفد تا قیام مؤتمر حجاز میں ٹھہر سکتا ہے۔ نیز یہ بتایا گیا ہے کہ جمعیت خلافت کے منصرم صدر (مولانا ابوالکلام آزاد) جمعیت کی قراردادوں اور مسلک کے مطابق ایک مفصل یادداشت مرتب کریں، جو رئیس وفد کے حوالہ کی جائے۔ اسی قرارداد کے خط کشیدہ الفاظ جمہوریت کے باب میں گفتگو کی اساس بن سکتے ہیں، لیکن عظمت السلطان کے ساتھ نہیں، بلکہ دنیائے اسلام کے وفود اور نمائندوں کے ساتھ۔

جمہوریت کے فوری قیام کی نسبت بھی میرے دل میں بعض شبہات بدستور باقی ہیں اور پھر میرے نزدیک مجلس خلافت اور مسلمانان ہند کی عزت و حرمت کا اقتضا یہ ہے کہ اس مسئلہ کو مزید استشارہ کے لئے ملتوی کر دیا جائے۔

اقتباس از جواب شعیب قریشی مورخہ ۲ جنوری ۱۹۲۶ء جدہ

رزولیوشن کے الفاظ نہ صرف ہم کو خلافت کمیٹی کے رزولیوشن کو (متعلق جمہوریت) پیش کرنے کی اجازت دیتے ہیں بلکہ حکم دیتے ہیں رزولیوشن تحکمانہ ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں۔ ''وفد کو چاہئے کہ قبولیت عام حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ وہ دفعہ جس میں مفصل عربی یادداشت مرتب کرنے کا ذکر ہے۔ رزولیوشن کے نہ مانع ہوسکتی ہے اور نہ ہے۔ خلافت کمیٹی کی پالیسی حجاز میں جمہوری حکومت کے متعلق کامل طور پر مسلمانوں کے مختلف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

الخیال طبقوں سے مشورہ اور مسئلہ کے ہر پہلو کو سوچنے کے بعد طے کی گئی تھی۔ بدیں وجہ اس میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ مرکزی خلافت کمیٹی کی پالیسی فرقہ وارانہ پالیسی نہیں اور چونکہ اس کی بنیاد اصول پر ہے۔ لہٰذا سقوط مدینہ ینبوع یا جدہ جیسے واقعات کا اس پر کچھ اثر نہیں ہوسکتا۔ اس میں کوئی تغیر نہیں ہوسکتا۔ خلافت کمیٹی مٹ جائے گی، لیکن اس پالیسی کو نہ چھوڑے گی''۔

سلطان ابن سعود کی ملوکیت کے اعلان کے دیگر اسباب جو کچھ بھی ہوں، مگر اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ مولانا ظفر علی صاحب کا قابل افسوس رویہ بھی اس کا بہت بڑا باعث ہوا۔ غرضیکہ ۸ جنوری ۱۹۲۶ء کو جب کہ وفد خلافت جدہ ہی میں موجود تھا۔ سلطان ابن سعود نے یہ غلط عذر پیش کر کے دنیائے اسلام نے دو مہینہ تک ان کی دعوت مؤتمر کا کوئی جواب نہیں دیا اور اہل حجاز نے ان کو بادشاہ حجاز ہونے پر مجبور کیا اپنی بادشاہت حجاز کا اعلان کردیا اور ان تمام عہدوں کی سہولت کا اعلان کردیا، جو انہوں نے ریاض سے نکلتے وقت اور مدینہ منورہ اور جدہ کے سقوط سے بیشتر مکہ میں بالتکرار و بالتصریح خلافت کمیٹی کو بالخصوص اور دنیائے اسلام کو بالعموم دیئے تھے۔ ان مزارات اور اس کے ساتھ اہل نجد کے فتنہ کے ڈر کی بے حقیقتی جس کا اضافہ سلطان نے ایک ہفتہ بعد کیا۔ کیا تیسرے وفد کی حجازی رپورٹ سے صاف ثابت ہے جس کا اقتباس ہم ذیل میں درج کرتے ہیں اور اپنے ذاتی تحقیقات اور مشاہدہ کے بعد ہم اس کی پوری تصدیق کرتے ہیں۔

اب رہا اعلان ملوکیت اور اہل حجاز کا سلطان کو اس پر مجبور کرنے کا مسئلہ تو ہم بکثرت اہل حجاز سے ملے، مکہ والوں سے ملے، اہل جدہ سے ملے، بدوؤں سے ملے، غرضیکہ ہر طبقہ کے لوگوں سے ملے اور ان کے خیالات دریافت کئے اور پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ نہ وہ خاندان شریف کی حکومت چاہتے ہیں۔ نہ سلطان ابن سعود کی اور صرف یہ کہنا ان پر اتہام ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ بیرون حجاز کے مسلمانوں کو جن کو سلطان نے ان کی زبان سے اغیار و اجانب کہا ہے۔ ہمارے سیاسی انتظام سے کوئی تعلق نہیں ہے، بلکہ ان کی دلی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خواہش ہے کہ دنیائے اسلام ان کے مسلک کے نظم و نسق میں حصہ لے۔ لیکن ہم نے محض اس پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ ان اشخاص سے جا کر ملے، جن کی نسبت بیان کیا جاتا تھا کہ اس تحریک میں پیش پیش تھے اور ان سب نے بیان کیا کہ ان کو اس واقعہ کا زیادہ سے زیادہ ایک شب پہلے علم ہوا اور یہ کہ وہ اس فعل پر خوف سے مجبور ہوئے کہا جاتا ہے کہ ینبوع، علی، تبوک میں بھی سب لوگوں نے برضا و رغبت اور بلا جبر و اکراہ ایسا کیا، بلکہ اوروں کے ساتھ مل کر سلطان کو مجبور کرنے میں حصہ لیا اور واقعہ یہ ہے کہ جمعرات کے دن، ان سب جگہ لاسلکی کے ذریعے ہدایات بھیجی گئیں کہ وہ جمعہ کے دن بعد نماز بیعت کریں اور خود مسٹر فلبر کو اس امر کا جمعرات ہی کے دن علم تھا حقیقت یہ ہے کہ سلطان کے دل میں بات پہلے ہی سے موجود تھی اور اگر اس کو مزید تقویت کی ضرورت تھی تو ان کے شاہی وزراء وغیرہ نے اس کو قوی کر دیا اور اس کی ابتداء انہوں نے اس اعلان سے کی جو بیعت سے قبل ام القریٰ میں انہوں نے شائع کیا۔ جس میں انہوں نے سوائے خلافت کمیٹی کے تمام دنیائے اسلام پر دو مہینے تک ان کی دعوت مؤتمر کا جواب نہ دینے کا الزام لگایا ہے، حالانکہ جیسا ہم لوگ اوپر لکھ چکے ہیں اول تو دعوت نامہ نامکمل تھی۔ دوسرے دو مہینے جواب آنے کے واسطے ہرگز کافی نہ تھے علاوہ برایں یہ وہ زمانہ تھا کہ جدال و قتال جاری تھا، خود جنگ کا نتیجہ اگر غیر یقینی نہ تھا تو کم از کم اتنی جلد جنگ کے ختم ہو جانے کی کسی کو توقع نہ تھی، تو پھر ایسی مدت تک جواب نہ آنے پر جو صرف مکتوب جانے اور آنے ہی کے لئے کافی تھی۔ عالم اسلام کو ملزم قرار دینا کہاں تک قریب انصاف ہے۔

پھر بیعت کے بعد کے اعلانات کو لیں۔ پہلے اعلان میں صرف یہ درج ہے کہ ہم کو حجازیوں نے ملوکیت پر مجبور کیا۔ لیکن جب اس پر دنیائے اسلام کو اطمینان نہ ہوا اور مختلف جگہوں سے استفساری تار آئے تو دوسرا بیان نکلا کہ ایک طرف تو حجازیوں نے مجبور کیا اور دوسری طرف سلطان کے بیٹے فیصل نے اپنی فوج کے ساتھ فتنہ کی دھمکی دی اور کہا کہ اگر تم نے بادشاہت قبول نہ کی تو ہم تم کو خود غرض سمجھیں گے۔ اس دلیل کے انوکھے پن سے ہمیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

سروکار نہیں، لیکن واقعہ یہ ہے کہ نجدیوں میں سے خود شیخ عبداللہ بن بلہید صاحب کو جو قاضی القضاۃ اور شیخ الاسلام ہیں اور مکہ میں موجود تھے۔ اس امر کا عین وقت بیعت تک کوئی علم نہیں تھا۔ انہوں نے خود اس امر کو ہمارے سامنے تسلیم کیا اور دوسری طرف امیر فیصل سے ہماری گفتگو ہوئی، تو انہوں نے اپنے والد کے اعلان ملوکیت کی وجہ صرف اہل حجاز کا جبر بتایا۔ ام القریٰ کے ایڈیٹر یوسف یسین نے بھی جو خود سلطان کے کاتب سری ہیں اور سلطان کی طرف سے تمام اعلانات لکھتے ہیں۔ اپنی لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے اس غلطی کا اعتراف کیا، جو سلطان نے اعلان ملوکیت کی وجہ سے کی ہے۔ اس کے بعد سلطان کا یہ دعویٰ کہاں تک صحیح ہوسکتا ہے کمیٹی خود اندازہ کرسکتی ہے لیکن جیسا کہ ان کے رویہ ماقبل کو پیش نظر رکھتے ہوئے توقع کی جاسکتی تھی۔ مولانا ظفر علی خاں نے اعلان ملوکیت کے بعد سلطان کے فعل کے لئے عذرات تاویل وتوجیہ پیش کرنے اور ملوکیت کی کھلم کھلا حمایت کرنی شروع کر دی چنانچہ اپنی رپورٹ میں سفارش کی۔

میری رائے میں کم از کم بحالات موجودہ حجاز کے اندر اچھے انتظام کی یہ واحد صورت تھی، جس حد تک بیعت کا تعلق ہے۔ میں بوثوق کہہ سکتا ہوں کہ اس میں کوئی جبر کا استعمال نہیں ہوا، اس لئے کہ جو لوگ ذی رائے کہلانے کے مستحق ہیں، وہ پہلے ہی اس طرف مائل تھے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کی (سلطان کی) ذات عرب کے لئے علی العموم اور حجاز کے لئے علی الخصوص نہایت عظیم الشان اور نادیدہ برکات کا سرچشمہ بنے گی۔ انشاء اللہ العزیز میری رائے میں اصلاح احوال عرب وحجاز کا اقتضا یہ ہے کہ موجودہ صورت انتظام کو قبول کرلیا جائے۔

برعکس اس کے حجازی رپورٹ میں یہ سفارش کی گئی۔

ہماری رائے میں اصولاً، اخلاقاً، قانوناً اعلیٰ اسلامی مفاد کے حق میں عرب قومیت کے مستقبل اور آزادئ عرب کے لحاظ سے ہم کو اس فعل پر اظہار ناراضی کرنا ہے۔ اگر ہم عرب میں امن وامان چاہتے ہیں تو حجاز کو شخصی اژدہوں کے دائرہ سے باہر رکھنا چاہئے۔ حکومت جمہوری کے علاوہ مسئلہ حجاز کا اگر کوئی اور حل کیا گیا تو وہ عرب میں فتنہ فساد کے دروازے کھول

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

دے گا اور اس طرح وہاں اغیار کو اثر قائم کرنے کا موقعہ ملے گا۔ حجاز میں جمہوریت نہ صرف عین قرین مصلحت اور اعلیٰ مقاصد اسلامی کو پیش نظر رکھتے ہوئے ضروری، بلکہ عملاً ممکن ہے اور انتظام حجاز کے لئے روشن خیال ایماندار ذی اثر وطن اور اسلام سے محبت کرنے والے بھی لالچ اور ذاتی اغراض سے بالاتر حجازی یقیناً کم از کم اس تعداد میں ضرور مل سکتے ہیں۔ جتنے سلطان ابن سعود کو نجد اور حجاز دونوں کے انتظام کے لئے نجد سے مل سکے۔ حجاز کی آمدنی کثیر ہے، کیونکہ صرف محصول درآمد برآمد ہی چھ لاکھ پونڈ سالانہ وصول ہوتا ہے۔ حجاز سے مختلف ٹیکس کے ذریعے جو روپیہ وصول ہوتا ہے وہ اس کے علاوہ ہے اور یہ کثرت حجاج کے ساتھ برابر بڑھ سکتا ہے اس کے علاوہ زکوٰۃ کی مد بھی ہے، جو سلطان ابن سعود بھی حاصل کر رہے ہیں۔ نجد کی اس فوج کا خرچ آج بھی حجاز ہی پر پڑ رہا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بعض مصارف جو خاص نجد سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی حجاز ہی نے ادا کئے، ان کے علاوہ ان کثیر اوقاف کی آمدنی جو دنیائے اسلام کے مختلف حصوں میں حجاز کے لئے ہیں۔ یہ سب مل کر ہماری رائے میں حجاز کے اخراجات کے لئے کافی ہونے چاہئیں۔ اس پر بھی مزید تجربہ کے بعد تھوڑی بہت امداد کی ضرورت پڑے، تو دنیائے اسلام بخوشی دینے کے لئے تیار ہوگی۔

ہم ہرگز نہیں کہتے کہ سلطان ابن سعود انگریزوں کے ہاتھ بک گئے ہیں، مگر ان پر انگریزی اثر ضروری ہے، لہٰذا سیاسی مصالح کو پیش نظر رکھتے ہوئے احتیاط شرط ہے ورنہ حجاز میں اجاروں کے حصول کی کوشش اب بھی جاری ہے اگر ذمہ داری کا پورا احساس اور بروقت کام نہ کیا گیا تو اس کے نتائج کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ سب سے اہم چیز یہ ہے کہ سلطان عبدالعزیز کی ساری جماعت میں ان کے بعد کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو اپنے ملک نجد کی حفاظت اور تنظیم کر سکے۔ چہ جائیکہ، وہ حجاز میں قیام حکومت کا ذمہ دار ہو۔ اگر خدانخواستہ سلطان عبدالعزیز دنیا سے رخصت ہو جائیں تو ان کے تیرہ لڑکوں اور بھائیوں میں حجاز تقسیم ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا اور دوسرے امراء کی طرح ان میں بھی ہر ایک انگریزوں کا ملازم ہوگا۔ اس لئے ضرورت ہے کہ حجاز کی موجودہ حکومت کی طرف پورے طور پر توجہ کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

کے آئندہ کے تمام خطرات کا انسداد کر دیا جائے۔

اگر مذہبی رواداری کوئی چیز ہے تو اس لحاظ سے بھی یہی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حجاز پر کسی ایک فرقہ کو مسلط کیا جائے خاص کر ایسے فرقہ کو جو اپنے عقائد میں انتہاء درجے کا غلو رکھتا ہو۔ غرضیکہ ہر پہلو سے ہم یہی مشورہ دیں گے کہ خلافت کمیٹی مستقبل حکومت حجاز کے متعلق اپنے فیصلہ پر بدستور قائم رہے کہ وہی بہترین چیز ہے۔

دونوں رپورٹوں پر غور کرنے کے بعد مرکزی خلافت کمیٹی نے اپنے اجلاس منعقد ۱۹۲۶ء میں حسب ذیل رزولیوشن پاس کی۔

مرکزی خلافت کمیٹی افسوس کے ساتھ اس طرز عمل سے اپنا اختلاف ظاہر کرتی ہے، جو حکومت حجاز کے تعین و اعلان کے لئے اختیار کیا گیا ہے۔ کمیٹی کے نزدیک اس کا صحیح طریقہ وہی تھا، جو خود سلطان موصوف نے اپنے بار بار کے اعلانات میں ظاہر کیا تھا، یعنی مجوزہ اسلامی مؤتمر منعقد ہو اور وہ اہالی حجاز کے مشورہ کے بعد حکومت حجاز کا فیصلہ کرے۔

مرکزی کمیٹی ان عظیم الشان اسلامی مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے جن کا حصول سرزمین حجاز اور عالم اسلامی کی وابستگی پر موقوف ہے۔ سلطان موصوف کو ان کے اعلانات پر ازسرنو توجہ دلاتی ہے اور امید کرتی ہے کہ وہ مجوزہ و موعودہ مؤتمر کو جلد از جلد طلب فرمائیں گے اور عالم اسلامی کی ان امیدوں کی کامیابی کا ذریعہ ہوں گے جو آج ان کی ذات سے وابستہ ہیں۔

اس سلسلہ میں مرکزی کمیٹی یہ بات بھی ظاہر کر دینا چاہتی ہے کہ وہ اپنے اس ملک پر بدستور قائم ہے، جس کا اظہار مجلس عاملہ کی تجویز ۵ اکتوبر ۱۹۲۴ء مصدقہ خلافت کانفرنس بلگام میں کر چکی ہے۔ کمیٹی کے نزدیک سرزمین حجاز کے امن و نظام اور عالم اسلامی کے مفاد و مصالح کے لئے ضروری ہے کہ آئندہ حجاز میں جو حکومت بھی قائم ہو وہ عالم اسلامی کی رائے عامہ کے مطابق ہو اور ملوک سلاطین کی مستبدانہ حکومت کی جگہ خلافت راشدہ اسلامیہ کے نمونہ پر ہو، جس میں کسی خاص خاندان یا نسل کی جگہ اہل حل وعقد کے انتخاب پر امیر کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

نصب وعزل کا دارومدار ہوتا ہے، خلافت کمیٹی نے اپنی تجویز متذکرہ صدرہ میں اسی لئے جمہوریت کا لفظ استعمال کیا تھا، کیونکہ اس مقصد کے اظہار کے لئے موجودہ زمانہ کی بول چال میں یہی لفظ اقرب ہے۔

انعقاد مؤتمر کی تاریخ کا تعین

بین الاسلامی مسئلہ، کانفرنس کے مسئلہ کی عملی طور پر ابتداء اسی تار سے ہوتی ہے، جو مرکزی خلافت کمیٹی نے ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو سلطان ابن سعود اور امیر علی کی جنگ کے سلسلہ میں متحاربین کے نام روانہ کیا تھا اس نے لکھا تھا کہ

ہندوستانی مسلمانوں کی یہ رائے ہے کہ مذکورہ بالا اصول پر اس وقت اراکین حجاز کی ایک عارضی جمہوری حکومت قائم کی جائے یعنی حجاز پر جو تمام دنیائے اسلام کا مرجع ہے کوئی بادشاہ یا سلطان حکمرانی نہیں کرسکتا، بلکہ وہاں ایک دیمقراطی ریپبلکن حکومت ہونی چاہئے جو غیر مسلموں کے اثر سے بالکل پاک ہو اور مستقبل حکومت کا مسئلہ مؤتمر اسلامی کے فیصلہ پر چھوڑ دیا جائے۔

اس میں مؤتمر کے انعقاد اور اس کے غایت وغرض دونوں کا بالتصریح تذکرہ کر دیا گیا ہے، اس کے جواب میں جو تار سلطان نے ۲۴ اکتوبر کو براہ بحرین بھیجا، اس میں خلافت کمیٹی کے اصول متعلق طرز حکومت حجاز کو صحیح تسلیم کرتے ہوئے تجویز انعقاد مؤتمر اور اس کی غرض و غایت سے ان الفاظ میں اتفاق کیا کہ "آخری فیصلہ دنیائے اسلام کے اختیار میں ہے۔"

اگلے مہینہ سلطان نے اپنی اس تقریر میں جو انہوں نے ریاض سے مکہ چلتے وقت کی تھی اور جس کا خلاصہ عبداللہ بن بلیہد صاحب نے بذریعہ تار ۲۲ نومبر ۱۹۱ء کو کمیٹی کے نام بغرض اطلاع عام بھیجا تھا، اس امر کو اور واضح کر دیا تھا۔ تار کے الفاظ حسب ذیل تھے۔

"آج کے بعد سے مکہ میں بجز شریعت کے اور کوئی سلطان نہ ہوگا۔ سب کی گردنیں اس کے سامنے جھکیں گی، چونکہ اس مسئلہ سے جملہ مسلمانان عالم کا تعلق ہے، اس لئے وہاں کی پالیسی دنیائے اسلام کی مرضی کے مطابق ہوگی۔ ہم جملہ عالم اسلام کے نمائندگان کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ایک کانفرنس مکہ میں منعقد کریں گے اور ہر اس مسئلہ پر رائے دی جائے گی، جس سے بیت اللہ شریف گناہوں اور ذاتی اغراض سے پاک رہے اور حجاج کو حرمین شریفین کے سفر میں امن و عافیت نصیب ہو۔

چنانچہ اسی غرض سے سلطان نے خلافت کمیٹی کے نمائندوں کو بذریعہ تار مرسلہ ۳ نومبر ۱۹۲۴ء مکہ آنے کی دعوت دی اور کمیٹی سے درخواست کی کہ وہ ان کی طرف سے دوسرے ملحقہ اسلامی ممالک کو بھی دعوت پہنچائے۔

مکہ پہنچنے کے بعد سلطان نے مؤتمر اسلامی کو دعوت دی جو دسمبر میں ہندوستان پہنچی، اس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:۔

دعوۃ ابن سعود

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

السلطنة النجديه و ملحقا تها عدد ء ۲۲

مكة المكرمة ۸ ربيع الاخر سنه ء ۱۳ من عبد العزيز بن عبد الرحمن ال فيصل ال السعود الى حضرة صاحب الدوله.

السلام عليكم و رحمة اللّٰه و بركاته و بعد فاني ارجولكم دوام الصحة والعافية واني لسعيد ان امديدى ليدكم و لكل يد ملة الخير الاسلام والمسلمين واني مملوء ثقة انه بتعاوننا على الخير سيكون المستقبل لجميع الشعوب الاسلامية

يا صاحب الدولة انى لست من الُمحبين للحروب و شرورهاو ليس لدى احب من السلم و السكون و الصفاء والهنا و التفرغ للاصلاح و لكن جيراننا الاشراف اجبرونى على متشاق الحسام و خوض غمرات الحرب خمس عشر سنه لا فى سبيل شىء سوى الطمع علىٰ ما بايدينا لقد صدونا عن سبيل اللّٰه و المسجد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الحرام الذی جعله الله للناس سواء العاکف فیه والباد وسواء اللبیب اطاهر بکل الموبقات مما لایتحمله مسلم۔

لقد رفعنا علم الجهاد لتطهیر بلا د الله و سائر بلاد الله المقدسه من هذه العاملة التی لم تترک سبیلا لحسن التفاهم وحسن النیة بما اقترفت من الشرور والآثام و انی والذی نفسی بیده لم ارد التسلط علی الحجاز ولا تملکة وانما الحجاز و دیعة فی یدی الی الوقت الذی یختارالحجازیون لبلادهم والیا منهم یکون خاضعاً للعالم الاسلامی و تحت اشرف الامم الاسلامیه والشعوب التی ابدت غیرة نذکره کالهنود۔

ان الخطة التی عاهدنا علیها العالم الاسلامی والتی لم نزل نحارب من اجلها مجلة فیما یلی۔

(۱) الحجاز للحجازیین من جهة الحکم و للعالم الاسلامی من جهة الحقوق المقدسة التی له فی هذه البلاد۔

(۲) سنجری الاستفتاء التام باختیار حاکم الحجاز تحت اشراف مندوبی العالم الاسلامی و یحددالوقت الازم لذالک فی مابعد و سنسلم الودیعة التی بایدینا لهذا الحاکم علی الاصول الاتیة

(۱) یحب ان یکون السلطان الاول المرجع للناس کافة هو الشریعة الاسلامیة المطهرة

(۲) حکومة الحجاز یحب ان تکون مستقله فی داخلتیها ولکن لایصح ان تعلن الحرب علیٰ احد و یحب ان یوضع لها النظام الذی یمکنها من ذلک اذا ارادت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۳) لاتعقد حکومة الحجاز اتفاقات سیاسیه ای دولة کانت

(۴) لا تعقد حکومة الحجاز اتفاقات اقتصادیة مع دولة غیر اسلامیة

(۵) تحدید الحدود الحجازی ووضع النظم المالیة و القضائیة والادارية للمجاز موکول للمندوبین المختارین من الامم الاسلامیة وسیحد و عدد هم باعتبارهم المرکز الذی تشغله کل دولة فی العالم الاسلامی والعربی و سینضم هولاء ثلاثه مندوبین من جمعیة الخلافة و جماعة اهلحدیث و جمعیة العلماء فی الهند۔

هذا مانوینا لهذه البلاد المقدسة و ماسنسیر علیه فی المستقبل انشاء اللّٰه و لنا الامل العظیم فی ان تسرعوا فی ارسال مندوبکم و اخبارنا عن الوقت المناسب لعقد المؤتمر هذا مالزم بیانه و فی الختام تقبلوا مایلیق بفخا متکم من الاحترام۔ الختم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

السلطنة النجدیہ ملحقاتہا عدد ۲۲

منجانب عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل فیصل آل السعود

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

میں آپ حضرات کی دوامی صحت وعافیت کی امید کرتا ہوں، میں اس میں سعادت سمجھتا ہوں کہ آپ کے اور اسلام اور مسلمانوں کے ہر خیر خواہ اور خیر طلب کے ہاتھ کی طرف ہاتھ بڑھاؤں۔

مجھے پورا یقین ہے کہ ہمارے باہمی (اتفاق) تعاون سے تمام اقوام اسلامیہ کا مستقبل شاندار ہو جائے گا۔

MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اے غیرت مند و باحمیت بھائیو! میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو لڑائی اور فتنہ و فساد کو دوست رکھتے ہیں، میرے نزدیک صلح اور امن اور باہمی محبت اور اقتصادی ترقی اور فارغ البالی سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں کہ اس میں اندرونی اصلاح کا پورا پورا موقع میسر ہوتا ہے۔ لیکن ہمارے پڑوسیوں یعنی شرفاء (مکہ) نے ہمیں پندرہ سال تک نیام سے تلوار نکالے رہنے اور جنگ کے مصائب میں مبتلا رہنے پر مجبور رکھا، شریفوں کا اس جنگ سے سوائے اس کے کوئی مقصد نہ تھا کہ ہمارے ملک و مال پر قبضہ کرلیں اور ہم کو خدا کی عبادت اور مسجد حرام سے جس میں اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانان عالم کو برابر درجہ کا حقدار قرار دیا ہے روک دیں انہوں نے مقدس بیت الحرام کو اس قسم کی بداعمالیوں کی گندگی سے ملوث کیا کہ ایک مسلمان اس کو برداشت نہیں کرسکتا۔

آخر ہم نے خدا کے پاک شہر مکہ معظمہ اور باقی بلاد مقدسہ کی تطہیر، اور اس خاندان کے افراد سے نجات دلانے کے لئے علم جہاد بلند کیا۔ کیونکہ شریفی خاندان کے افراد کے گزشتہ کارناموں اور سیاہ کاریوں کو دیکھتے ہوئے ان سے مفاہمت اور نیک نیتی کی کوئی امید باقی نہ رہی تھی۔

اور میں اس خدائے برتر کی قسم کھا کر جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، کہتا ہوں کہ میرا مقصد حجاز پر تسلط یا حکومت کرنا نہیں ہے، حجاز میرے ہاتھ میں اس وقت تک امانت ہے جب تک کہ اہل حجاز خود اپنے میں سے ایسے حاکم کا انتخاب نہ کرلیں جو عالم اسلامی کی بات ماننے والا اور ان اقوام اسلامیہ اور طبقات ملیہ کے زیر نگرانی رہے، جنہوں نے اپنی غیرت ملیہ اور حمیت دینیہ کا ثبوت بہم پہنچا دیا ہے۔ مثلاً ہندوستانی مسلمان ہمارا وہ مطمح نظر جس کا عالم اسلامی سے ہم نے وعدہ کیا ہے اور جس کے لئے ہم شمشیر بکف رہیں گے۔ مجملاً حسب ذیل ہے۔

ا۔ حجاز کی حکومت تو حجازیوں کا حق ہے لیکن عالم اسلامی کے جو حقوق کہ حجاز سے متعلق ہیں، ان کے لحاظ سے حجاز تمام عالم اسلامی کا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۲۔ ہم ایک استفتاء عام عنقریب جاری کریں گے جس میں حاکم حجاز کے انتخاب اور عالم اسلامی کی نگرانی کے متعلق استفسار ہوگا، اس کے لئے وقت کی تعیین بعد میں کی جائے گی اور پھر ہم اس امانت (حجاز) کو ان اصول کے ماتحت اس حاکم کے سپرد کردیں گے۔

دفعہ ا۔ ضروری ہوگا کہ اساس حکومت شریعۃ نبویہ مطہرہ پر قائم کیا جائے۔

دفعہ ۲۔ حکومت حجاز داخلی امور میں مستقل ہوگی لیکن اسے یہ اختیار نہ ہوگا کہ کسی کے ساتھ جنگ کا اعلان کرے اور ضروری ہے کہ ایک ایسا نظام مقرر کردیا جائے کہ اگر حکومت حجاز اعلان جنگ کرنا بھی چاہے تو یہ نظام اس کو روک سکے۔

دفعہ ۳۔ حکومت حجاز کسی حکومت کے ساتھ سیاسی معاہدہ نہ کرسکے گی۔

دفعہ ۴۔ حکومت حجاز غیر مسلم حکومت کے ساتھ اقتصادی معاہدہ نہیں کرسکتی۔

دفعہ ۵۔ حجاز کی حدود کا تعین اور مالی عدالتی نظام کا بنانا، ان نمائندوں کے سپرد ہوگا، جو عالم اسلامی سے اسی کام کے لئے منتخب ہوکر آئیں گے۔ ہر ملک کے نمائندوں کی تعداد حکومت کے احاطہ اقتدار کے لحاظ سے معین کی جائے گی جو اس کو عالم اسلامی اور عربستان میں حاصل ہے، ان نمائندوں کے ساتھ تین نمائندے جمعیۃ مرکزیہ خلافت ہند اور جماعت اہل حدیث اور جمعیت علماء ہند کے بھی شامل ہوں گے۔

بلاد مقدسہ حجاز کے متعلق ہمارا ارادہ یہ ہے اور اسی پر انشاء اللہ تعالیٰ ہم مستقبل میں عمل کریں گے۔

ہم کو قوی امید ہے کہ آپ اپنے مندوب بھیجنے میں جلدی کریں گے اور نیز یہ بھی بتائیں گے کہ اس مؤتمر عالم اسلامی کے انعقاد کے لئے مناسب وقت کونسا ہوگا قابل بیان یہ باتیں تھیں اور آخر میں آپ ہماری جانب سے تحیۃ اور احترام قبول فرمائیں۔

(مہر سلطان) عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن

اس میں دو نقص تھے، ایک تو تمام ممالک اسلامی کو مدعو نہیں کیا گیا۔ مثلاً ترکی جیسی اہم حکومت کو دعوت نہیں دی گئی دوسرے یہ کہ ان شرائط کے ذریعہ جن کی تصریح دعوت نامہ میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے، بعض نہایت اہم امور میں مؤتمر کے اختیارات کو محدود کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ لیکن اعلان ملوکیت کے بعد سلطان کی باتوں سے صاف معلوم ہوتا تھا کہ انہوں نے انعقاد مؤتمر کے خیال کو ترک کر دیا ہے۔ چنانچہ جس وقت وفد نے ان سے جدہ میں ملاقات کے دوران میں انعقاد مؤتمر کے مسئلہ کا ذکر کیا، تو صاحب ممدوح نے اس کو یہ کہہ کر ٹالنا چاہا کہ جب عالم اسلامی جمع ہو جائے گی اور مولانا عرفان صاحب اور شعیب قریشی صاحب کے اصرار کے بعد خلافت کمیٹی کی اس تجویز سے اتفاق کیا کہ حج کے موقعہ پر مؤتمر منعقد ہو لیکن اس کے ساتھ صاف فرما دیا کہ جہاں تک حجاز کے سیاسی انتظامات کا تعلق ہے حجازیوں نے یہ طے کر لیا ہے کہ یہ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ عالم اسلام ہمارے سیاسی معاملات میں مداخلت کرے اور اسی سلسلہ میں حجازیوں کی طرف یہ الفاظ منسوب کئے

مایصیر ابداً ما یصیر الیٰ آخر درجه مایصیر

لیکن چونکہ کوئی جزو چاہے وہ کتنا ہی اہم کیوں نہ ہو اس کا مجاز نہیں ہے کہ کل کے اختیارات محدود کر سکے۔ وفد کے مجوزہ مؤتمر اسلامی کے اختیارات پر مصلحتاً بحث نہیں کی اور اس مسئلہ کو ممبران مجوزہ مؤتمر پر چھوڑ دیا۔

مؤتمر اسلامی

مارچ ۱۹۲۶ء میں سلطان ابن سعود نے مؤتمر اسلامی کے لیے نیا دعوت نامہ بھیجا اور یہ خلافت کمیٹی کے وفد کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ اس مرتبہ حکومت ترکی کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی۔

دعوت نامہ میں تبدیلی

لیکن تازہ دعوت نامہ کی عبارت پچھلے دعوت نامہ سے بھی زیادہ ناقص تھی الفاظ سے ظاہر تھا کہ سلطان نہیں چاہتے تھے کہ تشکیل حکومت حجاز کا مسئلہ مؤتمر کے سامنے آئے، مؤتمر کے اغراض و مقاصد میں صرف حرمین شریفین اور ان کے ساکنین کی خدمت اور حرمین کی مستقبل کے خطرات سے حفاظت اور حجاج و زائرین کے لئے وسائل راحت و آسائش کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

کثرت اور ہر ایک ذریعہ سے بلاد مقدسہ کے ان حالات کی اصلاح تھی جو سب مسلمانوں کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہوں، دعوت نامہ کے الفاظ حسب ذیل تھے۔:

صاحب السیادہ رئیس جمعیة الخلافة بمبئی

خدمة للحرمین الشرفین و اهلها و تامینا لمستقبلهما وتوفیراً الوسائل الراحة للحجاج و الز وار واصلاحاً لحال البلاد المقدسة من سائر الوجود التی تهمم المسلمین جمیعا و وفاء بوعدنا وعهودنا التی قطعنا ها علیٰ انفسنا و میلامنا فی تکاثف المسلمین و توادرهم فی خدمة هذهِ الدیار الطاهره وائنا الوقت المناسب لانعقاد المؤتمر العلم یمثل البلاد الاسلامیه والشعوب الاسلامیة یکون فی عشرین ذیقعده سنه ۱۳۴۴ وقد ارسلناالدعوة لکل من یهمه امر الحرمین من المسلمین وملوکهم واملی ان مندوبی جلالتکم یکونون حاضرین فی التاریخ المحدود اللّٰه یتولانا جمیعاً بعنایة

ملک الحجاز وسلطان نجد عبد العزیز

صاحب السیادۃ رئیس جمعیت الخلافت ممبئی

حرمین شریفین اور ان کے ساکنین کی خدمت اور حرمین کی مستقبل کے خطرات سے حفاظت اور حجاج وزائرین کے لئے وسائل راحت وآسائش کی کثرت اور ہر ایک ذریعہ سے بلاد مقدسہ کے ان حالات کی اصلاح جو سب مسلمانوں کے لئے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں اور اپنے وعدوں اور ان عہود کو جو ہم نے اپنے اوپر لازم کر لیے تھے پورا کرنے اور ان دیار طاہرہ کی خدمت گزاری میں تمام مسلمانوں کی شرکت اور باہمی معاونت ومحبت کی خواہش رکھنے کی بناء پر ہم نے خیال کیا کہ مؤتمر عالم اسلامی کے انعقاد کے لئے جو تمام بلاد اسلامیہ اور شعوب اسلامیہ کی نمائندہ ہو، یہ وقت مناسب ہے چنانچہ ۲۰ ذی قعدہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۳۴۴ھ کو یہ مؤتمر منعقد ہو گی ہم نے تمام ان مسلمانوں کو جن کو حرمین کے امور کے ساتھ تعلق ہے اور ملوک اسلام کو دعوت بھیج دی ہے، ہمیں امید ہے کہ آپ کے نمائندے تاریخ مقررہ پر مؤتمر میں موجود ہوں گے خدا ہم سب کا اپنی مہربانی سے کارساز رہے۔

ملک الحجاز وسلطان نجد.........عبدالعزیز

مؤتمر کے اغراض ومقاصد اور اس کے اختیارات کو صاف کرنے کے لیے جمعیت علماء ہند نے سلطان کو تار بھیج کر دریافت کیا کہ مؤتمر تشکیل حکومت حجاز کے مسئلہ پر بھی غور کرے گی یا نہیں، جمعیت علماء کے تار کے الفاظ حسب ذیل ہیں:

عظمت السلطان ابن سعود کے دعوت نامہ کا جواب

عظمۃ السلطان عبدالعزیز مکہ معظمہ

آپ کا تار پہنچا دعوت کا شکریہ جمعیت العلماء اپنے مندوب بھیجنے کو تیار ہے، مگر جمعیت ادب کے ساتھ عرض کر دینا چاہتی ہے کہ اسلام کے مرکز کو ہمیشہ کے لئے وسائس اجانب سے مامون کرنے اور تمام عالم اسلامی کو اس کی حفاظت کا ذمہ دار بنانے کے لئے تشکیل حکومت حجاز کا اہم مسئلہ زیر بحث آنا ضروری ہے۔" محمد کفایت اللہ

اس کا جواب سلطان کی طرف سے حسب ذیل آیا۔

جمعیۃ علماء دہلی

اخذت برقیتکم و انی اشکرکم علی بیانکم الذی یدل علی کمال عقلکم و وافر غیرتکم الدینیة ان البلاد المقدسة محمیة یمهج فی قلوب المسلمین وهی مصؤنة عن الدسائس بعنایة اللّٰه و رعایته وما دمنا قائمین وفیها بالحق سائرین فیها و فق الشریعة المُحمدیة متجنبین فیها سبیل الاهواء فان شانها سیکون عظیمًا ولا یصلح الاخر هذه الامة الاما اصلح اولها

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وفق اللّٰہ الجمیع الی مافیہ الخیر

ملک الحجاز وسلطان نجد، عبد العزیز

(ترجمہ) مجھے آپ کا تار ملا میں آپ کے مضمون کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس سے آپ کی انتہائی فہم اور دینی غیرت ظاہر ہوتی ہے۔

بلاد مقدسہ مسلمانوں کی جانوں اور دلوں کی حفاظت میں ہیں اور خدا کی عنایت ونگہبانی سے وہ سائس اجانب سے بھی محفوظ ومصئون ہیں اور جب تک ہم ان میں حق کے ساتھ قائم ہیں اور ہماری رفتار شریعت محمدیہ کے موافق رہے اور ہم خواہشات نفسانیہ کے راستے سے بچے رہیں، توان بلاد مقدسہ کی حالت عظیم الشان ہوجائے گی پر اس امت کے آخری دور کی اصلاح اس چیز کے بغیر نہیں ہوسکتی جس سے پہلے دور کی اصلاح ہوئی تھی، خدائے تعالیٰ ہم سب کو ان باتوں کی توفیق دے جن میں خیر اور بھلائی ہو۔

اس سے سلطان کا منشاء اور بھی واضح ہوگیا لیکن چونکہ مسلمانوں کے جملہ اجتماعی اور مذہبی مسائل اور بالخصوص ان مسائل کے بصورت احسن حل کرنے کا بہترین بلکہ واحد ذریعہ جو ان کے مشترکہ مرکز عرب سے متعلق ہیں بین الاسلامی موتمر ہوسکتی ہے لہٰذا باوجود اس کے کہ دعوت نامہ میں نقص موجود تھے اور یہ معلوم نہ تھا کہ نیابت کس اصول اور کس حساب سے ہوگی جمعیت خلافت کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۸ اپریل ۱۹۲۶ء بمقام دہلی میں مؤتمر کے دعوت نامہ کو قبول کیا اور ۲۰ اپریل کو مرکزی خلافت کمیٹی نے حسب ذیل حضرات کو منتخب کیا کہ وہ مسلمانان ہندوستان کے نمائندوں کی حیثیت سے موتمر میں شریک ہوں۔

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی، رئیس

مولانا شوکت علی صاحب

مولانا محمد علی صاحب

شعیب قریشی صاحب (رکن وسیکرٹری)

چونکہ ابھی یہ طے نہیں ہوا تھا کہ مؤتمر میں مختلف ممالک اسلامی کی نمائندگی کس اصول

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اور کس حساب سے ہوگی نہ ہی یہ یقین کے ساتھ کہا جاسکتا تھا کہ کتنے ممالک مؤتمر میں شرکت کریں گے اور خلافت کمیٹی کے پیش نظر یہ تھا کہ تشکیل حکومت حجاز جیسا اہم مسئلہ جس پر تمام دنیائے اسلام کے مستقبل، اخلاقی، اقتصادی، سیاسی اور اجتماعی تاریخ کا دارومدار ہے، ناقص اور غیر نمائندہ مؤتمر کے سامنے فیصلہ کی غرض سے پیش نہ ہوتا کہ اس تاریخی غلطی کا دوبارہ اعادہ نہ ہو، جس کا خمیازہ مسلمان آج تک بھگت رہے ہیں، لہٰذا جمعیت عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۸ اپریل ۱۹۲۶ء بمقام دہلی میں ریزولیوشن کے دو حصے کر دیئے تھے۔

۱۔ کہ وفد ان تمام امور پر بحث ومباحثہ کرے جن کا ذکر دعوت عامہ میں ہے۔

۲۔ لیکن تشکیل حکومت حجاز کا مسئلہ اگر مؤتمر میں پیش کیا جائے تو اس میں شرکت سے انکار کرے لیکن اس کو ہدایت کی گئی تھی کہ سلطان ابن سعود سے نج کے طور پر گفتگو کر لی جائے اور ہمارا نقطۂ نگاہ ان کے روبرو پیش کر کے ان کو ہم خیال بنانے کی کوشش کی جائے۔

رزولیوشن کے الفاظ حسب ذیل ہیں۔

مؤتمر حجاز کے متعلق طے پایا کہ دعوت نامہ منظور کیا جائے اور جن اغراض ومقاصد کا ذکر اس میں کیا گیا ہے۔ اس پر بحث ومباحثہ وتبادلہ خیالات کیا جائے اور آئندہ تشکیل حکومت حجاز کے لئے انعقاد مؤتمر کی بابت سلطان ابن سعود سے گفتگو کی جائے مگر سلطان ابن سعود سے نج کے طور پر گفتگو کر لی جائے اور ہمارا نقطۂ نگاہ ان کے روبرو پیش کر کے ان کو ہم خیال بنانے کی کوشش کی جائے۔

حجاز جا کر جب مؤتمر کے ایجنڈا کو دیکھا جس میں البلاد حکومتھا کی مدسب سے اول تھی اور ان مندوبین کی تعداد کو دیکھا جن کو سلطان نے خود مقرر کیا تھا تو معلوم ہوا کہ خلافت کمیٹی اگر یہ پیش بندی نہ کرتی تو بڑی سخت غلطی کی مرتکب ہوتی۔

ریزولیوشن کے حصہ دوم کے سلسلہ میں وفد نے سلطان سے تین مرتبہ گفتگو کی جس کی تفصیل دوسری جگہ درج ہے، ان ملاقاتوں کے دوران میں سلطان نے جن خیالات کا اظہار کیا، ان کو پیش نظر رکھتے ہوئے وفد نے اس کو قبل از وقت اور نامناسب خیال کیا کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

محض مسئلہ تشکیل حکومت حجاز پر مزید تفصیلی گفتگو کرنے کے لئے سلطان سے انٹرویو (ملاقات) کے لئے درخواست کرے۔

مؤتمر کے انعقاد کی تاریخ کا التواء

مؤتمر کے انعقاد کی تاریخ ابتداء ۲۰ ذی قعد ۱۳۴۴ھ مطابق ۲ جون ۱۹۲۶ء تھی لیکن چونکہ مستقل ممالک اسلامی کے نمائندے نہیں آئے تھے۔اس لئے تاریخ انعقاد دو مرتبہ بدلنی پڑی تا کہ ان ممالک کو شرکت کا موقع مل سکے۔

آخری التواء ۷ جون ۱۹۲۶ء کو کیا گیا تھا لیکن جب ۷ جون تک بھی ان ممالک کے نمائندے نہ آئے تو اس دن مؤتمر کا افتتاح ہوا۔

ممالک اسلامی جو مؤتمر میں شریک ہوئے

ان کے دو حصے ہیں، ایک تو وہ جو قبل از حج شریک ہوئے جن کے نام معہ ان کے نمائندوں کے اسماء کے حسب ذیل ہیں:

ہندوستان (۱) خلافت کمیٹی
مولانا سید سلمان صاحب ندوی، رئیس
مولانا شوکت علی صاحب
مولانا محمد علی صاحب
شعیب قریشی صاحب رکن وسیکرٹری

(۲) جمعیۃ العلماء ہند
مولانا کفایت اللہ صاحب رئیس
مولانا شبیر احمد صاحب
مولانا احمد سعید صاحب
مولانا عبدالحکیم صاحب
مولانا ابوالمعارف محمد عرفان صاحب

(۳) جماعت اہل حدیث
مولانا ثناء اللہ صاحب رئیس
مولانا عبدالواحد غزنوی صاحب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مولانا اسمٰعیل غزنوی صاحب

مولوی حمیداللہ صاحب

۲۔ روس — کشاف الدین بن قوام الدین، رئیس

رضاءالدین

مصلح الدین بن خلیل

عبدالواحد بن عبدالرؤف مہدی

طاہر الیاس

موسیٰ جاراللہ

عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل (سیکرٹری)

۳۔ جاوا — عمر سعید چوکروامی نوتو

حاج منصور

شیخ محمد باقر

شیخ حنان طیب

۴۔ فلسطین — سید امین الحسینی، رئیس

اسمٰعیل آفندی الحافظ

عجاج آفندی نویہض

۵۔ بیروت وشام — الشیخ حسن المکی (شام)

شیخ بہجت البیطار (شام)

محمود منح ہارون (شام)

نامزد کردہ سلطان (شام)

عبدالغنی عونی بک الکعکی (بیروت)

حسن آفندی المکی (بیروت)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

٦۔ مصر: جمعیت خلافت بوادی النیل	ابوالعزائم ماضی رئیس
	سید کامل عثمان آفندی
	سید محمد ابوالعزائم
۷۔ سوڈان	مدثر بن ابراہیم (نامزد کردہ سلطان)
	شیخ ابوالقاسم احمد ہاشم (نامزد کردہ سلطان)
۸۔ عسیر	توفیق شریف (شامی)
	عبدالعزیز العتیقی (نجدی)
	ابوزید (مصری)
۹۔ نجد	عبداللہ بن بلیہد، رئیس
	حافظ وہبہ
	عبداللہ دملوجی
	شیخ حمد الخطیب
	یوسف یسین (شامی)
۱۰۔ حجاز	شریف شرف عدنان
	عبداللہ شیبی
	شیخ اسمعیل میریک
	شریف ہزائم ابولبطین
	سلیمان قابل یحنت بن بنیان
	سعود دوشیشہ ابراہم عائج
	محمد نصیب
	محمد مغیربی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شریف علی بن الحسین الحارثی

عبداللہ الفضل النجدی

عارف الاحمدی

جن حضرات کو سلطان نے ان کی ذاتی حیثیت سے بطور خاص مدعو کیا تھا۔

۱۱۔ سید رشید رضا (مصری)

عبد الظاہر

منصور محمود

عبد السلام ہیکل

حصہ دوم میں وہ ممالک ہیں جو بعد حج موتمر میں شریک ہوئے ان ممالک کے اور ان کے مندوبین کے نام حسب ذیل ہیں، ان میں سے اکثر کو ابتداً شرکت میں تامل تھا، لیکن ہندوستانی نمائندوں کے خلوص اور کارگزاری سے متاثر ہو کر شرکت پر آمادہ ہو گئے۔

ترکی	ادیب ثروت بک
افغانستان	جنرل غلام جیلانی خاں
یمن	حسین بن عبد القادر
عسیر	علامہ شنیفتی (ادریسی)
مصر	علامہ زواہری
	مصری بک
	امین توفیق

(نوٹ) مصری وفد کی آمد پر سوڈانی حضرات اور وادی نیل کی جمعیت خلافت کے نمائندے واپس چلے گئے لیکن ایران آخر تک شریک نہ ہوا۔

ہم کو نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نجد کی جانب سے یہ کوشش کی گئی کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

انتخاب نمائندگی وتناسب کے اصول کو پس پست ڈال کر موتمر کو اپنے ہم خیال وہم نو اشخاص سے بھر دیا جائے۔ چنانچہ نجد کے ۵، حجاز کے ۱۳، عسیر کے جس کے تین حصوں میں سے صرف ایک حصہ سلطان ابن سعود کے ہاتھ میں ہے، تین اور سب کو خود سلطان نے نامزد کیا صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ بعض حضرات کو جو سلطان کی ملوکیت کے حامی تھے انفرادی حیثیت سے ممبر مقرر کیا گیا اور ان کو رائے وغیرہ کے معاملہ میں وہی حقوق تھے جو باقاعدہ منتخب شدہ ممبروں کو تھے، اس کے علاوہ بعض صورتوں میں تو سلطان نے ممالک غیر کی طرف سے جو ان کے ماتحت بھی نہ تھے نمائندے مقرر کر دیئے اس طرح ۵۹ نمائندوں میں سے جو حج سے پہلے موتمر میں شریک تھے۔ ۲۶ سلطان کے نامزد کردہ تھے، اس میں اگر ہندوستان کی جماعت اہل حدیث کے چار نمائندوں کو شامل کر لیا جائے تو ۵۹ شرکاء موتمر میں سے ۳۰ سلطان ابن سعود کی تقریباً ہر بات میں تائید کرنے والے تھے، یہ تناسب تو اس وقت ہوا جبکہ بیرونی ممالک نے ایک ایک سے زیادہ نمائندہ بھیجے اگر وہ صرف ایک ہی ایک نمائندہ بھیجتے تو موتمر میں قلت وکثرت کے مسئلہ کی جو صورت ہوتی ظاہر ہے۔

علاوہ اس کے شرکاء کی رائے پر اثر ڈالنے کے لئے ان نازیبا طریقوں کے استعمال سے بھی اجتناب نہیں کیا گیا جن کو کوئی صحیح الاصول وصحیح المسلک پبلک کام کرنے والا روا نہیں رکھے گا۔

مؤتمر کو حامیوں سے بھرنے کے بعد خود سلطان نے اسی تشکیل حکومت کو داخل ایجنڈا کر دیا، جس کو وہ موتمر کے سامنے پیش کرنے کے روادار نہ تھے اور جس کو انہوں نے نہایت احتیاط اور اہتمام سے دعوت نامہ سے خارج کر دیا تھا۔ یہ حالت دیکھ کر ہم نے صاف الفاظ میں کہہ دیا کہ مسلمانان ہند ہرگز گوارا نہیں کر سکتے کہ تشکیل حکومت حجاز جیسا اہم مسئلہ اس وقت تک مؤتمر کے سامنے آئے جب تک مؤتمر میں نیابت کے اصول اور فیصلہ کے قواعد و ضوابط کے تحت مؤتمر کا اجلاس نہ ہو اور سلطان کی افتتاحی تقریر کے بعد ہی ہم نے انتخاب عہدہ داران کے مسئلہ کے پیش ہوتے ہی نیابت امور قلت وکثرت کے طے کرنے کے

MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

سوال اور اس کے ساتھ ساتھ مؤتمر کے قانون اساسی کے پورے مسئلہ کو اٹھایا اس پر ایک سب کمیٹی معائنہ وثائق اور دوسری سب کمیٹی قانون اساسی بنانے کے لئے منتخب کی گئی اور ہمارے اعتراض ومخالفت کے باعث حکومت حجاز کا مسئلہ ایجنڈا اور نیز سلطان کی افتتاحی تقریر سے خارج کر دیا گیا۔

پہلی کمیٹی کے ممبروں کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) مولانا محمد عرفان صاحب

(۲) یوسف یسین صاحب

(۳) منصور صاحب

دوسری کمیٹی کے لئے حسب ذیل حضرات منتخب ہوئے۔

(۱)	مولانا شوکت علی	(ہندوستان)
(۲)	رضاء الدین	(روس)
(۳)	محمد امین الحسینی	(فلسطین)
(۴)	حافظ وہبہ	(نجد)
(۵)	مولانا کفایت اللہ	(جمعیت العماء، ہندوستان)
(۶)	عبداللہ بن بلیہد	(نجد)
(۷)	عمر سعید چوکر دامی نوتو	(جاوا)
(۸)	شریف شرف عدنان	(حجاز) رئیس موتمر
(۹)	شعیب قریشی	بطور معاون ومشیر
(۱۰)	عجاج نوبهض	بطور معاون ومشیر
(۱۱)	منصور	

انتخاب عہدہ داران مؤتمر

لیکن انتخاب عہدہ داران قلت اور کثرت کے تعین کے مسئلہ کے طے ہوئے بغیر عمل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

میں آیا۔

صدر

ہم نے اس مصلحت سے کہ ترکی سب سے ممتاز اور بڑی اسلامی حکومت ہے اور اس سے بھی زیادہ اس مصلحت سے کہ ترکوں اور عربوں کے قلوب سے گزشتہ واقعات کی ناگوار تلخی دور ہو جائے اور باہم دگر مل کر کام کریں اور نیز اس بناء پر بھی کہ وہ مجالس کے نظام و کارروائی کے طریقے سے بخوبی واقف ہیں، یہ تجویز پیش کی کہ ترکی وفد کے رئیس کو موتمر کا صدر بنایا جائے۔ مولانا ثناءاللہ صاحب نے نمائندگان نجد کی تائید کے ساتھ اس کے خلاف شریف شرف عدنان پاشا کا نام پیش کیا اور عبدالواحد غزنوی صاحب نے تحریک کی کہ سلطان ابن سعود صدر موتمر ہوں، رائے لئے جانے پر کثرت رائے سے شریف شرف عدنان رئیس منتخب ہوئے، نائب صدر کی جگہ کے لئے حسب ذیل اصحاب کے لئے رائے دی گئی اور مولوی سید سلیمان ندوی رئیس وفد الخلافہ اور رضا الدین رئیس وفد روسیہ نائب صدر منتخب ہوئے، ناموس عام توفیق شریف صاحب مقرر ہوئے۔

موتمر کا قانون اساسی

لجنہ قانون اساسی نے جو قانون بنایا اور جس کو موتمر نے بالاتفاق منظور کیا، وہ بطور ضمیمہ شامل رپورٹ ہے، اس میں موتمر کے اغراض و مقاصد اور اس کے نظام وغیرہ کے متعلق جملہ امور بالتفصیل درج ہیں۔

جس وقت یہ قانون بنا اور منظور ہوا، اس وقت ترکی، افغانستان، یمن اور مصر کے نمائندے موجود نہ تھے لہٰذا وہ اس کے متعلق بحث و مباحثہ میں شرکت نہ کر سکے، لیکن ان کی شرکت کے بعد ان کو قانون اساسی پر رائے دینے کا حق دیا گیا ہے اور ان کی رائے کو موتمر یقیناً نہایت وقعت اور اہمیت دے گی۔

لجنہ اقتراحیہ

مختلف اقتراحات پر غور کرنے اور ان کو ترتیب دینے کے لئے جو اعضاء موتمر میں پیش

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

کرنا چاہتے تھے، موتمر نے طے کیا کہ ایک لجنہ "لجنہ اقتراحات" کے نام سے منتخب کی جائے، جس میں ہر ملک کے نمائندے ان اصولات کے حساب سے ہوں جو قانون اساسی کے ماتحت اس کو حاصل ہیں، اس لجنہ اقتراحیہ کے لئے ممبر حسب ذیل تھے۔

ہندوستان: مولانا محمد علی، مولانا کفایت اللہ، مولانا ثناء اللہ، مولانا شبیر احمد

نجد: عبداللہ بن بلیہد، حافظ وہبہ، یوسف یسین۔

حجاز: رئیس موتمر شریف شرف عدنان، حجاز کی بھی نیابت کرتے تھے۔

جاوا: عمر سعید چوکردامی نوتو، حاج منصور

روس: کشاف الدین، مصلح الدین

شام: عبدالغنی عونی بک العلی

فلسطین: سید امین الحسینی

عسیر: عبدالعزیز

مصر: ابوالعزائم ماضی (حکومت مصر کے وفد آنے کے بعد علامہ زواہری ممبر ہوئے)

سوڈان: اس کے علاوہ عہدہ داران موتمر بحیثیت عہدہ داران اس کے ممبر تھے، بعد ج حسب ذیل اصحاب کا اس میں اضافہ ہوا۔

ترکی: ادیب ثروت بک

افغانستان: جنرل غلام جیلانی خاں

یمن: حسین بن عبدالقادر

مصر: علامہ زواہری

ان کی شرکت کے بعد سوڈان اور مصر کے دوسرے نمائندے لجنہ سے خارج ہو گئے۔

لجنہ کے انتخاب کے بعد موتمر کا باقاعدہ کام شروع ہو گیا، سب سے اہم اقتراحات کا تیار کرنا تھا، جو اقتراحات ہماری طرف سے پیش ہوئے، ان کی تفصیل آگے پیش کی جائے گی، اس سلسلہ میں ہم کو دوسرے اسلامی ممالک کے نمائندوں سے بکثرت ملنے کا اور ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے تبادلہ خیال کا موقع ملا اور باوجود ان کوششوں کے جو مختلف ممالک کے نمائندوں میں اتفاق رائے اور اتحاد عمل کو روکنے کی جاری تھیں۔ اسپین میں نہایت مخلصانہ تعلقات اور مفید خوشگوار موثر اور آئندہ کے لئے امید افزا اتفاق رائے اور اتحاد عمل قائم کرنے میں کامیابی ہوئی، اس میں ہم کو ہمارے بھائیوں کے خلوص، جوش، حب مذہب وملت و دانشمندی سے بہت مدد ملی۔

لیکن کمیٹی کو خوشی ہونی چاہئے کہ اس کے نمائندے اپنے صحیح اصول کی پابندی اعتدال، صلح جوروبہ اور بے غرضی سے ممالک اسلامی کے ان مختلف عناصر کو ایک نکتہ پر لانے میں کامیاب ہوئے۔

ہمارا ہرگز یہ مقصد نہیں کہ شرکاء موتمر کی گرانمایہ خدمات کی کم قدری کریں، نہ ہم ناگوار امتیاز کرنا چاہتے ہیں، لیکن یہ محض اظہار واقعہ ہے کہ موتمر کی تمام اہم اور وقیع قراردادوں میں سے بیشتر نمائندگان جمعیت العلماء اور جمعیۃ الخلافتہ کی تھیں، موتمر کی کارروائی میں ہندوستان نے نہایت نمایاں اور ممتاز حصہ لیا اور یہی وجہ تھی کہ مختلف الخیال نمائندگان موتمر نے بھی موتمر کی کارروائی کے اختتام پر اجلاس عام میں اس امر کا اعتراف کرتے ہوئے نمائندگان ہند کی تعریف کی۔

اس جگہ ہم کو نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ لجنہ اقتراحیہ اور موتمر کی کارروائی دونوں میں نمائندگان نجد کا رویہ جو حکومت نجد کے اعلیٰ حکام اور نامزد شدہ ممبر تھے، نہایت افسوسناک تھا، جب کبھی کوئی ایسا اقتراح پیش کیا گیا، جس کو ان کی حکومت نہیں چاہتی تھی، تو انہوں نے اس کو خارج رکھنے میں کسی ذریعہ کے استعمال کرنے میں چاہے وہ جائز ہو یا ناجائز عذر نہ کیا! چنانچہ مآثر ومقابر کے متعلق ریزولیشن لجنہ اقتراحیہ میں بھی پیش ہو گئے اور موتمر میں بھی، لیکن موتمر کے آخری دن اور کوئی اقتراح باقی نہ رہا کہ پیش ہو، لیکن وہ اقتراح پیش نہ کیا گیا، نمائندگان نجد کی برابر کوشش جاری رہی کہ اس ریزولیشن کو ٹال دیا جائے حتیٰ کہ جب ہماری طرف سے احتجاج کیا گیا تو ان حضرات نے صاف کہہ دیا کہ اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے فتنہ وفساد پیدا ہوگا اس کو پیش نہیں ہونا چاہئے لیکن جب صورت نازک ہوگئی اور دوسرے ممالک کے نمائندوں نے بھی سختی سے اعتراض کیا اور ہماری تائید کی تو بالآخر طوعاً وکرہاً پیش کیا گیا اور یہ برتاؤ تنہا اس ریزولیوشن کے ساتھ نہیں کیا گیا۔

اب ہم ان تجاویز کو ذکر کر دیتے ہیں جن کو ہماری طرف سے موتمر میں پیش کیا گیا، ان تجاویز کی عبارت طے کرنے میں ہم کو مختلف الخیال شرکاء موتمر کا لحاظ رکھنا پڑا، لہذا یہ الفاظ وہ ہیں جن پر ہم مختلف ممالک کے نمائندوں کو جمع کر سکے، ان تجاویز کے مرتب کرنے میں ہم نے الفاظ اور زبان پر اصرار کو چھوڑ کر صرف مطلب کا لحاظ رکھا اور اصول کو ہاتھ سے جانے نہ دیا۔

وہ تجاویز جو ہماری طرف سے پیش ہوئیں اور موتمر نے قبول کیں۔

نوٹ: ریزولیوشن کی اصلی عبارت جو بعد ترمیم وغیرہ موتمر نے قبول کی، منگانے کے متعلق متعدد مرتبہ رئیس موتمر صاحب سے درخواست کی گئی، لیکن اب تک دستیاب نہ ہوسکی، لہذا صرف ان ریزولیوشن کی عبارت دی جاتی ہے جو موجود ہے۔

(۱) مآثر ومقابر

ارجوان یقرر الموتمر مایلی

(۱) ان یعاد بناء (المآثر) فی اقرب وقت ممکن

(۲) ان القبور التی هدمت تترک امراعادة بنا ها و شکل ذلک الی لجنة من علماء المذاهب السنية والشیعیه فهذا الجنة تنظر فی ذلک دائمون رائها نهایتًا

محرک: مولانا شرکت علی   مؤید: شعیب قریشی

(ترجمہ) مجھے امید ہے کہ موتمر حسب ذیل تجاویز منظور کرے گی:

(۱) حتی المقدور بہت جلد مآثر منہدمہ کو بنایا دیا جائے۔

(۲) جو قبریں گرادی گئی ہیں، ان کی تعمیر اور ان کی ہیئت ایک کمیٹی پر جو سنی سیعہ علماء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے مرکب ہو چھوڑ دی جائے یہی کمیٹی اس مسئلہ پر انتہائی غور سے کام کرے گی اور اس کا فیصلہ آخری ہوگا۔

محرک: مولانا شوکت علی مؤید: شعیب قریشی

(۲) حرم میں امت چاروں مذاہب کے امام باری باری سے کریں۔

محرک: شعیب قریشی مؤید: مولانا محمد علی

(۳) جزیرۃ العرب میں غیر مسلموں کو اقتصادی امتیازات نہ دیئے جائیں۔

محرک: شعیب قریشی مؤید: مولانا محمد علی

ان بلاد مقدسہ میں غیر اسلامی مداخلت کا سد باب کرنے کے لئے یہ موتمر ضروری سمجھتی ہے کہ حجاز میں غیر مسلموں کو کسی قسم کے اقتصادی امتیازات عطا نہ کئے جائیں اور ہر اسلامی کمپنی سے بھی معاہدہ کرتے وقت ان دو دفعات کا اضافہ کیا جائے۔

(الف) جب فریقین معاہدہ میں اختلاف ہو، تو فریقین کو عدالت حجاز کی طرف رجوع کرنا ہوگا اور وہ اس کے فیصلہ کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوں گے۔

(ب) کمپنی کے حصہ داران کو اجازت نہ ہوگی کہ وہ اپنے حصے غیر مسلموں کے ہاتھ فروخت کریں۔

محرک: شعیب قریشی موید: مولانا محمد علی

(۴) السداد غلامی

محرک: مولانا کفایت اللہ و شعیب قریشی موید: موسیٰ جار اللہ

(۵) جدہ، مکہ، عرفات کے درمیان سڑک بننا چاہیے۔

حجاز میں ریلوے لائن کی تعمیر کا جو فیصلہ ہم نے کیا ہے اس کی تکمیل کے واسطے برسوں کی کوشش اور کثیر مال درکار ہے، اس لئے ہمیں چاہئے کہ بتدریج اس کام کو شروع کر دیں، اس سلسلہ میں حکومت حجاز کا اولین فرض ہے کہ وہ جدہ سے مکہ اور مکہ سے مدینہ اور عرفات تک سڑکیں ہموار کرانے کا کام شروع کر دے تا کہ ان پر موٹریں اور گاڑیاں چل سکیں۔ نیز جن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مقامات پر قافلے اترتے ہیں وہاں سرائیں بنوانے اور ضروری آرام و آسائش کے سامان مہیا کرے، یہ چھوٹا سا کام اس بڑے کام کی تمہید ہوگا جو حج کے راستوں میں ریلوے لائن تعمیر کرانے کے لئے ہمارے پیش نظر ہے، اس کے لئے مدت تک انتظار کرنا ناگزیر ہے۔

محرک: مولانا شوکت علی   موید: مولانا سلیمان ندوی

(۶) تبلیغ اسلام

محرک: شعیب قریشی   مؤید: مولانا محمد علی

(۷) ہر ممبر اپنی زبان میں رزولیوشن پیش کرسکتا ہے۔

محرک: شعیب قریشی   مؤید: مولانا محمد عرفان

(۸) آزادیٔ مذہب

محرک: مولانا کفایت اللہ   مؤید: مولانا محمد علی

وہ تجاویز جو پیش کی گئیں اور براہ راست لجنہ اقتراحیہ کی طرف سے سلطان کو بغرض اطلاع بھیج دی گئیں۔

(۱) مطاف و مسعیٰ (1)

محرک: شعیب قریشی   مؤید: مولانا عرفان

وہ تجاویز جو موتمر میں پیش کی گئیں، لیکن منظور نہ ہوئیں۔

(۱) قتل مومن کے خلاف

بما ان اللہ تعالیٰ قال فی کتابه و من یقتل مومنا متعمداً فجزاء ہ جهنم خالد فیها و غضب الله علیه ولعنه و اعدله عذابا عظیما و قال ﷺ لا ترجعوا بعدی کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض و قال ﷺ من اشارالی اخیه بحدیدة لعنتها الملائکة و قال ﷺ سباب المسلم فسوق و قتاله کفرو قال ﷺ کل

1۔ طواف و سعی کرنے سے کوئی کسی مسلمان کو کسی وقت روک نہیں سکتا۔ ۱۲۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

المسلم علیٰ المسلم حرام دمه و ماله و عرضه و قال ﷺ ان دمائکم و اموالکم واعراضکم حرام علیکم کحرمة یومکم ھذا فی شھر کم ھذا و بلدکم ھذا یطلب الموتمر من کل مسلم یؤمن باللّٰه و رسوله والیوم الاخران یحرم علی نفسه دماء المسلمین واموالھم واعراضھم وان یجعل قوله صلی اللّٰه علیه وسلم مثل المومنین فی تراحمھم و توادھم و تعارطفھم کمثل جسد اذا اشتکی بعضه اشتکی کله نصب عینیه کل حین و آن

اللہ تعالیٰ نے اپنی (مقدس) کتاب میں ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص قصداً کسی مسلمان کو قتل کرے۔ اس کی جزا جہنم ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اس پر خدا کا غضب اور پھٹکار ہو گی اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے بڑا عذاب مقرر کر رکھا ہے۔''

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے بعد تم لوگ کافر مت بن جانا، (اس طرح کہ) ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو قتل کرے اور فرمایا آپ نے جو شخص لوہے سے اپنے بھائی کی طرف اشارہ کرتا ہے، ملائکہ اس پر لعنت کرتے ہیں اور فرمایا آپ نے مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس کا قتل کرنا کفر ہے اور فرمایا آپ نے ہر مسلمان کا خون مال اور آبرو، دوسرے پر حرام ہے اور فرمایا آپ نے کہ تمہارے خون تمہارے مال اور تمہاری آبرو تم لوگوں پر حرام ہیں، جس طرح آج کے دن، اس مہینے اور اس شہر میں حرام ہے، لہٰذا موتمر ہر مسلمان سے جو اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے درخواست کرتی ہے کہ دیگر مسلمانوں کا خون، مال و متاع اور آبرو اپنے لئے حرام سمجھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کو کہ مومن کی مثال (باہمی محبت و مودت میں) ایک جسم کی طرح ہے۔ ہر آن اور ہر وقت اپنا نصب العین بنائے۔

محرک: شعیب قریشی　　　مؤید: مولانا محمد علی

چونکہ اس مسئلہ کا ذکر دعوت نامہ میں نہ تھا اور ان کی حکومتوں کی طرف سے ان کو اس

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بارہ میں کوئی ہدایت نہ دی گئی تھی اس لئے ترک، افغان، یمنی اور مصری نمائندوں نے اس مسئلہ میں رائے دینے سے احتراز کیا۔

(۲) معاہدات مابین حجاز ودول غیر بغرض اطلاع پیش کئے جائیں۔

اقترح ان یرجع المؤتمر من الحکومة الحجازیة ان تقع بین یدیه نسخة من کل الاوراق الرسمیة التی تتعلق بای علاقة وانشاھا الحکومت الحالیة اوالسابقة مع الحکومات الاخری اذا کانت قد انشاء شیء من ذلک فتشیع

محرک : مولانا محمد علی　　　مؤید: مولانا شوکت علی

(ترجمہ) میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ موتمر حکومت حجاز سے درخواست کرے کہ معاہدات کاغذات رسمی جن کا کسی علاقہ سے تعلق ہو اور جسے حکومت موجود یا سابقہ نے دیگر حکومتوں کے ساتھ قائم کیا ہو اگر اسے دستیاب ہوں، تو اسے شائع کردے۔

محرک: مولانا محمد علی　　　مؤید مولانا شوکت علی

(نمائندگان حکومت نجد نے اس کو سیاسی مداخلت قرار دے کر ان دستاویزات کے پیش کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ یہ معاملہ موتمر میں پیش نہیں ہوسکتا)

وہ تجاویز جو لجنہ اقتراحیہ نے نامنظور کردیں

(۱) حجاز میں قناصل مسلمان ہونے چاہئیں۔

ازہ رعایة لوصیة النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم الی اوصیٰ بھا و ھو علیٰ فراش الموت، یعلن ھذا المؤتمر ان المسلمین لایرضون بان تقیم غیر المسلمین فی الارض المقدسة الحجازیہ ولھذا یرجوا المؤتمر من الحکومات الاجنبیة التی ترید ان یکون لھا قناصل فی الحجازان تختار ھؤلاء القناصل من المسلمین

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(ترجمہ: سرور عالم ﷺ کی وصیت کے مطابق جس کی آپ نے ایسے وقت میں وصیت کی تھی، جبکہ بستر وصال پر آرام فرما رہے تھے، یہ موتمر اعلان کرتی ہے کہ حجاز کے مقدس مقامات میں غیر مسلم لوگوں کی سکونت کو مسلمان پسند نہیں کرتے اور اس لئے موتمران حکومات اجنبیہ سے جو حجاز میں قناصل رکھنا چاہتی ہیں امید کرتی ہے کہ قناصل مسلمان منتخب کئے جائیں۔

محرک: مولانا محمد علی　　　　مؤید: مولانا شوکت علی

(۲) آزادیٔ جزیرۃ العرب

محرک: نمائندگان جمعیۃ العلماء ہند　　　　مؤید: جمعیۃ الخلافۃ ہند، فلسطین وشام

اس کے علاوہ ذیل کی وہ تجاویز ہیں جو اوروں کی طرف سے پیش ہوئیں لیکن ہم نے ان کی تائید یا ترمیم کی۔

(۱) اصلاح احوال صحیحہ
(۲) حجاز ریلوے کی واپسی
(۳) قربانی کے ذبیحہ کے متعلق
(۴) جدہ ومکہ اور مکہ مدینہ کے درمیان ریلوے لائن بنانے کے متعلق
(۵) عقبہ ومعاون کی واپسی کے متعلق

(۱) حکومت نجد کے نمائندوں نے حجاز میں ہتھیار لگانے کے خلاف تجویز پیش کی لیکن چونکہ اس کا نفاذ صرف غیر نجدیوں کے خلاف ہی ہوتا اور چونکہ ایسی صورت میں مسلمان ادائیگی فریضہ جہاد کے لئے آمادہ ومستعد نہ رہ سکتے تھے لہٰذا ہم نے مخالفت کی بالآخر تجویز نامنظور ہوئی۔

(۲) یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ ریلوے لائن کی تعمیر اور تدابیر صحت کی تکمیل کے لئے حجاز سے (۱) بندرگاہ جدہ پر اترتے ہی ۲۰ قروش اور لئے جائیں (۲) اونٹ، موٹر اور خچر پر مزید ٹیکس کے نام سے روپیہ لیا جائے (۳) منیٰ میں ہر قربانی پر دس قروش وصول کئے جائیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہم نے کہا کہ ان تمام کاموں کے لئے جو کچھ لیا جائے، برضا مندی بطور چندہ صاحب استطاعت سے لیا جائے، جبریہ ٹیکس کی صورت میں جوادائیگی فریضہ میں دشواری پیدا کرے نہ لیا جائے ہماری مخالفت پر تجویز نامنظور ہوئی۔

نئے قوانین کی رو سے چونکہ ناموس عام (جنرل سیکرٹری) اور لجنہ تنفیذیہ کے انتخاب موتمر کے آخری دن ہونا چاہئے تھے۔ لہٰذا ۵ا جولائی کو ان عہدہ داران کے انتخاب کا مسئلہ پیش ہوا، مگر چونکہ بروقت بلا مزید مشورہ اور تلاش کے ایسے اہم عہدوں کے واسطے نام پیش نہیں کیے جاسکتے تھے۔ لہٰذا اس کارروائی کو تین مہینے کے لئے ملتوی کیا گیا اور صرف یہ طے کیا گیا کہ لجنہ تنفیذیہ کے ممبروں میں ایک ترک، ایک مصری، ایک ہندوستانی، ایک حجازی، ایک نجدی اور ایک شام اور فلسطین سے ہوگا اور ہر ملک والے اپنے نمائندے کو نامزد کر کے بھیج دیں گے، ناموس عام کے لئے دو نام پیش کئے گئے تھے، ایک امیر شکیب ارسلان کا اور دوسرا شیخ عبدالعزیز شادیش کا۔ لیکن ان کے استمزاج کے بغیر اس کا فیصلہ ناممکن تھا، لہٰذا اس مسئلہ کو بھی ملتوی رکھا گیا اس طرح موتمر کی کارروائی ختم ہوگئی۔

مؤتمر ہر سال ہونی چاہیے

یہ وہ باتیں ہیں جو قدیم اور بڑی سے بڑی جماعتوں میں موجود ہیں، موتمر کا یہ پہلا ہی سال تھا اور انشاء اللہ رفتہ رفتہ ان تمام نقائص کا ازالہ ہو جائے گا ان کی وجہ سے موتمر کی اہمیت کم نہیں ہوسکتی اور نہ اس کی دلچسپی میں کمی ہونی چاہئے۔

موتمر کا ہر سال ہونا ضروری ہے اس واسطے کہ جیسا ہم شروع میں کہہ چکے ہیں مسلمانوں کے تمام اجتماعی و مذہبی مشکلات اور خاص کر حجاز کے مسائل کے حل اور اتحاد عرب کے حصول کا واحد ذریعہ موتمر ہے۔

ہم کو چاہئے کہ لجنہ تنفیذیہ کو جلد سے جلد قائم کر کے اس کو حتی الامکان قوی اور مستحکم بنانے کی کوشش کریں، تاکہ وہ مسلمانوں کی خواہشات کے پورا کرنے اور مفاد اسلامی کی حفاظت ونگرانی کا مؤثر وکارگر آلہ ہوجائے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

یہ رپورٹ ناقص رہے گی اگر ہم اپنے ان بھائیوں کی محبت وخلوص اور مفید مشورہ اور مدد کا شکریہ ادا نہ کریں، جوترکی، افغانستان، مصر، یمن، جاوہ، روس، شام، فلسطین اور سوڈان وغیرہ سے اپنے اپنے ممالک کے نمائندے ہو کر آئے تھے، ان سب میں امتیاز کرنا دشوار ہے لیکن سید امین الحسینی رئیس الوفد فلسطین اور الشیخ عجاج نوبھض کاتب الوفد فلسطین کا خاص طور پر شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اول الذکر نے اپنی تدبیر اور اثر سے متعدد مرتبہ پیچیدہ سے پیچیدہ گتھیوں کو سلجھایا اور بہت سے نازک مسائل کو بحسن وخوبی طے کرانے میں مدد دی، مؤخر الذکر اگر نہ ہوتے اور اپنی برادرانہ محنت اور خلوص سے اپنی غیر معمولی لغت عربی و انگریزی کی واقفیت کو ہمارے لئے وقف کر کے ہماری ترجمانی کی زحمت گوارا نہ کرتے تو ہم اس مؤثر طریقہ سے مسلمانان ہندوستان کے جذبات اور مطالبات کی ترجمانی کرنے سے قاصر رہتے، کیونکہ اردو سے عربی میں ترجمہ کرنے کے لئے کسی اہل زبان کا ملنا دشوار تھا اور ارکان موتمر میں سے دونوں زبان کے جاننے والے خود بحث ومباحثہ میں حصہ لے رہے تھے جس کی وجہ سے ان پر یہ بار نہ ڈالا جا سکتا تھا۔

ہم کو افسوس ہے ہم کمیٹی اور پبلک کو وفد کی کوششوں اور موتمر کی کارروائی سے وقتاً فوقتاً جیسا چاہئے تھا آگاہ نہ کر سکے، لیکن اس کی وجہ یہ تھی کہ حکومت نجد نے یہ عذر کر کے کہ تار لسان رمزی (کوڈ) میں ہیں، ان کے بھیجنے سے انکار کر دیا، حالانکہ کوڈ کی کتاب اور تار کے معمولی زبان میں معنی تار کے ہمراہ بھیجے جاتے تھے اور اس سے پہلے اسی کوڈ میں وہی دفتر ہمارا تار ایک بھیج چکا تھا۔

اس حکم کی اصلی وجہ یہ تھی کہ حکومت نجد نہیں چاہتی تھی کہ موتمر کی وہ کارروائی جو اسے ناپسند ہو، یا کوئی اطلاع جو اس کے خلاف ہو بیرونی دنیا کو بھیجی جائے اور حتی المقدور اس کو روکنے کی آخر تک کوشش کرتی رہی۔ اسی غرض سے ہماری خط وکتابت پر بھی سنسر مقرر کیا گیا تھا جس کی ہم کو نہایت معتبر ذریعہ سے خبر ملی تھی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سلطان ابن سعود سے ملاقات

عین اس وقت خبر جو ہم کو ملی وہ یہ تھی کہ مدینہ منورہ میں جنت البقیع کے مزارات کے قبے گرادیئے گئے، اس خبر نے ہم لوگوں پر ایک بجلی سی گرادی، ساحل پر اتر کر جدہ میں اس خبر کی پوری توثیق ہوگئی۔ جہاز پر حکومت کی طرف سے جدہ کے حکام اور اعیان نے ہمارا استقبال کیا اور شیخ محمد نصیب کے گھر ہم کو مہمان اتارا گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ٹیلی فون پر مکہ سے سلطان نے ہم کو خوش آمدید کہا۔ ہم نے رسماً ان کی عنایت و مہربانی کا شکریہ ادا کیا اور دوسرے دن مکہ معظمہ میں سلطان سے ہماری پہلی سرکاری ملاقات ۲۷ مئی ۱۹۲۶ء کو ہوئی خلافت اور جمعیت العلماء کے ارکان سب ساتھ مل کر گئے اس ملاقات میں زیادہ تر رسمی طور سے باہمی سلام و تہنیت اور مزاج پرسی ہوتی رہی اور رئیس وفد نے ہماری طرف سے ان کی عنایتوں اور مہربانیوں کا شکریہ ادا کیا اور حجاز کے معاملات کے لئے موتمر کے انعقاد کی تحسین کی اور اس کی اہمیت جتائی، مولانا شوکت علی صاحب نے موقع سے یہ کہا کہ حجاز کے معاملہ میں سب سے اہم یہ ہے کہ غیروں کو اس میں مداخلت کا موقع نہ دیا جائے اور اس ملک کو دوسروں کے نفوذ اور اقتدار سے ہر حیثیت سے محفوظ رکھا جائے یہ تمام دنیائے اسلام کی دولت ہے اور یہ تنہا کسی کی ملک نہیں اسی سلسلہ میں کہا کہ ممکن ہے کہ آپ ہر چیز پر ہم سے بہتر علم رکھتے ہوں۔ لیکن ایک چیز ہم آپ سے بہتر جانتے ہیں یعنی غیر قوموں کو ہم آپ سے بہتر جانتے ہیں، کیونکہ ڈیڑھ سو برس سے ہم کو ان کا تجربہ ہے، سلطان نے کہا کہ ہم نے اپنی حکومت کے لئے دو اصول ایسے مقرر کیے ہیں جو ہمیشہ کے لئے ناقابل تبدیل ہیں ایک یہ کہ ہمارا مرجع کتاب و سنت کا فیصلہ ہوگا، دوسرا یہ کہ ہماری حکومت میں اجنبی کی مداخلت کسی حالت میں گوارا نہ ہوگی۔ مولانا محمد علی صاحب نے کہا کہ دو امور آپ کے ذہن نشین ہو جانے چاہئیں، ایک یہ کہ ہم مشرک نہیں اور کتاب و سنت پر ہمارا بھی ایمان ہے، دوسرا یہ کہ حجاز تمام مسلمانوں کا ہے، اس لئے ہم یہاں اجنبی نہیں اور حجاز کی خدمت کرنا ہمارا شعار ہو گا۔ مولانا سید سلیمان صاحب نے سلطان کو مخاطب کر کے کہا کہ دنیا میں کون ایسا مسلمان

ہے جس کو کتاب وسنت سے اعراض ہو، جہاں تک الفاظ کا تعلق ہے تمام مختلف اسلامی فرقے ان کو یکساں تسلیم کرتے ہیں اور ان کو قبول کرتے ہیں، بحث جو کچھ ہے وہ ان کے معنی میں ہے، ہر فرقہ اس کا مدعی ہے کہ وہ کتاب وسنت کے مطابق ہے، کوئی ایسا فرقہ بھی ہے جو یہ کہتا ہو کہ ہم کتاب وسنت سے روگردان ہیں اور کسی حکم کو کتاب وسنت کے مطابق سمجھتے ہوئے بھی ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں، بلکہ اختلاف خود تاویل اور تفسیر میں ہے یا احادیث کی تصنیف وتوثیق میں ہے یا دلائل کی قوت وضعف میں ہے اور یہ اختلاف نیا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کا ہے، اس لئے یہ مناسب نہیں کہ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کو دلائل کے بجائے قوت کے زور سے اپنے مسائل تسلیم کرائے خود اہل سنت میں مختلف فرقے ہیں اور ان میں آراء ومسائل کا بھی اختلاف ہے، اس لئے یہ موقع نہیں کہ ہم اس موجودہ کش مکش کے زمانہ میں ان مسائل کو چھیڑیں، اس وقت ہم کو ضرورت ہے کہ کفر کے مقابلہ میں اسلامی فرقوں کو یکجا کریں، نہ یہ کہ ان باہمی اختلافات کو زیادہ بڑھائیں، اسی سلسلہ میں مولانا شبیر احمد صاحب رکن جمعیت العلماء نے فرمایا کہ تاویل وتفسیر کے اختلافات موجود ہیں اور اس کی مثالیں دیں اور فقہی حیثیت سے یہ تفصیل بھی پیش کی کہ کن امور میں شرک اور کفر کا فتویٰ دینا چاہئے اور کن میں نہیں پھر مولانا کفایت اللہ صاحب صدر وفد جمعیت العلمائے آخر میں سلطان کا شکریہ ادا کیا اور اتحاد محبت کا پیام دیا۔ آخر میں سلطان نے کہا کہ بہتر ہو کہ ان امور میں آپ ہمارے یہاں کے علماء سے گفتگو کر لیتے، میں منفذ ہوں، مفتی نہیں، ہمارے علماء قرآن وحدیث کے مطابق جو فیصلہ کرتے ہیں۔ میں اس کو نافذ کر دیتا ہوں، اسی گفتگو پر ہماری پہلی ملاقات ختم ہوئی۔

دوسری ملاقات

ہم نے اپنی پہلی ملاقات کو اس بناء پر کہ اس میں شرکاء کی کثرت تھی اور دیگر حجازی اور نجدی حضرات ومشیران کار موجود تھے اظہار مطلب کے لئے کافی نہیں سمجھا اس لئے دوسرے دن ان سے تنہائی کی ملاقات کی خواہش کی اور سلطان نے اس کا موقع دیا بنابریں

سید سلیمان ندوی صاحب ومولانا شوکت علی صاحب، مولانا محمد علی صاحب اور مولانا کفایت اللہ صاحب ۲۸ مئی ۱۹۲۶ء کی صبح کو سلطان سے ملنے گئے، آج وفد کے ارکان نے نہایت صفائی سے اپنے خیالات پیش کئے اور مجلس خلافت کی تجاویز کا ذکر کیا، سلطان کے وعدے سے یاد دلائے، خصوصیت کے ساتھ شوکت علی صاحب کے اتحاد اسلامی اور حجاز کے مشترکہ حرم کے ساتھ دنیائے اسلام کے تعلقات کا ذکر کیا اور کہا کہ اس وقت ضرورت ہے کہ تمام مسلمان متحد و متفق ہوں، نہ یہ کہ ان میں مذہبی اختلاف پیدا کیا جائے، آپ نے قبوں، مآثر اور مزارات کے انہدام کا جو طرز عمل اختیار کیا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمام مسلمانوں میں نئے سرے سے عقائد کی خانہ جنگی شروع ہو جائے گی۔ ہم نے بڑی مشکلوں سے اپنے ملک میں ان خانہ جنگیوں کا خاتمہ کیا ہے اور تمام اسلامی فرقوں کو ملا کر ایک متحدہ صف قائم کی ہے، لیکن اس طرز عمل سے جو آپ اختیار کر رہے ہیں ہماری قوتیں دوبارہ منتشر اور پراگندہ ہو جائیں گی اور تمام دنیائے اسلام خانہ جنگیوں کی دوسری مصیبت میں گرفتار ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں یہ ملک تمام مسلمانوں کا مشترکہ حرم ہے یہاں کوئی اسلامی فرقہ اس بات کا حق نہیں رکھتا کہ وہ صرف اپنے خیال کے مطابق اس حرم اور آثار متبرکہ اور مقابر و مشاہد میں ایسا تصرف کرے، جو دوسرے فرقوں کے نزدیک صحیح نہیں۔ ہم کسی صورت میں یہ تسلیم نہیں کر سکتے کہ مذہب اسلام کے اہم مسائل کا فیصلہ صرف نجد کے چند علماء کے ہاتھ میں دے دیں۔ ہم نے شکایتاً کہا کہ مدینہ منورہ کے مقابر و مآثر کا ہم سے وعدہ کیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ موتمر اسلامی کے فیصلہ کے بغیر اس کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ لیکن یہ کس قدر تعجب انگیز ہے کہ اس کی خلاف ورزی کی گئی اور دنیائے اسلام کی خواہش کے برخلاف اس کے استصواب کے بغیر ان کو منہدم کر دیا گیا۔ سلطان نے کہا کہ آپ نے جو کچھ کہا وہ صحیح ہے اور میں بھی دل سے یہی چاہتا تھا لیکن مشکل یہ ہے کہ آپ لوگ ہماری قوم سے واقف نہیں ہیں ہماری قوم کے متعصب قبائل نے ہم کو دھمکی دے کر لکھا کہ ہم نے حجاز میں جہاد اس لئے کیا تھا اور جان و مال اس لئے قربان کیا تھا کہ کتاب وسنت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

کو قائم کیا جائے اور مراسم شرک کا استیصال ہو، اس لئے جلد از جلد ان قبوں اور عمارتوں کو منہدم کر دیا جائے ورنہ ہم آ کر ان کو اپنے ہاتھوں سے گرادیں گے، اب ہمارے لئے دو ہی چارۂ کار تھے۔ ایک یہ کہ ہم ان کو بزور روکیں اور دوسرے یہ کہ ہم ان کو خود اس کی اجازت دے دیں۔ پہلی صورت میں ایک خانہ جنگی پیدا ہو جاتی دوسری صورت میں فتنہ وفساد پیدا ہوتا، اہل مدینہ کو تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا اور شاید دیگر عمارتوں کو صدمہ پہنچتا۔ پھر ہم نے یہ دیکھا کہ ان کا مطالبہ غیر شرعی نہیں ہے، بلکہ جو کچھ وہ چاہتے ہیں وہ خدا اور رسول کے حکم کے مطابق ہے اور کتاب وسنت کے عین موافق ہے۔ اس بناء پر میں نے قاضی القضاۃ سے خواہش کی کہ وہ مدینہ جا کر اس کام کو انجام دیں اور جو چیز خدا اور رسول کے حکم کے مطابق ہے، اس میں کسی مسلمان کو اختلاف نہ ہونا چاہئے، مولانا محمد علی صاحب نے سلطان کی توجہ دنیا کی موجودہ حالت کی طرف مبذول کرائی اور کفار کی طاقت اور مسلمانوں کی کمزوری کا دردناک مرقع کھینچا۔ اور پھر عالم اسلام کے اس حصہ کی آرزوؤں اور امیدوں کو ظاہر کیا جو بحمدللہ بیدار ہو چکا تھا۔ ان مسلمانوں کی بار بار امیدیں بندھیں، لیکن ایک بار بھی پوری نہ ہوئیں شب میں ان کی آنکھیں نہایت بے تابی اور بے صبری سے ایک شعاع امید کی متلاشی تھیں، بار بار صبح کاذب نے انہیں دھوکا دیا، مگر صبح صادق نمودار نہ ہوئی، آخری بار ان کی نظر خود سلطان پر پڑی اور ان کی امیدیں سلطان کی ذات سے وابستہ ہو گئیں، وہ سلطان سے بڑی بڑی توقعات رکھتے تھے اور سلطان کے متعلق ان کے دل میں بڑی بڑی تمنائیں اور آرزوئیں تھیں اور وہ سلطان کو ملک الحجاز کے منصب کے کہیں زیادہ جلیل القدر منصب اسلامی پر دیکھنے کے متوقع تھے، انہوں نے سلطان سے کہا کہ آپ کیوں اس چھوٹے سے منصب پر راضی ہو گئے اور اس کے حصول کو اپنا مطمح نظر بنالیا انہوں نے غالب کا شعر

توفیق باندازہ ہمت ہے ازل سے!
آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کو گوہر نہ ہوا تھا

پڑھ کر کہا کہ وہ قطرہ جو صدف میں جا کر موتی ہی بننے پر قانع ہے۔ پیرس کی رقاصہ کے

گلے کی زینت بھی بن سکتا ہے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ سلطان وہ قطرۂ آب ہوں جو ایک مسلمان کی آنکھ کا آنسو بن کر روضۂ رسول اکرم ﷺ پر گرایا جائے۔

سید سلیمان صاحب نے مقابر و مآثر کے متعلق سلطان سے علمی گفتگو کی اور کہا کہ مذہبی حیثیت سے مقابر و مآثر دونوں کی الگ الگ حیثیتیں ہیں، مقابر کی تعمیر اور بنا کے متعلق احادیث اور فقہ میں تصریحی الفاظ ممانعت کے ملتے ہیں، گو ایک فریق ان کی تاویل کرتا ہے اور وہ ایسا نہیں سمجھتا، تاہم اس کی ایک شرعی حیثیت ہے اور اس لئے ضرورت ہے کہ علماء اسلام کے سامنے کھلے طریقے سے اس مسئلہ کو پیش کر کے ان کے متعلق فتویٰ طلب کیا جائے جو یقیناً کثرت تعداد کے لحاظ سے حق کے خلاف نہ ہوگا، لیکن مآثر یعنی وہ مقامات مقدسہ جن کو آنحضرت ﷺ یا صحابہ کرام سے کوئی خاص نسبت ہے، ان کی حفاظت یا ان کی تعمیر و بنا کی ممانعت سے احادیث نبوی کا دفتر تمام تر خالی ہے اس پر اگر بحث ہو سکتی ہے تو صرف ان کی صحت اسناد یا عدم صحت سے البتہ ان مآثر میں اگر جاہل مسلمان ایسے اعمال کریں جو شرع کے خلاف ہوں، تو مثل دوسری چیزوں کے یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہاں ایسے نگران یا پولیس کے سپاہی مقرر کرے جو زائرین کو ان اعمال سے باز رکھیں، سلطان نے اس کے جواب میں کہا کہ میں مذہبی عالم نہیں ہوں، اس لئے اس کا جواب نہیں دے سکتا، آپ اس بارے میں ہمارے علماء سے گفتگو کیجئے اور اس لئے علماء کی ایک مجلس ترتیب دینے کا خیال ہے۔

تیسری ملاقات

تیسری بار ہم میں سے دو ارکان شوکت علی، محمد علی، جناب شیخ ابو العزائم ماضی کے ہمراہ سلطان سے جا کر ملے، اس ملاقات کو شیخ ابو العزائم نے سلطان سے خط و کتابت کے ذریعہ سے طے کیا تھا اور طے کرنے کے بعد ہم سے اپنے ہمراہ چلنے کی درخواست کی۔ شیخ ابو العزائم مصر میں وادی نیل کی خلافت کمیٹی کے بانی اور صدر ہیں اور ہم سے اور ہماری جمعیت سے محبت کرتے تھے، ان کا منشا یہ تھا کہ بیچ میں پڑ کر ہماری جمعیت اور سلطان کے درمیان وئی سمجھوتہ کرادیں، ان کے پاس سلطان کے مقربین میں سے ایک صاحب تشریف لائے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

تھے اور ان سے کہا تھا کہ جمعیت خلافت اور سلطان کے درمیان کچھ غلط فہمی تھی جسے سلطان دور کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے کہا کہ اگر سلطان ہم سے پھر ملنا چاہتے ہیں تا کہ گفتگو کرنے سے کسی نتیجہ پر پہنچیں، تو ہم خوشی سے جانے کو تیار ہیں، انہوں نے جواب دیا کہ سلطان ملنا چاہتے ہیں۔ ہم کو شروع کی دو ملاقاتیں کرنے کے بعد اس کی بہت کم امید تھی کہ سلطان ابن سعود ہمارے دونوں اہم مسئلوں یعنی تشکیل حکومت حجاز اور مآثر اور مقابر کی دوبارہ تعمیر میں کوئی تشفی آمیز جواب دے سکیں گے، تاہم اگر کوئی معقول صورت نکل سکے جس سے جمعیت خلافت کے ان احکام کی ہم تعمیل کرا سکتے، تو اس کے لئے ہم ہر طرح تیار تھے۔ شیخ ابوالعزایم صاحب سلطان کے پاس بیٹھے تھے، ہمارے ارکان دوسری طرف کچھ فاصلے پر بیٹھے تھے، اول گفتگو سلطان اور شیخ ابوالعزایم کے درمیان ہوتی رہی اور ارکان خاموش بیٹھے سن رہے تھے، شیخ ابوالعزایم کی خواہش تھی کہ اگر ہم سلطان کی امداد کر سکے یا ان سے تشفی پا سکے، تو اس میں ان کی خوشی اور نیک نامی دونوں کی تھی، اس لئے ان کی گفتگو سلطان کی مدح وتوصیف سے شروع ہوئی تھی اور اس کے درمیان میں ہمارے اخلاص اور جوش اسلامی کی بھی تعریف تھی اس ملاقات میں سلطان ابن سعود زیادہ جوش اور کچھ غیظ میں بھی معلوم ہوتے تھے، کیونکہ انہوں نے اپنی گفتگو میں ذرا زور کی آواز سے کہا کہ میں تیار ہوں کہ حجاز کو چھوڑ کر چلا جاؤں، بشرطیکہ شوکت علی، محمد علی، اپنی فوجیں لائیں اور امن حجاز کی ذمہ داری لے لیں، جس پر ہم میں سے شوکت علی صاحب نے مجبور ہو کر گفتگو میں شرکت کی اور شیخ ابوالعزایم کے ہمرائیوں میں سے محمد کامل صاحب کے ذریعے سے سلطان سے عرض کیا کہ وہ امیر ہیں اور ہم فقیر، وہ صاحب سیف ہیں، جس کا وہ بار بار ذکر کر چکے ہیں اور ہماری گردن میں غلامی کا طوق ہے۔ لیکن ان کی طرح ہمارے دلوں میں بھی اسلام کی خدمت کا شوق اور اس کی محبت موجود ہے اور ہم بھی جان و مال قربان کرنے کو ہر وقت تیار ہیں، آج ہم کوئی انتظام یہاں کے امن کا نہیں کر سکتے، لیکن خدا کے فضل پر بھروسہ کر کے یہ کہہ سکتے ہیں کہ انشاء اللہ آئندہ اس کا انتظام ہو سکے گا، اس وقت ہم سلطان کے سوال کا صحیح جواب دے سکیں گے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

ہم نے عرض کیا کہ مزارات کے متعلق آپ اپنی قوم سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کی خواہش کے مطابق آپ نے مزارات کو منہدم کرادیا اور ان کی خوشی پوری کر دی لیکن حجاز مسلمانوں کا مشترکہ اور مقدس مرکز ہے اور اس کے بارہ میں عالم اسلام کو فیصلہ کرنے کا حق ہے، اس لئے مزارات کے مسئلہ کو عالم اسلامی کے علماء پر چھوڑ دینا چاہئے اور ان کا فیصلہ اس بارہ میں قطعی ہوگا، عالم اسلام اس کو کبھی قبول نہیں کرسکتا کہ اس کے علماء کی رائے کی کوئی وقعت نہ ہو اور صرف نجد کے علماء جو چاہیں اس مشترکہ حرم میں کر گزریں گفتگو تیز تھی، سلطان نے ہماری معقول تجویز کا یہ جواب دیا کہ میں علماء عالم سے مشورہ کروں گا، مگر اخیر میں یہ دیکھوں گا کہ ان کا فیصلہ اتباع ھوی پر تو نہیں، اس پر محمد علی صاحب نے پوچھا کہ اس کو کس طرح جانچے گا، جواب سلطان نے یہ دیا کہ کتاب اور سنت ایک ہے، مگر اس کی تفسیر وتاویل میں اختلاف ہوتا ہے اور بہر حال تمام عالم کے علماء کی تفسیر وتاویل یقینی طور پر علماء نجد کی تفسیر وتاویل کے مقابلہ میں زیادہ معتبر ہونی چاہئے تو پھر مبہم الفاظ میں سلطان نے وہی کتاب و سنت کا ذکر کیا اور آخری فیصلہ اپنے ہی ہاتھ میں رکھنا چاہا۔

باہر نکلنے کے بعد ہم سے شیخ ابوالعزایم ماضی نے ایک اور بات کہی جس کا تذکرہ کرنا یہاں ضروری معلوم ہوتا ہے اور جس سے ایک عجیب وغریب ذہنیت کا پتہ چلتا ہے شیخ ابوالعزایم نے مجھ سے یہ کہا کہ جمعیت خلافت اور شوکت علی ومحمد علی اور ان کی جماعت جو جمہوریت کی موافقت میں زور دیتے ہیں تو اس میں ان کی ذاتی غرض پوشیدہ ہے، وہ یہ چاہتے ہیں کہ جمہوریت حجاز کا پہلا صدر خود شوکت علی ہو۔

اس خبر کو سننے کے بعد سلطان سے گفتگو کا موقعہ نہیں آیا۔ مگر ان کے مقربین سے ہم نے کہہ دیا کہ اگر ہم کو ذاتی منفعت منظور ہوتی تو اس کو پورا کرنے کے لئے حجاز آنے کی ضرورت نہ تھی، جہاں دولت وثروت کی جگہ ریت اور اونٹ کی مینگنیاں ہوتی ہیں، عیش و آرام کے سامان تو ہندوستان میں بدرجہ اولیٰ موجود تھے اگر ہم کو دنیاوی ہوس ہوتی تو ہم حجاز نہ آتے اور اس جدوجہد میں نہ پڑتے وہاں انگریزوں سے دوستی کرتے، عیش وآرام کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

سامان مہیا کرتے ہم کو اور ہماری جماعت کو حجاز سے کچھ لینا منظور نہیں ہم حجاز کو کچھ نہ کچھ دینے آئے ہیں، یہاں سے سوائے جنت کے کچھ لینا نہیں چاہتے ، ہم کو حجاز مقدس میں حکومت کا شوق نہیں ہے، اگر جاروب کشی اور گندگی اور میلا اٹھانے والوں کی ضرورت ہو تو ہم فخر کے ساتھ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی یہ خدمت قبول کر کے نجات دارین حاصل کریں گے جہاں تک ہم نے تحقیقات کی ہے، کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ شیخ ابوالعزائم کی اس گفتگو کو ہم جھوٹ سمجھیں اور سلطان کے مقربین میں سے جن سے اس کا ذکر کیا گیا ایک نے بھی اس کی تردید نہیں کی۔

آخری ملاقات

گو سلطان سے اس کے بعد بھی کئی دفعہ مختلف موقعوں پر ملاقاتیں ہوئیں مگر ان میں معاملات کے متعلق کوئی باضابطہ گفتگو نہیں ہوئی اس لئے ان کا ذکر ضروری نہیں، آخری ملاقات موتمر کے ختم ہونے کے بعد مکہ سے روانگی کے دن ۶ جولائی ۱۹۲۶ء کو ہوئی۔

اس ملاقات کا انتظام شیخ عبدالعزیز عتیقی نے کیا تھا اور وہی لے کر ہم سب لوگوں کو جن میں ارکان جمعیت العلماء بھی تھے۔ سلطان کے پاس گئے سلطان نے نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ہم میں سے ہر ایک کے ساتھ مصافحہ کیا اور رخصت اور وداع کی تقریب سے پر محبت کلمات ادا فرمائے۔ ہم نے ان کی مہمانی اور عنایت کا شکر ادا کیا، سلطان نے کہا ہم مسلمانان ہندوستان کے نہایت ممنون ہیں اور یقین جانئے کہ تمام دنیا کے مسلمانوں میں صرف ہندوستان ہی کے مسلمانوں پر بھروسہ کرتا ہوں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ ان کی تمام کوششیں بے غرضانہ ہیں اور ان کا دل اور زبان ایک ہے میرا خیال تھا کہ حکومت حجاز کے لئے جن اہل فن کی ضرورت ہے، ان کے متعلق میں آپ لوگوں سے درخواست کروں، اس موقع پر ہم لوگوں نے اس خدمت کی بجا آوری کے لئے مستعدی ظاہر کی اور سید عمر صاحب ٹونکی کا نام پیش کیا جو اتفاق سے اس سال حج میں جرمنی سے برقیات کی تکمیل کر کے آئے تھے، سلطان نے نہایت خوش ہو کر ان سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی اور شیخ عتیقی کو حکم دیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ وہ سید عمر صاحب کو بلا کر لائیں۔

اسی سلسلہ میں ہم نے مسعیٰ میں اونٹوں کے بٹھانے سے جو تنگی ہو جاتی ہے اور حاجیوں کو تکلیف ہوتی ہے، اس کی طرف توجہ دلائی سلطان نے کہا کہ یہ امر خود ہمارے ذہن میں تھا، مسعیٰ کا میدان اس سے پہلے بہت زیادہ تھا، مگر لوگوں نے قبضہ کر کے اپنے مکانات بنا لئے اور موجودہ میدان بہت تنگ ہو گیا ضرورت ہے کہ اس کو وسیع کیا جائے، پھر ہم نے رمی میں اونٹوں کے بے تحاشہ دوڑنے کے متعلق عرض کیا کہ اس سے حاجیوں کو بہت تکلیف ہوئی، سلطان نے کہا بیشک اس سے حاجیوں کو تکلیف ہوئی، اسی لئے ہم نے یہ ارادہ کیا ہے کہ آئندہ علماء سے اس بارہ میں فتویٰ طلب کریں اور آئندہ اونٹوں پر سوار ہو کر رمی کرنے سے لوگوں کو روک دیں تاکہ عام حاجیوں کو تکلیف نہ ہو، اسی طرح دوسرے انتظامات کا تذکرہ آیا۔

آخر میں رخصت ہوتے ہوئے سلطان نے کہا کہ سفر کا تمام سامان مہیا ہو گیا ہے یا نہیں، اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بیان کیجئے ہم نے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ تمام سامان بحمد اللہ مکمل ہو گیا ہے اور انہوں نے پھر کہا کہ ایک چھوٹے سے خیمہ کا ساتھ ہونا بھی ضروری ہے اگر نہ ہو، تو وہ ساتھ کر دیا جائے ہم نے دوبارہ شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس کا سامان بھی ہو چکا ہے اس کے بعد سلطان نہایت گرمجوشی سے ہم لوگوں سے ملے اور ہم ان سے رخصت ہوئے۔

لجنہ تحضیریہ میں شرکت

موتمر سے انعقاد کے پہلے غالباً سید رشید رضا صاحب نے مجلس استقبالیہ کی طرف سے موتمر کا ایک نظام اور دستور العمل تیار کیا تھا ہمارے پہنچنے کے تیسرے دن ۱۶ ذی قعدہ ۱۳۴۴ھ کو حافظ وہبہ صاحب کا خط وفد کے نام آیا کہ موتمر سے پہلے موتمر کے نظام وقواعد پر غور کرنے کے لئے ایک مجلس بنام لجنہ تحضیریہ مقرر کی گئی ہے۔ جس میں ہر وفد کی طرف سے ایک ایک ممبر شریک ہوگا۔ اس وقت تک صرف جاوہ اور ہندوستان کے وفود پہنچے تھے، اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بناء پر مولانا کفایت اللہ صاحب (جمعیت العلماء ہند) مولوی ثناء اللہ صاحب (اہل حدیث کانفرنس) سید سلیمان صاحب (مجلس خلافت) حاجی منصور (شرکت الاسلام جاوا) سید رشید رضا (رکن خاص) حافظ وہبہ (ناظم مجلس استقبالیہ نمائندہ حکومت) دار بانا جہ میں تین دن تک بعد نماز عصر جمع ہو کر پیش کردہ نظام نامہ پر مباحثہ اور تبادلہ خیالات کرتے رہے اور خلافت جمعیت کے نمائندوں نے نظامنامہ کے ان واقعات کے متعلق ترمیمیں پیش کیں جو موتمر یا اسلامی جمہوریہ کے اقتدار اور قوت کو منحصر یا بہت محدود کرتے تھے، خصوصاً اسلامی مما لک والوں کو نیابت اور نمائندگی کو آبادی اور تعداد کے اصول پر پیش کیا، مگر افسوس کہ کثرت رائے نے ہمارا ساتھ نہ دیا اگر اس وقت یہ چیز طے ہو جاتی تو موتمر کے دن اس میں برباد نہ جاتے، بہر حال اس لجنہ تحفیر یہ کا کام تین دن جاری رہا اور اس میں نظامنامہ کے آدھے حصے پر نظر ثانی کی جاسکی۔

مجلس العلماء

۳۱ مئی ۱۹۲۶ء کو ہمارے وفد کو سرکاری اطلاع دی گئی کہ کل بعد ظہر علماء کا ایک جلسہ دار بانا جہ میں اس غرض سے منعقد ہوگا کہ بعض مذہبی مسائل میں باہم گفتگو کی جائے، اس مجلس میں مصر، شام، فلسطین، سوڈان، جاوا اور ہندوستان کے وفود کے علاوہ جو اس وقت تک پہنچ چکے تھے، ہندوستان اور دیگر ملکوں کے عام علماء کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی تھی، جن میں اہل حدیث کی تعداد خاصی تھی، ہمارے وفد کے تمام ارکان نے بھی شرکت کی، سلطان کی تقریر سے جلسہ کا آغاز ہوا، اس تقریر میں یہ کہا گیا تھا کہ ہم تمام مسلمانوں کا یہ فرض ہے کہ ہم کتاب وسنت کو مضبوط پکڑیں اور اپنے فرقہ وارانہ خیالات کو چھوڑ کر کتاب وسنت پر متحد ہو جائیں۔ ان کے بعد رشید رضا صاحب نے تقریر کی جس میں سرتا پا اہل نجد کی مداحی تھی اور ان کو روئے زمین کا بہترین مسلمان قرار دیا گیا تھا بعد ازاں مصر وشام اور سوڈان کے علماء نے یکے بعد دیگرے اٹھ اٹھ کر سلطان کی تعریفیں کیں اور ان کی دعوت پر لبیک کہا، محمد علی صاحب نے اٹھ کر کہا کہ ہم اسی کتاب وسنت کے نام پر آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ آپ ملوکیت چھوڑ کر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

جمہوریت اختیار کیجئے اور قیصر و کسریٰ کے بجائے صدیق وفاروق رضی اللہ عنہما کی سنت اختیار کیجئے ، مولوی عبد الحلیم صاحب (جمعیۃ العلماء) نے اسلام کے دوسرے فرقوں کے ساتھ رواداری کی ضرورت ظاہر کی اور اس کی شکایت کی کہ بعض اہل نجد دوسرے مسلمانوں کو ذرا ذرا سی بات پر کافر ومشرک کہہ بیٹھتے ہیں، مولانا کفایت اللہ صاحب (جمعیۃ العلماء) نے اس کی تائید میں تقریر کی، اس پر سلطان اور ابن بلیہد قاضی القضاۃ نے مشتعل ہو کر اس کا جواب دیا اور افسوس ہے کہ ہندوستان کے اہل حدیث اصحاب نے شور وشغب برپا کیا اسی اثناء میں سید سلیمان صاحب نے کھڑے ہو کر اسلامی رواداری کے متعلق تقریر کی اور کہا کہ ہم کو معلوم ہوا ہے کہ اہل نجد یہاں معمولی باتوں پر مثلاً سگریٹ اور حقہ پینے پر لوگوں کو مارتے ہیں اور ذرا ذرا سی بات پر تشدد کرتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں ہے۔ اسی طرح سنا ہے کہ رمضان میں تراویح دو تین روز تک ۲۰ رکعت پڑھی گئی اور اس کے بعد حکماً سب کو آٹھ رکعت پڑھنے پر مجبور کیا گیا۔ سلطان نے کہا کہ صحیح نہیں میں نے خود کئی روز تک بیس رکعت تراویح پڑھی۔ مگر بعد کو مکہ کے دو کاندار میرے پاس آئے اور کہا کہ ہم لوگ کاروباری آدمی ہیں۔ بیس رکعت پڑھنے میں وقت زیادہ لگتا ہے اس لئے آٹھ رکعت پڑھنے کی اجازت دیجئے۔ اس پر ہم نے عمل کیا اور اس کے بعد عبد اللہ شیبی، سید حسین نائب حرم وغیرہ چند سرکاری مکی اشخاص جو موجود تھے انہوں نے اس کی تائید کی پہلا اجلاس اس طرح ختم ہو گیا۔

دوسرے دن پھر بعد نماز ظہر اس مجلس کا جلسہ ہوا سلطان اس دن شریک نہ تھے سب سے پہلے سید سلیمان صاحب نے مسئلہ مقابر و مآثر پر ایک پرزور تقریر کی اور آیات وحدیث اور تاریخ وسیر کے حوالے سے اپنے مدعا کو ثابت کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہاں مجلس خلافت کی طرف سے تین باتیں لے کر آئے ہیں۔

اول یہ کہ کتاب وسنت پر عمل کے ساتھ ساتھ ان امور میں وسعت دینی چاہئے جن میں خود صحابہ وتابعین مختلف تھے، مقرر نے اس کی متعدد مثالیں احادیث اور عمل صحابہ سے پیش کیں پھر کہا کہ

دوسری چیز یہ ہے کہ کتاب وسنت کے نتائج کا سب سے پہلا منظر خود حکومت کو ہونا چاہئے کہ طرز اول کے مطابق خلیفہ کا انتخاب شرعی اور وراثت سے پاک ہو۔

تیسری چیز مقابر و مآثر کا مسئلہ ہے اس مسئلہ میں یہ بات جان لینا چاہئے کہ یہاں دو چیزیں ہیں، مقابر و مآثر اور ان دونوں کے احکام الگ الگ ہیں، مسئلہ مقابر کی نسبت اس پر سب کا اتفاق ہے کہ احادیث صحیحہ میں بنا علی القبور اور تخصیص قبور وغیرہ کی ممانعت آئی ہے۔ گو ایک مختصر فریق کے نزدیک اس کا معنی کچھ اور ہوں، اس بنا پر اگر سلطان تمام دنیائے اسلام کے علماء کے فیصلہ کا انتظار کرتے، تو یقیناً ان کو ناامیدی نہ ہوتی اور اس طرح ذمہ داری بجائے ان کی ذات کے یا اہل نجد کے تمام دنیائے اسلام پر بٹ جاتی۔ مآثر کا سلسلہ اس سے الگ ہے، مآثر سے مراد وہ مقامات ہیں جن کو انبیاء یا صحابہ کی طرف کسی حیثیت سے نسبت ہے، قرآن و حدیث اور آثار سلف میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو ان مآثر پر عمارتوں کے بنانے یا مساجد بنا دینے سے منع کرتی ہو، بلکہ قرآن پاک، احادیث، سیر اور آثار میں ایسے مآثر کا ذکر ہے، اس بناء پر ان مآثر کی عمارتوں کو منہدم کرا دینا شدت اور غلو کے سوا کوئی شرعی توجیہ نہیں رکھتا، ہم کو معلوم ہے کہ جاہل مسلمان وہاں بعض غیر شرعی اعمال کرتے ہیں، ان اعمال کو روکنا چاہئے تھا یا یہ عمارتیں یا بعض عمارتیں جو غیر شرعی طور پر یا غیر مستند مواقع پر بنائی گئی تھیں۔ ان کی تصحیح کی جاتی۔ مثلاً مولد نبوی کی موجودہ شکل یقیناً صحیح نہ تھی مگر زمانہ سلف میں اس کی شکل مسجد کی تھی، جس میں نماز پڑھی جاتی تھی مگر موجودہ شکل حقیقی مولد کے کمرہ کی بنائی گئی تھی، جو صحیح و مستند نہ تھی اس کی تصحیح کر دینی چاہئے تھی اور غلاف کٹھرہ، سنگ مرمر کی سل وغیرہ ہٹائی جا سکتی تھی، مگر نفس عمارت کو توڑ ڈالنا شدت اور غلو کی انتہا ہے، مقام ابراہیم، صفا و مروہ، چاہ زمزم وغیرہ تمام آثار و مآثر ابراہیمی ہیں، کیا ان کو بھی منہدم کر دیا جائے گا، غرضیکہ ایک مفصل تقریر تھی اور اس تقریر کا کسی نے کوئی جواب نہیں دیا جب کہ رشید رضا صاحب نے اٹھ کر کہا کہ چونکہ ہم اتحاد کے طالب ہیں۔ اس لئے بہت سی باتوں کا جواب دینا نہیں چاہتے اور دو ایک عالموں نے وعظ کے رنگ میں تقریریں شروع

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیں تو حافظ وہبہ نے کہا کہ ہم یہاں شاعری کے لئے نہیں آئے ہیں ہم کو کام کرنا ہے، اس لئے بہتر ہے کہ ہم پانچ چھ آدمیوں کی ایک کمیٹی بنالیں جو موتمر سے پہلے نظامنامہ مرتب کرے سید سلیمان صاحب کی میں اس تجویز میں یہ ترمیم چاہتا ہوں کہ اس مجلس میں وہی ارکان وفود منتخب ہوں، جو کسی جماعت یا جمعیت کے باقاعدہ نمائندہ ہوں، ماضی ابوالعزائم صاحب (مصری) نے اس کی تائید کی، سید رشید رضا اور ان کے بعض دیگر رفقا نے اس ترمیم کی مخالفت کی محمد علی صاحب اور شوکت علی صاحب نے حافظ وہبہ کی اس نفس تجویز کی مخالفت کی اور کہا کہ اس مجلس کو اس قدر مختصر نہ بنایا جائے بلکہ اس کو وسیع رکھنا چاہئے اور ہر شخص کو اس میں موقع دینا چاہئے بہر حال یہ جلسہ بلا نتیجہ ختم ہو گیا اور پھر موتمر سے پہلے کوئی باقاعدہ جلسہ نہ ہو سکا۔

جنت البقیع کے مزارات کا انہدام

۲۶ مئی کو اکبر جہاز ساحل پر لنگر انداز ہوا، اس وقت سب سے پہلی جو وحشت ناک اور جگر گداز خبر ہمیں موصول ہوئی وہ جنت البقیع اور دیگر مقامات کے مزارات کے انہدام کی تھی لیکن ہم نے اس خبر کے قبول کرنے میں تامل کیا، اس لئے کہ سلطان ابن سعود خلافت کمیٹی کے دوسرے وفد کو تحریری وعدے دے چکے تھے کہ وہ مدینہ منورہ میں تمام مبانی مآثر کو پانی اصلی حالت پر باقی رکھیں گے اور ان میں کسی قسم کا تغیر روا نہ رکھیں گے، جب تک کہ موتمر اسلامی کوئی آخری فیصلہ نہ کر دے اس مضمون کا ایک بلاغ بھی سلطان نے دوسرے وفد کو لکھ کر دیا تھا، جسے ہندوستان میں شائع کیا گیا اور جس کی وجہ سے ملک میں امن و سکون پیدا ہو گیا تھا۔ سفیر ایران کو تو وہ ایک تحریر بھی لکھ کر دے چکے تھے۔ جس میں انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ نہ صرف مدینہ منورہ کے مزارات کی حفاظت کی جائے گی بلکہ اگر دنیائے اسلام مکہ معظمہ کی منہدم شدہ عمارات کو دوبارہ بنوانا چاہے تو ان کی طرف سے کوئی مزاحمت نہ ہو گی۔

جب تیسرا وفد حجاز گیا، تو اس سے سرکاری طور پر کہا گیا کہ مکہ کی مساجد اور مقابر کی تعمیر اور مقابر کے تحفظ کے متعلق احکامات صادر ہو گئے ہیں اور مدینہ کے مآثر کا پورا احترام و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تحفظ کیا جائیگا اور سلطان نے اپنے بیٹے امیر محمد کو ایک خط لکھا کہ وہ مدینہ میں کوئی ایسا واقعہ پیش نہ آنے دیں، جس کی وجہ سے دنیائے اسلام میں انتشار اور ہیجان پیدا ہو اور مدینہ منورہ کے مآثر ومقابر کے باب میں وفد خلافت کے مشورہ کے موافق کام کریں۔

لیکن جدہ پہنچ کر ہم نے سب سے پہلے ایک رکن حکومت شیخ عبدالعزیز عتیقی سے جب اس خبر کی حقیقت دریافت کی تو انہوں نے تصدیق کی اور یہ فرمایا کہ نجدی قوم بدعت اور کفر کے استیصال کو اپنا پہلا فرض خیال کرتی ہے اور اس مسئلہ میں وہ دنیائے اسلام کے مصالح کی کوئی پرواہ نہیں کرے گی خواہ دنیائے اسلام خوش ہو یا ناراض۔

مکہ پہنچ کر جب ہم نے سلطان سے اس مسئلہ میں گفتگو کی تو انہوں نے جو جواب دیا وہ ہمیں مطمئن نہیں کر سکا اور نہ دنیائے اسلام کی اکثریت کو مطمئن کر سکتا ہے، جیسا کہ ہم دوسرے مقام میں اس بحث کی تفصیل لکھ آئے ہیں۔

اس سلسلہ میں سب سے زیادہ دلچسپ وہ فتویٰ ہے جسے علماء مدینہ کے نام سے ام القریٰ نے شائع کیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ قبوں کے ہدم کا فتویٰ خود اہل مدینہ نے دیا تھا لیکن مدینہ پہنچ کر جب ہم نے اس کی تحقیقات کی تو جو انکشافات ہوئے ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اس فتوے کی حقیقت کے متعلق جو حالات ہم سے بیان کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں کہ قاضی عبداللہ بن بلیہد جب مدینہ منورہ پہنچے تو انہوں نے علماء مدینہ کو اپنے مکان میں بلوایا، علماء مدینہ ان کے مکان پر جمع ہو گئے، تو قاضی عبداللہ بن بلیہد مکان کے اندر تھے ان کے حقیقی بھائی حمد بن بلیہد پہلے باہر نکلے اور علماء مدینہ کو ان الفاظ سے مخاطب کیا۔

یا اهل حجاز انتم اشد کفرامن هامان و فرعون نحن قاتلنا کم مقاتلة المسلمین مع الکفار، انتم عباد حمزه و عبد القادر۔

علماء مدینہ نے کہا کہ ہم سوائے خداوند قدوس کے کسی کی پرستش نہیں کرتے اور ہم بحمداللہ مسلمان اور مومن ہیں۔

اس کے جواب میں حمد بن بلیہد نے کہا کہ کفار بھی بالکل ایسا ہی کیا کرتے تھے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

''مانعبد هم الا لیقربونا الی اللّٰه زلفی'' کہہ کر اپنی بت پرستی اوز کفر نوازی سے انکار کیا کرتے تھے۔

علماء مدینہ نے اس اعتراض کا جواب دیا مگر حمد بن بلیہد نے جواب کی طرف کوئی توجہ نہیں کی کہا جاتا ہے کہ وہ علماء مدینہ کو سخت الفاظ سے مخاطب کرتے رہے۔

اس کے بعد قاضی عبداللہ بن بلیہد تشریف لائے تو انہوں نے علماء مدینہ سے حسب ذیل مسائل کے متعلق سوالات کیے۔

(۱) کیا قبروں پر قبے تعمیر کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اگر جائز ہے تو اس کا ثبوت لاؤ اور اگر جائز نہیں تو ان کا ہدم ضروری ہے یا نہیں۔

(۲) غیر اللہ کی ندا کرنے والے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

(۳) قبروں پر چراغ جلانا، چادریں چڑھانا اوران کا طواف کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے جو لوگ ان افعال کا ارتکاب کرتے ہیں وہ مسلمان ہیں یا مشرک؟

علماء مدینہ نے ان سے گزارش کی کہ ہم آپس میں مشورہ کرکے آپ کو جواب دیں گے اس پر عبداللہ بن بلیہد قاضی القضاۃ نے سخت لہجہ میں فرمایا، کیا تم اب جا کر پڑھو گے اور پھر جواب دو گے، مگر علماء مدینہ نے کہا کہ ہم بغیر کسی مشورہ کے کوئی جواب نہیں دے سکتے چنانچہ انہیں مہلت دی گئی اور دوسرے دن علماء مدینہ نے باہمی مشورہ کے بعد قاضی القضاۃ صاحب کو حسب ذیل جواب دیا۔

آپ اپنے استفتا میں سے مسئلہ قباب کے علاوہ باقی تمام مسائل کو حذف کر دیجئے کیونکہ ان مسائل میں کوئی شخص بھی آپ سے اتفاق نہیں کرے گا ہم میں سے کسی ایک شخص کا بھی یہ خیال نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو کافر یا مشرک کہنا روا رکھتا ہے۔

مسئلہ قباب کے متعلق علماء مدینہ کی دو جماعتیں تھیں، ایک جماعت کا یہ خیال تھا کہ قبوں کی تعمیر شرعاً ممنوع نہیں جسے انہوں نے قاضی صاحب کے سامنے بڑی جرأت کے ساتھ ظاہر کیا اسی جماعت میں مولانا عبدالباقی صاحب فرنگی محلی تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E ISLAMIA ACADEMY

دوسری جماعت کا خیال یہ تھا کہ اگرچہ تعمیر قباب جائز نہیں، مگران کا ہدم بھی غیرضروری ہے۔اس لئے کہ ان کے گرادینے سے ساری دنیائے اسلام میں ایک زبردست شورش پیدا ہو جائے گی جو مسلمانان عالم کے تشتت اور تفریق کا باعث ہوگی اور بجائے اس کے کہ دنیائے اسلام کو حجاز کے ساتھ کوئی ہمدردی ہو، سخت بیزاری پیدا ہو جائے گی اور اس کے خطرناک نتائج اہل حجاز اور حکومت حجاز دونوں کے لئے بدترین ثابت ہوں گے۔

ان مسائل میں قاضی عبداللہ بن بلیہد اور علماء مدینہ کے درمیان بڑی دیر تک بحث و مباحثہ ہوتا رہا ان کے ضمن میں مسئلہ حیات النبی بھی آیا۔جس کے متعلق علماء مدینہ نے اپنے عقائد وخیالات کا صاف صاف اظہار کیا۔مگر معاملہ بحث ودلائل کی حد سے باہر تھا، قاضی عبد اللہ بن بلیہد نجدی قوم میں بہت زیادہ ہوشیار اور دور حاضر کی موجودہ سیاست کے زبردست ماہر مانے جاتے ہیں، دوسرے دن انہوں نے یہ صورت اختیار کی کہ جو علماء ان کی مخالفت میں زیادہ پیش پیش تھے انہیں چھوڑ کر باقی علماء کو بلوایا اور انہیں دھمکا کر یہ کہا کہ تم کو ہی لکھنا ہوگا جو ہم چاہتے ہیں، مشاہیر علماء میں سے جن کو مدعو کیا گیا تھا مولانا عبدالباقی اور علامہ داغستانی کے سوا باقی حضرات نے بادل ناخواستہ دستخط کر دیئے اور اس کے بعد وہ سب کچھ ہو گیا جس کی وجہ سے آج ساری دنیائے اسلام میں ہیجان اور اضطراب پیدا ہو گیا ہے۔

یہ ہے علماء مدینہ کے فتوے کی حقیقت جسے ''ام القریٰ'' میں شائع کرکے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ علماء مدینہ بھی ہدم قباب کے موافق تھے۔

قباب کے انہدام کے متعلق جو بیان عمال حکومت کے ذریعہ سے ہم تک پہنچا ہے وہ یہ ہے کہ قاضی عبداللہ بلیہد جب مدینہ منورہ میں پہنچ گئے تو ان کے آنے کے دو چار روز بعد ایک شب کو چند غطغطوں نے حضرت حلیمہ سعدیہ کے روضہ کو گرانا شروع کر دیا۔اس کی اطلاع گورنر کو دی گئی انہوں نے ان غطغطوں کو گرفتار کرالیا اور جیل خانہ بھیج دیا، ان کی گرفتاری کے بعد غطغطوں میں بہت زیادہ جوش پیدا ہوگیا اور تقریباً ستر آدمیوں کا ایک وفد عبداللہ بن بلیہد قاضی القضاۃ کے پاس آیا اور اس نے اس گرفتاری کے خلاف سخت احتجاج

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیا اور یہ مطالبہ کیا کہ گرفتار شدہ غطغطوں کو فوراً رہا کر دیا جائے اور انہیں ان قباب کے توڑنے کی اجازت دی جائے۔ ورنہ ہجومی کارروائیاں کریں گے اور اس کے نتائج بہت خطرناک ہوں گے کہا جاتا ہے کہ قاضی عبداللہ بن بلیہد نے لاسلکی کے ذریعہ سے سلطان کو ان واقعات و حوادث کی اطلاع دی اور سلطان نے ہدم قباب کی اجازت دے دی۔ ہدم قباب کے متعلق جتنی معلومات ہم حاصل کر سکے، اسے بلاکم و کاست ہم نے رپورٹ میں لکھ دیا ہے، سلطان کچھ فرماتے ہیں ان کے اعمال کچھ اور ارشاد فرماتے ہیں اور علماء مدینہ کے بیانات سے حقیقت دوسری معلوم ہوتی ہے، بہر کیف حالات و واقعات کچھ ہی ہوں، سلطان عبدالعزیز کے تمام حتمی اور واجب الایفا وعدوں کے باوجود مدینہ منورہ کے تمام قبے گرا دیئے گئے اور عین اس وقت جبکہ مسلمانوں کی تمام تر توجہ اور کوشش کو ان معاملات پر صرف کرنا چاہیے تھا۔ جن پر مسلمانوں کی زندگی کا دارومدار ہے، عالم اسلامی کو ایک زبردست فتنہ میں مبتلا کر دیا گیا۔

اس سے بھی زیادہ افسوسناک چیز یہ ہے کہ غطغطوں کی اس وحشت سے مکہ معظّمہ کی طرح مدینہ منورہ کی بعض مساجد بھی نہ بچ سکیں اور قباب قبور کی طرح یہ مساجد بھی توڑ دی گئیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

مساجد مدینہ منورہ جن کو توڑا گیا۔

(۱) مسجد فاطمہ متصل مسجد قبا، چھت اور دیواروں کا اکثر حصہ توڑا گیا ہے۔

(۲) مسجد ثنایا (جنگ احد میں جہاں دندان مبارک شہید ہوا تھا، وہاں یہ مسجد بنائی گئی تھی، چھت اور دیواروں کا اکثر حصہ ٹوٹا ہوا ہے۔

(۳) مسجد (چھت اور دیواروں کا اکثر حصہ ٹوٹا ہوا ہے)

(۴) مسجد مائدہ (چھت اور دیواروں کا اکثر حصہ ٹوٹا ہوا ہے)

(۵) مسجد اجابہ (تھوڑی سی دیوار اور قبہ توڑا گیا ہے)

ان میں ان مساجد کو شامل نہیں کیا گیا ہے جن میں قبریں اور قبروں کو مسجد سے علیحدہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کرنے کے لئے مسجد کے بعض حصوں کو توڑا گیا ہے۔

مقابر جو توڑے گئے ہیں ان کی تفصیل صفحہ اگلے صفحات میں درج ہے قبے اور دیواریں کسی کی موجود نہیں ہیں۔

قبریں

- جو دکھائی دیتی ہیں
  - جن کا تعویذ سالم ہے
    - قبر حضرت فاطمہ
      قبر حلیمہ سعدیہ
    - قبور حضرت زینب
      حضرت ام کلثوم
  - جن کے تعویذ کو صدمہ پہنچا ہے یا پہنچایا گیا ہے
    - قبر حضرت عثمان
      حضرت رقیہ
      رضی اللہ عنہم
- جو دکھائی نہیں دیتیں
  - جن کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ مٹی اور کنکر کے نیچے دبی ہوئی ہیں ان کا کوئی نشان نظر نہیں آتا، اس مٹی پر جس کے نیچے ان قبور کا دفن ہونا بیان کیا جاتا ہے مزدوروں نے پتھر اور گارے کے تعویذ بنا دیئے ہیں۔
  - جو بالکل زمین سے ہموار کردی گئی ہیں۔
    قبور اہل بیت
    یہاں ایک چھوٹا سا چبوترہ تھا جس پر تعویذ تھے، تعویذ اور چبوترہ دونوں توڑ دیئے گئے ہیں اور قبروں کی جگہ تختے جڑے ہوئے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۱) مزار ازواج مطہرات (یہ تعداد میں
تھے، اب مٹی پر ایک جدید کچا تعویذ بنا د
(۲) قبر حضرت فاطمہ، صغریٰ بنت حسین
(۳) قبر سیدنا عقیل ابن جعفر صادق
(۴) قبر سیدنا ابراہیم بن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ
(۵) قبر سیدنا عثمان بن مظعون (یہ
البقیع میں سب سے پہلے بنائی گئی
رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان
دست مبارک سے دفن کیا تھا۔)
(۶) قبر حضرت امام مالک
(۷) قبر حضرت نافع، حضرت عبدالرحمن بن
عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص (رضی
اللہ تعالیٰ عنہم) کی قبور کا کوئی نشان موجود
نہیں ہے۔

گنبد خضراء اور مقام ابراہیم پر جو عمارت بنی ہے اس کے انہدام کے متعلق بھی ہم نے بہت گرم افواہیں سنی تھیں، سلطان ابن سعود صاحب اس کی تردید کرتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ ایسا ہرگز نہ ہوگا، سلطان کے گزشتہ وعدوں اور ان کی خلاف ورزی کو پیش نظر رکھتے ہوئے کمیٹی خود فیصلہ کرسکتی ہے کہ کہاں تک ان کے اس قول پر اعتماد کیا جاسکتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

نجدی حکومت کا تعصب مذہبی

یہاں تک جن مشاہدات اور تجربات کا ہم نے ذکر کیا ہے وہ حجاز میں ہر شخصی اور خاندانی حکومت کے یکساں خلاف ہیں لیکن ان کے علاوہ چند مزید وجوہ بھی ایسی موجود ہیں جن کے باعث سلطان نجد کی حکومت حجاز کے لئے خاص طور پر ناموزوں ہے ملک گیری کی ہوس کے علاوہ جو ایک فاتح اور بادشاہ کو دنیا طلب بنا دیتی ہے۔ یہاں تعصب مذہبی اور غلو دینی مستزاد اور ساری اسلامی دنیا کے خلاف جو نجدیوں کی ہم عقیدہ نہیں ہے ایک حرب عقائد چھڑی ہوئی ہے۔ یہ بہت ممکن ہے کہ سلطان عبد العزیز حقیقتاً اپنے دین میں اس قدر غلو کرنے والے اور تشدد کے خواہاں نہ ہوں جتنے کے مشائخ نجد ہیں، لیکن ملک گیری کے لئے جو آلہ ان کے پاس ہے، یعنی قوم نجد اس کو ایک صدی سے زیادہ سے زیادہ یہی سکھایا گیا ہے کہ اس کے علاوہ سب مسلمان مشرک ہیں اور نجدیوں کی گزشتہ صدی کی تاریخ بھی یہی بتاتی ہے کہ ان کے ہاتھ کفار کے خون سے کبھی نہیں رنگے گئے، جس قدر خون ریزی انہوں نے کی ہے، وہ صرف مسلمانوں کی ہے۔ ہم یہاں کوئی مذہبی بحث چھیڑنا نہیں چاہتے۔ لیکن اس قدر کہنا ناگزیر ہے کہ ہم نے نجدیوں کو ان جزئیات دین میں جس میں ان کے اور دوسرے مسلمانوں کے درمیان اختلاف ہے بہت سخت پایا اور وہ ذرا ذرا سی بات پر حجاج کو مشرک کہہ دیتے تھے، حالانکہ بعض افعال کا جن پر مسلمانوں کو یہ خطاب دیا جاتا تھا عقائد سے کوئی بھی تعلق نہ ہوتا تھا، سلطان عبد العزیز کے مذہبی خیالات کچھ ہی کیوں نہ ہوں، ان کی تمام تر قوت یہی لوگ اور ان کی لڑائی پر اسی طرح آمادہ کیا جا سکتا ہے کہ اس ملک گیری کی جنگ کا نام پر جہاد رکھا جائے اور جس ملک کو چھیننا مقصود ہو اس کے لوگوں کو مشرک کہا جائے ہم نے بارہا دیکھا کہ جو حجاج مقام ابراہیم کی جالی کو یا اس کے قفل یا کنڈوں کو چھوتے تھے، ان کو بید سے مارا جاتا تھا اور ''انت مشرک'' کہا جاتا تھا، جو حجاج جنت المعلیٰ میں زیارت قبور کو جاتے تھے ان میں سے اکثر پٹ کر آتے تھے، خود ہم میں سے چند نے حافظ

وہبہ مشیر خاص امیر فیصل سے جو نائب جلالۃ الملک ہیں، پوچھا کہ ہم اور ہمارے ساتھ کی خواتین جنت المعلیٰ میں زیارت قبور کے لئے جانا چاہتی ہیں اس کے متعلق موٹر کا کچھ انتظام ہو سکے گا۔ انہوں نے فرمایا کہ کل صبح موٹر آ جائے گی اور ایک شخص آپ کے ساتھ بھیج دیا جائے گا تاکہ آپ کو آداب زیارت قبور بتائے ہم نے کہا کہ ہم اپنے مذہب کے مطابق ان آداب سے واقف ہیں، تاہم کوئی حرج نہیں ہے اگر آپ کا ایک نمائندہ موجود ہو دوسرے دن صبح کو ہم شیخ عبداللہ بن بلیہد نجدی قاضی القضاۃ مکہ مکرمہ سے ملاقات کرنے گئے واپس ہوتے وقت خیال ہوا کہ جس موٹر کا حافظ وہبہ نے وعدہ کیا تھا اس کو شیخ عبداللہ بن بلیہد صاحب ہی کے مکان پر منگوا لیں۔ چنانچہ وہاں سے موٹر کے لیے ٹیلی فون کیا گیا جواب آیا کہ سلطان آپ کو زیارت قبور کی اجازت نہیں دیتے، اس لئے کہ فساد ہونے کا اندیشہ ہے ہم کو یہ سن کر جس قدر تعجب ہوا اس کا اندازہ کرنا کچھ مشکل نہیں، اس لئے ہم سے صریحاً وعدہ کیا گیا تھا کہ زیارت قبور کے لئے سرکاری موٹر صبح کو آ جائے گی اور ایک نجدی ہمارے ساتھ ہو گا جس کی موجودگی اس امر کی ضامن ہوتی کہ بدعات کا ارتکاب نہ کیا جائے گا ہم نے اس تعجب انگیز جواب کا ذکر شیخ عبداللہ بن بلیہد سے کیا۔ جس پر انہوں نے فرمایا کہ میں خود تمہارے ساتھ چلتا ہوں اور حکم دیا کہ ہمارے لئے سرکاری موٹر ان کے مکان پر بھیج دی جائے اس پر حافظ وہبہ کا جواب ٹیلی فون سے موصول ہوا کہ آج یوم جمعہ ہے موٹر نہیں مل سکے گی۔ لیکن کل یا پرسوں بھیج دی جائے گی نائب مدیر حرم اس وقت موجود تھے انہوں نے ہم سے کہا کہ اس امر کو خوب شہرت دیجئے اس لئے کہ جب لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ نجدی قاضی القضاۃ خود آپ کو زیارت قبور کے لئے لے گئے تو پھر کسی نجدی کی مجال نہ ہو گی کہ اور کسی حاجی کو روکے یا مارے اور حجاج بھی مطمئن ہو جائیں گے۔ ہم نے دوسرے دن موٹر کا انتظار کیا اور کوئی وجہ نہ تھی کہ اس دن موٹر نہ ملتی مگر باوجود کئی بار ٹیلی فون کرنے کے موٹر نہ آئی اس لئے مجبور ہو کر تیسرے دن ہم نے گاڑیوں کا خود انتظام کیا جنت المعلیٰ ہماری قیام گاہ سے تقریباً دو میل کے فاصلہ پر تھی اور ہم اور ہمارے ساتھ کی خواتین میں چند ایسے لوگ تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جو بہ سبب امراض و ناتوانی دھوپ میں اتنی دور کچی ریتلی سڑک پر پیدل نہ چل سکتے تھے اور گو مکہ معظمہ کی گاڑیاں ہندوستان کے یکوں کے برابر بھی آرام دہ نہ تھیں لیکن ان کے استعمال کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ شیخ عبداللہ بن بلیہد کو ٹیلی فون کیا کہ ہم میں سے بعض آپ کے مکان پر آرہے ہیں آپ تیار ہو جائیں تاکہ حسب وعدہ ہم آپ کے ہمراہ جنت المعلیٰ جاسکیں ہم ان کے مکان پر پہنچے تو نوکر نے کہا کہ شیخ صاحب سو گئے ہیں مگر میں نے ٹیلی فون ملتے ہی اطلاع کر دی تھی اور پھر اطلاع کئے دیتا ہوں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم سے پوچھا کہ کیا آپ نے سلطان سے اجازت لے لی؟ گھنٹہ بھر بعد شیخ صاحب خود تشریف لائے اور انہوں نے بھی یہی سوال کیا کہ آپ نے سلطان سے اجازت لے لی؟ ان سے عرض کیا گیا کہ امر مسنون میں کسی کے اذن و اجازت کی کیا ضرورت ہے اور آپ تو خود ہمیں اپنے ہمراہ لے جانے کا وعدہ فرما چکے تھے چونکہ باوجود وعدے کے متواتر تین دن موٹر نہیں ملی اس لئے دوسری سواری کا ہم نے خود بندوبست کر لیا اس پر شیخ صاحب نے فرمایا کہ ہاں میں نے وعدہ کیا تھا لیکن مناسب یہی ہے کہ سلطان سے کہہ کر ایک عام قاعدہ جاری کرا دیا جائے۔ جس سے ہم نے بھی اتفاق کیا چنانچہ چند علماء کی مشاورت کے بعد کچھ قواعد جس میں اوقات اور آداب زیادہ شامل ہیں سلطان کے حکم سے مقرر کر دیئے گئے ہیں اور موتمر کے ختم ہونے سے قبل ہم معہ اپنے ساتھ کی خواتین اور چند دیگر مصری، فلسطینی اور شامی اراکین موتمر کے مولد رسول اللہ ﷺ، مولد حضرت علی کرم اللہ وجہہ دار ارقم اور جنت المعلیٰ وغیرہ دیکھنے کے لئے سرکاری موٹر میں گئے جو چیز خاص طور پر قابل ذکر ہے وہ ہمارے سوال کے جواب میں قاضی عبداللہ بن بلیہد کا قول ہے کہ نجدی بھی یوم جمعہ یا یوم سبت کو اپنے ہاں زیارت قبور کے لئے جاتے ہیں، مگر وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے علاوہ اور مسلمان جو زیارت قبور کو جاتے ہیں وہ شرک کرنے کے لئے جاتے ہیں۔

خود سلطان عبدالعزیز نے جو بات ہم سے اور وفد جمعیت العلماء سے کہی وہ اس سے بھی زیادہ صورت حالات کو بے نقاب کرتی ہے۔

اس ملاقات میں جو جنت البقیع کے ہدم قباب وقبور کے لئے بالخصوص سلطان سے کی گئی تھی۔ہم نے ان سے پوچھا کہ آخراس میں اس قدر جلدی کیوں کی گئی موتمر کا اجلاس تین چار ہفتہ بعد ہونے ہی والا تھا، اس وقت تک انتظار کرنے میں کیا حرج تھا تو سلطان نے فرمایا کہ میری بھی یہی رائے تھی مگر میرے پاس چار ہزار نجدیوں کا (ہم کو معلوم ہوا ہے کہ اس میں بعض مشائخ نجد میں شامل تھے) نجد سے پیغام آیا کہ تم ارض مقدس حجاز کی تطہیر کے لئے یہاں سے گئے تھے عرصہ ہوا کہ مدینہ تمہارے قبضہ میں آ گیا لیکن تم نے اب تک اس کی تطہیر نہیں کی اور قباب اور پختہ قبور اسی طرح موجود ہیں اگر تم یہ کام نہیں کرنا چاہتے یا نہیں کر سکتے تو ہم خود آئیں گے اور ان کو توڑ دیں گے ان کے آنے سے شر وفساد کا اندیشہ تھا، اس لئے میں نے خود ہی اس کام کو کر دیا۔محمل کا واقعہ جس میں اس محمل پر جو سلطان کی اجازت سے مصر سے آیا تھا اور جس کے ساتھ بینڈ سلطان کے کہنے سے جدہ ہی میں چھوڑ دیا گیا تھا،صورت حالات کو اور بھی نمایاں کر دیتا ہے فوجی بگل پر نہ سلطان کو نہ علماء نجد کی جانب سے کوئی اعتراض تھا، لیکن محمل کو صنم قرار دیا گیا اور بگل کو مزامیر میں داخل سمجھا گیا ،یہی نہیں بلکہ محمل اور مصری فوج اور اس کے افسروں پر منیٰ کے باہر پتھر برسائے گئے۔ حکومت سلطان کی جانب سے جو لوگ محمل کے ساتھ تھے، ان کے منع کرنے کی کچھ پرواہ نہ کی گئی اور نہ سلطان کے بیٹوں اور خود ان کے باز رکھنے سے نجدی باز آئے اور باوجود آیت کریمہ لا رفث ولا فسوق ولاجدال فی الحج مسلمانوں کے ہاتھ سے مسلمانوں کا خون منحر منیٰ کے پاس بہا، اگر مان بھی لیا جائے کہ سلطان عبد العزیز کو اپنے مذہب کی جزئیات میں غلو وتعصب نہیں وہ تشدد کو پسند نہیں کرتے ،تب بھی ان واقعات سے صاف ظاہر ہے کہ نجدی قوم اب ان کے بس کی نہیں رہی اور جو تعصب وتشدد کا سبق اس کو ایک صدی سے زائد عرصہ پڑھایا گیا ہے اس کا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ ان امور میں سلطان نجد ان پر حکمران نہیں بلکہ زمام حکومت حجاز خود ان کے ہاتھ میں ہے اور طوعاً نہیں تو کرہاً سلطان کو ان کی ناز برداری کرنا پڑتی ہے قباب اور تجصیص قبور یا محمل کے بارے میں تو ایک حد تک یہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ نجدی اپنے سوا اور مسلمانوں کو کیوں مشرک سمجھتے ہیں۔ لیکن تمباکو پینے یا لبوں کے نہ کتروانے سے نجدیوں کے نزدیک آدمی کیونکر مشرک ہو جاتا ہے یہ بات سمجھ میں آنا مشکل ہے۔

۱۳۴۳ھ کے حج کے موقع پر مجالس خلافت اور جمعیت العلماء کے نمائندے مکہ معظّمہ میں تھے اور جو رپورٹ نمائندگان مجالس خلافت نے اپنی واپسی پر شائع کی ہے اس میں متعدد واقعات اس قسم کے درج ہیں کہ نجدیوں نے لوگوں سے سگریٹ پینے پر سخت کلامی کی اور بات بڑھ جانے پر ان کو مارا، ان واقعات میں پہلا واقعہ باب السلام کے ایک کتب فروش کا تھا، جس کی مونچھیں بڑی تھیں، نجدی نے انہیں پکڑ کر کہا کہ یہ مشرکانہ مونچھیں کیسی ہیں اس پر کتب فروش کو غصہ آ گیا اور اس نے بھی سخت کلامی کی اور دونوں میں جنگ ہوگئی جس میں کتب فروش کے دو چوٹیں لگیں نمائندگان مجالس خلافت اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ ہم خود موقع پر پہنچ گئے اور اس شخص کا نام اور چوٹوں کے نشانات لکھے اس کا بیان قلم بند کر لیا اور حافظ وہبہ گورنر مکہ کو دکھلا کر انہیں توجہ دلائی کہ وہ اس قسم کے واقعات کا انسداد کریں، دوسرے دن اسی باب السلام میں ایک دوسرا واقعہ پیش آیا گو وہ سگریٹ پینے کے متعلق نہ تھا اور نمائندگان خلافت نے اس واقعہ کی بھی اطلاع حافظ وہبہ صاحب کو کر دی اس کے بعد بھی چند واقعات کا ذکر ہے، بالآخر وہ تحریر کرتے ہیں کہ ہم نے حافظ وہبہ گورنر مکہ کو بذریعہ ٹیلی فون اطلاع دی کہ وہ بہت جلد قیام گاہ پر تشریف لائیں تا کہ واقعات کے آئندہ انسداد کے متعلق مشورہ کر کے کوئی فیصلہ کیا جائے۔ چنانچہ اسی وقت حافظ وہبہ تشریف لائے ہم نے بہت زور کے ساتھ ان سے کہا کہ آپ بہت جلد انتظامات کیجئے تا کہ آئندہ اس قسم کا کوئی حادثہ پیش نہ آئے۔ حافظ وہبہ نے سلطان عبد العزیز سے مل کر نہایت اچھا انتظام کیا، سگریٹ فروشی کے متعلق ہم نے حافظ وہبہ سے کہا کہ آپ اس میں اصلاحات کریں اور اہل مکہ کو اس کے ترک کرنے کے لئے مفید مشورے دیں۔ لیکن سوائے حکومت کے دوسرے شخص کو کیا حق ہے کہ وہ کسی شخص کو سگریٹ پیتا ہوا دیکھ کر اسے سزا بھی دے دے؟ حافظ وہبہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے فرمایا کہ جس بدو نے کسی سگریٹ پینے والے کو مارا ہے۔ تحقیقات کے بعد اسے انشاء اللہ قرار واقعی سزا دی جائے گی اس لئے کہ کسی قانون کی خلاف ورزی کی پاداش میں کسی مجرم کو حکومت ہی سزا دے سکتی ہے، باوجود نمائندگان مجالس خلافت کی ان مساعی اور حکومت کے ان وعدوں کے بظاہر نجد کا ہر بدو اپنے آپ کو اس کا مجاز سمجھتا ہے کہ سگریٹ نوشی یا اسی قسم کے افعال پر لوگوں سے سخت کلامی کرے اور اگر سختی کا سختی سے جواب دیا جائے تو ان کو مارے اور حکومت کی طرف سے مجرم کو خود سزا ہی کرے بظاہر یہ چیز اتنی عام ہے کہ جس وقت محمل کا واقعہ پیش آیا اس کے آدھ گھنٹہ کے اندر ہی جو خبر سارے منیٰ میں گرم تھی وہ یہ تھی کہ کسی نجدی نے مصری فوج کے کسی آدمی کو سگریٹ پیتے دیکھ کر اسے ''انت مشرک'' کہا اور مارا جس پر نجدیوں اور مصری فوج میں لڑائی چھڑ گئی واقعہ سگریٹ نوشی سے متعلق نہ تھا لیکن بظاہر اس قسم کے واقعے اکثر پیش آتے رہتے تھے اور لوگوں نے قرین قیاس سمجھا کہ نجدیوں نے سگریٹ نوشی کو اپنے عقیدے کے مطابق حرام سمجھا، حالانکہ پینے والے کے مذہب میں وہ بالکل مباح تھا اور خود ہی کوتوال اور خود ہی قاضی بن کر خود ہی حد شرعی بھی مجرم پر قائم کر دی۔

ہم کو معلوم ہوا ہے کہ شہداء میں دو بنگالیوں کو سگریٹ پینے پر نجدیوں نے اس قدر مارا کہ وہ بے ہوش ہو گئے، اسی حالت میں وہ مکہ مکرمہ میں لائے گئے اور حکومت ہند کی طرف سے جو ہسپتال وہاں تھا اس میں ان بنگالیوں نے بے ہوشی ہی کی حالت میں جان دے دی اور ہم کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ برطانوی قنصل متعینہ جدہ اس بارے میں کوئی کارروائی کر رہا ہے۔

حجاز پر فقط سلطان نجد کی نہیں بلکہ کل قوم کی بادشاہت

ہمارے دوران قیام میں م حجاج نے متعدد بار ہم سے نجدیوں کے تعصب اور تشدد کی شکایت کی۔ لیکن ہم کو نہیں معلوم کہ حکومت نے کسی مجرم کو بھی سزا دی ہو ان کی پولیس نے خود ہمارے وفد کے کاتب اختر علی صاحب کو حرم شریف میں صرف اس قصور پر گرفتار کر کے حوالات میں ڈال دیا کہ پولیس والے حرم شریف میں سونے والوں کو بید مار مار کر اٹھا رہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

تھے تو انہوں نے محض از راہ ترحم ان کو سمجھایا کہ لوگوں کو حرم پاک میں اس طرح نہ مارنا چاہیئے اس کہنے پر پولیس والے نہایت برافروختہ ہوئے اور کہا تم بڑی وکالت کرنے والے آئے ہو، چلو تم بھی حوالات میں داخل ہو اور یہ کہہ کر انہیں حوالات میں ڈال دیا۔ بند کرنے کے بعد ان کی داڑھی بھی نوچی، لیکن ہم نے نہیں سنا کہ کسی ایسے نجدی کو بھی زیادہ اختیارات استعمال کر کے اپنے نزدیک ایک سگریٹ پینے والے یا زیارت قبور کرنے والے مجرم کو سزا دی ہو حقیقت یہ ہے کہ اہل نجد جو جزئیات فقہ وعقائد میں غلو ہی نہیں ہے بلکہ وہ اپنے آپ کو مجاز سمجھتے ہیں کہ جس چیز کو وہ مل کر سمجھیں اس کی نہی سے گزر کر اس پر خود ہی ایک من گھڑت حد شرعی قائم کر دیں۔ اور ملزم کو سزا بھی دے دیں آج حجاز پر فقط سلطان نجد کی حکومت نہیں ہے، بلکہ علمائے نجد اور نجدی قبائل بھی حجازیوں پر حکمران ہیں، ہم نے مذہبی تعصب اور طواف وسعی وزمزم اور راستوں میں ایک حد تک مجرمانہ غفلت کے سوا اہل نجد کی کوئی اور شکایت نہیں سنی، استحصال بالجبر اور عورتوں پر دست درازی وغیرہ سے جہاں تک ہم کو علم ہے ان کا دامن بالکل پاک ہے، لیکن اس فرق کو ملحوظ رکھنے کے بعد یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ وہ باتوں میں اپنے قلمرو میں دول یورپ کی استعماری فوج کی طرح محکوم قوم پر اپنے کو حکمران اور اس کو اسی طرح حقیر سمجھتے ہیں اور اس اپنے خود ساختہ قانون کا نفاذ کرنے میں اپنے آپ کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں موجودہ نظام حکومت کو اگر حجاز میں قائم رکھا گیا تو اس صرف یہی معنی نہ ہوں گے کہ ایک نجدی بادشاہ کی شخصی اور خاندانی حکومت اہل حجاز پر قائم ہوگئی بلکہ ایک بڑی حد تک اس کے یہ بھی معنی ہوں گے کہ ایک پوری ایسی قوم کی حکومت ایک اور قوم کے ہاتھ میں ہوگئی جسے حاکم قوم اپنے سے ذلیل تر بلکہ شرک کے گناہ عظیم کی مجرم سمجھتی ہے اور اپنے ہر فرد کو مجاز سمجھتی ہے کہ وہ محکوم مجرم قوم کے ہر فرد کو جب جی چاہے اور جس طرح جی چاہے سزا دے لے، ملوکیت کی مصائب سے تو پہلے بھی ایک دنیا واقف تھی مگر دول یورپ کے استعمار نے ہم جیسی محکوم قوموں کو ان زیادہ تکلیف دہ اور گوناگوں مصائب سے بھی آشنا کر دیا ہے جو ایک محکوم قوم کو اس حالت میں برداشت کرنا ہوتی ہیں جبکہ ان پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ایک دوسری قوم مسلط ہو اور بجائے ایک بادشاہ کے وہ قوم کی قوم ان پر بادشاہت کرے، فرق صرف اس قدر ہے کہ دول یورپ کو صرف اپنی دنیوی برتری کا گھمنڈ ہوتا ہے اور یہاں حاکم قوم کو محکوم قوم پر تفوق دینی کا بھی غرور ہے اور اس بنا پر وہ محکوم قوم کو خسر الدنیا والآخرہ کے دوگونہ عذاب میں مبتلا سمجھتی ہے۔

امور دنیوی میں بھی عدم مساوات

دنیوی امور میں بھی حجاز کی نجدی حکومت مساوات کو ملحوظ نہیں رکھتی، چنانچہ جہاں تک ہمیں علم ہے نجدی حجاج سے وہ محاصل نہیں وصول کئے گئے جو باقی دنیائے اسلام کے حجاج سے وصول کئے گئے تھے اور جن کی روز افزوں اور بالکل غیر متوقع ترقی سے حجاج نالاں تھے، طواف، استلام، مقام ابراہیم، پر ادائیگی نوافل، زمزم، منیٰ اور سعی ورمی، جمار وغیرہ میں حاکم اور محکوم قوموں میں ایک حد تک اسی طرح کا فرق نظر آتا تھا جو ہندوستان میں گوروں اور کالوں میں نظر آتا ہے اور حال میں باوجود موتمر کی سبجیکٹ کمیٹی کے فیصلہ کے جو قانون اسلحہ جاری کیا گیا وہ اس فرق کو صاف نمایاں کر رہا ہے۔

علمائے نجد اور عدم مساوات

یہ عدم مساوات عوام ہی تک محدود نہیں ہے بلکہ علماء نجد بھی اس میں شامل ہیں۔ ہم اس موقع کو کبھی نہیں بھول سکتے جبکہ سلطان کی دعوت پر بہت سے لوگ بیت باناجہ میں جمع ہوئے تھے اور بدعات کے متعلق بحث ومباحثہ ہوا تھا، مولانا عبدالحلیم رکن وفد جمعیت العلماء نے اس موقع پر بالکل صحیح فرمایا تھا کہ بدعات صرف بناء علی القبور تک محدود نہیں ہیں، بلکہ تکفیر اہل قبلہ بھی اس میں داخل ہے اور افسوس ہے کہ بعض اہل نجد اس سے احتراز نہیں کرتے حالانکہ وہ "تمسک بالکتاب و السنة" دعویدار ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس نے ہمارا کلمہ پڑھا ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی اور ہمارا ذبیحہ کھایا وہ ہم سے ہے، اس پر سلطان نجد بہت برافروختہ ہوئے اور "انا النجد" کہہ کر نجدیوں کی حمایت کرنے اور فرمانے لگے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو ہماری قبروں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو پوجے اور ہماری محترم ہستیوں سے دعا کرے، وہ بھی ہم میں داخل ہے؟ اس کا تو مولانا عبدالحلیم صاحب ہی نے اسی وقت جواب دیا کہ کہ رسول اللہ ﷺ نے قبلہ اور ذبیحہ کی شرکت پر کسی اور چیز کو مستزاد بھی نہیں فرمایا تھا مگر سب سے زیادہ تکلیف دہ یہ امر تھا کہ شیخ عبد اللہ بن بلیہد نے نہایت درشتی اور رعونت کے لہجہ میں کہا کہ اس شخص کو میرے سامنے بٹھاؤ اور جب مولانا عبدالحلیم صاحب کو قاضی القضاۃ کے سامنے ایک کرسی رکھ کر بٹھایا گیا تو انہوں نے اسی لہجہ میں مولانا سے سوال کیا کہ عبادت کیا ہے اس پر مولانا کفایت اللہ صاحب رئیس وفد جمعیت العلماء کو دخل دینا پڑا، مولانا نثار احمد صاحب نے بھی جو جمعیۃ العلماء کے وفد کے رکن تھے، مگر شریک وفد نہ ہو سکے تھے۔ ہمیں اطلاع دی کہ عین مسجد الحرام میں ایک مباحثہ کے دوران میں انہی شیخ عبداللہ بن بلیہد نے ان کو پنکھا پھینک کر مارا حقیقت یہ ہے کہ علماء نجد بظاہر اس کے دعویدار معلوم ہوتے ہیں کہ شریعت حقہ کا علم انہی کو حاصل ہے اور یہی نہیں کہ ان کا مذہب، مذاہب اربعہ سے بہتر ہے بلکہ علماء نجد کو بھی وہ علمائے احناف سے بہتر جانتے ہیں انہی حالات سے مجبور ہو کر ہم نے مشورہ ومعیت وفد جمعیت العلماء سے موتمر میں ایک تحریر پیش کی تھی کہ تمام مذاہب اسلامیہ کے متبعین کو ارض پاک حجاز میں عبادات مناسک اور اعمال میں آزادی حاصل ہونی چاہئے اور کسی کو مجبور نہ کیا جائے کہ کسی چیز پر جو اس کے مذہب میں جائز ہے عامل نہ ہو یا کسی چیز پر جو اس کے مذہب میں جائز نہیں عمل کرے اور کسی مذہب میں کیا چیز داخل نہیں اس کا فیصلہ صرف اسی مذہب کے علماء مستند و معتبر کریں اور دوسرے مذہب کے علماء اس میں مداخلت نہ کریں۔ گو یہ تحریک بالآخر منظور ہوئی لیکن اس پر سخت مباحثہ ہوا اور صاف معلوم ہوتا تھا کہ یہ نامزدگان سلطان کو بہ طیب خاطر قبول نہ تھی ہدم شدہ مبانی و مآثر کی تعمیر و تحفظ کے متعلق جو تحریک ہم نے پیش کی تھی اور جس میں خود بعض نامزدگان سلطان کے مشورہ پر ہم نے عمل کر کے ترمیم کر لی تھی اس کو بھی نامزدگان سلطان نے ایک ہفتہ تک موتمر میں پیش ہونے نہ دیا اور یہ صرف آخری اجلاس موتمر میں بدقت تمام اور بعد خرابی بسیار پیش اور منظور ہو سکی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نتیجہ

ان حالات میں ہمارے نزدیک نجدی قوم کے ایک خاندان کی شخصی اور وراثتی حکومت قائم کرنا اور بھی زیادہ خرابیوں کا باعث ہوگا اور شخصی خاندانی اور قومی تصادم کے علاوہ ہر وقت عقائد وعبادات کے تصادم کا بھی اندیشہ رہے گا اہل حجاز شریفی حکومت سے نالاں تھے، مگر اس کی وجہ حکومت کا ظلم وتعدی تھی اہل حجاز موجودہ نجدی حکومت سے علاوہ اور وجوہ کے اس وجہ سے بھی نالاں ہیں کہ اب مذہبی ظلم وتعدی کا بھی اضافہ ہو گیا ہے اور اس کے جاری رہنے کا انہیں سخت اندیشہ ہے۔

ہوس ملک گیری قیام امن کے منافی ہے

اگر ہم مطمئن ہو جائیں کہ اس طرح خوف وطمع سے قائم کی ہوئی امن پائیدار بھی ہوگی، تب بھی ہم اس امر کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ اندرون ملک کی لوٹ مار بند کرنا نہ حجاج و زائرین، نہ باشندگان حجاز کے لئے کافی ہے، کیونکہ لٹیرے قبائل کی تگ ودو محدود ہوتی ہے۔ برخلاف اس کے جنگجو اور حملہ آور بادشاہوں اور دیگر ملک گیروں کی تگ ودو غیر محدود ہوتی ہے اور جو قتل وغارت ایک سکندر ایک ہلاکو، ایک چنگیز، ایک تیمور، ایک نپولین یا موجودہ زمانے کی ایک استعماری دولت متمدنہ کے مطامع اور جوع الارض کا نتیجہ ہوتی ہے وہ قزاقوں اور ڈاکوؤں کی قتل وغارت سے ہزاروں گنا زیادہ ہوتی ہے۔ ہم نے حال ہی میں دیکھا ہے کہ برسلز کے شہر میں اس کی متمدن حکومت نے پورا امن وامان قائم کر رکھا تھا اور لوگ اطمینان سے اپنے گھروں میں رہتے تھے اور سفر کرتے تھے۔ لیکن جنگ عظمیٰ چھڑ جانے پر ہر دو فریق کی طرف سے جو نبرد آزمائی ہوئی اس میں وہ بڑے بڑے بازار اور امراء کے سکونتی محلے جن میں خس وخاشاک کا نظر آنا بھی تقریباً ناممکن تھا، اس طرح تباہ وویران ہو گئے کہ بڑے بڑے لٹیرے قبائل کے قتل ونہب کے باعث کوئی چھوٹا سا قریہ بھی اس سے پہلے تباہ وویران نظر نہ آیا ہوگا نہ معصوم سے معصوم انسان کی جان محفوظ تھی، نہ مال، بوڑھے اور بچے اسی طرح جنگ کی نذر ہوئے جس طرح کہ باقاعدہ فوج کے مسلح سپاہی اور عورتوں کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

عزت وناموس کی حفاظت نہ کی جاسکی، آتش جنگ نے ایک لمحہ میں صدیوں کے قائم کردہ امن کو جلا کر پھونک دیا، اگر ارض پاک حجاز بزور شمشیر ملک گیری کی رزمگاہ بن گئی، تو سلطان نجد کا قائم کردہ امن وامان کس کام آئے گا؟ ہم اوپر کہہ چکے ہیں کہ ایران، عراق، شرق اردن، مصر ویمن کے تعلقات سلطان نجد سے کیسے ہیں، اگر ان کو یا ان کے حمائیتیوں کو یہ دعویٰ ہے کہ انہوں نے ارض پاک حجاز کو اپنی تلواروں اور نیزوں کی نوکوں اور بندوقوں کی گولیوں سے لیا ہے تو کون چیز اس کے مانع ہوسکتی ہے کہ دوسرے بھی تیغ آزمائی کرکے اسی طرح اس ارض پاک پر قبضہ کرلیں حقیقت یہ ہے کہ سلطان نجد نے حجاز کو حجازیوں سے بھی بزور شمشیر نہیں لیا ہے، اہل حجاز کو آٹھ برس کے شریفی مظالم نے مردہ کردیا تھا اور طائف والوں تک کو شریف حسین اور امیر علی نے دھوکہ میں رکھا کہ وہ قبائل نجد سے ان کی حفاظت کریں گے، حالانکہ دونوں طائف اور مکہ مکرمہ چھوڑ کر جدہ بھاگے جارہے تھے، اس پر بھی جدہ بزور شمشیر نہیں لیا جاسکا، شمشیر کے ساتھ بین الاقوامی تدبیر کو بھی سقوط جدہ میں دخل تھا، لیکن یہ بھی مان لیا جائے کہ حکومت حجاز اور اہل حجاز دونوں سے سلطان نجد نے حجاز کو بزور شمشیر لیا ہے تب بھی یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اور مسلمان امراؤ سلاطین ملک گیری کی ہوس اور شمشیر زنی کے ولولے میں تیغ آزمائی کرسکتے ہیں۔ ع

دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا می کرد

ظاہر ہے کہ باہر کا فتنہ اس طرح فرو نہیں ہوسکتا لیکن حجاز میں اندر کا فتنہ بھی موجود ہے اور وطنی فتنہ پر دینی فتنہ مستزاد ہے اور رعایا میں انقلاب کی خواہش ایک فاتح کے ذوق ملک گیری سے کچھ ہی کم قتل وغارت کا باعث ہوسکتی ہے، ہم کو اس کی کافی سے بہت زیادہ شہادت مل چکی ہے کہ اہل حجاز سلطان نجد کے ملک الحجاز بنتے وقت نہ ان سے خوش تھے، نہ آج ان سے اور حکومت سے خوش ہیں۔

امیر علی کی وزارت خارجہ کی ایک تحریر

ہمارے وفد کے رئیس سید سلیمان ندوی کی صدارت میں جو وفد ۱۸ دسمبر ۱۹۲۴ء کو جدہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گیا تھا اس کے نام امیر علی کی وزارت خارجہ نے اپنے مراسلہ نمبر ۶۲ مورخہ ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ میں لکھا تھا کہ:

> ''آج کے بعد سے مملکت حجاز کو موجودہ بادشاہ حجاز کے سوا کسی سے کوئی تعلق نہیں اور نہ وہ اس لئے کسی کی طرف دیکھتی ہے اور حجاز نے قطعی ارادہ کر لیا ہے کہ وہ اپنے موجودہ بادشاہ سے آخر دم تک وابستہ رہے گا اور اس نے اپنے مستقبل زندگی کے متعلق بادشاہ مذکور کی بیعت کر کے اور دستوری حکومت کے قیام کا ارادہ کر کے اپنے متعلق قطعی فیصلہ کر لیا ہے اور یہ سخت وقت جس میں حجازی قوم نے بغیر اکراہ کے بادشاہ حال کی بیعت کی ہے خود مملکت حجاز کی وطنی روش اور قومی خواہش پر بہترین گواہ ہے۔''

لیکن ہم نے دیکھ لیا ہے کہ امیر علی کے ''آخر دم تک'' وابستگی کے کیا معنی تھے اور ان سے ''بغیر اکراہ'' کے بیعت کی اصلیت کیا تھی حقیقت یہ ہے کہ جس وقت شریف حسین اور ان کی اولاد کے پنجہ ظلم والحاد سے مملکت حجاز چھوٹی تو اس کی ''وطنی روش اور قومی خواہش'' نے صاف گواہی دے دی، ہم نے دیکھ لیا ہے کہ جو گواہی اس سے پہلے دلوائی گئی تھی وہ کس قدر جھوٹی تھی مملکت حجاز آج نجدی حکومت کے پنجہ سے آزاد نہیں ہے، لیکن اس کی وطنی روش قومی خواہش اور دونوں سے زیادہ اس کا مذہبی میلان صاف گواہی دے رہا ہے کہ وہ موجودہ بادشاہ حجاز سے ایک لحظہ کے لئے بھی وابستہ رہنا نہیں چاہتی اور بادشاہ حال کی بیعت بغیر اکراہ نہ تھی، ہمیں ہر طبقہ کے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا، لیکن ہم نے سوائے چند کے کسی کو بھی جو نجدی عقائد کا نہ تھا۔ موجودہ حکومت سے خوش نہ پایا، بہتوں نے اس کی بھی شکایت کی کہ جمعیت خلافت ہند ہی موجودہ حکومت کے قیام کا باعث ہوئی اور گو ہم نے ان کو مطمئن کر دیا کہ یہ خلاف واقعہ ہے تاہم ان کی آنکھیں ہندوستان پر لگی ہوئی ہیں، کہ جس طرح اہل ہند نے اپنی پوری اخلاقی قوت شریف حسین اور امیر علی کے خلاف صرف کر دی اسی طرح موجودہ طرز حکومت حجاز کے خلاف بھی صرف کریں گے، ہندوستان میں یہ بھی مشہور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہوا تھا کہ سلطان نجد اہل حجاز ہی کو مختلف عہدوں پر حجاز میں مامور کر رہے ہیں اور "حجاز للحجازئین" کے اصول پر کاربند ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جتنے بڑے بڑے عہدے ہیں تقریباً ان سب پر نجدی یا نجدیوں کے ہم عقیدہ اشخاص کو مقرر کیا جا رہا ہے اور جو چند حجازی بعض چھوٹے عہدوں پر مامور ہیں وہ بھی اپنی ملازمت کو عارضی سمجھتے ہیں، بلکہ بعض کو تو اندیشہ ہے کہ کہیں ملازمت ہی سے نہیں بلکہ مملکت حجاز سے بھی خارج نہ کر دیئے جائیں۔

موسم حج سے پہلے ایک بڑی تعداد جن میں سے کچھ ضرور شریفی حکومت کے ارکان تھے قید اور خارج البلد کر دیئے گئے تھے۔ لیکن صحیح تعداد کا ہم کو پتہ نہ چل سکا نہ ان کے قصور اور موجودہ قیام کا ایک ترکی خاتون نے جو ان میں سے ایک کی مطلقہ بیوی تھیں۔ ہم سے استدعا کی ان بچوں پر رحم کھا کر جن کا ذریعہ معاش صرف ان کے سابق شوہر کی آمدنی کا ایک حصہ تھا، ہم ان کے سابق شوہر کی رہائی کے لئے حکومت سے سفارش کریں اور کم از کم حکومت کو اسی پر رضامند کر دیں کہ ان کا قصور بتا دیا جائے اور ان پر باقاعدہ مقدمہ چلایا جائے ہم ان کے سابق شوہر کے حالات سے واقف نہ تھے اور رہائی کی سفارش کرنا ہمارے امکان سے خارج تھا تاہم ہم نے حافظ وہبہ سے ان کے متعلق ذکر کیا۔ تو ہم کو بتایا گیا کہ حکومت کے پاس تحریری ثبوت موجود ہے کہ یہ سب لوگ ایک سازش میں شریک تھے جس کا منشا تھا کہ موسم حج میں انقلاب حکومت کی کوشش کی جائے اور حافظ وہبہ صاحب موصوف نے ہم کو یقین دلایا کہ ان پر باقاعدہ کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ ہمیں معلوم نہیں کہ ان میں سے کسی پر بھی مقدمہ چلایا گیا یا نہیں، لیکن اب سننے میں آیا ہے کہ ایک بڑی تعداد کو جلا وطن کر دیا گیا ہے۔ بہر حال ہماری روانگی جدہ سے دوسرے ہی دن نافذ کردہ قانون اسلحہ سے ثابت ہوتا ہے۔ جیسا کہ موتمر سبجیکٹ کمیٹی کے سامنے پیش شدہ نجدی تحریک سے بھی ثابت ہوتا تھا کہ حکومت حجاز کو اہل حجاز کی رضامندی پر مطلق بھروسہ نہیں ہے۔ اور وہ اہل حجاز کو اسی طرح مرعوب و خائف رکھنا چاہتی ہے۔ جس طرح کہ یورپ کی استعماری دولتیں مشرقی محکوم قوموں کو مرعوب و خائف رکھتی ہیں، ان حالات میں علاوہ بیرونی حملہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آوروں کی ہوس گیری کے موجودہ حکومت حجاز کو خود باشندگان حجاز کی خواہش آزادی سے بھی سابقہ پڑنا، ہمیں لازمی معلوم ہوتا ہے اور حجاز کو موجودہ حکومت کے ہاتھ میں چھوڑ دینے کے یہی معنی ہیں کہ اس بقعہ مبارک کو ایک رزمگاہ بنا دیا جائے۔ جس میں مدتوں آتش جنگ مشتعل رہے یہ خود مسلمانان عالم کو ہرگز گوارا نہ ہوگا، لیکن اس سے کہیں بدتر وہ زمانہ صلح وامن ہوگا، جو غیر مسلم استعماری دولتوں کی مداخلت کے بعد جو ایسے حالات میں یقینی ہے بظاہر آنیوالا ہے خدا ارض پاک حجاز کو جس کے حرموں کی حدود میں گھاس اور درخت کی ٹہنی بھی نہیں توڑی جاسکتی اور مور و مگس تک محفوظ ہیں، اس کشت وخون اور فساد وسفک دم سے بچائے۔ اس خدا نے جس نے مکہ مکرمہ کو ''بلد الامین'' قرار دیا اور جس نے ہم سے وعدہ کیا کہ ''من دخلہ کان اٰمنا'' بیشک اس کی قدرت رکھتا ہے کہ وہ ارض حجاز میں امن وامان قائم رکھے۔ لیکن وہ مسبب الاسباب ہے اور آج سے تیرہ سو برس بیشتر اپنے رسول پر وحی نازل فرما کر اس نے یہ کام ہمارے سپرد کیا ہے کہ ارض مقدس حجاز کو کفر وشرک کی نجاست سے پاک رکھیں اور کفار کو اس کے پاس بھی نہ پھٹکنے دیں اور وہی مرد آخر میں مبارک بندہ ہے جو کفار کے معاملہ کو روکنے کی پہلے ہی سے کوشش کرے اور کفار کی مداخلت کے سب راستے ہی بند کر دے۔ دول یورپ کے داخلہ کا جو کھٹکا شریف حسین کی غداری کے بعد سے مسلمانان عالم کو ہر وقت لگا رہتا تھا ایک حد تک آج بھی موجود ہے سنا جاتا ہے کہ جدہ کے تار گھر کو برطانیہ کے داخلہ کی دہلیز جلد بنایا جانے والا ہے یہ خطرہ اس قدر پریشان کن اور وحشت انگیز ہے کہ ہم کامل ثبوت پہنچنے تک صبر نہیں کر سکتے اور جو تردد اور تشویش ہم کو لاحق ہے اس سے اپنے ہم مذہبوں اور بالخصوص مسلمانان ہند کو ناآشنا نہیں رکھنا چاہیے۔ ہمارے نزدیک سلطان نجد کے وعدوں سے مسلمانان عالم کو نہ اطمینان ہوسکتا ہے نہ ان کو اطمینان ہونا چاہیے، یہ اطمینان اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے جبکہ حجاز میں ایک حجازی جمہوری حکومت قائم ہو جائے اور اس پر چند ضروری امور میں مندوبین عالم اسلام کی نگرانی ہو، اسی وقت یہاں پائیدار امن قائم ہو سکے گا اور اسی وقت یہ بقعہ مبارکہ آتش جنگ سے مامون ومصئون ہوگا، اسی کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لئے سلطان ابن سعود نے ۸ ربیع الآخر ۱۳۴۴ھ کو موتمر اسلامی کی دعوت دی تھی اور دعوت نامہ میں تحریر فرمایا تھا۔

للحجازيين من جهت الحكم و للعالم الااسلامی من جهة الحقوق المقد التى له فى هذا البلاد

(حکومت کے لحاظ سے حجاز حجازیوں کے لئے ہے اور حقوق مقدسہ کے لحاظ سے جو دنیائے اسلام کو حجاز میں حاصل ہیں حجاز تمام دنیائے اسلام کے مسلمانوں کے لئے ہے)

اسی دعوت نامہ میں سلطان نے لکھا تھا۔

والذى نفسى بيده لم ارد التسلط على الحجاز ولا تملكة وانما الحجاز و ديعة فى يدى الى الوقت الذى يختار الحجازيون فيه لبلادهم واليا منهم يكون خاضعا للعالم الاسلامى و تحت اشراف الاسلاميه و الشعوب التى ابدت غيرة تذكر كالهنود

(اور میں اس خدائے برتر کی قسم کھا کر جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہتا ہوں کہ میرا مقصد حجاز پر تسلط یا حکومت کرنا نہیں ہے حجاز میرے ہاتھ میں اس وقت تک امانت ہے، جب تک کہ اہل حجاز خود اپنے میں سے ایسے حاکم کا انتخاب نہ کر لیں جو عالم اسلام کی بات ماننے والا اور ان اقوام اسلامیہ اور طبقات ملیہ کے زیر نگرانی رہے، جنہوں نے ہندوستانی مسلمانوں کی طرح سے غیرت وحمیت کا ثبوت بہم پہنچایا ہے)۔

اسی دعوت نامہ میں جہاں یہ درج تھا کہ حکومت حجاز داخلی امور میں خودمختار ہوگی وہیں یہ بھی درج تھا کہ حدود حجاز کی تعیین اور نظام مالی وعدالتی ادارتی کی حجاز کے لئے تشکیل ان مندوبین کے لئے ہوگی، جن کو اقوام اسلام اس کا اختیار دیں گی، ہماری رائے میں سلطان نجد کا یہ ارادہ یقیناً ایسا تھا کہ وہ اس پر قائم رہتے اور آج اسی کا ان سے مطالبہ کرنا چاہیے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حجاز میں امن کی خاص ضرورت

ہم نے حجاز کی سرزمین کے لئے قیام امن کو سب سے بڑی ضرورت بتایا تھا یہ نہ صرف اس لئے کہ ہر ملک میں قیام امن سب سے ضروری ہے، بلکہ اس لئے بھی کہ یہ سرزمین دنیائے اسلام کی زیارت گاہ ہے اور جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو اس وادی غیر ذی زرع میں بسایا تھا اور خداوند کریم سے ان کے لئے دعا کی تھی تو اس رزاق نے پانی مسبب الاسبابی سے حجاج کو ان کے رزق پہنچانے کا ذریعہ مقرر فرمایا تھا، ایک ایسے ملک میں جس کی اپنی آمدنی بہت ہی قلیل ہو اور جس کا دارومدار تقریباً تمام تر باہر سے آنے والے حجاج پر ہو، حجاج کے آرام و آسائش کے متعلق پورا انتظام کرنا وہاں کا اولین فرض ہونا چاہئے (1)۔

وفد کی رائے دربارہ تشکیل حکومت حجاز

جمعیت خلافت کی مجلس عاملہ نے ہمارے انتخاب کے وقت یہ فیصلہ کیا تھا کہ موتمر میں تشکیل حکومت حجاز کے بارے میں بحث نہ کی جائے اور جیسا کہ ہم اوپر ظاہر کر چکے ہیں سلطان نجد نے جمعیت العلماء کے تار کے جواب میں گول الفاظ ہیں لیکن پھر بھی صاف طور پر ظاہر کر دیا تھا کہ موتمر میں اس مسئلہ کے پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہے لیکن جب موتمر کا افتتاح کرتے وقت سلطان نجد نے اپنی طرف سے ۲۶ نمائندوں کو نامزد کیا اور چار اہل حدیث کو بھی موتمر میں شریک کیا اور اس طرح ۵۹، ارکان موتمر میں سے تیس ایک بڑی حد تک سلطان نجد کی رائے کے پابند ہو گئے تو تشکیل حکومت کے مسئلہ کو تمام مسائل سے پیشتر موتمر کے پروگرام میں رکھا گیا، لیکن اس مسئلہ کا سلطان کے آخری دعوت نامہ میں نہ کہیں ذکر تھا اور نہ ہماری جمعیت نے ایک ایسی موتمر میں ہمیں اس پر بحث کرنے کی اجازت دی تھی جس کی نمائندگی ایک بڑی حد تک مشتبہ تھی اس لیے ہم نے غیر رسمی طور پر سلطان کو اطلاع دی کہ ہم کسی ایسے مباحثہ میں شریک نہیں ہو سکتے اور اگر اس کے متعلق ان کے خطبہ افتتاحیہ میں کچھ ذکر کیا گیا تو جمعیت خلافت کے مسلک کے مطابق ہم ان کی ملکیت کے خلاف اظہار رائے

1۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۲۰۱۔ ۱۹۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کریں گے۔ البتہ سلطان نجد کے ساتھ ملاقاتوں میں جو کچھ اس بارے میں کہا گیا ہے وہ ہم اوپر ظاہر کر چکے ہیں رسمی طور پر ان سے اس بارے میں مزید بحث ہمیں بے سود معلوم ہوئی اس لئے کہ وہ بادشاہت چھوڑنے پر کسی طرح راضی نہ معلوم ہوتے تھے۔ اب ہم اپنے مشاہدات اور تجربات کے بعد تشکیل حکومت کے متعلق اپنی رائے ظاہر کرنا چاہتے ہیں ہماری رائے ہے کہ حجاز میں کسی قسم کی بادشاہت نہ قائم ہو حکومت کسی خاص خاندان کے ساتھ ہرگز وابستہ نہ ہو، حکومت میں وراثت کا کوئی تعلق نہ ہو، حکومت شورائی اور جمہوریت ہو اور صرف ساکنان حجاز کو ارکان حکومت بنایا جائے، گو جب تک ان کو بیرونی امداد کی ضرورت ہو تمام اقطار عالم اسلامی سے بہترین مسلمان بطور عمال حکومت ملازم رکھے جاسکیں۔

عالم اسلام کی نگرانی

اس طرح حجازی حکومت داخلی امور میں خود مختار ہوگی، لیکن چند امور میں اس پر عالم اسلام کی نگرانی ہوگی، ان امور میں سب سے مقدم حجاز کو غیر مسلموں کی مداخلت سے بچانا ہے اور یہ فرض نہ صرف حجازیوں یا عربوں کا ہے، بلکہ ہر مسلمان کا ہے جس کو یَآاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَاالْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ فَلَایَقْرَبُواالْمَسْجِدَالْحَرَامَ بَعْدَعَامِھِمْ ھٰذَا (التوبہ:28) کا بارگاہ ایزدی سے حکم ملا ہے غیر مسلموں کی مداخلت طریقہ طریقہ سے ہوسکتی ہے اس لئے مداخلت کو کس طریقہ سے روکا جائے گا اس کی تشریح یہاں نہیں کی جاسکتی، البتہ غیر مسلموں کو اقتصادی امتیازات دینا بند کرنا چاہئے اور غیر مسلم دول کے قنصلوں پر کم از کم مسلم ہونے کی شرط لگائی جاسکتی ہے، دوسرا امر جس میں عالم اسلامی کی نگرانی لازمی ہے ترویج شریعت اسلامیہ ہے اس لئے کہ کسی حجازی یا عربی حکومت کو بھی یہ حق نہیں دیا جاسکتا کہ وہ شریعت حقہ کی خود خلاف ورزی کرے یا اس کی خلاف ورزی جائز رکھے، البتہ ترویج حکومت کی طرف سے شریعت کے اسی حصہ کی کی جائے گی جو تمام مذاہب اسلامیہ میں مسلمہ ہیں۔ جن مسائل میں مختلف مذاہب میں اختلاف ہے ان میں ہر مسلم مجاز ہوگا کہ اپنے مذہب کے مطابق عمل کرے، البتہ دوسرے مذاہب اور مذہب والوں کی توہین اور دل آزاری کی کسی کو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اجازت نہ ہوگی خواہ وہ اسے اپنے مذہب کا جزو ہی کیوں نہ سمجھے اس کے علاوہ ان تبرکات صدقات اور اوقاف کی نگرانی بھی عالم اسلامی کے مندوبین کریں گے جو بیرون حجاز کی طرف سے دیئے یا قائم کئے گئے ہوں۔ ان موٹی موٹی باتوں کے علاوہ کچھ اور امور بھی ایسے ہونگے جن میں عالم اسلامی کی نگرانی کی ضرورت ہوگی، لیکن اس وقت اس قدر تشریح کافی ہے عالم اسلامی کے مندوبین اسی طریقہ پر مقرر یا منتخب کئے جا سکتے ہیں، جو موتمر اسلامی کے لئے پہلی موتمر نے منظور کیا ہے۔

اہل حجاز کی اہلیت اہل نجد سے کم نہیں، بلکہ کہیں زیادہ ہے

حجاز کے لوگوں میں انتظام ملکی کی کافی اہلیت معلوم ہوتی ہے اور کم از کم نجدیوں سے زیادہ وہ حکومت حجاز کے چلانے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ ہمیں نجدیوں میں اہل حجاز سے بہتر کوئی شخص حجاز پر حکومت کرنے کا اہل نظر نہیں آیا، بلکہ اہل حجاز کو ہم نے اہل نجد سے کہیں زیادہ اس کا اہل پایا۔

1۔ مولانا محمد علی جوہر، نگارشات محمد علی، ص ۲۱۵۔ ۲۱۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

باب 7

لارنس آف عریبیا

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

لارنس آف عریبیا کے خفیہ چہرے

لارنس آف عریبیا عرب سیاست کا مشہور افسانوی کردار ہے۔ اسے مغربی اہل قلم نے عربوں کی آزادی کا چیمپئن بنا کر پیش کیا جو انہیں ترکوں کے ''چنگل'' سے نجات دلانے کے لئے ازخود ان کے ساتھ آملا تھا۔ انہوں نے اس حقیقت کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش کی کہ وہ برطانوی انٹیلی جنس کا عیارترین آدمی تھا اور اسے باقاعدہ ایک عرب کی حیثیت سے عربوں میں ''بلدنٹ'' کیا گیا تھا۔ اسے عربوں کو بغاوت پر آمادہ کر کے خلافت عثمانیہ کو پارہ پارہ کرنے اور اسرائیلی ریاست کے قیام کی راہ ہموار کرنے کا جو مشن سونپا گیا۔ اس کی مکمل روداد خفیہ فائلوں سے اخذ کر کے پہلی مرتبہ فلپ نائٹلی اور کولن سمپسن نے اپنی کتاب THE SECRET LAWRENCE OF ARABIA میں بیان کی ہے جس کی تلخیص زیر حسین پیش کرتے ہیں۔ یہ پہلی جنگ عظیم کا واقعہ ہے جب سامراجی قوتیں اپنے آدمیوں کو مختلف بھیس میں دوسری قوموں میں بھیجا کرتی تھیں۔ اب انہوں نے طریق کار بدل دیا ہے۔ وہ ان قوموں کے اندر ہی اندر اپنی بساط سیاست کے مہرے تیار کرتی ہیں۔ اس روداد کو پڑھیے اور اسلامی دنیا پر نظر ڈالیے، سرخ وسفید سامراج کے کتنے ہی ''لارنس'' سرگرم کار نظر آئیں گے۔

۱۰ جون ۱۹۱۶ء کا دن تھا مکہ کے شریف حسین نے اپنے محل کی کھڑکی سے ہوائی فائر کیا۔ یہ سگنل تھا اس بات کا کہ ترکوں کے خلاف بغاوت شروع ہوگئی ہے۔ مدینہ میں پانچ روز پہلے ۶ جون کو لڑائی چھڑ چکی تھی۔ جہاں حسین کے چار میں سے دو بیٹے علی اور فیصل پانچ سو عرب فوجیوں کے ساتھ ترک فوج سے الگ ہوگئے تھے۔ انہوں نے ترک کمانڈر کو خط لکھا

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ وہ اپنے باپ کے حکم پر ترکوں سے تعلقات ختم کر رہے ہیں اور جنگ کا اعلان۔

یہ اس مہم کا نقطہ آغاز تھا، جس میں آئندہ پانچ برسوں میں لارنس اپنے کھلے اور چھپے جوہر دکھائے۔ امریکی صحافی لاول تھامس (جس نے سب سے پہلے لارنس پر کتاب لکھ کر اسے عظیم ہیرو کی حیثیت سے پیش کیا) کے بقول لارنس صحرائی رابن ہڈ تھا اور سادہ لوح عربوں کی زبان میں ''غازی''، جس نے بکھرے ہوئے عرب قبیلوں کو ''ترکی استعمار'' کے خلاف متحد کر کے دمشق پر فاتحانہ یلغار کی خود لارنس نے اپنی مشہور کتاب ''دانائی کے سات ستون'' میں اپنی شخصیت کو مزید رومانوی رنگ و آب دیا۔ لیکن ایک رخ اور بھی تھا جسے کچھ لوگوں نے محسوس کیا لیکن لارنس نے اسے دانستہ چھپایا۔ اگر وہ چاہتا بھی تو سرکاری سیکرٹ ایکٹ اس کا انکشاف نہ کرنے دیتا۔

حسب ونسب

لارنس کے قدیم اجداد میں سر رابرٹ لارنس کا نام سرفہرست ہے جو ساڑھے سات سو برس قبل صلیبی جنگوں میں شیر دل رچرڈ کے ہم رکاب تھا اور زمانہ قریب کے اجداد میں دو بھائیوں سر ہنری اور سر جان لارنس نے ہندوستان کی جنگ آزادی (۱۸۵۷ء) کو کچلنے میں اہم کردار ادا کیا۔ باپ تھامس رابرٹ چیپ مین اوسط درجے اینگلو آئرش زمیندار تھا۔ لارنس، چیپ مین کی چار بیٹیوں کی اسکاچ آیا سارا میڈن کے بطن سے تھا جس کے ساتھ ساری عمر اس کا غیر قانونی تعلق رہا۔ معاشی اور قانونی حالات نے انہیں کسی ایک جگہ ٹکنے نہ دیا۔ آئرلینڈ، ویلز، اسکاٹ لینڈ اور فرانس میں گھومنے پھرنے کے بعد انہوں نے آکسفورڈ کو اپنا مسکن بنایا۔ اسی زمانے میں چیپ مین نے اپنا نام بدل کر لارنس رکھ لیا۔ سارا سے اس کے تین بیٹے بھی تھے۔ تھامس ایڈورڈ لارنس کا نمبر دوسرا تھا۔

تھامس ایڈورڈ لارنس نے تعلیم پہلے فرانس کے شمالی ساحل کے ایک قصبے دیز ڈ میں آکسفورڈ ہائی اسکول میں حاصل کی۔ بارہ برس کا تھا کہ کسی بات پر اپنے ایک ہم جماعت سے جھگڑا ہو گیا اور نوبت مار پیٹ تک جا پہنچی جس کے نتیجے میں اس کی ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

گئی۔ اس حادثے میں لارنس کی جسمانی نشوونمارک گئی اور اس کا قدم چھوٹا رہ گیا۔ عام انگریز کا قدم پونے چھ فٹ ہوتا ہے جب کہ لارنس کا قد صرف پانچ فٹ پانچ انچ تھا۔ باقی جسم کے مقابلے میں اس کا سر بہت بڑا تھا۔

ہونہار بردا

سترہ سال کی عمر میں وہ کسی کو بتائے بغیر گھر سے نکلا اور کارنوال پہنچ کر رائل آرٹلری میں سپاہی بھرتی ہوگیا۔ باپ کو پتہ چلا تو وہ اسے بڑی مشکل سے واپس لے آیا۔ اب لارنس جیسس کالج آکسفورڈ میں داخل ہوگیا۔ تاریخ اس کا پسندیدہ مضمون تھا۔ یہاں آشمولین میوزیم کے ڈائریکٹر ڈی جی ہوگارتھ نے لارنس کی مخفی صلاحیتوں کو بھانپ لیا اور اس پر خصوصی توجہ دی۔ آثار قدیمہ اس کا خاص مطالعاتی میدان تھا اور وہ مختلف مہموں پر ایشیائے کوچک، قبرص اور مصر بھی گیا۔ ماہر آثار قدیمہ ہونے کے علاوہ وہ پولیٹیکل انٹیلی جنس کا آفیسر بھی تھا اور شرق اوسط سے متعلق امور پر خصوصی نظر رکھتا تھا۔ ہوگارتھ نے ایک تنظیم ''راؤنڈ ٹیبل'' تشکیل دی جس کے ارکان میں بڑے بڑے اخباروں کے ایڈیٹروں، دانشور، اہم عہدیدارحتیٰ کہ پرائم منسٹر تک شامل تھے۔ لارنس نے ہوگارتھ کے واسطے سے ''راؤنڈ ٹیبل'' کے عزائم جذب کیے جو عرب میں اس کے کام کا بڑا محرک ہے۔

انگریزوں میں کوئی دوسرا شخص ایسا نہ تھا جو سلطنت عثمانیہ کے بارے میں ہوگارتھ کو چیلنج کرسکتا۔ جنگ شروع ہونے سے برسوں پہلے بظاہر ماہر آثار قدیمہ کی حیثیت سے وہ سلطنت عثمانیہ کے علاقوں میں گھوما پھرا، لیکن درپردہ سیاسی اور فوجی نوعیت کی معلومات جمع کرتا رہا۔ ہوگارتھ نے جلد ہی اپنے شاگرد کو اپنے رنگ میں رنگنا شروع کردیا۔ لارنس قرون وسطیٰ کی تاریخ اور فن سپہ گری میں خصوصی دلچسپی لینے لگا۔ چھٹیوں میں وہ فرانس، انگلینڈ اور ویلز کے قلعوں اور جنگی میدانوں کا مطالعہ کرتا، نقشے بناتا اور فوٹو لیتا۔

پراسرار سفر

آکسفورڈ کے زمانے ہی میں لارنس نے خود کو انٹیلی جنس ایجنٹ کی حیثیت سے تیار کرنا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شروع کر دیا۔ وہ اپنے جسم کو قدرتی مصائب اور آفات برداشت کرنے کی تربیت دینے لگا۔ کئی کئی دن کچھ نہ کھاتا، شدید جاڑوں میں پیدل لمبے لمبے سفر کرتا، سائیکل پر لگاتار سواری کرتا، یہاں تک کہ تھک کر گر پڑتا، یوں وہ اپنی قوت برداشت بڑھا رہا تھا۔

۱۹۰۸ء میں لارنس نے اپنے تحقیقی مقالے کے لئے ''مشرق وسطیٰ میں صلیبیوں کا ملٹری آرکیٹکچر'' کا موضوع منتخب کیا جس کے لئے ہوگارتھ نے بھی خصوصی سفارش کی۔

جون ۱۹۰۹ء میں وہ مشرق وسطیٰ روانہ ہوگیا۔ اس کے پاس ہوگارتھ کی ہدایات پر مشتمل ایک شیٹ ایک طاقتور ٹیلی فوٹو لینز والا کیمرہ، ایک پستول، ایمونیشن اور سلطان ترکی کے نام لارڈ کرزن کے سفارشی خطوط تھے۔ سفر پر روانہ ہونے سے پہلے لارنس نے آکسفورڈ میں شامی پادری سے عربی سیکھ لی تھی اور چارلس ڈاٹی سے بھی مل چکا تھا جو عرب علاقوں کی سیاحت کی وجہ سے مشہور تھا۔ مشہور انٹیلی جنس آپریٹر پیری گورڈن نے جو مشرق وسطیٰ میں متعین تھا، اسے کچھ نقشے فراہم کئے۔

لارنس چھ جولائی کو بیروت پہنچا اور شام کے ایک ہزار میل لمبے پیدل سفر پر روانہ ہوگیا۔ اس وقت شام میں موجود اسرائیل، اردن اور لبنان کے علاقے بھی شامل تھے۔ راستے میں وہ صلیبیوں کے قلعے کا مطالعہ کرتا رہا۔ بیروت سے سیدون پہنچا۔ وہاں سے بانیاس، صفد، طبریہ، ناصرہ اور حیفا ہوتا عکہ اور صور کے راستے واپس سیدون پہنچ گیا۔ پھر شمال میں طرابلس کا رخ کیا۔ وہاں سے لاذقیہ، انطاکیہ، حلب، عرفہ اور حران کا دورہ کرنے کے بعد دمشق میں وارد ہوا۔

اس سفر کی تین باتیں قابل ذکر ہیں ایک تو یہ کہ ایک موقع پر کسی بدو نے لارنس کو پیٹا اور اس کی گھڑی، پستول اور نقدی چھین لی۔ ایک گڈریے نے مداخلت کر کے اس کی جان بچائی۔ لارنس کی شکایت پر ترک افسروں نے بدو کو گرفتار کر لیا۔ اس کا سامان واپس دلوایا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ اس سفر میں لارنس نے اپنے ایک خط میں فلسطین پر تبصرہ کیا۔ اس نے لکھا: ''یہودی جتنی جلدی اس سرزمین پر قبضہ کر لیں گے ان کے لئے بہتر ہوگا۔''

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تیسری بات یہ کہ اس نے عام بدوؤں کی بول چال، کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے کے انداز اور دوسرے عادات واطوار سیکھ لئے۔

جاسوسی کے انداز

آکسفورڈ واپس پہنچ کر لارنس نے اپنا تحقیقی مقالہ داخل کر دیا اور اسے تاریخ میں فرسٹ کلاس آنرز کی ڈگری مل گئی۔ ۱۹۱۰ء میں وہ آکسفورڈ سے فارغ ہوا اور ہوگارتھ نے اسے ماگڈالین سے وظیفہ دلوا کر ایشیائے کوچک میں قرقمش کے مقام پر آثار قدیمہ کی کھدائی کی مہم میں اپنے ساتھ شامل کر لیا جس کی وہ برٹش میوزیم کی طرف سے نگرانی پر مامور تھا۔

ہوگارتھ کی آثار قدیمہ کی یہ مہمیں بڑی پراسرار تھیں وہ ہمیشہ سیاسی یا فوجی نقطہ نظر سے اہم مقامات کا انتخاب کرتا۔ اس کی ان ''آثار قدیمہ'' سے متعلق ''سرگرمیوں'' کے لئے حکومت کے مختلف ادارے سرمایہ فراہم کرتے۔ گویا ان کی سرگرمیاں آج کل کے کلچرل فاؤنڈیشن سے مشابہ تھیں جن کی سرپرستی اور مالی مدد امریکن سی آئی اے کرتی ہے۔

یورپ کا مرد بیمار

مشرق وسطی جس میں ہوگارتھ اور اس کا شاگرد لارنس سازشوں کا جال بچھانے والے تھے، گزشتہ چار صدیوں سے سلطنت عثمانیہ کے زیر نگین تھا۔ وہی سلطنت عثمانیہ جس کی سطوت تین بڑے براعظموں ایشیا، افریقہ اور یورپ پر چھائی ہوئی تھی جس کی حدیں ایڈریاٹک سے عدن تک اور مراکش سے خلیج فارس تک پھیلی ہوئی تھیں اور جس کے جرنیلوں کی فوجی ذہانت اور سپاہیوں کی شجاعت نے یورپ میں اس کی سرحدیں وی آنا کے دروازے تک پہنچا دی تھیں۔ انیسویں صدی کے وسط میں مغربی ملکوں میں صنعتی انقلاب آیا اور اس کے ساتھ ہی سلطنت عثمانیہ میں توڑ پھوڑ شروع ہوگئی اور پھر وہی عیسائی مملکتیں جو کبھی ترکی کی شوکت اور سطوت سے سہمی سہمی رہتی تھیں اب اسے کمزور دیکھ کر بھوکے بھیڑیوں کی طرح اس پر ٹوٹ پڑیں۔ فرانس نے الجزائر، تیونس اور مراکش چھین لئے۔ برطانیہ نے مصر میں پنجے جمائے۔ آسٹریا نے ہنگری کے ساتھ مل کر بوسینیا اور ہرزی گووینیا ہتھیا لیا۔ اٹلی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے لیبیا میں دانت گاڑے اور بلقان کے صوبے بغاوت اور سازشوں کے ذریعے الگ ہو گئے۔ ۱۸۵۳ء میں زار روس نکولس اول نے یہاں تک کہہ دیا۔ ”ہمارے سامنے ایک بیمار شخص ہے جو کسی بھی وقت اچانک مر سکتا ہے۔“ بیسویں صدی میں یورپی طاقتوں کو ترکی کی متوقع نظر آ رہی تھی اور وہ گدھوں کی طرح اس کے اوپر منڈلا رہی تھیں۔

یورپی طاقتوں کے مفادات

برطانیہ، فرانس، روس اور جرمنی اپنے اپنے مفادات کا جائزہ لے رہے تھے برطانیہ کے مفادات سب سے جداگانہ تھے۔ سلطان ترکی چونکہ تمام مسلم دنیا کا خلیفہ کہلاتا تھا۔ انڈیا میں برطانیہ کے زیر نگین سات کروڑ مسلمان تھے اور خدشہ تھا اگر سلطان ترکی نے جہاد کا اعلان کر دیا تو یہ مسلمان رعایا اس کی حمایت میں انگریزوں سے برسر پیکار ہو جائے گی۔ برطانیہ کی حکمت عملی یہ تھی کہ سلطنت ترکی قائم رہے کیونکہ اس کے خاتمہ کی صورت میں جو خلا پیدا ہوتا وہ اس کے لئے کہیں زیادہ خطرناک تھا۔ ترکی کی امکانی تباہی کے پیش نظر برطانیہ کے اپنے فوجی اور معاشی مفادات کا بھی تحفظ کرنا تھا اور اس کا انحصار ہندوستان کے ساتھ رابطہ برقرار رہنے پر تھا جہاں اس کی آدھی فوج موجود تھی اور جو برطانوی مصنوعات کی سب سے بڑی اور بہترین منڈی تھا۔ مزید برآں ہندوستان کے ساتھ تجارت اور دوسرے روابط میں نہر سویز شہ رگ کی حیثیت رکھتی تھی اور سویز پر کنٹرول اسی صورت میں ممکن تھا جب شام اور جزیرہ نمائے عرب برطانیہ کے زیر نگیں ہوں۔

فرانس کے فوجی اور سیاسی مفادات شام سے وابستہ تھے۔ جرمنی اپنی وسعت پذیر معیشت کے پیش نظر عراق عرب (میسوپوٹیمیا) کو ”جرمن انڈیا“ میں تبدیل کرنے کے خواب دیکھ رہا تھا اور روس نے آرمینیا اور قفقاز پر قبضہ کرنے کے بعد گرم پانیوں تک رسائی کے لے استنبول کی بندرگاہ پر نظریں جما رکھی تھیں۔

مشرق وسطی میں یورپی طاقتوں کی دلچسپی کا ایک اور زبردست محرک تیل تھا۔ اگرچہ دنیا پر تیل کی اصل اہمیت جنگ عظیم اول کے آخر میں آشکار ہوئی مگر برطانوی ماہرین نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۹۰۴ء ہی میں محسوس کر لیا تھا کہ جنگی جہازوں کے لئے کوئلے کے مقابلے میں تیل کہیں زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ برٹش پٹرولیم کمپنی ایران میں تیل دریافت کر چکی تھی۔ اس کمپنی میں چرچل کا حصہ تھا۔ دوسری طرف جرمنی بھی بڑی سرگرمی سے مشرق وسطیٰ میں تیل تلاش کر رہا تھا۔ سلطان ترکی نے جرمن افسروں اور ماہرین کی مدد سے ۱۸۴۰ء سے ترک فوج کو جدید خطوط پر استوار کرنا شروع کر دیا تھا اور ترکی تیزی سے شاہراہ ترقی پر گامزن تھا۔ ۱۹۰۸ء میں نوجوان ترکوں نے سلطان عبدالحمید کو اقتدار سے الگ کر دیا تاہم انہوں نے مغربی طرز پر ملک کی تعمیر و ترقی جاری رکھی جرمن ماہرین کی مدد سے برلن بغداد ریلوے لائن کی تعمیر شروع ہوگئی اور مشرق وسطیٰ میں تیل کی تلاش کی کوششیں بھی تیز کر دی گئیں۔

دوسری طرف افغانستان، ایران، میسوپوٹیمیا (عراق عرب) شام اور خلیج فارس میں بظاہر قونصلوں، سیاحوں، تاجروں اور ماہرین آثار قدیمہ کے بھیس میں برطانوی ایجنٹ سرگرم عمل تھے جو بری افواج، بحریہ، دفتر خارجہ، انڈیا آفس اور انٹیلی جنس سروس کے لئے معلومات جمع کر رہے تھے۔ ان ایجنٹوں میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی شامل تھیں۔

گرفتاری اور رہائی

اسی فضا میں مشرق وسطیٰ کی سیاست میں لارنس نمودار ہوا۔ وہ وسط دسمبر ۱۹۱۰ء میں استنبول کے راستے قرقمش پہنچا۔ یہاں کھدائی کی ابتداء ۱۸۷۸ء میں ہوئی تھی لیکن خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوئے اور منصوبہ ترک کر دیا گیا۔ پھر جونہی برلن بغداد ریلوے فرات تک پہنچی، انگریزوں نے ترکوں کو مطلع کر کے اچانک از سر نو کام شروع کر دیا۔ جب انگریز "ماہرین آثار قدیمہ" کی ٹیم ہوگارتھ کی سرکردگی میں قرقمش پہنچی جرمن انجینئر دریائے فرات پر پل تعمیر کر رہے تھے۔ چنانچہ ٹیم کے بیشتر ممبر جرمنوں کی نقل و حرکت کا جائزہ لیتے رہے اس طرح انگریز اس مہم سے دوہرا مقصد حاصل کر رہے تھے۔ اپریل ۱۹۱۱ء میں ہوگارتھ نے "مہم" لارنس کے سپرد کی اور خود لندن واپس چلا گیا۔ قرقمش میں کھدائی کا اصل مقصد کیا تھا؟ اس کا پتہ لارنس کے ان خطوط سے چلتا ہے جو اس نے اس زمانے میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

ہوگارتھ اور اپنی والدہ کو لکھے۔ ۲۳ مئی ۱۹۱۱ء کو اس نے اپنی والدہ کو لکھا:

''میرا کیمرہ بہت مفید ثابت ہو رہا ہے اور ٹیلی فوٹو میلوں دور تک ننگی آنکھوں سے بہتر کام کر رہا ہے۔''

خیال رہے یہ اس زمانے کا ذکر ہے جب فوٹو گرافی ابھی ابتدائی دور میں تھی اور ٹیلی لیز بہت مہنگے تھے اور شاذ و نادر استعمال ہوتے تھے پھر لارنس میلوں دور سے آثار قدیمہ کی کھدائی کے مقام پر کس چیز کے فوٹو لے رہا تھا؟ ۲۴ جون ۱۹۱۱ء کو اس نے ہوگارتھ کو لکھا:

''میں سرما یہیں گزارنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ مقامی دیہاتوں کی عربی بولی بھیس بدلنے میں میری معاون ہوگی۔''

سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر لارنس کو بھیس بدلنے کی کیا ضرورت تھی؟

لارنس کی پراسرار سرگرمیوں کی بھنک ترکوں کو بھی پڑ گئی اور وہ اسے شک و شبہے کی نظر سے دیکھنے لگے، اس کا اظہار لارنس کے ایک خط سے ہوتا ہے جو اس نے ۱۹۱۲ء میں ہوگارتھ کو لکھا۔

گرمیوں کے موسم میں جب کھدائی بند ہو جاتی تو لارنس، داہوم اور حمودی کی ہمراہی میں لمبے لمبے سیر سپاٹے شروع کر دیتا۔ ایک دفعہ وہ اونٹ، کشتیوں میں سوار کر کے دریائے فرات کے پار لے گیا اور وہاں سے ان پر بیٹھ کر پورٹ سعید چلا گیا، جہاں کچھ عرصے قیام کیا۔ لارنس کے بیان کے مطابق اس سفر میں ترکوں نے اسے اور داہوم کو ترک فوج کے بھگوڑے سمجھ کر گرفتار کر لیا اور قید میں ڈال دیا اور انہوں نے محافظ کو رشوت دے کر رہائی پائی۔

عورت کے بھیس میں

۱۹۱۳ء کی گرمیوں میں لارنس انگلینڈ واپس چلا گیا داہوم اور حمودی بھی اس کے ہمراہ تھے ان کی واپسی موسم خزاں میں ہوئی۔ اگلے برس جنوری میں ہوگارتھ کی ہدایات پر لارنس اور لیونارڈ وولی، برطانوی فوج کے کیپٹن ایس ایف نیوکومب کی سرکردگی میں صحرائے سینا کے سفر پر روانہ ہوئے مقصد فوجی جاسوسی تھا۔ داہوم بھی لارنس کے ساتھ تھا، انہوں نے صحرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ISLAMIA ACADEMY

میں چھ ہفتے سفر کیا اور راستوں اور آبی ذخائر کے نقشے تیار کئے۔ ظاہر یہ کیا گیا کہ وہ اسے راستے کا کھوج لگانا چاہتے ہیں جس پر ایک مشہور روایت کے مطابق اسرائیلی چالیس برس تک صحرا میں بھٹکتے پھرے تھے۔

عبقہ میں ترک حکام نے اس پارٹی کو قصبے کے نزدیک آنے کی اجازت نہ دی، لیکن لارنس نے خانہ بدوش عورت کا بھیس بدلا اور واہوم کے ساتھ چپکے سے ترک لائن پار کر کے جلدی جلدی علاقے کا سروے کرلیا۔ سفر کے اختتام پر لارنس قرقمش واپس آ گیا۔ پھر نیو کومب کی تحریک پر لارنس اور وولی، طوروس کے پہاڑوں میں جرمنوں کی تعمیر کردہ سڑک کے بارے میں معلومات حاصل کرنے چل پڑے۔ جس کے ذریعے برلن، بغداد ریلوے کا تعمیراتی سامان پہنچایا جا رہا تھا۔ اس سفر میں ان کی ملاقات ایک اطالوی انجینئر سے ہوگئی جسے جرمنوں نے شبے کی وجہ سے نکال دیا تھا۔ اس انجینئر سے انہیں ریلوے سے متعلق آئندہ منصوبوں کا پتہ چلا۔

جون ۱۹۱۴ء کو لارنس لندن چلا گیا جہاں لارڈ کچنر نے جو اس وقت مصر میں برطانیہ کا ایجنٹ اور کونسل جنرل تھا، اسے اور وولی کو سینائی کے سروے کی رپورٹ لکھنے کے لئے کہا۔

ایک جاسوس کی موت

۴ اگست ۱۹۱۴ء کو جنگ عظیم اول چھڑ گئی۔ ۲۹ اکتوبر کو ترکی نے روس پر حملہ کر دیا۔ لارنس نیوکومب، جارج لائڈ، وولی اور ایوبرے ہربرٹ ملٹری انٹیلی جنس آفس میں اپنی ڈیوٹی سنبھالنے کے لئے قاہرہ چل پڑے۔

قاہرہ آئے چند روز ہوئے تھے کہ لارنس کی ملاقات سترہ سالہ عیسائی نوجوان چارلس بوطغی سے ہوئی وہ حیفا کا رہنے والا تھا۔ اطالوی جہاز میں فلسطین سے بھاگ کر پورٹ سعید پہنچا اور وہاں سے قاہرہ یہاں اس نے برطانوی فوج کو ترکوں کی پوزیشنوں سے متعلق معلومات فراہم کیں۔ اس صلے میں اسے انٹیلی جنس میں ترجمان رکھ لیا گیا۔ لارنس نے اپنا تعارف ملٹری انٹیلی جنس سے وابستہ لیفٹیننٹ کی حیثیت سے کرایا اور بتایا کہ اس کا تقرر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بحیثیت ترجمان منسوخ کر دیا گیا ہے اور اب اسے میرا ایجنٹ بن کر کام کرنا ہوگا۔

اگلے روز لارنس نے چارلس کو برٹش انٹیلی جنس ایجنٹ کی حیثیت سے حیفا واپس جانے اور ترکوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی ترغیب دی اور کہا کہ جتنی رقم کی ضرورت ہو وہ فراہم کرے گا، مگر چارلس نے اپنے بجائے اپنے باپ کی خدمات پیش کیں جو ابھی تک حیفا میں تھا۔ لارنس مان گیا اور ایک خاتون کے ذریعے چارلس کے باپ سے پیغام رسانی شروع کر دی۔ تھوڑا عرصہ ہی گزرا تھا کہ چارلس کا باپ ساحل پر مشکوک حالات میں گھومتا ہوا پکڑا گیا۔ مقدمہ چلا اور اسے جاسوسی کے جرم میں سزائے موت دے دی گئی۔

گھٹنے ٹیک دیئے

۱۹۱۶ء کے آغاز میں لارنس کو ایک نہایت اہم اور خفیہ مشن پر عراق بھیجا گیا۔ اس کے ذمے ترک فوجوں کے کمانڈر انچیف سے رابطہ پیدا کرنا اور اسے دس لاکھ پونڈ رشوت دے کر محصور برطانوی فوج کو چھڑانا تھا۔ جنرل ٹاؤن سینڈ کی کمان میں برطانوی افواج کو ترک فوجوں نے مار بھگایا تھا اور وہ قط میں قلعہ بند ہو کر بیٹھ گئی تھیں۔ ترک فوج نے جس کی کمان خلیل پاشا کر رہا تھا۔ قلعے کا محاصرہ کر لیا۔ دس ہزار سپاہیوں کے ہلاک ہو جانے کا خدشہ پیدا ہو گیا تھا۔ انگریزوں نے انہیں بچانے کے لئے فوج بھیجی۔ لیکن خونریز لڑائیوں کے باوجود انگریز ترکوں کا محاصرہ نہ توڑ سکے۔ جنگی چالوں سے مایوس ہو کر برطانوی وزیر مملکت برائے جنگ نے سیاست لڑانے کا فیصلہ کیا برطانوی وزیر مملکت برائے جنگ کچنر نے خلیل پاشا کو خریدنے کی تجویز پیش کی۔ ۲۹ مارچ کو جنرل رابرٹسن قط کے قریب جنرل آفس کمانڈنگ فورس ''ڈی'' کو مندرجہ ذیل تار بھیجا۔

''کلیئر دی لائن ۱۴۸۹۵ اصفر انتہائی خفیہ اور ذاتی کیپٹن لارنس تم سے مشورہ کرنے کے لئے ۳۰ مارچ کو بصرہ پہنچ رہا ہے اور اگر ممکن ہوا، تو وہ عراق میں متعین عثمانی فوج کے کسی کمانڈر مثلاً خلیل پاشا یا نجیب کو خریدنے کی کوشش کرے گا، تاکہ ٹاؤن سینڈ کو محاصرے سے نکالا جا سکے۔ اس مقصد کے لئے تمہیں دس لاکھ پونڈ تک رقم خرچ کرنے کا اختیار دیا جاتا

ہے چونکہ فوری طور پر رابطے کے لئے کوئی مقامی فرد نہیں مل سکا۔ اس لئے اکیلے لارنس کو یہ مشن سونپا گیا ہے تاہم ممکن ہے بصرہ میں اس مقصد کے لئے کوئی معاون مل جائے۔''

لارنس ۲۲ مارچ کو قاہرہ سے روانہ ہوا۔ کویت سے جہاز تبدیل کیا اور بصرہ میں مختصر قیام کے بعد دریائے دجلہ میں لنگر انداز ایک اسٹیمر میں قائم ہیڈ کوارٹر کو اپنے آنے کی رپورٹ دی۔ مقامی برطانوی جنرل ترکوں کو رشوت پیش کرنے کے حق میں نہ تھے ان کا خیال تھا کہ یہ ہتھیار ڈالنے سے کہیں زیادہ ذلیل اور شرمناک حرکت ہوگی۔ جس سے برطانوی فوج کا مورال گر جائے گا اور دشمن سے اتحادی طاقتوں کو بدنام کرنے کے لئے استعمال کرے گا۔ لیکن چونکہ لارنس مشن کے احکام چیف آف امپریل جنرل سٹاف کی طرف سے بھیجے گئے تھے، اس لئے وہ بادل ناخواستہ خاموش رہے، تاہم دو جرنیلوں نے لارنس کو الگ لے جا کر سمجھانے کی کوشش کی کہ یہ مشن ایک سپاہی کے وقار کے منافی ہے۔ لارنس نے ان کی باتوں پر کان نہ دھرے اور کہا کہ انہیں اس کے معاملے میں دخل دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ ایوبرے ہربرٹ (جو خود بھی انٹیلی جنس میں تھا) کے ساتھ مل کر لارنس نے خلیل کو دس لاکھ پونڈ کی رشوت پیش کی اور بعد میں بڑھا کر دگنی کر دی، لیکن خلیل نے یہ پیش کش پائے حقارت سے ٹھکرا دی۔ ٹاؤن سینڈ کے لئے بلا شرط ہتھیار ڈالنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہا۔

ہتھیار ڈالنے کے موقع پر لارنس اور ہربرٹ بھی موجود تھے۔ یہاں بھی لارنس نے جنرل کا کردار ادا کیا۔ ہربرٹ کے ہمراہ خلیل پاشا سے ملا اور ہتھیار ڈالنے کے انتظامات طے کئے بعد ازاں لارنس نے خلیل پاشا سے اپنی ملاقات کی خفیہ رپورٹ وار آفس (دفتر جنگ) کو ارسال کی۔

خفیہ ہدایات

لارنس کا بنیادی مقصد ناکام رہا تھا۔ لیکن وہ دراصل صرف اسی کام کے لئے میسو پوٹیمیا نہیں آیا تھا۔ نئے قائم شدہ عرب بیورو میں کرنل کلیٹون اور دوسرے انگریز افسر عرب نیشنلزم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

کو برطانوی مفادات کے تابع بنانے کے لئے سرگرم عمل تھے۔ لارنس ابھی بصرہ ہی میں تھا کہ اسے قاہرہ سے خفیہ ہدایات ملیں: ''عرب بغاوت کے منصوبے پر عملدر آمد کا وقت آ گیا ہے قاہرہ میں کار آمد نیشنلسٹ لیڈر خاصی تعداد میں جمع کر لئے گئے ہیں اور انہیں خصوصی مشن پر بصرہ بھیجنے کا منصوبہ بنا لیا گیا ہے ...... سب سے اہم چیز (لوگوں سے راہ ورسم بڑھانے، انہیں خریدنے اور تمام متعلقہ امور کے لئے) روپیہ ہوگا۔''

لارنس نے ان ہدایات پر پورا پورا عمل کیا۔ عثمانی پارلیمنٹ کے ایک رکن سلیمان فیدی کا بیان ہے: ''لارنس نے مجھے فوج اکٹھی کر کے ترکوں کے خلاف بغاوت کرنے کی ترغیب دی اور اس خدمت کے صلے میں بے انتہا سونا مہیا کرنے کا وعدہ کیا۔ لیکن میں نے پیش کش ٹھکرا دی۔''

لارنس کس قدر اہمیت اور لامحدود اختیارات کا مالک تھا۔ اس کا اندازہ اعلیٰ حکام کے اس خط سے ہوسکتا ہے جو اسے بصرہ میں بھیجا گیا۔

جنرل میک موہن بصرہ آ رہا ہے۔ ہم نے اس سے گفت وشنید کی ہے اور اس نے تمہاری ہر طرح سے مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے، وہ تمہارے متعلق سب کچھ جانتا ہے تاہم اگر وہ تمہاری مدد کرنے میں سستی کرے، تو بلا جھجک ہمیں اطلاع دے دو۔''

تصویر کا بھیانک رخ

لاول تھامس نے اپنی کتاب میں لارنس کی بڑی شاندار تصویر کھینچی ہے۔ اس طرح فلم ''لارنس آف عربیا'' میں اسے عربوں کی جدوجہد آزادی کا چمپئن ثابت کیا اور دکھایا گیا ہے کہ اس نے کس طرح ایک دوسرے کے خون کے پیاسے حریف عرب قبائل کے باہمی اختلافات کی آگ بجھائی اور انہیں متحد کر کے ایک قوم میں بدلنے کی کوشش کی حقیقت اس کے برعکس ہے۔ لارنس کی اپنی رپورٹیں بتاتی ہیں کہ بغاوت کا مقصد شروع ہی سے عربوں پر برطانیہ کا کنٹرول قائم کرنا اور ایسے حالات پیدا کرنا تھا کہ عربوں کے اختلافات ختم نہ ہوں اور نہ وہ کبھی متحد ہوسکیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

جنوری ۱۹۱۶ء میں لارنس نے ایک خفیہ پیپر تحریر کیا جس کا عنوان تھا ''مکہ کی سیاست'' اس زمانے میں وہ جنرل اسٹاف انٹیلی جنس قاہرہ میں برائے نام سیکنڈ لیفٹیننٹ تھا، اس میں عرب بغاوت کے بارے میں اس نے لکھا:

''حسین کی سرگرمیاں ہمیں مفید نظر آتی ہیں کیونکہ یہ ہمارے فوری مقاصد سے ہم آہنگ ہیں اور وہ مقاصد ہیں اسلامی بلاک کی شکست اور سلطنت عثمانیہ کا انتشار۔ ترکوں کے رخصت ہونے کے بعد جو ریاستیں قائم کرے گا وہ ہمارے لئے اس طرح بے ضرر ہوں گی جس طرح جرمنی کا آلہ کار بننے سے پہلے ترکی تھا۔ عرب، ترکوں کے مقابلے میں کم مستحکم ہیں۔ اگر انہیں مناسب طریقے سے استعمال کیا جائے۔ تو یہ سیاسی لحاظ سے ایک پچ رنگی مجموعہ بنے رہیں گے۔ چھوٹی چھوٹی حریص ریاستیں کبھی متحد نہ ہو سکیں گی۔ لیکن کسی بھی بیرونی طاقت کے خلاف باہم مل کر اقدام کرنے کے لئے تیار ہو جائیں گی۔

عربوں کے مستقبل کے بارے میں یہ خیالات برطانیہ کے ان وعدوں کے برعکس تھے جو اس نے عربوں کو بغاوت پر آمادہ کرنے کے لئے کئے تھے۔ لارنس کو اصل حقیقت کا علم تھا اور یہ چیزیں اس کے ضمیر کو کچوکے دے رہی تھیں۔ چنانچہ وہ ''دانائی کے سات ستون'' میں رقم طراز ہے۔

''مجھے نظر آتا تھا کہ اگر ہم نے جنگ جیت لی۔ تو عربوں سے ہمارے وعدوں کی حیثیت کاغذی پرزوں سے زیادہ کچھ نہ ہوگی۔ اگر میں ایک معزز مشیر ہوتا تو اپنے آدمیوں کو حکم دیتا کہ وہ ہتھیار پھینک کر گھروں کو چلے جائیں۔ انہیں ایک سراب کے پیچھے اپنی زندگی خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہ دیتا مگر مشرقی محاذ جنگ جیتنے کے لئے عرب تحریک ہمارا سب سے بڑا ہتھیار تھا۔''

یہ شاطر انگریز مزید لکھتا ہے: ''فراڈ کا خطرہ مول لینا ہی پڑا مجھے کامل یقین ہے کہ مشرقی محاذ پر جلدی اور سستی فتح کے لئے عربوں کی مدد حاصل کرنا ضروری ہے اور یہ کہ فتح حاصل کرنا اور وعدے توڑنا ہار جانے سے بہتر ہے۔''

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مال غنیمت کی فکر

فروری ۱۹۱۵ء میں سینائی سے نہر سویز تک ترکوں کی ابتدائی کامیاب پیش قدمی سے کچنر کو یقین ہو گیا تھا کہ جنگ کے بعد روس اور فرانس مشرقی بحیرہ روم میں موجود رہے تو وہ مصر، نہر سویز اور آخر کار ہندوستان کے لئے خطرہ بن جائینگے۔ چنانچہ مصر اور نہر سویز کی حفاظت کے لئے پیشگی اقدامات ضروری تھے۔

لائڈ جارج اس مقصد کے لئے فلسطین کو بہتر سمجھتا تھا۔ یہاں بندرگاہ حیفا کی سہولت میسر تھی اور پھر میسو پوٹیما سے بذریعہ ریل رابطہ بھی قائم تھا۔ ابھی اس مسئلے پر بحث و تمحیص جاری تھی کہ برطانوی مدبرین کا نقطہ نظر واضح تر ہونے لگا۔ وہ یہ کہ اگر عرب علاقے تقسیم کئے گئے تو برطانیہ خالی ہاتھ رہنا پسند نہیں کرے گا۔ ایسکوئتھ نے لکھا ہے۔

''اگر ہم نے دوسری قوموں کو ترکی کے حصوں پر چھینا جھپٹی کے لئے آزاد چھوڑ دیا (اور خود تماشا دیکھتے رہے) تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے اپنے قومی فرض کو پس پشت ڈال دیا ہے۔''

چرچل اس معاملے میں سب سے زیادہ پر جوش تھا اس نے کہا: ''برطانیہ کو اس مال غنیمت سے اپنا مناسب حصہ وصول کرنے کی تیاری کرنی چاہئے۔''

جنگی چالیں

مئی ۱۹۱۵ء میں ایسکوئتھ کی سربراہی میں مخلوط حکومت قائم ہوئی۔ ترکی پر اتحادیوں کا حملہ گیلی پولی میں سخت ہزیمت سے دوچار کیا۔ اس کے بعد اتحادیوں خصوصاً برطانیہ نے اپنی حکمت عملی تبدیل کر لی۔ اب برطانیہ کا رخ مشرق وسطیٰ کی طرف تھا جہاں اس کے دو بڑے محکمے انڈیا آفس اور فارن آفس مصروف عمل تھے۔ لیکن ان دونوں کی پالیسی متضاد تھی فارن آفس ترکی کے خلاف عرب قومیت کو پروان چڑھا رہا تھا جب کہ انڈیا آفس، ہندوستانی مسلمانوں کی ترکی سے ہمدردی کے پیش نظر فارن آفس کی اس پالیسی کا سخت مخالف تھا۔

اسی فضا میں ''لارنس، ہوگارتھ منصوبہ'' منظر عام پر آیا یعنی سلطنت برطانیہ کے زیر اثر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عرب ریاست کا قیام، اہم مسئلہ یہ تھا کہ ترکوں کے خلاف خروج کے لئے کون سا عرب موزوں رہے گا۔ اس پس منظر میں انگریزوں کی نگاہ انتخاب حسین، شریف مکہ پر پڑی وہ واحد شخص تھا، جسے عربوں میں اعلیٰ مذہبی حیثیت حاصل تھی۔ وہ حضرت محمد ﷺ کی اولاد میں سے بھی تھا اور مکہ اور مدینہ کے مقدس مقامات کا محافظ بھی مکہ کا شریف اعظم بننے سے قبل وہ سترہ برس یرغمالی کی حیثیت سے استنبول میں گزار چکا تھا اور سلطنت عثمانی کے بیشتر لیڈروں کو جانتا تھا۔ علاوہ ازیں وہ تنہا عرب لیڈر تھا جس کی شہرت (حاجیوں کے انتظامات کے نگران کی حیثیت سے) عرب سے باہر کی مسلم دنیا میں بھی تھی اور اس کا امکان تھا کہ بیشتر عرب قوم پرست اس کی سرداری قبول کر لیں گے۔ انگریزوں کا خیال تھا کہ اگر حسین برطانیہ کی مدد سے ترکوں کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا، تو وہ کامیابی سے سلطان ترکی کے اتحادیوں کے خلاف اعلان جہاد کا اثر زائل کر سکے گا جو بصورت دیگر برطانیہ، فرانس اور روس کے مسلم مقبوضات کی کروڑوں مسلم رعایا میں بے چینی اور بغاوت پیدا کر سکتا ہے۔ اس وجہ سے لارنس کی نظروں میں صرف حسین ہی موزوں عرب تھا۔ اس نے ۱۹۱۶ء کے آغاز میں ایک طویل میمورنڈم لکھا، جس میں عرب بغاوت کا پورا مقصد سیاست، اسٹریٹجی اور چالوں کا تذکرہ تھا۔ جنگ کے بعد برطانیہ کے مقاصد کیا ہونے چاہئیں لارنس نے وہ بھی بیان کر دیئے تھے:

"اس جنگ کا اگر کوئی نتیجہ برآمد ہوا تو وہ یہ کہ سلطان (ترکی) کی مذہبی برتری ختم کی جائے گی۔ انگلینڈ اب کوئی نیا خلیفہ نہیں بنا سکتا، جیسا کہ اس نے مصر کے لئے نیا سلطان بنا دیا تھا..... یہ تو ایسے ہی ہوگا جیسے جاپان رومن کیتھولک چرچ کے لئے نیا پوپ مقرر کر دے۔ پھر حقیقی عرب یہاں تک کہ شامی بھی ڈھیلے منہ والے مصریوں کو پسند نہیں کرتے۔

سلطان ترکی کا متوقع حریف اور خلافت کا سب سے موزوں امیدوار شریف مکہ ہو سکتا ہے۔ جو گزشتہ کئی برسوں سے عرب اور شام میں سرگرم عمل ہے اور عرب کے سیاہ وسفید کا مالک ہونے کا مدعی۔ اسے صرف ترکی سے ملنے والی رقم اور ترک افواج نے اعلان خود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

مختاری سے باز رکھا ہے۔ لیکن ہم مصر یا ہندوستان کی وساطت سے متبادل رقم دے سکتے ہیں۔ یمن میں برطانیہ کے خلاف جو شورشیں برپا ہیں انہیں دبانے کی اس کے سوا اور کوئی سبیل نہیں کہ حجاز ریلوے لائن کاٹ دی جائے۔ اسی راستے سے سپاہیوں کو روپیہ اور اسلحہ فراہم کیا جاتا ہے اور اس لائن کی موجودگی یمن میں برطانوی عملداری کے لئے ایک خطرہ بنی ہوئی ہے۔ اسے کاٹ کر ہم حجاز کی سول حکومت کو مفلوج اور حجاز آرمی کو منتشر کر سکتے ہیں، پھر حجاز کے عرب سردار اپنا کھیل شروع کر دیں گے۔ بہرحال حجاز ریلوے لائن کو کاٹ دینے سے ترکی حکومت حرمین سے ہاتھ دھو بیٹھے گی، گویا ترکی شیر کے منہ سے دانت نکل جائیں گے اور وہ ہمارے لئے بے ضرر ہو جائے گا۔ بدو قبیلے ریلوے سے نفرت کرتے ہیں کیونکہ اس کی وجہ سے ان کی سالانہ محصول کی آمدنی کم ہوگئی ہے اور وہ لائن کاٹنے میں ہماری پوری مدد کریں گے۔''

عرب لیڈر کی تلاش

اس رپورٹ سے ان جنگی چالوں کا خاکہ سامنے آجاتا ہے جو لارنس عربوں کو بغاوت پر اکسانے کیلئے اختیار کرنا چاہتا تھا۔ تاہم وہ تقریباً ایک برس بعد اس معرکے میں ملوث ہوا۔ مکہ پر قبضے میں بلاشبہ کامیابی ہوئی لیکن مدینے میں باغیوں کو ہزیمت اٹھانی پڑی۔ ترکوں کا محاصرہ کر لیا گیا۔ لیکن انہوں نے ہتھیار ڈالنے کے بجائے جم کر مقابلہ کیا۔ ان کے پاس اسلحہ اور خوراک کا وافر ذخیرہ تھا اور پھر حجاز ریلوے کے ذریعے انہیں سامان رسد و جنگ پہنچ رہا تھا۔ عرب ڈائنامیٹ کے استعمال سے واقف نہ تھے، اس لئے لائن کو پوری طرح کاٹنے میں ناکام رہے، اس سے حسین کی پریشانی بڑھ گئی۔ اس کے دستے ایک ایک کر کے ساتھ چھوڑ رہے تھے۔ ان حالات میں اس نے برطانیہ سے حجاز ریلوے لائن توڑنے اور دور مار توپیں اور پہاڑی رائفلیں مہیا کرنے کی درخواست کی لیکن بے سود۔ حسین نے بعد ازاں بیان کیا کہ بغاوت شروع ہونے سے پہلے دوسرے امور کی طرح انگریزوں سے یہ طے ہوا تھا کہ وہ حجاز ریلوے کو کاٹ دیں گے لیکن ایسا نہ کر سکنے کی وجہ سے عرب جدوجہد کو شدید

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

دھچکا لگا۔

انگریزوں کو اصرار تھا کہ ایسا کوئی معاہدہ طے نہیں پایا تھا...... اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ یہ تھا کہ عرب بیورو نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت حسین کی امداد روک لی تا کہ اسے احساس ہو جائے کہ انگریزوں کی مدد کے بغیر وہ کہیں کامیاب نہیں ہو سکتا اور معقول رویہ اختیار کرے'' اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ برطانیہ کا شروع ہی سے یہ پروگرام تھا کہ بغاوت پوری طرح برطانیہ کے کنٹرول میں ہو اور اس نے حسین کو یہ حقیقت باور کرانے کا تہیہ کر رکھا تھا، لیکن برطانیہ جلدی پیش قدمی کرنے پر مجبور ہو گیا، جب ترکوں نے مکہ پر دوبارہ قبضے، حسین کو پھانسی دینے اور سازش کو کچل دینے کا منصوبہ بنایا اور ترک فوج مکے کی طرف چل پڑی۔

اکتوبر ۱۹۱۶ء میں مصر میں برٹش ایجنسی کے اورنیٹل سیکرٹری رونالڈ سٹورس کے ہمراہ لارنس کو عرب بغاوت کا جائزہ لینے اور موزوں قوم پرست لیڈروں کا انتخاب کرنے کے لئے جدہ بھیجا گیا لارنس اپنے اس دورے کے بارے میں '' دانائی کے سات ستون'' میں لکھتا ہے۔

'' میرا شروع ہی سے خیال تھا کہ عرب بغاوت کی مشکلات انگریزوں اور عربوں کی غلط لیڈر شپ کا نتیجہ ہیں، نہ کہ لیڈر شپ کے فقدان کا چنانچہ عرب لیڈروں کا جائزہ لینے کے لئے میں خود عرب گیا۔ شریف مکہ بہت بوڑھا تھا۔ عبداللہ کو میں نے بیحد چالاک علی کو بہت زیادہ نفیس الطبع اور زید کو سرد مہر پایا۔ پھر میں اندرون ملک جا کر فیصل سے ملا اور اس میں مجھے صحیح لیڈر مل گیا۔ بدو قبائلیوں کی خاصی تعداد اس کے ساتھ تھی اور پھر وہ ایسے علاقے میں تھا جہاں پہاڑیاں قدرتی تحفظ فراہم کرتی تھیں چنانچہ میں خوش اور مطمئن مصر واپس آ گیا اور اپنے افسروں کو بتایا کہ مکے کا دفاع اس کی پہاڑیاں نہیں، فیصل کی فوج کر سکتی ہے وہ اس نئی اطلاع سے ششدر رہ گئے انہوں نے فیصل کی مدد کرنے کا فیصلہ کیا اور پھر مجھے مرضی کے خلاف عرب بھیج دیا گیا۔''

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہاشمی شہزادہ انگریز کے دام میں

اس بیان سے لارنس نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ وہ عرب بغاوت میں محض اتفاقاً ملوث ہو گیا حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے جیسا کہ ہم مختلف دستاویزی ثبوت پیش کر چکے ہیں کہ عرب بغاوت کے شعلے بھڑکانے میں اس کا نمایاں ہاتھ تھا۔ وہ قاہرہ اور حسین کے درمیان رابطے کا کام کرتا رہا تھا۔ اس میں اب کوئی شبہ نہیں رہا کہ وہ پولٹیکل انٹیلی جنس آفیسر کی حیثیت سے عرب گیا تھا تاکہ معلوم کرے کہ بغاوت کو قوت فراہم کرنے کے لئے کیا کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور اپنی آمد کے دوسرے ہی روز اس نے عرب بیورو کو صورت حال کی رپورٹ بھیج دی تھی پھر حسین اور اس کے چار بیٹوں میں سے اس کی نظر انتخاب فیصل پر پڑی کیونکہ اس کی فوج زیادہ تر ساحلی قبائلیوں پر مشتمل تھی۔ اور وہ لارنس کو آزادانہ نقل و حرکت کی بآسانی اجازت دے سکتا تھا۔ عبداللہ کی فوج اندرونی قبائلیوں پر مشتمل تھی جو کسی اجنبی کی موجودگی گوارا نہیں کر سکتے تھے۔ علی کی صحت کمزور تھی اور زید کی ماں ترک تھی جس کی بناء پر اسے بغاوت سے کوئی خاص دلچسپی نہ تھی۔ فیصل کا خیال تھا کہ وہ لارنس کے ذریعے عربوں کو آزادی سے ہمکنار کر سکے گا۔ دوسری طرف لارنس کو یقین تھا کہ وہ فیصل کو آلہ کار بنا کر اسلامی بلاک کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا اور مشرق وسطیٰ میں برطانیہ کا اثر و رسوخ بڑھا دے گا۔

انگریز کی عیاری

لارنس کے لباس، عادات، گفتگو اور دوسرے افعال نے اس کی مشہور داستان جنم دینا شروع کی وہ اس داستان میں عرب کا چیمپئین پرنس آف مکہ اور عرب کا بے تاج بادشاہ بن کر ابھرا، لیکن اب یہ حقیقت طشت از بام ہو چکی ہے کہ لارنس، عربوں کی آزادی کا ہرگز خواہاں نہیں تھا، اسے عربوں سے محبت تھی۔ نہ انہیں پسندیدگی کی نظر سے دیکھتا تھا اس نے عربوں کا لباس، عادات و اطوار، طرز طعام اور انداز کلام صرف اس لئے اپنایا تھا کہ انہیں زیادہ بہتر طریقے سے اپنے مقصد کے لئے استعمال کر سکے۔ وہ ''تسخیر شام'' کی رپورٹ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM
ISLAMIA ACADEMY

میں لکھتا ہے۔

اگر ہم شام میں امن سے رہنا چاہتے ہیں اور میسو پوٹیمیا (عراق عرب) پر قبضہ اور مقدس شہروں پر کنٹرول کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ناگزیر ہے کہ دمشق کے حکمران یا تو ہم خود ہوں یا پھر کوئی اور غیر مسلم طاقت جس کے ساتھ ہمارے دوستانہ تعلقات ہوں۔"

اسی طرح وہ "سیاسیات مکہ" میں رقم طراز ہے۔

"حسین کا خیال ہے کہ وہ کسی روز حجاز میں عثمانی خلیفہ کی جگہ لے سکتا ہے اگر ہم ایسا انتظام کریں کہ یہ سیاسی تبدیلی تشدد آمیز ہو تو اسلام کا خطرہ ہمیشہ کے لئے ہم سے دور ہو جائے گا۔ یعنی مسلمانوں کی قوت باہم متصادم ہو کر تقسیم ہو جائے گی پھر ایک خلیفہ ترکی میں ہوگا اور دوسرا عرب میں وہ ہمیشہ دینی جنگ میں الجھے رہیں گے اور یوں اسلام کی قوت وسطوت اسی طرح ختم ہو کر رہ جائے گی جس طرح پوپ کی غیر موجودگی میں پاپائی نظام ختم ہو گیا۔"

لارنس کو عربوں سے سوائے اس کے کہ وہ انہیں برطانوی سامراج کا نخچیر بنانا چاہتا تھا اور کوئی دلچسپی نہ تھی، اسی مقصد کے لئے اس نے سارے پاپڑ بیلے۔ اپنے "ستائیس آرٹیکلز" میں جو اس نے پولیٹکل افسروں کے لئے لکھے تھے اور بتایا تھا کہ عربوں کو کس طرح قابو میں کیا جائے) وہ لکھتا ہے۔:

"حجاز کے عربوں کو قابو میں لانا ایک فن ہے، سائنس نہیں...... ہمارے لئے وہاں سنہری مواقع ہیں۔ شریف ہم پر اعتماد کرتا ہے..... اگر ہم ہوشیاری سے کام لیں تو بآسانی اس کی خوشنودی حاصل کر کے اپنا کام سرانجام دے سکتے ہیں۔"

"چوتھے آرٹیکل" میں وہ فیصل سے اپنے تعلقات کے روشن ترین رخ سے نقاب اٹھاتا ہے:

اپنے لیڈر کا اعتماد جتیئے اور اسے قائم رکھئے...... اس کے پیش کردہ منصوبوں کو کبھی مسترد یا نامنظور مت کیجئے لیکن یہ اہتمام ضرور کیجئے کہ یہ منصوبے سب سے پہلے ذاتی طور پر آپ کے روبرو پیش ہوں۔ ہمیشہ انہیں سراہیے اور تعریف کر چکنے کے بعد ان میں ترمیم کیجئے اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

طرح کہ اسے کچھ محسوس نہ ہونے پائے اور وہ یہی سمجھتا رہے کہ ترمیم اس کی اپنی پیش کردہ ہے، یہاں تک کہ وہ آپ کی رائے سے ہم آہنگ ہو جائے۔ جب آپ اس مقام پر پہنچ جائیں تو اسے وہیں ٹھہرا لیجئے اور اس کے خیالات کو اپنی مضبوط گرفت میں لے لیجئے اور پھر پورے استقلال سے آگے دھکیلئے لیکن پوشیدہ طور پر تاکہ اس کے سوا کوئی اور شخص آپ کے دباؤ سے آگاہ نہ ہو سکے۔"

آرٹیکل نمبر ۱۸ اور ۱۹ سے انکشاف ہوتا ہے کہ لارنس کے پیش نظر عربی لباس زیب تن کرنے کا حقیقی مقصد کیا تھا۔

"عرب قبیلوں میں عربی لباس زیب تن کر کے آپ ان کا اعتماد اور دوستی جیت سکتے ہیں، جو یونیفارم کی صورت میں ناممکن ہے، تاہم یہ کام خطرناک اور مشکل ہے...... آپ کو غیر ملکی تھیٹر پر ایک ایکٹر کا کردار کئی ماہ تک آرام کے بغیر مسلسل ادا کرنا پڑے گا۔ مکمل کامیابی کا لمحہ وہ ہوگا جب عرب آپ کو اجنبی سمجھنا چھوڑ دیں وہ آپ کے ساتھ بالکل اپنوں کی سی باتیں کریں اور آپ کو اپنا ہی ایک فرد سمجھیں۔"

آگے چل کر بیسویں آرٹیکل میں لکھتا ہے:

"اگر آپ عربی لباس پہن لیں تو باقی سب طور اطوار بھی انہیں کے اختیار کریں۔ اپنے انگریزی دوستوں اور رسم و رواج کو ساحل پر پھینک دیں اور مکمل طور پر عربوں کے رنگ میں رنگ جائیں اس طرح آپ عربوں کو انہی کے ہتھیاروں سے مات دے سکیں گے۔"

ایک شرمناک خفیہ معاہدہ

جس وقت لارنس اور ہوگارتھ عربوں سے وعدے وعید میں مصروف تھے فارن آفس میں کچھ دوسری پالیسیاں تشکیل پا رہی تھی۔ ان پالیسیوں کے نتیجے میں آخر کار "سائیکس پیکاٹ" معاہدہ معرض وجود میں آیا، جس کے تحت سلطنت عثمانیہ کے منتخب حصے برطانیہ، فرانس اور روس نے آپس میں تقسیم کر لئے اور عربوں کے لئے بہت تھوڑا اور غیر اہم علاقہ رہنے دیا۔ لارنس نے فیصل کو اس معاہدے سے بے خبر رکھا۔ اسے خدشہ تھا کہ عربوں کو اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

معاہدے کی بھنک بھی پڑ گئی تو وہ ہتھیار پھینک کر بیٹھ جائینگے۔

اس معاہدے کے تحت برطانیہ کو عراق (جس میں بغداد اور بصرہ شامل تھے) ملنا تھا اور فرانس کو شام کا بڑا حصہ جس میں موصل کا ضلع بھی شامل تھا۔ اگر چہ بعد میں جب انگریزوں کو پتہ چلا کہ اس علاقے میں مشرق وسطیٰ کے بہترین آئل فیلڈ ہیں، تو انہوں نے ارادہ بدل لیا۔ فلسطین، صہیونی ریاست کے قیام کے لئے وقف کر دیا گیا معاہدے کی اہم خصوصیت تھی کہ عربوں کو وعدوں کے جس دلکش جال میں پھانسا گیا تھا، انہیں پس پشت ڈال دیا گیا، عربوں کو ایک بھی قابل ذکر علاقہ نہ ملا۔ انہیں اس دھوکے کی ذرا بھی ہوا لگ جاتی تو ان کے لڑنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا اور بغاوت اسی وقت دم توڑ جاتی۔

معاہدہ انتہائی خفیہ رکھا گیا حتیٰ کہ میک موہن کو بھی اس وقت پتہ چلا، جب سائیکس نے اسے خود بتایا۔

سازش کا انکشاف

اس بے خبری کے عالم میں دو سال بیت گئے۔ نومبر ۱۹۱۷ء میں روس میں مالشویک برسر اقتدار آئے تو انہوں نے اپنے مخصوص سیاسی مفادات کے تحت پہلی بار اس معاہدے سے پردہ اٹھایا۔ ترکوں کو عرب بغاوت فرو کرنے کا اچھا موقع ہاتھ آ گیا چنانچہ شام میں ترک کمانڈر انچیف جمال پاشا نے فیصل کو خطوط لکھ کر اس معاہدے سے آگاہ کیا اور لکھا کہ برطانیہ اور فرانس نے عرب کو آپس میں تقسیم کرنے کا معاہدہ طے کر رکھا ہے اور حسین برطانیہ کے جال میں پھنس گیا ہے اس نے صلح کی پیشکش بھی کی۔

لارنس کو ترکوں کی اس پیش کش کا علم تھا، وہ ایک ایک تفصیل جانتا تھا اس کی غیر حاضری میں اس کے سیکرٹریٹ کی فائلیں دیکھتا رہتا تھا۔ وہ حسین اور فیصل کی خط کتابت راستے ہی میں روک کر پڑھ لیتا تھا۔

فیصل نے ترکوں کے خطوط حسین کو بھیج دیئے، جس نے ایک بار اسے یقین دلایا تھا کہ ''برطانیہ کا وعدہ سونے کی طرح ہے، اسے جتنا بھی رگڑو گے اور زیادہ چمکے گا۔'' حسین نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ٹیلی گرام کے ذریعے جواب دیا ''اتحادی بہت عظیم ہیں اور کسی قسم کے شک وشبہے سے بالا'' تاہم اس نے بطور احتیاط ترکوں کے خطوط مصر میں برطانیہ کے ہائی کمشنر سر ریجنالڈ ونگیٹ کو بھیج دیے اور پوچھا، ان میں کتنی صداقت ہے۔

ونگیٹ اور فارن آفس کے درمیان ٹیلی گراموں کا تبادلہ ہوا اور آخر کار ونگیٹ کو حکم ملا کہ وہ حسین کو درج ذیل جواب بھیج دے۔

''ترک، عربوں اور ان کی حلیف یورپی طاقتوں کے درمیان بداعتمادی کا بیج بونا چاہتے ہیں...... ہر میجسٹی کی حکومتی ہز ہائی نس سے کیے ہوئے وعدوں کی پھر سے تجدید کرتی ہے۔''

جمال پاشا کے جانشین نے ''سائیکس پیکاٹ'' معاہدے او وہ متن شائع کر دیا جو روسیوں نے جاری کیا تھا، فارن آفس مخمصے میں پڑ گیا۔ قریب تھا کہ وہ اقرار کر لیتا کہ ونگیٹ کی ہدایت اور پھر فارن سیکرٹری مسٹر بالفور کی منظوری سے جدہ میں برطانوی ایجنٹ کے ذریعے ایک تحریر حسین کو بھیج دی گئی۔ یہ تحریک حیلہ بازی، غلط بیانی اور جھوٹ کا شاہکار تھی۔ برطانوی حکومت نے لکھا تھا۔ کہ یہ معاہدہ محض ایک چال تھی اس کا مقصد یہ تھا کہ اتحادی طاقتوں کو ترکوں کے خلاف جنگ جاری رکھنے میں دقت پیش نہ آئے اور یہ معاہدہ اب عملی طور پر مردہ ہو چکا ہے۔

لارنس کی پرفریب ذہانت

حجاز میں لارنس کا اپنے فرانسیسی ہمزاد کرنل ایڈورڈ بغے موند سے اس بات پر تصادم ہو گیا کہ عرب بغاوت کا راستہ کیا ہونا چاہئے۔ کرنل بغے موند اس مشن کا انچارج تھا جو ستمبر ۱۹۱۶ء میں فیصل پر برطانیہ کے اثرات کا توڑ کرنے کے لئے جدہ بھیجا گیا تھا۔ بغے موند نہ صرف پیشہ ور سپاہی تھا بلکہ عالم بھی وہ مراکش اور الجزائر میں خدمات انجام دے چکا تھا اور عربی زبان بڑی روانی سے بولتا تھا، اگر وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتا، تو لارنس آف عریبیا کی داستان جنم نہ لیتی اور لارنس، پرنس آف مکہ اور صحرائی رابن ہڈ جیسے القابات سے محروم رہتا۔ بغے موند کا خیال تھا بغاوت منظم اور باقاعدہ ہونی چاہئے اور اسے کامیابی سے

ہمکنار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ عربوں کی مدد کے لیے برطانوی اور فرانسیسی فوجی دستے بڑی تعداد میں بھیجے جائیں۔ کرنل مونڈ کی اس تجویز سے اکثر برطانوی ماہرین بھی متفق تھے۔ کیونکہ یہ خیال عام تھا کہ بدو ترکوں کی منظم فوج کے مقابلے میں ٹھہر نہیں سکتے، لیکن لارنس نے اس تجویز کی شدید مخالفت کی اور کہا، بدووں نے اجنبیوں خصوصاً بے دینوں کو اپنے ملک میں درآتے دیکھا تو وہ فوراً الگ ہو جائیں گے اس لئے جنگ بے قاعدہ اور غیر منظم طرز پر ہونی چاہئے اور وہ بھی زیادہ تر عرب خود لڑیں، تاہم اتحادی اسلحہ، روپیہ پیسہ، خوراک اور چند ایک انگریز افسران کی امداد کے لئے مہیا کریں۔ لارنس کی تجویز مان لی گئی۔ بغے مونڈ خود اپنی حکومت کی پوری تائید حاصل نہ کر سکا۔

خشت بنیاد کلیسا بن گئی خاک حجاز

لارنس اپنی مرضی کے مطابق بغاوت کی پالیسی متعین کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ اب اس کو کسی ایسے کامیاب اقدام کی ضرورت تھی جس سے اس کی دانائی کا اظہار ہو۔ یہ مقصد اس نے جولائی ۱۹۱۷ء میں بحیرہ قلزم کی بندرگاہ عقبہ پر قبضہ کر کے حاصل کر لیا۔

لارنس ابھی ''وجہ'' میں فیصل کے کیمپ میں تھا کہ حویطاط قبیلے کا شیخ عودہ بغاوت میں شامل ہو گیا۔ اس نے عقبہ پر حملے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ پورا منصوبہ دراصل اسی کا تیار کردہ تھا نہ کہ لارنس کا کچھ اور لوگ اس کا سہرا فیصل کے سر باندھتے ہیں۔

یہ مہم ۹ مئی ۱۹۱۷ء کو ''وجہ'' سے شمال کی طرف روانہ ہوئی اس میں لارنس کے علاوہ عودہ شریف ناصر (بغاوت کے پرجوش لیڈروں میں سے ایک) دو شامی نصیب البکری اور زکی دروبی اور رائفلوں سے مسلح تیس اونٹ سوار تھے۔ لارنس نے زین کے تھیلوں میں بیس ہزار سونے سکے بھی ساتھ رکھ لئے تھا تا کہ بغاوت کو دور دور تک پھیلایا جا سکے۔ اس چھوٹے سے دستے نے دنیا کے گرم ترین اور لق ودق صحرا میں دو سو میل کا فاصلہ طے کیا اور وادی سرحان پہنچ گیا جہاں عودہ، ناصر اور دونوں شامی مقامی قبیلوں کو فیصل کی مدد پر آمادہ کرنے میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مصروف ہو گئے۔ دوسری طرف لارنس جیسا کہ اس نے ''دانائی کے ستون'' میں بیان کیا ہے۔ ملک کے شمال کی طرف لمبے سفر پر تن تنہا نکل کھڑا ہوا۔ اس کا خیال تھا کہ شام کے ازسر نو جائزے سے کچھ نئی جنگی چالیں آزمانے کا موقع ملے گا جو صلیبی جنگوں اور پہلی عرب فتح کے واقعات سے اس کے ذہن میں ابھری تھیں۔'' لارنس ۵ سے ۱۶ جون تک کیمپ سے غائب رہا۔ یہ دمشق کا وہ مشہور سفر تھا جو ابھی تک متنازعہ فیہ ہے۔

لارنس کے بہت سے سوانح نگار اس کے سفر دمشق کے بارے میں شک کرتے ہیں۔ سلمان موسیٰ کا دعویٰ ہے کہ اس نے لارنس کے دو عرب ساتھیوں نصیب البکری اور فیض الغسین اور بعض دوسرے عربوں کا انٹرویو لیا جن کا اس سے کچھ نہ کچھ تعلق رہا تھا۔ نصیب کا بیان ہے کہ لارنس ایک دن کے لئے بھی کیمپ سے غائب نہیں ہوا تھا جب کہ فیض کے خیال میں اتنے مختصر عرصے میں اتنا لمبا فاصلہ طے کرنا ممکن نہیں اس نے پوچھا کہ ''کیا لارنس کوئی پرندہ تھا؟'' اس نے یہ دلیل بھی دی کہ یہ سفر اس لئے بھی ناممکن ہے کہ لارنس چوبیس گھنٹے بھی خود کو پوشیدہ نہیں رکھ سکتا تھا اور بآسانی پہچان لیا جاتا، خصوصاً ایسے علاقے میں جہاں کے لوگ بے حد متجسس ہیں، پھر جب بھی عربوں سے وابستہ کوئی انگریز کسی مشن پر جاتا تو شریف یا شریف کا کوئی قابل اعتماد عرب اس کے ہمراہ ہوتا۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس مہم میں لارنس کے عرب ساتھی کون تھے؟ وہ کہاں ٹھہرے اور انہوں نے خوراک کہاں سے حاصل کی؟ پھر لارنس نے ''دانائی کے سات ستون'' اور ''صحرا میں بغاوت'' میں اتنی اہم مہم کا ذکر مبہم الفاظ میں کیوں کیا؟ اس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ دمشق کا سفر محض من گھڑت افسانہ ہے۔

چہ ارزاں فروختند؟

۱۹ جون ۱۹۱۷ء کو عقبہ کی مہم دوسرے مرحلے میں داخل ہو گئی۔ اب دستے میں پانچ سو افراد تھے، انہوں نے ۲ جولائی کو ابا اللسان میں ترکوں پر حملہ کر دیا۔ تھوڑی دیر کی بے نتیجہ لڑائی کے بعد عودہ نے شتر سواروں کے ساتھ ترکوں پر یلغار کر دی اور گھمسان کی جنگ شروع ہو گئی۔ لارنس نے افراتفری میں اپنے ہی اونٹ کے سر میں گولی مار دی تو وہ اس کے نیچے

کچلے جانے سے بال بال بچا۔میدان عربوں کے ہاتھ رہا۔تین سو ترک مارے گئے اور ایک سو ساٹھ قیدی بنے...... جب کہ صرف دو عرب ہلاک ہوئے۔ابا اللسان کی فتح کے بعد عقبہ خود بخود زیر ہو گیا اور ٦ جولائی کو اس پر عربوں نے قبضہ کر لیا۔لارنس ایک ہیرو کی حیثیت میں قاہرہ پہنچ گیا۔عقبہ کی فتح کا مطلب تھا کہ مدینہ کی ترک فوجوں کے ساتھ رابطے کا فاصلہ چھ سو میل اور بڑھ گیا۔

١٠ جولائی ١٩١٧ء کو لارنس نے عرب بیورو کو رپورٹ دی جس میں اپنے سفر دمشق کا بھی ذکر کیا اور لکھا کہ وہ دمشق میں دشمن کی لائنوں کے پیچھے جا کر ترک فوج میں موجود عرب علی رضا الرکابی سے ملا۔اس نے مختلف علاقوں میں عرب شیوخ سے بھی ملاقات کی اور ان کی ہمدردیوں کا پتہ چلایا۔دشمن کی جنگی پوزیشنوں کی جاسوسی کی۔کئی مقامات پر حجاز ریلوے کو نقصان پہنچایا اور ایک ٹرین تباہ کی۔

یہ بلاشبہ ایک نمایاں کارنامہ تھا چنانچہ سر ریجنالڈ ونگیٹ نے لارنس کے لئے ''وکٹوریہ کراس'' کی سفارش کی۔لیکن چونکہ یہ کارنامہ اس اعزاز کے لئے مخصوص شرائط پوری نہ کرتا تھا یعنی کوئی افسر اس کارنامے کا عینی شاہد نہ تھا اس لئے اس سفارش پر عملدرآمد نہ ہو سکا۔

اگست ١٩١٧ء میں فیصل اس کی فوجوں اور لارنس کو ونگیٹ کی کمانڈ سے نکال کر جنرل ایلن بی کی کمان میں دے دیا گیا۔اس تبدیلی نے فیصل اور لارنس کو حجاز کی آزادی کے محدود ملٹری آپریشن سے عالمی سیاست اور عالمی جنگ کے وسیع اور پیچیدہ میدان میں لا کھڑا کیا۔ایلن بی کی ماتحتی میں لارنس کے لئے فضا بڑی سازگار تھی جس سے اس نے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔اس کے مقابلے میں خصوصی مراعات اور لامحدود اختیارات کے ساتھ دو لاکھ پونڈ سونے کی شکل میں اسے دیئے گئے۔اس سونے نے عرب بغاوت کی کامیابی میں کیا کردار ادا کیا یہ امر اب کوئی راز نہیں رہا...... سلیمان موسیٰ کا کہنا ہے ''بدوؤں میں لارنس کی شہرت اور قدر و منزلت کا باعث صرف سونا تھا انہوں نے سوچا ہوگا کہ جس شخص کے قبضے میں اس قدر خطیر رقم ہے وہ ضرور اپنی حکومت کا اہم فرد اور بے پناہ اختیارات کا مالک ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

لارنس کی موت کے بعد ریجنالڈ ونگیٹ نے لکھا:

''عرب آپریشن کی کامیابی کا واحد سبب وہ رقم تھی جو میں اسے بڑی مقدار میں بھیج رہا تھا۔ نہ کہ اس کی شخصی جرأت وہمت' اور سوجھ بوجھ''

اکتوبر میں لارنس نے یرموک کے ریلوے پل کو اڑانے کی کوشش کی۔ وہ شمال اور فلسطین کے محاذ پر ترکوں کے درمیان مواصلات کا واحد ذریعہ کاٹ دینا چاہتا تھا۔ ابھی وہ بارود رکھ ہی رہا تھا کہ سنتری چوکنا ہو گیا اور مشن ناکام رہا۔ یرموک کی اس مہم میں ایک اور واقعہ پیش آیا۔ عبدالقادر نامی ایک عرب جو الجزائر میں پیدا ہوا تھا۔ اچانک لارنس سے الگ ہو کر روپوش ہو گیا۔ بغے موند نے لارنس کو خبردار کیا تھا کہ عبدالقادر ترکوں کا ایجنٹ ہے۔ اس وقت لارنس نے توجہ نہ دی۔ لیکن اب اسے بھی شک پڑ گیا۔ تاہم وہ ترکوں کے مواصلات کے مرکز ورع کی جاسوسی کے لئے چل پڑا۔ ایک بوڑھے کسان کے ہمراہ پھٹے پرانے عربی لباس میں وہ قصبے میں داخل ہوا، جہاں ترکوں نے اسے پکڑ لیا۔ لارنس اپنی اس گرفتاری کا ذمہ دار عبدالقادر اور اس کے بھائی سعید کو ٹھہراتا ہے۔

ترکوں کی مشکلات

جنوری ۱۹۱۸ء میں لارنس نے طفیلہ کے معرکے میں حصہ لیا۔ اس نے عرب بیورو کو جو رپورٹ بھیجی اس کے مطابق اس معرکے میں جنگی چالیں اس نے تشکیل دی تھیں۔ اس میں نو سو افسروں اور جوانوں پر مشتمل تین ترک انفنٹری بٹالین نے حصہ لیا۔ جن میں سے چار سو کھیت رہے اور اڑھائی سو قیدی بنا لئے گئے۔ اس کارنامے پر لارنس کو ڈی ایس او DISTINGUI SHED SERVICE ORDER دیا گیا۔ جولائی تک غیر منظم عرب فوج بتدریج باقاعدہ فوج میں تبدیل ہو گئی (بغے موند، اس عرصے میں دل شکستہ ہو کر واپس فرانس جا چکا تھا) اب فیصل کی فوج میں تین سو شتر سواروں کا دستہ ۳۵ سرنگ اڑانے والے مصری، ۳۰ گورکھا توپچی اور ۱۴۰ افریقی تھے اور چالیس انگریز (جن کی سپرداری میں آرٹلری اور مشین گنوں سے آراستہ بکتر بند گاڑیاں تھیں) تھے۔

ایک دستاویز میں کیا گیا جسے ''ڈیکلریشن آف دی سیون'' (سات قوم پرست لیڈروں کا اعلان) کا نام دیا گیا اس کی ایک کاپی حسین اور فیصل کو بھی بھیج دی گئی۔ اس اعلان کے دو بڑے نکات یہ تھے کہ جو عرب علاقے جنگ کے آغاز سے قبل آزاد تھے، وہ اسی طرح آزاد رہیں گے اور عربوں کے آزاد کرائے ہوئے علاقوں میں ''ان کی مکمل آزادی اور اقتدار اعلیٰ'' کو برطانوی حکومت تسلیم کرے گی۔ باقی علاقوں میں رعایا کی رضامندی کے مطابق حکومت تشکیل دی جائے گی۔ یہ وعدے کس قدر بے سروپا اور بے معنی تھے اس کا جائزہ ہم آگے چل کر لیں گے۔

اس اعلان نے معاملے کو پہلے سے بھی کہیں زیادہ پیچیدہ بنا دیا اس کا یہ مطلب تھا کہ سائیکس پیکاٹ معاہدہ ختم ہو چکا ہے؟ کیا فرانسیسیوں کے مفادات نظر انداز کر دیئے گئے؟

اتحادی افواج کے پہلے دستے کے دمشق میں داخل ہونے سے پانچ روز قبل فارن آفس نے ونگیٹ کو درج ذیل ٹیلی گرام ارسال کیا: ''اگر جنرل ایلن بی دمشق کی طرف پیش قدمی کرے تو ۱۹۱۶ء کے اینگلو، فرانسیسی معاہدے کی تعمیل ہر چیز پر مقدم ہوگی، ممکن ہو تو وہ فرانسیسیوں کے ساتھ مل کر عرب انتظامیہ سے کام چلائے ہم نے اس سلسلے میں اسے تار بھیج دیا ہے''۔

چنانچہ جب آسٹریلین جنرل ہیری چاول نے جو دمشق کی طرف پیش قدمی کرنے والی سوار فوج کی قیادت کر رہا تھا، پوچھا کہ شہر پر قبضے کے بعد اس کی انتظامیہ کا کیا کیا جائے۔ تو ایلن بی نے جواب دیا۔ ''تمہیں معلوم ہے یروشلم میں ہم نے کیا کیا تھا؟ بالکل وہی کچھ یہاں کرنا ہوگا؟ ترک والی (سول گورنر) کو طلب کرو، اسے حسب سابق انتظام چلانے کی ہدایت دو اور ضرورت کے مطابق اسے پولیس مہیا کر دو۔''

پھر چاول نے پوچھا: ''عربوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟ افواہ ہے کہ وہ شام کا نظم و نسق سنبھالنا چاہتے ہیں۔''

ایلن بی نے جواب دیا: ''مجھے خبر ہے، لیکن تمہیں میرا انتظار کرنا پڑے گا۔ اگر اس دوران

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فیصل گڑبڑ کرے، تو لارنس کے ذریعے اس سے نبٹ سکتے ہو، جو کہ تمہارا مددگار آفیسر ہوگا۔''

فیصل بلاشبہ گڑبڑ پیدا کرنے والا تھا، لیکن لارنس سے اس کے نبٹنے کی جو توقع کی گئی وہ غلط تھی، بلکہ فیصل کے اقدامات کی پشت پر لارنس کا ہاتھ کام کر رہا تھا۔ ایلن بی کو اس کی خبر دیر سے ہوئی۔

اتحادی دمشق کے دروازے پر پہنچ گئے اور لارنس، چاول اور الجزائری بھائیوں عبد القادر اور سعید کے درمیان چپقلش شروع ہوگئی اس کہانی کا آغاز اندرون شہر سے ہوا۔

۳۰ ستمبر ۱۹۱۸ء کو فوج نے خبردار کیا کہ شہر کا سقوط بس چند گھنٹوں کا منتظر ہے۔ شہر کی ترک انتظامیہ نے کاغذات سنبھالے اور شہر چھوڑ دیا۔ روانگی سے پہلے گورنر نے الجزائری لیڈر سعید کو بلوا بھیجا اور بتادیا کہ ترک شہر خالی کر گئے ہیں۔ سعید نے فوراً گورنمنٹ ہاؤس پر شاہ حسین کا ہاشمی پرچم لہرادیا، حکومت کی صوبائی کونسل تشکیل کی اور حسین کے نام پر شام کی خودمختاری کا اعلان کر دیا۔ بعدازاں اس نے شام اور لبنان کے بڑے بڑے شہروں میں تار روانہ کر کے ترک فوجوں کی واپسی کی اطلاع دی اور حسین کے نام پر عرب انتظامیہ بنانے کی ہدایت کر دی۔

پہلا راؤنڈ

شام تک اتحادی فوجیں شہر کے باہر آ پہنچیں۔ سب سے آگے چودھواں کیولری بریگیڈ تھا، جس کے پیچھے شریف ناصر کی کمان میں عرب فوج تھی۔ ''دانائی کے سات ستون'' میں لارنس نے دعویٰ کیا ہے کہ عرب سب سے پہلے شہر میں داخل ہوئے۔ لیکن جنرل چاول اس سے متفق نہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ سب سے پہلے ایک آسٹریلین بریگیڈ اور انڈین کیولری کی ایک رجمنٹ شہر میں داخل ہوئی اور اگلے روز یعنی یکم اکتوبر کو لارنس اور عرب فوج پہنچی۔

۲۵ ستمبر کو ایک کانفرنس میں جنرل ایلنبی نے دمشق پر قبضہ کرنے کے لئے چاول کے منصوبے منظور کئے اور فیصل اور اس کے دستوں کو اردن کے مشرق میں میجر جنرل سر جارج بارو کی کمان میں سونپ دیا۔ لارنس رابطہ افسر کی حیثیت سے کام کر رہا تھا۔ ۳۰ ستمبر تک یہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

واضح ہو گیا کہ دمشق پر پیش قدمی چاول کرے گا اور بارو کا ڈویژن ریزور میں رہے گا۔ جونہی لارنس کو اس حقیقت کا پتہ چلا وہ یکم اکتوبر کی صبح کسی کو بتائے بغیر بارو کے کیمپ سے غائب ہو گیا۔ وہ دمشق کی فتح میں پیچھے نہیں رہ سکتا تھا۔ چاول کو لارنس کی غیر حاضری کی خبر ساڑھے سات بجے ملی، جب وہ بارو سے ملنے کے لئے آیا۔

چاول لکھتا ہے: ''میں بلا تاخیر دمشق کی سول انتظامیہ تشکیل دینے کے لئے بے چین تھا، لیکن میرا واحد سیاسی مشیر غائب ہو گیا تھا۔'' چنانچہ اس نے خود شہر میں جانے کا فیصلہ کیا۔ وہاں گورنمنٹ ہاؤس کے سامنے لارنس مل گیا۔ اسے عربوں کے ایک جوشیلے ہجوم نے گھیر رکھا تھا۔ ان میں سے ایک کا تعارف لارنس نے شکری پاشا کے نام سے کرایا۔ چاول لکھتا ہے:۔

''لارنس نے اپنی غیر حاضری کا بہانہ یہ بنایا کہ وہ حالات کا جائزہ لے کر (اسے) چاول کو مطلع کرنا چاہتا تھا پھر اس نے بتایا کہ شکری دمشق کا گورنر ہے۔ میں نے کہا میں ترک گورنر سے ملنا چاہتا ہوں۔ کیا تم اسے بلوا سکتے ہو؟

''ترک گورنر ایک روز پہلے جا چکا ہے اور شکری کو شہریوں کی اکثریت نے منتخب کیا ہے۔'' لارنس کا جواب تھا۔ میں نے کمانڈر انچیف کی طرف سے شکری کی تقرری منظور کر لی اور لارنس کو رابطہ افسر مقرر کر دیا اور ہدایت کی کہ وہ پتہ کرے، انتظامیہ کو کس قدر پولیس درکار ہے۔''

لارنس نے پہلا راؤنڈ جیت لیا تھا ایک عرب دمشق کا گورنر بن گیا اور وہ بھی لارنس کا منتخب کردہ۔

الجزائری برادران

اب امیر سعید کا حال سنیئے تقریباً چھ بجے عرب فوج شہر میں داخل ہوئی۔ تو وہ فیصل کے سیکنڈ ان کمانڈ، شریف ناصر سے ملا اور کہا کہ وہ حکومت سنبھال لے، ناصر بیمار اور تھکا ہوا تھا۔ اس نے پیش کش قبول نہ کی اور سعید کو حکومت کا نظم ونسق چلانے کی تحریری اجازت دے دی۔ لارنس کو یہ خبر ملی تو وہ فوراً امیر سعید کے خلاف سرگرم عمل ہو گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لارنس، سعید کا اس قدر مخالف کیوں تھا؟ ۲۸ جون ۱۹۱۹ء کو اس نے جی ایچ کیو قاہرہ کے چیف پولیٹیکل افسر کے نام جو خفیہ رپورٹ بھیجی اس میں اس سوال کا جواب ملتا ہے۔ وہ لکھتا ہے: ''عبدالقادر ایک جنونی مسلمان تھا اور شریف کی انگریز نوازی کا شدید مخالف...... ایک رات وہ ازرق سے روپوش ہو گیا...... اور درع میں ترکوں سے ملا۔ اس نے اپنے مشن سے انہیں آگاہ کیا اور یہ بھی بتایا کہ میں اور علی اس ہفتے یرموک کا پل اڑانے والے ہیں، چنانچہ ترک باخبر ہو گئے اور ہماری مہم ناکام رہی۔ اس کے بعد عبدالقادر دمشق چلا گیا۔ میں ترکوں کی دفاعی پوزیشن معلوم کرنے کے لئے بھیس بدل کر درع گیا جہاں پکڑ لیا گیا، کیونکہ عبدالقادر نے گورنر کو میرا حلیہ بتا دیا تھا۔ گرفتاری کے بعد مجھ پر بے پناہ تشدد کیا گیا اور گورنر نے میرے ساتھ بدفعلی کی۔ مجھے زخمی حالت میں ہسپتال پہنچا دیا گیا جہاں سے میں فرار ہو گیا۔ گورنر اپنے فعل پر اس قدر نادم تھا کہ اس نے کبھی اپنی حکومت کو میری گرفتاری اور فرار کی رپورٹ نہ دی۔

''میں ازرق کے راستے عقبہ واپس چلا گیا...... عبدالقادر کو جب خبر ملی کہ ترکوں نے دمشق خالی کر دیا ہے تو وہ فوراً وہاں پہنچا اور حکومت کی باگ ڈور سنبھال لی، جب ناصر اور میں پہنچے، تو عبدالقادر اور سعید اپنے مسلح ملازموں کے ساتھ ایک قطار میں بیٹھے تھے۔ فیصل نے مجھ سے درخواست کی کہ اسے ان لوگوں سے چھٹکارا دلواؤں میں نے انہیں چلے جانے کو کہا اور بتایا کہ علی رضا کی واپسی تک شکری الایوبی گورنر ہوگا۔ عبدالقادر نے جانے سے انکار کر دیا اور کونسل چیمبر میں مجھے خنجر گھونپنے کی کوشش کی۔ لیکن عودہ لے اسے نیچے گرا لیا اور نوری شلان نے مجھے روئلہ قبیلے کی پناہ میں دے دیا۔

''اگر شام میں کوئی پھانسی کا مستحق تھا، تو وہ یہی دو بھائی تھے۔ مجھے دکھ ہوتا ہے کہ سعید کو اس قدر ڈھیل دی گئی ہے...... صرف یہی حقیقی اسلامی اخوت کا علمبردار (پان اسلامسٹ) ہے اور ہمارے لئے دشواریاں پیدا کر سکتا ہے۔''

دوسری طرف دونوں الجزائری بھائی بھی لارنس سے شدید نفرت کرتے تھے وہ اسے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

سمجھتے تو عرب ہی تھے۔ لیکن ایک تو وہ ملحد تھا۔ دوسرے انہیں یقین تھا کہ وہ انگریزوں کا جاسوس ہے۔ اسی لئے جب عبدالقادر کو گولی ماردی گئی تو لوگوں نے اس شبہے کا اظہار کیا کہ اس قتل کے پس پردہ لارنس کا ہاتھ تھا۔

ڈرامے کا ایک منظر

۱۳ اکتوبر کو ایلنبی دمشق پہنچا اور جاتے ہی چاول کو بلوا بھیجا۔ اسے بتایا کہ فرانسیسیوں کے ساتھ معاملات الجھ گئے ہیں۔ اس لئے وہ فوراً فیصل سے ملنا چاہتا ہے چاول نے فیصل کو لانے کے لئے اپنے ای ڈی سی کو رولس رائس میں بھیج دیا۔

فیصل اور ایلنبی کے درمیان کیا بات چیت ہوئی؟ اس کی تین تاریخی شہادتیں محفوظ ہیں جو ایلنبی لارنس، اور چاول نے الگ الگ تیار کیں۔ ایلنبی کا بیان بالکل مختصر ہے۔

''میں نے متعلقہ اسٹاف کی موجودگی میں شریف فیصل کو بتایا کہ میں اردن کے مشرق میں دمشق سے معان تک کے علاقے میں عرب انتظامیہ تسلیم کرنے کو تیار ہوں مگر وہ فوجی انتظامیہ کی صورت میں میرے سپریم کنٹرول میں ہوگی۔ میرے مقرر کردہ دو رابطہ افسر، ایک انگریز اور دوسرا فرانسیسی میرے اور عرب انتظامیہ کے درمیان رابطے کا کام کریں گے، جب تک ملٹری آپریشن جاری رہیں گے۔ سپریم کمانڈ میرے ہاتھ میں رہے گی۔ میں نے یہ حقیقت بھی فیصل پر واضح کر دی کہ برطانیہ اور فرانس کی حکومتوں نے فلسطین اور شام میں اتحادیوں کے شانہ بشانہ مشترکہ دشمن سے نبرد آزما عرب فوج کی محارب (شریک جنگ حیثیت تسلیم کر لی ہے۔''

اسی ایلنبی نے ونگیٹ کو ایک خط میں لکھا:

''میں نے یہ فیصل کو خبردار کر دیا ہے کہ ذاتی حیثیت میں وہ سول گورنمنٹ میں کسی قسم کا کوئی دخل نہیں دے سکتا۔ اسے اب آرام کرنا، اپنی فوج کی نفری بڑھانا اور اسے آئندہ پیش قدمی کے لئے تیار کرنا چاہئے۔''

لارنس نے ''دانائی کے سات ستون'' میں اس واقعے کے ضمن میں حسب عادت بے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

پر کی اڑائی ہے اور اصل معاملہ گول کر گیا ہے۔

چاول نے اس ڈرامے سے اپنے سپاہیانہ انداز میں یوں پردہ اٹھایا ہے۔

'' فوراً کانفرنس بلائی گئی جس میں جنرل سرایڈمنڈ ایلنبی میجر جنرل سرلوئس بولس، چیف آف سٹاف ای ای ایف، بریگیڈیئر جنرل سی اے سی گڈوپن خود، میرا چیف آف سٹاف، شریف ناصر، نوری بے السعید، امیر فیصل کا قائم مقام چیف آف سٹاف، شریف ناصر سکینڈ ان کمانڈ حجاز فورسز، لیفٹیننٹ کرنل پی سی جوئس، لیفٹیننٹ کرنل ٹی ای لارنس، میجر اسٹرلنگ، کیپٹن ینگ اور عرب بیورو قاہرہ کے لیفٹیننٹ کرنل کارن والسن شریک تھے۔

لارنس ترجمان کے فرائض ادا کر رہا تھا۔ کمانڈر انچیف نے فیصل سے کہا:

ا۔ فرانس، شام پر پاسباں طاقت ہوگی۔

۲۔ فیصل اپنے باپ حسین کے نمائندے کی حیثیت سے فرانس کی رہنمائی اور معاشی سرپرستی میں شام کی انتظامیہ سنبھالے گا۔ (شام میں لبنان شامل ہوگا نہ فلسطین)

۳۔ فیصل لبنان سے کوئی واسطہ نہیں رکھے گا۔

۴۔ فیصل کو فوراً فرانسیسی رابطہ افسر رکھ لینا چاہئے جو لارنس کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔

فیصل نے اس پر شدید اعتراض کیا۔ اس نے کہا اسے برطانیہ کی مدد قبول ہے۔ لیکن فرانس کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں۔ ایلنبی کے فرستادہ مشیر نے تو اسے بتایا تھا کہ شام، لبنان سمیت عربوں کو ملے گا۔ اس نے یہ بھی کہا کہ بندرگاہ کے بغیر ملک اسے قبول نہیں۔ اس نے فرانسیسی رابطہ افسر یا فرانس کی رہنمائی حاصل کرنے سے بھی انکار کر دیا۔

چیف، لارنس سے مخاطب ہوا۔

'' کیا تم نے اسے نہیں بتایا تھا کہ شام، فرانس کے زیر حمایت ہوگا؟

''نہیں جناب، میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا۔'' لارنس نے جواب دیا۔

اس پر چیف نے کہا: '' لیکن تمہیں یہ تو خبر تھی کہ لبنان سے فیصل کا کوئی واسطہ نہیں ہوگا''۔

''نہیں جناب، مجھے کچھ معلوم نہ تھا۔'' لارنس نے پھر نفی میں جواب دیا، کچھ دیر بحث و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تمحیص ہوتی رہی۔ آخر چیف نے فیصل سے صاف صاف کہہ دیا کہ میں (یعنی سرایڈمنڈ ایلنبی) کمانڈر انچیف ہوں اور فیصل اس وقت میرے ماتحت ایک لیفٹیننٹ جنرل ہے۔ اسے میرے احکام کی بے چون و چرا تعمیل کرنی ہوگی۔ جب تک جنگ ختم نہیں ہوتی اور معاملہ طے نہیں ہوتا، اس وقت تک اس (فیصل) کو موجودہ صورتحال قبول کرنا ہوگی۔ فیصل نے اس فیصلے کو مان لیا اور اپنے مصاحبین کے ساتھ رخصت ہوگیا۔ لارنس وہیں رہا۔

فیصل جا چکا تو لارنس نے چیف سے کہا: ''میں فرانسیسی رابطہ افسر کے ساتھ مل کر کام نہیں کرسکتا اور انگلینڈ واپس جانا چاہتا ہوں۔'' ہاں، مجھے تم سے اتفاق ہے۔'' چیف نے کہا اور لارنس کمرے سے نکل گیا تھوڑی دیر بعد ایلنبی بھی کار میں طبریہ روانہ ہوگیا۔

نیا اعلان، پرفریب وعدے

لارنس یونہی لندن نہیں گیا تھا۔ اس کے پیش نظر خاص مشن تھا۔ راستے میں وہ قاہرہ میں رکا اور ونگیٹ سے طویل ملاقات کی۔ لندن پہنچ کر لارنس نے دو ہفتے کے اندر حکومت کو ایک حیرت ناک منصوبہ پیش کیا۔ اس منصوبے میں اس نے تجویز کیا کہ سائیکس پیکاٹ معاہدہ ترک کر دیا جائے اور (حجاز کو چھوڑ کر) عرب کی تین ریاستیں بنادی جائیں زیریں میسوپوٹیمیا عبداللہ کو بالائی میسوپوٹیمیا زید کو اور شام فیصل کو دے دیا جائے۔ میسوپوٹیمیا کی دونوں ریاستیں برطانوی مفادات کے تابع ہوں گی اور زیریں میسوپوٹیمیا پر عملاً برطانیہ کا کنٹرول ہوگا۔

سائیکس پیکاٹ معاہدے کی طرح یہ منصوبہ بھی عربوں کے لئے قابل اعتراض تھا۔ اس منصوبے نے مشرق وسطیٰ کے بہترین علاقے کاٹ دیئے اور انہیں غیر عرب کے کنٹرول میں دے کر ایک بڑی اور خودمختار عرب مملکت کا تصور ملیامیٹ کر دیا۔

لارنس کا یہ منصوبہ سائیکس پیکاٹ کے منصوبے سے بھی بڑھ کر برطانوی مفادات کا محافظ تھا۔ دوسری طرف فرانسیسی، سائیکس پیکاٹ منصوبے کو ایک لمحے کے لئے بھی منجمد تصور کرنے کو تیار نہ تھے اور جس وقت انگریز شام میں ترکوں کی آخری مزاحمت سے نبرد آزما

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM
ISLAMIA ACADEMY

تھے وہ اس معاہدے کو روبہ عمل لانے کی زور شور سے جدوجہد کررہے تھے۔ شکری پاشا جسے فیصل کی آمد تک لارنس نے دمشق کا گورنر بنایا تھا۔ فیصل کے آتے ہی بیروت روانہ ہوگیا، وہاں اس نے گورنمنٹ ہاؤس پر حجاز کا پرچم لہرایا اور حسین کی عملداری کا اعلان کر دیا۔ ایلنبی کے دوستوں نے آکر حجاز کا پرچم اتارا اور فیصل کے آدمی بغاوت کی دھمکیاں دینے لگے۔ چنانچہ برطانیہ اور فرانس کی حکومتوں کو ایک نیا اعلان کرنا پڑا، جس کو بڑے وسیع پیمانے پر پھیلایا گیا۔ بازاروں میں منادی کی گئی اور ناخواندہ علاقوں میں پڑھ پڑھ کر سنایا گیا۔

اس نئے اعلان میں بڑے دل خوش کن وعدے کیے گئے کہا گیا کہ ترکوں کی غلامی کا جوا اتارنے والی آبادی کو اپنی مرضی سے قومی حکومت تشکیل دینے کا حق ہوگا اور اس حکومت کو حق خوداختیاری حاصل ہوگا۔ اعلان میں برطانیہ اور فرانس دونوں نے متفقہ طور پر یہ وعدہ کیا کہ وہ ایسی حکومتوں کے قیام میں ہر ممکن تعاون کریں گے اور ان کے وجود میں آتے ہی انہیں تسلیم کرلیں گے۔

اس موضوع پر اب جو کیبنٹ پیپرز جاری ہوئے ہیں ان سے آشکارا ہوتا ہے کہ اعلان میں انگریزوں کے ذاتی محرکات کام کررہے تھے۔ انہیں یقین تھا کہ وہ امن کانفرنس میں سائیکس پیکاٹ معاہدے سے دامن چھڑانے کے لئے اس اعلان کو استعمال کرسکیں گے۔ بہرحال اعلان کے محرکات جو کچھ بھی تھے اس کا فائدہ یہ ہوا کہ شام میں حالات فوراً پرسکون ہوگئے۔ چھ ماہ بعد یعنی امن کانفرنس کے موقع پر عربوں کو پتہ چلا کہ وہ کس سادگی سے دھوکا کھاگئے ہیں۔ اعلان کی قدروقیمت اس سیاہی سے زیادہ نہ تھی جو اسے تحریر کرنے میں صرف ہوئی تھی۔

اس عرصے میں لارنس بہت سرگرم رہا اور سائیکس پیکاٹ معاہدے کو سبوتاژ کرنے کے لئے اپنے گرد حمایتی جمع کرتا رہا اور بڑی بے چینی سے ترپ کے پتے کی تلاش میں رہا جسے مارسیلز میں استعمال کرسکے اور پھر خلاف توقع اس کا رخ صیہونیوں کی طرف پھر گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQMIL ISLAMIA ACADEMY

صیہونیوں کے عزائم

ترکی کی متوقع شکست قریب دیکھ کر صہیونیوں نے فلسطین میں اپنے قومی وطن کے قیام کی تیاریاں شروع کر دیں۔ جس کی برطانوی حکومت نے ان کے ساتھ ساز باز کر رکھی تھی۔ دوسری طرف برطانیہ نے فلسطین عربوں کو دینے کا وعدہ بھی کر رکھا تھا۔ چنانچہ ایک نئی مہم چل پڑی جس میں لارنس سب سے آگے تھا۔ اس نے عربوں کو نئی صورتحال قبول کر لینے کی ترغیب دینا شروع کر دی۔ وہ سمجھتا تھا فلسطین میں صہیونیوں کے عزائم سائیکس پیکاٹ معاہدے کا توڑ کر سکتے ہیں اور اس طرح فرانسیسیوں کو مشرق وسطیٰ سے نکالا جا سکے گا۔ دمشق سے واپس آئے چند روز ہوئے تھے کہ اس نے کیبنٹ کی مشرقی کمیٹی کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انڈیا آفس نے اس کے خیالات پر فوراً گرفت کی۔ اور پھر محکمہ جاتی جنگ شروع ہو گئی۔ لارنس، فیصل کو امن کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے یورپ آنے کی دعوت دیتا ہے۔ لیکن جب فیصل مارسیلز پہنچتا ہے، تو فرانس کی طرف سے لارنس کا پرانا دشمن بغے موند، فیصل اور لارنس کا راستہ روک لیتا ہے۔

لندن میں لارنس، فیصل کو صہیونی لیڈر خانم وائزمن سے دوبارہ متعارف کراتا ہے۔ تاکہ مشرق وسطیٰ کے بارے میں اپنے ماسٹر پلان کو آگے بڑھائے، پلان جس میں وہ یہودیوں کو مرکزی کردار ادا کرنے کے لئے سامنے لاتا ہے اور جس میں فرانسیسی ہمیشہ کے لئے ڈوب جاتے ہیں۔

پانچ متبادل راستے

جنگ عظیم کے نتائج نے ایک طرف سلطنت عثمانیہ کے حصے بخرے کر دیئے اور یورپی طاقتوں کے سامراجی عزائم کا دائرہ مشرق وسطیٰ تک پھیل گیا دوسری طرف صہونیوں کو بھی فلسطین پر قبضہ کرنے کا راستہ مل گیا۔ جنگ سے پہلے صہیونیوں نے ترک حکمرانوں سے ''مقدس سرزمین'' میں آباد ہونے کی اجازت حاصل کرنے کی سرتوڑ کوشش کی، مگر ناکام رہے۔ جنگ شروع ہوئی اور صہیونیوں کی سرگرمیوں کا مرکز برلن بن گیا، لیکن جلد ہی انہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

احساس ہو گیا کہ یروشلم پر اتحادیوں کا کنٹرول ہو گا، چنانچہ ہوشیار صہیونی لیڈروں نے برطانیہ اور فرانس کے ساتھ پینگیں بڑھانا شروع کر دیں۔

برطانوی صہیونیوں کا سرخیل ممتاز سائنسدان اور کیمیا دان ڈاکٹر خانم وائزمن تھا جو سیاست کی طرف بھی گہرا میلان رکھتا تھا۔ وائزمن چھوٹے قد اور گھٹے ہوئے جسم، باریش اور مسحور کن شخصیت کا مالک تھا۔ بڑا ہی بے رحم اور مخالفوں کا خطرناک دشمن، برطانیہ کے سیاستدانوں میں اس کی موثر لابی پہلے سے موجود تھی۔ اب اس نے لابی کا دائرہ وسیع کرنے کی جدوجہد شروع ہوئی۔

سب سے پہلے دسمبر ۱۹۱۴ء میں صہیونیوں نے برطانوی پارلیمنٹ میں طاقتور اپوزیشن سے ملاقات کی اور ہوم آفس کے انڈر سیکرٹری ہربرٹ سموئیل کے ذریعے اپنا کیس کابینہ میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔ سموئیل نے ایک خفیہ اور کسی حد تک مبالغہ آمیز میمورنڈم کے ذریعے یہ خدمت انجام دی جسے اس نے ”فلسطین کا مستقبل“ کا نام دیا۔

سموئیل کا کہنا تھا کہ ایک آزاد اور خود مختار یہودی ریاست کے قیام کا وقت ابھی تک نہیں آیا، تاہم صہیونی سلطنت برطانیہ سے فلسطین کے الحاق کا خیر مقدم کریں گے۔ اس نے برطانیہ کو اس پر آمادہ کرنے کے لئے پرکشش دلائل دیئے اس وقت کے برطانوی وزیر اعظم اسکوئتھ نے میمورنڈم پڑھا اور اپنی ڈائری میں یہ نوٹ لکھا: ”یہ ٹانکرڈ کا تازہ ایڈیشن معلوم ہوتا ہے...... مجھے متاثر نہیں کر سکا، لیکن وہ ڈیزی کے پسندیدہ قول نسل ہی سب کچھ ہے کی عجیب وغریب تمثیل ہے۔“

سموئیل کو کسی طرح وزیر اعظم کے خیالات کا پتہ چل گیا اور اس نے میمورنڈم پر نظر ثانی کی اور اسے مبالغہ آمیز خیالات سے پاک کر کے دوبارہ اس کی تشہیر شروع کر دی۔ اب کے اس نے فلسطین کے لئے پانچ متبادل راستے پیش کئے۔

۱۔ فرانس سے الحاق ۲۔ ترکوں کی تحویل میں رہنے دیا جائے۔ ۳۔ بین الاقوامی کنٹرول میں دے دیا جائے۔ ۴۔ خود مختار یہودی ریاست قائم ہو۔ ۵۔ برطانوی انتداب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

جس کے تحت یہودیوں کی آبادکاری کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
سموئیل نے جوجیوش کمیونٹی سے برطانوی کابینہ میں لیا جانے والا پہلا ممبر تھا، آخری راستے کی وکالت کی، لیکن اسکویتھ اب بھی لاتعلق رہا، تاہم معاملہ ختم نہ ہوا اور ۱۹۱۶ء میں سرمارک سائیکس نے صیہونیوں سے اس مسئلے پر گفت وشنید شروع کردی یہودیوں نے رسمی یقین دہانی کرادی کہ برطانیہ کی حمایت کے بدلے میں وہ فلسطین میں برطانوی انتداب قائم کرنے کے لئے کام کریں گے۔ چنانچہ ۲ نومبر ۱۹۱۷ء کو فارن سیکرٹری مسٹر بالفور نے وہ مشہور اعلان کیا جو تاریخ میں اعلان بالفور کہلاتا ہے۔ اعلان میں کہا گیا تھا:

''ہزمیجٹی گورنمنٹ، فلسطین میں یہودیوں کے قومی وطن کے قیام کے حق میں ہے اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے زبردست کوشش کرے گی تاہم ایسا اقدام نہیں کیا جائے گا جس سے فلسطین کی غیر یہودی آبادی کے شہری اور مذہبی حقوق متاثر ہوتے ہوں۔''

دستاویزی شہادت

یہ اعلان بالکل مبہم سا تھا، چنانچہ جب عربوں نے احتجاج کیا تو برطانوی حکومت نے اس کی تاویلیں شروع کردیں۔ ادھر یہ مسئلہ چھڑ گیا کہ برطانیہ نے عربوں کے ساتھ واقعی کوئی وعدہ کیا تھا کہ فلسطین ان کے حوالے کردیا جائے گا؟ اب وہ خط وکتابت شائع ہو چکی ہے۔ جو ۱۶۔۱۹۱۵ء میں سرہنری میک ماہن (مصر میں برطانیہ کے ہائی کمشنر) اور مکہ کے شاہ حسین کے درمیان ہوئی تھی اور جس کے نتیجے میں عربوں اور انگریزوں کے درمیان پہلا معاہدہ وجود میں آیا تھا۔

جارج انتونیو اپنی کتاب The ARAB AWAKENING میں اس خط وکتابت کا جائزہ لینے کے بعد لکھتا ہے:

''برطانوی حکومت کی دو دستاویزیں جو حال ہی میں منظر عام پر آئی ہیں ظاہر کرتی ہیں کہ فلسطین بلاشبہہ عربوں کو دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔''

پہلی دستاویز عرب بیورو کی رپورٹ ہے جو ہوگارتھ نے نومبر ۱۹۱۶ء میں تیار کی۔ اس

MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

میں مختصراً بتایا گیا ہے کہ میک ماہن اور حسین کے درمیان کیا طے ہوا تھا اور کیا نہیں ہوا تھا۔
متعلقہ شق میں لکھا ہے کہ عربی بولنے والے ان تمام علاقوں کی خودمختاری تسلیم کر لی جائے۔،
جہاں برطانیہ فرانس کے مفادات کو نقصان پہنچائے بغیر عمل کے لئے آزاد ہے۔ شق میں
آگے چل کر دمشق، حمص، حما اور حلب کے مغرب میں ایک لائن کھینچی گئی ہے۔ جو مشرق میں
ایران کی سرحد تک اور جنوب میں خلیج اور فارس اور بحر ہند تک چلی گئی ہے۔ ان حدود میں
آنے والے تمام ممالک کے مستقبل کے انتظامات عربوں اور فرانسیسیوں پر چھوڑ دیئے گئے
ہیں اور صرف عدن اور عراق کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ اس شق کی رو سے فلسطین، شام کے
اس حصے میں آیا ہے جو عربوں کو دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ عرب بیورو کی اس دستاویز کی نہ تو
توسیع پیمانے پر نشر و اشاعت کی گئی، نہ اسے منسوخ کیا گیا۔

دوسری دستاویز پچاس سال تک خفیہ رہی۔ یہ ۲۷ نومبر ۱۹۱۸ء کو لندن میں ہونے
والی وار کیبنٹ کی مشرقی کمیٹی کے ایک اجلاس کی حرف بہ حرف رپورٹ ہے۔ اس کی
تفصیلات پہلی بار شائع کی جا رہی ہیں۔ اس اجلاس میں صدارت کی کرسی پر لارڈ کرزن
رونق افروز تھے۔ کمیٹی شام کے معاملے پر بحث و تمحیص کے بعد مسئلہ فلسطین پر غور کرنے والی
تھی۔ کرزن نے اپنے دستور کے مطابق حکومت کے اقدامات کا لب لباب بیان کیا:

"فلسطین کا مسئلہ یہ ہے کہ اگر ہم اپنی پابندیوں کو زیر بحث لائیں تو سب سے پہلے وہ
عام وعدہ ہے۔ جو ۱۹۱۵ء میں حسین سے کیا گیا، جس کے تحت فلسطین اس علاقے میں شامل
کیا گیا تھا، جسے مستقبل میں خودمختار عرب ریاست قرار پانا ہے۔"

لارنس کا نیا منصوبہ

نومبر ۱۹۱۷ء میں اعلان بالفور کے بعد یہودیوں کے عزائم کے متعلق عربوں میں جو
شکوک و شبہات پیدا ہوئے انہیں دور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی چونکہ لارنس کے فیصل کے
ساتھ خصوصی تعلقات تھے، اس لئے وہ عربوں کو نئی صورت حال قبول کرنے کی ترغیب دینے
میں پیش پیش تھا۔ لارنس سمجھتا تھا کہ اعلان بالفور فرانسیسیوں کو نہ صرف فلسطین سے دور رکھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

گا۔ بلکہ یہ اس اسکیم کا بھی حصہ بن سکتا ہے، جس کے تحت فرانس کو شام سے بھی دور رکھنے کی راہ ہموار کی جا رہی تھی۔ یہ بڑا دلیرانہ منصوبہ تھا اور لارنس شام میں ایک ایسی عرب ریاست کے قیام کے لئے کوشاں تھا جس کے سرپرست تو انگریز ہوتے مگر مشیر اور سرمایہ کار صہیونی۔

انگلینڈ پہنچے کچھ دن ہوئے تھے کہ...... ۲۹ اکتوبر ۱۹۱۸ء کو لارنس وار کیبنٹ کی مشرقی کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہوا، جس کی صدارت لارڈ کرزن کر رہا تھا۔ اجلاس میں تمام فارن سیکرٹری شریک تھے۔ ایڈون مانٹیگو سیکرٹری آف سٹیٹ آف انڈیا نے جو برطانیہ کی یہودی کمیونٹی کا ممتاز ممبر تھا۔ صہیونیوں کی تحریک کی حمایت کرنے سے انکار کر دیا۔ اس کا کہنا تھا کہ قومی تعلقات نسلی یا مذہبی تعلقات سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ اس کے برخلاف سر مارک سائیکس نے عربوں کی خود مختاری اور صیہونیت دونوں کی حمایت کی تاہم اس نے مایوسی کا اظہار کیا کہ عرب اور یہودی اکٹھے کام کر کے ایک نئے مشرق وسطیٰ کو جنم نہیں دے سکتے۔ اجلاس میں بالفور اور ایڈ جوٹنٹ جنرل بھی موجود تھے۔ اپنے منصوبوں کو مستحکم شکل دینے کا لارنس کو یہ سنہری موقع ملا تھا۔ پھر لارڈ کرزن نے جس طرح اس کا تعارف کرایا۔ اس سے اس کا اعتماد اور بھی پختہ ہو گیا۔ کرزن نے کہا: "حکومت کا ہر ممبر عرب میں لارنس کے عظیم کارناموں کو تعریف اور تحسین کی نظر سے دیکھتا ہے اور فخر کرتا ہے کہ ایک افسر نے برطانیہ کی ترقی اور استحکام اور عرب فوجوں کے لئے اس قدر کام کیا ہے۔"

لارنس نے اپنے خطاب میں سائیکس کی موجودگی کی پروا کئے بغیر سائیکس پیکاٹ معاہدے پر شدید نکتہ چینی کی فیصل اور عرب شیوخ کے خیالات شرکاء کو بتائے اور پھر مشرق وسطیٰ سے متعلق اپنا منصوبہ پیش کیا جس کے مطابق بغداد اور زیریں میسوپوٹیمیا پر عبداللہ بالا میسوپوٹیمیا پر زید اور شام پر فیصل کی حکومت ہو۔ فرانس کو بیروت اور لبنان کے سوا اور کسی علاقے پر قبضے کا حق نہ دیا جائے۔ لارنس نے یہ بھی بیان کیا کہ فیصل بضد ہے کہ وہ اپنی مرضی سے مشیر منتخب کرے گا۔ اس مقصد کے لئے وہ انگریزی یا امریکی صہیونی یہودیوں کی خدمات حاصل کرنے کے لئے بے چین ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کمیٹی نے لارنس کو ہدایت کی کہ وہ ان خطوط پر ایک میمورنڈم تیار کرے:
اب لارنس کو اعلیٰ مشیر کا درجہ مل گیا اور اسے یہ اختیار دے دیا گیا کہ وہ پیرس میں ہونے والی امن کانفرنس میں برطانیہ کے مطالبات منوانے کی جو تدبیر بھی کرنا چاہے کر سکتا ہے۔
کمیٹی کے اجلاس اس کے بعد بھی جاری رہے۔ میسوپوٹیمیا کے بارے میں کمیٹی کی گرفت مضبوط تھی، وہاں برطانیہ کو کنٹرول قائم کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آئے گی لیکن یہ کنٹرول کس قسم کا ہو یہ طے کرنا ابھی باقی تھا۔
انڈیا آفس اور فرانس دونوں لارنس کے منصوبے کے شدید مخالف تھے، جس کی حمایت فارن آفس کا ایک حصہ کر رہا تھا۔ فرانس کو خدشہ تھا کہ اگر سابق سلطنت عثمانی کے عربوں نے خودمختاری حاصل کر لی، تو اس کا اثر شمالی افریقہ میں فرانس کی مسلم رعایا پر لازماً پڑے گا۔ ایسے ہی خدشات انڈیا آفس کو ہندوستانی مسلمانوں کے بارے میں تھے۔ انڈیا آفس کا نقطہ نظر لارنس کے لئے بہت اہم تھا۔ چنانچہ عرصے تک حرمین شریفین کا معاملہ طے نہ ہو سکا۔
میسوپوٹیمیا کے بارے میں لارنس کے خیالات کی پذیرائی نہ ہو سکی تو اس نے سفارش کی کہ شام کا اقتدار فیصل کو سونپ دیا جائے۔ لیکن کمیٹی ایک بار پھر سائیکس پیکاٹ معاہدے میں الجھ کر رہ گئی۔ برطانیہ فلسطین کو خود حاصل کرنا...... اور فرانسیسیوں کو شام سے دور رکھنا چاہتا تھا۔ لارنس نے اس صورتحال سے فائدہ اٹھا کر کمیٹی کو بتایا کہ اس کے خیال میں فلسطین اور شام میں صہیونیوں اور عربوں کے درمیان تصفیہ کرانے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی جس کے نتیجے میں فرانس شام سے نکلنے پر مجبور ہو جائے گا، بشرطیکہ فلسطین کی انتظامیہ برطانیہ کے ہاتھوں میں رہے۔ کمیٹی یہی کچھ چاہتی تھی چنانچہ پیرس امن کانفرنس میں کمیٹی نے اس موقف پر مبنی تجاویز پیش کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

فیصل پیرس میں

۱۸ نومبر کو لارنس نے ونگیٹ کے توسط سے شاہ حسین کو تار بھیجا کہ امن کانفرنس میں شاہ کی نمائندگی فیصل کرے اور وہ (حسین) اپنے فیصلے کی اطلاع تار ہی کے ذریعے برطانیہ،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرانس، امریکہ اور اٹلی کو دے دے۔ ۲۲ نومبر ۱۹۱۸ء کو فیصل ایک برطانوی کروز میں روانہ ہوا۔ فرانس نے فیصل کو عربوں کا نمائندہ ماننے اور اسے امن کانفرنس میں بولنے کی اجازت دینے سے صاف انکار کر دیا۔

برطانوی دفتر خارجہ نے پیرس میں برطانوی سفیر کو ہدایت کی کہ لارنس کو تمام تفصیلات بتا دی جائیں جو کہ مارسیلز کے راستے میں ہے اور باقی معاملہ اس پر چھوڑ دیا جائے۔ فیصل کو براہ راست لندن لانے کی رائے مسترد کر دی گئی۔ کیونکہ اس اقدام سے فرانس یہ سمجھے گا کہ فیصل کو فرانس کے خلاف کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ فرانس نے لارنس پر الزام عائد کیا کہ اس منصوبے کے پس پردہ اس کا ہاتھ کارفرما ہے اور فیصل کے استقبال کے لئے پروگرام تیار کر لیا۔ لارنس کے پرانے حریف بغے موند کے ذریعے لارنس کو کہلوا دیا گیا کہ اگر وہ برطانوی کرنل کی حیثیت سے برطانوی وردی میں یہاں آتا ہے تو ہم خوش آمدید کہیں گے لیکن عربوں کے لبادے میں اسے قبول نہیں کیا جائے گا۔

لارنس نے اسے اپنی توہین سمجھا اور فوراً لندن واپس چلا گیا۔ فیصل نے باوقار طریقے سے حالات کا سامنا کیا اور پیرس پہنچ گیا ۷ دسمبر کو وہ فرانس کے صدر سے ملا۔ تین روز بعد بغے موند نے فیصل کو کیلے کے مقام پر لارنس کے سپرد کر دیا اور وہ دونوں انگلینڈ چلے گئے۔

صیہونی لیڈر کا دام

فیصل ۱۹ جنوری ۱۹۱۹ء تک انگلینڈ میں رہا اور لندن میں شہنشاہ جارج پنجم نے اس کا خیر مقدم کیا۔ وہ لارنس کی معیت میں مسٹر بالفور سے بھی ملا، لیکن سب سے اہم واقعہ کارلٹن ہوٹل میں صہیونی لیڈر خانم وائزمن سے اس کی ملاقات تھی جس میں مشرق وسطیٰ میں عربوں اور یہودیوں کے لئے ایک عارضی تصفیہ تیار کیا گیا۔ لارنس سقوط یروشلم کے وقت فلسطین میں وائزمن سے مل چکا تھا اس کا بڑا مداح تھا۔ اب وہ برطانوی حکومت کی مکمل منظوری سے فیصل اور وائزمن کو ایک دوسرے کے قریب لے آیا، اس نے صہیونی لیڈر کے سامنے مشرق وسطیٰ کا ایک نیا منصوبہ رکھ دیا۔ یہ منصوبہ لارنس نے خود تیار کیا تھا۔ صہیونی اس میں مرکزی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کردار ادا کرنے والے تھے۔

فیصل کی وائزمن کے ساتھ یہ پہلی ملاقات تھی۔ وہ ۴ جون ۱۹۱۸ء کو عقبہ کے مقام پر پہلے بھی اس سے مل چکا تھا۔ اس ملاقات میں اس نے فیصل کو باور کرایا تھا کہ اگر وہ ایک طاقتور اور خوشحال عرب مملکت قائم کرنا چاہتا ہے۔ تو صرف ہم یہودی ہی اس کی مدد کر سکتے ہیں۔ ہم انہیں روپیہ بھی دیں گے اور ان کی قوت منظم کرنے میں ان کا ہاتھ بھی بٹائیں گے۔ ہم اس کے بے ضرر پڑوسی ہوں گے۔ کیونکہ ہم نہ تو اس وقت بڑی طاقت ہیں اور نہ مستقبل میں اس کا کوئی امکان ہے۔ اس ملاقات کے بعد صہیونی فیصل سے تعلقات استوار کرنے میں لگے رہے۔ اسے عربوں اور اتحادیوں کے آزاد کرائے ہوئے علاقے کا انتظام کرنے کے لئے روپے کی اشد ضرورت تھی۔ صہیونیوں نے تخمینہ لگایا کہ اخراجات دو لاکھ پونڈ ماہوار ہوں گے اور ۱۹۱۹ء میں فیصل آنے اور اس کا ٹیکس وصول ہونے تک آمدنی صفر رہے گی۔ چنانچہ فیصل کو قرضے اور مالیاتی مشیر کی پیش کش کی بشرطیکہ وہ فلسطین کے معاملے میں ان کی اعانت کرے۔

یہ اعانت کس قسم کی ہوگی اس کا فیصلہ کرنے کے لئے فیصل اور وائزمن کارلٹن ہوٹل میں ۱۱ دسمبر کو ملے۔ فیصل کا کوئی معاون یا افسر اس ملاقات یا اس کے نتیجے میں ہونے والے معاہدے سے آگاہ نہ تھا۔ وائزمن کے اپنے بیان کے مطابق فیصل نے سائیکس پیکاٹ معاہدے پر خفگی کا اظہار کیا اور اسے عربوں اور یہودیوں دونوں کے لئے مہلک قرار دیا۔ عربوں نے دمشق میں حکومت بنائی تھی لیکن یہ بہت کمزور تھی۔ اس کے پاس نہ روپیہ تھا نہ فوج کے لئے ایمونیشن اور آدمی۔ فیصل کی ساری امیدیں امریکہ سے وابستہ تھیں کہ وہ اس معاہدے کو ختم کرا دے گا۔ اس پر وائزمن نے بتایا کہ وہ ۱۹۱۵ء سے اس معاہدے سے واقف ہے اور نہ صرف احتجاج کر چکا ہے بلکہ امریکی صہیونیوں سے کہہ چکا ہے کہ جب بھی موقع آئے اس کی مخالفت میں اقدام کریں۔

وائزمن نے مزید کہا کہ صیہونیوں کا پروگرام یہ ہے کہ امن کانفرنس اور فیصل فلسطین پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

یہودیوں کے قومی اور تاریخی حق کو تسلیم کرلیں، برطانیہ ٹرسٹی طاقت بن جائے یہودیوں کو حکومت میں مناسب حصہ ملے اور ملک کو اس طرح ترقی دی جائے کہ عرب کسانوں کے ملکیتی حقوق غصب کئے بغیر پچاس لاکھ یہودیوں کو فلسطین میں آباد کیا جا سکے۔ اس کے بدلے میں یہودی، فیصل کو دماغوں اور روپے کی شکل میں ہر ممکن مدد دینے کو تیار ہیں۔ اس کے جواب میں فیصل نے کہا کہ فلسطین میں زمین کی کوئی کمی نہیں۔ وائزمن لکھتا ہے: ''اس نے قسم کھا کر ہمیں یقین دلایا کہ وہ امن کانفرنس میں اعلان کرے گا کہ صیہونیت اور عرب تحریک ساجھی تحریکیں ہیں اور ان کے درمیان مکمل ہم آہنگی ہے۔''

اس گفت وشنید کے نتیجے میں آخر کار معاہدہ طے پا گیا جس کی رو سے برطانیہ کو ٹرسٹی شپ، صہیونیوں کو فلسطین میں داخلہ، آبادکاری اور حکومت میں شراکت کا حق مل گیا اور فیصل کو یہودیوں سے روپیہ مالی مشورے اور امن کانفرنس میں صہیونیوں کی حمایت حاصل ہو گئی۔ لیکن ۳ جنوری کو جب معاہدے کے اصل مسودے پر دستخط کرنے کا وقت آیا تو اختلافات پیدا ہو گئے۔ لارنس نے مشہور مورخ ٹائن بی (جو برطانوی امن وفد کا ایک رکن تھا) کو بتایا کہ وائزمن نے دستاویز کے ڈرافٹ میں ''جیوش اسٹیٹ'' اور ''جیوش گورنمنٹ'' کے الفاظ شامل کر دیئے تھے۔ جب لارنس نے یہ الفاظ پڑھے تو فیصل نے اصرار کیا کہ ان کی جگہ ''فلسطین'' اور ''فلسطین گورنمنٹ'' کے الفاظ استعمال کئے جائیں۔

وائزمن نے فیصل کو مطمئن کرنے کے لئے کہا کہ جیوش اسٹیٹ کا یہ مطلب نہیں کہ وہ فلسطین کے عربی بولنے والے باشندوں کی راہ میں رکاوٹ بنے گی۔ فیصل نے اصرار کیا کہ معاہدے کے آخر میں استثنائی جملہ عربی میں لکھا جائے۔ لارنس نے فوراً مندرجہ ذیل الفاظ لکھ دیئے:

''اگر عرب حکومت قائم کر لیتے ہیں، جیسا کہ میں نے ۴ جنوری کو برطانوی امور خارجہ کے سیکرٹری کو اپنے منشور میں لکھا تھا، میں اس معاہدے کی پابندی کروں گا۔ لیکن اگر اس میں تبدیلی کی جاتی ہے تو اس پر عمل ہوتا ہے یا نہیں میں جوابدہ نہیں ہونگا۔'' اس کے بعد فیصل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور وائزمن نے اپنے دستخط ثبت کردیئے۔

اکتوبر میں فیصل نے جیوش کرانیکل کو ایک انٹرویو میں بتایا کہ جہاں تک وہ سمجھا ہے وائزمن بس یہ چاہتا ہے کہ یہودیوں کو آبادکاری کی اجازت، مساوی حقوق اور حکومت میں مناسب حصہ مل جائے، جب جیوش کرانیکل کے نمائندے نے کہا کہ یہودی اعلان بالفور کا یہ مطلب لیتے ہیں کہ انہیں اپنے قومی وطن کے قیام کا حق ہے۔ جو آخرکار ایک یہودی ریاست بن جائے گا، تو فیصل نے کہا: ''فلسطین کو عرب مملکت کے علاوہ کسی اور کے حوالے کرنے کے خلاف اور اس سرزمین پر عربوں کی بالادستی قائم رکھنے کے لئے عرب اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہادیں گے۔''

حسین اور ابن سعود

۱۸ جنوری ۱۹۱۹ء کو پیرس میں امن کانفرنس شروع ہوئی جس میں لارنس نے برطانوی وفد کے ممبر کی حیثیت میں شرکت کی۔ اس کا کام فیصل کو ''صحیح سمت میں'' رکھنا تھا۔ فیصل اس خوش فہمی میں مبتلا تھا وہ عربوں کے لئے جو کچھ چاہتا ہے۔ لارنس کے ذریعے حاصل کرے گا۔ ادھر کرزن اور اس کے ساتھی لارنس کی مدد سے برطانیہ کے لئے عربوں سے اپنی مرضی کی باتیں منوانا چاہتے تھے۔ اس دوران میں لارنس اور انڈیا آفس کی چپقلش شدید ہوگئی تھی۔ لارنس، شریف کو عرب لیڈر قرار دیتا تھا اور انڈیا آفس ابن سعود کو، چنانچہ پیرس امن کانفرنس میں لارنس کو جس بڑے مسئلے کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ یہی تھا کہ حقیقی عرب لیڈر کون ہے؟ شریف یا ابن سعود؟ ابن سعود، حسین کو عرب کا بادشاہ تسلیم کرنے پر آمادہ نہ تھا اور حجاز پر حملے کررہا تھا۔ اس کے خلاف حسین نے دو مہمیں روانہ کیں جو ناکام رہی ہیں۔ مئی ۱۹۱۹ء میں عبداللہ چار ہزار پیدل فوج اور دس ہزار سواروں کے ساتھ ابن سعود کو کچلنے کے لئے روانہ کیا۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ انڈیا آفس ابن سعود کو روپیہ اور اسلحہ فراہم کررہا تھا اور فارن آفس عبداللہ کو۔ وہابیوں نے رات کے وقت عبداللہ کی فوج پر یلغار کردی اور اسے گاجر مولی

کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔ عبداللہ بڑی مشکل سے جان بچا کر بھاگا۔ ابن سعود اب مکہ کی طرف مارچ کرنے کی تیاری کر رہا تھا کہ فارن آفس کا الٹی میٹم ملا وہ پیچھے ہٹ جائے ورنہ اسے روکنے کے لئے ہوائی جہاز بھیجے جائیں گے۔ انڈیا آفس نے بھی اسے پیچھے ہٹ جانے کا مشورہ دیا اور ابن سعود کی یلغار تھم گئی (۲۵۔ ۱۹۲۴ء میں ابن سعود نے حجاز اور مقدس شہروں پر قبضہ کر لیا (یہ اب سعودی عرب میں شامل ہیں) عبداللہ کی شکست سے لارنس کو بڑی ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ کیونکہ اس نے وار کیبنٹ کو بتایا تھا کہ حجاز پر حملے کی صورت میں حسین ابن سعود سے آسانی کے ساتھ نبٹ لے گا۔

کمیشن کی رپورٹ

فیصل صاف محسوس کر رہا تھا کہ امن کانفرنس میں برطانیہ، فرانس کے آگے آہستہ آہستہ جھکتا جا رہا ہے تاہم صدر ولسن کی اس تجویز سے لارنس اور فیصل دونوں کا حوصلہ بلند ہو گیا کہ عوام کی مرضی معلوم کرنے کے لئے ایک تحقیقاتی کمیشن شام بھیجا جائے۔ اس کمیشن میں امریکہ اور برطانیہ کے دو دو نمائندے تھے، لیکن کوئی فرانسیسی نمائندہ نہ تھا۔

کانفرنس نے فیصل کے مطالبات پر فیصلہ ملتوی کر دیا اور وہ شام واپس چلا گیا۔ برطانیہ ابتداء میں بڑا سرگرم تھا۔ لیکن جب کمیشن نے تجویز کیا کہ اس کی سرگرمیوں کا دائرہ میسوپوٹیمیا اور فلسطین تک بڑھا دیا جائے تو اس کی دلچسپی سرد پڑ گئی۔ آخر کار کمیشن کے امریکی ممبروں نے اپنی رپورٹ پیش کر دی جس کے مطابق شام، فلسطین اور عراق کو مختصر مدت کے لئے انتداب کے تحت دے دیا جائے اور پھر جتنی جلدی ممکن ہو سکے انہیں خود مختاری دے دی جائے۔

شام کا انتداب امریکہ کو اور عراق کا برطانیہ کو دے دیا جائے۔ فلسطین کو جیوش کامن ویلتھ بنانے کا خیال ترک کر دیا جائے۔ یہ مشورہ کسی کے لئے بھی قابل قبول نہ تھا، یہاں تک کہ واشنگٹن نے بھی اسے نظر انداز کر دیا۔

جس وقت صیہونی فلسطین کے بارے میں فیصلے کے منتظر تھے اور فیصل دمشق میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تحقیقاتی کمیشن کی حمایت کی آس لگائے بیٹھا تھا۔ لارنس فرصت کے موقع کو غنیمت جان کر قاہرہ سے اپنے کاغذات حاصل کرنے کے لئے رائل ایئر فورس کے ایک طیارے میں روانہ ہوا، لیکن طیارہ اٹلی میں حادثے کا شکار ہو گیا اور وہ زخمی ہو کر واپس لندن پہنچ گیا۔

سازشوں کے نئے جال

برطانوی حلقوں میں یہ احساس بڑھتا جا رہا تھا کہ مستقبل میں تیل ایک اہم ہتھیار ہو گا۔ مگر سائیکس پیکاٹ کے معاہدے کے نتیجے میں موصل ایسا تیل کے ذخائر سے مالا مال علاقہ فرانس کو ملنے والے علاقے میں شامل ہو گیا تھا۔ تاہم دسمبر ۱۹۱۸ء میں کلیمنسو لندن آیا، تو لائڈ جارج نے اس سے تصفیہ کر لیا۔ جس کے تحت موصل، برطانیہ کو مل گیا۔ اس کے بدلے میں برطانیہ نے تیل میں فرانس کو حصہ دینے دریائے رہائن کے بائیں کنارے کے مسئلے پر اس کی حمایت کرنے اور شام کو بیروت اور دمشق میں تقسیم نہ کرنے کا معاہدہ کر لیا، چنانچہ امن کانفرنس میں برطانیہ کی کوئی سازش نہ چل سکی۔ فرانس اپنے موقف پر ڈٹا رہا اور آخر کار برطانیہ کو شام اور فیصل سے دست کش ہونا پڑا۔

تیل کے ماہرین کا خیال تھا کہ رعایت اور رائلٹی کے بارے میں گفت و شنید اس صورت میں زیادہ آسان ہو گی جب مشرق وسطیٰ میں ایک طاقتور عرب مملکت کی بجائے اتحاد کے شعور سے عاری کئی حریف ریاستیں ہوں۔ چنانچہ تیل کی لابی، مشرق وسطیٰ میں سازشوں اور ریشہ دوانیوں کے جال بچھانے میں مصروف ہو گئی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 8

سلطنت عثمانہ کا آخری تاجدار

سلطان عبدالحمید

MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عثمانی خلیفہ سلطان عبدالحمید کو مغربی مصنفین بے رحم قاتل قوم کا دشمن، غدار اور خائن کہتے ہیں۔ ترک بھی ایک مدت تک اس پروپیگنڈے سے مسحور رہے...... لیکن اب رفتہ رفتہ اس پروپیگنڈے کا طلسم ٹوٹتا جا رہا ہے۔ سلطان کا واحد جرم یہ تھا کہ وہ فلسطین کا علاقہ یہودیوں کے حوالے کرنے پر آمادہ نہ ہوئے تھے...... حال ہی میں ترکی زبان میں لکھی ہوئی سلطان کی اپنی یادداشتیں شائع ہوئی ہیں۔ یہ یادداشتیں انہوں نے اس زمانے میں تحریر کیں، جب وہ قصر بیلر بی میں قید تھے۔ ان یادداشتوں کا ترجمہ عربی میں ہو چکا ہے...... ہم انہیں پہلی بار اردو میں شائع کر رہے ہیں۔

سلطان عبدالحمید کی یادداشتیں

۱۸ مارچ ۱۹۱۷ء

جنگ سے پہلے جرمنی کی ابھرتی ہوئی طاقت کو یورپی ممالک خصوصاً برطانیہ، فرانس اور روس بڑی تشویش کی نظر سے دیکھ رہے تھے، لیکن میرے نزدیک یورپی طاقتوں میں توازن برقرار رکھنے کے لئے جرمنی کا ابھرنا ضروری تھا، جرمنی کی طاقت میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا اور میں یہ محسوس کر رہا تھا کہ اس کا تصادم دوسری یورپی طاقتوں سے ناگزیر ہوتا جا رہا ہے۔ یہ طاقتیں دولت عثمانیہ کے حصے بخرے کرنے پر جس طرح تلی ہوئی تھیں، اس کے پیش نظر ہمیں یہ فیصلہ کرنا تھا کہ جنگ کی صورت میں ہمارا موقف کیا ہوگا۔ میرا بہت سا وقت اسی مسئلے پر غور وفکر میں گزرتا۔

استنبول میں بڑی طاقتوں کی جو کانگرس منعقد ہوئی، اس میں ان کی نیتیں واضح ہو کر سامنے آ گئیں۔ یہ کانگرس انہوں نے عیسائی رعایا کے حقوق کی حفاظت کی خاطر نہیں بلائی تھی، جیسا کہ ان کا دعویٰ تھا بلکہ درحقیقت ان کا مقصد خود اپنی ''آزادی'' کا تحفظ تھا، وہ چاہتی تھیں کہ انہیں ملک میں کھل کھیلنے کی کھلی چھٹی مل جائے تا کہ وہ دولت عثمانیہ کو پھاڑنے اور ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا عمل مکمل کر سکیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس مقصد کو برلانے کے لئے یہ طاقتیں دو طریقوں سے کام کر رہی تھیں۔ اول یہ کہ مسیحی رعایا کو بغاوت پر اکسانے اور ملک کی خوشگوار فضا کو مکدر کرنے میں لگی ہوئی تھیں۔ دوم، پارلیمنٹ اور دستور کے مطالبات کے پردے میں ہمارے اندر ایسے آدمی پیدا کرنے کی تدبیروں میں مصروف تھیں جو ان کے منصوبوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں ان کے معاون اور مددگار بن سکیں۔ ہمارے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے لئے انہوں نے اپنی تھیلیوں کے منہ کھول دیئے تھے۔ افسوس یہ کہ ہمارے بعض جدید تعلیم یافتہ ترک نوجوان ان کے ہتھکنڈوں کا شکار ہو گئے۔ وہ دستوری حکومت کے علمبردار تو تھے، لیکن اس کے پیچھے جو مغربی فلسفہ کارفرما تھا، اس سے بالکل بے خبر تھے، یہ کہ اجنبی طاقتوں کو خود ہماری اپنی صفوں میں تفریق پیدا کرنے کا موقع مل گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ میرے لئے خیانت اور تمرد پر مبنی یہ صورتحال ناقابل برداشت تھی اور مجھے اپنے ملک کو اس سے نجات دلانا ضروری تھا۔

یورپی طاقتوں کی اس کانگرس میں ایک بات سامنے آئی وہ یہ کہ سلطان عبدالعزیز خان نے اپنے عہد میں عثمانی لشکر اور بحریہ کو طاقتور بنانے کے جو اقدامات کئے تھے، ان سے یہ طاقتیں سخت پریشان تھیں۔ یہ اقدامات گویا سلطان کے عہد حکومت کا حاصل تھے۔ ان کے موثر اور کارگر ہونے کا پتہ روس کے ساتھ جنگ میں چلا۔ بدقسمتی سے عثمانی فوج کے افسر دو گروہوں میں بٹ چکے تھے۔ ایک وہ گروہ جو حکمران خاندان کا مخالف تھا اور دوسرا وہ جو اس کا حامی اور موید تھا۔ ان دونوں گروہوں کے درمیان کشمکش میدان جنگ میں بھی جاری رہی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو ہم روسی لشکر کی پیش قدمی نہ صرف روکنے میں کامیاب ہو جاتے بلکہ جوابی حملہ کر کے اسے تباہ بھی کر دیتے اس طرح سلطان عبدالعزیز خان کی عثمانی فوج کے متعلق پالیسی کلیۃً ناکام نہ رہی تھی۔

تاہم عثمانی افواج کے برعکس عثمانی بیڑے نے اپنی بھاری تعداد کے باوجود کوئی نمایاں کارنامہ انجام نہیں دیا۔ وجہ یہ تھی کہ ہمارے تقریباً تمام جہازوں کی کمان انگریزوں کے ہاتھ میں تھی اور جب ہم نے بعض جنگی جہازوں کی کمان ان سے لینا چاہی برطانوی سفیر بھاگا

بھاگا قصر خلافت میں آیا اور کسی شرم اور خجالت کے بغیر صاف صاف کہہ دیا کہ ہم اس اقدام کو بالکل برداشت نہیں کریں گے۔ نتیجہ یہ کہ مجھے عثمانی بیڑا واپس خلیج میں بھیجنا پڑا اور بحرابیض میں یورپی بیڑوں کی ترکتازیوں کا مقابلہ کرنے والی قوت نہ رہی۔ لوگوں نے خفیہ دباؤ سے پیدا ہونے والی اس صورتحال کے متعلق سراسر جھوٹے افسانے گھڑ لیئے۔ مثلاً وہ کہتے ہیں کہ چونکہ بحری بیڑے نے عبدالعزیز کو تخت خلافت سے اتارنے میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔ اس لئے عبدالحمید نے اسے بیکار کر کے رکھ دیا۔ یورپی طاقتوں سے تن تنہا لڑنے کی عثمانی سلطنت میں سکت نہ تھی۔ ایشیا کے اکثر مسلمان ملکوں پر انگریز اور روس ایسی بڑی طاقتیں مسلط تھیں اور عثمانی خلافت کا وجود ان کی آنکھوں میں کانٹا بن کر کھٹک رہا تھا وہ اسے ختم کرنے کے درپے تھیں اور عثمانی سلطنت کے اندر جگہ جگہ بغاوتیں کھڑی کر رہی تھیں۔

اسی زمانے میں میرے ہاتھ ایک ایسا منصوبہ پڑ لگا جو برطانوی وزارت خارجہ کے دفتر میں تیار ہوا تھا۔ اس منصوبے میں دو آدمی بنیادی کردار کی حیثیت رکھتے تھے۔ ایک جمال الدین افغانی اور ایک انگریز جو اپنا نام بلند بتاتا تھا۔ منصوبے میں کہا گیا تھا کہ ترکوں سے خلافت کی قبا لے لی جائے اور مکہ کے شریف حسین کو مسلمانوں کا خلیفہ بنانے کا اعلان کر دیا جائے۔

میں جمال الدین افغانی کو قریب سے جانتا تھا۔ اس وقت وہ مصر میں تھے وہ بہت خطرناک آدمی تھے۔ مہدی ہونے کا دعویٰ کرتے تھے۔ ایک بار انہوں نے میرے سامنے تجویز رکھی کہ وہ وسطی ایشیا کے مسلمانوں کو روس کے خلاف بغاوت پر آمادہ کر سکتے ہیں مجھے خوب علم تھا کہ افغانی ایسا کرنے پر قادر نہیں۔ وہ انگریز کے آدمی تھے اور اس بات کا قوی امکان تھا کہ انہیں انگریز نے میری جاسوسی کے لئے تیار کیا تھا۔ میں نے فوراً انکار کر دیا۔ میں نے انہیں ابوالہدی الصیادی الحلبی کے ذریعے استنبول آنے کی دعوت دی اور پھر انہیں نکلنے نہ دیا۔

خلافت کو تباہ کرنے کے لئے انگریز آئے دن کوئی نہ کوئی سازش کرتے رہتے تھے وہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایشیا میں پندرہ کروڑ مسلمانوں پر حکومت کرتے تھے۔ یہ لوگ خلافت عثمانیہ کے حامی تھے۔ مجھے اس صورتحال کی خبر تھی۔ میں نے وسط ایشیا اور دوسرے ملکوں کے مسلمانوں کے ساتھ رابطہ پیدا کرنے کے لئے بہت سے معزز اصحاب، شیوخ طریقت اور درویش بھیجے ان لوگوں نے اسلامی اخوت کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے بڑا کام کیا۔ شیخ سلیمان آفندی بخاری ان میں سے ایک تھے۔ ہندوستانی مسلمان بھی دولت عثمانیہ کے ساتھ گہرا جذباتی رشتہ رکھتے تھے۔ ہم پر جب بھی کوئی افتاد پڑتی ہے۔ بے چین ہو جاتے ہیں ہمارے ساتھ انگریزوں کا جو طرز عمل تھا، اس سے سخت نالاں تھے۔ انہوں نے مطالبہ کیا تھا کہ انگریزی حکومت، دولت عثمانیہ کے ساتھ امن وامان سے رہے۔ مسلمانوں کی اس ہمدردی سے ہمیں آزمائش کی گھڑیوں میں بڑی تقویت ملتی تھی۔

یہی وہ زمانہ تھا جب انگریز جرمنوں کے بارے میں ہماری مملکت میں شکوک وشبہات پھیلا رہے تھے۔ دراصل وہ یہ چاہتے تھے کہ ہم جرمنوں کے ساتھ مل کر ان کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں کا مقابلہ نہ کرسکیں۔ روس اور برطانیہ دونوں عثمانی سلطنت کو ختم کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ انگریزوں نے اس سلسلے میں ایک تجویز بھی روسیوں کے سامنے رکھی، لیکن انہوں نے اسے مسترد کر دیا۔ دراصل دونوں کا مقصد تو ایک تھا، لیکن ان میں سے ہر ایک خود سلطنت عثمانیہ کے زیادہ سے زیادہ علاقوں پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ وہ دوغلی پالیسی پر عمل پیرا تھے۔ ایک طرف انگریز ایشیا میں روس کے بڑھتے ہوئے قدم روکنے کی تگ ودو میں لگے ہوئے تھے۔ اس طرح وہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے کھڑے تھے، دوسری طرف انہوں نے جرمنی کے خلاف متحد محاذ بنا رکھا تھا۔ میری نیت شروع میں جرمنی سے معاہدہ کرنے کی نہ تھی۔ لیکن جب یورپی طاقتوں کے باہمی معاہدوں کا پتہ چلا تو میرے لئے بھاری بھرکم بحری طاقت رکھنے والے ملک کے ساتھ معاہدہ کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔

انگریزوں کی ریشہ دوانیاں جاری تھیں۔ فری میسری تحریک زوروں پر تھی۔ نوجوان ترک مرد وزن اس تحریک میں شامل ہو رہے تھے۔ سالونیکا ان کا گڑھ تھا۔ ادھر جرمنی نے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بھی اپنی نگرانی میں فری میسزی کی محفلیں جما رکھی تھی۔ ان کا مرکز مناستر میں تھا۔ یہ دونوں مرکز آپس میں دست بگریباں رہتے۔ انور، نیازی، شمسی وغیرہ مناستر کے مرکز سے تعلق رکھتے تھے۔ میں نے جرمنی کے ساتھ بغداد میں ریلوے لائن بچھانے کا معاہدہ کیا۔ تو انگریز بھڑ گئے اور مقدونیہ میں ہمارے خلاف ایک مصیبت کھڑی کر دی۔

ادھر ہم یونانیوں سے نبٹ رہے تھے، ادھر جنگ عظیم قریب تر آتی جا رہی تھی۔

۲۰ مارچ ۱۹۱۷ء

روسیوں نے جب عثمانی سلطنت کا بٹوارا کرنے کی برطانوی تجویز مسترد کر دی کہ اس میں فائدہ انگریزوں کو پہنچتا تھا تو انگریزوں نے میرے ساتھ تعلقات بڑھانے شروع کیے۔ ابتدا میں میں ان کی چال نہ سمجھ سکا۔ کئی مہینے بعد حقیقت حال واضح ہو کر سامنے آئی ایک روز انگریز سفیر مجھ سے ملنے آیا۔ وہ اناطولیہ، شام اور حجاز کے متعلق دیر تک باتیں کرتا رہا۔ کہنے لگا: ''یہ علاقے تاریخ کی عظیم ترین تہذیبوں کا گہوارہ رہے ہیں۔ یہاں قدیم آثار کئی جگہ مدفون ہیں۔ عثمانی سلطنت کو ان کی کھدائی کرنی چاہیے۔ بڑے قیمتی خزانے ملیں گے۔ قدیم مورتیوں اور یادگاروں کی صورت ہی میں نہیں۔ نقد اور سونے چاندی کی صورت میں بھی۔'' اس نے مصر میں آثار قدیمہ کی کھدائیوں کا حوالہ دیا۔ ''برطانوی حکومت اس مقصد کے لئے ہر قسم کی مدد دینے کو تیار ہے۔ معاہدے طے پاتے ہی برطانوی ماہرین آثار قدیمہ پہنچ جائیں گے۔

میں چونکہ انگریزوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم رکھنے کا خواہشمند تھا، اس لئے اس تجویز کے پیچھے کارفرما مقصد پر میری نظر نہ گئی۔ میں نے تجویز منظور کر لی۔ فوراً صدر اعظم خلیل رفعت پاشا کو طلب کیا۔ برطانوی تجویز اس کے سامنے رکھی اور کہا کہ وہ اس سلسلے میں ضروری اقدامات کرے۔ آثار قدیمہ کے جو ماہرین آئیں، انہیں ہر قسم کی سہولتیں بہم پہنچائے۔

بے حد تاخیر کے بعد انگریزوں نے اپنے ماہرین استنبول بھیجے۔ میں نے سب کو باریاب کیا، ان کی کامیابی کی تمنا کی ان کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں دوسری حکومتوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

کے سفیر بھی شریک ہوئے۔ روسی سفیر سے بات چیت کے دوران میں نے کہا کہ انگریزوں نے تاریخ اور تہذیب کی خدمت کے لئے مجھ سے آثار قدیمہ کھودنے کی اجازت طلب کی تھی جو میں نے دے دی ہے تو وہ بڑے عجیب انداز میں مسکرایا، جیسے اسے اس بات پر یقین نہ ہو۔

برطانوی ماہرین کے ایک گروہ نے قیصریہ میں کھدائی شروع کی دوسرے نے موصل میں اور تیسرے نے بغداد کے قریب ایک مقام پر، ان کے ساتھی مقامی مزدور اور کارکن کام کر رہے تھے۔ ہمارے آدمی اپنی جگہ پر اس کام کی نگرانی کر رہے تھے۔ ان مقامات سے سوائے چند شکستہ برتنوں، چھوٹی موٹی مورتیوں، تانبے کے پرانے سکوں اور مقبروں وغیرہ کے کوئی خاص شے برآمد نہ ہوئی۔ ہم نے معاہدے کے مطابق یہ برتن، مورتیاں اور سکے ان کے حوالے کر دیئے۔ اس اثناء میں برطانوی سفیر مجھ سے ملنے آیا کرتا اور ہم کام کی رفتار اور نتائج پر گفتگو کرتے۔ ایک روز وہ آیا تو خاصا مسرور اور پرجوش تھا۔ ایک مرصع تلوار پیش کرتے ہوئے کہنے لگا یہ موصل کے قریب کھدائی میں ملی ہے۔ تلوار ٹوٹی ہوئی تھی۔ لیکن اس کے دستے میں قیمتی پتھر جڑے ہوئے تھے اس کا کہنا تھا کہ یہ تلوار کسی زلزلے سے زمین میں دب گئی اس کا ایک ٹکڑا ٹوٹ کر دور کہیں چلا گیا اور باقی حصہ کھدائی کے دوران ہاتھ آ گیا۔ میں نے سفیر کا شکریہ ادا کیا اور اسے انعام سے نوازا مگر عجیب بات یہ تھی کہ ہماری انٹیلی جنس کو اس تلوار کے دستیاب ہونے کا کوئی علم نہ تھا۔ اس کی دو ہی وجوہات تھیں۔ ایک یہ کہ ہمارے مخبروں کو تلوار کے ملنے کی خبر نہیں مل سکی۔ دوسرے یہ کہ سفیر کوئی ایسا ڈرامہ کر رہا تھا جس سے میں ناواقف تھا۔ میں نے یہ تلوار بازار بھیج کر بعض تاجروں کو پیش کی۔ انہیں کچھ خبر نہ تھی کہ معاملہ کیا ہے انہوں نے یہ بتایا یہ تلوار پرانے زمانے کی نہیں ہے۔ میں نے کہا نہیں یہ بہت پرانی ہے اور پھر میں نے اس کے کئی دلائل دیئے تاہم میں حقیقت کا سراغ لگانے میں مصروف رہا لیکن کچھ بھی پتہ نہ چلا۔ پھر اخبار میں چھپنے والی ایک خبر سے مجھے معلوم ہوا کہ جو ماہرین موصل اور بغداد میں کھدائی کر رہے تھے، وہ آثار قدیمہ کی تلاش چھوڑ کر کنوئیں کھودنے لگے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اب مجھ پران کے حقیقی عزائم عیاں ہوئے۔ دراصل تیل تلاش کرنے کے لئے انہوں نے آثار قدیمہ ڈھونڈنے کا ڈھونگ رچایا تھا۔ اگر وہ تیل تلاش کرنے کی پیش کش لے کر آتے تو میرا طرزِ عمل بالکل مختلف ہوتا، اس لئے انہوں نے ماہرین آثار قدیمہ کا نقاب اپنے چہرے پر ڈال لیا۔ پھر مجھے اپنے اعتماد میں لینے کے لئے مرصع تلوار دریافت کرنے کا ڈرامہ رچایا۔

کچھ مدت بعد برطانوی سفیر نے مجھ سے ملاقات کی اور کہنے لگا کہ شام اور حجاز کے علاقے زیادہ تر صحرا پر مشتمل ہیں اور پانی نہ ہونے کی وجہ سے پیاس یہاں کے باشندوں کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ پانی کے فقدان کی وجہ سے اس علاقے کو ترقی بھی نہیں دی جا سکتی۔ ہم انسانیت کے نام پر اس مسئلے کو حل کرنے اور صحرا میں کنوئیں کھودنے پر آمادہ ہیں، لیکن اس کے لئے کچھ شرائط ہیں۔ پانی کی تنگی ختم ہو جائے اور صحرا میں نخلستان وجود میں آ جائیں، تو موجودہ کنوئیں جو مقامی لوگ اب تک استعمال کرتے آئے ہیں بند کر دیئے جائیں گے اور ہمارے کھودے ہوئے کنوؤں پر ہمارا کنٹرول ہوگا۔

میں نے یہ تجویز مسترد کر دی یہی نہیں، بلکہ موصل اور بغداد میں جو کنوئیں کھودے گئے تھے وہ بھی بند کروا دیئے۔ انگریز اس پر بڑے تلملائے کھدائی وغیرہ تو وہیں رہ گئی، اب انہوں نے اپنی ساری تگ ودو عثمانی سلطنت کو ختم کرنے اور خلافت کا منصب ہم سے چھین کر مکہ کے شریف کے حوالے کرنے پر مرکوز کر دی۔ میں نے اس منصوبے کو ناکام بنانے کے لئے درویشوں کا ایک بڑا قافلہ ہندوستانی مسلمانوں کے پاس بھیجا۔ انگریزوں نے اس منصوبے کا مقابلہ اور زیادہ سرگرمی سے کیا اور جزیرہ کریٹ میں بغاوت کروا دی۔ مزید یہ کہ ایک بار پھر ہمارے خلاف روس اور فرانس سے ساز باز شروع کی، لیکن روس کے زار نے انکار کر دیا۔ زاروں کی حکومت کے خلاف روس میں جو تحریکیں چل رہی تھیں۔ انگریز ان کی معاونت کر رہے تھے اور ملک میں دستوری نظام قائم کرنے کے مطالبے کے اسی طرح مؤید تھے جیسے وہ عثمانی سلطنت میں دستوری حکومت کے نام پر چلنے والی تحریکوں کے حامی تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ٹھیک اس زمانے میں جب انگریز ہمارے ساتھ کش مکش میں مصروف تھے جرمنی نے ہماری طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا اور کریٹ کے مسئلے پر ہماری حمایت کی اور یورپ کی دوسری حکومتوں کے موقف کی مخالفت اور ادھر یونان میں ہماری افواج فتح یاب ہو رہی تھیں۔ ان فتوحات نے جرمنوں کی آنکھیں کھول دی تھیں۔ چنانچہ فرانس، برطانیہ اور روس کے گٹھ جوڑ کا مقابلہ کرنے کے لئے قیصر جرمنی میرے اور قریب ہو گیا۔ میں نے بھی جواب میں دوستانہ روابط بڑھائے۔ میں دراصل اس طرح انگریزوں پر واضح کر دینا چاہتا تھا کہ ہمیں کمزور ناتواں نہ سمجھو۔ ہم جرمن افواج کے لئے ہندوستان فتح کرنے کے دروازے کھول دینے کی طاقت رکھتے ہیں۔ لیکن جرمنی کے ساتھ تعاون کرنے کے یہ معنی نہ تھے کہ ہمیں اس کے نظریات و افکار سے سو فی صد اتفاق تھا۔ کئی امور و معاملات میں ہمارا نقطہ نظر ایک دوسرے سے بالکل مختلف تھا۔

انہی دنوں قیصر ولہلم سرکاری دورے پر استنبول آیا۔ میں نے اس کا بڑا شاندار استقبال کیا اس کے اعزاز میں جو دعوت دی اس میں تقریر کرتے ہوئے اسے دنیا بھر میں رہنے والے تیس کروڑ مسلمانوں کا دوست قرار دیا۔ قیصر نے دمشق پہنچ کر جو تقریر کی اس میں اس نے زار روس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا: ”دولت عثمانیہ موت کے کنارے پر نہیں کھڑی بلکہ وہ زندگی کی توانائیوں سے پوری طرح بہرہ ور ہے......روس کو چاہئے کہ وہ مسلمانوں اور ان کے شرف سے نہ کھیلے۔ قیصر کے طرز عمل اور اس کی تقریروں نے میرے پاکیزہ جذبات کے ساز کو چھیڑ دیا۔

جرمن شہنشاہ کے ساتھ بعض اہل علم بھی آئے تھے ان میں ماہرین آثار قدیمہ بھی تھے۔ انہیں بھی انگریزوں کی طرح پرانے آثار ڈھونڈنے کے کام سے بڑی دلچسپی تھی۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے موصل اور اس کے گردونواح کا علاقہ منتخب کیا اور میں نے اس کی اجازت دے دی۔ اب بھی وہی معاملہ پیش آیا۔ میں نے سنا کہ جرمن ماہرین آثار قدیمہ کی جماعت بھی کنوئیں کھود کر پٹرول نکالنے کی فکر میں ہے۔ مجھے اعتراف ہے کہ میں نے دھوکا

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کھایا تھا۔ اگر جرمن شہنشاہ پٹرول تلاش کرنے کے مسئلے پر میرے ساتھ بات چیت کرتا تو بعض شرائط کے تحت میں اسے اجازت دے دیتا، اس لئے کہ خود میرا ملک پٹرول تلاش کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ آثار قدیمہ کی تلاش کے پردے میں پٹرول ڈھونڈنے والے ماہرین اور جاسوسوں کو بھیجنے سے صاف ظاہر تھا کہ جرمن ہم عثمانیوں کے بارے میں کیا نقطہ نظر رکھتے ہیں۔

قصر شاہی کے سیکرٹری تحسین پاشا کی رائے یہ تھی کہ ہم جرمن شہنشاہ سے احتجاج کریں لیکن مجھے اس سے اختلاف تھا۔ میں نے کہا کہ ٹھیک ہے وہ تلاش کرتے رہیں۔ آخر وہ پٹرول جیب میں ڈال کر نہیں لے جائیں گے۔ ہم انہیں کھدائی سے نکلنے والے شکستہ برتن وغیرہ دے دیں گے اور پٹرول اپنے کام میں لائیں گے کہ ان سے معاہدہ پٹرول کا نہیں آثار قدیمہ کے نوادارات کا ہوا ہے۔

میرے ایک مشیر صلاح الدین آفندی اس قسم کے مسائل خوب سمجھتے تھے۔ میں نے انہیں طلب کیا اور امریکہ بھیجا۔ اس زمانہ میں امریکہ اس میدان میں بہت ترقی یافتہ تھا۔ اور ہماری سلطنت کے ساتھ اچھے تعلقات استوار کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ہم یہ جاننا چاہتے تھے کہ ہمارے ملکوں میں پٹرول ہے یا نہیں، مگر افسوس میری سعی بے ثمر رہی۔ صلاح الدین آفندی نے امریکہ میں جن کمپنیوں سے رابطہ قائم کیا انہوں نے اس سلسلے میں کسی گرمجوشی کا اظہار نہ کیا، چنانچہ انہیں بے نیل مرام لوٹنا پڑا۔

واپسی پر صلاح الدین آفندی نے مجھے بتایا کہ امریکیوں کا خیال ہے وہ خود اپنے ملک میں اتنا پٹرول نکال لیں گے کہ دنیا بھر کی ضرورت پوری ہو جائے گی۔ ظاہر ہے ایسی صورت میں وہ کسی دوسرے ملک میں پٹرول نکالنے کی مہم میں کیا دلچسپی لے سکتے ہیں۔ جب کہ یہ بھی جانتے ہوں کہ امریکہ سے باہر کسی ملک میں وسیع پیمانے پر نکلنے والا پٹرول ان کے تیل کی قیمتوں پر بھی اثر انداز ہوگا۔

بہر حال انگریزوں اور جرمنوں کے بعد ہم نے بھی اپنے زیر نگین ممالک میں پٹرول کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بو سونگھ لی، چنانچہ میں نے جاپان سے تیل کے کنوئیں کھودنے والے ماہرین کا ایک وفد بلایا جاپان کی حکومت نے میری درخواست مان لی...... لیکن اس کے بعد کیا ہوا؟ میں کچھ نہیں کہہ سکتا، اس لئے کہ تھوڑی ہی مدت بعد مجھے تخت سے معزول کر دیا گیا۔

۲۲ مارچ ۱۹۱۷ء

عثمانی سلطنت کو رعایا کے حالات اور مسائل و مشکلات کی خبر مختلف ذرائع سے ملتی رہتی تھی۔ ایک تو گورنر اور قاضی اپنی رپورٹیں دیا کرتے تھے دوسرے عثمانی سلطنت کے مختلف حصوں میں پھیلے ہوئے تکیوں اور ان مشائخ اور درویشوں کے ذریعے آستانے کے متعلقہ حکام یہ ساری خبریں اور رپورٹیں اکٹھی کر کے میرے سامنے پیش کرتے تھے۔ میرے دادا سلطان محمود ثانی نے اپنی انٹیلی جنس کا دائرہ مزید وسیع کر دیا۔ اب درویش بنفس نفیس سلطان تک اپنی فراہم کردہ خبریں پہنچایا کرتے۔ یہ سلسلہ میرے تخت نشین ہونے کے بعد تک جاری رہا۔

ایک روز ہمارے لندن میں متعین سفیر موسوراسی پاشا سے مجھے پتہ چلا کہ سابق صدر اعظم حسین عونی پاشا اپنے زمانہ وزارت میں انگریزوں سے روپیہ وصول کیا کرتا تھا میں اس خیانت پر مبہوت ہو کر رہ گیا۔ کتنے ہی دن میری طبیعت مکدر رہی۔ انہی دنوں محمود پاشا نے مجھ سے ملاقات کی اور ''نوجوان ترکوں'' کے بعض ارکان کے متعلق بے حد اہم معلومات پیش کیں۔ میں نے محمود پاشا سے ان کا ماخذ دریافت کیا، تو معلوم ہوا کہ پاشا نے انٹیلی جنس کا ایک خصوصی بیورو قائم کر رکھا ہے، اس میں بعض اشخاص کے اقارب پیسہ لے کر کام کرتے تھے۔ یہ رشتہ دار ان لوگوں سے ملتے اور ان سے جو بات بھی سنتے اس کی رپورٹ محمود پاشا کو دیتے۔

بے شک پاشا میرا بہنوئی ہے لیکن میرے نزدیک یہ درست نہیں تھا کہ سلطنت کا کوئی پاشا اپنے طور پر حکومت سے بالکل الگ تھلگ کوئی خفیہ محکمہ قائم کرے میں نے پاشا سے کہا اپنے اس محکمے کو فوری طور پر میرے حوالے کر دے اور آئندہ ایسی کوئی حرکت نہ کرے۔ پاشا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے خاصی دل تنگی کے ساتھ میرے حکم کی تعمیل کی۔

میرے لئے سب سے پریشان کن بات یہ تھی کہ بڑی طاقتیں وزیر اعظم تک کے لوگوں کو خریدنے میں کامیاب ہو چکی تھیں۔ ایسی سلطنت دشمن کے ہاتھوں سے کیسے محفوظ رہ سکتی ہے، جس کے بڑے بڑے عہدیدار روپے سے خریدے جاسکتے ہوں؟ اسی بنیاد پر میں نے انٹیلی جنس کا ایک خصوصی محکمہ قائم کیا جس کی نگرانی براہ راست میں خود کرتا تھا یہی وہ محکمہ ہے جسے میرے دشمن جونالجی (خفیہ پولیس) کا نام دیتے ہیں۔

''جونالجی'' کی فراہم کردہ معلومات کی میں پوری طرح چھان پھٹک کرتا تھا، اس لئے کہ اصلی ''جونالجی'' کے علاوہ جھوٹے لوگ بھی ان میں شامل ہو سکتے تھے۔ چنانچہ جب تک پوری طرح تحقیقات نہ کر لیتا ان کی فراہم کردہ کسی خبر کو سچا نہ سمجھتا۔ میرے ایک بزرگ سلطان سلیم خان اکثر کہا کرتے تھے کہ میں اجنبیوں کے ہاتھ اپنے کلیجے پر محسوس کر رہا ہوں۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم غیر ممالک میں اپنے سفیر مقرر کریں اور اپنے پیغامبر اور قاصد باہر بھیجیں تاکہ جو کچھ اجنبی طاقتیں کر رہی ہیں، یہ لوگ اس کی ہمیں اطلاع دے سکیں اور ہم فوراً ان اطلاعات پر کوئی اقدام کر سکیں۔

میں خود بھی اجنبی ہاتھ محسوس کر رہا تھا، اپنے کلیجے پر نہیں، اس کے اندر۔ وہ میرے وزیر اعظموں اور وزیروں کو خرید رہے تھے اور انہیں ہمارے ملک کے خلاف استعمال کر رہے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جن پر سلطنت کے خزانے کا ایک بڑا حصہ صرف ہو رہا تھا۔ میں ان کی کارستانیوں سے بے خبر رہنے پر کیسے رضامند ہو سکتا تھا!

ہاں، میں نے خفیہ محکمہ قائم کیا اور خود اس کی نگرانی کرتا رہا۔ یہ محکمہ محبّ وطن لوگوں کی نہیں، غداروں اور خائنوں کی خبریں فراہم کرتا تھا۔

۲۳ مارچ ۱۹۱۷ء

جب سے تخت و تاج مجھ سے چھینا گیا ہے اس وقت سے اب تک میرے دشمن میرے متعلق کئی مضامین اور کتابیں لکھ چکے ہیں، ان کے قلم سے خون ٹپک رہا ہے۔ وہ ایسی ایسی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

باتیں مجھ سے منسوب کرتے ہیں جو کبھی میرے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں آئی تھیں، میرے زمانہ حکومت میں بھی یہ لوگ ایسی کتابیں لکھا کرتے تھے اور میرا تمسخر اڑاتے تھے، لیکن اس خرافات کو مملکت عثمانیہ میں نہ پھیلا سکتے تھے، اس لئے اکثر کتابیں یورپ میں طبع ہوتیں اور صرف مصر میں پھیلا کرتی تھیں۔ لیکن اب یہ جھوٹ باب عالی میں پھیلایا جارہا ہے۔ اس وقت کہا جاتا تھا کہ یہ لوگ مجھ سے خوف کھاتے ہیں اور اسی لئے میرے خلاف لکھتے رہتے ہیں لیکن اب انہیں کس بات کا خوف ہے کہ ان کے قلم میرے خلاف مسلسل چل رہے ہیں؟ میرے پاس اقتدار نہیں رہا۔ میں یہاں قیدی کی زندگی بسر کررہا ہوں۔ کسی شخص کے ساتھ میرا رابطہ نہیں ہے، پھر وہ کتابیں کس مقصد کے لئے لکھ رہے ہیں؟ کیا وہ ضمیر کے عذاب میں مبتلا ہیں اور جانتے ہیں کہ میں ان کے ساتھ ہمیشہ بھلے مانسوں کی طرح پیش آتا رہا ہوں۔

''میں دانشوروں کا دشمن تھا'' یہ بات وہ کسی شرم وندامت کے بغیر لکھ رہے ہیں۔ اگر دانشور انہی جیسے لوگ ہوتے ہیں اور وہی کچھ کرتے ہیں جو یہ کررہے ہیں تو میں نے ایسی عقل ودانش کو زندگی میں ایک دن بھی ذرا اہمیت نہیں دی۔ اگر ان کی مراد حقیقی دانشوروں سے ہے، تو پہلے وہ خود اس کا نمونہ پیش کریں۔ میرے ساتھ دلیل سے بات کریں۔ ان کی دلیل میں وزن ہوا تو میں اسے قبول کرلوں گا۔ مجھے زندگی بھر اہل دانش کی تلاش رہی لیکن افسوس کہ ایسا کوئی شخص ہاتھ نہ آیا۔ مجبوراً مجھے ان مصنفین ایسے لوگوں کی خدمات حاصل کرنا پڑیں۔

اگر میں عقل ودانش اور علم کا دشمن ہوتا، تو یونیورسٹی کا افتتاح کیوں کرتا؟ ملکیہ شاہانہ ایسے مدارس کیوں قائم کرتا؟ لڑکیوں کے لئے الگ دارالمعلمات کس لئے بنواتا؟ یورپ کی یونیورسٹیوں کے طرز پر اعلیٰ درس گاہیں کیوں کھولتا اور طلبہ کو قانون کی تعلیم حاصل کرنے کی سہولتیں اور مراعات کیوں فراہم کرتا؟ میں نے جب ملکیہ شاہانہ میں فلسفے کی تعلیم شروع کی تو طلبہ نے اس پر سخت احتجاج کیا اور کہا کہ ہمیں کافر بنایا جارہا ہے۔ لیکن میں جانتا تھا کہ کفر، علم میں نہیں جہالت میں ہے۔ چنانچہ فلسفہ پڑھایا جانے لگا۔ اسی طرح دوسرے سائنسی علوم فزکس وغیرہ کی تعلیم بھی دی جانے لگی۔ میں نے زندگی کے ہر شعبے کے افراد تیار کرنے کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لئے صرف سکول اور کالج کھولنے ہی پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ اصحاب علم وفضل اور ادیب کہلانے والے اشخاص کی مادی اور معنوی دونوں طرح سے حوصلہ افزائی کی، ان میں جودت پاشا، احمد مدحت آفندی اور مراد آفندی (جو اپنے آپ کو مورخ کہتا ہے) ایسے بہت سے لوگ شامل تھے، انہیں میں نے کتابیں تک فراہم کیں۔

میں نے کبھی کسی پڑھے لکھے شخص سے خوف نہیں کھایا: البتہ ان احمقوں سے ضرور مجتنب رہتا ہوں جو چند کتابیں پڑھ کر اپنے آپ کو عالم فاضل کہلوانے لگتے ہیں۔ یہی لوگ مغرب کے شیدائی ہیں مغربی قوموں کے ہاتھوں میں کھیلنے والے لوگوں کی طرف میں نے کبھی ادنیٰ سی توجہ بھی نہیں کی اور نہ اس پر مجھے ندامت ہوئی ہے۔

جس شخص نے اپنے تیس سالہ عہد حکومت میں ہر قریے میں ایک مسجد اور ہر مسجد میں ایک مدرسہ قائم کیا ہو وہ علم اور عقل ودانش کا دشمن کیسے ہوسکتا ہے؟ میرے عہد میں جو کتابیں شائع ہوئیں۔ ان پر نظر ڈالیئے اور ان کا موازنہ میرے بعد شائع ہونیوالی کتابوں سے کیجئے یورپ کے بڑے بڑے ادیبوں، فلسفیوں اور عالموں کی بہترین تصانیف میرے عہد حکومت میں چھپیں فروخت ہوئیں اور لوگوں کی بڑی تعداد نے انہیں پڑھا۔ میں نے یورپ کی جن چیزوں سے اپنی مملکت اور قوم کو بچانا چاہا وہ یورپ کا علم نہیں، اس کی جہالت کا مرقع تھیں۔ میں نے طلبہ کی بڑی تعداد تعلیم حاصل کرنے کے لئے یورپ بھیجی۔ یہ صحیح ہے کہ ان میں سے چار پانچ بگڑے ہوئے نکلے۔ لیکن ان کی اکثریت مملکت کے لئے مفید ثابت ہوئی اور مجھے ان پر فخر ہے۔ میں نے مملکت کو زمانے کے دوش بدوش چلانے کی کوشش کی تخت پر بیٹھتے ہی میں نے یورپ مملکت میں ٹیلی گراف کا نظام رائج کیا حالانکہ اس وقت یورپ کے بعض ممالک تک اس سے محروم تھے۔ میری نگرانی میں تیس ہزار کلومیٹر ٹیلی گراف کے تار شہروں ہی میں نہیں بعض قریوں تک پھیلا دیئے گئے۔ اسی طرح میں نے اپنے خصوصی اموال سے آبدوز کشتیاں بنانے کا حکم دیا، حالانکہ اس زمانے میں انگریزوں کے پاس بھی آبدوز کشتیاں نہ تھیں۔ میرے بعد انہوں نے یہ منصوبہ ترک کر دیا، تو میرا قصور نہیں۔ میں پھر کہتا ہوں اور دکھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

بھرے دل کے ساتھ کہتا ہوں کہ میں کسی بھی اچھی اور مفید چیز کا دشمن نہیں تھا۔

۲۴ مارچ ۱۹۱۷ء

قصر بیلر بی

میرے مرافق نے پوچھا: آپ اپنی یادداشتیں اس انداز میں قلم بند کر رہے ہیں گویا آپ اپنا دفاع کر رہے ہیں...... آپ نے اپنے عہد اقتدار میں مملکت کے تحفظ کے لئے جو راستہ اختیار کیا، کیا کسی شخص کو اس میں شک ہے کہ وہ واحد اور ناگزیر راستہ نہ تھا؟

میں نے کہا: میں اپنے خدا اور تاریخ کے حضور اس بات پر بالکل مطمئن ہوں کہ میں نے اپنے ملک کی حفاظت اور خوشحالی کی خاطر اپنی حد تک بہترین اقدامات کیے ان اقدامات کے بغیر کوئی چارہ نہ تھا۔ میں نے کبھی انانیت اختیار نہ کی۔ حتیٰ کہ جن لوگوں نے ملک سے خیانت اور غداری کی انہیں بھی کبھی خود کوئی سزا نہیں دی۔ بلکہ انہیں عدالت کے حوالے کیا اور عدالت نے جو سزا دی اس میں بھی میں نے تخفیف کر دی۔ بعض کو معاف تک کر دیا۔ میں کہا کرتا تھا اللہ کا کوئی بھی بندہ خطا سے خالی نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اس حقیقت کو نہیں جانتا۔ تو اللہ اور تاریخ تو جانتے ہی ہیں۔ مجھے اس بارے میں ذرا بھی رنج اور قلق نہیں ہے۔

رہا یہ کہ میں اپنا دفاع کر رہا ہوں، تو میں دیکھتا ہوں کہ میرے ملک پر مصیبت ٹوٹ رہی ہے۔ ہماری افواج شکست کھا کر دارالحکومت کی طرف آ رہی ہیں۔ سلطنت کی عظمت اور وقار خاک میں مل گیا ہے۔ کہ شاید کبھی بحال نہ ہو سکے اور اس ہزیمت و رسوائی کا سبب خائنوں اور غداروں کی سیاہ کاریاں ہیں۔ یہ لوگ تاریخ کی عدالت اور امت کی نفرت اور غضب سے بچنے کے لئے مجھے ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں وہ کہتے ہیں یہ آگ عبدالحمید نے جلائی ہے۔ میں یہ یادداشتیں ان ابنائے امت کے لئے لکھ رہا ہوں جو عظیم عثمانی سلطنت کی تباہی پر اندوہگیں ہیں...... انہیں قلم بند کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہر بات صاف اور واضح دیکھ سکیں۔ انہیں پتہ چل جائے کہ اس تباہی کے اصل ذمہ دار کون ہیں، وہ اس حیرت سے نکل آئیں، جس میں مبتلا کر دیے گئے ہیں اور تاریخ کے فیصلے کا انتظار کرنے کے بجائے خود

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سوچ بچار کے بعد حقیقت کو پہنچ سکیں۔

یہ مہذب اور کلچرڈ لوگ مجھے ساری خرابیوں کی جڑ بتاتے ہیں اور کتابوں پر کتابیں لکھ رہے ہیں ان کی وطن پرستی کا طول و عرض یہ ہے کہ ایک ارمنی جب اپنے سلطان اور خلیفہ عثمانی کو ہلاک کرنے کے لئے بم پھینکتا ہے تو یہ اس پر تالیاں بجاتے ہیں اور اس کی مدح و تحسین کرتے ہیں (اشارہ ہے ترکی شاعر توفیق فطرت کی طرف جو سلطان عبدالحمید کا سخت مخالف تھا۔ جب ایک ارمنی نے ان پر قاتلانہ حملہ کیا، تو توفیق فطرت نے ان کی شان قصیدہ لکھا) یہ مہذب اور کلچرڈ لوگ مجھ پر افترا کی بوچھاڑ کرتے ہیں حتی کہ سعید پاشا ایسے لوگ بھی اپنے سیاہ ضمیر کی روشنائی سے میرے چہرے پر کالک ملنے سے نہیں ہچکچاتے (سعید پاشا ۱۸۲۸۔۱۹۱۶ء ادیب اور صحافی تھا، متعدد بار صدر اعظم رہا) میں یہ یادداشتیں اپنے دفاع میں نہیں، اس لئے لکھ رہا ہوں کہ لوگ حقیقت سے آگاہ ہوں۔

یہ مفتری مزے لے لے کر کہتے ہیں عبدالحمید نوجوانوں کو سمندر میں ملاقات کے لئے بلایا کرتا تھا اور وہیں غرق کر دیتا تھا، لیکن کیا ان کے پاس کوئی ثبوت ہے کہ کسی ایک نوجوان نے بھی مجھ سے سمندر میں ملاقات کی ہو...... یقیناً وہ ادنیٰ سے ادنیٰ ثبوت بھی نہیں پیش کر سکتے، پھر بھی یہ بات بار بار لکھتے ہیں انہیں شرم نہیں آتی۔

ملک کے بیٹے میرے بیٹے ہیں، میں نے انہیں ہمیشہ اسی نظر سے دیکھا ہے، ان کی بڑی تعداد کو میں نے معاف کیا۔ اکثر کے عیوب سے چشم پوشی کی ان کی خطاؤں سے درگزر کیا حالانکہ مجھے ان کی ایک ایک بات کی خبر تھی۔ پھر میں انہیں سمندر کی موجوں کا نوالہ کیوں کر بنا سکتا تھا؟ یہ فعل محض جرم ہی نہیں بلکہ سوچ بچار کی دعوت بھی دیتا ہے۔ مجھے اس جرم کا مرتکب گرداننے والوں نے میرے بعد خود کیا کیا؟ کیا انہوں نے خود یہی جرم نہیں کیا، وہ مجھے غدار قرار دیتے ہیں، حالانکہ وہ خود غداری کے مرتکب ہوئے۔

میں ایک واقعہ کا ذکر کرتا ہوں۔ اس کے آئینے میں ان غداروں کا چہرہ دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب روس سے جنگ چھڑی ہوئی تھی طونہ اور بلقانہ کے محاذ پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

ہماری فوج کی کمان سلیمان پاشا کر رہا تھا۔ ایک روز مجھے اس کا تار ملا۔ اس نے اطلاع دی تھی کہ فوج کے بعض کمانڈر گرفتار کیے گئے ہیں انہیں استنبول بھیج رہا ہوں یہ کمانڈر پاشا کے منصب پر فائز تھے ان میں سے بعض پر خیانت کا الزام تھا اور بعض پر انہیں جاری کیے جانے والے احکام میں تغیر و تبدل کا یہ پاشا استنبول پہنچے تو میں نے ان کے خلاف تحقیقات اپنی ذاتی نگرانی میں کروائی پتہ چلا کہ سلیمان پاشا نے سلطان عبدالعزیز خان کو تخت سے معزول کرنے میں جو کردار ادا کیا تھا۔ یہ لوگ اس پر تنقید کرتے تھے۔ سلیمان پاشا کے لئے یہ بات ناقابل برداشت تھی، اس نے ان پر خیانت و غداری اور حکم عدولی کا الزام عائد کر کے انہیں گرفتار کیا اور گولی کا چارہ بنانے کے لئے استنبول بھیج دیا۔

یہ تحقیقات راسم پاشا نے کی تھی۔ اس نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ ان پاشاؤں پر جو الزامات لگائے گئے ہیں ان میں سے کوئی بھی درست نہیں ہے۔ میں نے ان پاشاؤں کو بے گناہ قرار دے کر رہا کر دیا اور انہیں دوسری خدمات سونپ دیں۔ یہ سب کچھ جنگ کے دوران ہوا جب کہ ہمیں ایک ایک فوجی افسر کی محاذ جنگ پر شدید ضرورت تھی۔ سلطنت کے بہی خواہ افسر، فوج اور سول میں سے اسی طرح کی سازشیں کر کے نکالے جا رہے تھے۔

سلیمان پاشا اس پر بڑا تلملایا اس نے ایک تار صدر اعظم ادہم پاشا کو بھیجا جس میں اس نے پوچھا تھا کہ کارروائی کا کیا نتیجہ نکلا ہے...... کیا ان پاشاؤں کو سزا دی گئی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 9

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ابن سعود کا دور حکومت

ابن سعود ۲۲ دسمبر ۱۸۸۰ء کو ریاض میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۴ء میں باقاعدہ عسکری مہمات میں حصہ لینا شروع کیا۔ ۱۹۱۰ء میں شریف حسین نے ابن سعود سے ترکوں کی حاکمیت اعلیٰ منوائی۔ ۱۹۱۴ء میں ابن سعود نے الحصاء کو فتح کیا۔ ۲۶ دسمبر کو ابن سعود نے برطانیہ سے مندرجہ ذیل معاہدہ کیا۔

(۱) برطانیہ نے ابن سعود اور ان کی اولاد کو نجد اور الحصاء کا حکمران تسلیم کیا۔

(۲) بیرونی جارحیت کی صورت میں ابن سعود کو برطانیہ کی اعانت حاصل ہوگی۔

(۳) ابن سعود کے بیرونی معاملات پر برطانوی سیادت تسلیم کر لی گئی۔

(۴) ابن سعود نے یہ تسلیم کیا کہ وہ اپنا علاقہ یا اس کا کچھ ظاہری حصہ برطانیہ کی مرضی کے بغیر کسی طاقت کے حوالے نہ کریں گے۔

(۵) ابن سعود اپنے علاقہ میں حاجیوں کے قافلہ کے راستے کھلے رکھیں گے۔

(۶) ابن سعود نے وعدہ کیا کہ وہ کویت، بحرین اور ساحلی امارتوں کے معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے۔

اس معاہدہ کی تمام دفعات سے واضح ہو جاتا ہے کہ ابن سعود برطانیہ کے حاشیہ نشین بن چکے تھے اور ان کے زیر تصرف علاقہ دراصل برطانیہ کی ایک کالونی سے زیادہ نہ تھا۔ ابن سعود نے برطانیہ سے اپنی اس غلامی کی قیمت ایک لاکھ پونڈ سالانہ مقرر کی۔

۱۹۱۶ء میں ابن سعود نے اخوان کو اپنے ساتھ ملا لیا۔ ۱۹۲۱ء میں ابن سعود نے رشیدیوں کو مکمل شکست دے کر جبل الشمر اور حائل کے علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

۲۳ دسمبر ۱۹۲۵ء کو ابن سعود نے جدہ اور حجاز پر مکمل قبضہ کر لیا اور اپنے مقبوضہ جات کا نام مملکت نجد وحجاز رکھا۔

۱۹۲۵ء کے بعد ہندوستان کی مرکزی خلافت کمیٹی ابن سعود سے مذاکرات کرتی رہی جن کا منشاء یہ تھا کہ ابن سعود تمام بلاد اسلامیہ کے متحدہ علماء کے مشورہ سے حکومت کرے،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیونکہ سرزمین حجاز سے تمام مسلمانوں کا تعلق ہے۔ اس کی حیثیت بادشاہ کی نہ ہو، بلکہ اس کے بجائے وہ ایک نگران اور خلیفہ کی حیثیت اختیار کرے، جس میں موروثی بادشاہت کا تصور نہ ہو۔ اس کے علاوہ مرکزی خلافت کمیٹی کا یہ بھی مطالبہ تھا کہ تمام قبہ جات کی حفاظت کی جائے اور جو منہدم کرا دیئے گئے ہیں ان کی ازسرنو تعمیر کی جائے۔ ابن سعود شروع شروع میں خلافت کمیٹی کی تائید کرتا رہا۔ ان کے مطالبات پورے کرنے کے وعدے بھی کیے لیکن آہستہ آہستہ وہ تمام وعدوں سے منحرف ہوتا گیا۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے تمام مزارات گرا دیئے گئے اور ۲۲ ستمبر ۱۹۲۲ء کو اس نے اپنے مطلق العنان بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا اور نجد وحجاز پر مشتمل عرب علاقہ کا نام سعودی عرب رکھا۔

سردار حسنی ابن سعود کی مطلق العنانی کے بارے میں لکھتے ہیں۔

نجد کی حکومت قدیم وضع کی ہے وہاں حکومت علیحدہ علیحدہ شعبوں پر منقسم نہیں ہے۔ نہ مجلس حکومت ہے نہ وزارت ہے، پوری حکومت خود سلطان کی ذات ہے(1)۔

۱۱ مئی ۱۹۳۳ء کو شاہی ہائی کونسل نے سعود کو ولی عہد بنانے کا فرمان جاری کیا۔ فرمان پر کونسل کے تمام ارکان کے دستخط ثبت تھے۔ اس کونسل کے سربراہ فیصل تھے۔ ابن سعود نے اس فرمان کی توثیق کر دی۔

سعودی عربیہ پر امریکی اثر کی ابتداء

• ۱۹۴۰ء تک امریکہ نے عملی طور پر سعودی عرب کو نظر انداز کر رکھا تھا۔ جدہ میں اس کی سفارتی نمائندگی تھی۔ نہ قونصل خانہ امریکی دورے کے دوران امیر فیصل نے امریکی ارباب اختیار سے تبادلہ خیال کیا دورہ کامیاب رہا اور اسی سال امریکہ نے جدہ میں اپنا مستقل لیگیشن قائم کیا۔ لیگیشن قائم ہوتے ہی امریکہ نے ظہران میں ہوائی مستقر تعمیر کرنے کی گفتگو شروع کر دی، جس کا مقصد کراچی کے راستہ جاپان سے نمٹنے کے لئے سہولتیں حاصل کرنا تھا۔ مستقر کی تعمیر ۱۹۴۴ء میں شروع ہوئی۔ اور ۱۹۴۶ء میں یہ مکمل ہو گیا(2)۔

1۔ سردار محمد حسنی بی۔ اے حیات سلطان ابن آل سعود ص ۱۴۸

2۔ محمد صدیق قریشی، فیصل ص ۷۴۔ ۷۶ ملخصا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اکتوبر ۱۹۴۶ء میں امیر فیصل کی کوششوں سے امریکہ ایکسپورٹ بینک نے سعودی عرب کو ایک کروڑ ڈالر کا قرضہ دیا تا کہ وہ اپنی معیشت کو بہتر بنا سکے۔

۱۹۴۷ء میں وزارت خارجہ نے ولی عہد امیر سعود کے دورہ امریکہ کا بندوبست کیا جس میں دونوں ملک ایک دوسرے کے اور قریب آئے(1)۔

1915ء کے معاہدہ وارن کے بعد سے ۱۹۲۷ء کے معاہدہ جدہ تک سعودی عرب، برطانیہ کا حاشیہ نشین خیال کیا جاتا تھا۔ ۱۹۲۷ء سے ۱۹۴۳ء تک کے درمیانی عرصہ میں برطانیہ کو سعودی عرب میں ایک چہیتی قوم کا درجہ حاصل رہا، جنگ عظیم دوم کے اوائل میں برطانیہ نے سعودی عرب کو مالی امداد دی۔ جنگ سے سعودی عرب کی معیشت بری طرح متاثر ہوئی تھی۔ سعودی عرب کی آمدنی بڑے حصہ کا انحصار حج پر تھا۔ جنگ کی وجہ سے حاجیوں کی تعداد کم ہوئی۔ ۱۹۴۳ء میں امریکہ نے جدہ میں اپنا لیگیشن قائم کیا تھا۔ جسے ۱۹۴۹ء میں سفارت خانہ کا درجہ دے دیا گیا۔ ۱۹۰۱ء میں امریکہ نے ایک خصوصی معاہدہ کی رو سے چار نکاتی پروگرام کے تحت سعودی عرب کو فنی امداد دینا شروع کی۔ ۱۸ جون ۱۹۵۱ء کو دونوں ملکوں کے درمیان ایک دفاعی معاہدہ طے پایا، جس کی رو سے ظہران کا ہوائی مستقر پانچ سال کے لئے امریکہ کو دے دیا گیا۔ معاہدہ کے متن میں فوجی مستقر کے الفاظ استعمال نہ کئے گئے۔ اس رعایت کے عوض امریکہ نے سعودی عرب کو فوجی ساز وسامان بہم پہنچانے کے علاوہ سعودی فضائیہ کے پائلٹوں کو تربیت دینے کا بھی وعدہ کیا۔ اس معاہدہ پر ملک کے اندر اور باہر عرب قوم پرستوں نے ناک بھوں چڑھائی، حالانکہ سعودی حکومت مندرجہ بالا فوائد کے علاوہ اس مستقر کا کرایہ بھی وصول کرتی تھی(2)۔

سعودی عربیہ میں تیل کی دریافت کا دیرینہ خواب

مغربی ممالک خصوصاً برطانیہ اور امریکہ مدت سے یہ چاہتے تھے کہ عرب سے ترکوں کا اقتدار ختم ہو اور وہ آزادانہ طور پر صحرائے عرب میں تیل کی دریافت کرسکیں، چنانچہ محمد صدیق

1۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۴۷۔۴۸ ملخصا۔ 2۔ محمد صدیق قریشی، فیصل ص ۵۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

لکھتے ہیں۔سعودی عرب کی تاریخ تیل کی دریافت سے ایک اہم موڑ مڑ گئی۔ یہ ۲۹ مئی ۱۹۳۳ء کا ذکر ہے۔کیلی فورنیا کی اسٹینڈرڈ آئل کمپنی نے ۶۰ سال کے لئے سعودی عرب کے مشرقی حصہ میں تیل تلاش کرنے کا ٹھیکہ لیا۔ ۱۹۳۴ء میں ٹیکساس کمپنی بھی اس کے ساتھ شریک ہوگئی۔ ۱۹۴۰ء میں یک ایکسن ،ٹیکساس اور موبل بھی شریک جستجو ہوگئیں اور اس طرح مجموعی طور پر کمپنی کا نام عرب امریکی آئل کمپنی (آرامکو) پڑا۔صوبہ حساء میں ظہران، دمام، بقیق اور ابوحرریہ کے مقامات پر تیل کے کنوئیں کھودے گئے۔ پہلا کنواں جس سے تیل نکالا گیا ۱۹۳۸ء میں مکمل ہوا۔تجارتی سطح پر ۱۹۴۵ء میں پیداوار شروع کی گئی۔

عالمی جنگ کے دوران میں آرامکو صحیح معنوں میں تیل کی تلاش میں کوئی کارنامہ سرانجام نہ دے سکی۔ یہی وجہ ہے کہ تیل کی آمدنی محدود رہی۔اس کا اثر سعودی معیشت پر پڑا۔ کیونکہ حاجیوں کی آمد سے جو آمدنی ہوتی تھی۔ وہ نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی ان دنوں محوری طاقتوں کا پلہ بہت بھاری تھا۔جرمنی نے یوگوسلاویہ اور یونان کو سر کرلیا تھا۔کریٹ پر حملے کی تیاریاں ہورہی تھیں۔ادھر بغداد میں محوری طاقتوں کی حمایت میں انقلاب برپا ہوچکا تھا۔اور اب مصر پر ان کی گہری نظر تھی۔ جاپان کی نظریں بھی خلیج فارس کے تیل سے مالا مال علاقہ پر لگی تھیں۔ابن سعود نے امنڈتے ہوئے خطرات کے باوجود برلن اور ٹوکیو کو نظر انداز نہ کیا اور اپنی معیشت کو بہتر بنانے کے لئے برطانوی اور امریکی حکومتوں سے رجوع کیا۔ اس وقت تک امریکہ غیر جانبدار تھا۔ابن سعود نے تین کروڑ ڈالر قرضہ مانگا اور پانچ سال کی اقساط میں واپس کرنے کا وعدہ کیا۔شاہ نے یہ دھمکی بھی دی کہ اگر قرضہ نہ ملا تو تیل کی تلاش کے متعلق مراعات واپس لے لی جائیں گی۔امریکہ کی کمپنی نے ۱۹۳۳ء میں تیس ہزار پونڈ پیشگی دیے تھے۔لیکن ایک جدید مملکت کی تعمیر و ترقی کے لئے یہ رقم نہایت قلیل تھی۔ دھمکی دیئے جانے کے بعد کمپنی کے نمائندے جمیز اے مونٹ نے اپریل ۱۹۴۱ء میں صدر لوزویلٹ سے ملاقات کی بالآخر طے پایا کہ برطانیہ سے کہا جائے کہ امریکہ نے حال ہی میں جو ۴۲ کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر اسے قرضہ دیا تھا۔اس میں سے سعودی عرب کو مطلوبہ رقم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

فراہم کرے، چنانچہ برطانیہ نے سعودی عرب کو ایک سال کے لئے چار لاکھ پونڈ دے دیئے اور بتدریج اس رقم میں اضافہ کیا حتیٰ کہ ۱۹۴۵ء میں یہ رقم ۴۵ لاکھ پونڈ ہوگئی۔

جنگ ختم ہونے کے بعد سعودی عرب میں تیل کی پیداوار میں خاصہ اضافہ ہوا۔ ۱۹۵۰ء میں سالانہ پیداوار پچاس لاکھ ٹن تھی اور اس کا شمار مشرق وسطی میں ایران کے دوسرے نمبر پر ہوتا تھا۔ اس وقت ایران کی پیداوار تین کروڑ ٹن تھی۔ ۱۹۵۰ء میں سعودی عرب کو تیل سے نو کروڑ ڈالر آمدنی ہوئی۔ امریکہ، سعودی تیل درآمد کرنے والے ملکوں میں سرفہرست تھا(1)۔

۹ نومبر ۱۹۵۳ء کو ابن سعود کا انتقال ہوگیا اور ان کی جگہ ان کے بڑے بیٹے شاہ سعود حکمران بن گئے۔

اب تک جو ہم نے ذکر کیا ہے۔ یہ ابن سعود کے دور حکومت کا ایک اجمالی، سیاسی جائزہ تھا، اب ان کے عہد میں ان کے ایما پر جو مذہبی کارگزاریاں کی گئی وہ بہاء الحق قاسمی دیوبندی سے سنیئے۔

دیرینہ خواب

جناب بہاء الحق قاسمی (دیوبندی) نے ابن سعود کی حکومت کی کارگزاریوں کے بارے میں ایک مختصر رسالہ ''نجدی تحریک پر ایک نظر'' کے نام سے لکھا، اس رسالہ کے شروع میں شیخ نجدی بارے میں علماء دیوبند کے تاثرات پیش کئے گئے ہیں جن کو ہم اس کے کتاب کے تیسرے باب میں پیش کر چکے ہیں، اب رسالہ کا وہ حصہ پیش کر رہے ہیں جس میں جناب بہاء الحق قاسمی نے حکومت ابن سعود کی کارگزاریوں کا ایک اجمالی نقشہ کھینچا ہے۔

1۔ محمد صدیق قریشی، فیصل ص ۱۱۵، ۱۱۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجدی تحریک کے ثمرات

پہلا ثمرہ

کافر سازی اور مشرک گری

عبدالعزیز ابن سعود موجودہ امیر نجد نے مکہ معظّمہ پر قابض ہو کر اپنے عقاید کی اشاعت کے سلسلہ میں سب سے پہلے جو کتاب شائع کرا کر مفت تقسیم کی وہ ''مجموعۃ التوحید'' ہے۔ اس کے متعدد مقامات میں اچھے خاصے مسلمانوں کو کافر، مشرک، بدعتی اور خدا جانے کیا بنایا گیا ہے۔ نمونہ کے طور پر صرف ایک عبارت مع ترجمہ ہدیہ قارئین ہے۔

ابن اعداء اللّٰہ لھم اعتراضات کثیرۃ علی دین الرسل یصدون بھا الناس منھا قولھم نحن لا نشرک باللّٰہ بل نشھد ان لا یخلق و لاینفع ولا یضر الا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ وان محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یملک لنفسہ نفعا ولا ضرا فضلاً من عبد القادر اوغیرہ ولکن انا مذنب والصالحون لھم جاہ عند اللّٰہ واطلب من اللّٰہ بھم فجوابہ بما تقدم وھو ان الذین قاتلھم رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مقرون بما ذکرت و مقرون ان او ثا نھم لا تدبر شیأ انما ارادوا الجاہ والشفاعۃ (مجموعۃ التوحید ۵۶ مطبوعہ ام القریٰ مکہ معظمہ ۴۳ ھجری بحکم ابن سعود)

(ترجمہ) دشمنان خدا کے بہت سے اعتراضات ہیں، جن سے وہ لوگوں کو بہکاتے ہیں۔ ان کا ایک اعتراض یہ ہے کہ ہم خدا کے ساتھ شرک نہیں کرتے بلکہ گواہی دیتے ہیں کہ خدا کے سوا پیدا کرنے، نفع اور نقصان پہنچانے والا کوئی نہیں اس کا کوئی شریک نہیں اور کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نفع ونقصان کے مالک نہیں ہیں چہ جائیکہ (حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی وغیرہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کے لئے یہ وصف ثابت ہو لیکن چونکہ میں گنہگار ہوں اور اللہ کے نزدیک صلحاء کا بڑا مرتبہ ہے۔ اس لئے میں ان کی طفیل سے خدا سے حاجات طلب کرتا ہوں۔" پس تو اس اعتراض کا جواب یہ دے جو گزر چکا کہ اے معترض جس کا تو نے ذکر کیا اس کا وہ لوگ (مشرک) بھی اقرار کرتے تھے، جن کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے جہاد کیا تھا۔ وہ اقرار کرتے تھے کہ ان کے بت کسی چیز کے مدبر نہیں ہیں اور وہ (تیری طرح) جاہ اور شفاعت ہی کا ارادہ رکھتے تھے"۔

اس عبارت میں اس مسلمان کو مشرکین عرب سے شمار کیا گیا ہے، جو پکار پکار کر توحید کا اقرار کر رہا ہے۔ اس کا فقط اس بناء پر گردن زدنی قرار دیا گیا کہ وہ کیوں خدا سے صلحاء کا واسطہ دے کر حاجات طلب کرتا ہے؟ کہو! نجدیوں کی حمایت کرنے والو! اب بھی وہابیوں کی کافر سازی اور مشرک گری میں کچھ شک ہے۔

دوسرا ثمرہ

کتب درود شریف کا تلف کیا جانا

ابن سعود مذکور کے حکم سے ایک اور کتاب چھپ کر مفت تقسیم ہوئی ہے۔ جس کا نام ہے۔ "الهدیۃ السنیۃ" اس میں لکھا ہے۔

ولانامر باتلاف شيء من المؤلفات اصلا الاما اشتمل على مايوقع الناس في الشرک کروض الرياحين و ما يحصل بسببه خلل في العقائد كعلم المنطق فانه قد حرمه جمع من العلماء على انا لا نفحص عن مثل ذلک و كالد لائل

(الهدية السنيه۔ ص ۴۵۔ ۴۶ مطبوعه المنار مصر ۴۲ھ)

(خلاصہ مطلب) ہم کسی کتاب کے تلف کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتے۔ مگر ہاں ہم اس کتاب کو تلف کرا دیتے ہیں۔ جن میں ایسے مضامین ہوں جو لوگوں کو شرک میں مبتلا کریں۔ یا ان کے سبب سے عقائد میں خلل آتا ہو، جیسے روض الریاحین کتب منطق اور دلائل الخیرات (یعنی ان کو تلف کرا دیا جاتا ہے)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دیکھئے! دلائل شریف کوتلف کرنے کا صاف اعتراف ہے۔ اس بہانہ سے کہ اس میں (معاذ اللہ) مشرکانہ کلمات ہیں، حالانکہ یہ وہ پاکیزہ اور بابرکت کتاب ہے کہ جس میں اول سے آخر تک کلمات درود شریف کے علاوہ توحید، عشق الٰہی اور محبت سرکار دو عالم ﷺ کا ولولہ انگیز درس موجود ہے۔ اسی وجہ سے ہزاروں علماء، صلحاء اور اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اس مقدس کتاب کو حرز جان بنائے رہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب علماء دیوبند سے حسن ظن کا اظہار کیا کرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ دلائل الخیرات کا وظیفہ دیوبندی علماء کے معمولات سے ہے (کتاب سفرنامہ شیخ الہند ۹۸ و التصدیقات ص ۱۱) کیا مولوی ثناء اللہ صاحب نجدیوں کی شرک باری کے طوفان بے تمیزی سے علماء دیوبند کو بچانے کی کوشش فرمائیں گے؟ (دیدہ باید)

تیسرا ثمرہ

گستاخی اور بے ادبی

مقامات مقدسہ کے ساتھ نجدیوں کی گستاخی مشہور ہے، نعت خوانان نجدیہ اگرچہ اس سے انکاری ہیں، مگر تا کجے؟ کتاب ''حیات طیبہ'' میں (جو مولوی ثناء اللہ صاحب کے دفتر میں فروخت ہوتی ہے) اگرچہ نجدیوں کی خوب تعریف کی گئی ہے۔ مگر بعض مقامات پر حقیقت کا اعتراف کرنا پڑا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ:

۱۸۰۳ء کے اختتام پر مدینہ بھی سعد کے قبضہ میں آ گیا۔

مدینہ لے کر اس کے مذہبی جوش میں یہاں تک ابال آیا کہ اس نے اور مقبروں سے گزر کر خود نبی اکرم ﷺ کے مزار کو بھی نہ چھوڑا۔ آپ کے مزار کی جواہر نگار چھت کو برباد کر دیا اور اس چادر کو اٹھا دیا، جو آپ کی قبر مقدس پر پڑی تھی۔ (ص ۲۰۹)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

چوتھا ثمرہ

اسلامی سلطنتوں کی مخالفت اوران کی تباہی وبربادی

وہابی فرقہ جب سے عالم وجود میں آیا ہے۔ اسلامی بادشاہوں سے برابر لڑتا رہا۔ اس فرقہ نے ترکی سلطنت کومٹانے کی ہمیشہ کوشش کی۔ بنظر اختصار چند ثبوت عرض کرتا ہوں۔

(۱) کتاب مذکور (حیات طیبہ) میں لکھا ہے کہ:

''عبدالعزیز کے بعد اس کا بڑا بیٹا سعد اپنے باپ سے زیادہ پرجوش نکلا، اس نے اور بھی فتوحات کو وسعت دی اور'' ترکی سلطنت کی بنیادوں کو ہلا دیا۔'' (ص ۲۰۸)

پھر اسی کتاب کے اسی صفحہ میں ہے:

''سعد نے بیس ہزار فوج سے سلیمان پاشا سے مختلف جنگوں میں پے در پے فتوحات حاصل کیں اور اس کی فوج کے آگے ترکوں کی ملکی اسپرٹ کی دال نہ گلی۔''

(۲) یہ تو خود ترکی سلطنت کے ساتھ نجدیوں کا سلوک رہا۔ ترکوں کے نہایت گہرے دوست ابن رشید امیر حائل مرحوم اور ان کے خاندان پر نجدی ظالموں نے انگریزوں کی طرف داری میں جو مظالم توڑے، اس کی مختصر کہانی عالی جناب ظفر علی خان صاحب ایڈیٹر زمیندار کی زبانی سناتا ہوں۔ ایڈیٹر صاحب موصوف نے اپنے اخبار میں ایک مضمون لکھا تھا، جس کا عنوان ہے(1)۔ ہمارے قبلہ کو وہابیوں نے لوٹ لیا۔ اور اس کو مندرجہ ذیل سطور سے شروع کیا گیا تھا۔

وسط عرب میں حائل ایک زبردست امارت ہے، جس کے فرمانروا امیر ابن رشید کے قتل کی افسوسناک خبر پچھلے دنوں بعض انگریزی اخباروں میں چھپی تھی۔ ''لندن ٹائمز'' اپنی ۱۰ مئی کی اشاعت میں امیر مغفور کے واقعہ قتل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ دوران جنگ میں ابن رشید ترکوں کا حلیف تھا اور ابن سعود جو وہابیہ کے امیر

۱۔ یہ مضمون ذرا طویل ہے۔ عدم گنجائش کے باعث پورا نقل نہیں ہوسکتا۔ ایڈیٹر صاحب نے اسی مضمون میں لکھا تھا کہ وہابی صلیب کی لڑائیاں لڑتے ہیں اور یہ کہ وہابیت، کذب، بغاوت اور تمرد وسرکشی کی مترادف ہے۔ ۱۲ منہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں۔ دول متحدہ کی طرف داری میں اس سے برسر پیکار تھے۔ ابن رشید کا خاندان کئی نسلوں سے قاتل کے خنجر کا شکار ہوتا چلا آیا ہے اور اب شاید بجز ایک طفل شیر خوار کے ابن رشید کی نسل بالکل ہی مٹ گئی ہے۔ (زمیندار ۱۲ جون ۱۹۲۰ء)

(۳) آج مولوی ثناء اللہ صاحب اور ان کے "یاران طریقت" نہایت بلند آہنگی سے یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ دوران جنگ عظیم میں نجدیوں نے ترکوں کی ہرگز مخالفت نہیں کی، حالانکہ آپ اس سے پہلے نجدیوں کی مخالفت کا اقرار کر چکے ہیں، مولوی صاحب موصوف کے ایک مضمون مندرجہ "زمیندار" کا حسب ذیل اقتباس ملاحظہ فرمائیے جو انہوں نے ایڈیٹر "زمیندار" کے مذکورہ بالا مضمون کے اس حصہ کی تردید میں لکھا تھا جہاں ایڈیٹر صاحب نے ہندوستانی غیر مقلدوں کو "وہابی" کہا تھا۔ مولوی ثناء اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ:

اس خلاف واقعہ الزام لگانے میں ان کی دو غرضیں تھیں۔ ایک مذہبی کہ یہ لوگ (اہل حدیث) باوجود دعویٰ ترک تقلید کے عبد الوہاب نجدی کے مقلد ہیں۔ دوسرے پولیٹیکل غرض تھی کہ گورنمنٹ کے ذہن نشین کریں کہ جس طرح نجدی لوگ اپنی اعلیٰ حکومت ترکی کے مخالف ہیں۔ یہ لوگ بھی گورنمنٹ کے مخالف ہیں۔ اس لئے اعیان اہلحدیث نے اس الزام کو دور کرنے میں مقدور بھر کوشش کی جس میں وہ بحمد اللہ کامیاب ہو گئے"۔

(زمیندار ص ۵ مورخہ ۲۲ جون ۱۹۲۰ء)

آج ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ جنگ عظیم میں نجدیوں نے ترکوں کی مخالفت کر کے ان کو نقصان پہنچایا تھا، تو ہمارا گلا دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، حالانکہ ہم آپ کے پہلے اقوال کی تائید کر رہے ہیں۔

گل و گلچیں کا گلہ بلبل خوش لہجہ نہ کر
تو گرفتار ہوئی اپنی صدا کے باعث

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پانچواں ثمرہ

جزیرۃ العرب پر نصاریٰ کا قبضہ واقتدار

کہا جاتا ہے کہ ابن سعود نے حجاز میں داخل ہو کر اس کو غیر مسلم اقتدار سے پاک کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ واقعات کے خلاف ہے۔ اگر اس کے جنگ وجدل کا داعی یہی جذبہ ہوتا، تو عقبہ ومعان پر انگریزوں کے قبضہ کو کبھی گوارا نہ کرتا۔ شریف حسین غدار ہونے کے باوجود اس قبضہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر چکا ہے (سیاست ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۵ء) لیکن ابن سعود نے کیا کیا؟ اس کو روشنی میں لانے کے لئے معزز روزنامہ سیاست لاہور کا ایک اقتباس نقل کرتا ہوں۔

> ابن سعود کے اخبار ''ام القریٰ'' نے عقبہ اور معان پر انگریزی تصرف سے قبل ابن سعود سے مل کر دریافت کیا کہ عقبہ اور معان کی طرف جو فوج جانے والی تھی وہ کیوں روک دی گئی ہے؟ ابن سعود نے کہا ہمیں علم ہے کہ چند روز میں شریفی فوجیں عقبہ اور معان سے نکل جائیں گی'' مولانا محمد علی اگر چاہیں تو ام القریٰ کی یہ تحریر ان کی خدمت میں بھیجی جاسکتی ہے، ذرا ابن سعود کے الفاظ پر غور کیجئے کیا یہ الفاظ معنی خیز نہیں؟ کیا ان سے ثابت نہیں ہوتا کہ ابن سعود کو علم تھا کہ انگریز عقبہ اور معان پر قبضہ کرنے والے ہیں غرضیکہ عقبہ اور معان پر انگریزوں کا قبضہ ہوا اور ابن سعود کی مرضی سے ہوا اور اس کی وجہ سے اس کو مدینہ منورہ پر فوج کشی کا موقع ملا اور اگر ابن سعود اس ناپاک سازش میں انگریزوں کے ساتھ شامل نہ ہوتا تو انگریز مجبور ہوتے کہ عقبہ اور معان کو نجدی افواج سے بچانے کے لئے شریف کی مدد کریں ورنہ فلسطین کا امن مخدوش ہو جاتا۔'' (سیاست ص ۲ بابت ۱۸ اکتوبر ۲۵ء)

اس مضمون کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ابن سعود نے اس وقت تک اس قبضہ کے خلاف کوئی عملی کارروائی نہیں کی۔ اگر اس کا یہی مطمح نظر ہوتا کہ حجاز غیر مسلم اثر سے پاک ہو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جائے تو سب سے پہلے مدینہ شریف پر چڑھائی کرنے کی بجائے عقبہ اور معان پر انگریزوں سے لڑتا لیکن واقعہ یہ ہے کہ انگریزوں کے اس ناجائز قبضہ کے خلاف اس کی پیشانی پر ابھی تک بل(1) بھی نہیں پڑھا۔ پھر یہ کیونکر تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ ابن سعود حجاز کو غیر مسلم اقتدار سے پاک کر رہا ہے؟

اور امتحان بغیر تو یہ آپ کا رفیق!
قائل نہیں ہے بھائی! کسی شیخ و شباب کا

چھٹا ثمرہ

نصاریٰ کی ابدی غلامی

شریف حسین اور امیر علی کے قبضہ حجاز کو اس لئے گوارا نہیں کیا جاتا کہ وہ انگریزوں کے پٹھو اور زیر اقتدار ہیں، مگر ابن سعود اور اس کی حکومت انگریزوں کے اس قدر بے بس غلام ہیں کہ شریفی خاندان کی غلامی کو نسبتہً آزادی سے تعبیر کرنا چاہئے، چنانچہ وہ معاہدہ اس کا ناقابل تردید ثبوت ہے، جو ۱۹۱۵ء میں انگریزوں اور نجدیوں کے مابین ہوا اور جس کی تصدیق ۱۹۲۰ء میں ہوئی تھی وہ معاہدہ یہ ہے۔

ابن سعود اور انگریزوں کا معاہدہ

دفعہ اول

حکومت برطانیہ اعتراف کرتی ہے اور اس کو اس امر کے تسلیم کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے کہ علاقہ جات نجد، احساء، قطیف، جبیل اور خلیج فارس کے ملحقہ مقامات، جن کی حد بندی بعد کو ہوگی یہ سلطان ابن سعود کے علاقہ جات ہیں اور حکومت برطانیہ اس امر کو تسلیم کرتی ہے کہ ان مقامات کا مستقل حاکم سلطان مذکور اور اس کے اجداد ہیں۔ ان کو ان ممالک اور

1۔ بلکہ ابن سعود نے اس قبضہ کو حل مشکل سے تعبیر کر کے اس پر اظہار مسرت وشادمانی کیا ہے، دیکھو ابن سعود کا خط بنام مسٹر ایمری وزیر مستعمرات لندن مطبوعہ اخبار ''فتی العرب'' دمشق بحوالہ ''سیاست'' لاہور ص ۲ بابت ۱۹ نومبر ۲۵ء ۱۲ منہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

قبائل پر خود مختار حکومت حاصل ہے اور اس کے بعد ان کے لڑکے ان کے صحیح وارث ہوں گے۔ لیکن ان ورثاء میں سے کسی ایک کی سلطنت کے انتخاب و تقرر کے لئے یہ شرط ہوگی کہ وہ شخص سلطنت برطانیہ کا مخالف نہ ہو اور شرائط مندرجہ معاہدہ ہذا کے بھی خلاف نہ ہو۔

دفعہ دوم

اگر کوئی اجنبی طاقت سلطان ابن سعود اور اس کے ورثاء کے ممالک پر حکومت برطانیہ سے مشورہ کئے بغیر یا اس کو ابن سعود سے مشورہ کرنے کی فرصت دیئے بغیر حملہ آور ہوئی تو حکومت برطانیہ ابن سعود سے مشورہ کر کے حملہ آور حکومت کے خلاف ابن سعود کو امداد دے گی اور اپنے حالات کو ملحوظ رکھ کر ایسی تدابیر اختیار کرے گی، جن سے ابن سعود کے اغراض و مقاصد اور اس کے ممالک کی بہبود محفوظ رہ سکے۔

دفعہ سوم

ابن سعود اس معاہدہ پر راضی ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ:

(۱) وہ کسی غیر قوم یا کسی سلطنت کے ساتھ کسی قسم کی گفتگو یا سمجھوتہ اور معاہدہ کرنے سے پرہیز کرے گا۔

(۲) ممالک مذکورۂ بالا کے متعلق اگر کوئی سلطنت دخل دے گی تو ابن سعود فوراً حکومت برطانیہ کو اس امر کی اطلاع دے گا۔

دفعہ چہارم

ابن سعود عہد کرتا ہے کہ وہ اس عہد سے پھرے گا نہیں اور وہ ممالک مذکورہ یا اس کے کسی دوسرے حصہ کو حکومت برطانیہ سے مشورہ کئے بغیر بیچنے، رہن رکھنے، مستاجری یا کسی قسم کے تصرف کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اس کو اس امر کا اختیار نہ ہوگا کہ کسی حکومت یا کسی حکومت کی رعایا کو برطانیہ کی مرضی کے خلاف ممالک مذکورہ بالا میں کوئی رعایت لائسنس دے۔ ابن سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ حکومت برطانیہ کے ارشاد کی تعمیل کرے گا اور اس میں اس امر کی قید نہیں ہے کہ وہ ارشاد اس کے مفاد کے خلاف ہو یا موافق۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

دفعہ پنجم

ابن سعود عہد کرتا ہے کہ مقامات مقدسہ کے لئے جو راستے اس کی سلطنت سے ہو کر گزرتے ہیں وہ باقی رہیں گے اور ابن سعود حجاج کی آمد و رفت کے زمانے میں ان کی حفاظت کرے گا۔

دفعہ ششم

ابن سعود اپنے پیشتر سلاطین نجد کی طرح عہد کرتا ہے کہ وہ علاقہ جات، کویت، بحرین، علاقہ جات رؤساو شیوخ عرب، عمان کے ان ساحلی علاقہ جات اور دیگر ملحقہ مقامات کے متعلق جو برطانوی حمایت میں ہیں کسی قسم کی مداخلت نہیں کرے گا۔ ان ریاستوں کی حد بندی بعد کو ہو گی جو برطانیہ سے معاہدہ کر چکی ہیں۔

دفعہ ہفتم

اس کے علاوہ حکومت برطانیہ اور ابن سعود اس امر پر راضی ہیں کہ طرفین کے بقیہ باہمی معاملات کے لئے ایک اور مفصل عہد نامہ مرتب و منظور کیا جائے گا۔

مورخہ ۱۸ صفر ۱۳۳۴ ھجری

۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء عیسوی

مہر و دستخط عبدالعزیز السعود

دستخط بی ریڈ کاکس وکیل معاہدہ ہذا و نمائندہ برطانیہ، خلیج فارس

دستخط چیمسفورڈ نائب ملک معظم وائسرائے ہند

یہ معاہدہ وائسرائے ہند کی طرف سے گورنمنٹ آف انڈیا بمقام شملہ ۱۸ مئی ۱۹۱۶ء کو تصدیق ہو چکا ہے۔ دستخط اے۔ ایچ گرانٹ سیکرٹری حکومت ہند شعبہ خارجیہ و سیاسیات۔''

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ابن سعود اہل حدیث حضرات کی نظر میں

انہدام قباب اور ترکوں کی یاد

مسلک اہل حدیث کی ایک خاتون راحیل شروانیہ بنت حاجی محمد موسیٰ خان شروانی نے ۱۳۴۲ھ ۱۹۲۴ء میں حج کیا اور اپنے سفر حج کی روداد لکھی۔ اس کے دو سال بعد راحیل شروانیہ کے بھائی ہارون خان شروانی اور ان کے دوست محمد مقتدی شروانی نے حج کئے اور راحیل کے سفرنامہ زاد السبیل پر بعد کے بدلے ہوئے حالات کے تحت نوٹ لکھے۔

ہم یہاں پر محمد مقتدیٰ شروانی کے نوٹ سے بعض اقتباس نقل کرتے ہیں۔

محمد مقتدیٰ شروانی (اہل حدیث) لکھتے ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ ۱۳۴۲ھ ۱۹۲۴ء میں جب راحیل صاحبہ نے حج کیا ہے تو عرب میں ترکوں کی ترکی تمام ہو چکی تھی اور شریف کی رزیل حکومت قائم تھی، ان کے واپس ہونے کے معاً بعد سلطان ابن سعود کا دور آیا اور قتل وخونریزی اور زیارات ومزارات کی انتہائی بے حرمتی اپنے ساتھ لایا جس سے اسلامی دنیا میں ایک تہلکہ عظیم برپا ہو گیا۔ صدہا پرائیویٹ خطوط ہندوستان پہنچے اور بیسیوں مضامین اخبارات میں شائع ہوئے، جن میں نجدیوں کے خلاف نالہ وشیون بلند کیا گیا۔ موقع کی تحقیقات کے لئے دو وفد ہندوستان سے گئے، جن میں ایک مئی ۱۹۲۶ میں ہمارے بمبئی پہنچنے سے پہلے ہندوستان واپس پہنچ چکا تھا اور دوسرا سید حبیب شاہ والا واپس ہوتا ہوا ہمیں ممبئی میں ملا اور جو حالات ہم بعض پرائیویٹ خطوط سے معلوم کر چکے اور اخبارات میں پڑھ چکے تھے اور جو اس وفد کی زبانی منکشف ہوئے، ان سب کی (مع شئی زائد) خود ہمارے ذاتی تجربہ اور عینی مشاہدہ نے تصدیق کی۔

سرزمین عرب کی سہ ماہیہ خاک بوسی کے دوران میں، جو بات ہمیں سب سے پہلے اور سب سے زیادہ محسوس ہوئی وہ یہ تھی کہ عرب، ترکوں کے لئے روتے اور شریفیوں اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نجدیوں کی مصیبت کوترکوں کے ساتھ اپنی ناشکرگزاری واحسان فراموشی کا وبال سمجھتے تھے۔ سارا ملک بلا استثناء شریف سے بوجہ اس کے غایت درجہ حریص ہونے اور نجدیوں سے بسبب ان کی انتہائی مذہبی ناروا داری کے بے حد نالاں تھا اور چونکہ عرب ایک آزاد قوم ہیں اس لئے (علی نوف من فرعون وملائز) اپنے جذبات کو مطلق نہ چھپاتے تھے (1)۔

حرمین شریفین سے باہر کی زیارت گاہیں اور متبرک یادگاریں نہ صرف منہدم بلکہ نہایت بے حرمتی کی حالت میں تھیں اور معلوم نہیں راحیل صاحبہ کے ہم اعتقاد وہم ملت سلطان ابن سعود (اہل حدیث) نے ان دلخراش وشرمناک افعال کی حلت واباحت کن نصوص سے مستنبط کی تھی۔ جب ہم مکہ مکرمہ پہنچے ہیں، تو یہ عالم تھا کہ کوئی شخص بغیر سخت مار کھائے ان مقامات ومکانات کے قریب تک نہ جا سکتا تھا، حتیٰ کہ حرم شریف کے اندر مقام ابراہیم کے دروازہ کو ہاتھ نہیں لگایا جا سکتا تھا۔ ملتزم وحجر پر ادنیٰ وقفہ پر بھی نجدی پولیس کے سپاہی جو غلاف شریف کو تھامے دیوار کعبہ کے پشتبان پر کھڑے رہتے تھے۔ بید کی مار مارتے تھے۔ مکہ مکرمہ کے مدفن جنت المعلیٰ میں (جہاں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا بھی مزار ہے) نہ صرف قبوب کو زمین بوس بلکہ قبور تک کو مسمار کر دیا گیا اور ان کے گرد وپیش بول وبراز پڑا ہوا اور اونٹوں کو بے مہار چرتا ہوا اپنی آنکھوں سے دیکھا، یہی نقشہ مدینہ منورہ میں بھی تھا، وہاں کے مدفن جنت البقیع کے تمام قبوب واکثر قبور (ازاں جملہ مزار حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ) ڈھائے جا چکے تھے۔ کوئی شخص شبکہ (جالی) مبارک کو ہاتھ نہ لگا سکتا تھا۔ نہ اس کے قریب جا کر با آواز صلوٰۃ وسلام پڑھ سکتا تھا۔ ایک قاری صاحب صف پر بیٹھ کر قرآن شریف بجہر ولحن پڑھا کرتے تھے ان کو روک دیا گیا تھا۔

گر ہمیں است مسلمانی کہ واعظ وارد
وائے گراز پس امروز بود فردائے(2)

زاد السبیل کی مصنفہ راحیلہ شروانیہ کے بھائی (اہل حدیث) ۱۹۴۶ء میں سعودی

1۔ محمد مقتدیٰ شروانی النظر الاول، زاد السبیل، ص ۲۴
2۔ محمد مقتدیٰ شروانی النظر الاول، زاد السبیل، ص ۲۶، ۲۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

حکومت کے حالات کے ضمن میں لکھتے ہیں:

بلاشبہ نجدیوں نے جنت البقیع اور جنت المعلیٰ میں مختلف قبوں کو منہدم کرا کر اس طرح ترکوں کی بنائی ہوئی نہایت نفیس عمارتوں کو برباد کر دیا(1)۔

راحیلہ صاحبہ زادالسبیل کے مقدمہ میں لکھتی ہیں۔

گوکہ اعتقاداً سلطان ابن سعود اور میں ایک ہی ملت کے سمجھے جاتے ہیں کیونکہ الحمد اللہ میں بھی اہل حدیث ہوں، مگر پھر بھی میں وہاں کے بعض حالات کو افسوس کی نگاہ سے دیکھتی ہوں، مثلاً مقامات متبرکہ کے مسمار کر دینے سے ہرگز اسلام کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ سلطان ابن سعود ضرور غلطی پر ہیں، کیونکہ ہم اگر کوئی ایک آدھ معمولی کام بھی جرأت سے اپنی عمر میں کرگزرتے ہیں، تو یہ امید ہمارے دل میں ہوتی ہے کہ ہماری یادگار قائم ہوگی چہ جائیکہ جنہوں نے تمدن اسلام کی شان سے دنیا کی اصلاح کی جن کے واسطے کہا جاتا ہے کہ زمین و آسماں پیدا ہوئے ان کی بعض ضروری یادگاریں روئے زمین سے نابود کر دی گئیں مولد النبی، مولد فاطمہ کو مسمار کر دیا گیا اور یہ فرمایا جاتا ہے کہ اس کی سند نہیں کہ یہ وہی جگہ ہے۔ اگر اس کی سند نہیں تو ضرور مکہ میں کوئی جگہ، تو وہ ہوگی جہاں یہ واقعات گزرے حکومت عرب کا یہ فرض عین تھا کہ ایسے مقامات پر جو شرک و بدعات ہوتے تھے، تو ان کی روک تھام کرتی، تو ثواب دارین حاصل ہوتا، مگر ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دینے سے ہرگز کوئی تقویت اسلام کو نہیں ہوئی۔ مولد فاطمہ میں غرباء کے بچوں کا مدرسہ تھا، وہ کونسی بدعت تھی کہ اس کو بھی نہ قائم رہنے دیا گیا۔ اصل میں سلطان ابن سعود اپنی بادشاہی کے غرہ میں آ کر یہ سب کچھ کر رہے ہیں، ان کو حد سے ہرگز نہیں گزرنا چاہئے۔ ان کو اہل اسلام کی ہر ملت کے قلوب کا لحاظ کرتے ہوئے سلطنت کرنا مناسب ہے۔ وہ بادشاہ کیا جو صرف اپنے اثر سے بدعات (راحیلہ صاحبہ کی بدعات سے مراد کسی بزرگ کی قبر پر فاتحہ پڑھ کر اس کے وسیلہ سے مقبولیت کی دعا کرنا ہے) کو نہ روک سکا اور مقامات کو مسمار کرا کر اپنی کمزوری کا ثبوت

1۔ ہارون خاں شروانی (الحدیث) نظر ثانی زادالسبیل ص ۳۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دے۔ ہم شریف کی بے اعتدالیوں اور لاپرواہیوں سے نالاں تھے، حنفی لوگ نجدیوں کے مظالم سے ہراساں ہیں۔

اسلام کو سکون کب حاصل ہوا، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس گروہ کو شرک (شرک سے راحیلہ صاحبہ کی مراد بزرگوں سے توسل اور استغاثہ ہے اور یہ خود امام ابوحنیفہ اور امام شافعی و دیگر ائمہ کا طریقہ رہا ہے) کی ہرگز تلقین نہیں کی، بلکہ لوگ خود ہی سینکڑوں سال سے اصلاح نہ ہونے کے باعث گمراہی میں مبتلا ہو گئے ان کی اصلاح اس طرح کرنی تھی کہ حکومت شرک و بدعات کو جبراً روکتی جیسا کہ ترکوں کے زمانہ میں ہر مقام پر کوڑا بردار کام کیا کرتے تھے (ترکوں کے عہد میں کوڑا برداروں کا صرف یہ کام تھا کہ جو شخص جہالت کی بناء پر آستانوں پر سجدہ تعظیمی کرتا تھا۔ اس کو کوڑوں سے سرزنش کی جاتی تھی۔ توسل اور استغاثہ نہ شرک و بدعت ہے نہ اس پر کوئی باز پرس ہوتی تھی (قادری) مگر یہ چند مقامات برباد کر دینے سے عام بے چینی مسلمانوں میں پیدا ہو گی(1)۔

اہل حدیث حضرات کا تعصب اور انبیاء اور اماموں کی بے حرمتی

راحیلہ شروانیہ اہل حدیث حضرات کی تنگ نظری کے بارے میں لکھتی ہیں اور دہلی کے پنجابی اہل حدیث حضرات کے بارے میں رقم طراز ہیں۔

اور سب اہل حدیث ہیں، ہر ایک نیک بات کے شوقین ہیں، مجھے ان لوگوں کا وجود بہت غنیمت معلوم ہوتا ہے اور خدا کا شکر ادا کرتی ہوں، مگر افسوس ہے کہ زیادہ تر یہ سب متعصب ہیں، حالانکہ اہل حدیث کا مقصد اول یہ ہے کہ تعصب پاس نہ رہے، بس تعصب نے ان کو داغ لگایا ہے۔ ورنہ مذہبی خیال سے یکتا خاندان ہے۔ اہل حدیث کے نزدیک چاروں اماموں کی وقعت برابر اور ان کے احکام کی صداقت کا حکم ہے، مگر میں نے دیکھا کہ یہ لوگ اماموں کی منزلت کا لحاظ اکثر بھول جاتے ہیں اور اپنی معلومات کے زعم میں ہیں۔ اصل میں یہ بات کم علمی کی وجہ سے ہے چونکہ عورتوں ہی سے میرا سابقہ رہا تھا۔ لہٰذا ظاہر

1۔ راحیلہ شروانیہ زاد السبیل ص ۳۔ ۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ہے کہ فرقہ اناث ہے، جو علم سے بہت کم تعلق ہے، بس جو حالت ہونی چاہئے تھی ہوئی۔ میری عادت مذہبی معاملات میں مباحثہ کی نہیں ہے۔ کیونکہ اول تو میں خود اس معاملہ میں ناواقف ہوں اور نہ عالم سے بحث کر سکتی ہوں اور نہ جاہل سے، کیونکہ اگر عالم سے بحث کروں تو جذبات میرے ذہن نشین نہیں اور جو جاہل سے بحث کروں تو دہرا گناہ سر پر لوں۔ اس لئے مذہبی معاملہ میں مباحثہ سے بہت ڈرتی ہوں، مگر وہ لوگ چونکہ اپنے کو ہر ایک علامۃ الدہر سمجھتے تھے۔ اس لئے ہر جاہل سے ہر وقت مباحثہ ہوتا اور نہایت برا نتیجہ اس کا نکلتا۔ ان لوگوں کا خیال تھا کہ بغیر رفع یدین اور کھڑے سجدہ کے نماز ہی نہیں ہوتی حالانکہ اہل حدیث کے عالموں نے ہر دو کی اجازت دی ہے۔ ان لوگوں نے نہایت بری خصلت اختیار کی ہے کہ جہلاء کو اپنی روش پر لانا چاہتے ہیں یہ تو علم کے اہل ہونے کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔ بس

گر ہمیں مکتب ست وایں ملا!
کار طفلاں تمام خواہد شد

کا مضمون ہے۔ یہ جاہل اور جاہلوں نے اور بھی اہل حدیث کو بدنام کیا ہے، جاہلوں کے چیلوں کی یہاں تک نوبت ہے کہ اماموں کو برا کہنے لگے، اور پیغمبروں کو اپنا ہمسر بنانے لگے۔ یہ حالت نہایت ہی افسوسناک ہے، اس گروہ کے ایک بڑے رکن ہیں، ان کا ملازم ایک روز حرم شریف میں کہنے لگا کہ یہ مصلے اماموں کے نام کے کیوں بنا دیئے ہیں اور اس حنفی مصلی کو تو مجھے ایسا غصہ آتا ہے کہ توڑ ڈالوں ایک دوسرا حنفی بھی بیٹھا تھا وہ مارنے مرنے پر مستعد ہوا اور اس نے کہا کہ اگر تم حرم شریف میں نہ ہوتے، تو تمہارا منہ بگاڑ دیتا۔ اس قسم کی بات کہاں تک اسلام میں جائز ہے۔ قرآن پاک میں آیا ہے کہ کفاروں کے معبودوں کو بھی برا نہ کہو، ایسا نہ ہو کہ وہ بگڑ کر تمہارے معبود کو برا کہنے لگیں۔ غور کرو کہ پتھروں کی بابت یہ حکم اور رہبران دین کی عمارات اور وہ بھی حرم شریف کا جز اس کے واسطے پر احمقانہ الفاظ کہاں تک جائز ہیں۔ افسوس کہ جہلاء ہر جگہ خرابی پیدا کرتے ہیں۔ ایسی باتوں کا نتیجہ یہ ہے کہ مکہ میں اہل حدیث کا ہر شخص دشمن ہو گیا ہے۔ جہاں تک کلام اللہ سنانے کو رمضان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

المبارک میں کہیں جگہ نہ ملتی تھی ان میں دو ایک حافظ بھی تھے انہوں نے چاہا کہ ہم بھی اس سعادت میں شریک ہوں، مگر لوگوں نے یک زبان ہوکر کہا کہ ہم ہرگز وہابیوں کو اپنی صفوں میں نہ آنے دیں گے۔ بڑی مشکل سے اس گرمی میں دالان کے اندر کونہ کے چبوترے پر اجازت ملی، تو کوئی قرآن شریف سننے کو نہ آتا تھا۔

اور ہنسوں میں کوا، یہ خود ہی پڑھتے تھے اور خود ہی سنتے تھے۔ الحمد للہ میں بھی اہل حدیث ہوں، مگر خداوند عالم مجھ کو ان خرابیوں سے بچائے، جس سے اسلام کو داغ لگے۔ اہل حدیث کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ مشائخ اسلام کی عزت نہ کرے اور اماموں وانبیاء علیہم السلام کی وقعت نہ پہچان کر دوزخ کی طرف اپنے کو لے جائے، بلکہ اہل حدیث وہ فرقہ ہے کہ چاروں اماموں کے احکام کی وقعت کرتا ہے اور حتی الوسع پختہ احادیث پر چلنے کی کوشش ہمارے علماء تمام بزرگان دین کی عزت کو فرض تسلیم کرتے ہیں، ہاں ان کو خدا کے مرتبہ تک پہنچانا اور ان کی قبروں کو معبود بنانے و نیز سوائے خدا، اور دوسرے کے سامنے سر جھکانے کو شرک، بلکہ کفر خیال کرتے ہیں (1)۔

1۔ یہ غالی اہل حدیث حضرات کا محض افتراء ہے کہ اہل سنت انبیاء کو خدا کے برابر درجہ دیتے ہیں یا ان کی قبروں کو معبود بناتے ہیں یا قبروں کے سامنے جھک کر تعظیم بجالانے کا حکم دیتے ہیں یہ امور علماء اہل سنت کی کسی تصنیف سے ثابت نہیں ہیں، بلکہ اس کے برعکس اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے ابرالمقال اور فتاویٰ رضویہ جلد ۴ میں قبروں کے آگے جھکنے کو حرام قرار دیا ہے۔ نبیوں کو خدا کے برابر قرار دینا یا قبروں کو پوجنا، تو امت مسلمہ کے بارے میں یہ گمان سخت گمراہی پر مشتمل ہے، کیونکہ حضور ﷺ نے متعدد احادیث میں پیش گوئی فرمائی ہے کہ مجھے اپنی امت پر شرک کا خوف نہیں، نیز آپ نے دعا فرمائی اللھم لا تجعل قبری و ثنا یعبد اے اللہ میری قبر کی پرستش نہ کرانا، لہٰذا جو شخص یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ امت مسلمہ شرک اور بت پرستی میں مبتلا ہوگئی۔ وہ حضور ﷺ کی پیش گوئی کے صدق اور آپ کی دعا کی استجابت پر ایمان نہیں رکھتا۔ اس کی تفصیلی بحث سابقہ ابواب میں گزر چکی ہے۔ البتہ غالی اہل حدیث اور عقیدت سے محروم وہابی جب اہل سنت کو حضور ﷺ اور دیگر صحابہ اور اولیاء اللہ کے آستانوں کو تعظیماً بوسہ دیتے ہوئے دیکھتے ہیں، تو اس کو سجدہ عبودیت پر محمول کر کے جھٹ شرک کا فتویٰ لگا دیتے ہیں، علامہ اقبال عبدالعزیز بن سعود کو خطاب کر کے کہتے ہیں۔

توہم آن مے بگیر از ساغر دوست | کہ باشی تا ابد اندر بر دوست
سجودے نیست اے عبدالعزیز ایں | بروبم از مژہ خاک در دوست

بقیہ آگے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مارے علماء ہرگز ابن عبدالوہاب کی روش پر چلنے کا حکم نہیں دیتے مگر افسوس ہے کہ نیم ملاں خطرہ ایمان ہو گئے اور انہوں نے احادیث جیسی چیز کو بدنام کیا۔ (ابن) عبدالوہاب کے دل میں تو کوئی نہیں گھسا تھا اگر وہ فاسد خیالات رکھتا تھا۔ تو ضرور وہ راہ بھولا ہوا تھا، ہم کو اس سے کیا غرض وہ کوئی نبی نہ تھا، امام نہ تھا، رہا عالم ہونا، تو بہت سے عالم بھی راہ بھول جاتے ہیں اور اپنے علم کے زعم میں اپنے ساتھ دوسروں کا بھی ناس لگاتے ہیں۔ احادیث میں آیا ہے بہت سے عالم مع اپنے گھروں کے دوزخ کی طرف ہنکالئے جائیں گے۔

نااہلوں کی حرکات کی وجہ سے لوگوں نے اہل حدیث کو وہابی کا خطاب دیا ہے، لیکن ہم کو اس سے کوئی تعلق نہیں، علماء کو چاہئے کہ ضرور اس خرابی کی طرف متوجہ ہوں اور اصلاح کریں اور بذریعہ وعظ جاہلوں کو راہ پر لائیں، ہر ملت، ہر قوم، ہر طبقہ میں ایسے لوگ جاہل موجود ہوتے ہیں، چنانچہ شریف عون کے وقت میں کسی نیم ملا نے کوئی کلمہ آنحضرت ﷺ کی شان میں کہا تھا، وہ کم بخت اپنے کو اہل حدیث کہتا تھا(1)۔

ابن سعود کی جسارتیں

راحیلہ صاحبہ اہل حدیث حضرات کے تعصب اور ان کی جارحیت اور جہالت پر تبصرہ

(بقیہ صفحہ گزشتہ)

تو سلطان حجازی، من فقیر ام ولے در کشور معنی امیر ام

(ارمغان حجاز)

(تو بھی محبوب کے ساغر سے محبت کی شراب پی تا کہ تجھے ہمیشہ کے لئے محبوب کی بارگاہ میں پذیرائی حاصل ہو، اے عبدالعزیز بن سعود جس کو تو سجدہ سمجھتا ہے۔ یہ سجدہ نہیں ہے۔ یہ تو میں اپنی پلکوں سے محبوب کے دروازہ کی جاروب کشی کرتا ہوں، مانا کہ تو سلطنت حجاز کا امیر ہے اور میرے پاس کوئی ظاہر سلطنت نہیں، لیکن محبت کی مملکت کا میں بادشاہ ہوں، جس میں تیرا کوئی حصہ نہیں ہے، علامہ اقبال نے ان اشعار میں محب رسالت اہل سنت اور خشک اور محبت وعقیدت سے محروم وہابیوں کے درمیان فرق ظاہر کر دیا ہے کہ اہل سنت مقربین بارگاہ الوہیت کی محبت میں جو محض ان کے قرب الی اللہ کی وجہ سے ہوتی ہے آستاں بوسی کرتے ہیں اور خشک وہابی اس کو سجدہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ (قادری غفرلہ)

1۔ راحیلہ شروانیہ زادالسبیل ص ۱۷۱۔۱۶۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کرنے کے بعد ابن سعود کے شرمناک افعال پر تبصرہ کرتی ہیں۔

جس وقت میں نے سفر نامہ لکھا تھا، تو شریف حسین کا دور دورہ تھا، جس نے اہل حدیث کی مٹی خراب کی تھی اور اب ابن سعود رنگ لا رہے ہیں۔ انہوں نے حنفیوں کو شکست دینے کے خیال سے تو قیر اسلام کو ہی مٹانے کا تہیہ کر لیا ہے۔ کیسے افسوس کی بات ہے کہ تمام نشانات بزرگان دین کے نابود کر دیئے۔ یہاں تک کہ سرور کائنات (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیدائش کی جگہ کو مسمار کر دیا۔ اس خدا کے بندہ کے دل میں یہ خوف خدا نہ آیا کہ اپنے راہبر کے اس مقام متبرک کے پامال کرنے سے کیا دنیا میں سرسبز رھینگے ہرگز نہیں، جس طرح آج شریف حسین کا صرف نام نیکی یا بدی سے ہماری زبان پر رہ گیا ہے۔ اسی طرح بہت جلد ابن سعود کی حرکات کو یاد کریں گے، مگر اسلام کے نشانات کیا ایک ادنیٰ شخص کے مٹانے سے مٹ جائیں گے۔ خیال کرنے کی بات ہے کہ اگر ہم ایک کام معمولی اہمیت سے انجام دیتے ہیں تو اس کی یادگاریں قائم ہوتی ہیں اور اسلام جیسے اہم کام کے بانیوں کے نشان کو مٹا دینا کیا شان ایمان ہو سکتی ہے۔ میں بھی شکر کرتی ہوں کہ اہل حدیث ہوں اور اس بات کو مانتی ہوں کہ ان مقامات پر بدعات اور بعض اوقات شرک (غیر مقلدوں کا خود ساختہ) بھی ہوتا تھا مگر کیا اس کا تدارک یہ تھا کہ اس جگہ کو بھی مٹا دو۔ نہیں بلکہ شان بادشاہت یہ تھی کہ ابن سعود کوڑا بردار مقرر کرتے کہ جو شخص خلاف شرع حرکت کرے اور حد سے بڑھے، اس کو تعزیر کر کے خدا کے سامنے پورے طور پر سرخروئی حاصل کی ہوتی اور بندگان خدا کی نگاہ میں بھی وقعت ہوتی۔ اگر ابن سعود ایسا کرتے تو آج دنیاء اسلام ان کے پیر دھو کر پیتی اور خدا بھی خوش ہوتا، لیکن صد حیف اسلام میں حمیت باقی نہیں رہی ہم اپنے اعجاز کو خود پائمال کرتے ہیں۔

احادیث شریف سے قبور گنبد اگرنا جائز ثابت ہوتے ہیں (کسی حدیث صحیح میں قبر پر گنبد بنانے کی ممانعت نہیں ہے۔ بلکہ بکثرت فقہاء اسلام نے اس کے جواز کی تصریح کی ہے (قادری) مگر مولد النبی یا مولد فاطمہ وغیرہ کے گنبد توڑنے سے کیا حاصل۔ اس کا تو شرع شریف میں کہیں حکم نہیں ہے۔ ان کا قول ہے کہ اس جگہ کا ثبوت نہیں ہے۔ کہ یہ مولد

النبی یا حجرہ عائشہ صدیقہ کا ہے تو مکہ میں کسی جگہ تو ضرور حجرہ عائشہ صدیقہ اور مولد النبی ہوگا۔ اس جگہ کو تلاش کرنا تھا۔ علاوہ اس کے یہ ہی کیا ثبوت ہے کہ اس جگہ پر مولد النبی یا مولد فاطمہ نہیں ہے۔ مولد فاطمہ میں تو میرے جانے کے وقت غرباء کا مدرسہ تھا جس کو اسلام صدقہ جاریہ کہتا ہے۔ لیکن اس کو بھی برباد کیا میں ہرگز اس بات کے ماننے کو تیار نہیں ہوں کہ ابن سعود کی یہ حرکتیں فی سبیل اللہ یا حکم شرع کی بناء پر ہیں نہیں۔ وہ محض ملیت کے تعصب سے مغلوب ہو رہے ہیں ورنہ کلام مجید کی نص صریح ہے کہ کفار کے معبودوں کو ان کے سامنے برا نہ کہو کہیں تمہارے معبود کو وہ برا کہنے نہ لگیں، بلکہ ان کی غلطیاں ان پر آسان اور حلم سے ثابت کرو پھر وہ بتائے گا کہ جب بتوں کو برا کہنے سے اسلام روکتا ہے تو بزرگان دین کے واسطے گستاخی کہاں تک جائز ہے۔

ہم کو افسوس ہے کہ ہمارے محترم بزرگ مولانا محمد علی صاحب اور نواب صدیار جنگ بہادر عرب کو گئے اور اس بارے میں کچھ کر کے نہ آئے مجھ کو پوری امید تھی کہ یہ لوگ ابن سعود کو ضرور تعصب سے بچنے پر مجبور کریں گے۔ خاص کر علماء لوگ تو جا کر ان سے احادیث کی رو سے بحث کر کے قائل کر سکتے ہیں (علماء نے ابن سعود کو قائل تو کر لیا تھا، لیکن ابن سعود ان سے قبوں اور مقامات مقدسہ کی حفاظت کے پیہم وعدہ اور مستحکم عہد کرنے کے بعد ان سے پھر گیا اس کا کیا علاج (قادری غفرلہ) لیکن میرے عمومی صاحب محترم صدر الصدور امور مذہبی حیدرآباد دکن، ایسا عالم شخص جا کر ابن سعود کو راہ راست پر نہ لا سکا تو سوائے اس کے کہ ہم اسلام کی کمزوری پر آٹھ آٹھ آنسو رو کر صبر کر لیں اور کچھ چارہ نہیں ہوسکتا۔

آگے چل کر لکھتی ہیں:

ابن سعود نے وہ سختی اور بے رحمی برتی ہے کہ ہر مسلمان کا دل بہت دکھ گیا بلکہ ناسور ہو گئے ہیں۔ خیال کرنے کی بات ہے کہ ہمارے باپ دادا کا بنایا ہوا کچا گھر ہوتا ہے۔ اس کی ہم کیسے حفاظت کرتے ہیں اور اس کی ایک مٹھی مٹی پر ہر دم اپنی جان دیتے ہیں اور مرنے مارنے پر تیار رہتے ہیں۔ پھر یہ مقامات ہماری نگاہوں میں کیوں وقعت نہیں رکھیں گے کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جب اپنے قدیم آبائی مکان کی حفاظت ہم صرف اسی لئے کرتے ہیں کہ ہمارے دادا پر دادا کے ہاتھ کی نشانی ہے۔ یادگار تو ہر مذہب خواہ عیسائی ہو، یہودی ہو، مسلمان، ہندو آتش پرست ہر ایک قوم میں ضروری سمجھی جاتی ہے۔ آج ابراہیم خلیل اللہ کی صرف یادگار قائم رہنے کی بنا پر ہم پر حج فرض ہو، اور نہ کیا ضرورت تھی کہ ہم مٹی کے بنائے ہوئے ستون پر کنکری مار کر کہیں کہ شیطان کو مارنے جاتے ہیں۔ سعی کیوں لازمی ہوئی۔ طواف کس واسطے ضروری ہے۔ یہ سب نشان اسلام قائم رکھنے کو برقرار رکھا گیا۔ یہ سچ ہے کہ سرور کائنات (ﷺ) ایک درخت سے پیٹھ لگا کر بیٹھتے تھے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم سے وہ درخت کاٹ دیا گیا۔ جب امیر المومنین سے وجہ دریافت کی گئی تو انہوں نے فرمایا۔ مجھ کو خوف ہے کہ لوگ کہیں اس کو پوجنے نہ لگیں۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پوجنے کا خوف اس کے کاٹنے پر حاوی ہوا، مگر بادشاہ یا خلیفہ کس کے واسطے ہے۔ محض اس لئے کہ ان سب باتوں کی حفاظت کرے، کسی کو حد شرع سے نہ بڑھنے دے۔ اگر ابن سعود اس کی طاقت نہیں رکھتے کہ لوگوں کو بدعت اور شرک (وہابیوں کا خود ساختہ (قادری)) سے روک سکیں تو وہ ہرگز مکہ معظمہ کا حاکم کہلانے کا مستحق نہیں۔ اس کو فوراً کنارہ کرنا چاہئے۔ ہم ہرگز نشانات اسلام مٹا دینے کو اور مومنین کا دل دکھا دینے کے واسطے ابن سعود کو حاکم بنانے کو تیار نہیں ہیں۔ کعبہ کا حاکم خدا ہے۔ بادشاہی کا پہلا فرض شان اسلام کو قائم رکھنا ہے۔ اگر یہ نہیں تو ہرگز ہم کو حاکم کی ضرورت نہیں اگر تمام نشانات اسلام کو مسمار کر دیا تو تم حفاظت کس چیز کی کرو گے۔ میں یقین دلاتی ہوں۔ اگر ابن سعود نے اپنی بے جا حرکتوں سے توبہ نہ کی تو چند روز کی ہوا ہے۔ ہرگز وہ قائم نہیں رہ سکتے۔ (ابن) عبدالوہاب نے اسلام کے ساتھ سرکشی کرنے کا بیڑہ اٹھایا آج اس کا نشان دنیا سے نیست و نابود ہے، نیز اہل حدیث کو کوئی وہابی کہتا ہے، تو اس طرح برا مانتے ہیں، جیسے شیعہ رافضی کہنے سے، صرف اس لئے ہماری نگاہ میں (ابن) عبدالوہاب کی وقعت نہیں کہ اس نے عمائدین اسلام کی شان میں گستاخیاں کیں اس وجہ سے دنیا میں پھلا پھولا نہیں ہم اہلحدیث گروہ کو بے شک بندہ کو خدا بنانے کا حکم نہیں (الحمد للہ مسلمانوں میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کوئی شخص بندہ کو خدا نہیں بناتا یہ محض اہل حدیث حضرات کا افتراء ہے (قادری) مگر محنت کسی قدر کیسے نہ کریں گے۔ کوئی معمولی شخص اگر معرکہ کا کام کر جائے، تو عمر بھر اچھے الفاظ میں اس کا ذکر کرتے ہیں۔ فلاں شخص نے یہ کیسا بڑا کام کیا، پھر خدمت گزار اسلام کی وقعت ہمارے دل میں کیسے نہ ہوگی۔ کہ انہوں نے وہ کارہائے نمایاں کیئے ہیں(1)۔

ترکوں کی یاد

ترکوں کی خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے راحیلہ صاحبہ لکھتی ہیں۔

میں نے دیکھا ہے کہ ترکوں کا یہاں بہت اثر ہے حکومت کا ذرا ذکر کرو، تو ہر کس زار نزار رونے لگتا ہے اور ہاتھ پھیلا پھیلا کر دعا کرتے ہیں کہ خداوند کریم جلد ترکوں کا بول بالا کرے، وہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم کو پرواہ نہیں کہ ہمارا بچہ بچہ مارا جائے، مگر ترکوں کی سلطنت حرمین میں ہو جائے۔ بات یہ ہے کہ ترک ہر خادم حرم کو صرف خاص سے تنخواہیں دیتے تھے اور اہل مدینہ میں کوئی ایسا ہوگا، جس کا تعلق حرم سے نہ ہو، اس بات کی تصدیق ہوگئی کہ ہر گھر میں کسی نہ کسی کو ضرور ترکی سے تنخواہ مقرر تھی اور بعض تو چین کرتے تھے۔ اب حالت یہ ہے کہ فوج کے سپاہی اور پولیس کے لوگوں کو بھی سال ڈیڑھ سال سے پیسہ نہیں ملا، یہاں کا سرکاری اور غیر سرکاری ہر فرد بشر شریف حسین کو بددعا سے یاد کرتا ہے۔ کیا کرے مرتا کیا نہ کرتا، یہاں کے خواجہ سراؤں کو آپ دور سے دیکھیں، تو سفید پوش معلوم ہوتے ہیں اور قریب جا کر دیکھو تو کئی کئی پیوندان کے جبہ میں نظر آئیں گے(2)۔

1۔ راحیلہ شروانیہ زاد السبیل ص ۱۷۶۔۱۷۲ 2۔ راحیلہ شروانیہ زاد السبیل ص ۲۱۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اقبال کا پیغام ابن سعود کے نام

تو ہم آں مے بگیر از ساغر دوست — کہ باشی تا ابد اندر بر دوست
سجود نیست اے عبد العزیز ایں — بروبم از مژہ خاک در دوست

تو سلطان حجازی من فقیر ام — ولے درکشور معنی امیر ام
جہانے کو ز تخم لا الہ است — بیا بنگر بآغوش ضمیرم

سراپا درد درماں نا پذیرم — نہ پنداری زبون و زار پیرم
ہنوزم در کمانے مے تواں راند — زکیش ملتے افتادہ تیرم

بیا باہم در آویزیم و رقصیم — زگیتی دل بر انگیزیم و رقصیم
یکے اندر حریم کوچہ دوست — زچشماں اشک خوں ریزیم و رقصیم

ترا اندر بیابانے مقام است — کہ شامش چوں سحر آئینہ فام است
بہر جائے کہ خواہی خیمہ گستر — طناب از دیگراں جستن حرام است

مسلمانیم و آزاد از مکانیم — بروں از حلقہ نہ آسمانیم
بماں موختند آں سجدہ ، کز وے — بہائے ہر خداوندے برانیم

ز افرنگی صنم بیگانہ تر شو — کہ پیمانش نمی ارزد بہ یک جو
نگاہ دام کن از چشم فاروق — قدم بے باک نہ درعالم نو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب 10

شاہ سعود کا دورِ حکومت

۹ نومبر ۱۹۵۳ء کو ابن سعود کی رحلت کے بعد شاہ سعود تخت نشین ہوا۔ ابن سعود کے دور حکومت میں امیر فیصل وزیر خارجہ تھے۔ سعود نے بادشاہ ہونے کے بعد فیصل کو نائب وزیر اعظم بھی بنا دیا۔ ۱۹۵۸ء میں شاہ نے امیر فیصل کو وزیر اعظم بنا دیا۔

امیر فیصل کا دورہ بھارت

۱۹۵۹ء میں امیر فیصل نے نائب وزیر اعظم کی حیثیت سے بھارت کا دورہ کیا۔ بھارت میں امیر فیصل کا شاندار استقبال کیا گیا۔

روزنامہ نوائے وقت لکھتا ہے:

بھارتیوں نے امیر فیصل کے استقبال میں بھارت سعودی عرب زندہ باد، راجکمار سعودی عرب زندہ باد کے نعرے لگائے۔ امیر فیصل نے بھارت میں قیام کے دوران میں ڈاکٹر راجندر شاد، ڈاکٹر رادھا کشن اور پنڈت نہرو سے ملاقاتیں کیں اور اج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانے گئے، نیز ایک گاؤں رتن گڑھ میں تشریف لے گئے جہاں دیہات سدہار کا کام دیکھ کر اس قدر متاثر ہوئے کہ وہیں دس ہزار روپے کا عطیہ عنایت فرما دیا(1)۔

یاد رہے کہ جو شخص مدینہ منورہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے روضہ مبارک کی جالیوں کو چومنے کی کوشش کرتا ہے یا جنت البقیع کی مقدس قبروں کو ہاتھ لگانے کی کوشش کرتا اس کو نجدی سپاہی کوڑوں سے پیٹتے ہیں، کیونکہ اس سے توحید میں فرق آتا ہے اور مسلمانوں کے دشمن اور بدترین مشرک گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانے سے شاید توحید میں فرق نہ آتا ہوگا۔

۱۹۷۴ء میں جب شاہ فیصل پاکستان کے دورے پر آئے تو نہ انہوں نے حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے دربار پر جا کر فاتحہ پڑھی نہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر جا کر ایصال ثواب کیا۔

1۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۳) روزنامہ نوائے وقت ۱۱ مئی ۱۹۵۵ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شاہ سعود کا دورہ بھارت

۱۹۵۵ء کے اخیر میں شاہ سعود نے بھارت کا دورہ کیا ہندوستان کا اخبار سیاست اس دورہ کی بعض تفصیلات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

''شاہ سعود جب ہندوستان میں آئے تو شملہ سے آٹھ میل دور آپ نے ہماچل پردیش کے لوگوں کا پیش کیا ہوا لوک ناچ کا ایک پروگرام دیکھا اور جناب صدر معزز وزراء خواتین اور راجندر پرشاد کے جواب میں شاہ سعود نے تقریر فرمائی۔ مدرسہ دیو بند کو پچیس ہزار روپیہ دیا اور یہ بھی فرمایا کہ مجھے یقین ہے کہ ہندوستان اور سعودی عرب کے اتحاد اور دوستی کے رشتے ہمیشہ مضبوط رہیں گے (1)۔

بھارت کے شاندار استقبال اور روح پرور تقریبات سے مسرور ہو کر شاہ سعود نے حکومت بھارت کو مسلمانوں کو امن سے رکھنے کی سند عنایت فرمادی۔

روزنامہ کوہستان شاہ سعود کا بیان نقل کرتا ہے۔

میں بھارتی مسلمانوں کے حالات سے مطمئن ہوں ان کے ساتھ منصفانہ برتاؤ ہو رہا ہے (2)۔

جن دنوں شاہ سعود بھارت کے دورے پر گئے تھے ان دنوں مکہ ریڈیو سے شاہ سعود کے دورہ کی کمنٹری نشر ہو رہی تھی۔ بھارت میں شاہ سعود کے اعزاز میں دیئے جانے والے جلسوں، دعوتوں اور تقریروں کا خلاصہ بیان ہوتا تھا اس موقع پر ایک خاص قابل ذکر پروگرام کا ذکر روزنامہ غریب لائلپور سے سنیئے۔

کمنٹری کے پہلے اور بعد اور درمیان میں جو موسیقی پیش کی جاتی ہے۔ وہ ہندوستانی فلموں کے گیتوں کی موسیقی ہوتی جس میں خالص ہندوانے مذہبی فلموں کی دھنیں بھی شامل ہوتی تھیں اور آرتی وغیرہ کے پس منظر میں ساز بھی بجتے تھے۔''

1۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۴) روزنامہ سیاست کانپور ۳ دسمبر ۱۹۵۵ء

2۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۴) روزنامہ کوہستان ۲۵ دسمبر ۱۹۵۵ء)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سطوت توحید قائم جن نمازوں سے ہوئی
وہ نمازیں ہند میں نذر برہمن ہو گئیں

پنڈت نہرو کا دورہ سعودیہ عرب

شاہ سعود نے بھارت سے روانگی کے وقت ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو سعودی عربیہ آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ ستمبر ۱۹۵۶ء کے اخیر میں پنڈت نہرو نے سعودی عربیہ جانے کی تیاری شروع کردی۔

پنڈت نہرو کے استقبال کے لئے جس تزک واحتشام سے سعودی عرب میں تیاریاں ہورہی تھیں ان کے بارے میں روزنامہ امروز لکھتا ہے۔

سعودی عرب میں پنڈت نہرو کی مدارات کا ایسا انتظام کیا جارہا ہے جو الف لیلا کے جاہ وجلال کی یاد کو تازہ کردے گی۔ ہر روز طائف کے باغوں سے گلاب کے تازہ پھول طیارہ کے ذریعہ ان محلات میں لائے جائیں گے جہاں نہرو قیام کریں گے۔ وزیر اعظم اوران کی پارٹی کے لئے شاہی نوشہ خانوں میں خاص انتظامات کئے جارہے ہیں۔ ہوا کی مستقر سے ریاض میں شاہ سعود کے نہایت پر شکوہ محل تک نہرو کو جلوس کی صورت میں لے جایا جائے گا۔ جس کی پیشوائی شاہ کا محافظ دستہ اور موٹر سائیکلوں پر سوار فوجی کریں گے۔ تمام شاہراہوں کو بھارتی اور سعودی پرچموں سے مزین کیا جائے گا(1)۔

روزنامہ کوہستان نے پنڈت نہرو کے استقبال کی رپورٹنگ کرتے ہوئے لکھا:

روزنامہ البلاد السعودیہ نے پنڈت جواہر لال نہرو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے اداریے ''بھارتی نہرو کو عرب میں خوش آمدید'' میں لکھا ہے کہ ''سعودی عرب ایک رہنما کو خوش آمدید کہنے میں فخر محسوس کرتا ہے، مسٹر نہرو ایک ایسی شخصیت ہیں جو ہمیشہ پرامن اور دانشمندانہ پالیسی کے قائل رہے ہیں۔ آخر میں اس اخبار نے دعا کی ہے کہ امن کا یہ داعی ہزاروں برس جیئے'' شاہ سعود کی موتمر اسلامی کے سیکرٹری کرنل انوار السادات نے بھی سرکاری طور پر روزنامہ

---

(1)۔ روزنامہ غریب لائلپور ۱۳ جنوری ۱۹۵۶ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۴)

"الجمہوریہ" میں پنڈت نہرو کو "ایشائی فرشتہ بنایا" ہے۔ یہ اخبار لکھتا ہے کہ اے ایشیا کے فرشتہ تم پر سلامتی ہو۔ آگے چل کر کرنل سادات لکھتے ہیں۔ مسٹر نہرو کی نرم اور ملائم آواز توپوں کی گرج سے کہیں زیادہ بااثر ہے۔ کیونکہ یہ سچائی کی علمبردار ہے(1)۔

پنڈت نہرو کی ریاض میں آمد

روزنامہ جنگ اپنی ۲۹، ۲۸، ۲۷ ستمبر ۱۹۵۶ء کی اشاعتوں میں لکھتا ہے۔

سعودی عرب میں نہرو کا مرحبا نہرو رسول السلام (اے امن کے پیغمبر ہم تیرا خیر مقدم کرتے ہیں) اور جے ہند کے نعروں سے استقبال کیا گیا۔ سعودی عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نہرو کے استقبال کے لئے نجدی عورتیں بھی موجود تھیں۔ یہ خواتین ٹرکوں اور کیڈلاک کاروں میں بیٹھی ہوئی مسٹر نہرو کو نقابوں سے جھانک جھانک کر دیکھ رہی تھیں۔ ریاض پہنچنے پر شاہ سعود نے نہرو کو گلے لگالیا۔

سرزمین حجاز پر پہلی مرتبہ بھارتی ترانہ "جانا مانا گانا بجایا" گیا۔ پنڈت نہرو جب سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پہنچے تو جن میں شاہ سعود، سعودی شہزادے، وزراء اور سعودی فوج کے اعلیٰ افسر شامل تھے، نہرو کا استقبال کیا اور ایک فوجی افسر نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس کے بعد نہرو ایک کھلی کار میں شاہ سعود کے محل روانہ ہو گئے۔ راستے میں سڑک پر دونوں طرف کھڑے ہزاروں افراد نے نہرو کو دیکھ کر زندہ باد کے نعرے لگائے، چوبیس ستمبر کی رات کو شاہی محل الحمرا میں شاہ سعود نے نہرو کے اعزاز میں شاہی ضیافت دی۔ اس کمرے کو رنگا رنگ روشنیوں سے سجایا گیا تھا جب نہرو کمرے میں داخل ہوا تو شاہ سعود نے آگے بڑھ کر ان کی شیروانی کے کاج میں سرخ رنگ کا ایک گلاب ٹانک دیا۔

سپاسنامہ

دہران میں سعودی عرب کے گورنر نے نہرو کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا جس میں کہا گیا کہ پنڈت نہرو اور ان کی حکومت نے اسلام اور مسلمانوں کی دوستی اور ان

1۔ روزنامہ امروز لاہور ۲۱ اگست ۱۹۵۶ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے مفادات کے تحفظ کے لئے جو شاندار خدمات کی ہیں، سعودی عرب کے لوگ ان کی قدر کرتے ہیں اور انہیں نہرو پر فخر ہے۔ نیز کہا گیا کہ پنڈت نہرو دنیا کی عظیم ترین شخصیتوں میں شمار ہوتے ہیں...... بھارتی سفیر نے اس موقع پر کہا اس دورہ سے ظاہر ہے کہ نہرو اور شاہ سعود کو ایک دوسرے سے کتنی عقیدت ہے۔

نجد میں گیتا نجلی کے بھجن

بھارتی وزیر اعظم نہرو کو ریاض میں ایک سکول میں لے جایا گیا جس میں سعودی عرب کے شہزادے بھی تعلیم حاصل کرتے ہیں، جب نہرو اس سکول کے ایک کمرے میں داخل ہوئے تو انہیں یہ دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی کہ طلباء ''گرودیو ٹیگور'' کی گیتا نجلی کے بھجن مل کر گا رہے تھے جو سکول کے نصاب تعلیم میں شامل ہے۔

سعودیوں کا نہرو پر بھروسہ

جب نہرو ایک اور کمرے میں پہنچے تو طلباء نے ان کا استقبال عظیم گاندھی کے جانشین کا نعرہ لگا کر کیا، انہوں نے یہ نعرہ بھی لگایا کہ ''عربوں کا غیر متنازعہ دوست''
پنڈت نہرو نے بھی یہاں مسٹر گاندھی کا پروپیگنڈا کیا۔ اس سکول میں شاہ سعود کے بھائی سطام نے نہرو کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا آپ امن کے ہیرو............ اور جدوجہد آزادی میں حصہ لینے والے لیڈروں کے قائد ہیں نیز کہا کہ نہرو ایک ایسا مضبوط ہاتھ ہے جس پر عرب بھروسہ کر سکتا ہیں، شہزادے نے کہا آپ عرب نہیں لیکن ہمارے بھائی ہیں۔

جانبین سے محبت کا مظاہرہ

شاہ سعود نے پنڈت جواہر لال نہرو کو نئے ماڈل کی سات نشستوں والی ایک کیڈلاک کار کا تحفہ دیا اس کے علاوہ سونے کی ایک جیبی گھڑی اور دو عرب پوشاکیں بھی دیں۔ اور نہرو نے شاہ سعود کو راجھستان کا بنا ہوا پیتل کا ایک لیمپ دیا جس پر قرآن مجید کی ایک آیت کندہ ہے اور عرب شہزادوں کو نہرو نے ایئر کنڈیشنڈ ریڈیو سیٹ اور بھارت کی بنی ہوئی سلائی کی مشینیں دیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نہرو کے دورہ سعودیہ پر ہندوستانی اخبارات کا ردِ عمل

ہندوستان کے ایک سہ روزہ دیو بندی اخبار مدینہ بجنور نے ۱۵ اکتوبر ۱۹۵۶ء کے اداریہ کا عنوان لکھا "مرحبا نہرو رسول السلام"

اخبار مذکورہ اپنی یکم نومبر ۱۹۵۶ء کی اشاعت میں لکھتا ہے:

وزیراعظم نہرو کے دورہ سعودی عرب کے مقدس موقع پر جدہ میں مولانا کرم علی نے وزیراعظم کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا، جس کے بعض اقتباسات یہ ہیں "محترم وزیراعظم ہم ایک ایسی سرزمین پر آپ کا استقبال کرتے ہوئے بہت مسرور ہیں، جس کی نگرانی ایک ایسی محترم ذات کے ہاتھ میں ہے جو ہمارا مذہبی امام اور خلیفۃ المسلمین ہے۔ ہم آپ کی محبوب ترین شخصیت پر فخر کرنے آئے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ آپ ہمارے عظیم ترین رہنما کی حیثیت سے ہمیشہ زندہ سلامت رہیں محترم پنڈت جی ہم آپ کے احسانات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بڑی خوشی محسوس کرتے ہیں۔

محترم رہنما پنڈت جی! ہم آپ کے استقبال اور خوش آمدید کہنے کے لئے جو کچھ بھی کہیں یا کریں وہ سب آپ کی عظیم ترین شخصیت کو دیکھتے ہوئے کم ہے۔ ہم آپ کی ذات پر فخر کرتے ہوئے آپ کو برکت وسلامتی کا پیغامبر سمجھتے ہیں، ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم سب مل کر یہاں اپنے محبوب ترین لیڈر کی آمد کی یادگار قائم کریں...... عالی جناب وزیراعظم مبارک باد۔ اے عظیم شخصیت کے مالک ......عرب ہندوستان زندہ باد، شاہ سعود زندہ باد......جواہر لال نہرو زندہ باد۔

بھارت کے ہندو اخبار تیج کے اداریہ میں خوش آمدید (1) پیغمبر امن کے تحت حسب ذیل جملے بھی موجود ہیں۔

(۱) پردھان منتری شری جواہر لال نہرو پیغمبر اسلام ﷺ کی دنیا میں پہنچے، تو ان کا استقبال پیغمبر امن کے نعروں سے کیا گیا۔

(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۲۳) 1۔ روزہ مدینہ بجنور ۱۵ اکتوبر ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۲) اگر ہم غلطی نہیں کرتے، تو اسلام کے معنی امن کے ہیں سلامتی کے ہیں۔ پیغمبر اسلام کے معنی بھی امن وسلامتی کے پیغمبر کے ہیں۔

(۳) پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ملک کے باسیوں نے پنڈت جی کی عزت افزائی کے لئے وہی لفظ منتخب کیا جس پر اسے ناز ہے، جس کی وجہ سے دنیائے اسلام میں عرب دیش کی عزت ہے۔

(۴) پنڈت جی کے اس دورہ کا نتیجہ کیا ہوگا۔ یہ تو وقت بتائے گا مگر اس سے کفر اور کافر کے فلسفہ میں تبدیلی ہوگئی ہے(1)۔

پاکستانی اخبارات ورسائل کا ردعمل

سکھر...... یہاں میونسپل مسافر خانے میں ایک بہت بڑا جلسہ عام منعقد ہوا، جس میں نہرو کو سعودی عرب میں ''رسول السلام'' کہنے پر شدید احتجاج کیا گیا اور لوگوں نے شاہ سعود اور حکومت سعودی عرب کے خلاف نعرے لگائے۔ جلسہ عام آل پارٹیز کانفرنس کے تحت ہوا(2)۔

روزنامہ کوہستان لکھتا ہے:

ہم شاہ سعود سے پوچھتے ہیں کہ کیا پنڈت نہرو کا دورہ ترتیب دیتے ہوئے انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ وہ کس شخص کو اس مقدس سرزمین میں آنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ اس شخص کو جس کی قوم اور جس کی حکومت کے ہاتھ مسلمانوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں جس کے جیب وداماں پر ناموس رسالت کی بے حرمتی کے دھبے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ سعودی عرب کے آسمان پر اسلام کا آفتاب گہنا چکا ہے اور وہاں حضرت عمر کی حکومت نہیں ہے، جن کے دور میں سعودی عرب کیا پورے، جزیرۃ العرب میں کوئی کافر اور مشرک قدم نہیں رکھ سکتا تھا، لیکن ہمیں یہ نہیں معلوم تھا کہ آل سعود کی دینی غیرت اتنی بے حس ہو چکی

1۔ روزنامہ تیج دہلی، ۲ ستمبر ۱۹۵۶ء۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۲۵)

2۔ روزنامہ زمیندار ۱۲ اکتوبر ۱۹۵۶ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۲)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے کہ وہ مسلمانوں کے دشمن کو اسلام کے گہوارے میں بلا کر سینے سے لگائیں گے، شاہ سعود کو یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ وہ جس سرزمین پر حکومت کرتے ہیں وہ تمام دنیا کے مسلمانوں کے لئے متبرک ہے۔...... اس پر مسلمانوں کی ایک بدخواہ حکومت کے وزیراعظم کا اترتے پھرنا دنیا کے ۴۰ کروڑ مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہوگا(1)۔

ایک اور اشاعت میں روزنامہ کوہستان لکھتا ہے:

آل سعود نے پہلی مرتبہ خالص سیاسی مصلحتوں کے تحت ایک بت پرست قوم کے نمائندے کو ریاض بلایا اور اس کے استقبال کے لئے خواتین اور بچوں کو ساتھ لے گئے اور ان سے جیئے ہند کے نعرے لگوائے سعودی عرب کا یہ فعل سراسر بدعت ہے، جس کی کوئی مسلمان بھی حمایت نہیں کر سکتا۔ عجیب بات ہے کہ جن حکمرانوں نے صحابہ کی پختہ قبریں اور قبے تک اس لئے ڈھا دیئے ہوں کہ وہ ان کی نظر میں اسلام کی تعلیمات کے منافی تھے۔ وہی حکمران آج اپنی سیاسی مصلحتوں کے لئے ایک ایسے شخص کو حجاز میں مدعو کر کے استقبال کرتے ہیں جو بت پرستوں کا نمائندہ ہے اور اسلام کے ہر مکتبہ خیال کے علماء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ کوئی بت پرست اسلام کے اس گہوارے میں قدم نہیں رکھ سکتا(2)۔

روزنامہ کوہستان ہی لکھتا ہے:

آج عربوں کے امیر المومنین کی یہ حالت ہوگئی ہے کہ وہ اسلام کے بنیادی معتقدات سے انحراف کرنے لگا ہے قرآن حکیم کا یہ واضح حکم ہے کہ يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا (توبہ: 28) مشرک ناپاک ہیں اور انہیں اس سال کے بعد مکہ معظمہ کے قریب نہ پھٹکنے دینا۔

اور شاہ سعود پنڈت نہرو کو سرزمین مقدس پر سیر سپاٹہ کرا رہے ہیں۔ اب یہ معلوم نہیں کہ شاہ سعود کے نزدیک پنڈت نہرو مشرک کی تعریف سے بالاتر ہیں یا ان کا خیال ہے کہ مشرک کو مکہ معظمہ کے بالکل قریب نہیں آنا چاہئے، اسے کسی قدر دور رکھ کر گھما پھرا دیا جائے تو

(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۲) 1۔ روزنامہ کوہستان ۲۴ ستمبر ۱۹۵۶ء

(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۳) 2۔ روزنامہ کوہستان ۳ ستمبر ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کوئی مضائقہ نہیں، بہر حال قرآن پاک کا یہ مفہوم ایسا ہی ہے جو شاہ سعود پر ہی منکشف ہوا۔

شاہ سعود وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اس روایت کو توڑا اور صنم خانے کے ایک پاسبان کو ارض کعبہ پر بلایا اور صرف بلایا ہی نہیں بلکہ خلاف روایات اس انداز سے اس برہمن بچے کا استقبال کیا۔ استقبال کے وقت جو نعرے بلند کئے گئے، ان میں ایک نعرہ دنیا کے اسلامی حلقوں میں خاص طور پر قابل اعتراض سمجھا جا رہا ہے۔ وہ یہ ہے کہ پنڈت جی کو رسول السلام کہا گیا ہے جس کے معنی پیغمبر اسلام کے ہیں۔ پنڈت نہرو کے حالیہ دورے سے یہ تاثر بھی شدت اختیار کرتا جا رہا ہے کہ سعودی مملکت جو اسلام کے نام پر قائم ہوئی تھی۔ محض نام کی اسلامی حکومت ہے اور اس کا طرز عمل ازمنہ وسطیٰ کی عیسائی کیوکریٹک حکومتوں سے قطعاً مختلف نہیں جو مذہب کے نام پر لوگوں کا ناجائز استحصال کرتی تھیں(1)۔

ایک اور اگلی اشاعت میں کوہستان نے لکھا:

ارے! صاحب ابھی تو شروعات ہیں کعبہ اور بت خانہ کو ہم دوش کرنے کے لئے شاہ سعود اور پنڈت نہرو جو کوششیں کر رہے ہیں۔ اس میں برہمن کا تو کچھ نہیں جائے گا، البتہ موحد جو بت شکنی میں سبک دست ہوتا ہے، اس کے مصلحت شناسی اور روباہی آ جائے گی اللہ اکبر! ایک دور وہ تھا جب علامہ ابن عبدالوہاب کے نام لیوا یہ نعرہ لگاتے تھے کہ ہمارے لئے قرآن وحدیث کافی ہیں۔ اب وہ گیتا انجلی پڑھتے اور پڑھاتے ہیں۔ یہ دیکھ کر پنڈت نہرو کو کتنی مسرت ہوئی ہوگی وہ کیوں نہ خوش ہوں وہ کہتے ہوں گے کہ بھارت کے مسلمانوں کو ہندو ہزار سال سے اپنا مذہب پڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن وہ پڑھتے دکھائی نہیں دیتے اور میرے سعودی عرب کے ایک دورے سے عربوں کی نئی نسل میں گیت انجلی پڑھنے کا ذوق شوق پیدا کر دیا۔ سعودی عرب کے اس تجربے کے بعد عجب نہیں کہ بھارت کے مسلمانوں کو حکم ہو جائے کہ تم اپنی مسجدوں میں آشوب بھی سنایا کرو۔

ابراہیم جلیس متوفی ۱۹۷۸ء لکھتے ہیں:

(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۵) 1۔ روزنامہ کوہستان لاہور ۱۲ اکتوبر ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

قاطع بدعات ومناھی مقلد ابن عبد الوھاب نجدی محافظ حرمین شریفین جلالۃ الملک شاہ سعود کے نام:

فدایان رسول وعالمیان اسلام کا پیغام

جلالۃ الملک اللہ آپ کو محبت رسول دے

خدا معلوم آپ کو معلوم ہے یا کہ نہیں کہ ہندوستان کے دس کروڑ مسلمانوں نے ۱۹۴۷ء میں پاکستان کے نام سے ایک الگ ملک بنالیا تھا۔ اس نوزادہ ملک کے بنتے ہی دشمنان اسلام و مسلمین نے مسلمانان ہند کو اپنے نرغے میں لے لیا تھا اور پھر ان کا قتل عام شروع کر دیا تھا:

چنانچہ ہندوستان سے مظلوم مسلمانوں نے اپنے آبائی وطن اور گھروں سے بھاگ بھاگ کر مرتے گرتے نجانے کیا کیا مصائب برداشت کرنے کے بعد پاکستان میں سکونت اختیار کر لی۔ لیکن اس کے باوجود اب بھی ہندوستان میں پانچ کروڑ مسلمان موجود ہیں، یہاں نہ ان کی جانیں محفوظ ہیں نہ ان کی عورتوں کی عصمتیں۔

لیکن اے کلید بردار حرم!

جب آپ پچھلے دنوں ہندوستان کے سرکاری دورے پر آئے، تو ان حالات کے باوجود آپ نے ہندوستانی حکومت کو یہ سند شاہی عطا فرمادی کہ:

میں بحیثیت محافظ الحرمین الشریفین اس بات سے مطمئن ہوں کہ ہندوستان میں مسلمان امن وسکون میں ہیں اور ان کی جانیں محفوظ ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

یقین کیجئے شاہ!

آپ کی اس سند شاہی کی تشہیر کے بعد ہمیں محمد شاہ رنگیلے کے فرمانین بے ساختہ یاد آگئے تھے اور ہم یہ بھی سمجھ گئے تھے کہ ترک کی مسلمان قوم آپ اور آپ کی حکومت سے کیوں غیر مطمئن رہی ہے۔ اس واقعے کے بعد آپ نے ایک غیر مسلم سربراہ مملکت کو سر زمین حجاز مقدس کے سرکاری دورے کی دعوت دی۔ اور ۴ ستمبر ۱۹۵۶ء کو بھارت کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو جب آپ کے دارالخلافہ ریاض پہنچے، تو آپ کی حکومت کے اکٹھے کئے ہوئے عوام نے یارسول السلام نہرو کے شرمناک نعروں سے ان کا استقبال کیا تھا اس استقبال کرنے والوں میں عرب کے وہ قبائلی بدو اور عورتیں بھی شریک کئے گئے تھے۔ جو کسی دشمن اسلام فرد یا قوم کے لئے اپنے دلوں میں جذبات احترام نہیں رکھتے۔ پھر سب سے بڑا اجتہاد جو آپ جیسے قاطع بدعات نے کیا، وہ یہ تھا کہ عرب کی خواتین کو غیر محرموں کے انبوہ کثیر میں لاکران سے ایک غیر محرم غیر مسلم شخص کا استقبال، سرزمین حجاز پر رسول جیسے متبرک ومقدس خطاب سے کرایا۔

شاہ قبلہ شکن!

پنڈت جواہر لال نہرو کو رسول کے نام سے آپ نے یا آپ کی قوم نے یاد کر کے پاکستان کے ۹ کروڑ مسلمانوں کی جو دل آزاری کی وہ ناگفتہ بہ ہے۔ آپ کو کسی نے یہ بات غلط بتادی کہ پاکستان میں ایسی قوم آباد ہے جو عربی زبان سے ناواقف ہے اور عربی زبان کے معنی ومطالب سے آگاہ نہیں ہے۔ آپ کے سفارتخانے نے لفظ رسول کے لئے جو تاویلات وضع کر رہے ہیں، اس سے ان کی بے چارگی اور ندامت جرم مترشح ہو رہی ہے۔

جلالۃ الملک

ہم مسلمانان عالم حیران ہیں اور آپ جیسے عقائد مذہبی رکھنے والے لوگ ایک ایسے شخص کو تو ''یارسول'' جیسے عظیم لقب سے خوش آمدید کہہ سکتے ہیں جو بطناً ونسلاً بت پرست اور مسلکاً لا مذہب ہے، لیکن کوئی مسلمان حیات النبی خاتم الرسل حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وفور جذبات وعقیدت لوازم احترام اور واجبات استغاثہ میں یارسول، یا محمد، یا مصطفیٰ کہہ کر یاد کرلے تو اسے کافر ومشرک قرار دے دیا جاتا ہے۔

یہ کون سی منطق ہے؟............ یہ کون سا عقیدہ ہے؟............ یہ کون سا مذہب ہے

............استغفر اللہ ربی

آپ لوگوں نے جنت البقیع کے تمام آثار مقدسہ کو شہید کرادیا، صدہا اصحاب کبار کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قبور کو مسمار کرا دیا۔ گنبد خضریٰ آرام گاہ رسول سرچشمہ انوار الٰہی کے معاد سے زمین بوسی کو حرام اور جرم قرار دیا ہے، اور آپ اور آپ کے ہم مسلک عقیدہ لوگوں نے یہ حکم بھی لگا دیا کہ ختم المرسلین نبی آخر الزمان حیات النبی محمد مصطفیٰ ﷺ کو جو شخص کھڑے ہو کر یا رسول سلام علیک پڑھے وہ مشرک کافر اور اس عقیدے پر اصرار کرے، تو مرتد اور واجب القتل!

لیکن آج یہ کیا ہوا کہ احترام رسول کو بدعت و شرک و کفر کہنے والے مقلدین ابن عبد الوہاب نجدی ایک ایسی قوم کے سربراہ کا استقبال یا رسول السلام کے نعروں سے کرتے ہیں، جو رسول اللہ ﷺ دشمن اسلام ہے اور لاکھوں دیوی دیوتاؤں کا پجاری ہے ....

اللہ اکبر!

اے شاہ!

ہم آج سمجھے کہ بڑے بڑے جو غاداریوں کے عقائد و مسلک کے آہنی قلعوں کو سیاسی تقاضے ایک ہی جھٹکے میں مسمار کر دیتے ہیں۔

ہم پوچھتے ہیں...... کہ کیا آج سعودی عرب نے کسی ڈاکیے یا پوسٹ مین یا کسی بھی پیغام رساں کو اہل زبان یا دیہاتی لوگ رسول کہہ کر پکارتے ہیں؟

ہم پوچھتے ہیں کہ عرب سے کسی بھی گوشے میں کیا کوئی ایسا بدنصیب شخص ہے، جو رسول کا لفظ انبیاء مرسلین کے علاوہ عام آدمیوں علی الخصوص کسی مشرک و بت پرست یا لا مذہب شخص کے لئے بولتا یا لکھتا ہو۔

ہمارے سوالات کا جواب یقیناً نفی ہے اور ہم نہایت وثوق کے ساتھ کہتے ہیں کہ حضور پرنور (روحی فداہ) کی شان میں گستاخانہ خیالات رکھنے اور بارگاہ رسالت میں اپنے معاملات صاف نہ رکھنے کی پاداش میں عرب حاکموں سے یہ حماقت اور دیوانگی سرزد ہوئی ہے۔ تواضع و میزبانی عربوں کا طرہ امتیاز ہے لیکن:

اے کلید بردار حرم

آپ نے یہ بھی غور کیا کہ سیاسی استحکام اور ذاتی حب جاہ کے لئے آج آپ کی میزبانی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اپنی حدود سے بڑھ کر دشمنی دین اور شماتت رسالت کے قصر منزلت اور ظہور ضلالت کی سرحدوں پر آ پہنچی ہے۔

آپ تمام حضرات غیر مشروط طور پر اقرار گناہ کرلیں۔ اس نازک مرحلے پر تاویلات اور استدلال کے سہارے بڑے شرمناک ہیں اس راستے میں

با خدا دیوانہ باشد با محمد ہوشیار

کا عقیدہ واجب لازم ہے اور تاویلات ''عذر گناہ بدتر از گناہ'' کے مترادف ہیں۔

خداوند کریم آپ کو محبت رسول دے اور یہ توفیق بھی ارزاں فرمائے کہ آپ یا آپ کی حکومت مسلمانان عالم کی اس دل آزاری کے سلسلے میں نادم ہو۔

احتشام الحق تھانوی

روزنامہ جنگ کے پہلے صفحے پر جلی سرخیوں کے ساتھ احتشام الحق تھانوی صاحب کا یہ بیان شائع ہوا(1)۔

کراچی ۲۷ ستمبر (سٹاف رپورٹر) مولانا احتشام الحق تھانوی نے آج رات ایک بیان میں کہا ہے کہ سرزمین حجاز کے دار الخلافہ ریاض میں بھارتی وزیر اعظم پنڈت نہرو کے استقبال پر ''مرحبا نہرو رسول السلام'' سے جوننگ اسلام اور اسلام سوز نعرے لگائے گئے۔ ان سے نہ صرف کہ مسلمانان عالم کے دینی وملی جذبات غیرت کو نا قابل برداشت صدمہ پہنچا ہے، بلکہ متولی حرمین شریفین کی اس موحدانہ دین داری کا پول بھی کھل گیا، جس کا سارے عالم اسلام میں وہابیوں کی طرف سے ڈنکا پیٹا جا تا رہا ہے اس سے قطع نظر کہ سرزمین توحید اور گہوارہ اسلام میں ایک صنم پرست بلکہ منکر خدا اور اللہ کے باغی کو دعوت تکریم دینا اور جوار رسول میں بسنے والے موحدین مردوں اور عورتوں سے خیر مقدم واستقبال کرانا پاسبان حرم کے لئے کہاں تک زیب دیتا ہے یا اس احساس ذمہ داری کو کہاں تک پورا کرتا ہے جو حرمین شریفین کی تولیت پر مسلمانان عالم کی طرف سے عائد ہوتی ہے۔ خود یہ بات بھی

1۔ ابراہیم جلیس متوفی ۱۹۷۸ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۵) ماہنامہ نقاد کراچی ص ۱۲ نومبر ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اپنی جگہ انتہائی شرمناک اور غیر اسلامی ہے کہ پنڈت نہرو کے لئے رسول السلام جیسے اصطلاحی الفاظ استعمال کئے جائیں۔ سعودی عرب کے سفارت خانے سے جو وضاحتی بیان دیا گیا ہے کہ نامہ نگار عربی کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہے اور رسول سے قاصد کے معنی مراد ہیں۔ نبی کے معنی مراد نہیں۔ میرے نزدیک یہ "عذر گناہ بدتر از گناہ" کا مصداق ہے اور ممکن ہے کہ نامہ نگار عربی کی ابجد سے حقیقت میں واقف نہ ہو، لیکن سعودی عرب کے سفارتی ترجمان سے زیادہ واقف اسلام ضرور معلوم ہوتا ہے اور الزام کی تردید کرنے والے ترجمان ممکن ہے کہ عربی کی مہارت تامہ رکھتے ہوں، مگر اسلام اور تعلیمات اسلام کی ابجد سے بھی ناآشنا معلوم ہوتے ہیں۔ مرحبا رسول السلام کے نعرہ سے ادنی سی ادنی عقل رکھنے والے کو بھی یہ غلط فہمی نہیں ہوتی ہے۔ کہ پنڈتِ نہرو کو نبی یا پیغمبر بنا دیا یا اس لفظ سے نبی کے معنی مراد لئے ہیں۔ بلکہ یہ سمجھتے ہوئے بھی کہ رسول سے قاصد کے ہی معنی مراد لئے گئے ہیں۔ یہ اعتراض ہے کہ لفظ رسول السلام اور قرآن کریم کی بالخصوص اصطلاح ہے جس کی حیثیت شعائر اللہ اور شعائر اسلام کی ہے جیسے قرآن مسجد حرام، مسجد اقصیٰ وغیرہ قسم کے بے شمار الفاظ اسلامی شعائر ہیں جو اپنے لغوی معنوں سے نکل کر اصطلاحی معنی کے لئے خاص ہو گئے ہیں۔ اب ان الفاظ کو لغوی معنی میں استعمال کرنا بالخصوص ان لوگوں کی طرف سے جن کو عربی زبان کے استعمال کرنے میں حدود دین کا پاس رکھنا ضروری ہے۔ قطعاً ناجائز و حرام ہے بلکہ شعائر اللہ کی کھلی ہوئی بے حرمتی اور توہین ہے۔ ع

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

کیا کسی مسلمان کو یہ اجازت ہے کہ وہ اپنی تصنیف کا نام کتاب اللہ اپنے گھر کا نام بیت اللہ اور اپنی مسجد کو مسجد حرام اپنے باغ کو جنت اپنے تالاب کا نام کوثر اور تنور کا جہنم اور اپنے پوسٹ مین کا نام رسول رکھ لے، حالانکہ لغوی اعتبار سے یہ سب نام صحیح ہیں۔ کیا قرآن کریم میں: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا وَ اسْمَعُوْا[1] ...... میں الفاظ کا ادب مسلمانوں کو نہیں سکھایا گیا ہے کیا حدیث کے اندر مسلمانوں کو خبث نفسی کی ممانعت سے

یہی ادب الفاظ نہیں بتلایا گیا ہے۔

سعودی عرب کے سفارتی ترجمان کو معلوم ہونا چاہئے کہ مسلمان کی عربی زبان بھی وہ زبان ہے جس میں اصطلاحات قرآن کی حرمت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر اللہ کے باغی کے احترام میں آج ناموس رسول کو یہ کہہ کر بھینٹ چڑھایا گیا کہ رسول کے معنی قاصد کے ہیں۔ تو آئندہ تمام شعائر اسلام کی حرمت کبھی باقی نہ رہ سکے گی۔ پھر سلامتی اور امن کا استعمال بھی کس قدر حیا سوز اور عزت کش ہے کہ جس کے ملک میں آئے دن خون مسلم سے ہولی کھیلی جاتی ہو وہ قاصد امن تو کیا ہوتا اس میں امن و سلامتی کا ادنیٰ شائبہ بھی موجود نہیں ہے۔ خدا کی شان ہے کہ مردم خور درندوں کو قاصد امن کے لقب سے یاد کیا جائے۔

جنوں کا نام خرد رکھ لیا خرد کا جنوں
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

ہم آخر میں پاسبان حرم سے صاف طور پر یہ کہہ دینا چاہتے ہیں کہ حرمین شریفین مسلمانان عالم کی امانت ہے اور ان پاسبانوں کی طرف سے ناموس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے حرمتی کبھی برداشت نہیں کی جا سکتی (1)۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے ۶۰۔۱۹۵۹ء میں ممالک عربیہ کا سفر کیا۔ اس سفر میں ان کے رفیق محمد عاصم نام کے ایک غیر مقلد عالم تھے۔ مودودی صاحب نے سعودی عربیہ کی ہند نواز پالیسی اور پنڈت نہرو مرحبا یا رسول السلام کہنے پر سخت تنقید کی ملاحظہ فرمایئے محمد عاصم لکھتے ہیں۔

۳ بجے کے قریب دوپہر کا کھانا ہوا۔ بالکل مغربی طرز پر مولانا نے کھانے کے دوران اپنی گفتگو میں عرب قومیت کے فتنہ کی خوب خبر لی اور ان لوگوں کو بتایا کہ مسلمانوں کے ساتھ ہندوستان کا معاملہ عربوں کے ساتھ اسرائیل کے معاملہ سے کسی طرح کم یا مختلف نہیں ہے،

1۔ احتشام الحق تھانوی (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۲۹) روزنامہ جنگ کراچی ۲۹ ستمبر ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لیکن عرب قومیت کا نتیجہ یہ ہے کہ جب آپ کے اس ملک میں پنڈت نہرو آئے، تو یہاں کے بہت سے اخبارات نے انہیں رسول السلام (امن کا پیامبر) کا لقب دیتے ہوئے ان کا شاندار استقبال کیا، لیکن آپ ہی بتائیں کہ اگر پاکستان کے ین گوریوں...... وزیراعظم اسرائیل......کو اپنے ہاں بلوائیں اور پھر اس کا اسی شان سے استقبال کریں تو آپ لوگوں کی کیا کیفیت ہوگی۔ امیر عبداللہ نے اس بات کی مذمت کی کہ بعض عرب حکومتیں ہندوستان کو پاکستان پر ترجیح دیتی ہیں، لیکن اپنی مملکت کے متعلق انہوں نے بتایا کہ یہاں بہر حال پاکستان کو مقدم سمجھا جاتا ہے(1)۔

ایک اور مقام پر محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں:

ایک نوجوان نے مولانا سے سوال کیا۔ آپ پاکستانی حضرات نے عربوں کے قومی مسائل میں کیا کیا ہے؟ مولانا نے اس سوال کا جواب دیا کہ ہم نے اپنے عرب بھائیوں کے مسائل میں ہمیشہ ان کی تائید کی ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ لیکن اس تائید کی بنیاد آپ لوگوں کا یہ نعرہ نہیں ہے جسے آپ عرب قومیت کے نام سے لگا رہے ہیں۔ بلکہ اس کی بنیاد وہ دینی رابطہ ہے جو ہمارے اور آپ کے درمیان اللہ تعالیٰ نے قائم کیا ہے۔ آپ حضرات اس دینی رابطہ کو ختم کرنے کے درپے ہیں، لیکن اس کے باوجود ہم اب تک اس کی پاسداری کر رہے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ بھی کرتے رہیں گے، جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے۔ اس نے نہ صرف فلسطین اور الجزائر بلکہ عربوں کے تمام دوسرے مسائل میں ان کی تائید کی ہے، لیکن آپ حضرات کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ہر قوم جو ایک خاص ملک میں رہتی ہو، اس کے کچھ اپنے مسائل بھی ہوتے ہیں جن سے اسے بہر حال نپٹنا ہوتا ہے۔ اگر آپ لوگوں کو فلسطین اور الجزائر یا دوسرے مسائل درپیش ہیں تو ہم پاکستانیوں کو بھی کشمیر کا مسئلہ درپیش ہیں۔ اگر یہودیوں نے آپ کے دس لاکھ افراد کو قتل اور جلاوطن کیا ہے تو ہندوؤں نے ہمارے ایک کروڑ کے قریب افراد کو قتل اور جلاوطن کیا ہے اور اب تک ہندوستان اور کشمیر

1۔ محمد عاصم سفرنامہ ارض القرآن ص ۱۱۵۔ ۱۱۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں ان کے ظلم و ستم کا سلسلہ جاری ہے۔ آپ لوگ اپنی یادداشت پر زور ڈال کر ذرا مجھے بتایئے کہ اس پورے المیہ میں آپ لوگوں نے ہماری کہاں تک تائید کی ہے؟ مجھے یقین ہے کہ آپ لوگ اس کا کوئی جواب نہ دے سکیں گے، لہٰذا میں خود ہی اس کا جواب دیتا ہوں۔ آپ لوگوں نے ہماری مددیوں کی ہے کہ جب ہندوستان و کشمیر میں مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی تھی تو آپ لوگوں نے اپنی زبانوں پر قفل چڑھا لئے تھے۔ آپ کے اخبارات نے اس کی مذمت میں چند سطریں لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی، اس کے مقابلہ میں پاکستان کے تمام اخبارات نے آپ لوگوں پر کسی طرف سے جو بھی زیادتی ہوئی اس کی ہمیشہ مذمت کی ہے۔ اور اب تک کر رہے ہیں۔ کاش آپ لوگوں کی کرم فرمائی یہیں تک محدود رہ جاتی۔ مگر آپ نے اثباتی غیر جانبداری اور امن و سلامتی کے علمبردار (ابطال الحیاد الایجابی و رسل السلام) کا لقب دیتے ہوئے ان لوگوں کی طرف دوستی و محبت کا ہاتھ بڑھایا، جن کے ہاتھ اب تک مسلمانوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ کاش ہندوستان کو آپ لوگوں کی دوستی کا واقعی پاس ہوتا، مگر اس نے آپ کو کوئی وقعت نہ دیتے ہوئے اسرائیل کو تسلیم کیا اور اب تک تسلیم کئے ہوئے ہے۔ اس کے مقابلے میں پاکستان نے اب تک نہ اسرائیل کو تسلیم کیا ہے اور نہ کبھی اسرائیل کے کسی باشندے کو اپنی سرزمین میں قدم رکھنے کی اجازت دی ہے۔ سوچئے! اگر خدانخواستہ آپ لوگوں کی ضد میں ہم لوگ بھی اسرائیل کو تسلیم کرلیں اور اس کے ساتھ دوستی و محبت کے روابط پیدا کرنے لگیں اور ین گوریوں کو اپنے ملک میں آنے کی دعوت دیں اور اس کے لئے رسول السلام کے نعرے لگا کر اس کا استقبال کریں تو کیا اس صورت میں آپ لوگ ہمیں کچھ ملامت کرنے کا حق نہیں رکھتے ہیں؟ لیکن نہیں میں تو اسے آپ لوگوں کے سامنے ایک مفروضہ کے طور پر بیان کر رہا ہوں ورنہ ہم پاکستانی مسلمان اس کا خیال تک دل میں نہیں لا سکتے اس لئے کہ ہمارا دین ہمیں اس کی ہرگز اجازت نہیں دیتا۔ لہٰذا مجھے امید ہے کہ اس مفروضہ کے ذکر سے آپ لوگوں کی دل آزاری نہیں ہوگی (1)۔

۱۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۲۱۲۔۲۱۱۔۲۱۰

سعودی عربیہ کے عام اندرونی حالات

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے ۶۰۔۱۹۵۹ء میں ممالک عربیہ کا جو سفر اختیار کیا تھا اس کی پوری روداد ان کے رفیق سفر ایک غیر مقلد عالم محمد عاصم نے قلم بند کی ہے جو سفر اور حضر خلوت اور جلوت میں ہمہ وقت شریک رہے انہوں نے تمام واقعات کو اسی طرح بیان کرنے کی کوشش کی ہے جیسا کہ خود دیکھا ہے یا سنا ہے۔ ہم اس سفرنامہ کے بعض اقتباسات ہدیہ قارئین کر رہے ہیں جس سے سعودی عرب کے عام اندرونی حالات قارئین کے سامنے آ جائیں گے۔

کسٹم کی چیکنگ

محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں:

کسٹم پر مجھے کوئی دقت پیش نہ آئی۔ اگرچہ میرے ساتھ کچھ کتابیں تھیں اور ان میں سے بعض کتابیں ان لوگوں کی اصطلاح کے مطابق مذہبی تھیں، لیکن کسٹم آفیسر صاحب نے ان کتابوں پر شک وشبہ کی نگاہ نہیں ڈالی، کیونکہ بعض کتابوں کے دیکھنے سے انہیں یہ اندازہ ہو گیا کہ میں بھی ایک سلفی العقیدہ یعنی غیر مقلد اہل حدیث (سعودی) آدمی ہوں، اس لئے انہوں نے میری سختی سے تلاشی لینے کو ضروری نہ سمجھا، مجھے بھی سب سے زیادہ ڈر کتابوں ہی کا تھا، کیونکہ کتابوں کی تلاشی کے سلسلے میں گزشتہ سفر ۱۹۵۶ء میں جدہ کے ہوائی اڈے پر ہمیں جس پریشانی کا سامنا ہوا تھا وہ مجھے خوب یاد تھی۔ دنیا کے دوسرے ملکوں میں غیر مذہبی کتابوں کی تو خوب جانچ پڑتال ہوتی ہے۔ لیکن مذہبی کتابوں پر کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔ سعودی عرب کا معاملہ اس کے برعکس ہے یہاں دوسری کتابوں کا تو یوں سمجھئے کہ کوئی نوٹس ہی نہیں لیا جاتا، لیکن مذہب اور خصوصاً عقائد سے متعلق کتابوں کو بڑے شک وشبہ کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور بعض اوقات جب کسٹم والے خود ان کے متعلق کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے، تو انہیں تحقیق کے لئے علماء کے پاس بھیج دیتے ہیں۔ یعنی جب تک علماء انہیں ناقابل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اعتراض قرار نہ دیں، انہیں ملک کے اندر داخل نہیں ہونے دیا جاتا(1)۔

سعودیوں کی عبادات کی کیفیت

محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں:

مغرب کی نماز ہم نے محلّہ کی مسجد میں پڑھی مسجد نئی بنی ہوئی تھی اور سادگی کے ساتھ پختہ کشادہ اور خوبصورت ...... معلوم ہوا کہ سعودی حکومت نے خیر، دماع، ظہران، راس التنورہ، بقیق کی تمام بستیوں اور کمپنی کے ملازمین کے تمام کواٹروں میں ایسی مسجدیں تعمیر کروائی ہیں اور ان کے مصارف بھی خود برداشت کر رہی ہے۔ مسجدوں کا ذکر آیا ہے تو قارئین کے لئے یہ بات غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ تمام عرب ممالک میں ہمارے ہاں کی طرح مسجدوں میں وضو وغیرہ کا انتظام نہیں ہوتا۔ تمام لوگ اپنے اپنے گھروں سے وضو کر کے مسجد آتے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ تمام عرب ممالک میں لوگ جوتے پہنے پہنے مسجدوں میں بے دھڑک چلے آتے ہیں اور صرف نماز پڑھنے سے پیشتر چٹائی یا دری کے قریب جوتے اتار دیتے ہیں، بلکہ بعض تو اس وقت بھی جوتا نہیں اتارتے اور جوتوں سمیت نماز پڑھ لیتے ہیں۔ یہ چیز اگرچہ تمام عرب میں مشترک ہے، لیکن سعودی عرب خصوصاً نجد کے باشندے تو اس میں انتہائی غلو برتتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ مسجد میں جوتا پہن کر داخل ہونا جائز ہے اور بکثرت موقعوں پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام نے مسجد کے اندر جوتوں کے ساتھ نماز پڑھی ہے لیکن ایسا صرف ضرورت کے تحت ہی ہوا ہے۔ اگر مسجد کا فرش پختہ نہ ہو یا دھوپ سے گرم ہو رہا ہو تو جوتا پہن کر مسجد میں داخل ہوا جا سکتا ہے اور جوتوں کے ساتھ نماز پڑھی جا سکتی ہے لیکن پختہ فرش اور بہترین قسم کی چٹائیوں اور دریوں کی موجودگی میں بھی جوتے لے کر مسجد میں داخل ہونا اور جوتوں سمیت نماز پڑھنا خواہ مخواہ کی زیادتی اور ہٹ دھرمی ہے، اس کے برعکس ہمارے ہاں ہر حال میں مسجدوں کے اندر جوتے پہن کر جانے اور جوتوں سمیت نماز پڑھنے کو مسجد اور نماز کے احترام کے منافی خیال کیا جاتا ہے بلکہ اگر کوئی

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۵۶۔۵۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

شخص میدان میں بھی جوتوں سمیت نماز پڑھ لے تو اس پر سخت اعتراض کیا جاتا ہے، حالانکہ اعتدال کی راہ دونوں کے درمیان ہے۔

مسجد کے امام صاحب ایک نجدی نوجوان تھے جو ابھی ریاض کے کسی مدرسہ سے فارغ ہو کر آئے تھے وہ نماز پڑھانے کھڑے ہوئے تو تکبیر تحریمہ سے پہلے جیب سے مسواک نکال کر منہ میں پھیرنے لگے اور پھر اسی طرح انہوں نے اسے جیب میں ڈال کر نماز شروع کی۔ نماز اتنی تیز پڑھائی کہ ہم لوگوں کے لئے اُن کا ساتھ دینا بڑا مشکل تھا۔ قرآن اس طرح روکھے سوکھے بلکہ غلط طریقے پر پڑھا کہ ہمیں نہ صرف اس کے سننے سے کوئی لطف نہیں آیا۔ بلکہ سخت کوفت ہوئی۔ مولانا کے بقول ہمارے دیہات کے ملا بھی ان سے اچھا قرآن پڑھتے اور سکون سے نماز پڑھاتے ہیں۔

ہمارے پاکستانی احباب نے بتایا کہ یہ امام صاحب تو پھر بھی قرآن مجید غنیمت پڑھتے ہیں ورنہ یہاں کی دوسری مسجدوں کا حال تو اس سے بھی برا ہے ایک طرف تو مصریوں شامیوں اور عراقیوں کی ''تری'' ہے کہ وہ قرآن مجید کو بھی قوالوں کی طرح گا گا کر پڑھتے ہیں اور دوسری طرف نجدی حضرات کی یہ ''خشکی'' کہ ان بڑے بڑے علماء تک گویا قرآن مجید کو صحیح مخارج اور عمدہ آواز کے ساتھ پڑھنا بدعت سمجھتے ہیں۔ پھر نجدی حضرات کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ جب نماز پڑھتے ہیں تو کبھی سکون سے کھڑے نہیں ہوتے۔ کبھی اپنے کپڑے ٹھیک کرنے لگ جاتے ہیں اور کبھی انہیں یاد آتا ہے کہ ان کے کرتے کے بٹن بند نہیں ہیں یا ان کے سر کا رومال ٹیڑھا ہو گیا ہے اور وہ اسے ٹھیک کرنے لگتے ہیں حتیٰ کہ بعض لوگ تو نماز کے دوران گھڑی پر وقت دیکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ یہ سب باتیں اگرچہ ہمارے لئے نئی نہیں تھیں اور پہلے بھی ان کا تجربہ تھا، لیکن اس سفر میں کیونکہ پہلی [illegible] کا مشاہدہ ہور[illegible] اس لئے ہمیں سخت کوفت ہورہی تھی۔ مولانا تورات گئے تک بار باران کا ذکر کرتے رہے(1)۔

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۵۹۔۵۷

MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

اسی موضوع پر ایک اور جگہ محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں:

۱۳ نومبر کو ہم اپنے پروگرام کے مطابق ظہران گئے اور وہاں بھی گیارہ بجے ساڑھے بارہ بجے تک سوالات و جوابات کا سلسلہ رہا۔ اس دن جمعہ تھا۔ جمعہ کی نماز ہم نے کوارٹروں کی ہی ایک مسجد میں پڑھی۔ خطیب وامام ایک نجدی عالم تھے۔ خطبہ تو انہوں نے غنیمت دیا لیکن نماز میں قرآن مجید کی قرأت صحیح نہ تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نجد میں قرآن مجید کی صحیح قرأت سکھانے کا کوئی انتظام نہیں ہے اور یہ اعتماد کرلیا گیا ہے کہ جب یہ لوگ عرب ہیں تو قرآن آپ سے آپ صحیح پڑھیں گے (1)۔

آل شیخ نجدی کے لئے مراعات

سعودیوں کی دینی تعلیمات سے لاپرواہی اور شیخ نجدی کی آل کے لئے خصوصی مراعات کے سلسلے میں محمد عاصم لکھتے ہیں:

اس روز جمعہ تھا۔ نماز کے وقت سے کچھ پہلے استاذ عبدالحکیم عابدین اپنے ایک دوست شیخ عبداللہ المسعری کے ساتھ تشریف لائے، جو سعودی حکومت کی وزارت قانون کے سیکرٹری ہیں، ان کے ساتھ ہم یونیورسٹی کے قریب ایک مسجد میں جمعہ پڑھنے کے لئے گئے ایک نوجوان خطیب خطبہ دے رہا تھا۔ خطبہ کیا دے رہا تھا اس نے پہلے سے ایک خطبہ کاغذ پر لکھ رکھا تھا یا کہیں سے نقل کرلیا تھا اور اسی کو پڑھ رہا تھا۔ سنا ہے کہ ریاض میں بڑے بڑے علماء تک کا یہی حال ہے کہ حتی کہ مفتی اکبر شیخ محمد بن ابراہیم بھی "مجموعہ خطب ایام الجمعہ" نامی کتاب سے ایک خطبہ زبانی یاد کر کے سنا دیتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ بڑے بڑے دینی مناصب آل الشیخ (شیخ محمد عبدالوہاب کے خاندان) کیلئے مخصوص ہیں اور دوسرے لوگ صرف اسی صورت میں کسی دینی منصب پر مقرر کیئے جاتے ہیں جب کہ آل شیخ میں کوئی آدمی موجود نہ ہو۔ حرم مکی کے خطیب اگرچہ شیخ عبدالمیمن (مصری) ہیں لیکن وہ حرم کے خطیب اول نہیں ہیں بلکہ خطیب آل شیخ کے ایک فرزند شیخ عبدالعزیز بن حسن ہیں۔ جوان

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۶۹۔۶۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOM ISLAMIA ACADEMY

دنوں وزارت تعلیم کے سیکرٹری تھے اور اب وزیر ہو گئے ہیں۔ سارا سال ریاض میں رہتے ہیں البتہ کبھی کبھار مکہ معظمہ جا کر حرم میں خطبہ دے آتے ہیں(1)۔

نجدیوں کے پاکستانی غیر مقلدوں سے روابط

نجدیوں اور غیر مقلدوں کے روابط کے بارے میں محمد عاصم لکھتے ہیں:

امیر مساعد کا مکان بھی قدیم ریاض کی ایک گلی میں واقع ہے اور اس پر کوئی جھنڈا یا علامتی نشان بھی نہیں ہے اور نہ ڈیوڑھی پر پولیس کا پہرہ ہے (دو چار سپاہی اندر کہیں ہوں تو اور بات ہے) اس لئے شیخ کا ڈرائیور ان کا مکان نہ پہچان سکا اور ہم ایک دوسری گلی میں ایک دوسرے امیر کے ہاں پہنچ گئے۔ ہمیں تو خیر کچھ پتہ ہی نہ تھا، لیکن شیخ عبد العزیز اور استاذ عبد الحکیم عابدین کو وہاں پہنچتے ہی اندازہ ہو گیا کہ ہم غلط جگہ آ گئے ہیں۔ وہاں سے نکلنے کے بعد استاذ عبد الحکیم عابدین نے ہمیں حقیقت حال سے مطلع کیا۔ اس کے بعد ہم امیر مساعد کے ہاں پہنچے، مگر وہ بھی موجود نہ تھے۔ پھر شیخ عبد العزیز ہمیں اپنے مکان پر لے آئے جو قدیم ریاض ہی کی ایک گلی میں واقع ہے وہاں ان کے شاگردوں اور عقیدت مندوں کا حلقہ لگا ہوا تھا۔ مجلس نہایت سادہ اور زمین پر قالین کے فرش کی تھی تمام حاضرین نے رسمی سلام و مصافحہ کے بعد اپنا اپنا تعارف کرایا اور اپنے پاکستانی سلفی بھائیوں کا حال دریافت کرنے لگے۔ نجدی علماء اور ان کے متعلقین جب بھی کسی پاکستانی یا ہندوستانی مسلمان سے ملتے ہیں یہاں کے اہل حدیث حضرات کے متعلق ضرور سوال کرتے ہیں۔ ہم نے مجمل الفاظ میں انہیں پاکستان کے اہل حدیث حضرات کی خیریت کی اطلاع دی اس کے بعد مولانا نے شیخ کی خدمت میں اپنی چار عربی کتابیں رسالہ دینیات، اسلام کا نظام حیات، مسلمانوں کا ماضی و حال اور قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں پیش کیں(2)۔

قدیم اور جدید طبقوں کی نظریاتی کشمکش

سعودی عربیہ میں رجعت پسندی اور ترقی پسندی کی جنگ جاری ہے۔ ایک طبقہ علماء کا

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۹۹۔ ۹۸ 2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۹۳۔ ۹۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حامی ہے اور بیشتر مغربی رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ اس موضوع پر محمد عاصم لکھتے ہیں:

اسی رات ہمیں ایک اور صحبت میں عرب کی دو اہم شخصیتوں کے درمیان ایک دلچسپ اور گرما گرم بحث سننے کا اتفاق ہوا جس سے سعودی عرب کی اندرونی حالت کے متعلق ہماری معلومات میں بڑا اضافہ ہوا ان میں سے ایک صاحب علماء کی تعریف اور مدافعت کر رہے تھے اور دوسرے صاحب کہہ رہے تھے کہ ان علماء کی عام نوجوانوں کی نظر میں کوئی قیمت نہیں ہے نوجوان یہ سمجھتے ہیں کہ یہ علماء اسلام کے صحیح نمائندہ نہیں ہیں۔'' دوسری طرف سے شیخ عبدالعزیز بن باز کا نام لیا گیا۔ فریق مخالف نے کہا وہ بلا شبہ مخلص اور اپنی حد تک عالم ہیں، لیکن ان کا دائرہ معلومات نہایت تنگ ہے اور یہ سوائے چھوٹے چھوٹے فقہی مسائل بیان کرنے کے موجودہ زمانے کے بڑے اور اہم مسائل کا اسلامی نقطہ نظر سے حل پیش نہیں کر سکتے مانا کہ یہ تمام علماء بے ایمان نہیں۔ لیکن عاجز ضرور ہیں۔ پہلے صاحب کہہ رہے تھے کہ اصلاح بہر حال انہی علماء کے ذریعہ ہو سکتی ہے۔ ضرورت ان سے اچھے انداز میں کام لینے کی ہے۔'' دوسری صاحب کہہ رہے تھے کہ'' یہاں اصلاح نوجوانوں کے ذریعے ہو گی۔ اس وقت اسلام سے انحراف، بے دینی اور مغرب پرستی کی جو روح پھیلتی جا رہی ہے، اس کا مقابلہ کرنا اور ان علماء کے بس کا روگ نہیں یہ علماء عوام کو انگریزی تعلیم حاصل کرنے اور اس زمانہ کی دوسری مفید ایجادات کے استعمال سے روکتے ہیں، حالانکہ یہ تعلیم پھیلے گی اور اس وقت یہ علماء کچھ نہ کر سکیں گے اور سوا اس کے کہ ان کے خلاف عوام میں نفرت بڑھ جائے گی اور کچھ نہ ہو گا۔ دوسری طرف یہ امراء کی عیاشیوں کو دیکھتے ہیں لیکن کچھ نہیں کر سکتے شیخ عبد العزیز بڑی ہی جرات اور بے باکانہ انداز سے بادشاہ اور دوسرے امراء پر تنقید کرتے ہیں، لیکن بادشاہ اور بعض امراء تو بلاشبہ ان کی بڑی قدر کرتے ہیں، لیکن عام امراء اور اصحاب اقتدار خوب سمجھتے ہیں کہ ان کی گرمی اور تنقید کا وزن کیا ہے۔ اس لئے وہ ان کو خوش کرنے کے لئے بس چھوٹے چھوٹے معاملات میں ان کی باتوں کو مان لیتے ہیں۔

ان دونوں صاحبوں کی زبانی ہمیں یہ معلوم کر کے بڑی پریشانی ہوئی کہ یہاں کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

امراء میں سے امیر عبد اللہ بن عبد الرحمان اور مساعد بن عبد الرحمان کو چھوڑ کر قریب قریب سب ہی کے گھروں میں وہ سب کچھ ہوتا ہے جو اس زمانہ کے کسی مغرب زدہ گھرانے میں ہو سکتا ہے ان لوگوں کے بیٹے اور بیٹیاں انگریزی اور فرنچ پڑھتی اور بولتی ہیں۔ گھروں میں عورتوں کے لباس اور وضع قطع پوری طرح مغربی ہیں۔ بعض تو اس حد تک آگے بڑھ گئے ہیں کہ ان کے بیٹے اور بیٹیاں امریکہ ہی میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ان کی استانیاں اور نگران سب کی سب امریکن ہیں۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ کہ یہ نئی پود جب بڑھے گی اور اقتدار کی باگیں اس کے ہاتھ میں آئیں گی۔ تو ملک کا کیا حال ہوگا۔

۱۱ بجے کے قریب ہم ہوٹل واپس آئے اور بڑی دیر تک اس صورتحال پر افسوس کرتے رہے(1)۔

ریاض کی شان وشوکت

سعودی عربیہ کے دار الخلافہ ریاض کی شان وشوکت کے بارے میں محمد عاصم لکھتے ہیں:

صبح ناشتہ کے بعد فکر ہوئی کہ ریاض میں جن حضرات سے ہمیں ملنا ہے ان سے ملاقات کا سلسلہ شروع کیا جائے۔ استاذ عبد الحکیم عابدین کے متعلق معلوم تھا کہ وہ ایک ہوٹل ''زہرۃ الشرق'' میں ٹھہرے ہیں۔ خبر کی ملاقات کے دوران میں انہوں نے ہمیں اپنے کمرے کا نمبر بھی دے دیا تھا۔ سوچا کہ پہلے ان سے ملا جائے اور پھر کوئی پروگرام طے کیا جائے۔ مولانا ہوٹل میں رہے۔ میں اور چودھری صاحب ٹیکسی لے کر زہرۃ الشرق گئے جو ریاض کا سب سے شاندار ہوٹل ہے اور اس کی سب سے شاندار سڑک شارع ''المطار'' (ہوائی اڈے کی سڑک) پر واقع ہے اس کے تمام کمرے گرمی اور سردی دونوں موسموں میں ایئر کنڈیشنڈ ہیں اور اس میں ایک دن قیام کا کرایہ ساٹھ ریال (اسی روپیہ) فی کس ہے شان وشوکت اور خوبصورتی کے لحاظ سے اس کے پائیہ کا ہوٹل کم از کم میرے اندازے کے مطابق نہ پاکستان میں اور مصر، شام اور عراق میں ہے۔ شارع المطار کی خوبصورتی اور شان

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۲۴۔۱۲۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

وشوکت کے بھی کیا کہنے۔ ہمارے ہاں کراچی لاہور کی کوئی سڑک بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی اس کے دونوں کناروں پر زراعت، مالیات، تعلیم، مواصلات اور دوسری وزارتوں کے جدا جدا شاندار دفاتر واقع ہیں، جن میں سے ہر ایک کی تعمیر پر لاکھوں روپیہ صرف آیا ہے۔ یہ سب جدید ترین مغربی طرز پر بنی ہوئی ہیں ہر ایک کا طرز تعمیر نرالا ہے۔ گزشتہ چار سال کے اندر سعودی حکومت تمام وزارتوں کے دفاتر ریاض منتقل ہو گئے ہیں۔ صرف وزارت خارجہ اور وزارت داخلہ ابھی تک علی الترتیب جدہ اور مکہ معظمہ میں ہیں اور شائد آئندہ کئی سال تک وہیں رہیں۔

استاذ عبدالحکیم عابدین کے متعلق دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ ایک دوسرے ہوٹل ''فندق الیمامہ'' میں منتقل ہو گئے ہیں۔ یہ ہوٹل بھی قریب ہی شارع المطار پر واقع ہے اور اپنی شان وشوکت اور انتظامات میں ''زہرۃ الشرق'' سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ وہاں استاذ موصوف مل گئے انہیں جب یہ معلوم ہوا کہ ہم ایک معمولی ہوٹل میں ٹھہر گئے ہیں تو انہوں نے چاہا کہ ہمیں شاہی مہمان بنوانے کی کوشش کریں۔ لیکن خواہ مخواہ کوشش کر کے مہمان بننا ہمیں پسند نہ تھا۔ استاذ عابدین کو ساتھ لے کر ہم مولانا کے پاس ''فندق اسلام'' آئے اور یہاں یہی طے ہوا کہ جتنے دن بھی ریاض میں ٹھہرنا ہوا ہم اسی ہوٹل میں ٹھہرے رہیں گے۔ معلوم ہوا کہ ریاض میں یا تو اسی طرح کے چند معمولی ہوٹل ہیں یا پھر ''زہرۃ الشرق'' اور ''الیمامہ'' جیسے دو شاندار ہوٹل ہیں جن میں ٹھہرنا ہماری بساط سے باہر تھا۔

سعودی کھانے

سعودی عربیہ میں کس قسم کے کھانے کھائے جاتے ہیں یہ محمد عاصم صاحب سے سنئے۔

راس التنورہ پہنچے تو پاکستان اور ہندوستان کے ملازمین کمپنی کے کوارٹوں میں ایک جگہ ڈیڑھ دو سو کے قریب پڑھے لکھے نوجوان جمع تھے اور مولانا کی آمد کا انتظار کر رہے تھے۔ سلام اور تعارف کے بعد ان کے اور مولانا کے درمیان سوالات اور جوابات کا سلسلہ شروع ہوا جو ساڑھے دس سے ساڑھے بارہ تک جاری رہا۔ تمام سوالات سنجیدہ اور علمی انداز کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

تھے۔مولانا بھی موڈ میں نظر آرہے تھے۔ ہر سوال کا جواب نہایت اطمینان اور تفصیل کے ساتھ دے رہے تھے۔ زیادہ سوالات سود، آسٹریلیا سے درآمد شدہ ڈبوں سے گوشت، زکوٰۃ ضبط ولادت اور کرنسی کے متعلق تھے، یوں تو ان کے سارے ہی سوالات حقیقی ضروریات اور مشکلات کے تحت تھے۔لیکن جس مسئلہ نے ان کو سب سے زیادہ پریشان کر رکھا تھا، وہ تھا گوشت کا مسئلہ کمپنی کے عرب ملازمین آسٹریلیا وغیرہ سے درآمد شدہ ڈبوں کا گوشت بے تکا کھاتے ہیں اور اس میں کسی طرح کی قباحت محسوس نہیں کرتے غضب یہ ہے کہ کمپنی کی کنٹین میں سور کے گوشت کے جو ڈبے فروخت ہوتے ہیں اور دوسرے گوشت کے ڈبوں کے ساتھ ملا کر رکھے ہوتے ہیں اور ان پر صرف انگریزی (PORK) لکھا ہوتا ہے بعض لوگ تو خیر جانتے بوجھتے یہ ڈبہ خریدتے ہیں لیکن اکثر یا تو انگریزی نہیں جانتے یا جانتے ہیں، مگر (PORK) کا مطلب نہیں سمجھتے اس لئے وہ غلطی سے یہ ڈبہ خرید کر کھا لیتے ہیں۔آسٹریلیا سے برآمد شدہ یہ گوشت چونکہ مقامی گوشت کے مقابلہ میں بہت سستا ہوتا ہے اور صاف ستھرا بھی اس لئے اس کی خوب فروخت ہوتی ہے مولانا نے ان لوگوں کو اصل مسئلہ سمجھایا اور یہ بھی وعدہ کیا کہ اگر موقع ملا، تو ریاض کے علماء کی توجہ اس طرف مبذول کرائیں گے۔

عربی کھانوں ہی کے سلسلے میں محمد عاصم شاہ سعود کی دی ہوئی ایک ضیافت کا حال لکھتے ہیں:

مغرب کے بعد انہوں نے ہم لوگوں کو کھانے پر بلایا۔مغرب کے بعد دار الامارۃ پہنچے، تو امیر خود تو موجود نہ تھے انہوں نے کھانے میں شرکت سے اپنی خرابی صحت کی بنا پر معذرت کر دی۔ان کے بڑے صاحبزادے امیر عبدالعزیز ان کی نیابت کے لئے موجود تھے اور اسی نے ہمارے ساتھ کھانا کھایا۔کھانے پر ہمارے علاوہ بہت سے شیوخ موجود تھے۔ وزیر اعظم قطر کا بڑا لڑکا اور امریکن بھی شریک تھے۔کھانا بالکل مغربی طرز کا تھا اور مغربی طرز پر ہی چھری اور کانٹے سے کھایا گیا۔شاہ سعود اور دوسرے امراء کی جو دعوتیں صرف عربوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے لئے ہوتی ہیں وہ غالباً اب بھی مغربی طرز پر ہوتی ہیں۔ اس دعوت پر میرے اور اختر صاحب کے ساتھ ایک عجیب لطیفہ پیش آیا جو شاید دوسروں کے لئے تو لطیفہ ہو لیکن ہمارے لئے ندامت کا باعث تھا اور وہ یہ کہ سروس کرنے والے خادم باری باری تمام مہمانوں کے سامنے کھانے کی ڈش پیش کر رہے تھے۔ دوسری مرتبہ وہ مرغی کے گوشت کی ڈش لائے۔ مولانا سمجھ گئے اور انہوں نے یہ گوشت نہ اٹھایا لیکن میں اور راؤ صاحب سمجھ نہ سکے اور ہم نے وہ گوشت لے کر کھالیا۔ سروس کرنے والے خادم ہندوستانی تھے انہوں نے ہمیں بعد میں بتایا کہ یہ ڈبہ کی مرغی تھی۔ ہمیں سخت افسوس ہوا۔ یاد نہیں کہ چودھری صاحب بھی محفوظ رہے یا وہ بھی ملوث ہوگئے (1)۔

سعودی کھانوں کی ایک اور دلچسپ روایت سنیئے۔

ظہر کے بعد مفتی اکبر کے ہاں ہمارے کھانے کی دعوت تھی۔ تین بجے کے قریب ہم ان کے ہاں پہنچے۔ مفتی صاحب نے دعوت کا خاص اہتمام کیا تھا...... الی ان قال...... استاذ عبدالحکیم نے بکرے کی سری سے آنکھ نکالی اور مولانا سے پوچھنے لگے کہ کیا آپ اسے کھانا پسند فرمائیں گے؟ مولانا نے جھرجھری لی اور یہ تحفہ لینے سے معذوری ظاہر کی۔ معلوم ہوا کہ عربوں کے ہاں آنکھ کو بڑا ہی مزے دار تصور کیا جاتا ہے اور اسے بڑے شوق سے کھایا جاتا ہے ہمارے لئے یہ چیز بڑی حیرت انگیز تھی (2)۔

سعودی عربیہ میں لونڈی غلاموں کی فروخت

عصر کے بعد ہندوستان کے چند طلباء نے جو ریاض کے کلیۃ الشرعیۃ یا اس کے معہد میں پڑھتے ہیں۔ ہمیں اپنے ہاں چائے پر بلایا اس وقت سخت بارش ہو رہی تھی۔ لیکن یہ حضرات ہمیں لینے کے لئے بروقت پہنچ گئے۔ ہمیں قدیم ریاض کی ایک گلی میں جانا تھا۔ بارش میں تمام گلیوں کا برا حال تھا اور پرنالوں سے پانی گزرنے والوں کے سروں پر گر رہا تھا۔ بڑی مشکل سے ہم اپنی منزل مقصود پر پہنچے، نہایت خستہ اور تنگ و تاریک قسم کا مکان

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۷۵۔ ۷۴ 2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۲۶۔ ۱۲۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تھا۔معلوم ہوا کہ کلیۃ الشرعیۃ کے طلباء کے لئے قیام کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں ہے۔اپنے طور پر طالب علم جہاں چاہے انتظام کرسکتا ہے۔ریاض کے بہت سے لوگوں نے نئے محلوں میں پختہ مکان بنالئے ہیں اور اپنے پرانے کچے مکان وقف کردیئے ہیں۔عموماً طلبہ کا قیام انہی مکانوں میں ہوتا ہے۔وہاں طلبہ کے علاوہ شیخ عبدالرزاق عفیفی سے بھی ہماری ملاقات ہوئی۔ان سے تسری...... یعنی لونڈیوں...... کے مسئلہ پر گفتگو ہوئی۔سعودی عرب میں اس زمانہ میں بھی غلاموں اور لونڈیوں کا رواج ہے۔شیخ عفیفی نے بتایا کہ یہاں جو غلام اور لونڈیاں آتی ہیں وہ یا تو مسقط اور عمان کی طرف سے آتی ہیں یا لبنان کی طرف سے ان کے جواز کی وجہ صرف یہ بیان کی جاتی ہے کہ لونڈی...... یا غلام...... آخر یہ کہتی ہے کہ میں ''لونڈی ہوں اور میرے آباؤاجداد قدیم زمانہ سے غلام چلے آتے ہیں''اس کے صرف اس بیان پر اسے خرید لیا جاتا ہے اور اس کے لانے والے سے یہ معلوم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی کہ وہ اسے کیسے لایا وہ اسے لالچ دے کر بھی لاسکتا ہے۔ڈرا کر بھی لاسکتا ہے اور اس کے ماں باپ سے خرید کر بھی لاسکتا ہے۔ہاں اگر لونڈی یا غلام کہدے کہ مجھے زبردستی لونڈی یا غلام بنایا گیا ہے تو اسے آزاد کردیا جاتا ہے۔مولانا نے فرمایا کہ آخر وہ یہ بات کیسے کہہ سکتی ہے؟ آزاد ہو کر وہ تنہا جائے گی کہاں؟ اس پر شیخ عفیفی خاموش ہوگئے انہوں نے پھر بتایا کہ لونڈیوں کے جواز پر بعض لوگ فقہاء کی کتابوں سے یہ مسئلہ بھی نکالتے ہیں کہ کافر کو فروخت کیا جاسکتا ہے کافر خود بھی اپنے آپ کو فروخت کرسکتا ہے اور اپنے بیٹے یا بیٹی کو بھی فروخت کرسکتا ہے۔لہٰذا اسے یا اس کے بیٹے یا بیٹی کو خریدا جاسکتا ہے گویا فی عنق الفتیہ تخرج سالما (الا بلا برملا) والا معاملہ ہے(1)۔

نوٹ: محمد صدیق قریشی نے فیصل نامی کتاب میں لکھا ہے کہ سعودیہ میں اب یہ لعنت ختم ہوچکی ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

شاہ سعود کے دور حکومت میں امیر فیصل کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ان کا

1۔محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۲۸۔۱۲۷

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک اہم کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے غلامی کو غیر قانونی قرار دے کر اس لعنت کو ختم کر دیا۔ یہ فرمان چھ نومبر ۱۹۶۲ء کو جاری کیا گیا۔ ایک اندازے کے مطابق تیس ہزار غلام آزاد کئے گئے۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۱۳ء کو نیویارک ٹائمز نے انکشاف کہ حکومت نے ان کے مالکوں کو بائیس لاکھ ڈالر ادا کئے۔ (فیصل ۵۵ ملخصا) تاہم شاہی محلات کی کنیزوں کی فوج ظفر موج اس حکم سے اب تک مستثنیٰ ہے۔ (قادری)

سعودی ثقافت

سعودی ثقافت کے بارے میں محمد عاصم لکھتے ہیں:

ظہران میں ٹیلی ویژن کے دو مرکز ہیں۔ ایک آرامکو کے ہیڈ کوارٹر میں اور دوسرا ایئر پورٹ پر ایئر پورٹ کے پروگرام صرف انگریزی میں ہوتے ہیں اور آرامکو کے انگریزی اور عربی دونوں میں۔ یہ پروگرام صرف علمی اور معلوماتی ہی نہیں ہوتے بلکہ ان میں ہر طرح کے پروگرام شامل ہوتے ہیں۔ عرب نوجوانوں پر جن کے پاس پیسہ وافر ہے اور وقت بھی فالتو ہے اور ان پر اخلاقی لحاظ سے بھی کوئی پابندی نہیں ہے ان پروگراموں کا جو اثر ہوتا ہوگا اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر والے سینما پر تو پابندی لگا سکتے ہیں لیکن ٹیلی ویژن سے عرب نوجوانوں میں جو مغربی تہذیب کی تقلید کے برے اثرات پھیلتے ہیں ان کی روک تھام کیسے ہوسکتی ہے(1)۔

سعودیہ میں عام سیر کی اجازت نہیں

سعودی عربیہ میں آزادانہ طور پر کہیں جانے کی اجازت نہیں ہے اس موضوع پر محمد عاصم لکھتے ہیں:

اس کے بعد میں اور چودھری صاحب وزارت داخلہ گئے جس کا دفتر ریاض کی بجائے مکہ معظمہ میں ہے، اس کے مدیر سے ملاقات ہوئی انہوں نے ہمیں بتایا کہ امیر مساعد کے نام پر ہم نے مدیر الامن العام (انسپکٹر جنرل پولیس) کو ہدایات بھیج دی ہیں آپ لوگ ان

1۔محمد عاصم سفر نامہ القرآن ص۷۶۔۷۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے ملیے مدیر الامن العام کے پاس آئے تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے تمام مقامات پر آپ لوگوں کو التسہیلات والارشادات الازمہ (ضروری ہدایات اور آسانیاں) بہم پہنچانے کے لئے تار روانہ کر دیئے ہیں اس لئے آپ لوگ پورے ملک میں جہاں چاہیں پھر سکتے ہیں کہیں دقت پیش آئے تو پولیس والوں سے مدد لیجئے...... یہ سب آسانیاں امیر مساعد کے تار کی وجہ سے حاصل ہوئیں ورنہ محض پاسپورٹ پر ایک اجنبی مسافر کے لئے سوائے ان مقامات کے جن کی تصریح اس کے پاسپورٹ پر کر دی گئی ہو۔ سعودی مملکت کے اندر گھومنا ممکن نہیں۔ جو لوگ عمرہ کے لئے جاتے ہیں انہیں صرف مکہ معظمہ، جدہ اور مدینہ منورہ میں گھومنے پھرنے کی اجازت ہوتی ہے (1)۔

ترکوں کی خدمات

ترکوں کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں:

ہم پہلے منیٰ گئے وہاں مسجد محصب اور مسجد الکبش اور بعض دوسری مساجد باہر ہی سے دیکھیں۔ مسجد محصب منیٰ کے راستہ میں ہے اور لوگوں کے کہنے کے مطابق اس جگہ بنی ہوئی ہے جہاں حجۃ الوداع سے واپس آتے ہوئے نبی اکرم ﷺ نے پانچ نمازیں ادا فرمائیں تھیں۔ مسجد الکبش منیٰ کے اندر ہے اور یہ اس جگہ بنی ہوئی ہے جہاں کے متعلق لوگوں میں مشہور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس جگہ مینڈھا ذبح کیا تھا یہ سب مسجدیں ترکی عہد کی بنی ہوئی ہیں۔ نجدی حضرات کے برعکس ترک اور اشراف مکہ بہت خوش عقیدہ واقع ہوئے تھے اس لئے ہر جگہ کوئی نہ کوئی مسجد بنا ڈالتے تھے جن کے متعلق انہیں یہ خیال پیدا ہو جاتا کہ یہاں فلاں واقعہ پیش آیا ہوگا اس لئے جن علماء نے مکہ معظمہ کے آثار کی تحقیق کی ہے وہ گھروں اور مسجد میں دارالارقم کی نسبت کو تو بڑی حد تک صحیح مانتے ہیں لیکن دوسرے آثار کی نسبت کو صحیح تسلیم نہیں کرتے (2)۔

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۵۱۔ ۱۵۰

2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۶۳

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

ترکوں پر مظالم

ترکوں کے ساتھ سعودیہ عربیہ کے حکام کا جو ظالمانہ رویہ ہے اس پر روشنی ڈالتے ہوئے محمد عاصم صاحب لکھتے ہیں: رات کو عشاء کے بعد ترک حضرات نے ایک جگہ ہماری دعوت کا اہتمام کیا، جس میں ان کے اکثر بزرگ اور علماء موجود تھے اس بہانے ہمیں ان کے ساتھ اطمینان سے مل بیٹھنے اور ان کے حالات سننے کا موقع ملا۔ بے چارے بڑی تکلیف اور کسمپرسی کی حالت میں ہیں، ان کی سب سے بڑی تکلیف یہ ہے کہ اگرچہ انہیں سعودی عرب میں رہتے ہوئے ایک مدت گزر گئی ہے مگر ابھی تک انہیں تائید (مستقل شہریت) نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے انہیں آئے دن دفتروں اور تھانوں کا چکر لگانا پڑتا ہے اور ہر سال اپنی مدت اقامت بڑھوانے کے لئے چالیس بیالیس ریال فی کس ادا کرنے پڑتے ہیں جب تک تابید نہ ہو۔ وہ عرب میں کسی جگہ شادی نہیں کر سکتے بلکہ اگر ان کا کوئی آدمی مر جائے تو عام قبرستان میں دفنانے میں بھی بڑی رکاوٹیں اور دقتیں پیش آتی ہیں۔ چینی ترکستان کے مہاجرین کو اس بات پر بھی مجبور کیا گیا کہ وہ چینی سفیر سے پاسپورٹ لیں اور پھر یہاں ویزا لے کر جب تک ویزا کی توسیع ہوتی رہے مقیم رہیں۔ مسلمان حکومتوں کے لئے مغربی تصور قومیت کی یہ تقلید اسلامی تصورات سے کوئی مناسبت نہیں رکھتی۔ اگر یہ لوگ کفار کے ظلم وستم سے تنگ آ کر مسلمان ملکوں میں پناہ نہ ڈھونڈیں تو اور کہاں ڈھونڈیں۔ اور مسلمان ملک بھی انہیں پناہ نہ دیں تو پھر ایمان کا رشتہ اخوت کیا معنی رکھتا ہے۔ یہ ترکستانی مہاجر درحقیقت اس زمانہ کے تمام مہاجرین سے زیادہ ہمدردی اور ہر قسم کی امداد کے مستحق ہیں اور لوگوں کی ہجرت میں تو کوئی اور جذبہ بھی کارفرما ہوسکتا ہے لیکن ان کی ہجرت کی وجہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ انہیں اسلام ہر چیز سے زیادہ عزیز تھا اور کمیونسٹوں کے غلبہ کے بعد وہ اپنے وطن میں رہتے ہوئے چونکہ وہ اپنے دین کو محفوظ نہ رکھ سکتے تھے اس لئے انہیں وہاں سے ہجرت کرنا پڑی۔ ایسے حالات میں انہیں سب سے بڑھ کر مسلمان ملکوں میں امان ملنا چاہئے تھی(1)۔

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۸۳۔ ۱۸۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

سعودیہ کا آثار و مشاہد کو مٹانا

حکومت سعودی نے جس طرح صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے آثار اور بزرگوں کے مقابر اور دینی مشاہد کو مٹایا ہے اس پر ہر طبقہ کے مسلمانوں نے افسوس اور رنج کا اظہار کیا ہے۔ محمد عاصم صاحب اور مولانا مودودی اگرچہ عقیدہ سعودیہ کے ہم مشرب ہیں، لیکن آثار صحابہ کے ساتھ سعودیہ کا یہ ظلم و ستم انہیں بھی متاثر کئے بغیر نہ رہ سکا، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

دارالارقم

مکہ معظمّہ میں جتنے دوسرے آثار اور مساجد ہیں، ان کی نسبت تاریخی لحاظ سے بہر حال یقینی نہیں ہیں، لیکن دارالارقم کی نسبت تاریخی لحاظ سے تقریباً یقینی اور قطعی تھی۔ یہ جس جگہ پر آج سے چند سال پہلے قائم تھا۔ تمام مسلمان بادشاہوں اور امراء نے اس کی اس لحاظ سے ہمیشہ حفاظت کی کہ یہ جس جگہ دارالارقم قائم تھا۔ ہر دور میں اس جگہ قرآن و حدیث کی تعلیم کا کوئی نہ کوئی سلسلہ جاری رہا۔ عمارتیں اگرچہ گرتی اور پھر سے بنتی رہی ہوں گی۔ لیکن بہر حال جگہ وہی رہی آخری عمارت جسے ہم نے ۱۹۴۹ میں خود دیکھا ہے غالباً نویں صدی ہجری کی بنی ہوئی تھی اس کے دروازے پر بھی دارالارقم لکھا ہوا تھا اور اس کے اندر بھی بڑے پتھر رکھے ہوئے تھے، جن میں سے ایک پر یہ عبارت کندہ تھی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فِیۡ بُیُوۡتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنۡ تُرۡفَعَ وَ یُذۡکَرَ فِیۡہَا اسۡمُہٗ

یُسَبِّحُ لَہٗ فِیۡہَا بِالۡغُدُوِّ وَ الۡاٰصَالِ ...... هكذا

رسول اللّٰه و دار الخيزران و فيها مبرء الاسلام

دوسرے پتھر پر عمارت کے بانی کی حیثیت سے ابوجعفر محمد بن علی بن ابی منصور الاصفہانی وزیر الشام والموصل کا نام کندہ تھا۔ ہمارے پہلے سفر کے زمانہ میں شیخ ابوالسمع، عبدالزاہد مرحوم (موجودہ خطیب حرم کے بڑے بھائی) کا درس قرآن و حدیث ہوا کرتا تھا۔ مگر اب وہاں کیا دیکھتے، افسوس کرتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔ تاریخی آثار سے سعودی حکومت کا تغافل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک ایسی چیز ہے جو عرب کی سیاحت کرنے والے ہر شخص کو بری طرح کھٹکتی ہے مشرکانہ افعال یعنی (وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ پر عمل کرنے والے لوگ جو شعائر اللہ کی تعظیم کرتے ہیں اور ایسے مقامات پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ سے استجابت کی توقع پر دعا کرتے ہیں۔ انہیں افعال کو وہابیہ مشرکانہ افعال قرار دیتے ہیں) (قادری) کو روکنا بالکل برحق مگر اسلام کے نہایت قیمتی آثار تاریخ کو ضائع کرنا کسی طرح درست نہیں ہے(1)۔

المعلیٰ کا قبرستان

کچھ اور آگے بڑھیں تو بائیں ہاتھ کو مکہ معظمہ کا قبرستان جسے المعلیٰ یا المعلات کہا جاتا ہے، آ گیا۔ المعلیٰ جاہلیت کے زمانہ سے آج تک اہل مکہ کا قبرستان ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نبی کریم ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب، چچا حضرت ابو طالب، اہلیہ مکرمہ حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور دوسرے تمام اعزہ یہیں دفن ہوئے ہوں گے اور بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور بعد کے صلحاء، فقہاء، محدثین کی قبریں بھی یہیں ہوں گی، لیکن ان کی جگہوں کا تعین قطعی ناممکن ہے نجدیوں کی حجاز میں آمد سے پہلے یہاں بہت سی پختہ قبروں پر بڑے شاندار قبے بنے ہوئے تھے جو اکابر صحابہ کی طرف منسوب کیے جاتے تھے اور لوگ ان پر طرح طرح کے نذرانے پیش کرتے تھے۔ نجدیوں نے آ کر ان تمام قبوں کو گرا دیا اور پختہ قبروں کو مسمار کر دیا۔ اب یہاں کوئی پختہ قبر نہیں ہے، اب بھی بعض قبروں کو بعض صحابہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ لیکن اس نسبت کی کوئی حقیقت نہیں ہے، اس قبرستان میں ایک جگہ پر حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب اور چچا حضرت ابو طالب کی قبروں کی نشاندہی کی جاتی تھی۔ لیکن سعودی حکومت نے ان قبروں کو بھی مسمار کر کے ان کے آگے پختہ دیوار بنا دی ہے تاکہ کوئی شخص اس دیوار سے آگے نہ بڑھ سکے(2)۔

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۵۳۔۱۵۲ 2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۰۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بیعت عقبہ

منیٰ کے وسط میں مسجد الخیف ہے اور یہ اس جگہ واقع ہے جہاں حجۃ الوداع کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے قیام فرمایا تھا اور صحابہ کرام کے ساتھ پانچ نمازیں ادا فرمائیں تھیں۔ جمرہ اولیٰ اور ثانیہ کے درمیان ایک چھوٹی سی مسجد ہے، جسے مسجد المنحر کہا جاتا ہے کہتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے اپنی قربانی کے اونٹ یہاں ذبح فرمائے تھے۔ لیکن اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ جمرہ عقبہ (جمرہ کبریٰ) سے کچھ پہلے ایک چھوٹی سی مسجد اور ہے جسے مسجد العشرہ کہا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ پہلے سال مدینہ کے جن آدمیوں نے نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی وہ یہاں جمع ہوئے تھے۔ جمرہ کے ساتھ ہی ایک اونچی سی جگہ تھی جس کے متعلق کہا جاتا تھا کہ یہ وہ جگہ ہے جہاں دوسرے سال مدینہ منورہ کے بہتر آدمیوں نے نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی اور جو تاریخ کی کتابوں میں بیعت عقبہ کے نام سے مشہور ہے اور اسی لئے اس جمرہ کا نام بھی جمرہ عقبہ رکھا گیا ہے۔ مگر یہ جگہ بھی اب نئی سڑک کے نیچے آ گئی ہے۔ حالانکہ بیعت عقبہ جیسے اہم واقعہ کی تاریخی یادگار کو ذرا سی توجہ سے محفوظ رکھا جا سکتا تھا(1)۔

مسجد ابن عباس

مسجد ابن عباس کے محل وقوع کو دیکھتے ہوئے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مسجد اس جگہ بنی ہوئی ہے جہاں محاصرہ طائف کے موقع پر مسلمانوں کا لشکر ٹھہرا ہوا تھا اور جنگ ہوئی تھی اس کے بالکل سامنے جنوب مغرب میں ان صحابہ کرام کی قبریں ہیں جو غزوہ طائف میں شہید ہوئے۔ لوگوں نے ہمیں بتایا کہ پہلے ان قبروں پر تختے بھی لگے ہوئے تھے لیکن اب یہ تختے مٹا دیئے گئے ہیں(2)۔

حنین

سیل کبیرہ پہنچ کر ہم نے عمرہ کا احرام باندھا اور کچھ دیر وہاں رک کر آگے روانہ ہوئے

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۵۹۔۱۵۸ 2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۸۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-ISLAMIA ACADEMY

طائف جاتے ہوئے ہمارا ڈرائیور بالکل جاہل تھا اس لئے وہ راستہ کی کوئی چیز ہمیں نہ بتا سکا۔ آتے ہوئے جو ڈرائیور ملا وہ قدرے پڑھا لکھا تھا۔ زیمہ اور شرائع کے درمیان سڑک کی دائیں طرف ایک کھلے میدان کے متعلق اس نے ہمیں بتایا کہ غزوہ حنین یہاں واقع ہوا تھا۔ ہم نے موٹر سے اتر کر متعدد تصویریں لیں، افسوس یہاں بھی کوئی علامت موجود نہیں (1)۔

البقیع

اسی روز عصر اور مغرب کے درمیان ہم مدینہ منورہ کے قبرستان البقیع کی زیارت کے لئے گئے جو مسجد نبوی سے مشرق کی سمت واقع ہے اور معمولی رفتار سے زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ کا راستہ ہے۔ پہلے بقیع جانے والے کو بہت سی گلیوں سے گزرنا پڑتا تھا۔ مگر اب حکومت نے مسجد نبوی اور بقیع کے درمیان کھلی اور پختہ سڑک بنادی ہے جس سے بقیع آنا جانا بہت آسان ہو گیا ہے۔ یہ قبرستان بھی جاہلیت کے زمانے سے اہل مدینہ کا قبرستان چلا آ رہا ہے۔ ترکوں کے دور میں یہاں بھی بہت سی پختہ قبریں اور ان پر خوبصورت قبے بنے ہوئے تھے، مگر نجدی حضرات نے شریف حسین کو شکست دے کر جب مدینہ منورہ پر قبضہ کیا تو یہاں کے اکثر قبے گرا دیئے اور قبریں توڑ دیں، لیکن بہر حال مکہ معظّمہ کے المعلات کی بہ نسبت یہاں پختہ قبروں کی تعداد اب بھی زیادہ ہے اور اس میں راستوں کا عمدہ انتظام ہے (2)۔

انہدام مشاہد و مآثر پر اہل عرب کے تاثرات

اگلے دن (۱۴ دسمبر) صبح کے وقت میں اور چوہدری صاحب مدینہ منورہ کے گورنر (امیر المدینہ) کے دفتر گئے۔ مدینہ کے گورنر ضابطہ کے لحاظ سے شاہی خاندان کے ایک شہزادہ ہیں لیکن وہ عملاً سارا سال نجد میں رہتے ہیں ان کے وکیل (سیکرٹری) عبد اللہ اسدھیری ان کی جگہ تمام فرائض انجام دیتے ہیں، اس لئے عموماً انہی کو امیر المدینہ کہا جاتا ہے۔ اسدھیری نجد کا ایک بارسوخ خاندان ہے۔ سعودی خاندان کی اس سے رشتہ داریاں بھی ہیں، اس لئے اس کے بہت سے افراد کئی جگہوں مثلاً تبوک، الجہ اور حائل کے امیر یا

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۱۸۵۔ ۱۸۴ 2۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۲۳۷۔ ۲۳۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

وکیل الامیر ہیں۔ مدینہ میں جس عمارت میں امیر کا دفتر ہے، نہایت خستہ اور پرانے طرز کی عمارت ہے اس کی اب تک قسمت نہ جاگنے پر ہمیں تعجب ہوا امیر عبداللہ اسدھیری سے ہماری ملاقات نہ ہو سکی، ان کے وکیل جو ان کے بڑے صاحبزادے ہیں، سے ملاقات ہوئی، انہوں نے مغرب کے بعد مولانا کو اپنے والد کے ہاں آنے کی دعوت دی۔ مغرب کے بعد ہم ان کے ہاں گئے، نہایت سادہ لیکن باخبر قسم کے آدمی معلوم ہوئے۔ اسلامی آثار کی حفاظت سے غفلت پر افسوس ظاہر کرتے رہے اور اس کے مقابلہ میں یورپ اور امریکہ والے جس طرح اپنے آثار کی حفاظت کرتے ہیں اس پر رشک کرتے رہے(1)۔

صحابہ اکرم کی قبروں کے بارے میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ ان کے نزدیک قبروں پر حاضر ہونا پھول چڑھانا یہ سب کچھ تو شاہ سعود کی حکومت کے نزدیک بدعت تھے، لیکن کیا کافروں کی قبر پر حاضری دینا اور پھولوں کی چادر چڑھانا یہ ان کے نزدیک بدعت نہ تھا۔ یہ عین کارثواب تھا ہم نہیں کہتے روزنامہ کوہستان سے سنئے۔

سعودی عرب کے وزیر دفاع امیر فہد بن سعود (موجودہ ولی عہد) نے جو شاہ سعود کے ہمراہ امریکہ آئے ہیں کل امریکہ کے پہلے صدر جارج واشنگٹن کی قیام گاہ کی سیر کی۔ بارش کے باوجود انہوں نے پائیں باغ کی سیر کی اور جارج واشنگٹن کی قبر پر پھول چڑھائے(2)۔

یہ تو ایک شہزادے کا عمل تھا اب خود بادشاہ کا کتاب وسنت پر عمل ملاحظہ فرمائیں نوائے وقت لکھتا ہے:

واشنگٹن یکم فروری آج صبح شاہ سعود پوٹومک دریا عبور کر کے ارلنگٹن قبرستان گئے اور گمنام سپاہی کی قبر پر پھول چڑھائے(3)۔

اس کے علاوہ ایک اور نقطہ نظر سے دیکھئے۔ اسلامی مقابر، مآثر اور مشاہد کے ساتھ شاہ سعود کے مظالم کی داستان آپ نے ملاحظہ فرمائی کہ کس طرح ان کی حکومت نے المعلی اور

1۔ محمد عاصم سفرنامہ القرآن ص ۲۱۸۔ ۲۱۷
2۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۴۱) روزنامہ کوہستان لاہور ۲ فروری ۱۹۵۷ء
3۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۱۴۱) روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲ فروری ۱۹۵۷ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

البقیع کے قبرستان ویران کئے۔ صحابہ کرام اور حضور ﷺ کے اعزہ کے نشانات تک مٹا دیئے گئے۔ اسلامی آثار اور مشاہد کو پیوند زمین کر دیا گیا۔ کیونکہ اگر یہ سب کچھ نہ کیا جاتا، تو شاہ سعود کے نزدیک توحید مجروح ہو جاتی اور رسالت کا پیغام مرجھا جاتا۔ آیئے ہم آپ کو اسلامی مآثر و مشاہد کی ویرانی کے مقابلہ میں شاہ سعود کے محلات کی سدا بہار بساط عشرت و نشاط دکھلائیں۔ دیکھیئے صحابہ کرام اور اعزہ رسول کے مآثر کو ویران کرنے والا یہ بادشاہ اپنے محلات کو بیگمات اور کنیزوں کے غول کے غول سے کس طرح شاداب رکھتا ہے، شاید اس کے نزدیک اس کے اس کسروانہ کردار سے نہ توحید کے تقاضے مجروح ہوتے ہیں اور نہ پیغام رسالت میں کوئی فرق آتا ہے۔

شاہ سعود کی حیرت خیز عیاشیاں

شاہ سعود کا دورۂ امریکہ

روزنامہ کوہستان لکھتا ہے:

امریکہ کی صنعت موٹر سازی کے مرکز کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ وہاں سعودی عرب کے حکمران شاہ سعود کے لئے خاص قسم کی ساٹھ کیڈلاک کاریں تیار کی جارہی ہیں۔ ان کی مجموعی لاگت دس لاکھ ڈالر ہوگی۔

شاہ سعود جب واشنگٹن پہنچے تھے، تو صدر آئزن ہارونے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں اسلام کے مقدس مقامات کے کسٹوڈین کی حیثیت سے امریکی عوام کے سامنے پیش کیا تھا۔ اب امریکی عوام بجا طور پر کہتے ہوں گے کہ مسلمانوں کے عیش و عشرت کے جو افسانے تاریخوں میں بیان کئے گئے ہیں وہ صحیح ہیں، کیونکہ بیسویں صدی کا ایک ''مسلمان'' حکمران اب بھی اتنا مسرف اور فضول خرچ ہے کہ وہ ہر سال ایک نیا محل تعمیر کرواتا ہے اور ہر سال لاکھوں ڈالر کاروں پر صرف کرتا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شاہ کے محلات کی تعداد بیالیس تک پہنچ گئی ہے۔ گراں قدر تحفہ تحائف دینے میں وہ پچھلے بادشاہوں کو بھی پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔

امریکہ کے مشہور میگزین ٹائم نے امریکی عوام سے شاہ کا جس انداز سے تعارف کرایا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہے اس سے شاہ سعود کی شخصیت کے ساتھ اسلام اور قرآن کو بھی مجروح کیا گیا ہے۔ مثلاً ٹائم کہتا ہے کہ سعودی عرب میں غلامی اس لئے جائز ہے کہ اسلام اس کو جائز قرار دیتا ہے حرم عورتوں سے اس لئے بھرے ہوئے ہیں کہ اسلام اس عیاشی اور ہوسنا کی پر اعتراض نہیں کرتا۔ وہاں جمہوریت کنسٹیٹیوشن اور اسمبلی اس لئے نہیں ہے کہ اسلام ان امور کے بارے میں خاموش ہے۔

ہمارے نزدیک یہ باتیں گمراہ کن ہیں۔ سعودی عرب کا نظام حکومت شخصی اور جابرانہ ہے اس کا اسلام سے دور کا بھی تعلق نہیں۔ اسلام کے نزدیک مسلمان حکمرانوں کے لئے یہ کسی طرح جائز نہیں ہے کہ وہ گزر بسر سے زیادہ سرکاری خزانے پر بار ڈالیں، اس بارے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا طرز عمل اسلام کے عین مطابق تھا۔

آج شاہ سعود جس ملک پر حکومت کر رہے ہیں۔ وہاں اسلام کے عہد اول میں مسلمان ایسے خوشحال تھے کہ لوگ زکوٰۃ، صدقے اور خیرات کی رقوم اور اشیاء لئے پھرتے تھے، لیکن انہیں قبول کرنے والا کوئی نہ ملتا تھا، لیکن آج اس سرزمین کی تین چوتھائی آبادی زندگی کی ہر مسرت سے محروم ہے۔ اس کے برعکس شاہی خاندان شیوخ اور سعودی حکام ایسی کاروں میں پھرتے ہیں جو صدر امریکہ کو بھی نصیب نہیں۔ اور ایسے محلوں میں رہتے ہیں، جن میں رہنے کا تصور اس زمانہ کا کوئی حکمران بھی نہیں کر سکتا۔ قاہرہ، اسکندریہ کے مضافات لبنان کے خوبصورت علاقوں میں سعودی عرب کے شہزادوں کے محلات نہ صرف اپنے حسن و جمال، بلکہ عیش وعشرت کے لوازمات سے بھی بے نظیر ہیں۔

لیکن ظاہر ہے کہ ان باتوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ اسلامی نظام حکومت میں تو ایک حکمران کی اقتصادی حیثیت ایک عام مسلمان سے کسی طرح بلند نہیں ہوتی، اس کے باوجود امریکہ میں شاہ سعود کا جس انداز سے تعارف ہوا ہے اور جن شاہانہ اداؤں کا وہ مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اسے اسلام کی نمائندگی سے تعبیر کرنا ہمارے لئے انتہائی تکلیف دہ امر ہے(1)۔

1۔(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۵۵) روزنامہ کوہستان لاہور ۷ فروری ۱۹۵۷ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شاہ سعود نے بیسویں صدی کے دور میں صدیوں پرانی شاہی عیاشیوں کی تاریخ کو زندہ کر دیا تھا۔ ان کے حرم میں قانونی اور غیر قانونی بیویوں کی ایک بڑی تعداد اور کنیزوں کی لمبی کھیپ تھی۔ شاہ کی انہی عیاشیوں پر روزنامہ کوہستان شاہ سعود کی الف لیلوی شخصیت کا عنوان قائم کر کے لکھتا ہے۔

شاہ سعود کی الف لیلوی شخصیت

سعودی عرب کے مطلق الحکم بادشاہ سعود بن عبدالعزیز دنیا کے آخری تاجدار ہیں جن کے ہر فرمان کو قانون کی تقدیس کا درجہ حاصل ہے، موجودہ شاہ سعود سلطان ابن سعود کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں، سلطان نے اپنی تلوار کی نوک سے سعودی عرب کی حدیں متعین کی تھیں اور مغرب انگریزوں کے ساتھ تعاون کے پرزور حامی تھے۔ عربین امریکن آئیل کمپنی کے منافع میں سعودی خاندان کا پچاس فی صد حصہ ہے۔ شاہ سعود ریشمی لباس زیب تن کرتے ہیں۔ اپنے سر پر مخصوص عربی عمامہ پہنتے ہیں ان کی عادات واطوار میں اب بھی بعض الف لیلوی داستانوں کی باتیں موجود ہیں۔ آپ کے قریب کی نظر کمزور ہے اور اس لئے ہر وقت ایک سنہری فریم کا چشمہ لگائے رکھتے ہیں وہ اس چھپن سال کی عمر میں بھی شکار کھیلتے ہیں۔ بازوں اور عربی النسل گھوڑوں کا شوق رکھتے ہیں ان کی چار منکوحہ بیویاں ہیں، درجنوں عورتوں کو طلاق دے چکے ہیں۔ ان کے چالیس بیٹے ہیں، مگر اس معاملے میں وہ اپنے والد کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ ایک سو پچاس عورتوں کو اپنے رشتہ مناکحت میں لائے تھے اور ان کی کل اولاد چار سو پچاس تھی(1)۔

محل

کچھ عرصہ قبل شاہ سعود کو خیال آیا کہ ان کے حرم کے لئے سنگ مرمر کا ایک حسین وجمیل اور ایئر کنڈیشنڈ محل تعمیر ہونا چاہیے۔ یہ خیال آتے ہی انہوں نے اٹلی کے مشہور ماہر تعمیر سنیور آرسنبڈ وریزی کو حکم دیا کہ وہ ایسا عشرت کدہ تعمیر کرے جسے دیکھ کر الف لیلا کی داستانیں

1۔(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۱) روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ جنوری ۱۹۵۶ء

یاد آجائیں، لیکن وہ اس کی تعمیر کے اخراجات ادا کرنا بھول گئے۔ محل کی تعمیر پر ۴۹ ہزار پاؤنڈ (دس لاکھ روپیہ لاگت آئی تھی)

اسی سلسلے میں نوائے وقت لکھتا ہے:

سنور بریزنی نے بتایا کہ میں اس سلسلہ میں دوبارہ سعودی عرب گیا تھا۔ میرے ہمراہ میرا بیٹا اور میرے دو کاریگر بھی تھے وہاں جا کر مجھے معلوم ہوا کہ شاہ سعود ایک محل کی بجائے ایک بہت بڑا قلعہ سا تعمیر کرانا چاہتے ہیں جو چالیس عمارتوں پر مشتمل ہوگا اور ہر عمارت دوسری عمارت سے برساتی کے ذریعے ملحق ہوگی اس میں ان کی چار منکوحہ بیویوں اور اسی لونڈیوں کے لئے ایک حرم بھی ہوگا۔ یہ پورا قلعہ تقریباً ۴ لاکھ مربع گز میں پھیلا ہوا ہوگا۔ اس سلسلے میں ہمیں زمین کے ایک بہت بڑے قطعہ کو ہموار کرنا پڑا۔ میں نے اور میرے مددگاروں نے اس منصوبہ پر اٹھارہ مہینہ کام کیا (1)۔

یہ تو بیرونی محل کا ایک اجمالی نقشہ تھا۔ اب محل کے اندرونی حصہ کی کیفیات کو ایک واقف کار امریکی خاتون نے بیان کیا جو نوائے وقت نے چھاپ دیا ہے۔

اندرون محل

ایک امریکی خاتون شاہ سعود کے حرم میں داخل ہوئی اس نے جو کچھ دیکھا۔ ذیل میں اس کے مضمون کے بعض اقتباسات درج ہیں۔ امریکی خاتون لکھتی ہے کہ: میں محل میں ایرانی قالین پر چلتے ہوئے ایک وسیع کمرہ میں پہنچی جو کسی بڑے ہوٹل کے ہال روم سے کم نہ تھا۔ اس کمرہ میں ایک دبیز قالین بچھا ہوا تھا جو فرش زمین سے کئی انچ اونچا تھا۔ مجھے بتایا گیا کہ یہ حرم کا دربار ہال ہے اور شاہ ہر شام اپنی بیویوں کے ساتھ خوش گپیوں میں صرف کرتے ہیں۔ اس ہال میں نقش ونگار سے مرصع بہت سی گدیلی سنہری کرسیاں قطاروں میں بچھی ہوئی تھیں۔ قریب ہی ایک منقش سنہرا کام دار صوفہ رکھا ہوا تھا۔

شاہ کی بیگمات اونچے گلے کے موردار کرتے پہنے ہوئیں تھیں جن کا کپڑا انہایت منقش

1۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۲۲) روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲ مئی ۱۹۵۸ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تھا۔ لباس میں جواہرات بکثرت لگے ہوئے تھے اس کے ساتھ انہوں نے عام قسم کے دھاری دھار موزے بھی پہن رکھے تھے۔ یہ بیگمات سونے کے زیورات اور جواہرات سے اس قدر لدی ہوئی تھیں کہ یقیناً وہ ان کا خاصا بوجھ محسوس کرتی ہوں گی۔ گلہ، کان، گردن، ہاتھ کی کلائی اور کمر سب سونے اور انتہائی بیش قیمت جواہرات کے زیورات کے بوجھ تلے دبے ہوئے تھے۔ ایک ایک انگلی میں انہوں نے کئی کئی انگوٹھیاں پہن رکھی تھیں۔ وہ میک اپ کا جل سرخی وغیرہ سے پرانے وقتوں کے ہالی وڈ کی ساکن پکچروں کی ہیروئن لگتی تھیں، ان کے عطر اتنے تیز تھے کہ ان کی بو میرے لئے شروع میں بڑی ناگوار تھی۔

شاہ سعود کی چار بیویاں ہیں ان چار بیویوں کے علاوہ باقی سابق بیویاں اور لونڈیاں ہیں۔ مجھے معلوم ہوا کہ شاہ سعود کی سترہ قانونی سابق بیویاں ہیں اور حرم میں ان کے لئے علیحدہ جگہ مقرر ہے۔ بعض اوقات شاہ اپنے منظور نظر شیوخ کو اعزاز دینے کے لئے اپنی کسی سابق بیوی کو اس کے نکاح میں دیتے تھے۔

حرم میں لونڈیاں بھی ہیں اور لونڈیوں کے لئے بھی علیحدہ علیحدہ کوارٹر موجود ہیں۔ حال ہی میں حرم میں داخل ہونے والی عورتوں کی تعداد دس سے ساٹھ تک بتائی جاتی ہے۔ سفارتی حلقوں کے مطابق شاہ کے پچیس بیٹے ہیں۔ بیویوں کی تعداد نامعلوم ہے ہر لڑکے کے لئے علیحدہ موٹر اور ڈرائیور موجود ہے۔ شاہ نے اپنے کمرے میں جدید طرز کی بجلی کی گھنٹیاں لگوائیں۔ مگر چونکہ شاہ کی نظر کمزور ہے وہ غلط بٹن دباتے تھے۔ وہ جس بیوی کو بلانا چاہتے اس کی جگہ اور آجاتی۔ شاہ کا غسل خانہ ایک بہت بڑے کمرہ اور خاص سونے کی منگر پر مشتمل تھا۔ محل کا دروازہ منقش تھا جہاں رائفل پر سنگین چڑھائے ایک سنتری پہرہ دے رہا تھا۔ شاہ کی ایک بیگم نے ایک طلائی مردانہ گھڑی جس کے ڈائل پر شاہی نشان بنا ہوا تھا مجھے تحفتہً دی۔

شاہ خرچیاں

اسی عنوان کے تحت روزنامہ کوہستان لکھتا ہے:

شاہ سعود جس بحری جہاز سے امریکہ پہنچے اس سے اترتے وقت موصوف نے جہاز کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

اراکین کو ۲۰ ہزار ڈالر کی بخشش دی۔ عملہ کے ہر رکن کو دوسو سے چار سو ڈالر تک بخششیں ملی۔ اس نقد رقم کے علاوہ شاہ نے انہیں سونے کی گھڑیاں بھی دیں۔ جہاز کے کپتان کو ایک بیش قیمت گھڑی ملی۔

یہ خبر شاہ سعود کی شاہ خرچیوں کی ایک ادنیٰ سی مثال ہے جو شاہانہ ادائیں وہ قیام امریکہ کے دوران دکھائیں گے، ان کے تذکرے کچھ دنوں بعد آئیں گے، مگر شاہی خاندان کے دوسرے افراد جو کچھ کرتے ہیں وہ خالص الف لیلوی داستان کی باتیں ہیں اور مزے کی بات یہ ہے کہ اس خاندان کی نجدی مملکت میں ابھی درسگاہوں اور مہذب زندگی کی دوسری ابتدائی ضروریات کا تصور بھی نہیں پیدا ہوسکا(1)۔

شاہ خرچیوں کی شہرت

روزنامہ کوہستان لکھتا ہے کہ:

سعودی عرب کے شاہی وہابی خاندان کی مسرفانہ عیاشیوں کی داستانیں بڑی عام ہیں۔ شاہی خاندان کو تیل کے ذخائر سے کروڑوں ڈالر کی سالانہ آمدنی ہوتی ہے جس پر شاہی خاندان کے شہزادوں کا تصرف ہے ایک ایک شہزادے کے پاس کئی کئی مکلّف محلات اور کاریں ہیں۔ غیر ملکی بینکوں میں لاکھوں ڈالر کے حسابات کھلے ہوئے ہیں اور کچھ دنوں سے یہ افواہ بھی گرم ہے کہ نجدی شہزادے ریگستان کے خفیہ مقامات پر اپنی دولت چھپا رہے ہیں۔ شاہی خاندانوں کی مسرفانہ عیاشیوں کی داستانیں بڑی رنگین ہیں۔ جب کوئی شہزادہ سیر وسیاحت پر نکلتا ہے تو اس کے ہمراہ اعز وخدام کا پورا...... لشکر ہوتا ہے اور البیلے شہزادوں کا یہ گروہ ایک دن کی شاپنگ پر لاکھوں روپے ضائع کر دیتا ہے۔ یہ ہے اس ملک کے شاہی خاندان کی حالت جس کے عوام کی غربت دنیا میں ضرب المثل ہے جہالت، نکبت اور بیماری نے غریب عوام کو اپنے شکنجہ میں جکڑ رکھا ہے۔ میلوں تک کسی مدرسہ، ہسپتال اور متمدن زندگی کے کسی نشان کا پتہ نہیں چلتا(2)۔

1۔(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۲) روزنامہ نوائے وقت لاہور ۹۔ ۸ دسمبر ۱۹۵۷ء۔

2۔روزنامہ کوہستان ۵ فروری ۱۹۵۷ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۴)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شاہ سعود کا شاہانہ غرور

شاہ سعود ملک کی تمام دولت کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھتے تھے اور اپنے ملک کے عوام کو اپنا زرخرید غلام گردانتے تھے، ان کے پاس بے پناہ دولت تھی جس کے نشہ میں چور شاہ سعود کے سامنے اپنی ذات کے سوا کچھ نہ تھا(1)۔

اس سلسلے میں روز نامہ کوہستان لکھتا ہے:۔

دنیا کی سب سے زیادہ غیور جمہوری جاگیر دارانہ مملکت کا یہ تاجدار شاہ سعود مغرب کی سب سے بڑی جمہوریت امریکہ کا حیرت انگیز دوست ہے۔ شاہ سعود کسی پارلیمنٹ یا کونسل کے سامنے جوابدہ نہیں اور سعودی عرب کے کسی باشندے کو ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں۔ شاہ کے ایئر کنڈیشنڈ بلند قصر ایسی سرزمین پر تعمیر ہو رہے ہیں جہاں ایک تہائی آبادی اب بھی سیاہ خیموں میں خانہ بدوشی کی زندگی گزارتی ہے اور صرف پانچ فیصد باشندے اپنا نام لکھنا جانتے ہیں...... جب شاہ ابن سعود (والد سعود) کو تیل کی دولت ملی، تو ان کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ اس کا کیا جائے ملک کی ہر چیز بادشاہ کی ملکیت تھی اس لئے انہوں نے اس دولت کو بھی ذاتی دولت سمجھا۔ ان کے لڑکوں کو ساری دنیا کا سفر کرنے کے لئے بے شمار روپے ملتے تھے۔ قاہرہ کی ہر شبینہ کلب میں کوئی نہ کوئی سعودی شہزادہ رقص والی عورتوں کے جھرمٹ میں نظر آتا......ایک قصہ مشہور ہے کہ قاہرہ کی ایک کلب میں جو مصریوں کے لئے مخصوص تھی۔ ایک سعودی شہزادہ شراب میں مدہوش داخل ہوا اور چلا چلا کر کہنے لگا......اے سوئر کے بچوں تم شاہی خاندان کے ایک فرد کے سامنے کھڑے ہو کر تعظیم کیوں نہیں بجالاتے(2)۔

سعودی شہزادوں کے ٹھاٹھ باٹھ

روز نامہ کوہستان اس موضوع پر لکھتا ہے:

گزشتہ ماہ لبنان میں اس پر فضا پہاڑی مقام پر سیر و تفریح کی غرض سے سعودی عرب

1۔ روز نامہ کوہستان ۱۹ اکتوبر ۱۹۵۶ء (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۵)

2۔ (بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۶) روز نامہ کوہستان لاہور یکم فروری ۱۹۵۶ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ ULOOMI ISLAMIA ACADEMY

کے ۳۲ شہزادے آئے جن کی عمریں چار سے سولہ برس تک تھیں۔ ان بتیس شہزادوں کی دیکھ بھال کے لئے بتیس خدام بھی ان کے ہمراہ تھے اور ان کے پاس جدید ترین ماڈلوں کی پچیس کاریں تھیں ہوٹل والوں کو ہدایت کر دی گئی تھی کہ شہزادوں کے قیام وطعام میں شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ کا ثبوت دیا جائے۔ چنانچہ رات کے وقت ان کے لئے نروکی فلموں کی خاص نمائش کی جاتی اور مقامی رقص گاہ میں بھی ان کے لئے خاص پروگرام ترتیب دیئے جاتے۔ گزشتہ ہفتہ یہ تمام شہزادے اپنے وطن واپس چلے گئے، مگر ان کے اس مختصر سے قیام کابل ایک لاکھ ڈالر سے زیادہ بیان کیا جاتا ہے(1)۔

شاہ سعود کا زوال

شاہ سعود جس بیدردی کے ساتھ شاہی خزانے کو لٹا رہے تھے یہ حالت عربوں کے لئے زیادہ عرصہ تک قابل برداشت نہ تھی۔ چنانچہ اس موضوع پر محمد صدیق لکھتے ہیں:

شاہ سعود کے اسراف نے مالی بحران پیدا کر دیا تھا، معیشت تباہ ہو چکی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ شاہی خزانہ میں صرف ۳۱۷ ریال رہ گئے تھے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ سعودی عرب نے فرانس اور برطانیہ کا معاشی مقاطعہ کر رکھا تھا، جس سے معیشت پر برا اثر پڑا تھا۔ ملک میں تعلیم یافتہ طبقہ بھی جنم لے چکا تھا جو ملک میں اصلاحات کا خواہش مند تھا۔ امیر فیصل نے وزارت عظمٰی پر فائز ہوتے ہی کابینہ میں ضروری رد وبدل کیا اور وزارت خزانہ سمیت چار محکمے اپنی نگرانی میں لے لئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ایک ہی سال میں ملک میں توازن پیدا ہو گیا۔

اہم سرکاری قرضے ادا کر دیئے گئے اور کرنسی میں استحکام پیدا ہو گیا ادھر خارجی محاذ پر سعودی عرب نے غیر جانبداری کو ترجیح دی تاہم خارجہ تعلقات میں کوئی خاص تبدیلی نہ کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ جب ۱۹۵۸ء میں عراق میں انقلاب برپا ہوا تو سعودی عرب نے متحدہ عرب جمہوریہ کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا۔

امیر فیصل کے وزیر اعظم بننے سے عیاش افراد کا قافیہ تنگ ہونے لگا یہ لوگ قومی خزانہ

1۔(بحوالہ تاریخی حقائق ص ۸۷) روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ اگست ۱۹۵۷ء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

پر سفید ہاتھی بن کر بیٹھے تھے۔ ان کی اب ایک نہ چلتی امیر فیصل کے خلاف سازشیں ہونے لگیں۔ شاہ کے گرد خوشامدیوں کا حلقہ تنگ ہوتا گیا ان لوگوں میں شہزادے بھی تھے اور عام مصاحب بھی۔ اس طرح کشیدگی نے سر اٹھایا۔ دسمبر ۱۹۶۰ء میں کابینہ میں بحران پیدا ہوا۔ دو وجوہات فوری تھیں۔ قانونی ساز مجلس اور بجٹ اول الذکر کو شاہ کا قرب حاصل تھا۔ اچانک یہ مطالبہ پیش کیا گیا کہ آئین کی تشکیل کی جائے جو ایک نمائندہ مجلس تیار کرے۔ وزیراعظم کے نزدیک یہ مطالبہ قبل از وقت تھا، جہاں تک بجٹ کا تعلق تھا ان پر یہ لازم تھا کہ وہ آمدنی اور اخراجات کی مکمل تفصیلات شاہ کو پہنچایا کریں، لیکن وہ ایسا نہ کرتے کیونکہ وہ اس خیال سے متفق ہی نہ تھے کہ شاہ پھر سے قومی خزانہ دونوں ہاتھوں سے لٹانا شروع کر دیں۔ نتیجہ یہ کہ جنوری ۱۹۶۱ء میں امیر فیصل نے استعفیٰ دے دیا جسے شاہ نے فوراً منظور کر لیا۔ نئی کابینہ بنی تو شاہ خود وزیراعظم بن گئے۔ کابینہ کی اہم ترین شخصیت تیس سالہ امیر طلال تھے جنہیں وزارت خزانہ دی گئی۔ کابینہ میں شہزادوں کے علاوہ مغربی درس گاہوں کے تعلیم یافتہ شہری بھی لئے گئے۔ خاندان کے بااثر افراد نے شاہ سعود اور امیر فیصل کے درمیان مصالحت کرانے کی کوشش کی تاکہ آل سعود میں یگانگت قائم رہے۔ مارچ ۱۹۶۲ء میں امیر فیصل وزیراعظم بنا دیئے گئے۔

اب وزیراعظم فیصل زیادہ بااختیار تھے۔ انہوں نے حکمران خاندان کے اخراجات کم کرنے اور فلاح و بہبود کے کام انجام دینے کی کوشش کی انہوں نے یہ کوشش بھی کی بیرونی ممالک سے ملازمت کے لئے جو لوگ سعودی عرب کا رخ کرتے ہیں ان کی آمد سے سعودی باشندوں کے حقوق سلب نہ ہوں اور نہ ہی ان پر ایسا معاشرتی اثر پڑے جو سعودی روایات کے خلاف ہو۔ اس قسم کی پالیسی مصر، شام اور عراق سے آئے ہوئے کاریگروں کے معاملہ میں بھی اختیار کی گئی جو لامحدود تعداد میں سعودی عرب میں ملازمت کر رہے تھے۔ ۱۹۵۵ء میں کئی فلسطینیوں، شامیوں اور لبنانیوں کو سعودی عرب سے نکال دیا گیا(1)۔

1۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۵۴۔ ۵۳

شاہ سعود کی معزولی

اکتوبر ۱۹۶۲ء میں وزیر اعظم فیصل مصر ہی میں تھے کہ ملک کی مجلس اعلیٰ کا اجلاس ہوا اور فیصلہ ہوا کہ شاہ سعود کی حکمت عملی کی وجہ سے ملک تباہی کے کنارے آ پہنچا ہے اس لئے انہیں سبکدوش کر کے امیر فیصل کو فرماں روا بنایا جائے۔ اس مجلس میں سعودی خاندان کے بڑے اور جید علماء شامل تھے۔ مصر سے واپسی پر فیصل کو مجلس کے فیصلے کا پتہ چلا انہیں اس فیصلے سے اختلاف تھا، لیکن مجلس کے ارکان مصر تھے، انہوں نے شاہ سعود کو اپنے فیصلے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے حیص بیص سے کام لیا۔ مجلس نے پورے ملک کے علماء اور آل سعود کے تمام بزرگوں کا اجلاس طلب کر لیا، جو اکتوبر ۱۹۶۴ء کو شہزادہ خالد کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ دوسرا اجلاس مفتی اعظم کے مکان پر ہوا اور تیسرا صحرا ہوٹل میں ہوا جس میں ایک سو شہزادوں اور ستر علماء نے شرکت کی۔ شاہ سعود کو متفقہ طور پر برطرف اور فیصل کی بادشاہت کا اعلان کر دیا(1)۔

1۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۵۶

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

باب 11

شاہ فیصل کا دورِ حکومت

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

شاہ فیصل سعودی بادشاہوں میں سیاسی اعتبار سے سب سے زیادہ کامیاب حکمران ثابت ہوئے۔ ۲۹ اکتوبر ۱۹۶۴ء کو شاہ سعود کو معزول کر کے شاہ فیصل کو سعودی عرب کا بادشاہ بنا دیا گیا۔ جب شاہ فیصل نے اپنے عہد حکومت کا آغاز کیا، تو سعودی عرب قرضوں کی گرفت میں تھا اور عرب عوام کی اکثریت غربت اور افلاس اور جہالت میں اپنی زندگی گزار رہی تھی، لیکن شاہ نے قدرت کے عطیہ سیال تیل کی بدولت ملک کو قرضوں کی گرفت سے آزاد کیا اور تیل کی دولت سے اپنے ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر ڈال دیا۔

فیصل میدان عمل میں

محمد صدیق قریشی شاہ فیصل کے کارناموں کے بارے میں لکھتے ہیں:

فیصل ۲ نومبر ۱۹۶۴ء کو تخت نشین ہوئے، انہوں نے داخلی حکمت عملی میں اپنے عظیم والد کی تقلید کی۔ ان کے والد نے قبائلی عربوں کو متحد کر کے بزور شمشیر سلطنت قائم کی تھی اس سلطنت کو جہالت اور پسماندگی سے پاک کرنے اور اس کی معاشی، معاشرتی اور سیاسی ترقی سے ہمکنار کرنے کا جو بھی کام ہوا وہ شاہ فیصل کا مرہون منت ہے جب وہ برسر اقتدار آئے، تو خزانہ خالی ہو چکا تھا، لیکن ان کی تگ ودو سے وہ وقت بھی آیا، جب ملک کا ترقیاتی بجٹ ایک ارب چالیس کروڑ ریال تک پہنچ گیا۔ کسی نے سچ کہا ہے۔ دولت مند ہونا اور بات ہے اور خرچ کرنا اور بات ہے اس معاملہ میں شاہ فیصل اپنی مثال آپ تھے۔ دنیا میں بہت کم رہنما ایسے ہوں گے جو قومی دولت شاہ کی طرح استعمال کرتے ہوں۔ ان کے دور میں سعودی عرب نے معاشی اور معاشرتی شعبوں میں معجزنما ترقی کی ہے۔

بنیادی ضروریات

سعودی عرب مشرق وسطیٰ کا واحد ملک ہے۔ جہاں بے روزگاری بالکل نہیں۔ تمام لوگوں کو ملازمت کے بہترین مواقع میسر ہیں۔ عام طور پر ایک ہنرمند کارکن بیس روپے روزانہ اجرت لیتا تھا، لیکن بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر اب روزانہ اجرت (کم از کم پچاس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

روپے کردی گئی ہے۔اس کے باوجود کاریگر کی بے حد مانگ ہے(1)۔

تعلیم

اس موضوع پر محمد صدیق قریشی لکھتے ہیں:

شاہ فیصل نے سعودی عرب کو بتدریج بیسویں صدی میں لانے کی کوشش کی اس کے لئے انہوں نے تعلیم کا سہرالیااور تعلیم مفت اور لازمی قرار دی، نیویارک ہیرلڈ ٹربیون اکتوبر ۱۹۶۴ء کی ایک اشاعت میں رقم طراز ہے۔

سعودی عرب میں جب پہلے تیل دریافت ہواتو حکومت نے اسے محض آمدنی کا ذریعہ سمجھا،لیکن موجودہ حکومت کو پہلی مرتبہ احساس ہوا کہ یہ سیال سونا نہ صرف آمدنی کا ذریعہ ہے، بلکہ دنیائے عرب کی عظمت کے احیاء کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ چنانچہ حکومت نے موجودہ نسل کو تعلیم سے بہرہ ور کرنے کا ایک جامع اور ہمہ گیر پروگرام مرتب کیا ہے۔ ریگستانوں کوگلزار میں بدل دیا گیا ہےاور شہریوں کو ہر ممکن سہولت پہنچائی گئی ہے(2)۔

صحت عامہ

اس موضوع پر محمد صدیق قریشی لکھتے ہیں:

شاہ نے اپنے دور حکومت میں عام سعودی شہری کی زندگی میں ایک انقلاب برپا کردیا ......صدیوں سے زندگی کی بنیادی آسائشوں اور سہولتوں سے محروم لوگوں کو جدید زندگی کی سہولتیں بہم پہنچائیں۔قدرت نے سعودی عرب کو تیل کی بے پناہ دولت سے مالا مال کر رکھا ہے۔لیکن اس کے ثمرات سے عام شہریوں نے فائدہ شاہ کے دور ہی میں اٹھایا۔ شاہ نے اس دولت کا خاصہ حصہ رفاہ عامہ کے کاموں پر صرف کیا۔انہی میں ایک شعبہ صحت عامہ کا بھی ہے۔ہسپتال اور ڈسپنسریاں قائم کی گئیں۔جن میں سات ہزار بستروں کا انتظام کیا گیا۔کلینک اور فکسڑ یونٹ ان کے علاوہ ہیں۔گشتی شفاخانوں کا بھی خاطر خواہ انتظام کیا گیا۔جن میں جدید ترین آلات ہیں۔یہ گشتی شفاخانے قصبے قصبے جاتے ہیں، باقاعدہ اور

1۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۴۰۔۵۹ 2۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۴۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

منظم دورے کرتے ہیں۔اس طرح دور افتادہ علاقے کے لوگ طبی سہولتوں سے استفادہ کرتے ہیں۔حکومت کی طرف سے یہ بھی انتظام کیا گیا کہ ملک کے ڈاکٹر کسی بیماری کا علاج نہ کرسکیں، تو مریض سرکاری خرچ پر دنیا کے کسی بڑے ہسپتال میں بذریعہ طیارہ بھیجا جائے۔

۱۹۶۴ء میں سعودی عرب میں تقریباً ساڑھے ساٹھ لاکھ کی آبادی کے لئے ۴۳ ہسپتال ۱۶۷ ڈسپنسریاں اور ۲۵۲ ہیلتھ سنٹر تھے،لیکن اب ان کی تعداد میں معتدبہ اضافہ ہو چکا ہے۔انسدادی شعبہ میں ۳۳ قرنطینے اور بلڈ بینک قائم کیا گیا۔ملک کا اہم ترین قرنطینہ جدہ میں ہے۔جس کی تعمیر پر ایک کروڑ پچاس لاکھ ریال، یعنی ۳۳ لاکھ امریکی ڈالر خرچ ہوئے۔یہ قرنطینہ ایک شہر نظر آتا ہے۔اس کا مجموعی رقبہ ۲،۲۸۰۰۰ مربع میٹر ہے اور اس میں بیک وقت ۲،۴۰۸ افراد رکھے جاسکتے ہیں(1)۔

ذرائع آمدورفت

اس موضوع پر محمد صدیق قریشی لکھتے ہیں:

شاہ فیصل نے اقتدار سنبھالتے ہی جہاں زندگی کے دوسرے شعبوں کی ترقی میں گہری دلچسپی لی۔ وہاں ذرائع آمدورفت ، بندرگاہوں اور مواصلات پر بھی خصوصی توجہ دی۔ سعودی عرب کے جغرافیائی محل وقوع نے اس کی فوجی اہمیت بہت بڑھادی ہے۔ یہ مشرق و مغرب کے درمیان رابطہ کا کام دیتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اسے دنیا کے ہر خطہ سے منسلک کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔سڑکوں کی تعمیر میں ہر علاقہ کی ضروریات کو مدنظر رکھا گیا اور اس بات پر زیادہ دھیان دیا گیا کہ ان علاقوں میں سڑکوں کا خاطر خواہ انتظام ہو، جہاں زرعی اور معدنی پیداوار زیادہ ہوتی ہے،تاکہ اس پیداوار کو منڈیوں تک لانے میں کسی قسم کی کوئی دقت نہ ہو۔ ۱۹۶۵ء میں سعودی عرب میں سڑکوں کی کل لمبائی ۳،۲۲۷،۵۰۰ کلو میٹر تھی۔شاہ کے دور میں ۱۰،۰۰۰ کلومیٹر پکی سڑکیں تعمیر ہو چکی تھیں اور ان کے آخری دنوں میں ۲،۰۰۰ کلومیٹر لمبی سڑکوں کی تعمیر جاری تھی، چونکہ سعودی کا رقبہ بہت زیادہ ہے

1۔محمد صدیق قریشی   فیصل ص ۶۵۔۶۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور اکثر علاقہ غیر آباد ہے۔اس لئے اعلیٰ قسم کی سڑکیں بنانا مشکل کام ہے۔علاوہ ازیں ان کی تعمیر پر اخراجات بھی زیادہ اٹھتے ہیں، لیکن ان کے بغیر خاطر خواہ ترقی بھی ممکن نہیں، یہی وجہ ہے کہ شاہ نے سالانہ بجٹ کا ۳۰ فیصد حصہ ذرائع آمد و رفت کے لئے مختص کر رکھا تھا۔ حاجیوں کی سہولت کے پیش نظر جدہ، مکہ اور مدینہ کے درمیان پکی سڑکوں کا جال بچھا دیا(1)۔

مواصلات

اس ضمن میں محمد صدیق لکھتے ہیں:

پہلے ڈاک کا انتظام بھی معقول نہ تھا۔شاہ نے اسے بہتر بنایا۔ ۱۹۴۴ء میں ملک بھر میں ۳۰۳ پوسٹ آفس تھے جن کی تعداد میں معقول اضافہ کیا گیا، اور اب کئی جگہوں پر کمپیوٹر سے کام لیا جا رہا ہے۔ ۱۹۵۵ء میں ٹیلی فون سسٹم شروع ہوا، ۱۹۶۶ء میں ملک بھر میں ۲۴۲۰۰ ٹیلی فون تھے۔اب تو گھر گھر ٹیلی فون ہیں اور دنیا کے کسی بھی شہر سے فوری طور پر رابطہ قائم ہوسکتا ہے۔ٹیلی پرنٹر کی سہولتیں بھی عام ہیں(2)۔

معدنی وسائل

محمد صدیق لکھتے ہیں:

یہاں کی سب سے بڑی دولت تیل ہے جس پر آج کل سعودی عرب کا کلیۃً انحصار ہے ،تاہم ملک دیگر معدنی وسائل سے بھی مالا مال ہے۔ملک بھر میں جو سروے کیا گیا۔اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ زیر زمین دولت ہی دولت ہے۔ان دھاتوں میں کرومائٹ، ٹیٹینیم ،ابرتن، نمک اور جپسم شامل ہیں۔سونا بھی معقول مقدار میں پایا جاتا ہے۔ ۱۹۷۳ء میں شاہ کے حکم پر مختلف مطالعاتی گروپ قائم کئے گئے اور پٹرول اینڈ منرل تنظیم (پٹرومن) قائم کی گئی۔اس نے کامیابی کے ساتھ وسیع پیمانے پر معدنیات تلاش کیں(3)۔

1۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۶۶ 2۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۶۸۔۶۷
3۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۶۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صنعتیں

محمد صدیق رقم طراز ہیں۔

ملک میں وسیع پیمانے پر صنعتیں قائم کرنے کا منصوبہ بھی شاہ فیصل کی حکومت نے بنایا۔ دوسرے پنجسالہ ترقیاتی منصوبہ میں ٦ کروڑ ڈالر صنعت کاری کے لئے مختص کئے گئے ہیں۔ ١٩٦٧ء میں جدہ میں ٦٠ لاکھ ڈالر کی لاگت سے فولاد کا کارخانہ لگایا گیا۔ علاوہ ازیں ملک میں سیمنٹ، صابن، چینی، نمدے، کھجوروں کی پیکنگ کے ڈبے، ہلکے مشروبات اور صنعتی گیس بھی تیار ہوتی ہے۔ ١٩٦٩ء میں چار کروڑ پچاس لاکھ ڈالر کے سرمائے سے کماد کا کارخانہ لگایا گیا، جب امریکہ اور یورپ کی مختلف حکومتوں سے یہ کہا گیا کہ وہ صنعتیں لگانے میں سعودی عرب کو فنی امداد دیں، تو انہوں نے لیت و لعل سے کام لیا، کیونکہ مغربی طاقتوں کے اپنے مفاد پر ضرب پڑتی تھی(1)۔

تیل بردار جہاز

محمد صدیق لکھتے ہیں:

سعودی عرب پٹرولیم برآمد کرنے والے عرب ملکوں کی تنظیم اور اوپک دونوں کا اہم رکن ہے۔ سعودی عرب اس خیال کا زبردست حامی رہا ہے کہ تنظیم کے اراکین کا تیل بردار جہازوں کا اپنا بیڑہ ہوتا کہ اس طرح وہ دولت بچ سکے جو مغربی ملکوں کی جہاز راں کمپنیاں کرائے کی شکل میں لے جاتی ہیں۔ چنانچہ شاہ فیصل کے زمانہ میں تیل بردار جہازوں کی خریداری کا سلسلہ شروع ہوگیا(2)۔

ریڈیو اور ٹیلی ویژن

شاہ فیصل نے جدید ذرائع سے فائدہ اٹھانے کی بھی پوری کوشش کی۔ ١٩٦٦ء میں ملک بھر میں سات ریڈیو سٹیشن قائم ہوچکے تھے۔ ان سے عالمی سروس کا بھی اہتمام کیا گیا تاکہ دنیا بھر کے لوگ سعودی عرب کے بارے میں تازہ ترین حالات سے باخبر ہوتے رہیں۔

1۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ٦٩۔٦٨ 2۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ٧١

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

۱۹۶۰ء میں شاہ نے ٹیلی ویژن کا اجراء کیا اور ان کی وفات تک ملک بھر میں چھ ٹیلی ویژن اسٹیشن قائم ہو چکے تھے(1)۔

معیار زندگی

اس عنوان کے تحت محمد صدیق نے لکھا ہے:

شاہ برسر اقتدار آئے تو حکومت کو آرامکو کے بھاری قرضے ادا کرنے تھے۔ شاہ نے ایسے حسن تدبر سے کام لیا کہ سعودی عرب پوری دنیا کی مالیات پر چھا گیا۔ اس کی فی کس آمدنی آٹھ سو روپیہ سے تجاوز کر گئی شہریوں کو سستے داموں اناج و دیگر اشیاء ضرورت مہیا کی گئیں۔ سعودی عرب ریلوے کے مرحلہ سے نکل کر کاروں اور طیاروں کے مرحلہ میں پہنچ گیا۔ میلانز کے اخبار اوگی نے اپنی ۴ اگست ۱۹۶۴ء میں لکھا کیچڑ اور اینٹوں کے بنے ہوئے دیہات کے قریب تیل کے ''بخار'' نے ایک سراب سا پیدا کر دیا ہے۔ جدید شہر، پر تکلف ہوٹل، بین الاقوامی ہوا کی مستقر، اہم صنعتیں اور یونیورسٹیاں(2)۔

غیر ملکی سرمایہ کاری

محمد صدیق لکھتے ہیں:

شاہ کی حکومت نے کوشش کی کہ سعودی عرب سے زیادہ سے زیادہ ترقی کرے، تا کہ زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں تبدیلی ہو۔ غیر ملکی سرمایہ داروں کی توجہ سرمایہ کاری کی طرف مبذول کرانے کے لئے شاہ نے حکم دیا کہ انہیں فیکٹریوں کے لئے جگہ مفت دی جائے۔ پانچ سال تک انکم ٹیکس نہ لیا جائے۔ بشرطیکہ قومی سرمایہ بھی ۲۵ فیصد لگایا گیا ہو۔ فیکٹریوں کی مشینری، خام مال یا پیداوار پر کوئی درآمدی یا برآمدی محصول نہ لیا جاتا۔ اس حکمت عملی کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے اور دیکھتے ہی دیکھتے بے شمار فیکٹریاں نصب ہو گئیں(3)۔

1۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۷۲۔۷۱ 2۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۷۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

مالیاتی نظام

اس موضوع پر محمد صدیق لکھتے ہیں:

شاہ نے ملک کی باگ ڈور سنبھالی، تو مالی حالت بہت پتلی تھی اور جب شہید ہوئے تو تمام عظیم الشان منصوبوں کے فیاضانہ مصارف کے باوجود قومی خزانہ میں ۲۳ ارب ڈالر تھے۔ ۱۹۷۴ء میں سعودی عرب کو تیل کی فروخت سے ۲۸ ارب ڈالر کی آمدنی ہوئی۔ سعودی عرب میں مالی امور کی نگرانی سعودی عرب مالیاتی ایجنسی کرتی ہے۔ منصوبہ بندی، معاشی حکمت عملی اور سالانہ مالی امور کی تفصیلات یہی طے کرتی ہے اور انہیں پایہ تکمیل تک پہنچاتی ہے۔

سعودی عرب نے جدید بینک کاری میں بھی نمایاں ترقی کی ہے۔ مختلف بینکوں کی ۶۵ شاخیں ملک بھر میں جا بجا پھیلی ہوئی ہیں۔ بینکنگ کی تربیت کے لئے ٹریننگ سنٹر قائم کیا گیا۔ جہاں کمپیوٹر ایسی جدید ترین سہولت تک مہیا کی گئیں۔ صنعتوں کے فروغ کے لئے صنعتی بینک اور زراعت کی ترقی کے لئے زرعی بینک قائم کئے گئے جو چھوٹے صنعتکاروں اور کاشتکاروں کو آسان شرائط پر قرضے دیتے۔ تاہم قرضے لینے کی رفتار نہایت سست تھی۔ کیونکہ پرائیویٹ سیکٹر ہی سے سرمائے کی فراہمی آسانی سے ہو جاتی ہے۔

۱۹۷۱ء میں ادائیگیوں کے توازن میں ۸۰ کروڑ ڈالر فاضل تھے۔ حالانکہ گزشتہ دس برس کی مجموعی فاضل رقم ۹۰ کروڑ ڈالر تھی۔ اس سال کل قومی پیداوار ۱۶ فیصد سے تجاوز کر گئی۔ اس کی ایک وجہ تیل کی پیداوار اور قیمتوں میں اضافہ تھی۔ شاہ تیل کی پیداوار پر ہی کلیتہً انحصار پسند نہ کرتے تھے۔ اس ضمن میں انہوں نے کہا ہمارا قطعی نصب العین یہ ہے کہ ہم اپنی معیشت میں تنوع پیدا کریں اور تمام شہریوں کے لئے سودمند ملازمت یقینی کریں، تاکہ وہ ملک کی معاشی تاریخ میں حصہ لے سکیں(1)۔

۱۔ محمد صدیق قریشی فیصل ص ۷۵۔ ۷۴

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تیل سیال دولت

محمد صدیق قریشی اسی موضوع پر لکھ رہے ہیں:

تیل پیدا کرنے والے ممالک میں سعودی عرب سرفہرست ہے۔اس کے تیل کے ذخائر بھی سب سے زیادہ ہیں، لیکن اس کے باوجود شاہ کے حکم سے تیل کی مزید تلاش جاری ہے۔ربع الخالی جہاں لق ودق صحراء کے سوا کسی قسم کی زندگی نہیں اس کا مکمل سروے کیا گیا پہلے مرحلہ پر پانی کے گیارہ کنوئیں کھودے گئے۔اس لئے امید ہے کہ یہاں تیل بھی مل جائے گا۔مزید برآں جنرل پٹرولیم اینڈ منرل آرگنائزیشن قائم کی گئی اور اسے پیٹروکیمیکل صنعتیں لگانے کا کام سونپا گیا جن کے اس علاقہ میں فروغ کے بہت زیادہ امکانات ہیں۔ ان میں سے ایک آئل اینڈ گیس کارپوریشن آف پاکستان بھی ہے۔ ۱۹۸۰ء تک پانچ کارخانے قائم کرنے کا اعلان کیا گیا(1)۔

1۔محمد صدیق قریشی فیصل ص ۱۲۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اندرون سعودیہ کے بارے میں شورش کاشمیری کے تاثرات

شورش کاشمیری مسلک دیوبند کے نقیب پاکستان کے مشہور اہل قلم اور نامور صحافی تھے۔ انہوں نے شاہ فیصل کے دور حکومت میں ۱۹۶۹ء میں سعودی عرب میں چودہ دن گزارے اور ان تاثرات کو اپنی مشہور کتاب ''شب جائے کہ من بودم'' میں لکھ دیا۔ ہم اس کتاب کے بعض اقتباسات بلاتبصرہ نقل کرر ہے ہیں۔ یہ تاثرات دو قسم کے ہیں ایک طرف سعودی عرب کی پیرس اور نیو یارک کو مات کرنے والی شاہراہیں، فلک بوس عمارتیں اور پرشکوہ ہوٹل، دوسری طرف صحابہ کرام اور قرابت دار رسول کی قبروں کے ویرانے لیجئے پڑھیئے۔

سعودی عربیہ کا شکوہ

سعودی عرب کے شان وشکوہ کے بارے میں شورش کاشمیری لکھتے ہیں:

جدہ میں اب صرف دو چیزیں ہیں۔ ایک زبان دوسرے اذان باقی ہر چیز پر یورپ کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ عربوں کا خاص لباس بھی یہاں مخلوط ہو گیا ہے۔ قطع ہے وضع نہیں، وضع ہے قطع نہیں۔ وضع کا بھرم ماند ہے تو قطع میں رکھ رکھاؤ نہیں، غرض عرب تو ہیں، ہر قسم کے عرب، عاربہ بھی اور عرب مستعربہ بھی، لیکن ارض قرآن کے عرب اب آب وگل کے ایک نئے سانچے میں ڈھل گئے ہیں۔

وہ طوفانوں سے کھیلنے والے عرب تھے اور خود ایک طوفان تھے۔ یہ ساحل کے تماشائی عرب ہیں، جو کنارہ پر کھڑے خود ایک کنارہ ہو گئے ہیں۔ یہ کہنا مشکل ہوگا کہ ان کا ماضی سے کوئی رشتہ نہیں رہا، لیکن یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ان کا ماضی ان سے محروم ہو چکا ہے اور اس چراغ کی طرح ہو گیا ہے جو یادوں کے مزار پر بھولی بسری لو دیتا ہے۔

جدہ بحر احمر کی ملکہ ہے اس کی موجیں اس کے ساحل سے ضرور ٹکراتی اور پیچھے ہٹ جاتی ہیں۔ جہاز آتے ہیں اور نکل جاتے ہیں۔ کروڑوں روپیہ کا مال اتارا جاتا اور حجاز کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بازاروں میں بکتا ہے۔ ان عربوں میں کوئی طارق نہیں، جوان موجوں میں اتر جائے سفینوں کو آواز دے اور بادبان کھول دے۔ ساتھی کہیں ہم وطن سے دور ہیں لوٹیں گے کیونکہ؟(1)

ایک اور صفحہ پر لکھتے ہیں:

جدہ جو کبھی تھا اب نہیں رہا اور جو ہے، وہ بیروت کا ہم زلف ہے، عربوں کی دولت بیروت کے بعد یہاں نہال ہوتی ہے۔ ایک کملی مارکیٹ ہے۔ جہاں یورپ کی تہذیب اپنی مصنوعات سمیت فروخت ہوتی ہے۔ یورپ کی عیش طلبیوں نے جن چیزوں کو ایجاد کیا یہاں بہتات سے بکتی ہیں۔ کپڑا ہے تو اس کے بازار سجے ہوئے ہیں، ایک سے ایک بڑھ کر، خیالوں سے نازک کپڑا سوال روپیہ کا نہیں۔ تیل اور سونے نے عربوں کو اتنا پیسہ دے دیا ہے کہ سوال اب اس کے خرچ کرنے کا ہے۔ شیوخ عرب اور امرائے حجاز قیمت نہیں لگاتے۔ پیسہ لٹاتے ہیں۔ ان کی دولت خریدار ڈھونڈتی اور چوکڑی بھرتی ہے۔ جدہ کی ہر رات الف لیلیٰ کو محیط ہے۔ الف لیلیٰ کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ اس کے سوداگر محفلیں سجا کر اونٹوں کی قطار میں ساربانوں کے ہمراہ چلتے اور صحراؤں میں جوت جگاتے تھے، اب یہاں امویوں کے دمشق کی صبح نگارخانہ اور عباسیوں کے بغداد کی شب مے خانہ ہر لحظ جوان ہے۔ اس کی مارکیٹ بازار عکاظ کی روائیتوں کو جھلا چکی ہے اور سوق اعجاز کی حکایتوں سے کہیں آگے نکل گئی ہے۔ عربوں کی زمین کا روغن اور عربوں کے جسموں کا خون مغرب نے لگا تار کشید کیا اور اب تک کشید کر رہا ہے۔ جدہ کی عمارتیں کشیدہ قامت ہیں، کبھی عرب قد آور تھے۔ اب عمارتیں قد آور ہیں، جدہ ان کا نوشہ ہے اور یہ اس کے براتی (2)۔

اگلے صفحہ پر لکھتے ہیں:

ہر چند میں اس جستجو میں رہا کہ جدہ میں ارض قرآن کو تلاش کروں۔ افسوس ناکام رہا، ناقہ تلاش کیا، سیارہ (موٹر) پایا۔ بڑی بڑی کاریں ہمارے ہاں کی بنسبت پتنگوں کی طرح

1۔ شورش کاشمیری — شب جائے کہ من بودم — ص ۱۲۔۱۱
2۔ شورش کاشمیری — شب جائے کہ من بودم — ص ۱۶۔۱۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اڑتی پھرتی ہیں۔ لمبی لمبی ائرکنڈیشنڈ کاریں جو خود یورپ استعمال نہیں کرتا۔ یہاں خراٹے بھرتی ہیں(1)۔

مساجد کی کیفیت

مسجدوں کے بارے میں لکھتے ہیں:

مسجدیں بھی ہیں، لیکن ایک دو مسجدوں کے سوا کوئی مسجد پرشکوہ نہیں، ان دو مسجدوں پر شکوہ کا لفظ وارد نہیں ہوتا۔ مسجد حنفی بھی ہے۔ مسجد مالکی بھی ہے۔ مسجد شافعی بھی اور مسجد عکاشہ بھی۔ مدینۃ الحجاج میں بھی خوبصورت مسجد بنی ہے، مگر ان مسجدوں میں ایک فرض کا احساس ضرور ہوتا ہے۔ کسی شکوہ کا نہیں۔ کپڑا مارکیٹ کے بغل میں ایک ٹیڑھی، میڑھی گلی ہے۔ اس گلی میں ایک چھوٹی سی مسجد ہے، اس طرح کی مسجد، جیسی مسجدیں ہمارے ہاں دیہات میں ہوتی ہیں۔ بدویت کی یادگار! لیکن قد آور عمارتوں کے پہلو میں اس کا وجود الف کے ساتھ ہمزہ کی طرح ہے، ان مسجدوں پر بلند مینار نہیں، یہ ادھر ادھر کی سنگی عمارتوں کو اس طرح ٹکر ٹکر دیکھتی ہیں جس طرح خدمت گار عورتوں کے بچے مالکن کی بہو کے سولہ سنگار کو دیدے پھاڑ کر تکا کرتے ہیں(2)۔

مآثر ومشاہد کی کیفیت

مآثر، مقابر اور مشاہد کے بارے میں لکھتے ہیں:

سعودی حکومت نے عہد رسالت کے آثار صحابہ کرام کے مظاہر اور اہل بیت کے شواہد اس طرح مٹا دیئے ہیں کہ جو چیزیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر محفوظ کرنی چاہئے تھیں وہ ڈھونڈ کر محو کر دی گئی ہیں۔ کہیں کوئی قبر یا نشان نہیں لوگ بتاتے اور ہم مان لیتے ہیں۔ حکومت کے نزدیک ان آثار ونقوش اور مظاہر ومقابر کا باقی رکھنا بدعت ہے۔ عقیدہ توحید کے منافی ہے۔ سنت رسول کے خلاف ہے۔ لیکن عصر حاضر کی جدت، جدہ ہی میں نہیں۔ پورے حجاز میں موجود

1۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۸۔۱۷

2۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہے۔ بلکہ بڑھ کر پھیل رہی ہے۔ کیا قرآن وسنت کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا؟ شاہ فیصل کی تصویریں ہوٹلوں میں لٹک رہی ہیں۔ انہیں حکومت نے خود مہیا کیا ہے۔ ایئر پورٹ پر اترتے ہی شاہ فیصل کی تصویر پر نظر پڑتی ہے۔ قہوہ خانوں اور ریستورانوں میں ان تصویروں کی بہتات ہے، لیکن اس میں کوئی بدعت نہیں! بدعت اسلاف کی یادیں بنانے اور باقی رکھنے میں ہے؟

اب امرائے حجاز، شیوخ عرب اور خاندان شاہی سونے اور چاندی کے تار سے کھینچے ہوئے ریشم میں تلتا اور قسما قسم کے گدوں پر سوتا ہے(1)۔

کسٹم

کسٹم کے انتظامات کے بارے میں لکھتے ہیں:

شراب، چرس اور کتاب تینوں پر کسٹم کی نگاہیں رہتی ہیں۔ لطف یہ کہ کتاب یا رسالہ کسٹم سنسر نہیں کرتا، وہ محکمہ تعلیم کے پاس جاتا ہے اور محکمہ تعلیم کے ارکان کی مرضی ہے کہ وہ مہینوں میں اور ہفتوں میں سنسر کریں، چاہے روک لیں، چاہے پاس کر دیں۔ میں اپنے ساتھ علامہ اقبال کے خطبات وکلمات کا مجموعہ فیضان اقبال لے گیا تھا، لیکن روک لیا گیا۔ میں پندرہ روز رہ کر واپس آ گیا۔ 'فیضان اقبال' سنسر نہ ہو سکا کتابیں ان کے سنسر آفس میں کوڑا کرکٹ کی طرح پڑی رہتی ہیں۔ قرآن پاک کے ترجمے بھی ان میں گڈمڈ ہوتے ہیں۔ کوئی تخصیص یا کوئی احترام نہیں، بس جو شخص وہاں بیٹھا ہے۔ اس کی مرضی کا نام سنسر ہے اور اس کی فرصت کا نام وقت، میں نے کسٹم کے مہتمم سے بہتیرا کہا کہ ان کتابوں میں کوئی بات مضر نہیں۔ یہ تو اس شخص کے کلمات کا مجموعہ ہے۔ جو حجاز کے عشق میں گندھا ہوا تھا، لیکن اس نے پٹھے پر ہاتھ ہی نہ دھرنے دیا۔ آخر فیضان اقبال کے تمام نسخے وہیں چھوڑے(2)۔

1۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۲۳

2۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۲۹

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شرک اور عشق کا فرق

اس موضع پر لکھتے ہیں:

میں نے سہیل سے کہا آخر اس بے توجہی اور آثار فراموشی کی وجہ کیا ہے؟ جس جگہ قرآن، سیرت اور حدیث و تاریخ نے محفوظ کر لیا ہے، وہ بے اعتنائی کی مستحق ہے؟ اگر یہ چیزیں مکہ سے نکال دی جائیں، تو مکہ کے پاس کیا رہ جاتا ہے۔ بیت اللہ نے مکہ کو معراج بخشا لیکن اس معراج کو جس صاحب معراج کی معرفت ہم نے پہچانا اور مکہ ہمیشہ کے لئے ام القریٰ ہو گیا، اس کے آثار و نقوش نہ ہوتے، تو مکہ میں کرہ ارضی کے انسان کے لئے کیا کشش تھی؟ یہ چیزیں تو بیت اللہ کے حاشیے ہیں۔ عربوں کو احساس ہی نہیں کہ ان کے شرف و امتیاز کو انہی چیزوں نے زندہ کر رکھا ہے، یہ سب جس آقا کے دم قدم سے ہے، وہی آقا عربوں کو ابد الآباد تک اعزاز دے گیا ہے۔ محمد ﷺ عربی نہ ہوتے تو عربوں کی تاریخ اس کے سوا کیا تھی کہ اور قوموں کی طرح وہ بھی ایک تھے۔ حج اور عمرہ نے طلوع قیامت تک عربوں کی معیشت قائم کر دی ہے۔ ان کے بازاروں کی رونق فخر موجودات کی ذات ہے کہ لوگ ان کے عشق میں ان کی دعوت پر کھچے آتے اور مہمان ہو کر میزبانی کرتے ہیں؟

میں نے سہیل کو یاد دلایا کہ آل سعود کی حکومت یورپ کی ہر چیز سے متمتع ہو رہی ہے حتیٰ کہ طبیعت نوجوان رکھنے کا یہ سامان یہاں موجود ہے، لیکن جس علم نے یورپ کی بالادستی قائم کی ہے اور اس نے جوڑ بٹور کر اپنی تاریخ گھڑ لی ہے، وہ علم عربوں کے ہاں حقیقی مآخذ سمیت موجود ہے اور عرب ہیں کہ اپنی تاریخ اپنے ہاتھوں مٹا رہے ہیں۔ یورپ کا مزاج یہ ہے کہ وہاں علم کھنڈر تلاش کر رہا ہے اور جستجو ویرانے کھود رہی ہے۔ لیکن ہم تاریخ کی اس دولت سے جو سرور کونین کے سوانح و افکار پر روشنی ڈالتی ہے اور عظیم المرتبت صحابہ کے حالات و کوائف سے آگاہ کرتی ہے ایک ایسا برتاؤ کر رہے ہیں کہ اس پر اغماو استبداد دونوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ یہ تاریخ و عشق دونوں سے زیادتی ہے۔ سعودی حکومت قرن اول کی حکومت نہیں۔ آج کی بادشاہت ہے۔ بادشاہت منشاء نبی نہیں، قیصر و کسریٰ کی یادگار ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کہ ہم نے اپنے لئے اسے مشرف بہ اسلام کرلیا ہے۔

سہیل کو اصرار تھا کہ یہ "بے حرمتی" شرک کی خرابیوں کا ردعمل ہے، لوگوں نے ان جگہوں کو معابد بنالیا اور معبود حقیقی سے ہٹتے جارہے تھے۔ ان کے لئے بیت اللہ سے زیادہ بیعت رضوان کا درخت عزیز تھا کہ جس کے ہاں بچہ نہیں ہوتا، وہ عورتیں اس سے لپٹ کر دعا مانگتی تھیں۔

میں نے سہیل سے کہا یہ کہانی صحیح بھی ہو تو اس سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ وہ چیزیں مٹادی جائیں، جو بہرحال تاریخ کی یادگار ہیں۔

آخر خانہ کعبہ اور مسجد نبوی بھی تو آثار ہیں؟ صفا و مروہ بھی تو شعائر اللہ ہیں، مزدلفہ کیوں جاتے ہیں؟ منیٰ کیوں پہنچتے ہیں؟ عرفات کیا ہے، جمرۃ العقبیٰ، جمرۃ الوسطیٰ اور جمرۃ الاولیٰ کیا ہیں؟ آثار ہیں جو رسمیں وہاں ادا کی جاتی ہیں، وہ مظاہر ہیں...... انہیں عقیدہ کی بنا پر محفوظ کیا گیا، تو یہ عقیدہ جس کی معرفت ہم تک پہنچا اور جس نے ملت تیار کی بہ قول اقبال دین اللہ کی طرف سے آتا ہے اور ملت پیغمبر بناتے ہیں۔ اس عالیشان پیغمبر کا مولد و مسکن، اس کی دعوت کے مراکز منازل اور نزول وحی کے محور و مہبط کیوں نہ محفوظ کئے جائیں۔ اس کے سانچے میں ڈھلے ہوئے انسانوں کی یادگاریں کیوں نہ باقی رہیں؟ یہ سب یادگاریں انسانوں کی ہیں جو تاریخ کے دھارے کو ابدالآباد تک موڑ کے زندہ جاوید ہوگئے۔ جن کا نام اور کام صحیح قیامت تک زندہ رہے گا۔ جن کے لئے تمام عزتیں ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اہل بیت تھے۔ وجدان جنہیں عشق کی آنکھوں سے اب بھی چلتا پھرتا دیکھتا ہے۔ ان کے آثار محفوظ نہ رہیں۔ تو پھر کون سی چیز محفوظ کی جائے گی۔ سعودی حکومت نے شرک (سعودی حکومت کا خودساختہ، قادری) کو منہدم کیا، لیکن ساتھ ہی عشق کو بھی مسمار کردیا ہے، وہ شرک اور عشق میں امتیاز نہ کرسکی، حالانکہ یہ چیزیں عقیدہ نہیں: تاریخ ہیں۔ جس قوم نے سب سے پہلے دنیا کو تاریخ دی اور جس کے مآخذ کلام اللہ نے محفوظ کئے ہیں، وہ قوم آج اپنی تاریخ مٹانے پر تلی ہو، تو یہ ایک المیہ ہے۔ ان آثار کی تعظیم دین کا مسئلہ نہیں۔ بلاشبہ توحید باری ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

پرستشوں (اگر یہ پرستش ہو تو؟ قادری) کی اجازت نہیں دیتی، لیکن یہ مسئلہ تہذیب کا ہے۔

اسلام کی اس سرزمین پر آل سعود کی حکمرانی ضروری ہے اور اس کا نظم ونسق بھی اسی کے حوالہ ہے، لیکن یہ علاقہ آل سعود کی میراث نہیں، بلکہ ملت عربی بھی کہنا اس کی سرزمین جہاں جہاں رسول اللہ ﷺ آتے جاتے رہے...... بلکہ پورا عرب دنیائے اسلام کا ضامن ہے۔ تمام مسلمان حکومتوں کو مذہباً اس کی تو ملیت حاصل ہے۔ آل سعود تو اس کی مسئول ہے۔

سہیل کو میرے جذباتی ہونے کا یقین ہو گیا۔ اس کے باوجود میں نے اسے قائل کر لیا کہ یہ چیزیں اس بے رخی کی سزاوار نہیں یہ تاریخ کے اجزاء ہیں اور انہیں اس لحاظ سے باقی رہنا چاہیے کہ علم کے چار ذریعے ہیں۔ پہلا وحی، دوسرا آثار قدماء جس کی بنیاد قرآن حکیم نے سیر وافی الارض پر رکھی اور تاریخ کو ایام اللہ کے ذکر کرنے سے تعبیر کیا ہے۔ تیسرا ذریعہ علم النفس اور چوتھا صحیفہ فطرت ہے۔ سیر وا فی الارض کی غایت کیا ہے؟ آثار قدماء کا مطالعہ یہی چیزیں ہیں جو تاریخی عصبیت کو زندہ رکھتی اور عقیدہ میں عقیدت پیدا کرتی ہیں (1)۔

جنت المعلیٰ

جنت المعلیٰ کے بارے میں لکھتے ہیں:

جنت المعلیٰ مکہ معظمہ کا قدیم ترین، لیکن جنت البقیع کے بعد سب سے افضل قبرستان ہے، منیٰ کے راستے پر مسجد الحرام سے ایک میل دور ہے، یہاں سے ایک چوڑی سڑک نکالی گئی ہے۔ جس سے قبرستان کے دو حصے ہو گئے ہیں، گرداگرد ایک پختہ چاردیواری ہے۔ کسی قبر پر کوئی نشان یا کتبہ نہیں۔ سب نشان ڈھا دیئے گئے ہیں۔ ہر طرف مٹی کے ڈھیر ہیں۔ چراغ نہ پھول، کسی کسی قبر پر نشاندہی کے لئے کنکریاں پڑی ہیں۔ عجب ویران ہے۔ جس حصہ میں حضرت اسماء، حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت عبداللہ بن مبارک، امام ابن جبیر اور سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہم اجمعین

1۔ شورش کاشمیری　　شب جائے کہ من بودم　　ص ۶۷۔۶۸

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

(کشتگاں حجاج بن یوسف) کی قبریں ہیں، وہاں اندر جانے کے لئے ایک اور دروازہ ہے۔لیکن وہ قبور پر حاضری کے لئے نہیں نئی میتوں کے لئے ہے اور جس حصہ میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور ان کے افراد خاندان آرام فرمارہے ہیں یا حضور ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا(1)، حضور ﷺ کے لخت جگر قاسم اور حضور ﷺ کے چچا ابو طالب مدفون ہیں، وہاں کوئی دروازہ اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ٹوٹی پھوٹی قبریں، مٹی کی ڈھیریاں ہوگئی ہیں۔کسی قبر پر پانی کا چھڑکاؤ نہیں۔ دھوپ کا چھڑکاؤ ضرور ہے، پوری دنیا میں اس سے بڑھ کر کوئی قبرستان بے بسی کی اس حالت میں نہ ہوگا۔

میں اور سہیل ایک پہاڑی پر چڑھ گئے، وہاں سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی قبر پر نگاہ کی، ام المومنین کا مزار......؟میں کانپ اٹھا میرا دل دھک دھک کرنے لگا۔مسلمانوں نے اپنی بیویوں کے تاج محل بناڈالے،لیکن جس عورت کو پیغمبر آخرالزمان ﷺ کی پہلی شریک حیات ہونے کا شرف حاصل ہوا، جو فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کی ماں تھیں، وہ ایک قبر ویران میں پڑی ہیں، میں اپنے تئیں ضبط نہ کرسکا۔آنکھوں میں بدلیاں آگئیں۔ میں نے کہا سہیل!عربوں کا مزاج ہی ان کے لئے سزا ہے۔کیا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا مکی زندگی نہیں گزار رہیں۔حضور ﷺ کو بعثت سے پہلے گیارہ سال ستایا گیا۔ام المومنین کو اب ستایا جارہا ہے......حضور ﷺ مدینہ میں؟ام المومنین مکہ میں!اس عورت...... عظیم عورت کا انسانیت پر کتنا بڑا احسان ہے؟سب سے پہلی آواز جس نے نبوت کی بشارت پر صاد کیا۔اپنی جسارت پر مجھے حیرت ہوئی کہ میں نے اسے ڈھیری (لحد) کے سامنے کھڑا ہونے کا حوصلہ کیا، میں ہل گیا ایک کپکپی طاری ہوگئی...... ع

مرا اے کاشکے مادر نہ زادے

جو لوگ اس کا نام قرآن وسنت رکھتے ہیں وہ خود کس منہ سے تاج شہی پہنتے ہیں، اونچے اونچے محل بناتے، محمد عربی کی دولت سمیٹتے اور اس کا نام خزانہ شاہی رکھتے ہیں۔جس ذات

1۔حضور کی والدہ ماجدہ کا مزار مقام ابواء میں ہے، جو مدینہ طیبہ سے ایک سو بیس کلومیٹر البدر شریف کی سمت واقع ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اقدس کے صدقہ میں عزتیں پائی ہیں۔اس کے آثار اقدس کی یہ بے حرمتی! یہ قرآن وسنت نہیں اہانت اور صریح اہانت ہے۔اللہ کی زمینیں اور دفینے سب اللہ کا مال ہیں۔اس کی مخلوق کا مال ہیں کسی فرد کو یہ حق حاصل نہیں کہ انسانوں کو گلہ بنا لے خود چرواہا بن بیٹھے۔گوشت کھالے کھالیں بیچ ڈالے۔موت کسی کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔جو موت کی اس طرح تھک کر رہے ہیں۔موت ان سے بھی متعاقب ہے، لیکن جنت معلیٰ میں، وہ لوگ سو رہے ہیں، جو ہمیں زندہ کر گئے۔ہمیں بقا دے گئے۔جو منہ پھیر کے شاہوں پر نگاہ کرتے، تو ان کی گودڑیوں سے خلعت فاخرہ کانپ اٹھتے تھے۔سعودی حکومت عشق اور شرک میں فرق نہ کر سکی ہے۔۔۔۔۔رحمت ان قبروں میں ہونے والوں پر اور عبرت ہمارے لئے۔

کتنی عظیم زندگیاں ان قبروں میں سو رہی ہیں(1)۔

وادی بدر

وادی بدر پر تبصرہ کرتے ہیں:

ملک عباس نے کہا وہ سامنے ہے، وادی بدر اور موٹر دو منٹ بعد ایک بڑے چائے خانے کے سامنے رک گیا۔اس وقت وہاں کوئی نہیں تھا۔تالہ کے بغیر سب کچھ بند پڑا تھا۔ایک سناٹا، ٹمیاں تھیں اور مخروطی لوٹے، وضو کیا نفل پڑھے شہدائے بدر کی قبروں پر گئے۔وہی عالم اور حالت جو حجاز میں قبروں کی ہے، نشان نہ کتبہ قبریں بھی کیا مٹی کی ڈھیریاں ہیں۔سورۂ انفال کی ۷۵ آیتیں فضاء کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔کہ یہاں وہ سو رہے ہیں جو ان آیتوں کے بین السطور میں ہیں، جو کل تین سو تیرہ تھے اور جن میں یہاں ہونے والے چودہ ہیں جو اللہ کی راہ میں مارے گئے۔جنہیں شہادت نے سربلند کیا اور جن کی مدد کو اللہ نے فرشتے بھیجے تھے۔یہ وہ جنگ ہے، جس کے احوال کا ذخیرہ کلام اللہ میں محفوظ ہو گیا ہے۔یہی وہ جنگ ہے جس میں مسلمانوں کی بے سروسامانی پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اللہ سے کہا تھا۔

اے اللہ! تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے آج پورا کر

1۔شورش کاشمیری　　شب جائے کہ من بودم　　ص ۷۳۔۷۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

پھر سجدہ میں گر کر عرش الٰہی سے ہم کلام ہوئے تھے۔

خدایا! اگر یہ چند لوگ آج مٹ گئے تو پھر قیامت تک تیرا کوئی نام لیوا نہیں رہے گا۔

اللہ نے کہا:

فوج (قریش) کو شکست دی جائے گی وہ پشت پھیر دیں گے (قمر ۲)

وہی ہوا جو اللہ کے رسول نے چاہا اور اللہ نے پورا کیا۔

اس ویرانہ میں اب بھی حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی آواز گونج رہی ہے خدا کی قسم آپ فرمادیں، تو ہم سمندر میں کود پڑیں۔

حضرات مقداد رضی اللہ عنہ اعلان کر رہے ہیں:

"ہم قوم موسیٰ علیہ السلام کی طرح یہ نہیں کہیں گے کہ آپ اور آپ کا خدا جا کر لڑیں، ہم آپ کے دائیں سے بائیں سے، سامنے سے، پیچھے سے لڑیں گے۔"

تین سو تیرہ نے، جن میں صرف دو گھڑ سوار تھے۔ قریش کی ایک ہزار فوج کو جس میں ایک سو سوار تھے تین تیرہ کر دیا۔ قریش کے نامور روساء میں ننانوے فیصد لقمہ اجل ہو گئے۔ ابوجہل، معوذ اور معاذ رضی اللہ عنہما دو نو عمر بھائیوں کے ہاتھ سے مارا گیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے اس کا سر کاٹ کے حضور ﷺ کے قدموں میں ڈال دیا، عتبہ جو روساء مکہ میں پہلے نمبر پر قریش کے لشکر کا سالار تھا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں مارا گیا۔ یہ سب کچھ اس جنگ ہی کی فتوحات تھیں اور وہ شہداء جنہیں حضور ﷺ نے خود دفنا دیا تھا۔ ان کی قبریں آج "وارثان سنت" کے ہاتھوں پامال ہو چکی ہیں۔ تاریخ کے وہ عظیم آثار محو ہوتے جارہے ہیں۔ جنہیں عتبہ وابوجہل نہ مٹا سکے، انہیں ہم اپنے ہاتھوں محو کر رہے ہیں۔

میں جھنجلا گیا یہ قرآن وسنت نہیں، یہ سنگینی وسنگدلی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی یادگاریں مٹائی جائیں اور اپنی یادگاریں کھڑی کی جائیں کیا عرب اس اہانت اور بغاوت کی سزا نہیں پارہے؟ عربوں کو شرف انسانی کن سے حاصل ہوا۔ ان کی بدولت؟

آج یہی منبے مٹائے جارہے ہیں۔ سورہ انفال کے مہبط سے یہ سلوک عشق وایثار کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

توہین ہے۔کیا قرآن وسنت کے داعی جو احادیث پر زندگی بسر کرتے ہیں، بھول گئے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل امین سے کہا تھا کہ اہل بدر سب مسلمانوں میں افضل ہیں۔اس پر جبرائیل امین نے کہا تھا جو فرشتے بدر میں شریک ہوئے تھے۔ان کا بھی ملائکہ میں یہی درجہ ہے۔(صحیح بخاری)

ادھر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے برچھی سے الوکرش کا صفایا کر دیا۔رسول اللہ ﷺ نے وہ برچھی لے لی، چاروں خلفاء کے پاس منتقل ہوتی رہی۔پھر عبداللہ بن زبیر کے پاس آئی آخر اس برچھی میں کیا خصوصیت تھی؟ کیا اس کے لئے قرآن میں کوئی حکم آیا تھا؟ لیکن یادگار تھی منتقل ہوتی گئی، آخر ان بادشاہوں نے جو امیہ کے خاندان میں سے تھے اور یادگاروں کی طرح اسے بھی گم کر دیا(1)۔

جنت البقیع

جنت البقیع کے بارے میں لکھتے ہیں:

جنت البقیع کوئی آٹھ ایکڑ رقبہ میں ہوگا۔چاروں طرف چار، ساڑھے چار فٹ کی فصیل ہے۔ایک ہی دروازہ اس دروازہ پر ایک سپاہی کھڑا رہتا ہے۔کئی لوگ باہر زائروں کے انتظار میں رہتے ہیں اور کوئی معاوضہ طے کئے بغیر وہ ڈھیریوں کی نشاندہی کرتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے،کون سی قبر کس وجود مبارک کی ہے؟ یہاں کوئی پھول والا نہیں،کوئی مشکیزہ نہیں، شمع وگل ناپید ہیں، جنت المعلیٰ کا بھی یہی حال تھا، بلکہ وہاں کچھ بے اعتنائی زیادہ ہے۔لیکن جنت البقیع جو خاندان رسالت کے دو تہائی افراد کا مدفن شروع اسلام کے درخشندہ چہروں کی آخری آرام گاہ اوران گنت شہدائے اسلام صلحاء امت اور اکابرین دین کے سفر آخرت کی منزل ہے۔ایک ایسی اہانت کا شکار ہے کہ دیکھتے ہی خون کھول اٹھتا ہے۔دامن یزداں چاک کرنے کا حوصلہ نہیں۔کلا سلطانی تک رسائی نہیں، اپنا گریبان چاک کرنے سے فائدہ نہیں۔حضرت عمر فاروق نے ٹھیک ہی کہا تھا۔

1۔شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۲۷۔۱۲۳ ملخصا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

''عرب والے سرکش اونٹ ہیں، جن کی مہار میرے ہاتھ میں دی گئی ہے۔ لیکن میں ان کو راستہ پر چلا کر چھوڑ دوں گا۔''

جنت البقیع میں کوئی عرب نہیں آتا۔ اصل عرب قبروں میں سو رہے ہیں اور وہی صحیح عرب تھے جن کے لئے قرآن اترا تھا۔ اب وہاں نیم سے عجمی جاتے ہیں اور ایک ایسے منظر سے واسطہ پڑتا ہے کہ دل بکھر جاتا ہے۔ ان عربوں کا طرہ کیا ہے۔ یہی کہ ان کے خطہ میں کعبۃ اللہ اور مدینۃ النبی واقع ہیں۔ ان کے دامن میں جبل نور، جبل رحمت جبل صفا، اور جبل احد ہیں۔ ان کے راستے رسول اللہ ﷺ کے قدموں سے مستفید ہیں۔ ان کی زبان میں اللہ تعالیٰ نے کائنات کو خطاب کیا ہے۔ آخری نبی کو ان میں مبعوث فرمایا نوے فیصد تاریخ اسلام ان کی آغوش میں استراحت کر رہی ہے۔ لیکن ان یادگاروں کے محفوظ کرنے سے انہیں شرع روکتی ہے، مگر ان کے اپنے وجود لفظی و معنوی ماوری ہے انہیں ذرا برابر احساس نہیں کہ اسی مٹی میں کون سو رہے ہیں، رسول مقبول کے لخت پارے ہیں، ان کی نور نظر اور اس نور نظر کے چشم و چراغ ہیں، چچا ہیں، چچا کے بیٹے ہیں، امت کی مائیں ہیں، جنت کی شہزادیاں ہیں، اولیاء ہیں، فقہاء ہیں، علماء ہیں، حکماء ہیں، حلیمہ سعدیہ ہیں، لیکن عرب (1) ہیں کہ قبریں ڈھائے اور محل بنائے جا رہے ہیں۔ مجھ پر کپکپی طاری ہو گئی۔ بید لرزاں کی طرح کانپنے لگا۔ دل یوں ہو گیا جس طرح کنوئیں میں خالی ڈول تھراتا ہے۔

داخل ہوتے ہی دائیں ہاتھ کے ایک کونے میں حضور ﷺ کی پھوپھیاں ہیں، عاتکہ، صفیہ اور فاطمہ کے مزار ہیں۔ آگے بڑھیں تو امہات المومنین محوخواب ہیں۔

حضرت عائشہ، حضرت سودہ، حضرت زینب، حضرت حفصہ، حضرت ام المساکین، حضرت ام سلیمہ، حضرت جوہرہ، حضرت ام حبیبہ اور حضرت صفیہ ان کے ساتھ کی روش پر حضرت عقیل، حضرت جعفر طیار، امام مالک اور امام نافع آسودہ خاک ہیں۔ ان کے ایک طرف شہداء کے مزارات کا ٹکڑا ہے۔ سامنے حضور ﷺ کے فرزند ابراہیم کی لحد ہے، ادھر ادھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت رقیہ بنت عثمان بن مظعون، حضرت سعد بن ابی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وقاص، حضرت فاطمہ بنت اسد، حضرت عبد اللہ بن عمر، حضرت مالک انصاری، حضرت اسماعیل بن جعفر صادق رضوان اللہ علیہم کے مدفنوں کی ڈھیریاں ہیں۔ آخری نکر پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ کا مزار ہے۔ اس مزار سے ہٹ کر دیوار کے ساتھ حضرت حلیمہ سعدیہ کی قبر ہے۔ یہی ایک قبر ہے جو اس قبرستان میں درخت کے سائے تلے ہے۔ باقی پورے قبرستان میں کوئی درخت، پودا یا کیاری نہیں ہے۔

امہات المومنین کے مزارات سے دس بارہ گز آگے ایک غیر کشیدہ مثلث ٹکڑی میں جو زیادہ سے زیادہ ۵x۳ گز کی ہوگی۔ چھ ڈھیریاں ہیں۔ ان پر کوئی نشان نہیں قبروں کی شکل ہے۔ سنگریزوں کا حاشیہ، سینہ پر کنکریاں، دائیں طرف بنت رسول پڑی ہیں۔ سامنے رسول اللہ کے چچا حضرت عباس ہیں۔ حضرت عباس کے جسد مبارک کی داہنی طرف حضرت امام حسن، حضرت امام زین العابدین، حضرت امام باقر اور حضرت امام جعفر صادق لیٹے ہیں۔ یہ ساری جگہ مسجد نبوی میں واقع حضرت فاطمہ کے حجرے سے بھی چھوٹی ہے۔ اس کربلا میں چچا نگران ہیں۔ بچے ماں کی گود میں ہیں اور جو کربلا میں رہ گئے تھے ان کی جدائی کا حزن ماں کی قبر سے محسوس ہو رہا ہے۔ شوہر نجف اشرف میں اور باپ...... وہ سامنے کہ بیچ میں چند مکان حائل ہیں۔ دنیا والوں نے مرنے کے بعد بھی دیواریں کھینچ دی ہیں۔ گنبد خضریٰ کو اس رخ سے دیکھئے سوگوار معلوم ہو رہا ہے اور اس ویرانی کو ٹکر ٹکر دیکھ رہا ہے۔ اس کے ہونٹوں پر جنبش سی ہے۔

گوش نزدیک لبم آرام کہ آوازے ہست

"فاطمہ میرا جگر گوشہ ہے، جس سے اس کو دکھ پہنچے گا، مجھے بھی اذیت ہوگی۔"

(ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بنت رسول کے سامنے میں کوئی گھنٹہ بھر ساکت وصامت کھڑا رہا، جیسے کوئی چیز گڑ گئی ہو اور اس میں زندگی کے آثار مطلقاً نہ رہے ہوں، ملک عباس دیر تک دعائیں مانگتے رہے لیکن

1۔ نجدی وہابی (تابش قصوری)

میں تھا کہ "بے دست و پا" کھڑا تھا۔ جب محویت یہاں تک پہنچ گئی کہ ہوش رہے نہ حواس، جیسے کوئی آہ نارسا منجمد ہو چکی ہے یا آنسوؤں کی طغیانی رک گئی ہے تو عباس ملک نے مجھے گم سم پا کر کہا:

آغا صاحب فاتحہ پڑھیئے۔

میں پوری طرح ہل چکا تھا۔ عباس نے میرے شانہ پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ آغا صاحب؟ اور میں النقش کالحجر کی طرح تھا۔ انہوں نے جھنجوڑا...... فاتحہ پڑھیے۔ میں نے کہا ملک صاحب فاتحہ کس لئے کیا انہیں ہمارے ہاتھوں کی احتیاج ہے۔ ہم کیا اور ہماری دعائے مغفرت کیا؟ ہم تو خود ان کے محتاج ہیں۔ ہماری مغفرتیں ان کی بدولت ہونگیں۔ ملک صاحب حیران رہ گئے...... میں نے قبر سے ٹکٹکی باندھ رکھی تھی۔ میں کہہ رہا تھا۔ فاطمہ (سلام اللہ علیہا) تو اب بھی کربلا میں ہے۔ تیرے باپ کا کلمہ پڑھنے والوں نے تجھے اب تک ستایا ہے۔ تیری کہانی زخموں کی کہانی ہے، تو نے کعبۃ اللہ میں باپ کے زخم دھوئے تھے، کربلا میں تیری اولاد نے زخم کھائے، کوفہ میں تیرا شوہر امت کے زخم کھا کے واصل بحق ہو گیا۔ تیرے ابا کی امت نے تیری اولاد کو ہمیشہ ستایا ہے۔ آج چودہ صدیاں ہونے کو آئی ہیں۔ تیری اولاد قبروں میں بھی ستائی جا رہی ہے۔ پورا عرب تیری اولاد کی قتل گاہ ہے۔...... فاطمہ تیرے ابا نے کہا تھا۔

فاطمہ! میری رحلت کے بعد جو مجھے سب سے پہلے ملے گا، وہ تو ہو گی۔ تو ان کے پاس چلی گئی۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گھرانہ اب بھی کربلا میں پڑا ہے۔ جو لشکر و سپاہ اور تاج و کلاہ کی تلواروں سے بچ رہے تھے۔ ان کی قبریں قتل کر دی گئیں۔ اپنی قبر کے قتل پر مجھے رونے دے، تو اس قبر میں ہے اور میں تیرے سامنے زندہ ہوں۔ مجھے اپنی زندگی ایک فعل عبث محسوس ہو رہی ہے۔ تیرے مرقد کے ذرے تمام کائنات کے مروارید سے افضل ہیں۔ ان میں مہر و ماہ سے بڑھ کر درخشانی ہے، لیکن زمانہ نے آنکھیں پھیر لی ہیں اور اس کا شیشہ دل غیرت و حمیت سے خالی ہو گیا۔؟

میں لوٹ آیا رات بھر بستر پر کروٹیں بدلتا رہا۔ نیند اڑ چکی تھی اور میں یہی سوچ رہا تھا کہ عربوں کے پاس زبان کی نخوت کے سوا کچھ نہیں رہا، ماضی کا گھمنڈ رہ گیا ہے، لیکن وہ شرف قطعاً نہیں رہا جو ان کے ماضی کی سب سے بڑی میراث ہے۔

آج صبح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مزار پر گم سم کھڑا سن رہا تھا۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا کہہ رہی ہیں، اے اہل عرب حیا کرو، میری نور چشم کے مرقد سے یہ سلوک کر رہے ہو۔ اس کے باپ نے تمہیں شرف بخشا اور خیر الامم بنایا تھا۔

حضرت سودہ رضی اللہ عنہا آئینہ حجاب کے جلو میں تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حجرہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مدفن مبارک ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی کے سینہ پر سر رکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفات پائی تھی انہی کی بدولت خدا نے تیمّم کا حکم صادر کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرض الموت میں مسواک چبا کر انہیں نے دیا تھا۔ ان کا باپ دنیا میں تیسرا (1) مسلمان تھا اور غار حرا میں دو کا، دوسرا جو صدیق کے لقب سے ملقب ہوا جو خلافت (2) الٰہی کا پہلا فرمان روا تھا۔ آج جنت البقیع میں اس کی بیٹی، حضور کی بیوی اور ہماری ماں ایک بے نام و نشاں قبر میں استراحت پذیر ہیں۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا صائم النہار قائم اللیل تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اور رسول کی زوجہ محترمہ کا مزار بھی اس شرعی سنگینی کا شکار ہے۔ حضرت زینب ام المساکین کی لحد اپنی کنیت کا عکس ہے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا بچھونا حضور کی جانماز کے سامنے بچھتا تھا۔ ابولبابہ کی توبہ قبول ہوگئی، تو ان ہی کے حجرہ میں وحی اتری تھی، غزوہ خیبر میں شریک تھیں۔ حدیبیہ کے سفر میں ساتھ تھیں۔ حجۃ الوداع میں ہمراہ رہیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد خواب دیکھا کہ رسول اللہ نہایت پریشان ہیں۔ سر اور ریش گرد میں اٹے ہوئے ہیں۔ پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا حال ہے۔ ارشاد ہوا مقتل حسین سے آ رہا ہوں۔ اہل عراق نے حسین کو قتل کیا، خدا ان کو قتل کرے، حسین کو ایذا دی، خدا ان پر لعنت کرے۔

1۔ نوجوان مردوں میں پہلا　　2۔ خلافت رسالت تابش قصوری

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ انہی خستہ حال قبروں میں ایک قبران کی بھی ہے۔ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا اپنے دست بازو سے معاش پیدا کرتیں اور فقراء و مساکین میں لٹا دیتی تھیں۔ حضور کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔ جنت البقیع کے ویرانے میں وہ بھی سورہی ہیں۔ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بنو مصطلق کے سردار کی بیٹی اور میرا م کے حرم کا چراغ تھیں۔ ان کی آخری آرام گاہ کا چراغ بھی اسی ویرانہ میں ہے۔ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا حضرت امیر معاویہ کی بہن تھیں۔ ان کے باپ ابوسفیان فتح مکہ سے پہلے ان کے گھر میں آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بچھونے پر بیٹھنا چاہا۔ آپ نے بچھونا الٹ دیا۔ باپ نے بگڑ کر کہا، بچھونا اس قدر عزیز ہے۔ فرمایا! رسول اللہ کے فرش پر کوئی مشرک نہیں بیٹھ سکتا۔ روایت ہے کہ مدینہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مکان میں آپ کی قبر تھی۔ لیکن علی رضی اللہ عنہ کا مکان نہ رہا یہ قبر کہاں رہتی؟ رہے نام اللہ کا۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال صرف میں ہوا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جنازہ پڑھایا، جنازہ اٹھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بولے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیوی کا جنازہ ہے۔ باادب اور آہستہ چلو...... حضرت صفیہ عاقل افضل اور حلیم تھیں (اسد الغابہ) وہ غزوہ خیبر میں گرفتار ہو کر آئیں تھیں۔ سرور دو عالم کے حرم میں داخل ہو گئیں۔ ایک دن آبدیدہ تھیں۔ حضور تشریف لائے سبب پوچھا فرمایا کہ حفصہ و عائشہ رضی اللہ عنہما کہتی ہیں کہ ہم ازواج میں افضل ہیں ہم آپ کی زوجہ ہونے کے علاوہ چچا زاد بھی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم نے یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ میرے باپ موسیٰ، ہارون میرے چچا اور محمد میرے شوہر ہیں۔

جنت البقیع ان گیارہ میں سے نو کی آخری آرام گاہ ہے۔ لیکن حکمرانوں کی شرعی خشونت کا شکار، رسول اللہ کے اہل بیت رسول کی اولادیں، رسول کے ساتھی، رسول کے جانثار، رسول کے جانشین، رسول کے فدائی حتیٰ کہ رسول کو گود میں کھلانے والی حلیمہ سعدیہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

یہاں اس طرح لیٹی ہوئی ہیں، جس طرح گمنام ادیبوں کے ادھورے مشوروں پر عبارتیں قلم کی کتر بیونت سے دم توڑ دیتی ہیں(1)۔

دامن احد

احد کے بارے میں لکھتے ہیں:

اسی احد کے دامن میں زمین سے دو زینہ بلند اور پہاڑے ڈھیروں نیچے حضرت امیر حمزہ، عبداللہ بن جحش اور مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہم کی قبریں ہیں، لیکن آل سعود کی شرعی یلغار نے ہموار کر دی ہیں۔ یہیں ہندہ نے حضرت امیر حمزہ کا سینہ چاک کر کے ان کا کلیجہ چبایا اور مثلہ کیا تھا۔ انہی شہداء کے فراق میں مدینہ اشکبار تھا ہر گھر سے چیخیں آ رہی تھیں۔ انہیں چیخوں پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا تھا:

آہ حمزہ کا رونے والا کوئی نہیں!

ہندہ نے تو حمزہ کا کلیجہ چبایا تھا۔ لیکن انہوں نے حمزہ کی قبر چبا ڈالی ہے۔ مصعب بن عمیر اور عبداللہ بن جحش دفن ضرور ہیں، لیکن وہ قبریں نہیں ان کا سایہ ہیں۔ عرب کہتے ہیں کہ یہاں امیر حمزہ دفن ہیں۔ یہ عبداللہ بن جحش یا مصعب بن عمیر کی قبریں ہیں اور اکثر شہداء اسی مٹی میں سو رہے ہیں ہم ان کے حافظہ پر اعتماد کرتے اور سر جھکاتے ہیں کہ احد کا یہ میدانی ٹکڑا، انہی صحابہ میں سے بیشتر کی خواب گاہ ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا احد پر آؤ تو اس کے درخت سے خواہ وہ درخت خاردار ہی کیوں نہ ہو، کچھ ضرور کھاؤ، لیکن احد اسی طرح نگر سلطانی کے اغماض کا شکار ہے۔ جس طرح اور آثار ہیں، کوئی نشان یا کتبہ نہیں اور یہ تو پورے حجاز میں ہے، جہاں تہاں سے اسلام اٹھا اور پھیلا، وہ جگہیں خود بولتی ہیں کہ ہم فلاں ہیں...... حالانکہ اس وادی کے چپہ چپہ کی نشان دہی ہونی چاہئے کیا انہیں قائم رکھنے یا قائم کرنے سے دوسری عبادت گاہ بن جائے گی؟ یہ کوئی عذر نہیں، بلکہ عذر لنگ ہے، عرب کو جس تاریخ پر ناز ہے۔ بلکہ جس تاریخ

1۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۶۹۔۱۶۱

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے انہیں شرف بخشا وہ کعبۃ اللہ اور حرم نبوی ہیں یا پھر یہ مقام جنہیں غزوات نبی نے دوام بخشا اور کفار مکہ ڈھیر ہو گئے۔ تاریخ کے یہ پڑاؤ اس طرح نہیں رہنے چاہئیں کہ علم کے اس زمانہ میں مٹ جائیں۔ آخر عرب شہزادے یورپ میں گھومتے پھرتے ہیں وہاں کیا نہیں کرتے اور کیا نہیں لاتے کیا وہاں نہیں دیکھتے کہ فرانس نے اپنے شاہوں کی قتل گاہیں تک محفوظ کی ہوئی ہیں۔ رومانے وہ تماشا گاہ محفوظ کر لی ہے، جہاں شاہان روم وحشت کے دور میں درندوں سے انسان کی چیر پھاڑ کا تماشا دیکھا کرتے تھے۔ برلن میں م روس نے اپنی فتح کی عظیم الشان یادگاریں قائم کی ہیں۔ انگلستان قدامت کا گھر ہے، وہ اپنے شاہوں کی پرانی یادگاریں سینے سے لگائے بیٹھا ہے۔ شاہ کا محل اور وزیر اعظم کا مکان نہیں بدلا کہ اس کی پرانی تاریخ ہے، جو ماضی کو حال سے ملاتی ہے کیا یہ چیزیں عبادت گاہیں بن گئی ہیں؟ جب ان لوگوں نے جو قرآن کے نزدیک مفسل و معتوب ہیں! اپنے تاریخی سرمایہ کو عبادت گاہ نہیں بنایا تو مسلمان جن کی تربیت توحید و رسالت کی آب و ہوا میں ہوئی ہے۔ ان آثار قدیمہ کی عبادت گاہ بنالیں گے؟ جہاں بیت اللہ اور گنبد خضریٰ ہوں۔ وہاں اور کونسی جگہ جبین نیاز کی سجدہ گاہ ہو سکتی ہے۔ لوگوں کی کج روی اور گمراہی کا علاج یہ نہیں کہ وہ چیزیں اس لئے مٹا دی جائیں کہ عوام الناس بہ الفاظ شریعت شرک کرتے ہیں۔ کسی نے انگور اور کھجور کو مٹایا ہے کہ لوگ اس سے شراب کشید کرتے ہیں۔

جدہ کو جدید اور ریاض کو جنت بنانے والے مکہ میں آ کر آستین چڑھا لیتے ہیں اور مدینہ میں جا کر پائنچے اونچے کر لیتے ہیں، انہیں اپنے نفس میں نواہی محسوس نہیں ہوتے(1)۔

جبل سلع

جبل سلع کے بارے میں لکھتے ہیں:

مسجد فتح یا احزاب جبل سلع کے غربی کنارہ پر ہے...... اس کے گرد اگرد سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے غزوہ احزاب میں خندق کھودی تھی۔ یہاں حضور ﷺ کے ساتھ ابوبکر، عمر،

1۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۷۷۔۱۷۵

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

عثمان اور علی رضی اللہ عنہم نے خیمہ نصب کئے تھے۔ یہاں ان کے اور فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا وسلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے نام پر مساجد بنی ہوئی ہیں۔ یہ مسجدیں بھی شاہی سطوت اور شرعی خشونت کے نرغہ میں ہیں۔ قریب امریکی طرز کا شاہی محل ہے۔ محل میں بہت بڑا باغیچہ ہے۔ لیکن وہاں شرع مفرور ہوگئی ہے(1)۔

مدینہ

مدینہ طیبہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

مدینہ میں نئی چیزیں صرف ہوٹل ہیں، حرم کے چاروں طرف یورپی مصنوعات کی لدی پھندی دکانیں ہیں، زرمبادلہ کے بیوپاری ہیں، بیروت کے رسائل وجرائد ہیں، بال کٹائی کے سیون ہیں، اونٹ غائب ہو چکے ہیں اور سیارے اڑے پھر رہے ہیں(2)۔

الوداع

رخصت ہونے سے پہلے میں نے روضہ اقدس کے گرد کئی پھیرے ڈالے ایک ستون پر کھڑا ہوا، اصحاب صفہ کے چبوترے پر قرآن اول کو تلاش کیا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ پر تہجد کی نمازوں کو محسوس کیا، جو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر رات یہاں ادا فرماتے تھے۔ معلوم ہوتا تھا۔

ابھی اس راہ سے کوئی گیا ہے

1۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۷۹

2۔ شورش کاشمیری شب جائے کہ من بودم ص ۱۸۰

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے مزار پر

جنت البقیع میں مزارات کی حالت حد درجہ ناگفتہ بہ ہے۔ پہلو میں فلک بوس عمارات کھڑی کی جا رہی ہیں اور بہت سی قد آور عمارتیں کھڑی ہو چکی ہیں۔ جس پیغمبر اسلام ﷺ نے عمر بھر پکا مکان نہ بنایا، اس کے نام لیوا بنگلوں اور محلوں میں رہ رہے ہیں، لیکن جنت البقیع ہی ایک ایسی جگہ ہے۔ جہاں قبروں کو رسول اللہ ﷺ کی ''ہدایت'' پر یاران نجد نے عبرت کے نوشتے بنا رکھا ہے، گویا اسلاف کی قبروں پر ''سنت نبوی'' نافذ ہے، لیکن خود زندہ بریں سنگ مرمر کے محلوں میں رہ رہی ہیں۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مزار اقدس پر میرے اشکبار دل کی، جو حالت ہوئی عرض کرنا مشکل ہے، ایک ویرانہ میں ماں پڑی سوتی ہیں۔ ذرا ہٹ کے امام حسن، امام زین العابدین، امام جعفر صادق اور امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین آرام کر رہے ہیں۔ ان کی جڑواں قبروں کے رو برو حضور ﷺ کے چچا حضرت عباس، بن عبد المطلب کی قبر ہے..... ذیل کے اشعار اسی حاضری کی یادگار ہیں............ شورش کاشمیری

اس سانحہ سے گنبد خضریٰ ہے پر ملال　　لخت دل رسول کی تربت ہے خستہ حال

دل میں ٹھٹک گیا کہ نظر میں سمٹ گیا　　اس جنت البقیع کی تعظیم کا خیال

طیبہ میں بھی ہے آل پیمبر پہ ابتلا　　اس ابتلا سے خاطر کونین ہے نڈھال

سوئے ہوئے ہیں، ماں کی لحد ہی کے آس پاس　　پور خلیل، سبط پیمبر، علی کے لال

اڑتی ہے دھول مرقد آل رسول پر　　ہوتا ہے دیکھتے ہی طبیعت کو اختلال

افتادگان خواب میں آل ابوتراب　　ابتک وہی ہے گردش دوراں کی چال ڈھال!

فرشہی روا ہے؟ پیمبر کے دین میں　　لیکن حرام شے ہے؟ مقابر کی دیکھ بھال

اسلام اپنے مولد و منشا میں اجنبی　　تیرا غضب کہاں ہے! خداوند ذوالجلال

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

توندیں بڑھی ہوئی ہیں غریبوں کے خون سے
محلوں کی آب وتاب ہے، حکام پر حلال
جس کی نگاہ میں بنت نبی کی حیا نہ ہو
اس شخص کا نوشتۂ تقدیر ہے زوال
پھٹتی ہے پو، تو صبح بھی ہوتی ہے بالضرور
پھرتے ہیں روز وشب، تو پلٹتے ہیں ماہ وسال
کب تک رہے گی آل پیمبر لٹی پٹی
کب تک رہیں گے جعفر و باقر گستہ حال
ازبس کہ ہوں غلام غلامان اہل بیت
ہر لحظہ ان کی ذات پہ قربان جان و مال
کیا یوں ہی خاک اڑے گی مزارات اقدس پر!
فیصل کی سلطنت سے ہے شورش مرا سوال (1)

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

1۔ شورش کاشمیری   شب جائے کہ من بودم   ص ۲۰۵

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ ناظرہ: 240 شعبہ حفظ: 145

شعبہ تجوید: 10 شعبہ درس نظامی: 105

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹرتک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 0050002565703 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

www.waseemziyai.com
MARKAZ ULOOMIL
ISLAMI ACADEMY